بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# قربِ قیامت

## و فتنوں کا ظہور

جلد اوّل


مؤلف

مُفتی مُحمّد رضوان خان



ادارۂ غفران

راولپنڈی پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# قربِ قیامت

## وفتنوں کا ظہور

(جلد اول)

قیامت سے پہلے اور اس کے قریب واقع ہونے والی علامات اور فتنوں کے متعلق

قرآن مجید اور احادیثِ مبارکہ کی روشنی میں تفصیلات وتشریحات اور ہدایات

قیامت کی بعیدی، قریبی اور متوسط علامات پر مفصل ومدلل کلام

معتبر وغیر معتبر احادیث وروایات کی نشاندہی اور فتنوں سے حفاظت کی تحقیق

قربِ قیامت وفتنوں سے متعلق مفصل ومدلل کتاب

مؤلف

مفتی محمد رضوان خان

ادارہ غفران، راولپنڈی، پاکستان

www.idaraghufran.org

(جملہ حقوق بحق ادارہ غفران محفوظ ہیں)

نام کتاب: قربِ قیامت وفتنوں کاظہور(**جلد اول**)

مؤلف: مفتی محمد رضوان خان

طباعتِ اوّل: رمضان المبارک1446ھ-مارچ2025ء

صفحات: 712

---

## ملنے کے پتے

Idara Ghufran

# فہرست


| مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|
| تمہید (از مؤلف) | 37 |
| (مقدمہ) قرآن کی رو سے قیامت کا قیام یقینی امر ہے | 39 |
| سورہ نساء، سورہ انعام، اور سورہ غافر کا حوالہ | // |
| سورہ مؤمنون، فصلت، زمر، شوریٰ، اور سورہ جاثیہ کا حوالہ | 40 |
| سورہ انبیاء، سورہ حج، سورہ سبأ اور سورہ ممتحنہ کا حوالہ | 43 |
| سورہ لقمان، فصلت، زخرف، شوریٰ اور سورہ نازعات کا حوالہ | 46 |
| سورہ محمد اور سورہ قمر کا حوالہ | 49 |
| سورہ قمر اور سورہ قیامہ کا حوالہ | 50 |
| (فصل نمبر 1) نبوت کا اختتام، اور اس امت پر قیامت کا قیام | 52 |
| انس وابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی حدیث | // |
| سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کی حدیث | 53 |

| | |
|---|---|
| جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 53 |
| بریدہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 54 |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 55 |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | 56 |
| فاطمہ بنتِ قیس رضی اللہ عنہا کی حدیث | // |
| ابو امامہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 57 |
| ابو قتیلة رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| (فصل نمبر 2) قیامت کا قرب اور شقِ قمر | 59 |
| سورہ قمر کا حوالہ | // |
| ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت | 60 |
| ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی تیسری روایت | // |
| ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث | 61 |
| انس رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث | 62 |
| جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |

| | |
|---|---|
| جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت | 63 |
| ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| معاویہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 64 |
| (فصل نمبر 3) پہلی امتوں کی اتباع کرنے، اور فرقہ پرستی کا فتنہ | 65 |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث | 66 |
| ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث | 67 |
| سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| ابو واقد لیثی رضی اللہ عنہ کی حدیث | 68 |
| مستورد بن شداد رضی اللہ عنہ کی حدیث | 69 |
| عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت | 70 |
| شدّاد بن اوس رضی اللہ عنہ کی حدیث | 71 |
| حذیفہ رضی اللہ عنہ کی روایت | 72 |
| حذیفہ رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت | 73 |
| عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث | 74 |
| ابو ہریرہ وعوف بن مالک رضی اللہ عنہما کی حدیث | 77 |

| | | |
|---|---|---|
| انس رضی اللہ عنہ کی حدیث | 78 | |
| انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی ایک اور حدیث | 80 | |
| معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہ کی حدیث | 81 | |
| (فصل نمبر 4) مجددین کا آنا، اور جماعتِ حقہ کا باقی رہنا | 83 | |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | // | |
| مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 84 | |
| مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت | // | |
| مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کی تیسری روایت | 85 | |
| جابر بن عبداللہ و جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہما کی حدیث | // | |
| عقبہ وعبداللہ بن عَمرو بن عاص رضی اللہ عنہما کی حدیث | 86 | |
| ثوبان رضی اللہ عنہ کی حدیث | 89 | |
| ثوبان رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | 90 | |
| معاویہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 92 | |
| ابو امامہ وابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی حدیث | 93 | |
| عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی حدیث | 98 | |
| قرہ بن ایاس رضی اللہ عنہ کی حدیث | 99 | |
| قرہ بن ایاس رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | // | |


Idara Ghufran

| | |
|---|---|
| قرہ بن ایاس رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث | 100 |
| عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کی حدیث | 102 |
| (فصل نمبر5)<br>جھوٹی نبوت کے دعویداروں کا فتنہ | 106 |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | // |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث | 107 |
| جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث | 108 |
| حذیفہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| ثوبان رضی اللہ عنہ کی حدیث | 109 |
| جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| (فصل نمبر6)<br>منکرینِ حدیث اور قرآن کے غلط ترجمانوں کا فتنہ | 111 |
| مقدام بن معدی کرب رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| مقدام بن معدی کرب رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت | 112 |
| ابو رافع رضی اللہ عنہ کی حدیث | 113 |
| سورہ نجم کا حوالہ | 114 |

| | |
|---|---|
| قرآن مجید کی دوسری کئی آیات کا حوالہ | 114 |
| عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث | 115 |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 116 |
| سورہ حشر کا حوالہ | // |
| ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث | 117 |
| ابنِ عمر وابنِ عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث | 119 |
| جابر بن عبداللہ وابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی احادیث | // |
| انس، ایک صحابی وابنِ عَمر و رضی اللہ عنہم کی احادیث | 121 |
| ابنِ عباس، ابو ہریرہ وزید بن ارقم رضی اللہ عنہم کی احادیث | 123 |
| عائشہ وابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی احادیث | 125 |
| عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کی حدیث | 128 |
| عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت | 129 |
| عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کی تیسری روایت | 130 |
| عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کی چوتھی روایت | // |
| ابنِ عباس وابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی حدیث | 132 |
| انس وابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی احادیث | 133 |
| ابو ہریرہ ومعاذ بن جبل رضی اللہ عنہما کی احادیث | 135 |
| ابو ہریرہ، ابنِ عمر، جابر وکعب رضی اللہ عنہم کی احادیث | 137 |
| انس، ابو ہریرہ، ابوامیہ، ابنِ مسعود وعمر رضی اللہ عنہم کی احادیث | 139 |

| | |
|---|---|
| (فصل نمبر 7)<br>**گمراہ کن ائمہ ولیڈروں کا فتنہ** | 145 |
| ثوبان رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کی حدیث | 146 |
| ابوذر رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| شداد بن اوس رضی اللہ عنہ کی حدیث | 147 |
| عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی حدیث | 148 |
| علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| (فصل نمبر 8)<br>**علم وعمل کی قلت اور جہل، شر وفتنوں کی کثرت کا فتنہ** | 151 |
| انس رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| عمر بن تغلب رضی اللہ عنہ کی حدیث | 152 |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | 153 |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث | // |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی چوتھی حدیث | // |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی پانچویں حدیث | 154 |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی چھٹی حدیث | 156 |

| | |
|---|---|
| عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث | 157 |
| عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | 158 |
| عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث | 161 |
| عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی چوتھی حدیث | 163 |
| نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ کی حدیث | 164 |
| ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث | 165 |
| ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | // |
| ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت | 166 |
| ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت | // |
| ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی تیسری روایت | 167 |
| مرداس اسلمی رضی اللہ عنہ کی حدیث | 168 |
| رویفع انصاری رضی اللہ عنہ کی حدیث | 169 |
| عِلباء سلمی رضی اللہ عنہ کی حدیث | 170 |
| ابوامامہ وانس رضی اللہ عنہما کی احادیث | 171 |
| مقداد بن اسود رضی اللہ عنہ کی حدیث | 173 |
| حسن بصری کی مرسل حدیث | 174 |
| (فصل نمبر9)<br>**دنیا کی محبت اور آخرت پر ترجیح کا فتنہ** | 176 |
| ثوبان رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |

| | |
|---|---|
| عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث | 178 |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 179 |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | 180 |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث | 181 |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی چوتھی حدیث | // |
| ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی حدیث | 182 |
| زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| انس رضی اللہ عنہ کی حدیث | 183 |
| انس رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | 184 |
| ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث | 185 |
| ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | 186 |
| ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث | 187 |
| معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کی حدیث | 188 |
| جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کی حدیث | 189 |
| سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت | 190 |
| ضحاک بن سفیان رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی حدیث | 191 |
| سلمان رضی اللہ عنہ کی حدیث | 192 |

| | |
|---|---|
| (فصل نمبر 10)<br>مال ودولت کا فتنہ | 193 |
| کعب بن عیاض رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی حدیث | 194 |
| ابوسعید رضی اللہ عنہ کی حدیث | 195 |
| ابوسعید رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | 196 |
| ابوسعید رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث | 197 |
| ابوسعید رضی اللہ عنہ کی چوتھی حدیث | 200 |
| ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 201 |
| ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | 202 |
| ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث | // |
| حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ کی حدیث | 203 |
| خولہ بنتِ قیس رضی اللہ عنہا کی حدیث | 204 |
| خولہ بنتِ قیس رضی اللہ عنہا کی دوسری روایت | // |
| عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث | 205 |
| عمرہ بنتِ حارث رضی اللہ عنہ کی حدیث | 206 |
| عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی احادیث | 207 |
| ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |

| | |
|---|---|
| ابو برزہ اسلمی وابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی احادیث | 209 |
| (فصل نمبر 11) حلال وحرام مال کی رعایت نہ کرنے کا فتنہ | 211 |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | 212 |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث | 213 |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی چوتھی حدیث | 214 |
| ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث | 215 |
| کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 216 |
| جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| جابر رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | 217 |
| قبیصہ بن مخارق رضی اللہ عنہ کی حدیث | 218 |
| ابو الدرداء رضی اللہ عنہ کی حدیث | 219 |
| نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کی حدیث | 220 |
| نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | 221 |
| جندب بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 223 |
| ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ کی حدیث | 224 |
| معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کی حدیث | 225 |

(فصل نمبر12)

## مال ودولت کی حرص اور بڑھوتری کا فتنہ


| | |
|---|---|
| مال ودولت کی حرص اور بڑھوتری کا فتنہ | 227 |
| ابنِ مسعود وابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی احادیث | // |
| ابنِ عباس، ابنِ زبیر، وانس رضی اللہ عنہم کی احادیث | 229 |
| انس وابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی احادیث | 231 |
| کعب بن مالک وابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی حدیث | 232 |
| سورہ تکاثر اور بعض صحابہ رضی اللہ عنہم کی حدیث کا حوالہ | 234 |
| ابنِ مسعود وابو سعید خدری رضی اللہ عنہما کی احادیث | 240 |
| ابو ہریرہ وابو ذر رضی اللہ عنہما کی احادیث | 243 |
| محمود بن لبید رضی اللہ عنہ کی حدیث | 247 |
| ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ کی حدیث | 248 |
| اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کی حدیث | 249 |
| انس، ابو ہریرہ، ابو سعید، ابنِ عمر رضی اللہ عنہم کی احادیث | 250 |
| ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث | 253 |
| مقدام بن معدیکرب رضی اللہ عنہ کی حدیث | 254 |
| سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کی حدیث | 255 |
| ابنِ عمر، ابو جحیفہ وابنِ عباس رضی اللہ عنہم کی احادیث | 256 |
| زید بن ثابت، ابو ہریرہ وابو ذر رضی اللہ عنہم کی احادیث | 258 |
| عبید اللہ بن محصن رضی اللہ عنہ کی حدیث | 262 |

| | |
|---|---|
| عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کی حدیث | 263 |
| قتادہ، فضالہ اور رافع بن خدیج رضی اللہ عنہم کی احادیث | // |
| ابنِ مغفل، انس، ابوذر، کعب، وابوسعید رضی اللہ عنہم کی احادیث | 266 |
| (فصل نمبر 13) خزائن ومعادن کی فراوانی ہوجانے کا فتنہ | 274 |
| عمرو بن عوف انصاری رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| عمرو بن عوف انصاری رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت | 275 |
| مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 276 |
| عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث | 277 |
| عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت | 278 |
| ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث | 279 |
| ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کی حدیث | 280 |
| عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کی حدیث | 281 |
| عوف بن مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث | 282 |
| عوف بن مالک رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | 283 |
| معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کی حدیث | 284 |
| ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 285 |
| عمرو بن تغلب رضی اللہ عنہ کی حدیث | 286 |

| | |
|---|---|
| بنوسلیم کے صحابی کی حدیث | 288 |
| ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 290 |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | // |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث | 291 |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی چوتھی حدیث | 293 |
| عبداللہ بن حارث رضی اللہ عنہ کی حدیث | 294 |
| (فصل نمبر 14) کثرتِ عمارات وتجارات کا فتنہ | 296 |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | 297 |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث | 298 |
| عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث | 299 |
| ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث | 300 |
| ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث | 301 |
| ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت | 302 |
| ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی تیسری روایت | // |
| ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی چوتھی روایت | 303 |

| | |
|---|---|
| عمرو بن تغلب رضی اللہ عنہ کی حدیث | 304 |
| سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کی حدیث | 305 |
| انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث | 306 |
| (فصل نمبر 15) خواتین کا فتنہ | 309 |
| اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت | // |
| اسامہ بن زید، وسعید بن زید رضی اللہ عنہما کی حدیث | 310 |
| ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کی حدیث | 311 |
| انس رضی اللہ عنہ کی حدیث | 313 |
| انس رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | // |
| اسامہ بن زید وعمران بن حصین رضی اللہ عنہ کی حدیث | 314 |
| عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | 315 |
| عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ کی حدیث | 316 |
| ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| ابوسعید خدری وابنِ عمر رضی اللہ عنہما کی احادیث | 317 |
| جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 319 |

| | |
|---|---|
| جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | 320 |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 321 |
| زینب زوجہ ابنِ مسعود رضی اللہ عنہما کی حدیث | 322 |
| عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| اسماء بنتِ یزید رضی اللہ عنہا کی حدیث | 324 |
| (فصل نمبر 16) فحاشی و بے حیائی عام ہو جانے کا فتنہ | 326 |
| قرآن مجید میں فحاشی کی مذمت اور اس کی توضیح | // |
| انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث | 337 |
| انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | // |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 338 |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | 340 |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث | 341 |
| عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث | 342 |
| عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | 344 |
| عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث | 345 |
| ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | 346 |

| | | |
|---|---|---|
| | ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث | 347 |
| | ابو مالک اشعری وسہل بن سعد رضی اللہ عنہما کی احادیث | 348 |
| | چند صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کی احادیث | 350 |
| | معاذ بن جبل وابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہما کی حدیث | 353 |
| | ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| | بریدہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 355 |
| | ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث | 356 |
| | ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | 357 |
| | ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث | 358 |
| | ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی چوتھی حدیث | 359 |
| | عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کی حدیث | 360 |
| | ابوامامہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 362 |
| | ابنِ مسعود، ابوہریرہ، عمران وابوامامہ رضی اللہ عنہم کی احادیث | 363 |
| | جابر بن سمرہ، ابودرداء وابنِ مسعود رضی اللہ عنہم کی احادیث | 366 |
| | ابوسعید، ابوموسیٰ، ابوہریرہ، ابنِ مسعود وصدفی رضی اللہ عنہم کی احادیث | 367 |
| | جابر، عقبہ وعائشہ رضی اللہ عنہم کی احادیث | 372 |
| | ابنِ مسعود، ابوذر، جابر وابوکبشہ رضی اللہ عنہم کی احادیث | 374 |
| | جریر، ابوعبیدہ وعلی رضی اللہ عنہم کی احادیث | 379 |

| | |
|---|---|
| (فصل نمبر 17)<br>جھوٹ عام ہوجانے کا فتنہ | 381 |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | 382 |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث | 383 |
| انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث | 384 |
| عوف بن مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث | 385 |
| عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث | 386 |
| عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | // |
| اُمِّ سلمہ رضی اللہ عنہا کی حدیث | 387 |
| کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 388 |
| ابنِ مسعود، ابوبکر صدیق ومعاویہ رضی اللہ عنہم کی احادیث | 389 |
| عبداللہ بن عمرو، وابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی احادیث | 390 |
| حکیم بن حزام وعبدالرحمٰن بن شبل رضی اللہ عنہما کی حدیث | 392 |
| عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث | 393 |
| ابنِ عمر وابوسعید خدری رضی اللہ عنہما کی احادیث | 394 |
| ابو ہریرہ، عیاض اور حیدہ بن قشیری رضی اللہ عنہم کی احادیث | 395 |
| ابوامامہ، معاذ وابنِ عباس رضی اللہ عنہم کی احادیث | 399 |
| ابو ہریرہ، سلمان وسمرہ رضی اللہ عنہم کی احادیث | 401 |

| | |
|---|---|
| ابنِ عباس وجابر رضی اللہ عنہما کی احادیث | 402 |
| (فصل نمبر 18) خائنوں، رشوت خوروں وسپاہیوں میں اضافہ کا فتنہ | 405 |
| ابو ہریرہ، عمران، اور جابر رضی اللہ عنہم کی احادیث | // |
| انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث | 409 |
| عابس غفاری رضی اللہ عنہ کی حدیث | 410 |
| عوف بن مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث | 411 |
| ابوامامہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 412 |
| ابوامامہ رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت | 413 |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 414 |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | 416 |
| ابنِ ابی اوفٰی وبریدہ رضی اللہ عنہما کی احادیث | // |
| سعد بن عبادہ، ابو ہریرہ وابوامامہ رضی اللہ عنہم کی احادیث | 418 |
| ابو ہریرہ، عبداللہ بن عمرو اور ثوبان رضی اللہ عنہم کی احادیث | 420 |
| سورہ مائدہ کا حوالہ وابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث | 422 |
| ابو ہریرہ، انس وابنِ مسعود رضی اللہ عنہم کی احادیث | 423 |
| اجتماعی مال میں خیانت، اور سورہ آلِ عمران کا حوالہ | 425 |
| خولہ بنتِ قیس وعبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما کی احادیث | 426 |
| ابو ہریرہ، زید بن خالد جہنی، وانس رضی اللہ عنہم کی احادیث | 428 |

| | |
|---|---|
| عبادہ بن صامت وعرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہما کی احادیث | 431 |
| عدی کندی، بریدہ ورویفع انصاری رضی اللہ عنہم کی احادیث | 432 |
| ابنِ عمرو اسامہ بن عمیر رضی اللہ عنہما کی احادیث | 434 |
| (فصل نمبر 19) **مساجد کے ذریعہ فخر وتفاخر کا فتنہ** | 437 |
| انس رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| انس رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | // |
| ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث | 438 |
| ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث | 439 |
| یزید بن اصم کی حدیث | 440 |
| ابو الدرداء رضی اللہ عنہ، ودیگر حضرات کی روایات | // |
| بعض دیگر روایات وآثار | 442 |
| ابنِ عمر رضی اللہ عنہ ومحمود بن لبید کی روایت | 444 |
| (فصل نمبر 20) **قطع رحمی عام ہوجانے کا فتنہ** | 450 |
| عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث | 451 |
| ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث | 452 |

| | |
|---|---|
| عبس غفاری رضی اللہ عنہ کی حدیث | 452 |
| جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ کی حدیث | 453 |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | 454 |
| ابواُمامہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| ابوبکرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 455 |
| (فصل نمبر 21) برے پڑوسیوں کے ظہور کا فتنہ | 457 |
| عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت | 458 |
| عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | 459 |
| عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث | // |
| ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 460 |
| سلمان فارسی، اور ابنِ مسعود رضی اللہ عنہما کی حدیث | 461 |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 462 |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | // |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث | 463 |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی چوتھی حدیث | 464 |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی پانچویں حدیث | 465 |

| | |
|---|---|
| عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث | 465 |
| ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث | 466 |
| ابوشریح رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| ابوشریح رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | 467 |
| انس رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| انس رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | 468 |
| (فصل نمبر 22) مخصوص ومعروف لوگوں کو سلام کیے جانے کا فتنہ | 469 |
| ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | // |
| ابنِ مسعود وانس رضی اللہ عنہما کی حدیث | 471 |
| عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث | 472 |
| عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | // |
| شریح رضی اللہ عنہ کی حدیث | 473 |
| براء بن عازب رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 474 |
| ابوذر رضی اللہ عنہ کی حدیث | 475 |
| ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| ابواُمامہ باہلی رضی اللہ عنہ کی حدیث | 476 |

| | |
|---|---|
| ابواُمامہ باہلی رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | 477 |
| (فصل نمبر23) تقدیر کے انکار، اور اس میں اختلاف کا فتنہ | 478 |
| ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| ابو ہریرہ وعبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما کی احادیث | // |
| عبداللہ بن عمرو، ابوالدرداء وعبادہ رضی اللہ عنہم کی احادیث | 481 |
| چند صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کی حدیث | 484 |
| صہیب وسعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہما کی احادیث | 486 |
| ثوبان، سلمان وابنِ عباس رضی اللہ عنہم کی احادیث | 487 |
| ابو ہریرہ وحسن بن علی رضی اللہ عنہما کی احادیث | 488 |
| (فصل نمبر24) چاند کے پھول جانے اور بڑا کہا جانے کا فتنہ | 491 |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| انس رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث | 492 |
| ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| شعبی کی مرسل حدیث | 493 |
| حسن بصری کی مرسل حدیث | // |

| | |
|---|---|
| (فصل نمبر 25)<br>زلزلوں کی کثرت اور خسف، مسخ وقذف کا فتنہ | 495 |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| سلمہ بن نفیل سکونی رضی اللہ عنہ کی حدیث | 496 |
| انس بن مالک وسمرہ بن جندب رضی اللہ عنہما کی احادیث | // |
| حسن بصری کی مرسل حدیث | 498 |
| ابو ہریرہ، سہل، ابنِ عمرو عائشہ رضی اللہ عنہم کی احادیث | // |
| حذیفہ بن اسید غفاری رضی اللہ عنہ کی حدیث | 500 |
| ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث | 502 |
| فضالہ بن عبید وابوموسیٰ رضی اللہ عنہما کی احادیث | // |
| (فصل نمبر 26)<br>حیوانات وجمادات کا کلام کرنا | 504 |
| ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت | 505 |
| ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | // |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 507 |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | 508 |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث | 509 |

| | |
|---|---|
| (فصل نمبر 27)<br>**اسلام کی اجنبیت، ایمانی کمزوری وایمان فروشی کا فتنہ** | 512 |
| ابو ہریرہ، ابنِ عمر وانس رضی اللہ عنہم کی احادیث | // |
| ابنِ مسعود، عبداللہ بن عمرو، سعد رضی اللہ عنہم کی احادیث | 514 |
| ثوبان رضی اللہ عنہ کی حدیث | 518 |
| عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کی حدیث | 519 |
| ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث | 520 |
| حذیفہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 521 |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 523 |
| نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| انس رضی اللہ عنہ کی حدیث | 524 |
| ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث | 525 |
| ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | // |
| ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 527 |
| ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | // |
| (فصل نمبر 28)<br>**ظالم وفاسق حکمرانوں کا فتنہ** | 530 |
| حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |

| | |
|---|---|
| حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | 531 |
| عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ کی حدیث | 533 |
| وائل بن حجر رضی اللہ عنہ کی حدیث | 534 |
| ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث | 536 |
| ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث | 537 |
| انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث | 538 |
| عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث | 539 |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 540 |
| عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کی حدیث | 541 |
| امِ سلمہ رضی اللہ عنہا کی حدیث | 544 |
| (فصل نمبر 29) جھوٹے وظالم حکمران، اوران کی اعانت کا فتنہ | 548 |
| کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کی حدیث | 549 |
| حذیفہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 550 |
| ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث | 551 |
| خباب بن ارت رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث | 552 |
| ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث | 553 |

| | |
|---|---|
| (فصل نمبر 30)<br>بھوکے، ننگے اور نیچ لوگوں کی حکمرانی و مالداری کا فتنہ | 555 |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت | 558 |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی تیسری روایت | 560 |
| عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | 562 |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث | 564 |
| انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث | 566 |
| حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| ابنِ نیار رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| بعض صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کی حدیث | 567 |
| (فصل نمبر 31)<br>بارش کے باوجود زمینی پیداوار میں بے برکتی کا فتنہ | 569 |
| انس رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 570 |
| عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث | 571 |

| | |
|---|---|
| ثوبان رضی اللہ عنہ کی حدیث | 573 |
| شداد بن اوس رضی اللہ عنہ کی حدیث | 574 |
| (فصل 32) زمانہ اور وقت میں بے برکتی کا فتنہ | 575 |
| سورہ آلِ عمران کا حوالہ | // |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | 576 |
| انس رضی اللہ عنہ کی حدیث | 577 |
| (فصل نمبر 33) منافق، ریاکار و دنیادار قاریوں کا فتنہ | 579 |
| ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کی حدیث | 580 |
| عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کی حدیث | 581 |
| ابو ہریرہ و معاذ بن جبل رضی اللہ عنہما کی حدیث | 582 |
| عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کی حدیث | 584 |
| سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کی حدیث | 585 |
| جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث | 586 |

| | |
|---|---|
| ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث | 586 |
| ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | 587 |
| معاویہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 588 |
| عبس غفاری وابوہریرہ رضی اللہ عنہما کی احادیث | 589 |
| جندب، ابنِ عمر، حذیفہ ودیگر صحابہ رضی اللہ عنہم کی احادیث | 592 |
| (فصل نمبر 34) **ظہورِ خوارج کا فتنہ** | 597 |
| سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ کی حدیث | 598 |
| سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت | // |
| ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث | 599 |
| ابوبرزہ اسلمی رضی اللہ عنہ کی حدیث | 600 |
| عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث | 603 |
| ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث | 604 |
| ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | 605 |
| علی رضی اللہ عنہ کی حدیث | 606 |
| انس وابوسعید خدری رضی اللہ عنہما کی احادیث | 607 |
| ابوبکرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 609 |


www.idaraghufran.org

| | |
|---|---|
| (فصل نمبر 35)<br>زبان کے فنکاروں واداکاروں کا فتنہ | 611 |
| سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث | 612 |
| عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | 613 |
| واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی حدیث | 615 |
| عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| علی بن ابی طالب وابنِ مسعود رضی اللہ عنہما کی حدیث | 616 |
| حضرت علی، حذیفہ وابنِ مسعود رضی اللہ عنہم کی روایات | 617 |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 620 |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | 621 |
| عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| ابوثعلبہ خشنی رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث | 622 |
| بشیر بن عقربہ جہنی رضی اللہ عنہ کی حدیث | 623 |
| ابو ہند داری رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |

| | |
|---|---|
| (فصل 36)<br>زبان کا فتنہ اور اس کی حفاظت | 625 |
| عبداللہ بن عمرو، وابنِ مسعود رضی اللہ عنہما کی احادیث | 〃 |
| عقبہ وثوبان رضی اللہ عنہما کی احادیث | 627 |
| سفیان ثقفی وحارث بن ہشام رضی اللہ عنہما کی احادیث | 628 |
| اسود محاربی ومعاذ بن جبل رضی اللہ عنہما کی احادیث | 630 |
| ابوبکر رضی اللہ عنہ کی حدیث | 633 |
| ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی احادیث | 634 |
| عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ کی حدیث | 635 |
| (فصل نمبر 37)<br>قلم وکتابت اور میڈیا کا فتنہ | 636 |
| ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث | 〃 |
| عمرو بن تغلب رضی اللہ عنہ کی حدیث | 637 |
| عمرو بن تغلب رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت | 638 |
| ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ ودیگر سلف کی روایات | 641 |
| (فصل نمبر 38)<br>حق وباطل میں تلبیس اور اختلاف وانتشار کا فتنہ | 644 |
| حذیفہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 〃 |

| | |
|---|---|
| حذیفہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | 646 |
| حذیفہ رضی اللہ عنہ کی تیسری روایت | 649 |
| حذیفہ رضی اللہ عنہ کی چوتھی روایت | 651 |
| حذیفہ رضی اللہ عنہ کی پانچویں روایت | 652 |
| حذیفہ رضی اللہ عنہ کی ایک اور حدیث | 656 |
| حذیفہ، اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی روایت | 658 |
| میمونہ رضی اللہ عنہا کی حدیث | 659 |
| ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 660 |
| (فصل 39)<br>**مسلمانوں کے ایک دوسرے کو قتل کرنے کا فتنہ** | 661 |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | // |
| ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی حدیث | 662 |
| کرز بن علقمہ خزاعی رضی اللہ عنہ کی حدیث | 666 |
| کرز بن علقمہ خزاعی رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت | 667 |
| ابنِ مسعود و حذیفہ رضی اللہ عنہما کی احادیث | 668 |
| ابو ذر رضی اللہ عنہ کی حدیث | 671 |
| طلحہ بصری رضی اللہ عنہ کی حدیث | 673 |
| معقل بن یسار رضی اللہ عنہ کی حدیث | 675 |

| | |
|---|---|
| ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی حدیث | 675 |
| براء بن عازب وعبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما کی احادیث | 676 |
| ابو سعید، ابو ہریرہ، ابنِ عباس وابو بکرہ رضی اللہ عنہم کی احادیث | 677 |
| جریر، ابنِ عمر، ابنِ عباس وصنابح رضی اللہ عنہم کی احادیث | 678 |
| ابنِ مسعود، ابو ہریرہ وسعد رضی اللہ عنہم کی احادیث | 680 |
| معاویہ وابو الدرداء رضی اللہ عنہما کی احادیث | 681 |
| ابنِ مسعود وابنِ عباس رضی اللہ عنہما کی احادیث | 682 |
| عائشہ وعبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما کی احادیث | 686 |
| عبادہ، ابنِ عمر وابو الدرداء رضی اللہ عنہم کی احادیث | 687 |
| ابو بکرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 689 |
| جندب وابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی احادیث | 690 |
| (فصل نمبر 40) **عیسائیوں کی کثرت اور مسلمانوں کی خفت کا فتنہ** | 692 |
| مستورد قرشی وعمرو بن عاص رضی اللہ عنہما کی حدیث | // |
| اس مضمون کی دوسری روایات | 693 |
| مرداس اسلمی رضی اللہ عنہ کی حدیث | 695 |
| عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 697 |
| ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | 698 |

| | |
|---|---|
| حذیفہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 699 |
| عِلباء سلمی رضی اللہ عنہ کی حدیث | 701 |
| انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | // |
| ابوامامہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 702 |
| عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث | 703 |
| (فصل نمبر 41) فتنوں سے تنگ آکر تمنائے موت کا فتنہ | 704 |
| ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | // |
| ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث | 705 |
| ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی چوتھی حدیث | // |
| ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث | 706 |
| قیس بن ابی حازم، وخباب رضی اللہ عنہما کی احادیث | 707 |
| ابوہریرہ و جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کی احادیث | 708 |
| انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی احادیث | 711 |


www.idaraghufran.org

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# تمہید

(از: مؤلف)

خاتم النبیین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت ونبوت، قیامت تک کے لئے ہے،اور آپ کے بعد کوئی نبی ورسول نہیں،اوراس امتِ محمدیہ پر ہی دنیا کا اختتام اور قیامت کا قیام طے ہے۔

اس لئے ضروری تھا کہ اس امت کو قیامت سے پہلے واقع ہونے والے آثار وعلامات سے بخوبی آگاہ کیا جائے،اور قیامت سے پہلے جس قسم کے فتنے رونما ہوں گے،ان سے اس امت کو باخبر کیا جائے،تاکہ ہر مومن فتنوں کے دوراور قیامت سے پہلے پائے جانے والے حالات کوسامنے رکھ کرزندگی گذارے،اور ہر قسم کے شر وفتنہ سے اپنے آپ کو بچا کر رکھے۔

نبیِ خاتم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ اللہ تعالیٰ نے اس امت کو جہاں اور بہت سے انعامات واکرامات سے نوازا، وہاں اس امت کے نبی کے ذریعہ،اس امت کوان فتنوں اور علاماتِ قیامت سے بھی پوری طرح آگاہ کیا گیا۔

احادیث وروایات کے ذخیرہ میں بہت بڑا حصہ اس موضوع سے متعلق پایا جاتا ہے،اوراس امت کے مختلف ادوار میں علمائے امت نے اس موضوع پر قلم اٹھایا،اوراپنی اپنی بساط تک اپنے فریضہ کوسرانجام دیا۔

لیکن موجودہ زمانہ قربِ قیامت اور فتنوں کے دور سے بھرپور ہے،جس میں آئے دن تیزی کے ساتھ فتنے ابھر رہے ہیں،اوران فتنوں کی زد میں بہت سے دینی ذہن رکھنے اور دیندار کہلائے جانے والے،یہاں تک کہ بعض علمائے زمانہ بھی ان فتنوں سے دوچار ہیں،دوسری طرف قربِ قیامت کے ان فتنوں پر جو علمی کام اب تک سامنے آیا،وہ بہت سطحی اور سرسری

ہے،جس سے ان فتنوں کی پوری حقیقت منکشف نہیں ہوتی،ساتھ ہی اس کا ایک حصہ غیر معتبر وغیر مستند مواد پر بھی مشتمل ہے۔

اس لئے بندہ کی مدت سے خواہش رہی کہ اس موضوع پر ایک خاص انداز سے تفصیل وتحقیق کے ساتھ کام کیا جائے،جس کے ضمن میں بعض کمزور،یا غیر معتبر اسناد پر مشتمل احادیث وروایات کی بھی حسبِ ضرورت نشاندہی کی جائے،لیکن اس انداز میں اس موضوع کو ترتیب دینا خاصا دشوار مرحلہ تھا،جو سخت جدو جہد کا متقاضی تھا،اوراس کے لئے دوسرے عوارضات کی وجہ سے وقت نکالنا مشکلات کا باعث بن رہا تھا۔

گزشتہ دنوں جب بندہ نے موجودہ دور کے فتنوں کو قریب اور یکسوئی سے مشاہدہ کیا،اوران فتنوں کی ہمہ گیری اور وسعت کو بنظرِ غائر ملاحظہ کیا،تو محسوس ہوا کہ فی الحال دوسرے کاموں کو مؤخر کرکے،اس کام کو سرانجام دیا جائے،جس کے بعد بندہ نے اس کام کو شروع کیا،درمیان میں کئی موضوعات کو خاص انداز میں ترتیب دینے میں سخت ذہنی الجھن بھی پیش آئی،لیکن بہرحال اللہ تعالیٰ کا خصوصی فضل وکرم شاملِ حال رہا،اوراس کے نتیجہ میں بحمد اللہ تعالیٰ اس موضوع پر ایک مفصل ومدلل کام وجود میں آ گیا،جو اس وقت دو جلدوں میں آپ کے سامنے ہے۔

اس کو''قربِ قیامت وفتنوں کا ظہور'' کے عنوان سے شائع کیا جارہا ہے۔

دعاء ہے کہ اللہ تعالیٰ اس جدوجہد کو اپنی بارگاہ میں قبول اور امتِ مسلمہ کے لئے نافع بنائے۔آمین۔

محمد رضوان خان

26/ ذوالحجہ/1445ھ بمطابق 03/ جولائی/2024ء بروز بدھ

ادارہ غفران راولپنڈی پاکستان

www.idaraghufran.org

(مقدمہ)

# قرآن کی رو سے قیامت کا قیام یقینی امر ہے

قرآن مجید میں بار بار قیامت کے دن سے ڈرایا گیا ہے، اوراس کی حقیقت کومختلف شکلوں میں بیان کیا گیا ہے، اوراس کے واقع ہونے کے ٹھیک وقت کا علم اللہ کے پاس ہونے کا بتایا گیا ہے۔

البتہ اللہ اوراس کے رسول کی طرف سے قیامت کی کچھ علامات ونشانیوں کو بتلا دیا گیا ہے۔

پہلے بطورِ مقدمہ کے ہم قرآن مجید کی چند آیات قیامت کے حوالہ سے پیش کرتے ہیں، جس کے بعد ان شاء اللہ تعالیٰ الگ الگ فصلوں کے تحت علامات قیامت اور فتنوں کا ذکر کریں گے۔

## سورہ نساء، سورہ انعام، اور سورہ غافر کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ نساء میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

اَللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ لَيَجْمَعَنَّكُمْ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ لَا رَيْبَ فِيهِ وَمَنْ أَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ حَدِيثًا (سورۃ النساء، رقم الآیۃ ۸۷)

ترجمہ: نہیں ہے کوئی معبود سوائے اللہ کے، ضرور بالضرور جمع کرے گا وہ (اللہ) تم کو قیامت کے دن کی طرف، نہیں شک ہے، اس (قیامت کے دن) میں، اور کون ہے زیادہ سچا، اللہ کے مقابلہ میں بات کے اعتبار سے (سورہ نساء)

معلوم ہوا کہ اللہ، دراصل وحدہٗ لاشریک ہے، اوراس نے سب انسانوں کو قیامت کے دن جمع کرنے کا اٹل فیصلہ فرما رکھا ہے، جسے کوئی ٹال نہیں سکتا، اور اللہ کے مقابلہ میں کسی کی بات بھی سب سے زیادہ سچی نہیں ہوسکتی۔

پس قیامت کے حق وسچ پر مبنی فیصلہ کو قبول کرنا، اوراس پر ایمان لانا چاہیے۔

اور قرآن مجید کی سورہ انعام میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

لَيَجْمَعَنَّكُمْ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ ،اَلَّذِيْنَ خَسِرُوْا أَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ (سورة الانعام، رقم الآية ١٢)

ترجمہ: ضرور بالضرور جمع کرے گا وہ (اللہ) تم کو قیامت کے دن کی طرف، نہیں شک ہے، اس (قیامت کے دن) میں، وہ لوگ جنہوں نے خسارہ کیا اپنی جانوں کا، تو وہ نہیں ایمان لاتے (سورہ انعام)

مذکورہ آیت سے بھی معلوم ہوا کہ اللہ کی طرف سے قیامت کے دن سب انسانوں کا جمع کیا جانا اٹل فیصلہ ہے، جس میں کسی شک وشبہ کی گنجائش نہیں، اور اس پر ایمان نہ لانے والے لوگ اپنا بہت بڑا خسارہ ونقصان کر رہے ہیں۔

اور قرآن مجید کی سورہ غافر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

إِنَّ السَّاعَةَ لَآتِيَةٌ لَا رَيْبَ فِيْهَا وَلٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ (سورة غافر، رقم الآية ٥٩)

ترجمہ: بے شک ساعہ (یعنی قیامت) یقیناً آنے والی ہے، نہیں شک ہے، اس میں، اور لیکن اکثر لوگ نہیں ایمان لاتے (سورہ غافر)

معلوم ہوا کہ قیامت کے دن کے قیام میں کسی شک وشبہ کی گنجائش نہیں، لیکن اتنے اٹل فیصلہ پر اکثر لوگ ایمان نہیں رکھتے، اس لئے وہ قیامت کے دن بہت بھاری نقصان اٹھائیں گے۔

## سورہ مؤمنون، فصلت، زمر، شوریٰ، اور سورہ جاثیہ کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ مؤمنون میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

ثُمَّ إِنَّكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ لَمَيِّتُوْنَ. ثُمَّ إِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ تُبْعَثُوْنَ (سورة المؤمنون، رقم الآية ١٥ و ١٦)

ترجمہ: پھر بے شک تم اس کے بعد یقیناً مرنے والے ہو، پھر بے شک تم کو

قیامت کے دن اٹھایا جائے گا (سورہ مؤمنون)

اس سے معلوم ہوا کہ دنیا میں آنے والے ہر انسان کو اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرتِ کاملہ سے پیدا فرمایا ہے، اور وہی موت دے کر قیامت کے دن سب کو دوبارہ حساب وکتاب اور جزاء وسزاء کے لئے جمع فرمائے گا۔

اور قرآن مجید کی سورہ فصلت میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

**أَفَمَنْ يُلْقٰى فِي النَّارِ خَيْرٌ أَمْ مَنْ يَأْتِيْ آمِنًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ** (سورة فصلت، رقم الآية ۴۰)

ترجمہ: کیا پس وہ شخص جس کو ڈال دیا جائے آگ میں بہتر ہے، یا وہ شخص جو آئے امن کی حالت میں قیامت کے دن (سورہ زمر)

اس سے معلوم ہوا کہ قیامت کے دن جو شخص جس حالت میں آئے گا، وہی حالت اس کے مستقبل کا فیصلہ کرے گی، اور قیامت کے دن کی کامیابی وناکامی ہی اصل کامیابی وناکامی کی دلیل ہوگی، جس کا دوسری آیات میں بھی ذکر ہے۔

چنانچہ قرآن مجید کی سورہ زمر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

**قُلْ إِنَّ الْخَاسِرِيْنَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْا أَنْفُسَهُمْ وَأَهْلِيْهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَلَا ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ** (سورة الزمر، رقم الآية ۱۵)

ترجمہ: کہہ دیجیے آپ کہ بے شک خسارہ والے وہ لوگ ہیں، جو خسارہ کریں اپنی جانوں کا اور اپنے گھر والوں کا قیامت کے دن، یاد رکھو کہ یہ کھلا خسارہ ہے (سورہ زمر)

اور قرآن مجید کی سورہ شوریٰ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

**إِنَّ الْخَاسِرِيْنَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْا أَنْفُسَهُمْ وَأَهْلِيْهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَلَا إِنَّ الظَّالِمِيْنَ فِيْ عَذَابٍ مُّقِيْمٍ** (سورة الشورىٰ، رقم الآية ۴۵)

ترجمہ: بے شک خسارہ والے وہ لوگ ہیں، جو خسارہ کریں اپنی جانوں کا اور اپنے گھر والوں کا قیامت کے دن، یاد رکھو کہ بے شک ظالم لوگ ٹھہرنے والے عذاب

میں ہوں گے (سورہ شوریٰ)

معلوم ہوا کہ اصل خسارہ پانے والے وہ لوگ ہیں، جو دنیا میں اللہ کی نافرمانی کرکے، اپنی جانوں اور اپنے گھر والوں کے لیے قیامت کے دن تباہی کا سامان کریں، اور ظالم وکافر لوگوں کو قائم وباقی رہنے والے عذاب کا سامنا کرنا پڑے گا، یہی اصل خسارہ ونقصان ہے۔

اور قرآن مجید کی سورہ جاثیہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

قُلِ اللّٰهُ يُحۡيِيۡكُمۡ ثُمَّ يُمِيۡتُكُمۡ ثُمَّ يَجۡمَعُكُمۡ اِلٰى يَوۡمِ الۡقِيٰمَةِ لَا رَيۡبَ فِيۡهِ وَلٰكِنَّ اَكۡثَرَ النَّاسِ لَا يَعۡلَمُوۡنَ . وَلِلّٰهِ مُلۡكُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَيَوۡمَ تَقُوۡمُ السَّاعَةُ يَوۡمَئِذٍ يَّخۡسَرُ الۡمُبۡطِلُوۡنَ (سورة الجاثية،رقم الآية ٢٦ و٢٧)

ترجمہ: کہہ دیجئے آپ کہ اللہ نے پیدا کیا تم کو، پھر موت دیتا ہے وہ تم کو، پھر جمع کرے گا وہ تم کو قیامت کے دن کی طرف، نہیں شک ہے اس میں، اور لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔ اور اللہ ہی کے لئے ہے، حکومت آسمانوں کی اور زمین کی، اور جس دن قائم ہوگی ساعہ (یعنی قیامت) اس دن خسارہ پانے والے ہوں گے، باطل کام کرنے والے (سورہ جاثیہ)

معلوم ہوا کہ پہلی مرتبہ بھی انسانوں کو حیات اللہ نے عطاء فرمائی، اور وہی موت اور وفات دیتا ہے، اور وہی قیامت کے یقینی وغیر مشکوک دن میں سب کو اپنے پاس جمع کرے گا، مگر اکثر لوگ اس کا علم نہیں رکھتے۔

اور اللہ ہی کی آسمان وزمین میں اصل حکومت، سلطنت، ملکیت اور حاکمیت قائم ہے، جس کے نتیجہ میں وہ قیامت کا قیام عمل میں لائے گا اور اس دن باطل عمل کرنے والے خسارہ میں مبتلاء ہوں گے۔

اور قرآن مجید کی سورہ جاثیہ میں ہی اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَاِذَا قِيۡلَ اِنَّ وَعۡدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّالسَّاعَةُ لَا رَيۡبَ فِيۡهَا قُلۡتُمۡ مَّا نَدۡرِىۡ مَا

السَّاعَةُ اِنْ نَّظُنُّ اِلَّا ظَنًّا وَّمَا نَحْنُ بِمُسْتَيْقِنِيْنَ. وَبَدَا لَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا عَمِلُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ. وَقِيْلَ الْيَوْمَ نَنْسَاكُمْ كَمَا نَسِيْتُمْ لِقَاءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا وَمَاْوٰكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ (سورة الجاثية، رقم الآية ۳۲ و۳۳ و۳۴)

ترجمہ: اور جب کہا گیا کہ بے شک اللہ کا وعدہ حق ہے اور ساعہ (یعنی قیامت) نہیں شک ہے اس میں، تو کہا تم نے کہ نہیں جانتے ہم کیا ہے ساعہ (یعنی قیامت) نہیں گمان کرتے ہم، مگر گمان (وہم) اور نہیں ہیں ہم یقین کرنے والے۔ اور ظاہر ہو جائیں گی ان کے لئے برائیاں، ان چیزوں کی جو عمل کیے انہوں نے، اور گھیر لیں گی ان کو وہ چیزیں کہ کیا کرتے تھے وہ لوگ ان کے ساتھ استہزاء۔ اور کہا جائے گا کہ آج بھلا دیا ہم نے تم کو جس طرح بھلا دیا تھا تم نے اپنے اس دن کی ملاقات کو، اور تمہارا ٹھکانا آگ ہے، اور نہیں ہے تمہارے لئے کوئی نصرت کرنے والے (سورہ جاثیہ)

معلوم ہوا کہ جو لوگ قیامت کے دن خسارہ پانے والے ہوئے، اصل خسارہ پانے والے وہی لوگ ہوں گے، اور خسارہ پانے والے وہ لوگ ہوں گے، جنہوں نے قیامت کے دن کو بھلا دیا تھا، اور ان کا اس دن کوئی مددگار نہیں ہوگا۔

اور جو لوگ دنیا میں قیامت کی باتوں پر ایمان نہیں لاتے، اور ان کا تمسخر واستہزاء کرتے ہیں، وہی چیزیں قیامت کے دن ان کو گھیر لیں گی، اور شدید ترین ذلت ورسوائی والے عذاب کا باعث بنیں گی۔

## سورہ انبیاء، سورہ حج، سورہ سبأ اور سورہ ممتحنہ کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ انبیاء میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَنَضَعُ الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيَامَةِ فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا وَ إِنْ كَانَ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ أَتَيْنَا بِهَا وَكَفٰى بِنَا حَاسِبِيْنَ (سورة الانبياء، رقم الآية ۴۷)

ترجمہ: اور قائم کریں گے ہم ترازووں کو انصاف کے، قیامت کے دن کے لئے۔ پس نہیں ظلم کیا جائے گا کسی نفس پر کسی طرح کا، اور اگر ہو رائی کے دانہ کے برابر، تو لائیں گے ہم اس کو، اور کافی ہیں ہم حساب کرنے والے (سورہ انبیاء)

معلوم ہوا کہ قیامت کے دن اللہ کی طرف سے عدل وانصاف کی ترازویں قائم کی جائیں گی، جو انسان کے ہر ہر عمل کی صحیح اور ٹھیک جانچ پڑتال کریں گی، اور ہر چھوٹی سی چھوٹی چیز کو بھی نہیں چھوڑیں گی، اور کسی پر کسی قسم کا ظلم نہیں کیا جائے گا، اور اللہ کا حساب کافی ہوگا، کسی دوسرے کو حساب کی نہ ضرورت ہوگی، نہ جرئت ہوگی، اور نہ ہی ایسا حساب وکتاب کسی کے لئے ممکن ہوگا۔

اور قرآن مجید کی سورہ حج میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَّأَنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا، وَأَنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُوْرِ (سورة الحج، رقم الآية ۷)

ترجمہ: اور بے شک ساعۃ (قیامت) آنے والی ہے، نہیں شک ہے اس میں، اور بے شک اللہ اٹھائے گا، ان کو جو قبروں میں ہیں (سورہ حج)

معلوم ہوا کہ قیامت کا آنا یقینی ہے، اور اس مقصد کے لئے مرے ہوئے لوگوں کا اپنی اپنی قبروں سے اٹھنا بھی ضروری ہے، خواہ وہ عرفی قبر ہو، جس میں مردہ کو دفن کیا جاتا ہے، یا معنوی قبر ہو، جہاں مردہ کو دفن تو نہیں کیا جاتا، لیکن وہاں بحکمِ الٰہی انسانوں کے جسم کے مجتمع، یا متفرق ومنتشر اجزاء موجود ہوتے ہیں، جن کا اللہ کو بخوبی علم ہوتا ہے، اور اللہ ہر ایک کو بآسانی زندہ کر کے اٹھانے پر پوری پوری قدرت رکھتا ہے۔

اور قرآن مجید کی سورہ حج ہی میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

**اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالصَّابِئِيْنَ وَالنَّصٰرٰى وَالْمَجُوْسَ وَالَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا، اِنَّ اللّٰهَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ، اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ** (سورة الحج، رقم الآية ١٧)

ترجمہ: بے شک جو لوگ ایمان لائے، اور وہ لوگ جو یہودی ہیں، اور جو صابی (ستارہ پرست) ہیں، اور جو نصاریٰ (عیسائی) ہیں، اور جو مجوسی (آگ پرست) ہیں، اور وہ لوگ جنہوں نے شرک کیا، بے شک اللہ فیصلہ کرے گا، ان (سب) کے درمیان قیامت کے دن، بے شک اللہ ہر چیز پر شہید (ونگران) ہے (سورہ حج)

معلوم ہوا کہ اللہ، حق وباطل تمام ادیان ومذاہب سے تعلق رکھنے والے انسانوں کے درمیان، قیامت کے دن فیصلہ فرمائے گا، اور اللہ کی دسترس سے کوئی انسان اور کوئی چیز باہر نہیں۔

اور قرآن مجید کی سورہ سبأ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

**وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَاْتِيْنَا السَّاعَةُ قُلْ بَلٰى وَرَبِّىْ لَتَاْتِيَنَّكُمْ، عَالِمِ الْغَيْبِ، لَا يَعْزُبُ عَنْهُ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ فِى السَّمٰوٰتِ وَلَا فِى الْاَرْضِ وَلَآ اَصْغَرُ مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْبَرُ اِلَّا فِىْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ** (سورة سبأ، رقم الآية ٣)

ترجمہ: اور کہا ان لوگوں نے، جنہوں نے کفر کیا کہ نہیں آئے گی ہم پر ساعۃ (یعنی قیامت) کہہ دیجئے آپ کہ ہاں (آئے گی) میرے رب کی قسم یقیناً ضرور بالضرور آئے گی وہ تم پر، وہ عالم الغیب ہے، نہیں غائب ہوسکتا، اس سے ایک ذرہ کے برابر، آسمانوں میں اور نہ زمین میں، اور نہ کوئی چھوٹی چیز اس سے اور نہ بڑی، مگر کتابِ مبین میں ہے (سورہ سباء)

اس سے معلوم ہوا کہ کافر لوگ، جو قیامت کے منکر ہیں، اس کے انکار کرنے سے وہ قیامت کے دن کی پکڑ سے بچ نہیں سکتے، اللہ جس سے آسمان وزمین کی کوئی ادنیٰ سے ادنیٰ اور بڑی

چھوٹی چیز مخفی نہیں، ہر ایک کو اس نے اپنی خاص کتاب میں محفوظ کر رکھا ہے، اس سے بھلا کوئی کیسے بھاگ سکتا ہے، اور کہاں بھاگ سکتا ہے، جبکہ کائنات کی ہر چیز اس کی ملکیت وحکومت میں ہے۔

اور قرآن مجید کی سورہ ممتحنہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

**لَنۡ تَنۡفَعَكُمۡ اَرۡحَامُكُمۡ وَلَاۤ اَوۡلَادُكُمۡ يَوۡمَ الۡقِيَامَةِ يَفۡصِلُ بَيۡنَكُمۡ وَاللّٰهُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ بَصِيۡرٌ** (سورۃ الممتحنۃ، رقم الآیۃ ۳)

ترجمہ: نہیں نفع دیں گے تم کو تمہارے ارحام (یعنی رشتہ دار) اور نہ تمہاری اولاد، قیامت کے دن، فیصلہ کرے گا وہ (اللہ) تمہارے درمیان، اور اللہ، جو کچھ عمل کرتے ہو تم، خوب بصیرت رکھنے والا ہے (سورہ ممتحنہ)

اس سے معلوم ہوا کہ قیامت کے دن اللہ کی طرف سے انسانوں کے درمیان عدل وانصاف کا فیصلہ ہو کر رہے گا، جس کے مقابلہ میں کسی کی رشتہ داری اور اولاد وغیرہ کا رشتہ نفع کا باعث نہیں ہوگا۔

اب یہ سوال باقی رہ گیا کہ قیامت کس وقت واقع ہوگی، اس کا سنہ وماہ کیا ہے؟ تو یہ سوال پہلے بھی بار بار اللہ کے رسول سے کیا گیا، لیکن اللہ نے اس کا ایک ہی جواب بندوں کو دیا کہ اس کے ٹھیک ٹھیک وقت کا علم اللہ نے اپنی حکمت سے اپنے پاس رکھا ہے، اس کا علم کسی نبی کو بھی نہیں دیا، البتہ اس سے ڈرنے اور اس کی تیاری کرنے کا اتنی مرتبہ اور بار بار حکم دیا ہے، جس کو شمار کرنا بھی مشکل ہے۔

## سورہ لقمان، فصلت، زخرف، شوریٰ اور سورہ نازعات کا حوالہ

چنانچہ قرآن مجید کی سورہ لقمان میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

**اِنَّ اللّٰهَ عِنۡدَهٗ عِلۡمُ السَّاعَةِ** (سورۃ لقمان، رقم الآیۃ ۳۴)

ترجمہ: بے شک اللہ، اسی کے پاس ہے ساعہ (قیامت) کا علم (سورہ لقمان)

معلوم ہوا کہ قیامت کا علم اللہ ہی کے پاس ہے۔

اور قرآن مجید کی سورہ فصلت میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

اِلَيۡهِ يُرَدُّ عِلۡمُ السَّاعَةِ وَمَا تَخۡرُجُ مِنۡ ثَمَرَاتٍ مِّنۡ اَكۡمَامِهَا وَمَا تَحۡمِلُ مِنۡ اُنۡثٰى وَلَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلۡمِهٖ (سورة فصلت، رقم الآية ٤٧)

ترجمہ: اسی (اللہ) کی طرف لوٹایا جاتا ہے، ساعۃ (یعنی قیامت) کے دن کا علم، اور جو نکلتے ہیں کوئی پھل اپنے غلافوں سے، اور جو اٹھاتی ہے کوئی عورت (حمل) اور نہ ہی جنتی ہے وہ، مگر اس (اللہ) کے علم کے ساتھ ہے (سورہ فصلت)

معلوم ہوا کہ قیامت کا علم، اللہ ہی کی طرف لوٹتا ہے، جو کائنات کی ہر ہر چیز کو محیط ہے، پس قیامت کے وقت کے علم کے لئے کسی دوسرے سے سوال فضول ہے، اور اللہ نے یہ علم کسی کو دیا نہیں، پھر دوسرے کے لئے اس کا جواب کیسے ممکن ہے۔

اور قرآن مجید کی سورہ زخرف میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

هَلۡ يَنۡظُرُوۡنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنۡ تَاۡتِيَهُمۡ بَغۡتَةً وَّهُمۡ لَا يَشۡعُرُوۡنَ . اَلۡاَخِلَّاءُ يَوۡمَئِذٍۭ بَعۡضُهُمۡ لِبَعۡضٍ عَدُوٌّ اِلَّا الۡمُتَّقِيۡنَ (سورة الزخرف، رقم الآية ٦٦و٦٧)

ترجمہ: نہیں انتظار کر رہے وہ (لوگ) مگر ساعۃ (یعنی قیامت) کا، یہ کہ آ جائے وہ ان کے پاس اچانک، اور وہ شعور بھی نہ رکھیں۔

دوست اس دن ان کے بعض، بعض کے دشمن ہوں گے، سوائے متقیوں کے (سورہ زخرف)

معلوم ہوا کہ جو لوگ آخرت پر ایمان اور اس کی تیاری نہیں کرتے، وہ صرف اچانک قائم ہونے والی قیامت کی آمد کے منتظر ہیں، لیکن موت اچانک آ گئی، تو تب بھی قیامت ان لوگوں پر اسی طرح اچانک آئے گی، جس کا ان کو شعور بھی نہیں ہوگا، اور زندگی میں کبھی اس

طرح کی گھڑی سر پر اچانک آنے کا تصور بھی نہیں کیا ہوگا، پھر اس قیامت کے دن دنیا کی ساری یاری اور دوستیاں بھی دھری کی دھری رہ جائیں گی، البتہ جن کے تعلق اور دوستی کی بنیاد تقوے اور اللہ کی رضا پر ہوگی، وہ اللہ کی رضا پر مرتب ہونے کی وجہ سے کارآمد ومفید ہوگی، اور کافروں کی دوستی میں یہ بات ممکن نہیں۔

اور قرآن مجید کی سورہ زخرف ہی میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَعِندَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ (سورۃ الزخرف، رقم الآیۃ ۸۵)

ترجمہ: اور اسی (اللہ) کے پاس ہے ساعۃ (یعنی قیامت) کا علم، اور اسی کی طرف لوٹایا جائے گا تم کو (سورہ زخرف)

اس سے معلوم ہوا کہ قیامت کے ٹھیک وقت کا علم، اللہ کے پاس ہے، لیکن بہرحال وہ جب بھی واقع ہوگی، لوٹ کر سب نے اسی کے پاس حاضر ہونا ہے۔

اور قرآن مجید کی سورہ شوریٰ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَمَا يُدْرِيكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِيبٌ . يَسْتَعْجِلُ بِهَا الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِهَا وَالَّذِينَ آمَنُوا مُشْفِقُونَ مِنْهَا وَيَعْلَمُونَ أَنَّهَا الْحَقُّ أَلَا إِنَّ الَّذِينَ يُمَارُونَ فِي السَّاعَةِ لَفِي ضَلَالٍ بَعِيدٍ (سورۃ الشوریٰ، رقم الآیۃ ۱۷ و ۱۸)

ترجمہ: اور آپ کو کیا معلوم کہ شاید ساعۃ (یعنی قیامت) قریب ہو۔

جلدی کرتے ہیں اِس (قیامت) کی وہ لوگ جو ایمان نہیں رکھتے اس (قیامت) پر، اور وہ لوگ جو ایمان رکھتے ہیں، ڈرتے ہیں وہ اس (قیامت) سے، اور جانتے ہیں وہ کہ بے شک وہ (قیامت) حق ہے، یاد رکھو کہ بے شک وہ لوگ جو شک کرتے ہیں ساعہ (یعنی قیامت) میں، یقیناً دور کی گمراہی میں ہیں (سورہ شوریٰ)

یعنی یہ اللہ ہی کو معلوم ہے کہ قیامت کتنے قریب ہے، اور قیامت کی جلدی وہی لوگ مچاتے ہیں، جو اس پر ایمان نہیں رکھتے، اس پر ایمان رکھنے والے لوگ تو قیامت کا ٹھیک وقت معلوم

نہ ہونے کے باوجود اس سے ڈرتے ہیں، اور اس کو حق سمجھتے ہیں، اور جو اس میں شک وشبہ کرتے ہیں، وہ بہت دور کی گمراہی میں ہیں، جس کا انجام بہت بھیانک ہے۔

اور قرآن مجید کی سورہ نازعات میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

يَسْـــــَٔلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسَاهَا .فِيْمَ اَنْتَ مِنْ ذِكْرَاهَا . اِلٰى رَبِّكَ مُنْتَهٰهَا .اِنَّـمَآ اَنْـتَ مُـنْذِرُ مَنْ يَّخْشَاهَا . كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا عَشِـيَّةً اَوْ ضُحَاهَا (سورة النازعات، رقم الآية ۴۲ ، الیٰ ۴۶)

ترجمہ: سوال کرتے ہیں وہ (لوگ) آپ سے، ســـــاعۃ (یعنی قیامت) کے بارے میں کہ کب ہوگا اس کا قیام، پس کیا ہے آپ کو، اس کے ذکر سے تعلق، تیرے رب کی طرف ہی اس کی انتہاء ہے۔

بس آپ ڈرانے والے ہیں، اس (شخص) کو جو ڈرے اس (قیامت) سے۔

گویا کہ جس دن دیکھ لیں گے وہ (لوگ) اس (قیامت) کو (تو سمجھیں گے کہ) نہیں ٹھہرے وہ (لوگ دنیا میں) مگر ایک شام، یا اس کے دن چڑھے (سورہ نازعات)

اس سے بھی معلوم ہوا کہ قیامت کا ٹھیک علم اللہ کو ہے، اس کے علم سے نہ اللہ کے نبی کو واسطہ ہے، نہ کسی اور کو، اللہ کا نبی بھی قیامت سے صرف ڈرا سکتا ہے، جو علم اس کے پاس نہیں، وہ نہیں بتا سکتا، پھر جب بندے قیامت کے دن کا اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کرلیں گے، تو سب شک وشبہ دور ہوجائے گا، اور وہ دنیا، جس کی خاطر قیامت وآخرت سے غفلت اختیار کی وہ صبح، یا دن کے تھوڑے سے حصہ کی طرح بہت مختصر وقت محسوس ہوگی۔

## سورہ محمد اور سورہ قمر کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ محمد میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

فَهَـلْ يَـنْـظُـرُوْنَ اِلَّا السَّـاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً  فَقَدْ جَآءَ اَشْرَاطُهَا  فَاَنّٰى

لَهُمُ اِذَا جَآئَتْهُمْ ذِكْرَاهُمْ (سورة محمد، رقم الآية ۱۸)

ترجمہ: پس نہیں انتظار کررہے وہ، مگر ساعۃ (یعنی قیامت) کا کہ آجائے وہ (قیامت) ان کے پاس اچانک، پس بلاشبہ آچکیں، اس کی نشانیاں، پھر کہاں وقت ہوگا ان کے پاس نصیحت کا، جب آجائے گی وہ (قیامت) ان کے پاس (سورہ محمد)

مطلب یہ ہے کہ قیامت کے وقت کا ٹھیک علم تو اللہ کے پاس ہے، لیکن اس کے قریب ہونے کی کچھ علامتیں ظاہر ہوچکی ہیں۔

اور قرآن مجید کی سورہ قمر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ. وَاِنْ يَّرَوْا اٰيَةً يُّعْرِضُوْا وَيَقُوْلُوْا سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ (سورة القمر، رقم الآية ۱ و ۲)

ترجمہ: قریب آچکی ہے، قیامت، اور شق ہوچکا ہے، چاند، اور اگر دیکھتے ہیں یہ (کافر) کوئی نشانی، تو اعراض کرتے ہیں وہ اور کہتے ہیں وہ کہ یہ جادو ہے پے در پے (سورہ قمر)

چاند کا شق ہونا قیامت کے قریب ہونے کی علامت ہے، اور یہ علامت پوری ہوچکی ہے، جس کا بیان آگے آتا ہے۔

پھر قیامت جب بھی آئے گی، خواہ جلد، یا بدیر، بہر حال وہ سخت ہولناک ودہشت ناک منظر لئے ہوئے ہوگی، اور اس کا سامنا کرنا آسان کام نہ ہوگا۔

## سورہ قمر اور سورہ قیامہ کا حوالہ

چنانچہ قرآن مجید کی سورہ قمر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ أَدْهٰى وَأَمَرُّ (سورة القمر، رقم الآية ۴۶)

ترجمہ: بلکہ ساعہ (یعنی قیامت) ان کے وعدہ کا وقت ہے، اور ساعہ (یعنی

قیامت) بہت دہشت ناک،اور بہت کڑوی ہے(سورہ قمر)

اور قرآن مجید کی سور قیامہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

لَا أُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيَامَةِ.وَلَا أُقْسِمُ بِالنَّفْسِ اللَّوَّامَةِ .أَيَحْسَبُ الْإِنسَانُ أَلَّنْ نَّجْمَعَ عِظَامَهُ.بَلٰى قَادِرِيْنَ عَلٰى أَنْ نُّسَوِّيَ بَنَانَهُ.بَلْ يُرِيْدُ الْإِنسَانُ لِيَفْجُرَ أَمَامَهُ.يَسْأَلُ أَيَّانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ .فَإِذَا بَرِقَ الْبَصَرُ. وَخَسَفَ الْقَمَرُ.وَجُمِعَ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ .يَقُوْلُ الْإِنسَانُ يَوْمَئِذٍ أَيْنَ الْمَفَرُّ. كَلَّا لَا وَزَرَ .إِلٰى رَبِّكَ يَوْمَئِذٍ الْمُسْتَقَرُّ .يُنَبَّأُ الْإِنسَانُ يَوْمَئِذٍ بِمَا قَدَّمَ وَأَخَّرَ (سورة القيامة،رقم الآية ١،الیٰ ١٣)

ترجمہ:قسم کھاتا ہوں میں قیامت کے دن کی،اور قسم کھاتا ہوں میں اس نفس کی جو بہت ملامت کرنے والا ہو(مومن کو اس کے گناہوں پر) کیا گمان کرتا ہے، انسان کہ ہر گز جمع نہیں کریں گے ہم اس کی ہڈیوں کو، کیوں نہیں، قادر ہیں اس پر کہ درست کریں ہم اس کی انگلیوں کے جوڑوں کو، بلکہ چاہتا ہے انسان یہ کہ فجور کرے وہ اپنے آگے، سوال کرتا ہے وہ (انسان) کہ کب ہے قیامت کا دن، پس جب آنکھیں چکاچوند ہو جائیں گی، اور تاریک ہو جائے گا چاند، اور جمع کیا جائے گا، سورج کو اور چاند کو، کہے گا انسان، اس دن کہ کہاں ہے بھاگنے کی جگہ۔

ہرگز نہیں، نہیں ہوگی کوئی پناہ، تیرے رب کی طرف ہی اس دن ٹھکانا ہوگا، خبردار کردیا جائے گا، اس دن انسان کو ان کاموں سے جو اس نے آگے اور پیچھے کیئے (سورہ قیامہ)

پس ہر بندہ کو قیامت کے دن کی تیاری میں لگ جانا چاہیے، اور قیامت سے پہلے پیش ہونے والے حالات سے باخبر ہونا اور واقع ہونے والے فتنوں سے بچنے کا سامان کرنا چاہیے، جن کا ذکر آگے الگ الگ فصلوں میں آتا ہے۔

## (فصل نمبر 1)

# نبوت کا اختتام، اور اس امت پر قیامت کا قیام

سب سے پہلے تو یہ معلوم ہونا ضروری ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو، اللہ تعالیٰ نے آخری نبی بنایا ہے، اور آپ پر نبوت کا اختتام فرمادیا ہے، اور آپ کی امت کو آخری امت قرار دے دیا ہے۔

اس بارے میں چند احادیث مذکر کی جاتی ہیں۔

## انس وابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بُعِثْتُ أَنَا وَالسَّاعَةَ كَهَاتَيْنِ** (صحيح البخارى، رقم الحديث ۶۵۰۴، كتاب الرقاق، باب قول النبى صلى الله عليه وسلم: بعثت أنا والساعة كهاتين)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے مبعوث کیا گیا ہے، میں اور قیامت ان دو (انگلیوں) کی طرح (قریب) ہیں (بخاری)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بُعِثْتُ أَنَا وَالسَّاعَةُ كَهَاتَيْنِ يَعْنِي إِصْبَعَيْنِ** (صحيح البخارى، رقم الحديث ۶۵۰۵، كتاب الرقاق، باب قول النبى صلى الله عليه وسلم: بعثت أنا والساعة كهاتين)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے مبعوث کیا گیا ہے، میں اور قیامت

ان دو یعنی انگلیوں کی طرح (قریب) ہیں (بخاری)

## سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: بُعِثْتُ أَنَا وَالسَّاعَةَ کَھٰذِہٖ مِنْ ھٰذِہٖ، أَوْ: کَھَاتَیْنِ، وَقَرَنَ بَیْنَ السَّبَّابَةِ وَالْوُسْطٰی (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۵۳۰۱، کتاب الطلاق، باب اللعان)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے اس طرح مبعوث کیا گیا ہے جیسا کہ یہ دو انگلیاں ایک دوسرے کے قریب ہیں، اور آپ نے شہادت اور درمیان والی انگلیوں کو ملا کر دکھایا (بخاری)

## جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: بُعِثْتُ أَنَا وَالسَّاعَةُ کَھَاتَیْنِ

(مسند احمد، رقم الحدیث ۲۰۹۸۱) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے قیامت کے قریب اس طرح مبعوث کیا گیا ہے، جیسا کہ یہ دو انگلیاں ایک دوسرے کے قریب ہیں (مسند احمد)

## بریدہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ: بُعِثْتُ أَنَا وَالسَّاعَةُ

---

[1] قال شعیب الارنؤوط: صحیح لغیرہ، وھذا إسناد حسن (حاشیة مسند احمد)

جَمِيْعًا، إِنْ كَادَتْ لَتَسْبِقُنِيْ (مسند احمد، رقم الحديث ٢٢٩٤٧) [1]

ترجمہ: میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ میں اور قیامت اکٹھے مبعوث ہیں، قریب تھی کہ قیامت مجھ سے سبقت لے جاتی (مسند احمد)

## جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا خَطَبَ احْمَرَّتْ عَيْنَاهُ، وَعَلَا صَوْتُهُ، وَاشْتَدَّ غَضَبُهُ، حَتّٰى كَأَنَّهُ مُنْذِرُ جَيْشٍ يَقُوْلُ: صَبَّحَكُمْ وَمَسَّاكُمْ، وَيَقُوْلُ: بُعِثْتُ أَنَا وَالسَّاعَةُ كَهَاتَيْنِ، وَيَقْرُنُ بَيْنَ إِصْبَعَيْهِ السَّبَّابَةِ، وَالْوُسْطٰى، وَيَقُوْلُ: أَمَّا بَعْدُ، فَإِنَّ خَيْرَ الْحَدِيْثِ كِتَابُ اللّٰهِ، وَخَيْرُ الْهُدٰى هُدَى مُحَمَّدٍ، وَشَرُّ الْأُمُوْرِ مُحْدَثَاتُهَا، وَكُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٨٦٧ "٤٣" كتاب الجمعة، باب تخفيف الصلاة والخطبة)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب خطبہ دیا کرتے تھے، تو آپ کی آنکھیں سرخ ہوجاتی تھیں، اور آپ کی آواز بلند ہوجاتی تھی، اور آپ کے غصہ میں شدت آجاتی تھی، گویا کہ آپ کسی (حملہ آور) لشکر سے ڈرا رہے ہوں، آپ فرماتے تھے کہ وہ (لشکر) صبح پہنچ جائے گا، یا شام کو تم تک پہنچ جائے گا (یعنی ہمہ وقت موت کی یاد، اور آخرت کی تیاری کا حکم فرماتے تھے) اور فرماتے تھے کہ مجھے اور قیامت کو اس طرح ان دونوں انگلیوں کے قریب قریب مبعوث کیا گیا ہے، اور اپنی شہادت کی اور درمیان والی انگلیوں کو ملا کر دکھاتے تھے۔

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حسن لغيره، وهذا إسناد حسن في المتابعات والشواه (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

اور فرماتے تھے کہ ''امابعد!'' پس بے شک سب سے بہتر بات کتاب اللہ کی ہے، اور سب سے بہتر ہدایت ورہنمائی محمد کی ہدایت ورہنمائی ہے، اور سب سے بدترین چیزیں نوایجاد کردہ ہیں، اور ہر بدعت گمراہی ہے (صحیح مسلم)

## ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

**كَانَتْ بَنُوْ إِسْرَائِيلَ تَسُوْسُهُمُ الْأَنْبِيَاءُ، كُلَّمَا هَلَكَ نَبِيٌّ خَلَفَهُ نَبِيٌّ، وَإِنَّهُ لَا نَبِيَّ بَعْدِيْ، وَسَيَكُوْنُ خُلَفَاءُ فَيَكْثُرُوْنَ قَالُوْا: فَمَا تَأْمُرُنَا؟ قَالَ: فُوْا بِبَيْعَةِ الْأَوَّلِ فَالْأَوَّلِ، أَعْطُوْهُمْ حَقَّهُمْ، فَإِنَّ اللّٰهَ سَائِلُهُمْ عَمَّا اسْتَرْعَاهُمْ** (صحيح البخارى، رقم الحديث ۳۴۵۵، كتاب احاديث الانبياء، باب ما ذكر عن بنى إسرائيل)

ترجمہ: بنی اسرائیل میں انبیاء (اپنی امت کی) نگرانی وانتظامات کیا کرتے تھے، جب ایک نبی کا وصال ہوجاتا تو دوسرا اس کا جانشین ہوجاتا، لیکن میرے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا، البتہ خلفاء (نیک حکمران) ہوں گے، جو کہ کثرت سے ہوں گے، صحابہ نے عرض کیا کہ پھر آپ ہمیں کیا حکم دیتے ہیں؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یکے بعد دیگرے ہر ایک (خلیفہ ونیک حکمران) کی بیعت پوری کرنا اور انہیں ان کا (وہ حق جو تم پر ہے) دیتے رہنا (یعنی ان کی شرعی اور جائز معاملات میں اطاعت وپیروی کرنا) اور اللہ تعالیٰ نے انہیں جن (رعایا) پر حکمران بنایا ہے، اللہ ہی ان کے (معاملات کے) بارے میں ان حکمرانوں سے باز پرس کرے گا (اگر انہوں نے رعایا پر ظلم کیا ہوگا، تو اللہ ان سے مؤاخذہ فرمائے گا، تم سے مؤاخذہ نہیں فرمائے گا) (بخاری)

## ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فُضِّلْتُ عَلَى الْأَنْبِيَاءِ بِسِتٍّ أُعْطِيتُ جَوَامِعَ الْكَلِمِ وَنُصِرْتُ بِالرُّعْبِ وَأُحِلَّتْ لِيَ الْغَنَائِمُ وَجُعِلَتْ لِيَ الْأَرْضُ طَهُورًا وَمَسْجِدًا وَأُرْسِلْتُ إِلَى الْخَلْقِ كَافَّةً، وَخُتِمَ بِيَ النَّبِيُّونَ (صحيح مسلم ،رقم الحديث ٥٢٣"٥" كتاب المساجد ومواضع الصلاة)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے دوسرے نبیوں پر چھ چیزوں میں فضیلت عطاء کی گئی ہے، ایک تو مجھے جامع کلمات عطاء کیے گئے، دوسرے رعب کے ذریعہ سے میری مدد کی گئی، تیسرے میرے لیے غنیمت کے مالوں کو حلال کردیا گیا، چوتھے میرے لیے زمین کو پاکی کا ذریعہ اور نماز کی جگہ بنادیا گیا، پانچویں مجھے تمام مخلوق کی طرف بھیجا گیا، چھٹے میرے ذریعہ سے نبیوں ( کی آمد) کا خاتمہ کردیا گیا ہے (مسلم)

## فاطمہ بنتِ قیس رضی اللہ عنہا کی حدیث

حضرت فاطمہ بنتِ قیس رضی اللہ عنہا کی سند سے روایت ہے کہ:

صَعِدَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمِنبَرَ، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنٰى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: أُنْذِرُكُمُ الدَّجَّالَ، فَإِنَّهُ لَمْ يَكُنْ نَبِيٌّ قَبْلِيْ إِلَّا وَقَدْ أَنْذَرَهُ أُمَّتَهُ، وَهُوَ كَائِنٌ فِيكُمْ أَيَّتُهَا الْأُمَّةُ، إِنَّهُ لَا نَبِيَّ بَعْدِيْ وَلَا أُمَّةَ بَعْدَكُمْ (صحيح ابن حبان، رقم الحديث ٦٧٨٨، كتاب التاريخ،باب إخباره صلى الله عليه وسلم عما يكون فى أمته من الفتن والحوادث) [1]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط:حديث صحيح (حاشية صحيح ابن حبان)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر تشریف لائے، پھر اللہ کی حمد وثناء بیان کی، پھر فرمایا کہ میں تمہیں دجال سے ڈرا رہا ہوں، میرے سے پہلے ہر نبی نے اپنی امت کو اس دجال سے ڈرایا، اور وہ تمہارے اندر آئے گا، اے امت کے لوگو! میرے بعد کوئی نبی نہیں، اور تمہارے بعد کوئی امت نہیں (ابنِ حبان)

## ابوامامہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

اس طرح کی حدیث حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کی سند سے بھی مروی ہے جس میں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن خطبہ دیا، جس میں ہمیں دجال سے ڈرایا، اور اس خطبہ میں یہ بھی فرمایا کہ:

وَإِنِّي آخِرُ الْأَنْبِيَاءِ وَأَنْتُمْ آخِرُ الْأُمَمِ (مستدرک حاکم، رقم الحديث ٨٦٢٠، كتاب الفتن والملاحم، أما حديث أبي عوانة) [1]

ترجمہ: اور میں تمام نبیوں میں آخری نبی ہوں، اور تم تمام امتوں میں آخری امت ہو (حاکم)

اس حدیث کا مفہوم بھی گزشتہ حدیث کے مطابق ہے۔

## ابو قتیلة رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو قتیلة رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ فِي النَّاسِ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ، فَقَالَ: لَا نَبِيَّ بَعْدِي وَلَا أُمَّةَ بَعْدَكُمْ فَاعْبُدُوا رَبَّكُمْ وَأَقِيمُوا خَمْسَكُمْ وَصُومُوا شَهْرَكُمْ وَأَطِيعُوا وُلَاةَ أَمْرِكُمْ تَدْخُلُوا

---

[1] قال الحاكم: هذا حديث صحيح على شرط مسلم، ولم يخرجاه بهذه السياقة.
و قال الذهبي في التلخيص: على شرط مسلم.

www.idaraghufran.org

جَنَّةَ رَبِّكُمْ (المعجم الكبير للطبراني، رقم الحديث ۷۴۹۷، ج۲۲ ص ۳۱۶) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع کے موقع پر کھڑے ہو کر فرمایا کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں، اور تمہارے بعد کوئی امت نہیں، پس تم اپنے رب کی عبادت کرو، اور اپنی پانچ نمازوں کو قائم کرو، اور اپنے رمضان کے مہینے کے روزے رکھو، اور اپنے اولی الامر کی اطاعت کرو، جس کے نتیجے میں تم اپنے رب کی جنت میں داخل ہو جاؤ گے (طبرانی)

مذکورہ تفصیل سے معلوم ہوا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نبوت و رسالت کے سلسلہ کی تکمیل ہو چکی ہے، اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کو آخری امت بنا دیا گیا ہے، اسی پر قیامت قائم ہوگی۔ اس لیے اس امت کے ہر فرد کو قیامت سے پہلے پیش آنے والے حالات وعلامات سے باخبر رہنا چاہیے، تا کہ وہ فتنوں کی زد میں آ کر اپنی دنیا و آخرت کو خراب نہ کر بیٹھے۔

اور اسی کے ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ مستند اور غیر مستند احادیث وروایات میں فرق کیا جائے، اور قیامت سے پہلے پیش آمدہ، عقائد کے باب میں ضعیف حدیثوں کو معتبر نہ سمجھا جائے۔

وَاللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى اَعْلَمُ وَعِلْمُهٗ اَتَمُّ وَاَحْكَمُ.

---

[1] قال الهيثمي:

رواه الطبراني في الكبير، وفيه بقية، وهو ثقة، ولكنه مدلس، وبقية رجاله ثقات (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۵۶۴۷)

وقال الالباني:

قلت: وهذا إسناد رجاله ثقات، لكن بقية مدلس وقد عنعن. لكن له شاهد قوى من حديث أبي أمامة (سلسلة الاحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ۳۲۳۳)

(فصل نمبر2)

# قیامت کا قرب اور شقِ قمر

قربِ قیامت کی ایک اہم علامت چاند کا شق ہو جانا ہے، جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں ہو چکا ہے، اوراس کا اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ذکر فرمایا ہے، اوراحادیث میں بھی اس کا ذکر آیا ہے۔ ذیل میں اس کی تفصیل ملاحظہ فرمایئے۔

## سورہ قمر کا حوالہ

چاند کے شق ہونے کا قرآن مجید کی سورہ قمر میں اس طرح ذکر آیا ہے کہ:

اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ.وَإِنْ يَّرَوْا آيَةً يُّعْرِضُوْا وَيَقُوْلُوْا سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ(سورة القمر،رقم الآية ۱ و۲)

ترجمہ: قریب آ چکی ہے، قیامت، اور شق ہو چکا ہے، چاند، اور اگر دیکھتے ہیں یہ (کافر) کوئی نشانی، تو اعراض کرتے ہیں وہ، اور کہتے ہیں وہ کہ یہ جادو ہے پے درپے(سورہ قمر)

## ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث

صحیح بخاری میں حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

اِنْشَقَّ الْقَمَرُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شِقَّتَيْنِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:اِشْهَدُوْا (صحيح البخارى،رقم الحديث ۳۶۳۶، كتاب المناقب،باب سؤال المشركين أن يريهم النبى صلى الله عليه وسلم آية فأراهم انشقاق القمر)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں چاند دوحصوں میں شق ہوگیا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم گواہ رہنا (بخاری)

## ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت

اور صحیح بخاری میں ہی حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ سے ایک روایت اس طرح سے ہے کہ:

**اِنْشَقَّ الْقَمَرُ عَلٰی عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِرْقَتَيْنِ، فِرْقَةً فَوْقَ الْجَبَلِ، وَفِرْقَةً دُوْنَهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِشْهَدُوْا** (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۴۸۶۴، کتاب تفسیر القرآن، سورۃ اقتربت الساعۃ)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں چاند دوحصوں میں شق ہوگیا، ایک حصہ پہاڑ کے اوپر رہا، اور دوسرا حصہ پہاڑ کے پیچھے ہوگیا، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم گواہ رہنا (بخاری)

اس حدیث کو امام مسلم نے بھی اپنی صحیح میں روایت کیا ہے۔

## ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی تیسری روایت

اور سنن ترمذی میں حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**بَيْنَمَا نَحْنُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًى فَانْشَقَّ الْقَمَرُ فَلْقَتَيْنِ: فَلْقَةٌ مِّنْ وَرَاءِ الْجَبَلِ، وَفَلْقَةٌ دُوْنَهُ، فَقَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِشْهَدُوْا - يَعْنِيْ - "اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ"** (سنن الترمذی، رقم الحدیث ۳۲۸۵، ابواب تفسیر القرآن، باب ومن سورۃ القمر) [1]

---

[1] قال الترمذی: هذا حدیث حسن صحیح.

ترجمہ: ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ منیٰ میں بیٹھے ہوئے تھے کہ اچانک چاند شق ہوکر دو حصوں میں ہوگیا، ایک حصہ پہاڑ کے پیچھے کی طرف، اور دوسرا حصہ اس سے آگے، پھر ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم گواہی دے دو کہ قیامت قریب آ چکی، اور چاند شق ہو چکا (ترمذی)

## ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث

اور حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

اِنْفَلَقَ الْقَمَرُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِشْهَدُوْا (سنن الترمذی، رقم الحدیث ۲۱۸۲، ابواب الفتن، باب ما جاء فی انشقاق القمر) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں چاند شق ہوگیا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم گواہ رہنا (ترمذی)

## انس رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَأَلَ أَهْلُ مَكَّةَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آيَةً، فَانْشَقَّ الْقَمَرُ بِمَكَّةَ مَرَّتَيْنِ، فَنَزَلَتْ "اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ" - إِلٰى قَوْلِهِ - "سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ" (سنن الترمذی، رقم الحدیث ۳۲۸۶، ابواب تفسیر القرآن، باب ومن سورة القمر) [2]

ترجمہ: مکہ والوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی نشانی کا سوال کیا، تو مکہ میں دو

---

[1] قال الترمذی: وفی الباب عن ابن مسعود، وأنس، وجبیر بن مطعم. وهذا حدیث حسن صحیح.

[2] قال الترمذی: هذا حدیث حسن صحیح.

مرتبہ شقِ قمر ہوا، پھر سورہ قمر کی یہ آیت نازل ہوئی کہ:

”اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ“

اللہ تعالیٰ کے اس قول:

”سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ“

تک (ترمذی)

## عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے بھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں چاند کے دو ٹکڑے ہونے، اوراس پر سورہ قمر کی ابتدائی آیات نازل ہونے کی حدیث مروی ہے۔ [1]

## جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

فِيْ قَوْلِهٖ عَزَّ وَجَلَّ: ” اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ، وَانْشَقَّ الْقَمَرُ “قَالَ:اِنْشَقَّ الْقَمَرُ وَنَحْنُ بِمَكَّةَ عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ(المستدرک للحاکم،رقم الحدیث ۳۷۶۰، کتاب التفسیر، تفسیر سورۃ القمر) [2]

---

[1] فحدثناه أبو العباس محمد بن يعقوب، ثنا إبراهيم بن مرزوق البصرى بمصر، ثنا أبو داود الطيالسى، ثنا شعبة، عن الأعمش، عن مجاهد، عن عبد الله بن عمرو رضى الله عنه، فى قوله عز وجل”اقتربت الساعة وانشق القمر“قال: كان ذلک على عهد النبى صلى الله عليه وسلم، انشق القمر فلقتين فلقة من دون الجبل، وفلقة خلف الجبل. فقال النبى صلى الله عليه وسلم: اللهم اشهد(المستدرک للحاکم،رقم الحدیث ۳۷۵۹)

قال الذهبى: صحيح.

[2] قال الحاكم :هذه الشواهد لحديث عبد الله بن مسعود كلها صحيحة على شرط الشيخين ولم يخرجاه.

وقال الذهبى فى التلخيص: صحيح

ترجمہ: سورہ قمر میں اللہ عزوجل کا یہ ارشاد کہ:

"اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ"

کا مطلب یہ ہے کہ چاند شق ہوگیا اور ہم اس وقت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مکہ مکرمہ میں تھے (جس کا ہم نے مشاہدہ کیا) (حاکم)

## جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت

اور سنن ترمذی میں حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

اِنْشَقَّ الْقَمَرُ عَلٰی عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى صَارَ فِرْقَتَيْنِ: عَلٰى هٰذَا الْجَبَلِ، وَعَلٰى هٰذَا الْجَبَلِ، فَقَالُوْا: سَحَرَنَا مُحَمَّدٌ فَقَالَ بَعْضُهُمْ: لَئِنْ كَانَ سَحَرَنَا فَمَا يَسْتَطِيْعُ أَنْ يَّسْحَرَ النَّاسَ كُلَّهُمْ (سنن الترمذی، رقم الحديث ٣٢٨٩، ابواب تفسير القرآن، باب ومن سورة القمر) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں چاند شق ہوگیا، یہاں تک کہ دو حصوں میں ہوگیا، ایک حصہ اس پہاڑ پر اور دوسرا حصہ اس پہاڑ پر ہوگیا، تو مشرکینِ مکہ نے کہا کہ ہم پر محمد نے جادو کردیا، پھر ان ہی کے بعض لوگوں نے کہا کہ اگر ہم پر جادو کردیا، تو محمد کو یہ استطاعت نہیں کہ وہ سب لوگوں پر جادو کرے (ترمذی)

## ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

[1] قال الترمذی: وقد روى بعضهم هذا الحديث عن حصين، عن جبير بن محمد بن جبير بن مطعم، عن أبيه، عن جده جبير بن مطعم نحوه.

اِنْشَقَّ الْقَمَرُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۳۷۵۸، کتاب التفسیر، تفسیر سورۃ القمر) [1]

ترجمہ: انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں چاند شق ہو گیا تھا (حاکم)

## معاویہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: لَمْ يَبْقَ مِنَ الدُّنْيَا إِلَّا بَلَاءٌ وَفِتْنَةٌ (صحیح ابنِ حبان، رقم الحدیث ۶۹۰، کتاب الرقائق، باب الفقر والزھد والقناعۃ) [2]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ دنیا کا اب بلاء اور فتنہ والا حصہ ہی باقی رہ گیا ہے (صحیح ابنِ حبان)

مطلب یہ ہے کہ یہ امت آخری امت ہے، قیامت قریب آ چکی ہے، شقِ قمر ہو چکا ہے، اور اس امت کے حصہ میں دنیا کا بلاء وفتنہ والا حصہ ہی رہ گیا ہے، اس لئے اس امت کو بلاء وفتنہ کے لئے تیار رہنا چاہیے۔

خلاصہ یہ ہے کہ چاند کا شق ہونا، قیامت کے قریب ہونے کی علامت ہے، اور یہ واقعہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں پیش آ چکا ہے، جس کو اللہ تعالیٰ نے قیامت کی ایک اہم نشانی قرار دیا ہے۔

البتہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے چاند کی طرف اشارہ کرنے سے چاند کے دو ٹکڑے ہونے کی جو بات لوگوں میں مشہور ہے، اس کا ہمیں کسی مستند حدیث میں ذکر نہیں ملا۔

---

[1] قال الذھبی: صحیح.

[2] قال شعیب الارنؤوط: إسنادہ قوی (حاشیۃ صحیح ابنِ حبان)

(فصل نمبر 3)

# پہلی امتوں کی اتباع کرنے،اورفرقہ پرستی کا فتنہ

بہت سی احادیث میں یہ بتلادیا گیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی امت پہلی قوموں، یعنی یہود ونصاریٰ کی ہر چیز میں اتباع کرے گی، اچھی چیزوں میں بھی اور بری چیزوں میں بھی، اور یہ بات ظاہر ہے کہ بری چیزوں میں برے لوگ ہی اتباع کریں گے۔

یہاں تک کہ یہود ونصاریٰ کے بہتر فرقے ہوگئے تھے، اس امت میں تہتر فرقے ہوجائیں گے، جن میں سے ایک حق پر اور باقی غیرحق پر ہوں گے، اگرچہ وہ مسلمان، کیوں نہ ہوں۔

جس سے یہ بات صاف طور پر معلوم ہوجاتی ہے کہ یہ امت تفرقہ بازی اور فرقہ پرستی میں مبتلاء ہوگی، ایسی صورت میں فرقہ حقہ کی تحقیق اوراس کے ساتھ وابستگی، بڑی اہمیت کی حامل ہے، جس کی بعض احادیث وروایات میں نشاندہی بھی کردی گئی ہے۔

احادیث وروایات کی روشنی میں اس موضوع کی تفصیل ملاحظہ فرمایئے۔

## ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَأْخُذَ أُمَّتِيْ بِأَخْذِ الْقُرُوْنِ قَبْلَهَا، شِبْرًا بِشِبْرٍ وَذِرَاعًا بِذِرَاعٍ ، فَقِيْلَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، كَفَارِسَ وَالرُّوْمِ؟ فَقَالَ:وَمَنِ النَّاسُ إِلَّا أُولٰئِكَ (صحيح البخاری،رقم الحديث ٧٣١٩،كتاب الاعتصام بالكتاب والسنة،باب قول النبی صلی الله عليه وسلم لتتبعن سنن من كان قبلكم)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک میری امت اپنے سے پہلے زمانوں کے طریقوں کو نہیں لے لے گی، ایک بالشت سے دوسری بالشت کی برابری کی طرح، اور ایک ہاتھ سے دوسرے ہاتھ کی برابری کی طرح (یعنی ان کی طرح ہو بہو) عرض کیا گیا کہ اے اللہ کے رسول! کیا پہلے لوگوں سے فارس، اور روم مراد ہیں؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان کے علاوہ دوسرے لوگ مراد ہو ہی نہیں سکتے (یعنی یہی لوگ مراد ہیں) (بخاری)

## ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَتَتَّبِعُنَّ سَنَنَ مَنْ قَبْلَكُمْ شِبْرًا بِشِبْرٍ، وَذِرَاعًا بِذِرَاعٍ، حَتّٰى لَوْ سَلَكُوْا جُحْرَ ضَبٍّ لَسَلَكْتُمُوْهُ، قُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ: اَلْيَهُوْدَ، وَالنَّصَارٰى قَالَ: فَمَنْ (صحیح البخاری، رقم الحديث ۳۴۵۶، کتاب احاديث الانبياء ، باب ما ذكر عن بنی إسرائيل)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم ضرور بالضرور اپنے سے پہلے لوگوں کی اتباع کروگے، ایک بالشت سے دوسری بالشت کی برابری کی طرح، اور ایک ہاتھ سے دوسرے ہاتھ کی برابری کی طرح (یعنی ان کی طرح ہو بہو) یہاں تک کہ اگر وہ (پہلے) لوگ کسی گوہ (چھپکلی کی شکل کا بڑا جانور ''Iguana'') کے سوراخ میں داخل ہوئے تھے، تو تم بھی اس سوراخ میں داخل ہوگے، ہم نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! کیا پہلے لوگوں سے یہود ونصاریٰ مراد ہیں؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پھر کون مراد ہوں گے (یعنی یہی لوگ مراد ہیں) (بخاری)

# ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَتَرْكَبُنَّ سُنَنَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ شِبْرًا بِشِبْرٍ، وَذِرَاعًا بِذِرَاعٍ حَتّٰى لَوْ أَنَّ أَحَدَهُمْ دَخَلَ حُجْرَ ضَبٍّ لَدَخَلْتُمْ، وَحَتّٰى لَوْ أَنَّ أَحَدَهُمْ جَامَعَ امْرَأَتَهُ بِالطَّرِيْقِ لَفَعَلْتُمُوْهُ

(المستدرک للحاکم، رقم الحديث ۸۴۰۴، کتاب الفتن والملاحم، وأما حديث عمران بن حصين) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم ضرور بالضرور اپنے سے پہلے لوگوں کے راستہ پر چلو گے، ایک بالشت سے دوسری بالشت کی برابری کی طرح، اور ایک ہاتھ سے دوسرے ہاتھ کی برابری کی طرح، یہاں تک کہ اگر ان لوگوں میں سے کوئی ایک کسی گوہ (چھپکلی کی شکل کا بڑا جانور ''Iguana'') کے سوراخ میں داخل ہوا تھا، تو تم بھی اس سوراخ میں داخل ہو گے، اور یہاں تک کہ اگر ان میں سے کسی نے اپنی عورت سے راستہ میں جماع کیا تھا، تو تم بھی ایسا کرو گے (حاکم)

# سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت سہل بن سعد انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ لَتَرْكَبُنَّ سُنَنَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ مِثْلًا بِمِثْلٍ (مسند احمد، رقم الحديث ۲۲۸۷۸) [2]

---

[1] قال الحاكم: صحيح.
وقال الذهبي: صحيح.

[2] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، تم ضرور بالضرور اپنے سے پہلے لوگوں کے طریقہ پر چلو گے، بالکل برابر سرابر (مسند احمد)

## ابوواقد لیثی رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوواقد لیثی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا خَرَجَ إِلٰى حُنَيْنٍ مَرَّ بِشَجَرَةٍ لِلْمُشْرِكِيْنَ يُقَالُ لَهَا: ذَاتُ أَنْوَاطٍ يُعَلِّقُوْنَ عَلَيْهَا أَسْلِحَتَهُمْ، فَقَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِجْعَلْ لَنَا ذَاتَ أَنْوَاطٍ كَمَا لَهُمْ ذَاتُ أَنْوَاطٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ هٰذَا كَمَا قَالَ قَوْمُ مُوْسٰى "اِجْعَلْ لَّنَا إِلٰهًا كَمَا لَهُمْ آلِهَةٌ" وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَتَرْكَبُنَّ سُنَّةَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ** (سنن الترمذی، رقم الحديث ۲۱۸۰، ابواب الفتن، باب ما جاء لتركبن سنن من كان قبلكم) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب غزوہ حنین کے لئے نکلے، تو مشرکوں کے ایک درخت کے پاس سے گزرے، جس کو "ذاتِ انواط" کہا جاتا تھا، اس پر مشرکین اپنے ہتھیار لٹکاتے تھے، صحابہ نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! ہمارے لئے بھی اسی طرح کا "ذاتِ انواط" مقرر فرما دیجئے، جس طرح کا "ذاتِ انواط" مشرکین کا تھا؟ تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے "سُبْحَانَ اللّٰهِ" کہا اور فرمایا کہ یہ تو ایسا ہی ہے، جیسا حضرت موسیٰ سے ان کی قوم نے کہا تھا (جس کا ذکر سورہ اعراف میں اس طرح ہے) کہ "ہمارے لئے بھی ایک معبود بنا دیجئے، جس طرح ان کے لئے

---

[1] قال الترمذی: هذا حديث حسن صحيح. وأبو واقد الليثی اسمه الحارث بن عوف. وفی الباب عن أبی سعيد، وأبی هريرة.

معبود ہے“اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، تم ضرور بالضرور اپنے سے پہلے لوگوں کے طریقہ پر چلو گے (ترمذی)

## مستورد بن شداد رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت مستورد بن شداد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَتْرُكُ هٰذِهِ الْأُمَّةُ شَيْئًا مِنْ سَنَنِ الْأَوَّلِيْنَ حَتّٰى تَأْتِيَهُ (المعجم الاوسط للطبرانی، رقم الحديث ۳۱۳، باب الالف) [۱]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ امت پہلے لوگوں کے کسی طریقہ کو نہیں چھوڑے گی، یہاں تک کہ اس کو اختیار کر کے ہی رہے گی (طبرانی)

## عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنْتُمْ أَشْبَهُ الْأُمَمِ بِبَنِيْ إِسْرَائِيْلَ، لَتَرْكَبُنَّ طَرِيْقَتَهُمْ حَذْوَ الْقُذَّةِ بِالْقُذَّةِ، حَتّٰى لَا يَكُوْنَ فِيْهِمْ شَيْءٌ إِلَّا كَانَ فِيْكُمْ مِثْلُهُ، حَتّٰى إِنَّ الْقَوْمَ لَتَمُرُّ عَلَيْهِمُ الْمَرْأَةُ فَيَقُوْمُ إِلَيْهَا بَعْضُهُمْ فَيُجَامِعُهَا، ثُمَّ يَرْجِعُ إِلٰى أَصْحَابِهٖ يَضْحَكُ إِلَيْهِمْ وَيَضْحَكُوْنَ إِلَيْهِ (المعجم الكبير للطبرانی، رقم الحديث ۹۸۸۲، ج۱۰ ص ۳۹)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم ساری امتوں میں بنی اسرائیل

---

[۱] قال الهيثمي:
رواه الطبراني في الأوسط، ورجاله ثقات (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۱۲۱۰۷، باب منه في اتباع سنن من مضى)

کے زیادہ مشابہ ہو، تم ضرور بالضرور ان کے طریقہ پر چلو گے، ایک تیار تیر کے دوسرے تیر کے برابر ہونے کی طرح، یہاں تک کہ تم سے پہلے لوگوں میں کوئی چیز ایسی نہیں ہوگی، جس کے مثل تمہارے اندر نہ ہو، یہاں تک کہ کچھ لوگوں کے پاس سے عورت گذرے گی، تو ان میں سے کچھ لوگ اٹھ کر اس سے جماع کریں گے، پھر وہ اپنے ساتھیوں کے پاس آ کر ان کے ساتھ ہنسیں گے، اور وہ ان کے ساتھ ہنسیں گے (یعنی اس فعل کو ایک دوسرے کے سامنے فخر واستہزاء کے طور پر ظاہر کریں گے) (طبرانی)

اس حدیث کی سند میں کچھ کمزوری پائی جاتی ہے، لیکن دوسری احادیث وروایات کی موجودگی میں وہ قابلِ تحمل ہے۔ [1]

## ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت

حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ سے موقوف طریقہ پر روایت ہے کہ:

**أَنْتُمْ أَشْبَهُ النَّاسِ سَمْتًا وَهَدْيًا بِبَنِي إِسْرَائِيلَ لَتَسْلُكُنَّ طَرِيقَهُمْ حَذْوَ الْقُذَّةِ بِالْقُذَّةِ وَالنَّعْلِ بِالنَّعْلِ ، وَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: إِنَّ مِنَ الْبَيَانِ**

---

[1] قال الهيثمی:
رواه الطبرانی، وفيه من لم أعرفه (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ١٢١٠٦، باب منه فی اتباع سنن من مضی)
وقال الالبانی:
كذا قال! وذلک ما أحاط به علمه، وكلهم معروفون:
1 - : إبراهيم بن نائلة الأصبهانی، ترجمه أبو نعيم فی "أخبار أصبهان" (1/188-189) وساق له أحاديث، وأرخ وفاته سنة (291) وروى له الطبرانی فی "الأوسط" (1/3081-3084) أربعة أحاديث أخرى، وآخر فی "الصغير" (-275 الروض النضير)
2 - : عُبَيْدُ بن عَبِيدَةَ التَّمَّار، ذكره ابن حبان فی "الثقات" (8/ 431)، وقال: "يُغرِب". ووثقه غيره، وروى عنه جمع، انظر "اللسان"، وقد - توبع كما يأتی.
3 - : ومن فوقه، ثقات من رجاله "الصحيح"؛ غير ليث - وهو ابن أبی سليم -، وهو صدوق، ولكنه كان اختلط (سلسلة الأحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ٣٣١٢)

www.idaraghufran.org

سِحْرًا (مصنف ابنِ ابی شیبة،رقم الحدیث ۳۸۵۳۳، کتاب الفتن، باب من کره الخروج فی الفتنة وتعوذ منها) [1]

ترجمہ: تم لوگوں میں طور طریقوں کے اعتبار سے بنی اسرائیل کے زیادہ مشابہ ہو، تم ضرور بالضرور ان کے طریقہ پر چلو گے، ایک تیر کے دوسرے، تیر کے اور ایک جوتے سے دوسرے جوتے کے برابر، اور عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے یہ بھی فرمایا کہ بعض بیان جادو ہوتے ہیں (لہٰذا جس طرح جادو سے حفاظت ضروری ہے، اسی طرح ان بیانوں سے بھی حفاظت ضروری ہے) (مصنف ابنِ ابی شیبہ)

## شدَّاد بن اوس رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيُحْمَلَنَّ شِرَارُ هٰذِهِ الْأُمَّةِ عَلٰى سَنَنِ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِهِمْ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ حَذْوَ الْقُذَّةِ بِالْقُذَّةِ

(المعجم الکبیر للطبرانی،رقم الحدیث ۷۱۴۰، ج۷ص ۲۸۱)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس امت کے شریر لوگ ان سے پہلے گذرے ہوئے اہلِ کتاب کے طریقوں (والے گناہوں) کا بوجھ اٹھائیں گے، ایک تیر کے دوسرے، تیر کے برابر ہونے کی طرح (طبرانی)

اس حدیث کا مضمون بھی دوسری احادیث کے مطابق ہے، کیونکہ پہلی امتوں کے برے اعمال کو ظاہر ہے کہ اس امت کے برے لوگ ہی اختیار کریں گے۔

اور اس روایت کے بعض راویوں کے محض ضعیف ہونے میں اختلاف کی بناء پر بعض علماء کے اس کو ضعیف قرار دینے سے ہمیں اتفاق نہیں ہوسکا۔

---

[1] قال الالبانی:قلت :وهذا إسناد صحيح موقوف، ولكنه فی حكم المرفوع؛ فإنه من الغيبيات التی لا تقال بالاجتهاد والرأی، ويؤيده أن قوله" :إن من البيان سحراً "قد صح مرفوعاً عن جمع من الصحابة؛ كابن عمر وغيره(سلسلة الأحاديث الصحيحة،تحت رقم الحديث ۳۲۱۲)

بلکہ یہ روایت دوسری احادیث کے ساتھ مل کر معتبر شمار ہوتی ہے۔ [1]

## حذیفہ رضی اللہ عنہ کی روایت

حضرت ہمام سے روایت ہے کہ:

قَالَ: كُنَّا عِنْدَ حُذَيْفَةَ فَذَكَرُوا ’’ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللّٰهُ فَأُولٰئِكَ هُمُ الْكَافِرُوْنَ‘‘ فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: إِنَّ هٰذَا فِيْ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ فَقَالَ حُذَيْفَةُ: نِعْمَ الْإِخْوَةُ بَنُوْ إِسْرَائِيْلَ إِنْ كَانَ لَكُمُ الْحُلْوُ وَلَهُمُ الْمُرُّ، كَلَّا وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ حَتّٰى تَحْذُوا السُّنَّةَ بِالسُّنَّةِ حَذْوَ الْقُذَّةَ بِالْقُذَّةِ (المستدرک للحاکم،رقم الحديث ۳۲۱۸، كتاب التفسير، تفسير سورة المائدة) [2]

ترجمہ: ہم حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے پاس تھے،تو لوگوں نے سورہ مائدہ کی اس آیت کا ذکر کیا کہ:

”وَمَنْ لَمْ يَحْكُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللّٰهُ فَأُولَئِكَ هُمُ الْكَافِرُون“

پھر ایک آدمی نے کہا کہ یہ آیت تو بنی اسرائیل کے بارے میں ہے،اس پر حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ بنو اسرائیل بہت اچھے بھائی ہوتے،اگر تمہارے لئے میٹھا اوران کے لئے کڑوا ہوتا،لیکن ایسا ہرگز نہیں،قسم ہے اس ذات

---

[1] قال الهيثمی:رواه أحمد والطبرانی، ورجاله مختلف فيهم(مجمع الزوائد،تحت رقم الحديث ۱۲۱۰۴ ،باب منه فی اتباع سنن من مضی)

وقال الالبانی:قلت :وهذا إسناد حسن فی الشواهد؛ فإن شهراً مختلف فيه، وبعضهم يحسن حديثه، وبخاصة من رواية عبد الحميد بن بهرام عنه .وقال الهيثمی فی "المجمع "(7/261)" رواه أحمد والطبرانی، ورجاله مختلف فيهم ."

وله شواهد كثيرة(سلسلة الأحاديث الصحيحة،تحت رقم الحديث ۳۳۱۲)

[2] قال الحاكم:هذا حديث صحيح على شرط الشيخين ولم يخرجاه.

وقال الذهبی: على شرط البخاری ومسلم.

کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، تم بالکل برابر سرابر طریقہ پر ہو، ایک تیر کے دوسرے تیر کی طرح (حاکم)

## حذیفہ رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت

حضرت قتادہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ حُذَيْفَةَ، قَالَ: لَتَرْكَبُنَّ سُنَنَ بَنِي إِسْرَائِيلَ حَذْوَ الْقُذَّةِ بِالْقُذَّةِ، وَحَذْوَ الشِّرَاكِ بِالشِّرَاكِ، حَتّٰى لَوْ فَعَلَ رَجُلٌ مِّنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ كَذَا وَكَذَا، فَعَلَهُ رَجُلٌ مِّنْ هٰذِهِ الْأُمَّةِ، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: قَدْ كَانَ فِي بَنِي إِسْرَائِيلَ قِرَدَةٌ وَخَنَازِيرُ، قَالَ: وَهٰذِهِ الْأُمَّةُ سَيَكُونُ فِيهَا قِرَدَةٌ وَخَنَازِيرُ (مصنف عبد الرزاق، رقم الحديث ۲۰۷۶۵، جامع معمر بن راشد، باب سنن من كان قبلكم) [1]

ترجمہ: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ تم ضرور بالضرور بنی اسرائیل کے طور طریقوں پر چلوگے، ایک تیر سے دوسرے تیر، اور جوتے کے ایک تسمہ کے دوسرے، تسمہ کے برابر سرابر طریقہ کے مطابق، یہاں تک کہ اگر بنی اسرائیل میں سے کسی شخص نے ایسا ویسا (گناہ وغیرہ) کیا ہوگا، اس امت کا آدمی بھی اسی طرح کرے گا، اس پر ایک آدمی نے حضرت حذیفہ سے کہا کہ بنی اسرائیل میں تو بندر اور خنزیر بھی بنائے گئے تھے، تو حضرت حذیفہ نے فرمایا کہ اس امت میں بھی بندر اور خنزیر بنائے جائیں گے (مصنف عبدالرزاق)

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی ایک اور تفصیلی روایت بھی ان کے بھتیجے، عبدالعزیز کی سند سے مروی ہے، جس میں اس امت کے بنی اسرائیل کے طریقہ پر چلنے کا ذکر ہے۔ [2]

---

[1] قال الالبانی: ورجاله ثقات؛ لكنه منقطع (سلسلة الأحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ۳۳۱۲)

[2] عن حذيفة رضی الله عنه، قال: " أول ما تفقدون من دينكم الخشوع، وآخر ما تفقدون من دينكم الصلاة، ولتنقضن عرى الإسلام عروة عروة، وليصلين النساء وهن

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

مذکورہ احادیث وروایات سے معلوم ہوا کہ اس امت میں پہلی امتوں کی خصلتیں وعادتیں رونما ہوں گی، جو جو کام پہلی امتوں نے کئے وہ کام اس امت کے افراد بھی کریں گے۔

اور چونکہ پہلی امتوں میں تفرقہ بازی وفرقہ پرستی بھی رونما ہوئی تھی، تو اس امت میں بھی ایسا ہوگا، جیسا کہ کئی احادیث میں اس کا ذکر آیا ہے۔

## عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث

چنانچہ حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيَأْتِيَنَّ عَلٰى أُمَّتِيْ مَا أَتٰى عَلٰى بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ حَذْوَ النَّعْلِ بِالنَّعْلِ، حَتّٰى إِنْ كَانَ مِنْهُمْ مَنْ أَتٰى أُمَّهُ عَلَانِيَةً لَكَانَ فِيْ أُمَّتِيْ مَنْ يَّصْنَعُ ذٰلِكَ، وَإِنَّ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ تَفَرَّقَتْ عَلٰى ثِنْتَيْنِ وَسَبْعِيْنَ مِلَّةً وَتَفْتَرِقُ أُمَّتِيْ عَلٰى ثَلَاثٍ وَّسَبْعِيْنَ مِلَّةً**

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾ حيض، ولتسلكن طريق من كان قبلكم حذو القذة بالقذة، وحذو النعل بالنعل، لا تخطئون طريقهم، ولا يخطأنكم حتى تبقى فرقتان من فرق كثيرة فتقول إحداهما: ما بال الصلوات الخمس، لقد ضل من كان قبلنا إنما قال الله تبارك وتعالى: "أقم الصلاة طرفى النهار وزلفا من الليل" لا تصلوا إلا ثلاثا، وتقول الأخرى: إيمان المؤمنين بالله كإيمان الملائكة ما فينا كافر ولا منافق، حق على الله أن يحشرهما مع الدجال (المستدرک للحاکم، رقم الحديث ۸۴۴۸)

قال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد، ولم يخرجاه.

وقال الذهبي: صحيح.

حدثنى عبد العزيز، أخو حذيفة، عن حذيفة بن اليمان، قال: " أول ما تفقدون من دينكم الخشوع، وآخر ما تفقدون من دينكم الصلاة، ولتصلين النساء وهن حيض، ولينقض الإسلام عروة عروة، ولتركبن طريق من كان قبلكم حذو النعل بالنعل، وحذو القذة بالقذة لا تخطئون طريقهم، ولا يخطء بكم، وتبقى فرقتان من فرق كثيرة تقول إحداهما: ما بال الصلوات الخمس؟ لقد ضل من كان قبلنا، إنما قال الله عز وجل: "أقم الصلاة طرفى النهار وزلفا من الليل" لا يصلون إلا صلاتين أو ثلاثة، وفرقة أخرى تقول: إنا مؤمنون بالله كإيمان الملائكة، ما فينا كافر، ولا منافق، حقا على الله عز وجل أن يحشرهم مع الدجال " (الإبانة الكبرى لابن بطة، رقم الحديث ۸، مقدمة)

كُلُّهُمْ فِي النَّارِ إِلَّا مِلَّةً وَّاحِدَةً قَالُوْا وَمَنْ هِيَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ مَا أَنَا عَلَيْهِ وَأَصْحَابِيْ (سنن الترمذی،رقم الحديث ٢٦٤١، ابواب الايمان، ما جاء فی افتراق هذه الأمة) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت پرضرور وہ حالات پیش آئیں گے، جو بنی اسرائیل پر پیش آئے تھے، ایک جوتے کے دوسرے جوتے کے ہو بہو برابر ہونے کی طرح، یہاں تک کہ اگر بنی اسرائیل میں سے کسی نے اپنی ماں سے کھلے عام بدکاری کی ہوگی، تو میری امت میں بھی کوئی شخص یہ حرکت کرے گا،اور بنی اسرائیل کے بہتّر فرقے ہوگئے تھے،اور میری امت کے تہتّر فرقے ہوجائیں گے، جوتمام جہنم میں جائیں گے،سوائے ایک فرقے کے،صحابۂ کرام نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! وہ ایک فرقہ کون سا ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ جس طریقہ پر میں اور میرے صحابہ ہیں (ترمذی)

اس حدیث کوتھوڑے بہت الفاظ کے فرق کے ساتھ دوسرے محدثین نے بھی روایت کیا ہے۔ [2]

---

[1] قال الترمذی:هذا حديث مفسر غريب لا نعرفه مثل هذا إلا من هذا الوجه.

[2] عن عبد الله بن عمرو بن العاص , عن النبی صلی الله عليه وسلم قال: ليأتين علی أمتی ما أتی علی بنی إسرائيل مثل بمثل , حذو النعل بالنعل , حتی لو أن فيهم من أتی أمه علانية كان فی أمتی من يصنع ذلك , وإن بنی إسرائيل تفرقوا علی ثنتين وسبعين ملة , وستفترق أمتی علی ثلاث وسبعين فرقة , كلها فی النار إلا ملة واحدة , قالوا: وأی ملة تنفلت من النار؟ قال: ما أنا عليه وأصحابی(البدع النهی عنها لابن الوضاح، رقم الحديث ٢٥٠،باب: فيما يدال الناس بعضهم من بعض والبقاع)

عن عبد الله بن عمرو رضی الله عنهما أن النبی صلی الله عليه وسلم قال: " ليأتين علی أمتی ما أتی علی بنی إسرائيل: تفرق بنو إسرائيل علی اثنتين وسبعين ملة وستفترق أمتی علی ثلاث وسبعين ، تزيد عليهم، كلها فی النار إلا ملة واحدة، فقالوا: من هذه الملة الواحدة؟ قال: ما أنا عليها وأصحابی "(الشريعة للآجری، رقم الحديث ٢٣، ج ا ص٣٠٧، ٣٠٨،باب ذكر افتراق الأمم فی دينهم وعلی كم تفترق هذه الأمة؟)

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پرملاحظہ فرمائیں﴾

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اس امت میں تہتر فرقے ہوجائیں گے، جن میں حق پرست صرف وہ فرقہ ہوگا، جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم، اور صحابۂ کرام کے طریقہ پر ہو۔

اس سے وہ تمام فرقے خارج ہوگئے، جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت اور احادیث کو حجت نہیں سمجھتے، احادیث سے دلیل پکڑنے کے منکر ہیں، یا صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے طریقہ اور ان کے عمل کو بدعت قرار دیتے ہیں، جن میں خوارج وروافض اور اہلِ بدعت کے سب فرقے داخل ہیں، صرف صحیح معنیٰ میں اہل السنۃ والجماعۃ کا مصداق جماعت ہی اس میں داخل ہے۔

اور اہل السنۃ والجماعۃ کے مابین جو فروعی وفقہی درجہ کے اختلافات ہیں، جیسا کہ نماز کے مخصوص مقامات میں رفع یدین کرنا، اور نہ کرنا، آمین اونچی، یا آہستہ آواز میں کہنا، نماز میں ہاتھ سینہ پر، یا اس سے نیچے باندھنا، وغیرہ وغیرہ، تو اس قسم کے مسائل میں اختلاف، حق وباطل کا اختلاف نہیں کہلاتا، اس لئے اس طرح کی اختلافی باتوں سے نہ تو کوئی اہل السنۃ والجماعۃ سے خارج ہوجاتا، اور نہ ہی وہ اختلاف تفرقہ بازی اور فرقہ پرستی کہلاتا، بشرطیکہ اس اختلاف کو اپنی حدود میں رکھا جائے۔

آج کل کے بہت سے ناواقفوں، یا غالیوں نے اس قسم کے مسائل میں اتنی شدت اختیار کرنا شروع کردی ہے کہ جس کے نتیجہ میں اس جیسا اختلاف، فرقہ پرستی محسوس ہونے لگا ہے۔

لیکن ظاہر ہے کہ یہ خود ان ناواقفوں اور غالیوں کا طرزِ عمل ہے، جو نہ تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت سے میل کھاتا، اور نہ ہی صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے طریقہ سے میل کھاتا، اس لئے باوجودیکہ وہ اختلاف اہل السنۃ والجماعۃ سے خارج نہیں کرتا، لیکن ان مسائل کے ساتھ یہ طرزِ عمل اہل السنۃ والجماعۃ والا ہرگز نہیں، اس لئے اہل السنۃ والجماعۃ کے برخلاف اس غلو

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾ عن عبد الله بن عمرو، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: سيأتى على أمتى ما أتى على بنى إسرائيل مثلا بمثل حذو النعل بالنعل، وإنهم تفرقوا على ثنتين وسبعين ملة وستفترق أمتى على ثلاث وسبعين ملة كلهم فى النار غير واحدة، قالوا: يا رسول الله وما تلك الواحدة؟ قال: هو ما أنا عليه اليوم وأصحابى (السنة للمروزى، رقم الحديث ٥٩، ص٢٣، ذكر السنة على كم تتصرف)

وتشدد والے طرزِ عمل سے بچنا ضروری ہے۔

## ابوہریرہ وعوف بن مالک رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:تَفَرَّقَتِ الْيَهُوْدُ عَلٰى إِحْدَى أَوِ اثْنَتَيْنِ وَسَبْعِيْنَ فِرْقَةً وَتَفْتَرِقُ أُمَّتِي عَلٰى ثَلَاثٍ وَّسَبْعِيْنَ فِرْقَةً (كتاب السنة،لابنِ ابى عاصم،رقم الحديث ٦٦،باب فيما أخبر به النبى عليه السلام أن أمته ستفترق على اثنتين وسبعين فرقة وذمه الفرق كلها إلا واحدة) ؎1

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہودیوں کے اکہتر، یا بہتر فرقے ہوگئے تھے،اور میری امت کے تہتّر (73) فرقے ہوجائیں گے (کتاب السنہ)

اور حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:اِفْتَرَقَتِ الْيَهُوْدُ عَلٰى إِحْدَى وَسَبْعِيْنَ فِرْقَةً ،وَّاحِدَةٌ فِي الْجَنَّةِ وَسَبْعِيْنَ فِي النَّارِ، وَافْتَرَقَتِ النَّصَارٰى عَلٰى اِثْنَتَيْنِ وَسَبْعِيْنَ فِرْقَةً، فَإِحْدٰى سَبْعِيْنَ فِي النَّارِ وَوَاحِدَةٌ فِي الْجَنَّةِ ،وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَتَفْتَرِقَنَّ أُمَّتِي عَلٰى ثَلَاثٍ وَّسَبْعِيْنَ فِرْقَةً ،فَوَاحِدَةٌ فِي الْجَنَّةِ وَاِثْنَتَانِ وَسَبْعِيْنَ فِي النَّارِ،قِيْلَ:يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ هُمْ؟ قَالَ:هُمُ الْجَمَاعَةُ (كتاب السنة،لابنِ ابى عاصم،رقم الحديث ٦٣،باب فيما أخبر به النبى عليه السلام أن أمته ستفترق على اثنتين وسبعين فرقة) ؎2

---

؎1 قال الالبانی:إسناده حسن .رجاله كلهم ثقات رجال الشيخين غير محمد بن عمرو وهو حسن الحديث(ظلال الجنة على السنة لابنِ ابى عاصم، تحت رقم الحديث ٦٦)

؎2 قال الالبانی:إسناده جيد رجاله كلهم ثقات معروفون غير عباد بن يوسف وهو ثقة إن شاء الله وعمرو بن عثمان هو ابن سعيد القرشي الحمصي مات سنة 250وعنه رواه ابن ماجة .والحديث رواه ابن ماجه وغيره عن عباد به وقد خرجه في "الأحاديث الصحيحة.1492 "(ظلال الجنة على السنة لابنِ ابى عاصم، تحت رقم الحديث ٦٣)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہودیوں کے اکہتر، فرقے ہوگئے تھے، ایک جنتی، اور ستر جہنمی تھے، اور نصاریٰ کے بہتر فرقے ہوگئے تھے، اکہتر فرقے جہنمی اور ایک جنتی تھا، اور قسم ہے، اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ میری امت کے تہتّر (73) فرقے ہوجائیں گے، جن میں سے ایک جنتی، اور بہتر جہنمی ہوں گے، عرض کیا گیا کہ اے اللہ کے رسول! وہ جنتی کون لوگ ہوں گے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ جماعۃ ہے (کتاب السنۃ)

جماعت سے مراد اہلِ سنت ہیں، جو صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کی جماعت کو سامنے رکھ کر دین کے احکام کی تعیین وتشریح کرتے ہیں۔

## انس رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَفْتَرِقُ هٰذِهِ الْأُمَّةُ عَلٰى ثَلَاثٍ وَّسَبْعِيْنَ فِرْقَةً، كُلُّهُمْ فِي النَّارِ إِلَّا وَاحِدَةً، قَالُوْا: وَمَا تِلْكَ الْفِرْقَةُ؟ قَالَ: مَا أَنَا عَلَيْهِ الْيَوْمَ وَأَصْحَابِيْ** (المعجم الاوسط للطبرانی، رقم الحديث ۴۸۸۶، ورقم الحديث ۷۸۴۰، باب الميم ، المعجم الصغير للطبرانی، رقم الحديث ۷۲۴) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ امت تہتّر (73) فرقوں میں تقسیم ہوجائے گی، سب فرقے جہنم میں جائیں گے، سوائے ایک فرقہ کے، صحابہ نے عرض کیا کہ وہ ایک فرقہ کون سا ہوگا؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ جس طریقہ پر آج کے دن میں اور میرے صحابہ ہیں (طبرانی)

---

[1] قال الهيثمی: رواه الطبرانی فی الصغير، وفيه عبد الله بن سفيان، قال العقيلی: لا يتابع على حديثه هذا، وقد ذكره ابن حبان فی الثقات (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۸۹۹)

اس طرح کی حدیث ایک اور سند سے بھی مروی ہے، جس کی سند پر محدثین نے کلام کیا ہے۔ ۱؎
لیکن گزشتہ سندوں سے یہ حدیث معتبر ہے۔ ۲؎

---

۱؎ عن عبد الله بن يزيد بن آدم الدمشقي، قال، حدثني أبو الدرداء، وأبو أمامة، وواثلة بن الأسقع، وأنس بن مالك قالوا :خرج علينا رسول الله صلى الله عليه وسلم يوما، ونحن نتمارى فى شيء من أمر الدين، فغضب غضبا شديدا لم يغضب مثله، ثم انتهرنا، فقال :......ذروا المراء ، فإن بنى إسرائيل افترقوا على إحدى وسبعين فرقة، والنصارى على ثنتين وسبعين فرقة كلهم على الضلالة إلا السواد الأعظم .قالوا :يا رسول الله، ومن السواد الأعظم؟ قال :من كان على ما أنا عليه، وأصحابى من لم يمار فى دين الله، ومن لم يكفر أحدا من أهل التوحيد بذنب غفر له(المعجم الكبير للطبرانى، رقم الحديث ۷۶۵۹، ج۸ص ۱۵۲ ،الشريعة للآجرى،رقم الحديث ۱۱۱ ،الابانة الكبرىٰ لابنِ بطة،رقم الحديث ۵۳۲)

قال الهيثمى: رواه الطبرانى فى الكبير، وفيه كثير بن مروان، وهو ضعيف جدا(مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۷۰۴،باب ما جاء فى المراء )

۲؎ قال الفتنى:افترقت اليهود على اثنين وسبعين فرقة والنصارى كذلك وتفترق أمتى على ثلاث سبعين فرقة كلها فى النار إلا واحدة قالوا من هى يا رسول الله قال ما أنا عليه وأصحابى حسن صحيح روى عن أبى هريرة وسعد ابن عمر وأنس جابر وغيرهم(تذكرة الموضوعات للفتنى، ج ۱ ص ۱۵، باب افتراق الامة على ثلاث وسبعين فرقة)

وقال الالبانى:والحديث أورده الحافظ ابن كثير فى تفسيره ( 1/390 ) من رواية أحمد، ولم يتكلم على سنده بشىء ، ولكنه أشار إلى تقويته بقوله ":وقد ورد هذا الحديث من طرق ." ولهذا قال شيخ الإسلام ابن تيمية فى "المسائل "( 2/83 )"هو حديث صحيح مشهور ."وصححه أيضا الشاطبى فى "الاعتصام "( 3/38 ). ومن طرق الحديث التى أشار إليها ابن كثير، وفيها الزيادة، ما ذكره الحافظ العراقى فى "تخريج الإحياء "( 3/199 ) قال: "رواه الترمذى من حديث عبد الله بن عمرو وحسنه، وأبو داود من حديث معاوية، وابن ماجه من حديث أنس وعوف بن مالك، وأسانيدها جياد ." قلت :ولحديث أنس طرق كثيرة جدا تجمع عندى منها سبعة، وفيها كلها الزيادة المشار إليها، مع زيادة أخرى يأتى التنبيه عليها، وهذه هى: الطريق الأولى :عن قتادة عنه . أخرجه ابن ماجة ( 2/480 ) ، وقال البوصيرى فى "الزوائد ":" "إسناده صحيح، رجاله ثقات ." قلت :وفى تصحيحه نظر عندى لا ضرورة لذكره الآن، فإنه لا بأس به فى الشواهد .الثانية: عن العميرى عنه...........

السابعة :عن عبد الله بن سفيان المدنى عن يحيى بن سعيد الأنصارى عنه . وفيه الزيادة بلفظ ": قال :ما أنا عليه وأصحابى ." أخرجه العقيلى فى "الضعفاء "(ص 208 - 207) والطبرانى فى " الصغير " (150) وقال ":لم يروه عن يحيى إلا عبد الله بن سفيان ."وقال العقيلى " :لا يتابع على حديثه."قلت :وهو على كل حال خير من الأبرد بن أشرس فإنه روى هذا الحديث أيضا عن يحيى

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

# انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی ایک اور حدیث

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ بَنِي إِسْرَائِيلَ افْتَرَقَتْ عَلٰى إِحْدَى وَسَبْعِينَ فِرْقَةً، وَإِنَّ أُمَّتِي سَتَفْتَرِقُ عَلٰى ثِنْتَيْنِ وَسَبْعِينَ فِرْقَةً، كُلُّهَا فِي النَّارِ، إِلَّا وَاحِدَةً وَهِيَ: الْجَمَاعَةُ (سنن ابن ماجه، رقم الحديث ۳۹۹۳، ابواب الفتن، باب افتراق الأمم) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بنی اسرائیل کے اکہتّر (71) فرقے ہوئے اور میری امت کے بہتّر (72) فرقے ہوں گے، سب کے سب آگ میں ہوں گے، سوائے ایک کے اور وہ ایک ''الْجَمَاعَةُ'' ہے (ابن ماجہ)

جماعت سے مراد اہلِ سنت ہیں، جس کی سب سے پہلی مصداق صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کی جماعت ہے، اور پھر قیامت تک آنے والے، وہ افراد، جو صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کے طریقہ پر ہوں، وہ بھی صحابۂ کرام کی اتباع میں درجہ بدرجہ اس کا مصداق ہیں۔ [2]

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾ بن سعيد به، فإنه قلب متنه، وجعله بلفظ ":تفترق أمتي على سبعين أو إحدى وسبعين فرقة كلهم في الجنة إلا فرقة واحدة،قالوا :يا رسول الله من هم؟ قال :الزنادقة وهم القدرية ."أورده العقيلي أيضا وقال ":ليس له أصل من حديث يحيى بن سعيد "وقال الذهبي في " الميزان ":"أبرد بن أشرس قال ابن خزيمة :كذاب وضاع ."قلت :وقد حاول بعض ذوي الأهواء من المعاصرين تمشية حال هذا الحديث بهذا اللفظ الباطل، وتضعيف هذا الحديث الصحيح، وقد بينت وضع ذاك في "سلسلة الأحاديث الضعيفة "رقم (1035) ، والغرض الآن إتمام الكلام على هذا اللفظ الصحيح،فقد تبين بوضوح أن الحديث ثابت لا شك فيه، ولذلك تتابع العلماء خلفا عن سلف على الاحتجاج به حتى قال الحاكم في أول كتابه "المستدرك " :"إنه حديث كبير في الأصول (سلسلة الاحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ۲۰۴)

[1] قال شعيب الارنؤوط:حديث صحيح.(حاشية سنن ابن ماجه)
وقال البوصيري:هذا إسناد صحيح رجاله ثقات (مصباح الزجاجة، تحت رقم الحديث ۱ ۴۰۴)

[2] (ستفترق هذه الأمة على ثلاث وسبعين فرقة كلها في النار إلا واحدة قيل :من يا رسول الله؟ قال :الجماعة) وفي لفظ :(من كان على ما أنا عليه وأصحابي) .فقوله :(من كان على ما أنا عليه

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

# معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوعامر عبداللہ بن لحی سے روایت ہے کہ:

حَجَّجْنَا مَعَ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِيْ سُفْيَانَ، فَلَمَّا قَدِمْنَا مَكَّةَ قَامَ حِيْنَ صَلّٰى صَلَاةَ الظُّهْرِ، فَقَالَ إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ أَهْلَ الْكِتَابَيْنِ افْتَرَقُوْا فِيْ دِيْنِهِمْ عَلٰى ثِنْتَيْنِ وَسَبْعِيْنَ مِلَّةً، وَإِنَّ هٰذِهِ الْأُمَّةَ سَتَفْتَرِقُ عَلٰى ثَلَاثٍ وَّسَبْعِيْنَ مِلَّةً يَعْنِيْ: الْأَهْوَاءَ، كُلُّهَا فِي النَّارِ إِلَّا وَاحِدَةً، وَهِيَ الْجَمَاعَةُ، وَإِنَّهُ سَيَخْرُجُ فِيْ أُمَّتِيْ أَقْوَامٌ تَجَارٰى بِهِمْ تِلْكَ الْأَهْوَاءُ كَمَا يَتَجَارَى الْكَلْبُ بِصَاحِبِهِ، لَا يَبْقٰى مِنْهُ عِرْقٌ وَلَا مَفْصِلٌ إِلَّا دَخَلَهُ، وَاللّٰهِ يَا مَعْشَرَ الْعَرَبِ لَئِنْ لَّمْ تَقُوْمُوْا بِمَا جَاءَ بِهِ نَبِيُّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَغَيْرُكُمْ مِنَ النَّاسِ أَحْرٰى أَنْ لَّا يَقُوْمَ بِهِ

(مسند احمد، رقم الحديث ۱۶۹۳۷، مستدرک حاکم، رقم الحديث ۴۴۳، سنن ابی داؤد، رقم الحديث ۴۵۹۷) [1]

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾ وأصحابي) يدل على اتباع السنة، واتباع ما كان عليه الرسول صلى الله عليه وسلم، ووصفهم بأنهم جماعة ثم كونه يقول :إنهم أهل سنة وإنهم ليسوا جماعة هذا كلام غير صحيح؛ لأن أهل السنة هم الجماعة، والجماعة وأهل السنة والطائفة المنصورة والفرقة الناجية؛ كل هذه الصفات لفرقة واحدة، وهم من هم على ما كان عليه رسول الله صلى الله عليه وسلم وأصحابه، وكونه يصير هناك شيء من الاختلاف والتنافر لأمور دنيوية أو لأمور أخرى هذا لا يؤثر على الاتفاق في العقيدة وعلى ما كان عليه سلف الأمة، فإذا وجد شيء من ذلك لا يقال :إن هذا يقتضي أن يفرق بين السنة والجماعة، وأن السنة شيء والجماعة شيء ، بل أهل السنة هم الجماعة، والجماعة هم أهل السنة، وعقائد أهل السنة فيها ذكر السنة والجماعة معاً فلا يقال :إن هذا شيء وهذا شيء آخر(شرح سنن ابى داؤد لعبدالمحسن العباد"دروس صوتية قام بتفريغها موقع الشبكة الإسلامية"رقم الدرس ۲۸۶ ص ۳۲، حكم من يقول السلفيون فى هذا الزمان أهل سنة وليسوا أهل جماعة)

[1] قال شعيب الارنؤوط:إسناده حسن، وحديث افتراق الأمة منه صحيح بشواهده(حاشية مسند احمد)
وقال الحاكم: هذه أسانيد تقام بها الحجة فى تصحيح هذا الحديث، وقد روى هذا الحديث عن عبد الله بن عمرو بن العاص وعمرو بن عوف المزني بإسنادين تفرد بأحدهما عبد الرحمن بن زياد الأفريقي، والآخر كثير بن عبد الله المزني، ولا تقوم بهما الحجة.
وقال الذهبى فى التلخيص: هذه أسانيد تقوم بها الحجة.

ترجمہ: ہم نے حضرت معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہ کے ساتھ حج کیا، جب ہم مکہ مکرمہ پہنچے، تو وہ ظہر کی نماز پڑھ کر کھڑے ہوگئے اور کہنے لگے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہود ونصاریٰ اپنے دین میں بہتّر (72) فرقوں میں تقسیم ہوگئے، جبکہ یہ امت تہتّر (73) فرقوں میں تقسیم ہوجائے گی، وہ سب جہنم میں جائیں گے، سوائے ایک کے اور وہ ایک فرقہ جماعت (کے نقشِ قدم پر) ہوگا، اور میری امت میں کچھ ایسی اقوام بھی آئیں گی، جن پر یہ فرقے (اور خواہشات) اس طرح غالب آجائیں گے، جیسے "کُتّا" کسی پر چڑھ دوڑتا ہے اور اس شخص کی کوئی رگ اور کوئی جوڑ ایسا نہیں رہتا، جس میں زہر سرایت نہ کر جائے، اللہ کی قسم! اے گروہِ عرب! اگر تم اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی لائی ہوئی شریعت پر قائم نہ رہے، تو تمہارے علاوہ لوگوں میں سے کون ہوگا، جو اس پر قائم رہے (مسند احمد، حاکم)

خلاصہ یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت میں پہلی امتوں کی ہر خصلت وعادت پیدا ہونے کا ذکر فرمایا ہے، یہاں تک تہتر فرقے ہوجانے کا بھی ذکر فرمایا ہے، اور ان میں سے ایک جماعت کو حق پرست اور باقی کو غیر حق پرست قرار دیا ہے، اور حق پرست جماعت کی نشاندہی کرتے ہوئے اپنے طریقہ اور اپنے صحابہ کے طریقہ پر چلنے والی فرمایا ہے، اور اس کا مصداق اہل السنۃ والجماعۃ قرار پانے والے سب افراد کہلاتے ہیں۔

کئی احادیث میں اسی حق پرست جماعت کے تا قیامت باقی رہنے کا بھی ذکر آیا ہے، جس کا ذکر ہم نے آگے آنے والی الگ مستقل فصل میں کر دیا ہے۔

وَاللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی اَعْلَمُ وَعِلْمُہٗ اَتَمُّ وَاَحْکَمُ.

## (فصل نمبر4)

# مجددین کا آنا، اور جماعتِ حقہ کا باقی رہنا

احادیث میں قیامت سے پہلے سینکڑوں قسم کے فتنے ظاہر ہونے، پھیلنے، اور نیک لوگوں کے کم، یا ختم ہونے کی نشاندہی کی گئی ہے، لیکن ایک تو ہر صدی میں مجدّ دین کی آمد کا وعدہ کیا گیا ہے، دوسرے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زمانہ تک حق کے ساتھ وابستہ رہنے اور حق کو غالب رکھنے والی جماعت کی نشاندہی کی گئی ہے، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ حق پرست جماعت، جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت اور صحابۂ کرام کے طریقہ پر ہوگی، وہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زمانہ تک قائم رہے گی، جب بھی اس جماعت سے وابستہ افراد فوت ہوتے رہیں گے، تو دوسرے افراد اسی جماعت سے وابستہ ہوکر آتے رہیں گے، وہ الگ بات ہے کہ قیامت کے قریب اس جماعت کے افراد، یا اس کو ماننے والے افراد کی تعداد کم کیوں نہ ہو جائے۔

اس طرح کی چند احادیث وروایات ذکر کی جاتی ہیں۔

## ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ لِهٰذِهِ الْأُمَّةِ عَلٰى رَأْسِ كُلِّ مِائَةِ سَنَةٍ مَنْ يُّجَدِّدُ لَهَا دِيْنَهَا (سنن ابی داوٗد، رقم الحديث ۴۲۹۱، كتاب الملاحم، باب ما يذكر فی قرن المائة) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک اللہ عزوجل اس امت

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية ابی داوٗد)

کے لیے ہر سو سال کے سر پر ایسے مجدد مبعوث فرمائے گا کہ جو اس امت کے دین کی تجدید کریں گے (ابوداؤد)

مذکورہ حدیث میں ہر صدی میں مجدد سے شخصِ واحد مراد نہیں، بلکہ ایک جماعت مراد ہے، جس کے افراد ہر علاقہ میں تحریری، یا تقریری طور پر حسبِ موقع وضرورت دین کی تجدید کریں گے، اور علمی وعوامی دنیا میں وقت کے ساتھ داخل ہونے والی غیر متعلقہ چیزوں کی نشاندہی اور وقتی طور پر پیدا ہونے والے گردوغبار اور فضلات یا جھاڑ جھنکار کا صفایا کر کے دین کو اصلی حالت میں ظاہر ونمایاں کریں گے، اور حالاتِ حاضرہ کے مطابق دینِ متین کے اصول وقواعد سے احکام کا استنباط واستخراج بھی کریں گے، اسی وجہ سے اس میں ہر دور کے فقہاء ومجتہدین بھی شامل ہیں۔

## مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا يَزَالُ نَاسٌ مِنْ أُمَّتِي ظَاهِرِيْنَ حَتّٰى يَأْتِيَهُمْ أَمْرُ اللّٰهِ وَهُمْ ظَاهِرُوْنَ (صحيح البخاری، رقم الحديث ۳۶۴۰، كتاب المناقب، باب بلا ترجمة بعد باب سؤال المشركين أن يريهم النبی صلى الله عليه وسلم آية فأراهم انشقاق القمر)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت کے کچھ لوگ برابر غالب رہیں گے، یہاں تک کہ اللہ کا حکم آجائے گا، اور وہ غالب ہی ہوں گے (بخاری)

## مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت

اور حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ:

سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: لَا يَزَالُ مِنْ أُمَّتِيْ قَوْمٌ ظَاهِرِيْنَ عَلَى النَّاسِ، حَتّٰى يَأْتِيَهُمْ أَمْرُ اللّٰهِ (صحيح البخارى، رقم الحديث ۷۴۵۹، كتاب التوحيد، باب قول الله تعالى "إنما قولنا لشىء")

ترجمہ: میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ میری امت کی ایک قوم برابر لوگوں پر غالب رہے گی، یہاں تک کہ اللہ کا حکم آ جائے گا (بخاری)

## مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کی تیسری روایت

اور حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا يَزَالُ طَائِفَةٌ مِّنْ أُمَّتِيْ ظَاهِرِيْنَ، حَتّٰى يَأْتِيَهُمْ أَمْرُ اللّٰهِ وَهُمْ ظَاهِرُوْنَ (صحيح البخارى، رقم الحديث ۷۳۱۱، كتاب الاعتصام بالكتاب والسنة، باب قول النبى صلى الله عليه وسلم: لا تزال طائفة من أمتى ظاهرين على الحق يقاتلون وهم أهل العلم)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت کی ایک جماعت برابر حق پر قائم رہے گی، یہاں تک کہ اللہ کا حکم آ جائے گا، اور وہ (اس جماعت کے افراد، اللہ کی قوتِ خاص، یا دلائلِ خاص کے ذریعہ دوسرے لوگوں پر) غالب ہوں گے (بخاری)

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کی پہلی روایت میں امت کے کچھ لوگوں کے باقی رہنے، اور دوسری روایت میں ایک قوم کے باقی رہنے، اور تیسری روایت میں طائفہ وجماعت کے باقی رہنے کا ذکر ہے، ان میں کوئی ٹکراؤ نہیں، کیونکہ اس طرح کے کچھ لوگ ہی مراد ہیں، جن کو دوسری روایت میں قوم، اور تیسری روایت میں طائفہ وجماعت کہہ دیا گیا ہے۔

## جابر بن عبداللہ وجابر بن سمرہ رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ: لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِّنْ أُمَّتِیْ یُقَاتِلُوْنَ عَلَی الْحَقِّ ظَاهِرِیْنَ إِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ، قَالَ: فَیَنْزِلُ عِیْسَی ابْنُ مَرْیَمَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ (صحیح مسلم، رقم الحدیث ۱۵۶ "۲۴۷" کتاب الإیمان، باب نزول عیسی بن مریم حاکما بشریعة نبینا محمد صلی الله علیه وسلم)

ترجمہ: میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ میری امت کی ایک طائفہ (وجماعت) حق پر برابر قتال کرے گی، جو قیامت تک غالب رہے گی، پھر عیسیٰ بن مریم صلی اللہ علیہ وسلم نازل ہوں گے (یہ جماعت ان کے ساتھ ہوگی) (صحیح مسلم)

اس طرح کی حدیث حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ کی سند سے بھی مروی ہے۔ [1]

کسی حدیث میں اس جماعت کے قتال کرنے، اور کسی میں حق پر قائم رہنے کا ذکر آیا ہے، جس کی وجہ یہ ہے کہ اس جماعت کے افراد مختلف علاقوں وزمانوں کے اعتبار سے، مختلف شکلوں میں اللہ کے احکام کو قائم رکھیں گے، اور آخر میں دجال کا مقابلہ کریں گے، اور پھر قیامت قائم ہونے سے ذرا پہلے ان کو اللہ وفات دے دے گا، پھر شریر ترین لوگوں پر قیامت قائم ہوگی، جیسا کہ آگے آتا ہے۔

## عقبہ وعبداللہ بن عَمرو بن عاص رضی اللہ عنہما کی حدیث

عبدالرحمٰن بن شماسہ مہری سے روایت ہے کہ:

کُنْتُ عِنْدَ مَسْلَمَةَ بْنِ مُخَلَّدٍ، وَعِنْدَهٗ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ إِلَّا عَلٰی شِرَارِ الْخَلْقِ، هُمْ شَرٌّ مِنْ

---

[1] عن سماک بن حرب أنه سمع جابر بن سمرة یقول: قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: " لا یزال هذا الدین یقاتل علیه عصابة من المسلمین حتی تقوم الساعة " (صحیح ابنِ حبان، رقم الحدیث ۶۸۳۷)
قال شعیب الارنؤوط: إسناده حسن علی شرط مسلم (حاشیة صحیح ابنِ حبان)

أَهْلِ الْجَاهِلِيَّةِ، لَا يَدْعُونَ اللّٰهَ بِشَيْءٍ إِلَّا رَدَّهُ عَلَيْهِمْ، فَبَيْنَمَا هُمْ عَلٰى ذٰلِكَ أَقْبَلَ عُقْبَةُ بْنُ عَامِرٍ، فَقَالَ لَهُ مَسْلَمَةُ: يَا عُقْبَةُ، اِسْمَعْ مَا يَقُولُ عَبْدُ اللّٰهِ، فَقَالَ عُقْبَةُ: هُوَ أَعْلَمُ، وَأَمَّا أَنَا فَسَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: لَا تَزَالُ عِصَابَةٌ مِّنْ أُمَّتِيْ يُقَاتِلُوْنَ عَلٰى أَمْرِ اللّٰهِ، قَاهِرِيْنَ لِعَدُوِّهِمْ، لَا يَضُرُّهُمْ مَنْ خَالَفَهُمْ، حَتّٰى تَأْتِيَهُمُ السَّاعَةُ وَهُمْ عَلٰى ذٰلِكَ.

فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: أَجَلْ، ثُمَّ يَبْعَثُ اللّٰهُ رِيْحًا كَرِيْحِ الْمِسْكِ مَسُّهَا مَسُّ الْحَرِيْرِ، فَلَا تَتْرُكُ نَفْسًا فِيْ قَلْبِهٖ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِّنَ الْإِيْمَانِ إِلَّا قَبَضَتْهُ، ثُمَّ يَبْقَى شِرَارُ النَّاسِ عَلَيْهِمْ تَقُوْمُ السَّاعَةُ (صحيح مسلم، رقم الحديث ١٩٢٤ "١٧٦" كتاب الإمارة، باب قوله صلى الله عليه وسلم "لا تزال طائفة من أمتي ظاهرين على الحق لا يضرهم من خالفهم")

ترجمہ: میں مسلمہ بن مخلد کے پاس تھا، اوران کے پاس حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ بھی تھے، تو عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ قیامت بدترین مخلوق پر ہی قائم ہوگی، اور وہ مخلوق اہلِ جاہلیت کے لوگوں سے بھی زیادہ برے ہوں گے، وہ اللہ سے جو بھی دعاء کریں گے، ان کی دعاء کو اللہ رد کردے گا۔

پس لوگ اسی حال میں تھے کہ عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ تشریف لے آئے، ان سے مسلمہ نے عرض کیا کہ اے عقبہ! آپ سنیں کہ عبداللہ بن عمرو کیا فرما رہے ہیں؟ تو حضرت عقبہ نے فرمایا کہ عبداللہ بن عمرو زیادہ جانتے ہیں۔

البتہ میں نے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ میری امت کی ایک جماعت برابر موجود رہے گی، جو اللہ کے حکم کی خاطر قتال کرے گی، جو

اپنے دشمنوں پر غالب رہے گی، ان کو ان کے مخالفین ضرر نہیں پہنچا سکیں گے، یہاں تک کہ قیامت قائم ہوجائے گی، اور وہ اسی حال میں ہوں گے۔

تو عبداللہ بن عمرو رضی اللہ نے فرمایا کہ بے شک آپ نے صحیح فرمایا، پھر اس کے بعد اللہ ایک ہوا کو بھیجے گا، جو مشک کی خوشبو والی ہوگی، اور اس کا چھونا، اس طرح نرم ہوگا، جس طرح ریشم ہوتی ہے، جو کسی ایسے نفس کو نہیں چھوڑے گی، جس کے دل میں ایک حبہ برابر بھی ایمان ہوگا، مگر اس کی روح کو قبض کرلے گی، پھر لوگوں کے شریر ترین لوگ ہی باقی رہ جائیں گے، ان پر ہی قیامت قائم ہوگی (صحیح مسلم)

دونوں صحابۂ کرام رضی اللہ عنہما نے جو جو حدیثیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی تھیں، وہ بیان فرمادیں، کسی نے دوسرے کی بات کی تردید نہیں کی۔

واقعہ بھی یہی ہے کہ دونوں حدیثیں اپنی جگہ صحیح ہیں، قیامت قائم ہونے سے پہلے اللہ ہر مومن کو وفات دے دے گا، اور اس کے بعد شریر ترین لوگ ہی باقی رہ جائیں گے، پھر قیامت قائم ہوجائے گی۔

چنانچہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ قیامت سے پہلے ایک ہوا چلے گی، جس سے ہر بندۂ مومن فوت ہوجائے گا، اور ایسے لوگ ہی باقی رہ جائیں گے، جن میں کوئی خیر نہیں ہوگی، اور وہ اپنے آباء کے مشرکانہ دین کی طرف لوٹ جائیں گے۔ [1]

اور حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کی آگے آنے والی حدیث سے بھی اس کی تائید ہوتی

---

[1] عن عائشة، قالت: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول "لا يذهب الليل والنهار حتى تعبد اللات والعزى "فقلت: يا رسول الله! إن كنت لأظن حين أنزل الله: "هو الذى أرسل رسوله بالهدى ودين الحق ليظهره على الدين كله ولو كره المشركون "أن ذلك تاما قال "إنه سيكون من ذلك ما شاء الله .ثم يبعث الله ريحا طيبة .فتوفى كل من فى قلبه مثقال حبة خردل من إيمان .فيبقى من لا خير فيه . فيرجعون إلى دين آبائهم ."(صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٩٠٧ "٥٢")

ہے کہ اس جماعتِ حقہ کے آخری لوگ دجال سے قتال کریں گے۔

اور اسی بات کی تائید عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی ایک حدیث سے بھی ہوتی ہے، جس میں اس بات کی صراحت ہے کہ جب دجال ہلاک ہوجائے گا، تو اس کے چند سال بعد ملکِ شام سے ایک ٹھنڈی ہوا چلے گی، جس سے ہر مومن جس کے دل کے اندر رائی کے دانہ کے برابر بھی ایمان ہوگا، وہ فوت ہوجائے گا، اور پھر شریر ترین لوگ ہی باقی رہ جائیں گے، پھر ان پر قیامت قائم ہوگی۔ [1]

## ثوبان رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِّنْ أُمَّتِی ظَاهِرِیْنَ عَلَی الْحَقِّ، لَا یَضُرُّهُمْ مَنْ خَذَلَهُمْ، حَتّٰی یَأْتِیَ أَمْرُ اللّٰہِ وَهُمْ كَذٰلِکَ (صحیح مسلم، رقم الحدیث ۱۹۲۰ "۱۷۰" کتاب الامارة، باب قوله صلى الله عليه وسلم: لا تزال طائفة من أمتى ظاهرين على الحق لا يضرهم من خالفهم)

---

[1] عن النعمان بن سالم، قال: سمعت يعقوب بن عاصم بن عروة بن مسعود الثقفى يقول: سمعت عبد الله بن عمرو، وجاءه رجل، فقال: ما هذا الحديث الذى تحدث به؟ تقول: إن الساعة تقوم إلى كذا وكذا. فقال: سبحان الله! أو لا إله إلا الله. أو كلمة نحوهما. لقد هممت أن لا أحدث أحدا شيئا أبدا. إنما قلت: إنكم سترون بعد قليل أمرا عظيما. يحرق البيت، ويكون، ويكون. ثم قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم "يخرج الدجال فى أمتى فيمكث أربعين (لا أدرى: أربعين يوما، أو أربعين شهرا، أو أربعين عاما). فيبعث الله عيسى بن مريم كأنه عروة بن مسعود. فيطلبه فيهلكه. ثم يمكث الناس سبع سنين. ليس بين اثنين عداوة. ثم يرسل الله ريحا باردة من قبل الشأم. فلا يبقى على وجه الأرض أحد فى قلبه مثقال ذرة من خير أو إيمان إلا قبضته. حتى لو أن أحدكم دخل فى كبد جبل لدخلته عليه، حتى تقبضه." قال: سمعتها من رسول الله صلى الله عليه وسلم. قال "فيبقى شرار الناس فى خفة الطير وأحلام السباع. لا يعرفون معروفا ولا ينكرون منكرا. فيتمثل لهم الشيطان فيقول: ألا تستجيبون؟ فيقولون: فما تأمرنا؟ فيأمرهم بعبادة الأوثان. وهم فى ذلك دار رزقهم، حسن عيشهم. ثم ينفخ فى الصور (صحیح مسلم، رقم الحدیث ۲۹۴۰ "۱۱۶")

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت کی ایک جماعت حق پر قائم رہے گی، رسوا کرنے والے اس جماعت کو ضرر نہیں پہنچا سکیں گے، یہاں تک کہ اللہ کا حکم آ جائے گا، اور وہ اسی طرح سے (حق پر قائم) ہوں گے (مسلم)

## ثوبان رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ زَوَى لِيَ الْأَرْضَ - أَوْ قَالَ: إِنَّ رَبِّيْ زَوَى لِيَ الْأَرْضَ، فَرَأَيْتُ مَشَارِقَهَا وَمَغَارِبَهَا، وَإِنَّ مُلْكَ أُمَّتِيْ سَيَبْلُغُ مَا زُوِيَ لِيْ مِنْهَا، وَأُعْطِيْتُ الْكَنْزَيْنِ الْأَحْمَرَ وَالْأَبْيَضَ، وَإِنِّيْ سَأَلْتُ رَبِّيْ لِأُمَّتِيْ أَنْ لَّا يُهْلِكَهَا بِسَنَةٍ بِعَامَّةٍ، وَلَا يُسَلِّطَ عَلَيْهِمْ عَدُوًّا مِنْ سِوَى أَنْفُسِهِمْ، فَيَسْتَبِيْحَ بَيْضَتَهُمْ، وَإِنَّ رَبِّيْ قَالَ لِيْ: يَا مُحَمَّدُ، إِنِّيْ إِذَا قَضَيْتُ قَضَاءً، فَإِنَّهُ لَا يُرَدُّ، وَلَا أُهْلِكُهُمْ بِسَنَةٍ بِعَامَّةٍ، وَلَا أُسَلِّطُ عَلَيْهِمْ عَدُوًّا مِنْ سِوَى أَنْفُسِهِمْ، فَيَسْتَبِيْحَ بَيْضَتَهُمْ، وَلَوِ اجْتَمَعَ عَلَيْهِمْ مِنْ بَيْنِ أَقْطَارِهَا — أَوْ قَالَ بِأَقْطَارِهَا — حَتّٰى يَكُوْنَ بَعْضُهُمْ يُهْلِكُ بَعْضًا، وَحَتّٰى يَكُوْنَ بَعْضُهُمْ يَسْبِيْ بَعْضًا، وَإِنَّمَا أَخَافُ عَلٰى أُمَّتِي الْأَئِمَّةَ الْمُضِلِّيْنَ، وَإِذَا وُضِعَ السَّيْفُ فِيْ أُمَّتِيْ لَمْ يُرْفَعْ عَنْهَا إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَلَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَلْحَقَ قَبَائِلُ مِنْ أُمَّتِيْ بِالْمُشْرِكِيْنَ، وَحَتّٰى تَعْبُدَ قَبَائِلُ مِنْ أُمَّتِي الْأَوْثَانَ، وَإِنَّهُ سَيَكُوْنُ فِيْ أُمَّتِيْ كَذَّابُوْنَ ثَلَاثُوْنَ، كُلُّهُمْ يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِيٌّ، وَأَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ لَا نَبِيَّ بَعْدِيْ، وَلَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِّنْ أُمَّتِيْ عَلَى الْحَقِّ — قَالَ ابْنُ عِيْسٰى: ظَاهِرِيْنَ ثُمَّ اتَّفَقَا، لَا يَضُرُّهُمْ مَنْ خَالَفَهُمْ، حَتّٰى يَأْتِيَ

أَمْرُ اللّٰهِ(سنن ابی داود، رقم الحدیث ۴۲۵۲، کتاب الفتن، ذکر الفتن ودلائلها) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک اللہ نے میرے لیے زمین کو سمیٹ دیا، یا میرے رب نے میرے لئے زمین کو سمیٹ دیا، تو میں نے زمین کے مشرق ومغرب کو دیکھ لیا، اور بے شک میری امت کی حکمرانی وہاں تک پہنچ کر رہے گی، جہاں تک زمین میرے لیے سمیٹی گئی۔

اور مجھے سرخ وسفید دونوں خزانے (یعنی سونا اور چاندی) عطاء کئے گئے، اور بے شک میں نے اپنے رب سے اپنی امت کے لئے سوال کیا کہ اس کو کسی عام قحط سے ہلاک نہ کرے، اور اس پر اس کے علاوہ کوئی ایسا دشمن مسلط نہ کرے جو ان کے بیج کو جڑ سے ختم کردے، تو بے شک میرے رب نے مجھ سے فرمایا کہ اے محمد! بے شک میں جب کوئی فیصلہ کر لیتا ہوں، تو اس کو بدلا نہیں جاتا۔

اور میں ان کو عام قحط سے ہلاک نہیں کروں گا، اور نہ ہی ان پر کوئی ایسا دشمن مسلط کروں گا، جو ان میں سے نہ ہو، اور ان کو جڑ سے مٹا دے، اگرچہ ساری زمین کے لوگ جمع ہو کر ان پر حملہ کریں، البتہ اس امت کے ہی لوگ خود آپس میں ایک دوسرے کو ہلاک کریں گے، اور ایک دوسرے کو قید کریں گے۔

اور (نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ) میں اپنی امت پر گمراہ کرنے والے ائمہ (ولیڈروں) کا خوف رکھتا ہوں۔

اور جب میری امت میں ایک مرتبہ تلوار رکھ دی جائے گی (یعنی مسلح جنگ چھڑ جائے گی)، تو پھر وہ اس سے قیامت تک نہیں اٹھائی جائے گی۔

اور قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک کہ میری امت کے کچھ قبیلے مشرکین سے مل نہ جائیں اور میری امت کے کچھ قبیلے بتوں کو نہ پوجنے لگ

---

[1] قال شعیب الارنؤوط:
إسناده صحيح(حاشية سنن ابی داود)

جائیں، اور عنقریب میری امت میں تیس کذاب پیدا ہوں گے، ان میں سے ہر ایک یہ گمان کرے گا کہ وہ نبی ہے، حالانکہ میں خاتم النبیین ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا، اور میری امت کی ایک جماعت ہمیشہ حق پر قائم رہے گی، ابنِ عیسیٰ کی روایت میں ہے کہ وہ جماعت غالب رہے گی، ان کا مخالف ان کو ضرر نہیں پہنچا سکے گا، یہاں تک کہ (اس کے برخلاف) اللہ کا حکم آ جائے (سنن ابی داود)

## معاویہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِّنْ أُمَّتِيْ قَائِمَةً بِأَمْرِ اللّٰهِ، لَا يَضُرُّهُمْ مَنْ خَذَلَهُمْ أَوْ خَالَفَهُمْ، حَتّٰى يَأْتِيَ أَمْرُ اللّٰهِ وَهُمْ ظَاهِرُوْنَ عَلَى النَّاسِ (صحيح مسلم، رقم الحديث ١٩٢٣ "١٧٤" كتاب الامارة، باب قوله صلى الله عليه وسلم: لا تزال طائفة من أمتى ظاهرين على الحق لا يضرهم من خالفهم)

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ میری امت کی ایک جماعت، اللہ کے امر پر مسلسل قائم رہے گی، اس جماعت کو رُسوا کرنے ، یا اس جماعت کی مخالفت کرنے والے افراد اس جماعت کو کوئی ضرر نہیں پہنچا سکیں گے، یہاں تک کہ اللہ کا حکم آ جائے، اور وہ اسی طرح لوگوں پر غالب ہوں گے (مسلم)

اور حضرت معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہ کی ایک حدیث میں درجِ ذیل الفاظ ہیں:

سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِّنْ أُمَّتِيْ عَلَى الْحَقِّ لَا يُبَالُوْنَ مَنْ خَالَفَهُمْ أَوْ خَذَلَهُمْ حَتّٰى يَأْتِيَ أَمْرُ اللّٰهِ عَزَّ

وَجَلَّ (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ١٦٨٨١) [1]

ترجمہ: میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ میری امت کی ایک جماعت حق پر مسلسل قائم رہے گی، یہ جماعت ان لوگوں کی پرواہ نہیں کرے گی، جو ان کی مخالفت کریں گے، یا ان کو رسوا کریں گے، یہاں تک کہ اللہ عزوجل کا حکم آ پہنچے (مسند احمد)

## ابوامامہ وابوہریرہ رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِّنْ أُمَّتِيْ عَلَى الدِّيْنِ ظَاهِرِيْنَ لَعَدُوِّهِمْ قَاهِرِيْنَ لَا يَضُرُّهُمْ مَنْ خَالَفَهُمْ إِلَّا مَا أَصَابَهُمْ مِنْ لَأْوَاءَ حَتّٰى يَأْتِيَهُمْ أَمْرُ اللّٰهِ وَهُمْ كَذٰلِكَ (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ٢٢٣٢٠)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت کی ایک جماعت ہمیشہ دین پر قائم رہے گی، اپنے دشمنوں پر غالب، اور قوی رہے گی، اس کی مخالفت کرنے والے، اس کو ضرر نہیں پہنچاسکیں گے، سوائے اس کے کہ جو کچھ تنگی لاحق ہو، یہاں تک کہ اللہ کا حکم (قیامت) آجائے، اور وہ اسی طرح قائم رہیں گے (مسند احمد)

ملحوظ رہے کہ ابوامامہ رضی اللہ عنہ کی اس حدیث کے آخر میں یہ اضافہ بھی ہے کہ:

''لوگوں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول اس حق جماعت کے لوگ کہاں ہیں؟ اس کے جواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بیت المقدس اور اس کے اردگرد میں ہیں''

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

لیکن اس اضافہ کو اہلِ علم حضرات نے ضعیف قرار دیا ہے، اور بعض دوسری سندوں سے بھی اس قسم کے اضافہ کو ضعیف قرار دیا ہے۔ [1]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط:

حديث صحيح لغيره دون قوله" :قالوا :يا رسول الله، وأين هم ...إلخ"، وهذا إسناد ضعيف لجهالة عمرو بن عبد الله السَّيْباني الحضرمي، فقد تفرد بالرواية عنه يحيى بن أبي عمرو السيباني، ولم يوثقه غير ابن حبان والعجلي .ضمرة :هو ابن ربيعة الفلسطيني.

وأخرجه الطبراني في "الكبير "(7643) ، وفي "الشاميين "(860) من طريق عيسى بن محمد بن إسحاق بن النحاس، عن ضمرة بن ربيعة، بهذا الإسناد.

وفي باب قوله صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ" :لا تزال طائفة من أمتي ...وهم كذلك "عن أبي هريرة، سلف برقم (8274) ، وانظر تعليقنا على الحديث وتتمة شواهده هناك، وبعضها في "الصحيحين."

وفي باب قوله صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ " :هم ببيت المقدس وأكناف بيت المقدس "عن مُرَّةَ البَهْزِي، أخرجه يعقوب بن سفيان في "المعرفة والتاريخ 299-2/298 "، ومن طريقه ابن عساكر في "تاريخه/1 "لوحة 94-93، والطبراني في "الكبير /20" (754) ، ومن طريقه ابن عساكر أيضاً /1لوحة 94من طريق يحيى بن أبي عمرو السَّيْباني، عن أبي وعلة شيخ من عَكٍّ، عن كريب السَّحُولي، عن مُرَّةَ البَهْزِي مرفوعاً .

هكذا رواه يعقوب بن سفيان، فقال فيه :عن أبي وعلة شيخ من عَكٍّ -وقد تحرف في المطبوع إلى :ابن وعلة-، وأما الطبراني، فقال فيه :عن أبي زرعة الوعلاني .وقد صَوَّب الحافظ ابن عساكر الرواية الأولى .قلنا :وأبو وعلة هذا مجهول لا يعرف، تفرد بالرواية عنه أبو زرعة يحيى بن أبي عمرو السَّيْباني، وأورده البخاري في الكنى من "التاريخ الكبير 9/78 "وابن أبي حاتم في "الجرح والتعديل9/452 "، ولم يذكرا فيه جرحاً أو تعديلاً.

وشيخه كريب السَّحُولي :هو ابن أبرهة بن الصباح الأَصبحي المصري، روى عنه جمع، وذكره ابن حبان والعجلي في "الثقات."

وعن أبي هريرة، أخرجه أبو يعلى (6417) ، والطبراني في "الأوسط "(47) ، وابن عدي في "الكامل7/2545 "، والقاضي عبد الجبار الخولاني في "تاريخ داريا "ص 60، وتمام الرازي في "فوائده "(1551) ، وابن عساكر في "تاريخه/1 "ورقة 115-114و 115من طرق عن إسماعيل بن عياش، عن الوليد بن عباد، عن عامر بن عبد الواحد الأحول، عن أبي صالح الخولاني،عن أبي هريرة أن رسول الله صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قال" :لا تزال عصابة من أمتي يقاتلون على أبواب دمشق وما حولها، وعلى أبواب بيت المقدس وما حولها، لا يضرهم خذلان من خذلهم، ظاهرين على الحق إلى

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَالَ: لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِّنْ أُمَّتِيْ قَوَّامَةً عَلٰى أَمْرِ اللّٰهِ، لَا يَضُرُّهَا مَنْ خَالَفَهَا (سنن ابن ماجه، رقم الحديث ٧، ابواب السنة،باب اتباع سنة رسول الله صلى الله عليه وسلم) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت کی ایک جماعت ہمیشہ اللہ عزوجل کے حکم پر قائم رہے گی، جس کو اس کی مخالفت کرنے والا ضرر نہیں پہنچا سکے گا (ابنِ ماجہ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی سند سے مروی ایک حدیث میں ہے کہ میری امت کی ایک جماعت دمشق کے دروازوں پر، اور ان کے اردگرد، اور بیت المقدس کے دروازوں پر اور ان کے اردگرد قیامت تک قتال کرتی رہے گی۔ [2]

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾ يوم القيامة "إلا أن القاضي عبد الجبار الخولاني قال في إسناده: "عن عاصم الأحول، عن أبي مسلم الخولاني "وهو تصحيف كما قال الحافظ ابن عساكر .وقال الطبراني عقب الحديث :لم يروه عن عامر الأحول إلا الوليد بن عباد، تفرد به إسماعيل بن عياش .وقال ابن عدي :وهذا الحديث بهذا اللفظ ليس يرويه غير ابن عياش عن الوليد بن عباد.

قلنا :والوليد بن عباد هذا مجهول لا يعرف، وأبو صالح الخولاني لم يرو عنه غير عامر الأحول والوضين بن عطاء ، وقال أبو حاتم في "الجرح والتعديل :9/392 "لا بأس به. وأخرجه ابن عساكر 1/116 وجادة من طريق الهيثم بن حميد، عن يزيد الحميري، عن أبي هريرة مرفوعاً .ويزيد -وهو ابن زياد -الحميري جَهَّله أبو حاتم 9/262 وغيره، وفي إسناده أيضاً من لم نقف له على ترجمة.

وأخرجه أبن عساكر /1ورقة 116 من طريق السَّرِي بن يحيى، عن الحسن ابن أبي الحسن البصري، عن أبي هريرة رفعه بزيادة منكرةٍ وقال عقبه :وهذا إسناد غريب، وألفاظ غريبة جداً .قلنا :الحسن البصري مدلس وقد عنعنه، وفي إسناده أيضاً من لم نعثر له على ترجمة(حاشية مسند احمد)

[1] قال شعيب الارنؤوط:حديث صحيح، هشام بن عمار قد توبع (حاشية سنن ابن ماجه)

[2] حدثنا أبو طالب عبد الجبار بن عاصم، حدثنا إسماعيل بن عياش الحمصي، عن الوليد بن عباد، عن عامر الأحول، عن أبي صالح الخولاني، عن أبي هريرة، عن النبي

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

لیکن اس کی سند میں ایک راوی مجہول ہے۔ [1]

اس وجہ سے یہ حدیث ضعیف ہے۔ [2]

اور شیخ ناصر الدین البانی نے بھی مذکورہ مقامات کی قید والی روایتوں کو ضعیف اور منکر اور دوسری ان صحیح احادیث کے خلاف قرار دیا ہے، جن میں اس جماعت کے مخصوص جگہ موجود

---

گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ

صلى الله عليه وسلم قال: لا تزال عصابة من أمتي يقاتلون على أبواب دمشق، وما حوله وعلى أبواب بيت المقدس وما حوله، لا يضرهم خذلان من خذلهم ظاهرين على الحق إلى أن تقوم الساعة(مسند ابی یعلی الموصلی،رقم الحديث ٦٤١٧)

حدثنا جعفر بن أحمد بن عاصم، حدثنا هشام بن عمار، حدثنا إسماعيل بن عياش، حدثنا الوليد بن عباد عن عامر الأحول، عن أبي صالح الخولاني، عن أبي هريرة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم صلى الله عليه وسلم قال: لا تزال عصابة من أمتي يقاتلون على أبواب دمشق وما حوله وعلى أبواب بيت المقدس وما حوله لا يضرهم خذلان من خذلهم ظاهرين على الحق إلى يوم الساعة.

قال الشيخ: وهذا الحديث بهذا اللفظ ليس يرويه غير بن عياش عن الوليد بن عباد(الكامل في ضعفاء الرجال، ج٨،ص٣٦٨، تحت ترجمة "الوليد بن عباد يحدث عنه إسماعيل بن عياش ليس بمستقيم"رقم الترجمة ٢٠٠٨)

[1] قال الهيثمي:

رواه الطبراني في الأوسط، وفيه الوليد بن عباد وهو مجهول(مجمع الزوائد،تحت رقم الحديث ١٢٢٥٣، ج٧،ص٢٨٨، كتاب الفتن،باب لا تزال طائفة من هذه الأمة على الحق)

[2] قال العلامة محمد بن طاهر المقدسي:

وهذا بهذا اللفظ ليس يرويه غير إسماعيل بن عياش ، عن الوليد بن عباد .والوليد ليس بمعروف ، وليس يرويه عنه غير إسماعيل(ذخيرة الحفاظ، ج٥،ص ٢٠٨٢، تحت رقم الحديث ٢٠٨٣، باب لا)

قال سعد بن ناصر بن عبد العزيز الشَّثرى:

الحديث بهذا الإِسناد فيه الوليد بن عباد، وهو مجهول، وإسماعيل بن عياش ضعيف إلَّا في روايته عن الشاميين، ولا أدرى هذه منها أم لا؛ لأن شيخه الوليد بن عباد لم ينتسب إلى بلد معين.

وعليه فالحديث بهذا الإِسناد ضعيف.

ولذا قال الألباني في تخريج فضائل الشام (ص 62) :حديث ضعيف بهذا السياق . اهـ.(حاشية المطالب العالية بزوائد المسانيد الثمانية،محققا، ج١٧،ص١٥٩، كتاب المناقب،باب فضل الشام)

رہنے کی قید نہیں ہے، ورنہ تو لازم آئے گا کہ اس جماعتِ حقہ کا اس علاقہ کے علاوہ کسی بھی دور میں دنیا کے دوسرے مقامات پر وجود نہیں ہوگا۔ ؎1

اور محققین کے نزدیک راجح بھی یہی ہے کہ اس جماعت اور اس کے افراد کا مختلف ادوار اور

---

؎1 والمقصود أن ضمرة بن ربيعة -وهو صدوق يهم قليلا، هو أوثق من عباد بن عباد الرملي، وقد عرفت مما سبق حاله -خالفه متنا وسندا، أما المتن فقد بينته آنفا.

أما السند، فقد خالفه فى موضعين منه:أحدهما :جعل أبا أمامة مكان (مرة البهزى).

والآخر :جعل عمرو بن عبد الله الحضرمى مكان أبى وعلة.والراوى عنهما واحد،وهو أبو زرعة السيبانى -وهو يحيى بن أبى عمرو السيبانى -.

فالاختلاف عليه منهما يلقى فى النفس ترددا فى قبول روايتهما معا، وما دام أن أحدهما أوثق من الآخر، فالنفس تطمئن إلى رواية الأوثق منهما، وهى رواية ضمرة بن ربيعة، وليس فيها تلك الزيادات، ويبقى المراجحة بين رواية مهدى ورواية أبى عمير عنه، وقد عرفت أن رواية هذا أرجح. فيمكن أن يقال يؤخذ من روايتهما ما اتفقا عليه، وهى" :ببيت المقدس."

فأقول :نعم، لولا أمران:

الأول :أن مدار الروايتين على عمرو بن عبد الله الحضرمى، وهو مجهول أيضا، لأنه لا يعرف إلا برواية السيبانى، فحاله كحال أبى وعلة تماما.

والآخر :أن هذه الزيادة شأنها شأن الزيادات الأخرى من حيث أنها لم ترد فى الأحاديث الأخرى وهى كثيرة جدا، وبعضها فى "الصحيحين - "كما تقدم بيانه فى الحديث الذى قبله -، فهى منكرة أيضا، وبعضها أنكر من بعض .فلا يغتر بعد هذا البيان والتحقيق بسكوت الحافظ عن حديث أبى أمامة، ومرة،وأبى هريرة فى "الفتح "(13/295) ، فإنه -فيما يظهر لى -لم يجر قلم التحقيق عليه ليتبين له حقيقة علمية لا تخفى على من هو دونه فى هذا العلم، وهى نكارتها لضعف أسانيدها، ومخالفتها للأحاديث الصحيحة، ولا سيما وهى تحصر مكان وجود الطائفة المنصورة -وهم أهل الحديث كما قال أحمد وغيره -وهو خلاف الواقع، وما عليه العلماء ، والحافظ نفسه نقل عن النووى رحمه الله أنه قال: "ولا يلزم أن يكونوا مجتمعين فى بلد واحد، بل يجوز اجتماعهم فى قطر واحد، وافتراقهم فى أقطار الأرض " ...إلخ، فراجع فإنه مهم .ولا ينافى ما تقدم أن يكونوا فى بعض البلاد الشامية، لقول معاذ المتقدم موقوفا، تارة بهذا البلد، وتارة فى غيره، وهذا الموقوف هو عندى فى حكم المرفوع لقوله صلى الله عليه وسلم فى أهل الشام ":لا يزال أهل الغرب ظاهرين على الحق، حتى تقوم الساعة."رواه مسلم وغيره، وهو مخرج فى "الصحيحة "(965). وفى تفسير أهل الغرب "اختلاف، والظاهر أنهم أهل الشام، لأنهم غرب المدينة -كما حققه شيخ الإسلام ابن تيمية، فانظر "الفتاوى "(27/507 - 508) -. ولكن ذلك لا يستلزم الدوام، وعدم وجود الطائفة فى إقليم آخر -لما تقدم -والله أعلم(سلسلة الاحاديث الصحيحة،تحت رقم الحديث ٦٣٩٠)

مختلف علاقوں میں وجود ممکن ہے، ہمیشہ کسی ایک جگہ مخصوص رہنا ضروری نہیں، جیسا کہ آگے آتا ہے۔

## عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی حدیث

اور حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِّنْ أُمَّتِىْ ظَاهِرِيْنَ عَلَى الْحَقِّ حَتّٰى تَقُوْمَ السَّاعَةُ** (المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۸۳۸۹، کتاب الفتن والملاحم) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت کی ایک جماعت ہمیشہ حق پر قائم رہے گی، یہاں تک کہ قیامت قائم ہوجائے گی (حاکم)

اور مستدرک حاکم کی ہی حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ایک روایت میں اس جماعت کے حق پر قائم رہنے اور اس کی اللہ کی طرف سے نصرت ہونے کا ذکر ہے۔ [2]

---

[1] قال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد، ولم يخرجاه "وقد رواه ثوبان، وعمران بن حصين، عن رسول الله صلى الله عليه وسلم.

و قال الذهبي في التلخيص: صحيح.

[2] عن أبي الأسود الديلي، قال: انطلقت أنا وزرعة بن ضمرة الأشعري، إلى عمر بن الخطاب رضي الله عنه، فلقينا عبد الله بن عمرو، فقال: يوشك أن لا يبقى في أرض العجم من العرب إلا قتيل أو أسير يحكم في دمه، فقال زرعة: أيظهر المشركون على الإسلام؟ فقال: ممن أنت؟ قال: من بني عامر بن صعصعة، فقال: لا تقوم الساعة حتى تدافع نساء بني عامر على ذي الخلصة – وثن كان يسمى في الجاهلية – قال: فذكرنا لعمر بن الخطاب قول عبد الله بن عمرو، فقال عمر ثلاث مرار: عبد الله بن عمرو أعلم بما يقول، فخطب عمر بن الخطاب رضي الله عنه يوم الجمعة، فقال: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم، يقول: لا تزال طائفة من أمتي على الحق منصورين حتى يأتي أمر الله قال: فذكرنا قول عمر لعبد الله بن عمرو، فقال: صدق نبي الله صلى الله عليه وسلم إذا كان ذلك كالذي قلت (المستدرك للحاكم، رقم الحديث ۸۶۵۳، كتاب الفتن والملاحم)

قال الحاكم: هذا حديث صحيح على شرط مسلم، ولم يخرجاه.

و قال الذهبي في التلخيص: على شرط البخاري ومسلم.

# قرہ بن ایاس رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت معاویہ بن قرہ اپنے والد قرہ بن ایاس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِّنْ أُمَّتِي مَنْصُوْرِيْنَ لَا يَضُرُّهُمْ خِذْلَانُ مَنْ خَذَلَهُمْ حَتّٰى تَقُوْمَ السَّاعَةُ (صحيح ابن حبان، رقم الحديث ٦١، كتاب العلم، ذكر إثبات النصرة لأصحاب الحديث إلى قيام الساعة) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت کی ایک جماعت کی ہمیشہ (اللہ کی طرف سے) نصرت کی جاتی رہے گی، ان کو وہ لوگ ضرر نہیں پہنچا سکیں گے، جو ان کو رسوا کرنا چاہیں گے، یہاں تک کہ قیامت قائم ہو جائے (ابن حبان)

# قرہ بن ایاس رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت معاویہ بن قرہ سے ہی روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَزَالُ نَاسٌ مِّنْ أُمَّتِي مَنْصُوْرِيْنَ، لَا يَضُرُّهُمْ مَنْ خَذَلَهُمْ حَتّٰى تَقُوْمَ السَّاعَةُ (موارد الظمآن، رقم الحديث ١٨٥١، كتاب الفتن، باب لا تزال طائفة من هذه الأمة على الحق منصورة) [2]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت کے کچھ لوگوں کی ہمیشہ (اللہ

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط الشيخين ما عدا صحابيه قرة بن إياس رضى الله عنه فلم يرويا له (حاشية صحيح ابن حبان)

[2] قال حسين سليم أسد الدّاراني: إسناده حسن من أجل محمد بن عصام بن يزيد، وقد فصلنا القول فيه، وفي أبيه عند الحديث المتقدم برقم (1844) (حاشية موارد الظمآن)

کی طرف سے ) نصرت کی جاتی رہے گی، ان کو رسوا کرنے والے ضرر نہیں پہنچا سکیں گے، یہاں تک کہ قیامت قائم ہو جائے (موارد الظمآن)

## قرہ بن ایاس رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث

اور سنن ترمذی میں حضرت معاویہ بن قرہ سے ہی روایت ہے کہ:

**قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: إِذَا فَسَدَ أَہْلُ الشَّامِ فَلا خَیْرَ فِیْکُمْ، لَا تَزَالُ طَائِفَۃٌ مِّنْ أُمَّتِیْ مَنْصُوْرِیْنَ لَا یَضُرُّہُمْ مَنْ خَذَلَہُمْ حَتّٰی تَقُوْمَ السَّاعَۃُ** (سنن الترمذی، رقم الحدیث ۲۱۹۲، ابواب الفتن، باب ما جاء فی الشام) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب ملکِ شام کے لوگوں میں (اللہ کے احکام کو توڑنے کی وجہ سے) فساد آ جائے گا، تو پھر تم میں خیر نہیں ہوگی، اور میری امت کی ایک جماعت کی ہمیشہ (اللہ کی طرف سے) نصرت کی جاتی رہے گی، ان کو رسوا کرنے والے لوگ ضرر نہیں پہنچا سکیں گے، یہاں تک کہ قیامت قائم ہو جائے (ترمذی)

اس حدیث کو امام احمد نے بھی روایت کیا ہے۔ [2]

---

[1] قال الترمذی:
قال محمد بن إسماعيل: قال على ابن المدينى: هم أصحاب الحديث .وفى الباب عن عبد الله بن حوالة، وابن عمر، وزيد بن ثابت، وعبد الله بن عمرو .وهذا حديث حسن صحيح .حدثنا أحمد بن منيع، قال: حدثنا يزيد بن هارون، قال: أخبرنا بهز بن حكيم، عن أبيه ، عن جده قال: قلت: يا رسول الله، أين تأمرنى؟ قال: هاهنا ونحا بيده نحو الشام.هذا حديث حسن صحيح(حواله بالا)

[2] عن معاوية بن قرة، عن أبيه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: " إذا فسد أهل الشام، فلا خير فيكم، ولا يزال أناس من أمتى منصورين لا يبالون من خذلهم حتى تقوم الساعة(مسند احمد،رقم الحديث ١٥٥٩٦)

قال شعيب الارنؤوط:إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير صحابيه، فقد أخرج له البخارى فى "الأدب المفرد"، وأصحاب السنن(حاشية مسند احمد)

شام کا ذکر اس وجہ سے کیا گیا کہ شام میں اس جماعتِ حقہ کے آخری لوگ دجال سے قتال کریں گے،اور دجال یہیں ہلاک ہوگا۔ [1]

اور اسی نسبت سے بعض روایات میں شام میں اس جماعتِ حقہ کے موجود ہونے کا بھی ذکر آیا ہے۔ [2]

نیز کئی احادیث میں ملکِ شام کی فضیلت آئی ہے،اور جب یہاں فساد پیدا ہوگا،تو پوری دنیا فساد سے دوچار ہوگی۔

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**بَيْنَمَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا حِيْنَ قَالَ: طُوْبٰى لِلشَّامِ، طُوْبٰى لِلشَّامِ،قُلْتُ:مَا بَالُ الشَّامِ؟ قَالَ:اَلْمَلَائِكَةُ بَاسِطُوْ أَجْنِحَتِهَا عَلَى الشَّامِ** (مسند احمد،رقم الحديث ٢١٦٠٦) [3]

ترجمہ:ہم ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے،تو آپ نے فرمایا کہ شام کے لئے خوشخبری ہے،شام کے لئے خوشخبری ہے،میں نے عرض کیا کہ شام کا کیا حال ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ فرشتوں نے شام پر اپنے بازو پھیلا رکھے ہیں (مسند احمد)

بعض احادیث میں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ملکِ شام اور یمن کے لئے تین مرتبہ

---

[1] عن أبي هريرة؛ أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: "يأتي المسيح من قبل المشرق .همته المدينة .حتى ينزل دبر أحد .ثم تصرف الملائكة وجهه قبل الشام . وهنالک يهلک ."(صحيح مسلم،رقم الحديث ١٣٨٠ "٤٨٦")

[2] عن أبي عبد الله الشامي، قال :سمعت معاوية، يخطب يقول :يا أهل الشام حدثني الأنصاري قال شعبة يعني زيد بن أرقم، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال : "لا تزال طائفة من أمتي على الحق ظاهرين، وإني لأرجو أن تكونوهم يا أهل الشام (مسند احمد،رقم الحديث ١٩٢٩٠)

قال شعيب الارنؤوط: مرفوعه صحيح، وهذا إسناد ضعيف لجهالة أبي عبد الله الشامي(حاشية مسند احمد)

[3] قال شعيب الارنؤوط:حديث صحيح، وهذا إسناد حسن(حاشية مسند احمد)

برکت کی دعاء فرمائی۔ [1]

اور بعض صحابہ کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے شام میں رہنے کا حکم فرمایا، اور اس کو مومنوں کا دارالاسلام قرار دیا ہے، تاکہ دجال کے فتنہ سے محفوظ، اور جماعتِ حقہ کے آخری لوگوں کے ساتھ وابستہ رہیں۔ [2]

## عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِّنْ أُمَّتِي يُقَاتِلُوْنَ عَلَى الْحَقِّ ظَاهِرِيْنَ عَلٰى مَنْ نَاوَأَهُمْ، حَتّٰى يُقَاتِلَ آخِرُهُمُ**

---

[1] عن ابن عمر قال: اللهم بارک لنا فی شامنا، وفی يمننا .قال: قالوا: وفی نجدنا؟ قال: قال: اللهم بارک لنا فی شامنا وفی يمننا .قال: قالوا: وفی نجدنا؟ قال: قال: هناک الزلازل والفتن، وبها يطلع قرن الشيطان(صحيح البخاری،رقم الحديث ١٠٣٧)

[2] عن سالم بن عبد الله بن عمر ،عن أبيه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ستخرج نار من حضرموت أو من نحو بحر حضرموت قبل يوم القيامة تحشر الناس قالوا: يا رسول الله، فما تأمرنا؟ قال: عليكم بالشام(سنن الترمذی،رقم الحديث ٢٢١٧)

قال الترمذی:وفی الباب عن حذيفة بن أسيد، وأنس، وأبی هريرة، وأبی ذر .وهذا حديث حسن صحيح غريب من حديث ابن عمر.

حدثنا يحيى، عن بهز بن حكيم، حدثنی أبی، عن جدی قال: قلت: يا رسول الله، أين تأمرنی، خر لی؟ فقال بيده نحو الشام، وقال: " إنكم محشورون رجالا وركبانا، وتجرون على وجوهكم "(مسند احمد،رقم الحديث ٢٠٠٥٠)

قال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن(حاشية مسند احمد)

عن جبير بن نفير، عن سلمة بن نفيل، قال :قال رسول الله صلى الله عليه وسلم :عقر دار الإسلام بالشام(المعجم الكبير للطبرانی،ج٧ص٥٣،رقم الحديث ٦٣٥٩)

قال الهيثمی:

رواه الطبرانی، ورجاله ثقات(مجمع الزوائد،رقم الحديث ١٦٦٥٦ ،باب ما جاء فی فضل الشام)

**الْمَسِيحَ الدَّجَّالَ** (سنن ابی داود، رقم الحدیث ۲۴۸۴، کتاب الجهاد) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت کی ایک جماعت برابر حق پر قتال کرتے ہوئے، اپنے مخالفین ومعاندین پر غالب رہے گی، یہاں تک کہ اس جماعت کے آخری لوگ مسیح دجال سے (ملکِ شام میں) قتال کریں گے (سنن ابی داود)

اس حدیث سے یہ بات بھی صاف ہوگئی کہ اس طائفہ حقہ کا وجود قیامت کے قریب تک باقی رہے گا، اور اس جماعت کے آخری لوگ مسیح دجال سے قتال کریں گے، وہ مسیح دجال کے جھانسہ میں بھی نہیں آئیں گے، جو ان کے حق پر قائم ہونے کی دلیل ہوگی۔

معلوم ہوا کہ قیامت کے قریب، جبکہ بھرپور فتنہ وفسادات کا دور ہوگا، یہاں تک کہ دجال بھی برآمد ہو چکا ہوگا، اس وقت بھی ایک جماعت حق پر قائم رہے گی، بعض احادیث وروایات میں اس جماعت کے قتال کرنے اور بعض میں حق پر قائم رہنے کا ذکر ہے، جس کی وجہ یہ ہے کہ جس زمانہ اور جس علاقہ میں جس طرح کی شرعی ضرورت اور دین کے تقاضے ہوں گے، اس کے مطابق اس جماعت کے لوگ حق کے ساتھ وابستہ رہیں گے۔

مختلف احادیث وروایات کے الفاظ میں غور وفکر کرتے ہوئے محققین نے فرمایا کہ اس جماعت کا کسی ایک جگہ جمع ہونا، یا دین کے کسی ایک شعبہ کے ساتھ مختص ہونا ضروری نہیں، بلکہ ممکن ہے کہ اس جماعت کے افراد دین کے مختلف ومتفرق شعبوں سے منسلک ہوں، مثلاً بعض فقہاء ومجتہدین ہوں، بعض محدثین ہوں، بعض بہادر ومقاتلین ہوں، بعض مبلغین ہوں وغیرہ وغیرہ، اور اس جماعت میں ہر صدی کے مجددین بھی داخل ہیں، اور قیامت سے قبل اس جماعت کے نمایاں حضرات میں حضرت مہدی علیہ الرحمہ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام بھی شامل ہیں۔

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية سنن ابی داود)

خلاصہ یہ کہ یہ حق کے ساتھ وابستہ اور حق کو قائم کرنے والی طائفہ و جماعت، دین کے معاملات اورشریعت کے احکامات ،مثلاً قرآن مجید اورسنت کے علم اورقرآن وسنت سے ٹھیک ٹھیک احکامات معلوم کرنے اوراللہ تعالیٰ کے راستے میں جہاد کرنے اورمخلوق کونصیحت کرنے کا سلسلہ جارے رکھے گی،اورایسے نیک صالح لوگوں سے جوحق پر ثابت قدم رہنے والے،اللہ کے احکامات کو پورا کرنے والے اوراللہ تعالیٰ کی منع کردہ چیزوں سے دوررہنے والے اورشریعت کے امور کی حفاظت کرنے والے ہوں گے،اللہ تعالیٰ کی زمین کبھی خالی نہیں ہوگی،اور یہ لوگ ایسے ہوں گے کہ ان کوکسی کی طرف سے نہ تو اپنی حمایت وممانعت کرنے کا انتظار ہوگا اورنہ مخالفت کا خوف ہوگا،ان کے لئے لوگوں کی طرف سے دونوں قسم کا مثبت ومنفی رویہ برابر ہوگا،اور یہ اپنی قوت اور دلائلِ شرعیہ،اورنصرتِ الٰہیہ کی بدولت غالب رہیں گے، جہاں اورجس وقت اللہ کی مشیت جہاد وقتال کی ہوگی ،وہاں اس کے ذریعہ،اور جہاں اورجس وقت دلائل کی ضرورت ہوگی،وہاں اس کے ذریعہ اس جماعت کا غلبہ رہے گا۔ [1]

---

[1] قال النووی: فيـه أن الإجـمـاع حجة، ثم قال يجوز أن تكون الطائفة جماعة متعددة من أنواع المؤمنين .ما بين شجاع وبصير بالحرب وفقيه ومحدث ومفسر وقائم بالأمر بالمعروف والنهى عن الـمـنـكـر وزاهـد وعـابـد، ولا يلزم أن يكونوا مجتمعين فى بلد واحد، بل يجوز اجتماعهم فى قطر واحـد وافتـراقهـم فـى أقـطار الأرض، ويجوز أن يجتمعوا فى البلد الواحد وأن يكونوا فى بعض منه دون بـعـض، ويـجـوز إخـلاء الأرض كـلها من بعضهم أولا فأولا إلى أن لا يبقى إلا فرقة واحدة ببلد واحد فإذا انقرضوا جاء أمر الله، انتهى ملخصا مع زيادة فيه.

ونظير ما نبه عليه ما حمل عليه بعض الأئمة حديث: إن الله يبعث لهذه الأمة على رأس كل مائة سنة من يجدد لها دينها أنه لا يلزم أن يكون فى رأس كل مائة سنة واحد فقط بل يكون الأمر فيه كما ذكر فـى الـطـائـفة وهـو متجه، فإن اجتماع الصفات المحتاج إلى تجديدها لا ينحصر فى نوع من أنواع الـخير، ولا يلزم أن جميع خصال الخير كلها فى شخص واحد، إلا أن يدعى ذلک فى عمر بن عبد الـعـزيـز، فـإنه كان القائم بالأمر على رأس المائة الأولى باتصافه بجميع صفات الخير وتقدمه فيها ; ومـن ثم أطلق أحمد أنهم كانوا يحملون الحديث عليه، وأما من جاء بعده فالشافعى وإن كان متصفا بالصفات الجميلة، إلا أنه لم يكن القائم بأمر الجهاد والحكم بالعدل، فعلى هذا كل من كان متصفا

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

اللہ تعالیٰ ہمیں، اس جماعتِ حقہ کے ساتھ وابستہ اور قائم رہنے کی توفیق عطاء فرمائے، اور پرفتن وانتشار کے دور میں باطل فرقوں اور سلسلوں سے محفوظ رہنے کی توفیق عطاء فرمائے۔ آمین۔

وَاللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی اَعْلَمُ وَعِلْمُہٗ اَتَمُّ وَاَحْکَمُ.

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

بشیء من ذلک عند رأس المائة هو المراد سواء تعدد أم لا (فتح الباری شرح صحیح البخاری، ج۱۳، ص۲۹۵، کتاب الاعتصام بالسنة، باب قول النبی صلی الله علیه وسلم لا تزال طائفة من أمتی ظاهرین علی الحق، وهم أهل العلم)

( "من أمتي " ) ، أی: من جملة أمتي بالإجابة ( "أمة " ) ، أی: طائفة ( "قائمة بأمر الله " ) ، أی: بأمر دینه وأحكام شریعته من حفظ الكتاب وعلم السنة والاستنباط منهما، والجهاد فی سبیله، والنصیحة لخلقه وسائر فروض الكفایة...... وفیه إشارة إلی أن وجه الأرض لا یخلو من الصلحاء الثابتین علی أوامر الله المتباعدین عن نواهیه حافظین لأمور الشریعة یستوی عندهم معاونة الناس ومخالفتهم إیاهم (مرقاة المفاتیح، ج۹ص۴۰۴۷، کتاب المناقب والفضائل، باب ثواب هذه الامة)

قوله :(عصابة) ، بكسر العین، وهی الجماعة من الناس لا واحد لها، وهو ما بین العشرة إلی الأربعین (عمدة القاری شرح صحیح البخاری، ج۱، ص۱۵۴، كتاب الإیمان، باب بلا ترجمة بعد باب علامة الإیمان حب الانصار)

فإن قلت: من هؤلاء الطائفة؟ قلت: قال البخاری: هم أهل العلم .وقال الإمام أحمد: إن لم یكونوا أهل الحدیث فلا أدری من هم .وقال القاضی عیاض: إنما أراد الإمام أحمد أهل السنة والجماعة. وقال النووی: یحتمل أن تكون هذه الطائفة مفرقة من أنواع المؤمنین، فمنهم مقاتلون ومنهم فقهاء ومنهم محدثون ومنهم زهاد إلی غیره ذلک (عمدة القاری شرح صحیح البخاری، ج۲، ص۵۲، كتاب العلم، باب من یرد الله به خیرا یفقهه فی الدین)

(فصل نمبر 5)

# جھوٹی نبوت کے دعویداروں کا فتنہ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بار بار اس بات کا اعلان فرمایا کہ آپ کے بعد کئی لوگ جھوٹی نبوت کے دعوے دار بھی پیدا ہوں گے، اور وہ مسلمانوں کو فتنہ وگمراہی میں ڈالیں گے، یہاں تک کہ دجال بھی پہلے نبوت کا اور اس کے بعد ربوبیت کا دعویٰ کرے گا، اس لئے اس قسم کے دجل وفریب والے لوگوں سے اپنے آپ کو بچا کر رکھنا ضروری ہوگا۔

اس سلسلہ میں چند احادیث وروایات ملاحظہ فرمائیں۔

## ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يُبْعَثَ دَجَّالُوْنَ كَذَّابُوْنَ قَرِيْبٌ مِّنْ ثَلَاثِيْنَ، كُلُّهُمْ يَزْعُمُ أَنَّهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ (صحيح مسلم، رقم الحديث ١٥٧ "٨٤"كتاب الفتن وأشراط الساعة،باب لا تقوم الساعة حتى يمر الرجل بقبر الرجل، فيتمنى أن يكون مكان الميت من البلاء)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک کہ تیس کے قریب کذّاب، دجّال (بہت زیادہ دجل وفریب سے کام لے کر جھوٹی نبوت کے دعویدار) پیدا نہ ہوجائیں، ان میں سے ہر ایک یہ گمان (ودعویٰ) کرے گا کہ وہ اللہ کا رسول ہے (مسلم)

## ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ایک حدیث میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان مروی ہے کہ:

بَیْنَ یَدَیِ السَّاعَةِ قَرِیْبٌ مِّنْ ثَلَاثِیْنَ دَجَّالِیْنَ کَذَّابِیْنَ، کُلُّھُمْ یَقُوْلُ: أَنَا نَبِیٌّ، أَنَا نَبِیٌّ (مسند احمد، رقم الحدیث ۹۵۴۸) [1]

ترجمہ: قیامت کے قریب تیس کے قریب جھوٹے دجال (دجل وفریب سے کام لے کر جھوٹی نبوت کے دعویدار) کذاب ہوں گے، وہ سب کے سب یہ کہیں گے کہ میں نبی ہوں، میں نبی ہوں (مسند احمد)

## ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث

صحیح مسلم کی ایک حدیث میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: یَکُوْنُ فِیْ آخِرِ الزَّمَانِ دَجَّالُوْنَ کَذَّابُوْنَ، یَأْتُوْنَکُمْ مِنَ الْأَحَادِیْثِ بِمَا لَمْ تَسْمَعُوْا أَنْتُمْ، وَلَا آبَاؤُکُمْ، فَإِیَّاکُمْ وَإِیَّاھُمْ، لَا یُضِلُّوْنَکُمْ، وَلَا یُفْتِنُوْنَکُمْ (صحیح مسلم، رقم الحدیث ۷ "مقدمة الامام مسلم رحمه الله، باب فی الضعفاء والکذابین ومن یرغب عن حدیثهم)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آخری زمانہ میں دجال، کذاب (یعنی بہت زیادہ دجل وفریب سے کام لے کر جھوٹی نبوت کے دعویدار) ہوں گے، جو تمہارے سامنے ایسی باتیں پیش کریں گے، جو نہ تم نے سنیں، اور نہ تمہارے آباء واجداد نے سنیں، تو تم اپنے آپ کو ان سے بچاؤ، اور ان کو اپنے سے دور رکھو، تاکہ وہ تمہیں گمراہ نہ کریں، اور تمہیں فتنہ میں نہ ڈالیں (مسلم)

## جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ

---

[1] قال شعیب الارنؤوط: إسناده صحیح علی شرط الشیخین (حاشیة مسند احمد)

فرماتے ہوئے سنا کہ:

إِنَّ بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ كَذَّابِيْنَ فَاحْذَرُوْهُمْ (صحيح مسلم، رقم الحديث ١٨٢٢ "١٠" كتاب الإمارة، باب الناس تبع لقريش، والخلافة فى قريش)

ترجمہ: قیامت سے پہلے کذاب ہوں گے، تم ان سے اپنے آپ کو بچانا (مسلم)

## ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: إِنَّ بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ ثَلَاثِيْنَ دَجَّالًا كَذَّابًا (مسند احمد، رقم الحديث ٥٩٨٥) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ قیامت سے پہلے تیس (30) دجال، کذاب برآمد ہوں گے (مسند احمد)

## حذیفہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فِيْ أُمَّتِيْ كَذَّابُوْنَ وَدَجَّالُوْنَ سَبْعَةٌ وَّعِشْرُوْنَ: مِنْهُمْ أَرْبَعُ نِسْوَةٍ، وَإِنِّي خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ لَا نَبِيَّ بَعْدِيْ (مسند احمد، رقم الحديث ٢٣٣٥٨) [2]

ترجمہ: اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت میں ستائیس (27) کذاب اور دجال ہوں گے، جن میں سے چار عورتیں ہوں گی، حالانکہ میں خاتم النبیین ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں (مسند احمد)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره (حاشية مسند احمد)

[2] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح (حاشية مسند احمد)

# ثوبان رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے ایک حدیث میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد مروی ہے کہ:

**وَإِنَّهُ سَيَكُونُ فِي أُمَّتِي كَذَّابُونَ ثَلَاثُونَ كُلُّهُمْ يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِيٌّ، وَأَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّينَ لَا نَبِيَّ بَعْدِي، وَلَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِنْ أُمَّتِي عَلَى الْحَقِّ ظَاهِرِينَ لَا يَضُرُّهُمْ مَنْ خَالَفَهُمْ حَتَّى يَأْتِيَ أَمْرُ اللَّهِ** (مسند احمد، رقم الحديث ٢٢٣٩٥) [1]

ترجمہ: اور عنقریب میری امت میں تیس (30) کذاب ہوں گے، جن میں سے ہر ایک یہ گمان کرے گا کہ وہ نبی ہے، حالانکہ میں خاتم النبیین ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں، اور میری امت کی ایک جماعت ہمیشہ حق پر قائم رہے گی، غالب رہے گی، جن کو ان کی مخالفت کرنے والے ضرر نہیں پہنچا سکیں گے، یہاں تک کہ اللہ کا حکم (موت یا قیامت کی شکل میں) آ جائے (مسند احمد)

جن احادیث میں ستائیس کذابوں کا ذکر ہے، ان میں کسر کی رعایت کی گئی ہے، اور جن میں تیس کا ذکر ہے، ان میں کسر کے بغیر تعداد کو ذکر کیا گیا ہے، لہٰذا دونوں قسم کی احادیث ایک دوسرے کے مخالف نہیں ہیں، اور جن احادیث میں تیس کے قریب دجالوں کا ذکر ہے، وہ بھی ان دونوں قسم کی احادیث کو شامل ہونے کی وجہ سے ان کے موافق ہیں۔

# جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ كَذَّابِينَ، مِنْهُمْ صَاحِبُ الْيَمَامَةِ، وَمِنْهُمْ صَاحِبُ صَنْعَاءَ الْعَنْسِيُّ،**

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم (حاشية مسند احمد)

وَمِنْهُمْ صَاحِبُ حِمْيَرَ، وَمِنْهُمُ الدَّجَّالُ، وَهُوَ أَعْظَمُهُمْ فِتْنَةً، قَالَ: وَقَالَ أَصْحَابِي: قَالَ: هُمْ قَرِيبٌ مِّنْ ثَلَاثِيْنَ كَذَّابًا (صحيح ابنِ حبان، رقم الحديث ٦٦٥٠، كتاب التاريخ، باب إخباره صلى الله عليه وسلم عما يكون فى أمته من الفتن والحوادث)[1]

ترجمہ: میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا، آپ نے فرمایا کہ قیامت سے پہلے کذاب (یعنی جھوٹی نبوت کے دعویدار) ہوں گے، اُن میں صاحبِ یمامہ (یعنی مسیلمہ کذاب) اور اُن میں صاحبِ صنعاء (اسود) عنسی، اور اُن میں صاحبِ حمیر، اور اُن میں دجال ہے، اور وہ (دجّال) ان سب میں عظیم فتنے والا ہے، حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میرے ساتھیوں نے فرمایا کہ کذاب (یعنی جھوٹی نبوت کے دعویدار تعداد میں) تیس کے قریب ہیں (ابنِ حبان)

پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد نبوت کا دعویٰ کرنے والے لوگ جھوٹے، مکار، اور دجال ہیں، ان کے دجل وفریب، اور جھوٹے دعووں سے بچنا چاہیے، اور قیامت تک پیش آنے والے حالات کے متعلق نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بیان فرمودہ واختیار کردہ ہدایات وتعلیمات کو اپنا رہنما بنانا چاہیے۔

اور جھوٹے، کذاب لوگ مختلف ادوار میں ہوتے رہیں ہیں، آج بھی ہیں، بلکہ پہلے زمانوں کے مقابلہ میں زیادہ پرکشش اور پرفریب انداز میں موجود ہیں۔

اللہ تعالیٰ حفاظت فرمائے۔ آمین۔

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده قوى (حاشية ابنِ حبان)

## (فصل نمبر 6)

# منکرینِ حدیث اور قرآن کے غلط ترجمانوں کا فتنہ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کو اس بات سے بھی خبردار کیا کہ قیامت سے پہلے احادیث وسنت کے منکرین، اور قرآن کے غلط اور جھوٹے ترجمان بھی پیدا ہوں گے، جن میں سے بعض منافق تک بھی ہوں گے، اور بعض محض مال، یا جاہ کی خاطر قرآن اور اسلام کی غلط تشریح کریں گے۔

ذیل میں اس کی تفصیل ملاحظہ فرمائیں۔

## مقدام بن معدی کرب رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت مقدام بن معدی کرب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

حَرَّمَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَوْمَ خَیْبَرَ أَشْیَاءَ، ثُمَّ قَالَ: یُوْشِکُ أَحَدُکُمْ أَنْ یُکَذِّبَنِیْ وَھُوَ مُتَّکِءٌ عَلٰی أَرِیکَتِہٖ یُحَدَّثُ بِحَدِیْثِیْ، فَیَقُوْلُ: بَیْنَنَا وَبَیْنَکُمْ کِتَابُ اللّٰہِ، فَمَا وَجَدْنَا فِیْہِ مِنْ حَلَالٍ اِسْتَحْلَلْنَاہُ، وَمَا وَجَدْنَا فِیْہِ مِنْ حَرَامٍ حَرَّمْنَاہُ، أَلَا وَإِنَّ مَا حَرَّمَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِثْلُ مَا حَرَّمَ اللّٰہُ (مسند احمد، رقم الحدیث ۱۷۱۹۴)[1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کے دن مختلف چیزوں کو حرام فرمایا، اور پھر فرمایا کہ عنقریب (ایسا زمانہ آئے گا کہ) ایک شخص اپنے تخت (یا صوفہ وغیرہ)

[1] قال شعیب الارنؤوط: حدیث صحیح (حاشیۃ مسند احمد)

پر ٹیک لگائے ہوئے گا، اس کے سامنے میری حدیث بیان کی جائے گی تو وہ کہے گا کہ ہمارے اور تمہارے درمیان اللہ کی کتاب (یعنی قرآن مجید موجود) ہے، جو ہم اس میں حلال پائیں گے، ہم اُسے حلال سمجھیں گے اور جو ہم اس میں حرام پائیں گے اُسے حرام سمجھیں گے (اور ہم احادیث میں بیان کردہ حلال اور حرام کے حکم کو نہیں مانیں گے)

خبردار رہو! بلاشبہ جس چیز کو اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے حرام ٹھہرایا ہے، وہ اللہ تعالیٰ کی حرام ٹھہرائی ہوئی چیز کی طرح ہے (مسند احمد)

## مقدام بن معدی کرب رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت

اور حضرت مقدام بن معدی کرب رضی اللہ عنہ ہی کی ایک دوسری روایت میں ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: إِنِّيْ أُوْتِيْتُ الْكِتَابَ وَمَا يَعْدِلُهُ يُوْشِكُ شِبْعَانِ عَلٰى أَرِيْكَتِهٖ أَنْ يَّقُوْلَ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ هٰذَا الْكِتَابُ فَمَا كَانَ فِيْهِ مِنْ حَلَالٍ أَحْلَلْنَاهُ وَمَا كَانَ فِيْهِ مِنْ حَرَامٍ حَرَّمْنَاهُ أَلَا وَإِنَّهُ لَيْسَ كَذٰلِكَ (صحيح ابنِ حبان،رقم الحديث ١٢، المقدمة، باب الاعتصام بالسنة وما يتعلق بها نقلا وأمرا وزجرا) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے کتاب (یعنی قرآن) اور اس کی طرح (واجب الاتباع ایک اور) چیز (یعنی سنت) دی گئی ہے، اور عنقریب کوئی پیٹ بھرا (مال ودولت والا شخص) اپنے تخت (یا صوفہ وغیرہ) پر ٹیک لگائے ہوئے (تکبر کے انداز میں) کہے گا کہ ہمارے اور تمہارے درمیان یہ کتاب (یعنی قرآن) ہے، پس جو کچھ اس میں حلال ہے، ہم اُسے حلال سمجھیں گے، اور جو کچھ اس میں حرام ہے، ہم اُسے حرام سمجھیں گے (اور اس کے علاوہ احادیث

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده قوی (حاشية صحيح ابنِ حبان)

www.idaraghufran.org

وغیرہ سے ثابت شدہ حرام یا حلال کے حکم کو نہیں مانیں گے) خبردار رہو! حقیقت میں ایسا نہیں ہے (بلکہ قرآن کے علاوہ سنت سے بھی بہت سی چیزیں حلال اور حرام ثابت ہوتی ہیں) (ابنِ حبان)

## ابورافع رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا أُلْفِيَنَّ أَحَدَكُم مُتَّكِئاً عَلٰى أَرِيْكَتِهٖ يَأْتِيْهِ الْأَمْرُ مِنْ أَمْرِىْ مِمَّا أُمِرْتُ بِهٖ أَوْ نَهَيْتُ عَنْهُ، فَيَقُوْلُ: لَا نَدْرِىْ، مَا وَجَدْنَا فِىْ كِتَابِ اللّٰهِ اِتَّبَعْنَاهُ (سنن ابی داؤد، رقم الحديث ۴۶۰۵، كتاب السنة، باب فی لزوم السنة، سنن الترمذی، رقم الحديث ۲۶۶۳، سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ۱۳، مسند احمد، رقم الحديث ۲۳۸۷۶) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایسا نہ ہو کہ میں تم میں سے کسی کو اس حال میں پاؤں (یعنی اس کا یہ حال ہو) کہ وہ اپنی نشست پر ٹیک لگا کر (تکبر کے انداز میں) بیٹھا ہوا اور اس کو میری کوئی حدیث پہنچے، جس میں میں نے کسی کام کے کرنے یا نہ کرنے کا حکم دیا ہو تو وہ کہے کہ ہم نہیں جانتے، ہم تو بس اسی حکم کو مانیں گے، جو ہم کو قرآن میں ملے گا (ابوداؤد، ترمذی، ابنِ ماجہ، مسند احمد)

---

[1] قال الترمذی:

هـذا حـديـث حسن وروى بعضهم هذا الحديث عن سفيان، عن ابن المنكدر، عن النبى صلى الله عليه وسلم مرسلا .وعن سالم أبى النضر، عن عبيد الله بن أبى رافع، عن أبيه، عـن النبى صلى الله عليه وسلم " .وكـان ابن عيينة إذا روى هذا الحديث على الانفراد بيـن حـديـث محمد بن المنكدر من حديث سالم أبى النضر، وإذا جمعهما روى هكذا، وأبو رافع مولى النبى صلى الله عليه وسلم اسمه :أسلم"

وقال شعيب الارنؤوط:

إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

## سورہ نجم کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ نجم میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَالنَّجْمِ إِذَا هَوٰی. مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰی. وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰی. إِنْ هُوَ إِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰی (سورة النجم، رقم الآيات ۱ الٰی ۴)

ترجمہ: ستارے کی قسم ہے جب وہ ڈوبنے لگے۔ تمہارا رفیق (وساتھی) نہ گمراہ ہوا ہے اور نہ بہکا ہے۔ اور نہ وہ اپنی خواہش سے کوئی بات کہتے ہیں۔ وہ تو صرف وحی ہے جو اتاری جاتی ہے (سورہ نجم)

اس سے معلوم ہوا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنی خواہش سے کوئی بات نہیں کرتے، بلکہ ان کی بات وحی پر مبنی ہوتی ہے، لہٰذا قرآن مجید کی مذکورہ آیت سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث کا حجت اور وحی ہونا معلوم ہوا۔

## قرآن مجید کی دوسری کئی آیات کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ آلِ عمران میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

قُلْ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ (سورة آل عمران، رقم الآية ۳۲)

ترجمہ: آپ فرما دیجئے کہ اطاعت کرو تم اللہ کی اور رسول کی (سورہ آلِ عمران)

اور سورہ آلِ عمران ہی میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ (سورة آل عمران، رقم الآية ۱۳۲)

ترجمہ: اور اطاعت کرو تم اللہ کی اور رسول کی (سورہ آلِ عمران)

اور سورہ نساء میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ (سورة النسآء، رقم الآية ۵۹)

ترجمہ: اطاعت کرو تم اللہ کی اور اطاعت کرو تم رسول کی (سورہ نسآء)

اور سورہ نساء میں ہی اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَمَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ (سورة النسآء،رقم الآية ٨٠)

ترجمہ: اور جس نے اطاعت کی رسول کی، تو اس نے اطاعت کی اللہ کی (سورہ نسآء)

اور سورہ انفال میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ (سورة الانفال،رقم الآية ١)

ترجمہ: اور اطاعت کرو تم اللہ کی اور اس کے رسول کی، اگر ہو تم مومن (سورہ انفال)

اس طرح کی اور بھی کئی آیات قرآن مجید میں موجود ہیں، جن میں اللہ کی اطاعت کے ساتھ رسول کی اطاعت کا الگ سے مستقل ذکر کیا گیا ہے، اور قرآن مجید کے اس حکم پر عمل اس وقت تک ممکن نہیں، جب تک سنتِ رسول واحادیثِ رسول کو نہ مانا جائے۔

## عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كُنْتُ أَكْتُبُ كُلَّ شَيْءٍ أَسْمَعُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُرِيْدُ حِفْظَهُ، فَنَهَتْنِيْ قُرَيْشٌ، فَقَالُوْا: إِنَّكَ تَكْتُبُ كُلَّ شَيْءٍ تَسْمَعُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَشَرٌ يَتَكَلَّمُ فِي الْغَضَبِ وَالرِّضَا، فَأَمْسَكْتُ عَنِ الْكِتَابِ، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ: اُكْتُبْ فَوَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ مَا خَرَجَ مِنِّيْ إِلَّا حَقٌّ (مسند احمد، رقم الحديث ٦٥١٠) [1]

ترجمہ: میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان سے جو چیزیں سن لیتا، اسے لکھ

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية مسند احمد)

لیتا، تا کہ یاد کرسکوں، مجھے قریش کے لوگوں نے اس سے منع کیا اور کہا کہ تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جو کچھ بھی سنتے ہو سب لکھ لیتے ہو، حالانکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی ایک انسان ہیں، بعض اوقات غصہ میں بات کرتے ہیں اور بعض اوقات خوشی میں، ان لوگوں کے کہنے کے بعد میں نے لکھنا چھوڑ دیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ بات ذکر کردی، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لکھ لیا کرو اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے میری زبان سے حق کے سوا کچھ نہیں نکلتا (مسند احمد)

## ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: إِنِّىْ لَا أَقُوْلُ إِلَّا حَقًّا، قَالَ بَعْضُ أَصْحَابِهِ: فَإِنَّكَ تُدَاعِبُنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَقَالَ: إِنِّىْ لَا أَقُوْلُ إِلَّا حَقًّا** (مسند احمد، رقم الحديث ۸۴۸۱) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں تو ہمیشہ حق بات ہی کہتا ہوں، کسی صحابی نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! آپ تو ہمارے ساتھ مذاق بھی کرتے ہیں؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مذاق میں بھی ہمیشہ حق بات ہی کہتا ہوں (مسند احمد)

## سورہ حشر کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ حشر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

**وَمَا آتَاكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ،وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا، وَاتَّقُوا اللّٰهَ،**

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده قوى من أجل محمد (حاشية مسند احمد)

إِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ (سورة الحشر، رقم الآية ٧)

ترجمہ: اور جو چیز رسول تمہیں دے، تو تم اُس کو لے لو اور جس چیز سے وہ تم کو روکے، تو تم اس سے رک جاؤ، اور اللہ سے ڈرو، بے شک اللہ شدید سزا والا ہے (سورہ حشر)

اس سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عطا و بیان کردہ احکام پر عمل ضروری ہے، اور اس کا قرآن مجید میں حکم دیا گیا ہے۔

## ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

لَعَنَ اللّٰهُ الْوَاشِمَاتِ وَالْمُسْتَوْشِمَاتِ، وَالْمُتَنَمِّصَاتِ وَالْمُتَفَلِّجَاتِ، لِلْحُسْنِ الْمُغَيِّرَاتِ خَلْقَ اللّٰهِ فَبَلَغَ ذٰلِكَ امْرَأَةً مِنْ بَنِيْ أَسَدٍ يُقَالُ لَهَا أُمُّ يَعْقُوْبَ، فَجَاءَتْ فَقَالَتْ: إِنَّهُ بَلَغَنِيْ عَنْكَ أَنَّكَ لَعَنْتَ كَيْتَ وَكَيْتَ، فَقَالَ: وَمَا لِيْ أَلْعَنُ مَنْ لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَنْ هُوَ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ، فَقَالَتْ: لَقَدْ قَرَأْتُ مَا بَيْنَ اللَّوْحَيْنِ، فَمَا وَجَدْتُ فِيْهِ مَا تَقُوْلُ، قَالَ: لَئِنْ كُنْتِ قَرَأْتِيْهِ لَقَدْ وَجَدْتِيْهِ، أَمَا قَرَأْتِ: وَمَا آتَاكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا؟ قَالَتْ: بَلٰى، قَالَ: فَإِنَّهُ قَدْ نَهٰى عَنْهُ، قَالَتْ: فَإِنِّيْ أَرٰى أَهْلَكَ يَفْعَلُوْنَهُ، قَالَ: فَاذْهَبِيْ فَانْظُرِيْ، فَذَهَبَتْ فَنَظَرَتْ، فَلَمْ تَرَ مِنْ حَاجَتِهَا شَيْئًا، فَقَالَ: لَوْ كَانَتْ كَذٰلِكَ مَا جَامَعْتُهَا (صحيح البخارى، رقم الحديث ٤٨٨٦، كتاب تفسير القرآن، باب وما آتاكم الرسول فخذوه)

ترجمہ: اللہ ان عورتوں پر لعنت فرماتا ہے، جو بدن کو گودتی ہیں (یعنی جسم کی کھال

میں رنگ بھروا کر لکھائی کرتی ہیں ) اور جو عورتیں جسم گودواتی ہیں، اور چہرے کے بال اکھڑواتی ہیں حسن کے لئے دانتوں کو کشادہ کراتی ہیں، اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی صورت کو بدلنے والی ہیں، بنی اسد کی ایک عورت کو، جس کا نام امِ یعقوب تھا، یہ خبر ملی تو وہ (حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس) آئی اور کہا کہ مجھے معلوم ہوا ہے کہ آپ نے اس اس طرح لعنت کی ہے، تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں کیوں اس پر لعنت نہ کروں جس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لعنت کی ہے اور جس کا ذکر کتابُ اللہ (یعنی قرآن مجید) میں بھی ہے، اس عورت نے کہا کہ میں نے قرآن کو پڑھ لیا ہے جو دولوحوں (دو طرف کے گتّوں) کے درمیان ہے (یعنی پورا قرآن پڑھا ہے) لیکن جو تم کہتے ہو (کہ فلاں فلاں عمل کرنے والوں پر اللہ کی لعنت ہوتی ہے) وہ میں نے اس (قرآن مجید) میں نہیں پایا، تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اگر تو (صحیح معنیٰ میں قرآن کو) پڑھتی، تو ضرور اس میں (اس لعنت کا ذکر) پاتی، کیا تو نے (سورہ حشر کی) یہ آیت نہیں پڑھی کہ:

”مَا آتَاكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ،وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا“

”رسول جو کچھ تمہیں دے اس کو لے لو اور جس سے روکے باز آجاؤ“

اس نے کہا کہ جی ہاں! حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان چیزوں سے منع فرمایا ہے، اس عورت نے کہا کہ تمہاری بیوی ایسا کرتی ہے انہوں نے کہا جا کر دیکھ آ، چنانچہ وہ گئی اور دیکھا تو کچھ نہ پایا، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اگر وہ (یعنی میری بیوی) ایسا کرتی تو میں اس کے قریب نہ جاتا (بخاری)

## ابنِ عمرو ابنِ عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث

سعید بن جبیر سے روایت ہے کہ:

عَنِ ابْنِ عُمَرَ، وَابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّهُمَا شَهِدَا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَّهُ نَهٰى عَنِ الدُّبَّاءِ، وَالْحَنْتَمِ، وَالْمُزَفَّتِ، وَالنَّقِيْرِ، ثُمَّ تَلَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "وَمَا آتَاكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ، وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا" (مسند احمد، رقم الحديث ٣٣٠٠) [1]

ترجمہ: حضرت ابنِ عمرو ابنِ عباس رضی اللہ عنہما نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں گواہی دی کہ آپ نے دباء، اور حنتم، اور مزفت، اور نقیر سے منع فرمایا، اور پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (سورہ حشر کی) یہ آیت تلاوت فرمائی کہ:

وَمَا آتَاكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ، وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا

"رسول جو کچھ تمہیں دے اس کو لے لو اور جس سے روکے باز آجاؤ"

(مسند احمد)

## جابر بن عبداللہ و ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی احادیث

صحیح بخاری میں حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے ایک لمبی حدیث میں روایت ہے کہ فرشتوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے خواب میں آکر ذکر کیا کہ:

فَالدَّارُ اَلْجَنَّةُ وَالدَّاعِيْ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَنْ أَطَاعَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَدْ أَطَاعَ اللّٰهَ وَمَنْ عَصٰى مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ (صحيح البخاری، رقم الحديث ٧٢٨١، كتاب الاعتصام بالكتاب والسنة، باب الاقتداء بسنن رسول الله صلى الله عليه وسلم)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: اسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير منصور بن حيان، فمن رجال مسلم (حاشية مسند احمد)

ترجمہ: پس اصل گھر جنت ہے،اوراس کی دعوت دینے والے محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں، پس جس نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کی،تو اس نے اللہ کی اطاعت کی، اور جس نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی کی،تو اس نے اللہ کی نافرمانی کی (بخاری)

اس حدیث میں رسول کی اطاعت کو اللہ کی اطاعت اور رسول کی نافرمانی کو اللہ کی نافرمانی قرار دیا گیا ہے،اوراس پر عمل اس وقت تک ممکن نہیں، جب تک اللہ کے رسول کی سنت وحدیث کو حجت نہ مانا جائے، کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بہت سے احکام کا صاف طور پر ذکر احادیث وسنت میں ہی موجود ہے۔

اور صحیح بخاری میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰـهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كُلُّ أُمَّتِيْ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ إِلَّا مَنْ أَبٰى قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰـهِ وَمَنْ يَّأْبٰى قَالَ مَنْ أَطَاعَنِيْ دَخَلَ الْجَنَّةَ ،وَمَنْ عَصَانِيْ فَقَدْ أَبٰى (صحيح البخارى،رقم الحديث،۷۲۸۰،كتاب الاعتصام بالكتاب والسنة،باب الاقتداء بسنن رسول الله صلى الله عليه وسلم)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری تمام امت جنت میں جائے گی ،مگر جو انکار کرے،لوگوں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول!وہ کون ہے، جو انکار کرے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب میں فرمایا کہ جس نے میری اطاعت کی ،وہ جنت میں داخل ہوگا اور جس نے میری نافرمانی کی اس نے میرا انکار کیا(بخاری)

اس حدیث کا مفہوم بھی گذشتہ حدیث کے مطابق ہے،جس سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت اوراحادیثِ رسول کی اتباع کا واجب ہونا ثابت ہوتا ہے،جس پر منکرینِ حدیث کا پورا اترنا ممکن نہیں۔

اور صحیح بخاری میں ہی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ایک حدیث میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد مروی ہے کہ:

فَإِذَا نَهَيْتُكُمْ عَنْ شَيْءٍ فَاجْتَنِبُوهُ وَإِذَا أَمَرْتُكُمْ بِأَمْرٍ فَأْتُوا مِنْهُ مَا اسْتَطَعْتُمْ (بخارى، رقم الحديث ۷۲۸۸، كتاب الاعتصام بالكتاب والسنة، باب الاقتداء بسنن رسول الله صلى الله عليه وسلم)

ترجمہ: پس جب میں تمہیں کسی چیز سے منع کروں، تو تم اس سے رک جاؤ، اور جب میں تمہیں کسی کام کا حکم دوں، تو اپنی حسبِ قدرت اس پر عمل کرو (بخاری)

اس حدیث میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دیئے ہوئے حکم پر عمل کرنے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی منع کی ہوئی بات سے رک جانے کا صاف طور پر حکم موجود ہے، جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت اور احادیثِ نبوی کے قابلِ عمل و حجت ہونے کی دلیل ہے۔

## انس، ایک صحابی وابنِ عمر رضی اللہ عنہم کی احادیث

صحیح بخاری میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد مروی ہے کہ:

فَمَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِي فَلَيْسَ مِنِّي (صحيح البخارى، رقم الحديث ۵۰۶۳، كتاب النكاح، باب الترغيب فى النكاح، صحيح مسلم، رقم الحديث ۱۴۰۱ "۵")

ترجمہ: پس جس نے میری سنت سے اعراض کیا، تو وہ مجھ میں سے نہیں (بخاری، ومسلم)

اس حدیث میں صاف طور پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت سے اعراض کرنے پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے تعلق نہ ہونے کا ذکر ہے، اور اس وعید میں منکرینِ حدیث وسنت داخل ہیں۔

Idara Ghufran

اور ایک انصاری صحابی رضی اللہ عنہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد روایت ہے کہ:

**فَمَنُ اقْتَدٰى بِیْ فَهُوَ مِنِّیْ، وَمَنُ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِیْ فَلَيْسَ مِنِّیْ، إِنَّ لِكُلِّ عَمَلٍ شِرَّةً ثُمَّ فَتْرَةً، فَمَنْ كَانَتْ فَتْرَتُهُ إِلٰى بِدْعَةٍ فَقَدْ ضَلَّ، وَمَنْ كَانَتْ فَتْرَتُهُ إِلٰى سُنَّةٍ فَقَدِ اهْتَدٰى** (مسند احمد، رقم الحديث ٢٣٤٧٤) [1]

ترجمہ: پس جو شخص میری اقتداء و پیروی کرے، تو وہ مجھ میں سے ہے، اور جو میری سنت سے اعراض کرے، تو وہ مجھ میں سے نہیں ہے، بے شک ہر عمل کے اندر (شروع میں) رغبت (حرص وتازگی) ہوتی ہے، پھر (بالآخر) سکون ہوتا ہے، پس جس کا سکون بدعت کی طرف ہوا، تو وہ گمراہ ہوگیا، اور جس کا سکون میری سنت کی طرف ہوا، تو وہ کامیاب ہوگیا (مسند احمد)

اس سے صاف معلوم ہوا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت سے اعراض گمراہی، اور آپ کی سنت پر عمل ہدایت کا ذریعہ ہے۔

اور حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِكُلِّ عَمَلٍ شِرَّةٌ، وَلِكُلِّ شِرَّةٍ فَتْرَةٌ، فَمَنْ كَانَتْ فَتْرَتُهُ إِلٰى سُنَّتِیْ، فَقَدْ أَفْلَحَ، وَمَنْ كَانَتْ إِلٰى غَيْرِ ذٰلِكَ فَقَدْ هَلَكَ** (مسند احمد،رقم الحديث٦٩٥٨) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر عمل کے اندر (شروع میں) رغبت (حرص وتازگی) ہوتی ہے، اور ہر رغبت میں (بالآخر) سکون ہوتا ہے، پس جس کا سکون میری سنت کی طرف ہوا، تو وہ کامیاب ہوگیا، اور جس کا سکون میری سنت کے علاوہ کسی اور چیز کی طرف ہوا، تو وہ ہلاک ہوگیا (مسند احمد)

اس حدیث سے صاف معلوم ہوا کہ سنتِ نبوی کو چھوڑنا ہلاکت کا ذریعہ ہے۔

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية مسند احمد)

[2] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط الشيخين (حاشية مسند احمد)

# ابنِ عباس، ابو ہریرہ وزید بن ارقم رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد مروی ہے کہ:

**يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنِّي قَدْ تَرَكْتُ فِيكُمْ مَا إِنِ اعْتَصَمْتُمْ بِهِ ،فَلَنْ تَضِلُّوا أَبَدًا ،كِتَابُ اللّٰهِ ،وَسُنَّةُ نَبِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِنَّ كُلَّ مُسْلِمٍ أَخُ مُسْلِمٍ، الْمُسْلِمُونَ إِخْوَةٌ، وَلَا يَحِلُّ لِامْرِءٍ مِنْ مَالِ أَخِيهِ إِلَّا مَا أَعْطَاهُ عَنْ طِيبِ نَفْسٍ، وَلَا تَظْلِمُوا، وَلَا تَرْجِعُوا مِنْ بَعْدِي كُفَّارًا يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ** (المستدرک للحاکم، رقم الحديث ۳۱۸، کتاب العلم) [1]

ترجمہ: اے لوگو! میں تم میں ایسی چیز چھوڑ کر جا رہا ہوں کہ اگر تم اس کو مضبوطی سے پکڑ کر رکھو گے تو کبھی بھی گمراہ نہیں ہوگے، ایک کتاب اللہ اور دوسرے سنتِ نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، بلاشبہ ہر مسلمان، مسلمان کا بھائی ہے، تمام مسلمان آپس میں بھائی ہیں، اور کسی آدمی کے لئے اس کے بھائی کا مال حلال نہیں، جب تک کہ وہ اپنی خوشدلی سے نہ دے، اور تم ظلم نہ کرنا، اور تم میرے بعد کافروں کے طریقے پر نہ لوٹ جانا کہ ایک دوسرے کی گردنوں کو مارو (یعنی ایک دوسرے کو قتل کرو) (حاکم)

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّي قَدْ تَرَكْتُ فِيكُمْ شَيْئَيْنِ**

---

[1] قال الحاکم:

وقد احتج البخاری بأحاديث عكرمة واحتج مسلم بأبی أويس، وسائر رواته متفق عليهم، وهذا الحديث لخطبة النبی صلى الله عليه وسلم متفق على إخراجه فی الصحيح: يا أيها الناس إنی قد تركت فيكم ما لن تضلوا بعده إن اعتصمتم به كتاب الله، وأنتم مسئولون عنی فما أنتم قائلون؟ وذكر الاعتصام بالسنة فی هذه الخطبة غريب ويحتاج إليها ."وقد وجدت له شاهدا من حديث أبی هريرة.

وقال الذهبی فی التلخيص:

احتج البخاری بعكرمة واحتج مسلم بأبی أويس عبد الله وله أصل فی الصحيح.

لَنْ تَضِلُّوْا بَعْدَهُمَا : كِتَابُ اللّٰهِ وَسُنَّتِیْ، وَلَنْ يَّتَفَرَّقَا حَتّٰى يَرِدَا عَلَیَّ الْحَوْضَ (المستدرک للحاکم،رقم الحدیث ۳۱۹، کتاب العلم)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں تم میں دو چیزیں چھوڑ رہا ہوں، جن (پر عمل کرنے) کے بعد تم ہرگز گمراہ نہیں ہوگے، ایک اللہ کی کتاب، اور دوسرے میری سنت، اور یہ دونوں چیزیں ایک دوسرے سے ہرگز بھی جدا نہیں ہونگیں، یہاں تک کہ قیامت کے دن میرے اوپر حوضِ کوثر پر آئیں گی (حاکم)

اس سے واضح ہوا کہ قرآن مجید پر عمل پیرا ہونے کے ساتھ، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت اور آپ کے طریقہ کی اتباع بھی، گمراہی سے بچنے کا ذریعہ ہے۔

لہٰذا سنت کو چھوڑ کر صرف قرآن مجید پر اکتفاء کا دعویٰ کرنا ہدایت کے لئے کافی نہیں ہے۔

اور بعض روایات میں کتاب اللہ کے ساتھ دوسری چیز اہلِ بیت کی سیرت ذکر کی گئی ہے۔

چنانچہ حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّیْ تَارِكٌ فِيْكُمْ مَا إِنْ تَمَسَّكْتُمْ بِهٖ لَنْ تَضِلُّوْا بَعْدِیْ أَحَدُهُمَا أَعْظَمُ مِنَ الْآخَرِ: كِتَابُ اللّٰهِ حَبْلٌ مَمْدُوْدٌ مِنَ السَّمَاءِ إِلَى الْأَرْضِ، وَعِتْرَتِیْ أَهْلُ بَيْتِیْ، وَلَنْ يَّتَفَرَّقَا حَتّٰى يَرِدَا عَلَیَّ الْحَوْضَ فَانْظُرُوْا كَيْفَ تَخْلُفُوْنِیْ فِيْهِمَا (سنن الترمذی، رقم الحدیث ۳۷۸۸، ابواب المناقب، باب مناقب أهل بیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک میں تم میں ایسی چیز چھوڑ رہا ہوں، جب تک تم اس کو مضبوطی سے پکڑ کر رکھو گے، تو ہرگز میرے بعد تم گمراہ نہیں ہوگے، ان دونوں میں سے ایک چیز دوسری سے زیادہ بڑی ہے، ایک تو اللہ

[1] قال الترمذی: هذا حدیث حسن غریب.

کی کتاب ہے، جو آسمان سے زمین تک لٹکی ہوئی رسی (کی طرح) ہے، اور دوسری میرے اہلِ بیت کی سنت ہے، اور یہ دونوں چیزیں ایک دوسرے سے ہرگز بھی جدا نہیں ہوں گی، یہاں تک کہ قیامت کے دن میرے اوپر حوضِ کوثر پر آئیں گی، پس تم دیکھ لینا کہ میرے بعد ان دونوں چیزوں میں تم کیا طرزِ عمل اختیار کرتے ہو (ترمذی)

اہل بیت، کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت وسنت سے واقف ہوتے ہیں، اس لئے کسی موقع پر اس کا ذکر فرما دیا، جس سے ایک دوسرے انداز میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت اور آپ کی تعلیمات پر عمل کو بیان کرنا ہی مقصود ہے۔

بہرحال قرآن مجید پر عمل کا دعویٰ، اور سنتِ نبوی، اور احادیثِ نبوی کا انکار کرنا سخت گمراہی ہے۔

پھر ایک طرف تو قیامت سے پہلے انکارِ حدیث کا فتنہ رونما ہوگا، دوسری طرف معتبر اور صحیح احادیث کے مقابلہ میں جھوٹی حدیثوں اور جھوٹی باتوں کا بھی فتنہ رونما ہوگا، اور بہت سے لوگ یہ سب کھیل قرآن کے نام پر کھیلیں گے، احادیث وسنت کو ایک طرف ڈال کر قرآن کی بعض مشتبہ باتوں سے لوگوں کو گمراہی میں مبتلاء کریں گے، کیونکہ اس کے بغیر لوگوں کا ان کی باتوں سے متاثر ہونا، اور انکارِ حدیث کے مقصود کو حاصل کرنا اور پروان چڑھانا ممکن نہ ہوگا۔

## عائشہ وابوہریرہ رضی اللہ عنہما کی احادیث

چنانچہ صحیح بخاری میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

تَلا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذِهِ الْآيَةَ: ”هُوَ الَّذِیْ أَنْزَلَ عَلَیْکَ الْکِتَابَ، مِنْهُ آيَاتٌ مُّحْكَمَاتٌ هُنَّ أُمُّ الْكِتَابِ، وَأُخَرُ مُتَشَابِهَاتٌ، فَأَمَّا الَّذِيْنَ فِیْ قُلُوْبِهِمْ زَيْغٌ فَيَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَاءَ

الْفِتْنَةِ، وَابْتِغَاءَ تَأْوِيلِهِ، وَمَا يَعْلَمُ تَأْوِيلَهُ إِلَّا اللّٰهُ، وَالرَّاسِخُونَ فِي الْعِلْمِ يَقُولُونَ: آمَنَّا بِهِ كُلٌّ مِنْ عِنْدِ رَبِّنَا وَمَا يَذَّكَّرُ إِلَّا أُولُو الْأَلْبَابِ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَإِذَا رَأَيْتِ الَّذِينَ يَتَّبِعُونَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ فَأُولٰئِكِ الَّذِينَ سَمَّى اللّٰهُ فَاحْذَرُوهُمْ (صحيح البخاری، رقم الحديث ۴۵۴۷، کتاب تفسير القرآن، سورة آلِ عمران، باب منه آيات محكمات)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (سورہ آلِ عمران کی) یہ آیات تلاوت فرمائیں (جس کا ترجمہ یہ ہے) ''وہ (اللہ تعالیٰ) ایسا ہے جس نے نازل کیا آپ پر کتاب کو جس کا ایک حصہ وہ آیتیں ہیں جو کہ اشتباہِ مراد سے محفوظ ہیں (یعنی اُن کا مطلب ظاہر ہے) اور یہی آیتیں اصلی مدار ہیں (اس) کتاب (یعنی قرآن) کا؛ اور دوسری آیتیں ایسی ہیں جو کہ مشتبہُ المراد ہیں (یعنی اُن کا مطلب خفی ہے) سو جن لوگوں کے دِلوں میں کجی ہے وہ تو اُس کے اُسی حصے کے پیچھے ہو لیتے ہیں جو مشتبہُ المراد ہے (دین میں) شورش ڈھونڈنے کی غرض سے، اور اُس (مشتبہُ المراد) کے (غلط) مطلب ڈھونڈنے کی غرض سے (تاکہ اپنے غلط عقیدے میں اُس سے مدد حاصل کریں) حالانکہ اُس کا (صحیح) مطلب اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی اور نہیں جانتا، اور (اسی واسطے) جو لوگ علم (دین) میں پختہ کار (اور فہیم) ہیں وہ (ایسی آیتوں کے متعلق) یوں کہتے ہیں کہ ہم اِس پر (اجمالاً) یقین رکھتے ہیں، سب (آیتیں ظاہرُ المعنیٰ بھی، خفیُ المعنیٰ بھی) ہمارے پروردگار کی طرف سے ہیں، اور نصیحت وہی لوگ قبول کرتے ہیں جو کہ اہلِ عقل ہیں (آیات کا ترجمہ ختم ہوا)

پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب آپ ان لوگوں کو دیکھو، جو قرآن

کے (''محکمات'' کو چھوڑ کر) ''متشابہات'' کی تلاش میں ہیں، تو سمجھ لو کہ یہی وہ لوگ ہیں، جن کا ذکر اللہ نے اس آیت میں (اس طرح) کیا ہے (کہ ان کے دل میں کجی ہے) پس تم ان سے الگ رہو (بخاری)

معلوم ہوا کہ قرآن کی محکم باتوں کو چھوڑ کر اس کی مشتبہ چیزوں کے درپے ہونا، گمراہ لوگوں کی نشانی ہے۔

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ قَالَ: سَيَكُوْنُ فِيْ آخِرِ أُمَّتِيْ أُنَاسٌ يُحَدِّثُوْنَكُمْ مَا لَمْ تَسْمَعُوْا أَنْتُمْ، وَلَا آبَاؤُكُمْ، فَإِيَّاكُمْ وَإِيَّاهُمْ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٦ "٦" مقدمة الإمام مسلم، باب النهى عن الرواية عن الضعفاء والاحتياط فى تحملها)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عنقریب میری امت کے آخر میں ایسے لوگ ہوں گے، جو تمہارے سامنے ایسی حدیثیں بیان کریں گے، جو نہ تم نے سنیں، اور نہ تمہارے آباء واجداد نے سنیں، تو تم اپنے آپ کو ان سے بچانا، اور ان کو اپنے سے دور رکھنا (مسلم)

اس میں معتبر احادیث وسنت کو چھوڑ کر جھوٹی باتوں کو دین کی طرف منسوب کرنے والے لوگ بھی داخل ہیں۔

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ایک روایت میں ہے کہ:

إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: سَيَكُوْنُ فِيْ أُمَّتِيْ دَجَّالُوْنَ كَذَّابُوْنَ، يَأْتُوْنَكُمْ بِبِدَعٍ مِنَ الْحَدِيْثِ، بِمَا لَمْ تَسْمَعُوْا أَنْتُمْ وَلَا آبَاؤُكُمْ، فَإِيَّاكُمْ وَإِيَّاهُمْ لَا يَفْتِنُوْنَكُمْ (مسند أحمد، رقم الحديث ٨٥٩٢) [1]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث حسن (حاشيه مسند احمد)

ترجمہ: رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت میں عنقریب دجال، کذاب ہوں گے، جو تمہارے سامنے گھڑی ہوئی حدیثیں پیش کریں گے، جو نہ تم نے سنیں، اور نہ تمہارے آباء واجداد نے سنیں، تو تم اپنے آپ کو ان سے بچاؤ، اور ان کو اپنے سے دور رکھو، تاکہ وہ تمہیں فتنہ میں نہ ڈالیں (مسنداحمد)

یعنی وہ لوگ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت اور سچی احادیث کو چھوڑ کر اپنی طرف سے خوشنما بدعت والی باتیں ایجاد کریں گے۔

ان میں بعض لوگ اعتقادی، یا عملی منافق بھی ہوں گے، اور بعض اپنی شہرت، یا مال کی خاطر یہ سب کارروائی کریں گے، جو بعض دین کے ضروری احکام کو بھی ترک کردیں گے۔

## عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کی حدیث

چنانچہ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنِّيْ أَخَافُ عَلٰى أُمَّتِيْ اثْنَتَيْنِ: اَلْقُرْآنَ وَاللَّبَنَ، أَمَّا اللَّبَنُ فَيَبْتَغُوْنَ الرِّيفَ وَيَتَّبِعُوْنَ الشَّهَوَاتِ وَيَتْرُكُوْنَ الصَّلَوَاتِ، وَأَمَّا الْقُرْآنُ فَيَتَعَلَّمُهُ الْمُنَافِقُوْنَ فَيُجَادِلُوْنَ بِهِ الْمُؤْمِنِيْنَ (مسنداحمد، رقم الحديث ١٧٤٢١) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے اپنی امت کے متعلق قرآن، اور دودھ سے خطرہ ہے، جہاں تک دودھ کا تعلق ہے، تو لوگ سبزہ (وچارہ اور کھیتی) تلاش کریں گے، اور شہوتوں کی پیروی (واتباع) کریں گے، اور نمازوں کو چھوڑ دیں گے، اور جہاں تک قرآن کا تعلق ہے، تو اس کو منافقین سیکھیں گے، پھر اس کے ذریعہ سے مومنوں سے جھگڑا کریں گے (مسنداحمد)

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث حسن (حاشية مسند احمد)

# عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت

اور مستدرک حاکم کی حضرت عقبہ سے مروی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: سَيَهْلِكُ مِنْ أُمَّتِي أَهْلُ الْكِتَابِ وَأَهْلُ اللَّبَنِ قَالَ عُقْبَةُ: مَا أَهْلُ الْكِتَابِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: قَوْمٌ يَتَعَلَّمُوْنَ كِتَابَ اللّٰهِ يُجَادِلُوْنَ بِهٖ الَّذِيْنَ آمَنُوْا قَالَ: فَقُلْتُ: مَا أَهْلُ اللَّبَنِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: قَوْمٌ يَتَّبِعُوْنَ الشَّهَوَاتِ وَيُضِيْعُوْنَ الصَّلَوَاتِ (المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۳۴۱۷، کتاب التفسیر، تفسیر سورة مريم) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ عنقریب میری امت میں سے کتاب (یعنی قرآن) والے اور دودھ والے لوگ ہلاک ہوں گے، حضرت عقبہ نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! کتاب والے کس طرح ہلاک ہوں گے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ ایسے لوگ ہوں گے، جو کتابُ اللہ (یعنی قرآن مجید) کا علم حاصل کریں گے، مگر اس کے ذریعہ وہ (قرآن کا غلط استعمال کرکے) مومنوں سے جھگڑا کریں گے، حضرت عقبہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! دودھ والے کس طرح ہلاک ہوں گے؟ رسول اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ ایسے لوگ ہوں گے، جو شہوتوں کی پیروی (واتباع) کریں گے، اور نمازوں کو ضائع کریں گے (حاکم)

---

[1] قال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه.
وقال الذهبي فى التلخيص: صحيح.

## عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کی تیسری روایت

اور حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے ہی مسند احمد میں روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّمَا أَخَافُ عَلٰى أُمَّتِي الْكِتَابَ وَاللَّبَنَ. قَالَ: قِيْلَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا بَالُ الْكِتَابِ؟ قَالَ: يَتَعَلَّمُهُ الْمُنَافِقُوْنَ ثُمَّ يُجَادِلُوْنَ بِهِ الَّذِيْنَ آمَنُوا. فَقِيْلَ: وَمَا بَالُ اللَّبَنِ؟ قَالَ: أُنَاسٌ يُحِبُّوْنَ اللَّبَنَ، فَيَخْرُجُوْنَ مِنَ الْجَمَاعَاتِ وَيَتْرُكُوْنَ الْجُمُعَاتِ (مسند احمد، رقم الحدیث ۱۷۳۱۸) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں اپنی امت پر کتاب (یعنی قرآن مجید) اور دودھ کا خوف کرتا ہوں، عرض کیا گیا کہ اے اللہ کے رسول! کتاب (یعنی قرآن مجید) سے کس طرح کا خوف ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کتاب (یعنی قرآن مجید) کو منافق لوگ سیکھیں گے، پھر اس کے ذریعہ سے (اس کا ناجائز استعمال کرکے) ان لوگوں سے جھگڑا (اور بحث) کریں گے، جو کہ مومن ہیں، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا کہ دودھ سے کس طرح کا خوف ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ ایسے لوگ ہوں گے، جو دودھ سے محبت رکھیں گے، پھر وہ جماعت کی نمازیں چھوڑ کر نکل جائیں گے، اور جمعہ کی نمازوں کو بھی ترک کردیں گے (مسند احمد)

## عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کی چوتھی روایت

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کی ایک روایت میں یہ مضمون اس طرح سے آیا ہے کہ:

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث حسن، ابن لهيعة -وإن كان سيء الحفظ- قد روى عنه هذا الحديث عبد الله بن يزيد المقرىء كما سيأتي، وروايته عنه صالحة، وهو متابع أيضاً (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ يَقُوْلُ هَلَاكُ أُمَّتِيْ فِي الْكِتَابِ وَاللَّبَنِ قَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَاالْكِتَابُ وَاللَّبَنُ؟ قَالَ: يَتَعَلَّمُوْنَ الْقُرْآنَ فَيَتَأَوَّلُوْنَهُ عَلٰى غَيْرِ مَاأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ وَيُحِبُّوْنَ اللَّبَنَ فَيَدَعُوْنَ الْجَمَاعَاتِ وَالْجُمَعَ وَيَبْدُوْنَ (مسند احمد، رقم الحديث ١٧٤١٥؛ مسند ابویعلیٰ رقم الحديث ١٧٠٦، شعب الايمان للبيهقى، رقم الحديث ٢٧٤٩) ؎

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ میری امت کی ہلاکت کتاب (یعنی قرآن مجید) اور دودھ کی وجہ سے ہوگی، صحابۂ کرام نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! کتاب (یعنی قرآن مجید) اور دودھ سے کس طرح ہلاکت ہوگی؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قرآن سیکھ کر پھر (اس کے بعد بعض) لوگ اس کے ایسے معنیٰ بیان کریں گے، جو اللہ عزوجل کی مراد نہیں ہوں گے، اور وہ دودھ کی محبت کی وجہ سے جمعہ اور جماعت کی نماز چھوڑ دیں گے، اور بادیہ نشینی اختیار کریں گے (مسند احمد)

معلوم ہوا کہ قرآن کے نام پر گمراہ لوگوں کا ایک طبقہ بھی اس امت میں پیدا ہوگا، جو احادیث

؎ قال شعيب الارنؤوط: اسناداه حسنان (حاشية مسند احمد)
وقال الهيثمى: رواه أبو يعلى وأحمد وفيه ابن لهيعة وقال أبو قبيل: لم أسمع من عقبة إلا هذا الحديث (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ٣١٨٣، باب فيمن فاتته الجمعة)
و قال الالبانى: قلت: وهذا الحديث من أحاديث ابن لهيعة الصحيحة، لأنه من رواية أبى عبد الرحمن عنه، واسمه عبد الله بن يزيد المقرىء المكى، وهو ثقة من رجال الشيخين ومن كبار شيوخ البخارى، وقد ذكروا أنه من العبادلة الذين رووا عن ابن لهيعة قبل احتراق كتبه وأنه صحيح الحديث فيما رووه عنه. وقد روى هذا بإسنادين: الأول: عن أبى قبيل عن عقبة. والآخر: عن يزيد بن أبى حبيب عن أبى الخير عن عقبة. وهذا إسناد صحيح، لأن من فوق ابن لهيعة ثقتان من رجال الشيخين أيضا وأبو الخير اسمه مرثد بن عبد الله اليزنى. وأما إسناده الأول فحسن لأن أبا قبيل واسمه حيى بن هانى المعافرى وثقه جماعة منهم أحمد، وضعفه بعضهم، وقال الحافظ فى " التقريب ": "صدوق يهم". فهو حسن الحديث على الأقل، والله أعلم (سلسلة الاحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ٢٧٧٨)

وسنت سے ثابت شدہ احکام کو نظر انداز کرے گا، اور قرآن مجید کی غلط تفسیر بیان کر کے گمراہی پھیلائے گا۔

اور بادیہ نشینوں میں ہمارے علاقوں میں بعض مشہورِ زمانہ ایسے درویش بھی داخل ہیں، جنھوں نے عمر بھر، یا عمر کا بڑا حصہ جنگلوں میں گذار دیا، نہ نماز باجماعت کی پرواہ کی، نہ نمازِ جمعہ کا اہتمام کیا، نہ عمر بھر شادی کی، اور آج لوگ خاص ان ہی چیزوں کی وجہ سے ان کے بڑے عقیدت مند ہیں، دور دراز سے اہتمام کے ساتھ سفر واسفار کر کے ان کے مزار پر سلام ودعاء اور فاتحہ خوانی کے لئے عقیدت مندانہ حاضری دیتے ہیں۔

حالانکہ بادیہ نشینی اختیار کرنے سے اخلاق بگڑ جاتے ہیں۔

## ابنِ عباس وابوہریرہ رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ سَكَنَ الْبَادِيَةَ، جَفَا، وَمَنِ اتَّبَعَ الصَّيْدَ، غَفَلَ، وَمَنْ أَتَى السُّلْطَانَ، افْتُتِنَ (مسند احمد، رقم الحديث ٣٣٦٢) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص جنگل میں رہے گا، وہ بداخلاق ہوجائے گا، اور جو شخص شکار کے پیچھے پڑے گا، وہ غافل ہوجائے گا، اور جو شخص بادشاہ وحکمران کے پاس آئے گا، وہ فتنہ میں مبتلاء ہوجائے گا (مسند احمد)

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی اس حدیث کو امام ترمذی نے بھی روایت کیا ہے۔ [2]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حسن لغيره (حاشية مسند احمد)

[2] عن ابن عباس عن النبى صلى الله عليه وسلم قال: من سكن البادية جفا، ومن اتبع الصيد غفل، ومن أتى أبواب السلطان افتتن (سنن الترمذى، رقم الحديث ٢٢٥٦)

قال الترمذى: وفى الباب عن أبى هريرة. هذا حديث حسن غريب من حديث ابن عباس لا نعرفه إلا من حديث الثورى.

اس طرح کی حدیث حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی سند سے بھی مروی ہے۔ [1]

## انس وابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

جَاءَ ثَلَاثَةُ رَهْطٍ إِلٰى بُيُوْتِ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَسْأَلُوْنَ عَنْ عِبَادَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا أُخْبِرُوْا كَأَنَّهُمْ تَقَالُّوْهَا، فَقَالُوْا: وَأَيْنَ نَحْنُ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَدْ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ وَمَا تَأَخَّرَ، قَالَ أَحَدُهُمْ: أَمَّا أَنَا فَإِنِّيْ أُصَلِّيْ اللَّيْلَ أَبَدًا، وَقَالَ آخَرُ: أَنَا أَصُوْمُ الدَّهْرَ وَلَا أُفْطِرُ، وَقَالَ آخَرُ: أَنَا أَعْتَزِلُ النِّسَاءَ فَلَا أَتَزَوَّجُ أَبَدًا، فَجَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَيْهِمْ، فَقَالَ: أَنْتُمُ الَّذِيْنَ قُلْتُمْ كَذَا وَكَذَا، أَمَا وَاللّٰهِ إِنِّيْ لَأَخْشَاكُمْ لِلّٰهِ وَأَتْقَاكُمْ لَهُ، لٰكِنِّيْ أَصُوْمُ وَأُفْطِرُ، وَأُصَلِّيْ وَأَرْقُدُ، وَأَتَزَوَّجُ النِّسَاءَ، فَمَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِيْ فَلَيْسَ مِنِّيْ (صحيح البخارى، رقم الحديث ٥٠٦٣، كتاب النكاح، باب الترغيب فى النكاح)

ترجمہ: تین لوگ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج کے گھروں کی طرف آئے، جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی عبادت کے بارے میں سوال کررہے تھے، جب ان کو (نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی عبادت کی) خبر دی گئی، تو انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی عبادت کو گویا کہ کم سمجھا، اور انہوں نے کہا کہ ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا مقابلہ کیسے

---

[1] حدثنا محمد بن عيسى، حدثنا محمد بن عبيد، حدثنا الحسن بن الحكم النخعى، عن عدى بن ثابت، عن شيخ من الأنصار. عن أبى هريرة، عن النبى صلى الله عليه وسلم—بمعنى مسدد— قال: " ومن لزم السلطان افتتن"، زاد:" وما ازداد عبد من السلطان دنوا إلا ازداد من الله بعدا (سنن ابى داود، رقم الحديث ٢٨٦٠)

قال شعيب الارنؤوط: حسن لغيره (حاشية مسند احمد)

کر سکتے ہیں؟ آپ کے تو اگلے پچھلے گناہ معاف کر دیئے گئے ہیں، ان میں سے ایک نے کہا کہ میں رات بھر نماز پڑھا کروں گا، اور دوسرے نے کہا کہ میں ہمیشہ روزہ رکھا کروں گا، کبھی روزہ نہیں چھوڑوں گا، اور تیسرے نے کہا کہ میں عورتوں سے الگ رہوں گا، کبھی بھی نکاح نہیں کروں گا، پھر ان کی طرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور فرمایا کہ تم نے اس اس طرح کی بات کی ہے، یاد رکھو اللہ کی قسم! کہ میں اللہ سے تمہارے مقابلہ میں زیادہ خشیت اور زیادہ تقویٰ رکھتا ہوں، اور میں روزہ بھی رکھتا ہوں، اور کبھی روزہ نہیں بھی رکھتا، اور نماز بھی پڑھتا ہوں اور سوتا بھی ہوں اور عورتوں سے نکاح بھی کرتا ہوں، پس جس نے میری سنت سے اعراض کیا تو وہ مجھ سے نہیں ہے (یعنی وہ میرے طریقہ پر نہیں ہے) (بخاری)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مُخَنَّثِی الرِّجَالِ الَّذِیْنَ یَتَشَبَّھُوْنَ بِالنِّسَاءِ، وَالْمُتَرَجِّلَاتِ مِنَ النِّسَاءِ، اَلْمُتَشَبِّھِیْنَ بِالرِّجَالِ، وَالْمُتَبَتِّلِیْنَ مِنَ الرِّجَالِ، اَلَّذِیْنَ یَقُوْلُوْنَ: لَا نَتَزَوَّجُ، وَالْمُتَبَتِّلَاتِ مِنَ النِّسَاءِ، اَللَّائِیْ یَقُلْنَ ذٰلِکَ (مسند احمد، رقم الحدیث ۷۸۹۱) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسے مخنث (یعنی ہیجڑے وزنخے) لوگوں پر لعنت فرمائی، جو عورتوں کے ساتھ مشابہت اختیار کرتے ہیں، اور ایسے مردانہ پن اختیار کرنے والی عورتوں پر بھی لعنت فرمائی، جو مَردوں کے ساتھ مشابہت اختیار کرتی ہیں، اور ایسے چھڑے چھکے مَردوں پر بھی لعنت فرمائی، جو یہ کہتے ہیں کہ ہم نکاح نہیں کریں گے، اور ایسی چھڑی چھکی عورتوں پر بھی لعنت فرمائی، جو یہ کہتی ہیں کہ ہم نکاح نہیں کریں گی (مسند احمد)

معلوم ہوا کہ بلا عذر نکاح نہ کرنے کا عمل خواہ مرد کی طرف سے ہو، یا عورت کی طرف سے ہو،

---

[1] قال شعیب الارنؤوط: صحیح (حاشیة مسند احمد)

www.idaraghufran.org

اللہ تعالیٰ کی طرف سے لعنت کا باعث ہے، خاص طور پر جبکہ نیت بھی نکاح نہ کرنے کی ہو۔

## ابوہریرہ ومعاذ بن جبل رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرات ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: سَيَأْتِي عَلٰى أُمَّتِي زَمَانٌ تَكْثُرُ فِيْهِ الْقُرَّاءُ، وَتَقِلُّ الْفُقَهَاءُ وَيُقْبَضُ الْعِلْمُ، وَيَكْثُرُ الْهَرْجُ قَالُوْا: وَمَا الْهَرْجُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: اَلْقَتْلُ بَيْنَكُمْ، ثُمَّ يَأْتِي بَعْدَ ذٰلِكَ زَمَانٌ يَقْرَأُ الْقُرْآنَ رِجَالٌ لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ، ثُمَّ يَأْتِي مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ زَمَانٌ يُجَادِلُ الْمُنَافِقُ الْكَافِرُ الْمُشْرِكُ بِاللّٰهِ الْمُؤْمِنَ بِمِثْلِ مَا يَقُوْلُ

(مستدرک حاکم،رقم الحدیث ۸۴۱۲، کتاب الفتن والملاحم) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت پر ایک زمانہ آئے گا، جس میں ''قرّاء'' (یعنی قرآن کی قرائت کرنے والے تعداد میں) بہت ہوں گے، مگر ''فقہاء'' (یعنی شرعی احکام کی سمجھ رکھنے والے تعداد میں) کم ہوں گے، اور علم کا قحط ہوجائے گا، اور ہرج کی کثرت ہوجائے گی، صحابہ نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! ہرج کیا ہوگا؟ فرمایا کہ آپس میں قتل وقتال کرنا، پھر اس کے بعد ایک اور زمانہ آئے گا، جس میں ایسے لوگ قرآن پڑھیں گے، جن کے حلق سے نیچے قرآن نہیں اُترے گا، پھر اس کے بعد ایک اور زمانہ آئے گا، جس میں منافق، اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانے والا کافر شخص، ایمان والے شخص سے جھگڑا کرے گا، اسی طرح کی باتوں کے ذریعہ، جو یہ (مومن شخص) کہے گا (حاکم)

اس میں منکرینِ حدیث وسنت کا وہ گروہ بھی شامل ہے، جو قرآن تو پڑھتا ہے، لیکن اس کے

[1] قال الحاکم: ھذا حدیث صحیح الإسناد، ولم یخرجاہ (مستدرک حاکم)
و قال الذھبی فی التلخیص: صحیح.

غلط معنیٰ ومطلب لے کر قرآن پر ایمان رکھنے والے اصل مومنوں سے جھگڑتا ہے۔

حضرت یزید بن عمیرہ سے روایت ہے کہ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ یہ فرمایا کرتے تھے کہ:

إِنَّ مِنْ وَّرَائِكُمْ فِتَنًا يَكْثُرُ فِيهَا الْمَالُ، وَيُفْتَحُ فِيهَا الْقُرْآنُ حَتّٰى يَأْخُذَهُ الرَّجُلُ وَالْمَرْأَةُ وَالْحُرُّ وَالْعَبْدُ وَالصَّغِيرُ وَالْكَبِيرُ، فَيُوشِكُ الرَّجُلُ أَنْ يَقْرَأَ الْقُرْآنَ فَيَقُولُ: قَرَأْتُ الْقُرْآنَ فَمَا لِلنَّاسِ لَا يَتَّبِعُونِي وَقَدْ قَرَأْتُ الْقُرْآنَ؟ ثُمَّ يَقُولُ: مَا هُمْ مُتَّبِعِيَّ حَتّٰى أَبْتَدِعَ لَهُمْ غَيْرَهُ فَإِيَّاكُمْ، وَمَا ابْتَدَعَ فَإِنَّ مَا ابْتَدَعَ ضَلَالَةٌ، اِتَّقُوا زَلَّةَ الْحَكِيمِ فَإِنَّ الشَّيْطَانَ يُلْقِي عَلٰى فِيِّ الْحَكِيمِ الضَّلَالَةَ، وَيُلْقِي لِلْمُنَافِقِ كَلِمَةَ الْحَقِّ (مستدرک حاکم، رقم الحديث ۸۴۲۲، كتاب الفتن والملاحم، سنن ابی داوٗد، رقم الحديث ۴۶۱۱، باب لزوم السنة) [1]

ترجمہ: بے شک تمہارے سامنے بہت سے فتنے ہوں گے، جن میں مال کی کثرت ہوجائے گی اور قرآن کو خوب کھولا جائے گا، یہاں تک کہ اس کو ہر آدمی اور عورت اور آزاد اور غلام اور چھوٹا اور بڑا حاصل کرے گا، پس قریب ہے کہ (ان میں سے) ایک آدمی یہ کہے کہ میں نے قرآن پڑھا ہے پھر لوگوں کو کیا ہوا کہ میری اتباع نہیں کرتے؟ پھر وہ کہے گا کہ یہ لوگ اس وقت تک میری اتباع نہیں کریں گے، جب تک کہ میں ان کے لیے قرآن کے علاوہ کچھ اور (نئی چیز) ایجاد نہ کردوں، پس تم اس سے اور اس کی ایجاد کردہ بدعت سے بچ کر رہنا، کیونکہ اس نے جو بات ایجاد کی ہے، وہ گمراہی ہے، اور میں تمہیں عالم کی کجروی سے ڈراتا

---

[1] قال الحاكم: هذا حديث صحيح على شرط الشيخين، ولم يخرجاه .
و قال الذهبی فی التلخيص: على شرط البخاری ومسلم.
وقال شعيب الارنؤوط: أثر إسناده صحيح (حاشية سنن ابی داود)

ہوں، کیونکہ کبھی شیطان عالم کے منہ میں بھی گمراہی کی بات ڈال دیتا ہے، اور کبھی منافق پر حق بات القاء کر دیتا ہے (حاکم، ابوداؤد)

اور اہلِ حق مومنوں کے موقف سے مجادلہ کرنے، اور بدعات پر مشتمل موقف اختیار کرنے کا یہ تماشا اُن منافقوں، یا بدعت پرستوں کی طرف سے اس لئے ہوگا کہ ان کا مقصد دنیا، اور اپنی شہرت کو حاصل کرنا، اور دین میں فساد پیدا کرنا ہوگا، جس کے بارے میں احادیث میں بڑی سخت وعید آئی ہے۔

## ابوہریرہ، ابنِ عمر، جابر وکعب رضی اللہ عنہم کی احادیث

چنانچہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَعَلَّمَ عِلْمًا مِمَّا يُبْتَغٰى بِهٖ وَجْهُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ لَا يَتَعَلَّمُهٗ إِلَّا لِيُصِيْبَ بِهٖ عَرَضًا مِنَ الدُّنْيَا، لَمْ يَجِدْ عَرْفَ الْجَنَّةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ - يَعْنِي رِيْحَهَا** (سنن ابی داود، رقم الحديث ٣٦٦٤، كتاب العلم، باب فى طلب العلم لغير الله عز وجل)[1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص نے اس علم کو، جو لوجہ اللہ عزوجل حاصل کیا جاتا ہے، اس کو صرف اس لئے حاصل کیا، تاکہ وہ دنیا کے کچھ سامان (مال ودولت) کو حاصل کرے، تو وہ قیامت کے دن، جنت کی خوشبو بھی حاصل نہ کرسکے گا (سنن ابی داود)

اور حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ طَلَبَ الْعِلْمَ لِيُمَارِيَ بِهِ السُّفَهَاءَ، أَوْ لِيُبَاهِيَ بِهِ الْعُلَمَاءَ، أَوْ لِيَصْرِفَ وُجُوهَ النَّاسِ إِلَيْهِ، فَهُوَ**

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح لغيره (حاشية سنن ابی داود)

فِی النَّارِ (سنن ابنِ ماجہ، رقم الحدیث ۲۵۳، ابواب السنة، باب الانتفاع بالعلم والعمل به) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص نے علم کو اس لئے حاصل کیا، تاکہ وہ کم فہم لوگوں (وجاہلوں) سے تکرار (وبحث) کرے، یا اس علم کے ذریعہ علماء پر بڑائی ظاہر کرے، یا اس علم کے ذریعہ لوگوں کے چہروں کو اپنی طرف متوجہ کرے (یعنی اپنی شہرت مقصد ہو) تو وہ آگ (یعنی جہنم) میں ہوگا (سنن ابنِ ماجہ)

اور حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَعَلَّمُوا الْعِلْمَ لِتُبَاهُوْا بِهِ الْعُلَمَاءَ، وَلَا لِتُمَارُوْا بِهِ السُّفَهَاءَ، وَلَا تَخَيَّرُوْا بِهِ الْمَجَالِسَ، فَمَنْ فَعَلَ ذٰلِکَ، فَالنَّارُ النَّارُ (سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ۲۵۴، ابواب السنة، باب الانتفاع بالعلم والعمل به) [2]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم علم کو اس لئے حاصل مت کرو، تاکہ تم اس کے ذریعہ علماء پر بڑائی وفخر کا اظہار کرو، اور نہ اس لئے حاصل کرو کہ تم کم فہم لوگوں (وجاہلوں) سے تکرار (وبحث) کرو اور نہ ہی تم علم کے ذریعہ مجالس ومحافل کا اعزاز تلاش کرو (کہ اسے منبر ومحراب اور مجالس کی صدارت وکرسی حاصل ہو) پس جو ایسا کرے گا، تو آگ ہے آگ (سنن ابنِ ماجہ)

اور حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنْ طَلَبَ الْعِلْمَ لِيُجَارِيَ بِهِ الْعُلَمَاءَ أَوْ لِيُمَارِيَ بِهِ السُّفَهَاءَ أَوْ يَصْرِفَ بِهِ وُجُوْهَ

[1] قال شعيب الارنؤوط: حسن لغيره إن شاء الله (حاشية سنن ابنِ ماجه)

[2] قال شعيب الارنؤوط: حسن لغيره (حاشية سنن ابنِ ماجه)

النَّاسِ إِلَيْهِ أَدْخَلَهُ اللّٰهُ النَّارَ (سنن الترمذی، رقم الحدیث ۲۶۵۴، ابواب العلم، باب ما جاء فيمن يطلب بعلمه الدنيا) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جس نے علم کو اس لئے حاصل کیا، تاکہ اس کے ذریعہ علماء کا مقابلہ ومعارضہ کرے، یا اس کے ذریعہ سے کم فہموں (وجاہلوں) سے تکرار (وبحث) کرے، یا اس کے ذریعہ سے لوگوں کے چہروں کو اپنی طرف پھیرے (یعنی اپنی شہرت مقصد ہو) تو اللہ اس کو آگ (یعنی جہنم) میں داخل فرمائے گا (سنن ترمذی)

مذکورہ فاسد اغراض ودنیاوی مفادات کی خاطر یہ علم حاصل کرنے والے دراصل فاسق، اور حقیر ورذیل لوگ ہوں گے، جو صحابہ واسلاف کے برخلاف نئی نئی باتیں بیان کریں گے۔

## انس، ابوہریرہ، ابوامیہ، ابنِ مسعود وعمر رضی اللہ عنہم کی احادیث

چنانچہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَتٰى نَتْرُكُ الْأَمْرَ بِالْمَعْرُوفِ وَالنَّهْيَ عَنِ الْمُنْكَرِ؟ قَالَ: إِذَا ظَهَرَ فِيكُمْ مَا ظَهَرَ فِي الْأُمَمِ قَبْلَكُمْ، قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَمَا ظَهَرَ فِي الْأُمَمِ قَبْلَنَا؟ قَالَ: اَلْمُلْكُ فِيْ صِغَارِكُمْ، وَالْفَاحِشَةُ فِيْ كِبَارِكُمْ، وَالْعِلْمُ فِي رُذَالَتِكُمْ (سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ۴۰۱۵، ابواب الفتن، باب قوله: "يا أيها الذين آمنوا عليكم أنفسكم") [2]

ترجمہ: عرض کیا گیا کہ اے اللہ کے رسول! ہم امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کو کب ترک کردیں گے؟

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم میں وہ چیزیں ظاہر ہو جائیں گی، جو

---

[1] قال الترمذي: هذا حديث غريب، لا نعرفه إلا من هذا الوجه، وإسحاق بن يحيى بن طلحة ليس بذاك القوي عندهم، تكلم فيه من قبل حفظه.

[2] قال شعيب الارنؤوط: إسناده قوي (سنن ابنِ ماجه)

www.idaraghufran.org

تم سے پہلی امتوں میں ظاہر ہوئی تھیں، ہم نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! ہم سے پہلی امتوں میں کیا چیزیں ظاہر ہوئی تھیں؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حکومت ان کے چھوٹے لوگوں میں، اور بے حیائی ان کے بڑے لوگوں میں، اور علم ان کے رذیل لوگوں میں (ابنِ ماجہ)

ظاہر ہے کہ علمِ دین ایک اعلیٰ شرف کی حامل چیز ہے، اور اس کا رذیل اور حقیر، فاسق لوگوں میں ہونا، اس امانت کا ضیاع ہے۔

جیسا کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

فَإِذَا ضُيِّعَتِ الْأَمَانَةُ فَانْتَظِرِ السَّاعَةَ، قَالَ: كَيْفَ إِضَاعَتُهَا؟ قَالَ: إِذَا وُسِّدَ الْأَمْرُ إِلَى غَيْرِ أَهْلِهِ فَانْتَظِرِ السَّاعَةَ (صحيح البخارى، رقم الحديث ٥٩، كتاب الايمان، باب من سئل علما وهو مشتغل فى حديثه، فأتم الحديث ثم أجاب السائل)

ترجمہ: جب امانت کو ضائع کردیا جائے، تو آپ قیامت کا انتظار کریں، انہوں نے عرض کیا کہ امانت کو ضائع کرنا کس طرح ہوگا؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب معاملہ نااہل کے حوالہ کردیا جائے، تو آپ قیامت کا انتظار کریں (بخاری)

اور حضرت ابو امیہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ ثَلَاثَةً: إِحْدَاهُنَّ أَنْ يُلْتَمَسَ الْعِلْمَ عِنْدَ الْأَصَاغِرِ (المعجم الكبير للطبرانى، ج ا ص ٣٠٧، رقم الحديث ٩٠٨، المعجم الاوسط، رقم الحديث ٨١٤٠، الزهد والرقائق لابن المبارك، رقم الحديث ٦١) [1]

---

[1] قال الالبانی: قلت: وهذا إسناد جيد لأن حديث ابن لهيعة صحيح إذا كان من رواية أحد العبادلة عنه وابن المبارك منهم. فما نقله المناوى عن الهيثمى أنه أعله بقوله: فيه ابن لهيعة ضعيف ليس بجيد ولذلک قال الحافظ المقدسى عقبه ": وإسناده حسن (سلسلة الاحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ٦٩٥)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کی علامتوں میں سے تین ہیں، جن میں سے ایک یہ ہے کہ علم اصاغر سے تلاش کیا جائے گا (طبرانی)

اور حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ سے موقوفاً روایت ہے کہ:

**لَا يَزَالُ النَّاسُ بِخَيْرٍ مَا أَتَاهُمُ الْعِلْمُ مِنْ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمِنْ أَكَابِرِهِمْ، فَإِذَا جَاءَ الْعِلْمُ مِنْ قِبَلِ أَصَاغِرِهِمْ فَذَاكَ حِينَ هَلَكُوْا** (المعجم الكبير للطبرانی، ج۹ ص ۱۱۴، رقم الحديث ۸۵۸۹) [1]

ترجمہ: لوگ اس وقت تک خیر کے ساتھ وابستہ ہوں گے، جب تک اُن کے پاس علم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ اوران کے اکابر (واسلاف) سے آئے گا، پھر جب علم اُن کے اصاغر سے آئے گا، تو پھر اس وقت وہ ہلاک ہو جائیں گے (طبرانی)

اور حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ:

**لَا يَزَالُ النَّاسُ صَالِحِيْنَ مُتَمَاسِكِيْنَ مَا أَتَاهُمُ الْعِلْمُ مِنْ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمِنْ أَكَابِرِهِمْ، فَإِذَا أَتَاهُمْ مِنْ أَصَاغِرِهِمْ هَلَكُوْا** (المعجم الكبير للطبرانی، ج۹ ص ۱۱۴، رقم الحديث ۸۵۹۰)

ترجمہ: لوگ اس وقت تک نیک رہیں گے، جب تک وہ اپنے پاس آنے والے علم کو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ اوران کے اکابر (واسلاف) سے پکڑے رکھیں گے، پھر جب علم اُن کے اصاغر سے آئے گا، تو وہ ہلاک ہو جائیں گے (طبرانی)

مذکورہ احادیث وروایات میں اصاغر سے وہ لوگ مراد ہیں، جو دین میں اپنی رائے سے بات کہیں، اور صحابہ واسلاف سے اس کا ثبوت نہ ہو، ظاہر ہے کہ ایسی بات بدعت کہلاتی ہے۔

اور جو چھوٹا صحیح سند سے صحابہ وسلف سے کسی بات کو صحیح طور پر نقل کرے، تو وہ اس کی اپنی بات

---

[1] قال الهيثمي: رواه الطبراني في الكبير والأوسط، ورجاله موثقون (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۵۶۹، باب أخذ كل علم من أهله)

ہے ہی نہیں، وہ تو محض ناقل ہے۔

اور بعض حضرات نے فرمایا کہ اصاغر سے مراد اہلِ بدعت ہیں۔

یہ قول بھی پہلے قول سے مختلف نہیں، کیونکہ صحابہ وسلف سے ہٹ کر اپنی رائے سے بات کرنے والا دراصل بدعتی ہی ہوتا ہے۔ [1]

اور حضرت ابوقلابہ سے روایت ہے کہ:

**عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ: عَلَيْكُمْ بِالْعِلْمِ قَبْلَ أَنْ يُّقْبَضَ، وَقَبْضُهُ ذَهَابُ أَهْلِهِ، وَعَلَيْكُمْ بِالْعِلْمِ، فَإِنَّ أَحَدَكُمْ لَايَدْرِىْ مَتٰى يُفْتَقَرُ إِلَيْهِ – أَوْ يَفْتَقِرُ إِلٰى مَاعِنْدَهُ، وَعَلَيْكُمْ بِالْعِلْمِ وَإِيَّاكُمْ وَالتَّنَطُّعَ وَالتَّعَمُّقَ وَعَلَيْكُمْ بِالْعَتِيْقِ، فَإِنَّهُ سَيَجِيْءُ أَقْوَامٌ يَتْلُوْنَ كِتَابَ اللّٰهِ يَنْبِذُوْنَهُ وَرَاءَ ظُهُوْرِهِمِ** (المدخل الى السنن البيهقى، رقم الحديث ٣٨٧، باب فضل العلم) [2]

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ تم علم کے اُٹھ جانے سے پہلے ہی علم حاصل کرلو، اور علم کا اُٹھ جانا یہ ہے کہ علم کے اہل رخصت ہوجائیں، اور علم حاصل کرنے کو اپنے اوپر لازم کرلو، تمہیں کیا خبر کہ کب دوسروں کو اس کے علم کی ضرورت پیش آجائے، یا کب خود اُسے علم کی ضرورت پیش

---

[1] حدثنا أحمد بن قاسم، وسعيد بن نصر قالا: حدثنا قاسم بن أصبغ، نا محمد بن إسماعيل الترمذى، نا نعيم، نا ابن المبارك، أخبرنا ابن لهيعة، عن بكر بن سوادة، عن أبى أمية الجمحى، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: إن من أشراط الساعة ثلاثا إحداهن أن يلتمس العلم عند الأصاغر قال نعيم: قيل لابن المبارك: من الأصاغر؟ قال: الذين يقولون برأيهم، فأما صغير يروى عن كبير فليس بصغير وذكر أبو عبيد فى تأويل هذا الخبر عن ابن المبارك أنه كان يذهب بالأصاغر إلى أهل البدع ولا يذهب إلى السن، قال أبو عبيد: وهذا وجه، قال أبو عبيد: والذى أرى أنا فى الأصاغر أن يؤخذ العلم عمن كان بعد أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم فذاك أخذ العلم عن الأصاغر (جامع بيان العلم وفضله، لابنِ عبد البر القرطبى، تحت رقم الحديث ١٠٥٢، باب حال العلم إذ كان عند الفساق والأرذال)

[2] قال البيهقى: هذا مرسل، وروى موصولا من طريق الشاميين (حواله بالا)

www.idaraghufran.org

آجائے، اور علم حاصل کرنے کو اپنے اوپر لازم کرلو، اور تم مبالغہ آرائیوں اور بے فائدہ غور وخوض سے بچو، اور تم پر لازم ہے کہ قدیم (سلف کے) طریقہ پر قائم رہو، پس بے شک عنقریب ایسی اقوام آئیں گی، جو کتاب اللہ کی تلاوت کریں گی، لیکن وہ اللہ کی کتاب کو پسِ پُشت ڈال دیں گی (بیہقی)

اور ابو ادریس خولانی سے روایت ہے کہ:

قَامَ فِيْنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ عَلٰى دَرَجِ هٰذِهِ الْكَنِيْسَةِ فَمَا أَنْسَى أَنَّهُ يَوْمَ خَمِيْسٍ فَقَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، عَلَيْكُمْ بِالْعِلْمِ قَبْلَ أَنْ يُّرْفَعَ فَإِنَّ مِنْ رَفْعِهِ أَنْ يُّقْبَضَ أَصْحَابُهُ، وَإِيَّاكُمْ وَالتَّبَدُّعَ وَالتَّنَطُّعَ، وَعَلَيْكُمْ بِالْعَتِيْقِ، فَإِنَّهُ سَيَكُوْنُ فِيْ آخِرِ هٰذِهِ الْأُمَّةِ أَقْوَامٌ يَزْعُمُوْنَ أَنَّهُمْ يَدْعُوْنَ إِلٰى كِتَابِ اللّٰهِ، وَقَدْ تَرَكُوْهُ وَرَاءَ ظُهُوْرِهِمْ (المدخل الى السنن البيهقى، رقم الحديث ٣٨٨، باب فضل العلم) [1]

ترجمہ: ہمارے درمیان اس کنیسہ کی سیڑھی پر عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے، اور میں بھولا نہیں کہ وہ جمعرات کا دن تھا، اور فرمایا کہ اے لوگو! تم علم کے اُٹھ جانے سے پہلے ہی علم حاصل کرلو، کیونکہ علم کا اُٹھ جانا یہ ہے کہ علم کے کے اصحاب رخصت ہوجائیں، اور تم بدعت اور مبالغہ آرائیوں سے بچو، اور تم پر لازم ہے کہ قدیم (سلف کے) طریقہ پر قائم رہو۔

پس بے شک عنقریب اس امت کے آخر میں ایسی قومیں ہوں گی، جو گمان کریں گی کہ وہ کتابُ اللہ کی طرف دعوت دے رہی ہیں، لیکن وہ اللہ کی کتاب کو پسِ پُشت ڈال کر چھوڑ چکے ہوں گے (بیہقی)

---

[1] قال أبو عبد الله الدانى بن منير آل زهوى: وأبو قلابة لم يسمع من ابن مسعود؛ فهو منقطع، انظر "المجمع" (١/١٢٦) لكن قال البيهقى فى "المدخل": "هذا مرسل، وروى موصولًا من طريق الشاميين." أخرجه (٣٨٨) من طريق: أبى إدريس الخولانى عن ابن مسعود، بإسناد صحيح؛ فصحّ الخبر، والحمد لله (سلسلة الآثار الصحيحة أو الصحيح المسند من أقوال الصحابة والتابعين، ج١، ص ٥٦، ٥٧، تحت رقم الحديث ٤٢، باب الوصية بالعلم)

بکیر بن اشج سے روایت ہے کہ:

**إِنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سَيَأْتِي نَاسٌ يُّجَادِلُوْنَكُمْ بِشُبُهَاتِ الْقُرْآنِ فَخُذُوْهُمْ بِالسُّنَنِ، فَإِنَّ أَصْحَابَ السُّنَنِ أَعْلَمُ بِكِتَابِ اللّٰهِ تَعَالٰى** (الشريعة، للآجرى، رقم الحديث ۱۰۲، باب التحذير من طوائف يعارضون سنن النبى صلى الله عليه وسلم بكتاب الله تعالى)

ترجمہ: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ عنقریب ایسے لوگ ہوں گے، جو قرآن (کی غلط تعبیر سے دین) میں شبہات پیدا کر کے تم سے جھگڑا کریں گے، تو انہیں سنن سے پکڑو، کیونکہ سنت سے واقف حضرات اللہ کی کتاب (کے صحیح مفہوم) کو خوب جانتے ہیں (الشریعہ)

یہ وہ لوگ ہوں گے جو احادیث اور سنتوں کو تو ایک طرف رکھ دیں گے اور قرآن مجید کے الفاظ سامنے رکھ کر اُن کے معنیٰ ایسے بیان کریں گے، جو دین کے خلاف ہوں گے، اور اُن سے دین اور قرآن میں شُبہات پیدا کر کے مسلمانوں سے جھگڑا و اختلاف کریں گے؛ اُن کو زیر کرنے کا طریقہ یہ ہوگا کہ سُنن و احادیث سامنے رکھ کر اُن سے قرآن مجید کے معنیٰ کو سمجھا جائے، کیونکہ ان کے بغیر قرآن مجید کے صحیح معنیٰ متعین نہیں ہوتے۔

بہر حال احادیث سے یہ بات معلوم ہوگئی کہ قیامت سے پہلے ایسے لوگ پیدا ہوں گے، جو احادیث وسنت کو نظر انداز کر کے قرآن مجید پر اکتفاء کرنے کا دعویٰ کریں گے، اور طرح طرح کی فاسد تاویلیں کر کے احادیث وسنت کو غیر معتبر ٹھہرانے کی کوشش کریں گے، اور قرآن مجید کے غلط معنیٰ بیان کریں گے، اور اہلِ حق مسلمانوں سے اختلاف ونزاع کریں گے، ان سے ہر مسلمان کو دور رہنا چاہیے، خواہ ان کے قرآن مجید پر ایمان کا دعویٰ کتنا بڑا کیوں نہ ہو، اور خواہ وہ قرآن کی تفسیر کیوں نہ بیان کریں، ان کی باتوں کو سننا اور ماننا گمراہی کے علاوہ کچھ نہیں۔

(فصل نمبر 7)

# گمراہ کن ائمہ ولیڈروں کا فتنہ

نبیِ آخرالزمان محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت پر گمراہ کن ائمہ، ومقتداؤں اور لیڈروں کے خوف، اور شدید ترین خوف کا اظہار فرمایا ہے، کیونکہ وہ بہت سے عوام کی دینی گمراہی کا باعث بنیں گے، وہ عوام کو گمراہی، بد دینی، اور مختلف گناہوں اور بدعتوں کی طرف دعوت دیں گے، جس سے عوام کی آخرت کا تباہ کن نقصان ہوگا۔

اور وہ ائمہ ومقتداء، سیاسی وغیر سیاسی عہدہ، واثر ورسوخ، اور مال ودولت والے بھی ہوسکتے ہیں، جو عہدہ کے لالچ میں پھنسا کر، اور اپنا اثر ورسوخ استعمال کر کے گمراہ کریں گے، اور خالص دینی رنگ کے علماء بھی ہوسکتے ہیں، جو اپنے بیان وخطاب کے ذریعہ دین کے رنگ میں گمراہی والی چیزوں کی طرف دعوت دیں گے، جیسا کہ آج کل کے دور میں ان کی کمی نہیں۔

آگے اس طرح کی چند احادیث وروایات ذکر کی جاتی ہیں۔

## ثوبان رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّمَا أَخَافُ عَلٰى أُمَّتِیْ الْأَئِمَّةَ الْمُضِلِّيْنَ، قَالَ: وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِنْ أُمَّتِیْ عَلَى الْحَقِّ ظَاهِرِيْنَ لَا يَضُرُّهُمْ مَنْ يَّخْذُلُهُمْ حَتّٰى يَأْتِیَ أَمْرُ اللّٰهِ (سنن الترمذی، رقم الحدیث ۲۲۲۹،

www.idaraghufran.org

ابواب الفتن، باب ما جاء فی الأئمة المضلین) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بس میں خوف رکھتا ہوں اپنی امت پر گمراہ کرنے والے ائمہ (ولیڈروں) کا، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا کہ میری امت کی ایک جماعت برابر حق پر قائم رہے گی، جن کو وہ لوگ ضرر نہیں پہنچا سکیں گے، جو اُن کو رسوا کریں گے، یہاں تک کہ اللہ کا حکم (یعنی قیامت) نہ آ جائے (ترمذی)

## ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَهِدَ إِلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَّ أَخْوَفَ مَا أَخَافُ عَلَيْكُمُ الْأَئِمَّةُ الْمُضِلُّوْنَ (مسند احمد، رقم الحدیث ۲۷۴۸۵) [2]

ترجمہ: ہم سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عہد لیا کہ مجھے تم پر سب سے زیادہ خوف گمراہ کرنے والے ائمہ کا ہے (لہٰذا تم اِن سے اپنی حفاظت کرنا) (مسند احمد)

## ابوذر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كُنْتُ مُخَاصِرَ النَّبِى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا إِلٰى مَنْزِلِهٖ، فَسَمِعْتُهٗ يَقُوْلُ: غَيْرُ الدَّجَّالِ أَخْوَفُ عَلٰى أُمَّتِىْ مِنَ الدَّجَّالِ ،فَلَمَّا خَشِيْتُ أَنْ يَّدْخُلَ، قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، أَىُّ شَىْءٍ أَخْوَفُ عَلٰى أُمَّتِكَ مِنَ

---

[1] قال الترمذی: وهذا حدیث حسن صحیح. سمعت محمد بن إسماعیل یقول: سمعت علی بن المدینی یقول: وذكر هذا الحدیث عن النبی صلی الله علیه وسلم: لا تزال طائفة من أمتی ظاهرین علی الحق، فقال علی: هم أهل الحدیث.

[2] قال شعیب الارنؤوط: صحیح لغیره (حاشیة مسند احمد)

الدَّجَّالِ؟ قَالَ: اَلْاَئِمَّةَ الْمُضِلِّيْنَ (مسند احمد، رقم الحديث ٢١٢٩٧) ؎1

ترجمہ: میں ایک دن نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ آپ کے گھر کی طرف جا رہا تھا، تو میں نے آپ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ دجال کے علاوہ بھی میں اپنی امت پر دجال سے بھی زیادہ خوف رکھتا ہوں، پھر جب مجھے یہ ڈر ہو گیا کہ آپ گھر میں داخل ہو جائیں گے، تو میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! آپ کو امت پر دجال کے علاوہ کس کا زیادہ خوف ہے؟ تو آپ نے فرمایا کہ گمراہ کرنے والے ائمہ (ولیڈروں) کا (مسند احمد)

اور حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہ کی ایک روایت میں ہے:

كُنْتُ أَمْشِيْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: لَغَيْرُ الدَّجَّالِ أَخْوَفُنِيْ عَلٰى أُمَّتِيْ، قَالَهَا ثَلَاثًا، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا هٰذَا الَّذِيْ غَيْرُ الدَّجَّالِ أَخْوَفُكَ عَلٰى أُمَّتِكَ؟ قَالَ: أَئِمَّةً مُضِلِّيْنَ

(مسند احمد، رقم الحديث ٢١٢٩٦) ؎2

ترجمہ: میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ چل رہا تھا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دجال کے علاوہ، ایک اور چیز کا بھی مجھے اپنی امت پر بہت خوف ہے، یہ بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ فرمائی۔

ابو ذر کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا کہ اللہ کے رسول یہ دجال کے علاوہ جس کا آپ کو اپنی امت پر بہت خوف ہے، کیا ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ گمراہ کن ائمہ (اور رہبروں ولیڈروں) کا (مسند احمد)

## شداد بن اوس رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

؎1 قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره (حاشية مسند احمد)

؎2 قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره (حاشية مسند احمد)

قَالَ نَبِیُّ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ:إِنِّیْ لَا أَخَافُ عَلٰی أُمَّتِیْ إِلَّا الْأَئِمَّةَ الْمُضِلِّیْنَ، وَإِذَا وُضِعَ السَّیْفُ فِیْ أُمَّتِیْ لَمْ یَرْفَعْ عَنْھُمْ إِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ (صحیح ابنِ حبان،رقم الحدیث ۴۵۷۰، کتاب السیر، باب طاعة الأئمة)[1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں اپنی امت پر صرف گمراہ کرنے والے ائمہ (ولیڈروں) کا خوف رکھتا ہوں،اور جب تلوار واسلحہ (یعنی باہمی قتل وقتال) کا ایک مرتبہ آغاز ہوگیا،تو پھر میری امت سے یہ قیامت کے دن تک ختم نہیں ہوگا (مسنداحمد)

## عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَسَرَّ إِلَیَّ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ:إِنَّ أَخْوَفَ مَا أَخَافُ عَلٰی أُمَّتِیْ أَئِمَّةً مُّضِلِّیْنَ ،قَالَ کَعْبٌ:فَقُلْتُ:وَاللّٰہِ مَا أَخَافُ عَلٰی ھٰذِہِ الْأُمَّةِ غَیْرَھُمْ(مسند الشامیین للطبرانی، ج۲ص۹۶،رقم الحدیث ۹۸۱)[2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے چپکے سے فرمایا کہ مجھے اپنی امت پر سب سے زیادہ خوف گمراہ کرنے والے ائمہ (ولیڈروں) کا ہے،حضرت کعب کہتے ہیں کہ میں کہتا ہوں کہ اللہ کی قسم! میں بھی اس امت پر ان گمراہ کرنے والے ائمہ (ولیڈروں) کے علاوہ دوسروں کا خوف نہیں رکھتا (طبرانی)

## علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال شعیب الارنؤوط:إسنادہ صحیح،(حاشیة صحیح ابنِ حبان)

[2] قال الالبانی:قلت :فالسند حسن إن شاء اللہ تعالی، وھو صحیح قطعا بما بعدہ (سلسلة الاحادیث الصحیحة،تحت رقم الحدیث ۱۵۸۲)

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخْوَفُ مَا أَخَافُ عَلَيْكُمْ بَعْدِىْ مِنَ الدَّجَّالِ أَئِمَّةٌ مُضِلِّيْنَ (السنة لابنِ ابى عاصم، رقم الحديث ١٠٠، باب ذكر قول النبى صلى الله عليه وسلم :عليكم هديا قاصدا) ۱

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے اپنے بعد تم پر دجال کے مقابلہ میں سب سے زیادہ خوف گمراہ کرنے والے ائمہ کا ہے (السنہ لابنِ ابی عاصم)

یہ حدیث مختلف سندوں سے مروی ہے، اور مجموعی طور پر اسناد کے اعتبار سے معتبر ہے۔ ۲

معلوم ہوا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی امت پر دجال کے علاوہ ایسے اماموں، حکمرانوں، پیشواؤں، اور لیڈروں کا بہت خوف تھا، جو لوگوں کی گمراہی کا باعث بنیں گے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد آپ کی امت میں ایسے افراد کا سلسلہ وقتاً فوقتاً جاری رہا، آج بھی برق رفتاری سے جاری ہے۔

مختلف علاقوں میں ایسے سیاسی وغیر سیاسی رنگ کے ائمہ ولیڈر اور سربراہانِ قوم موجود ہیں، جو شرعی احکام میں رکاوٹ، یا خلط ملط کا باعث بن کر، اور دین کے رنگ میں بدعات ومنکرات کو سامنے لاکر لوگوں کی گمراہی کا باعث بنتے ہیں۔ ۳

---

۱ قال الالبانی:حديث صحيح وإسناده ضعيف من أجل جابر وهو ابن يزيد الجعفى وهو ضعيف وعبدالله بن نجى مختلف فيه وفى سماعه من على لكن الحديث صحيح قطعا فإن له شواهد من حديث عمر بن الخطاب وأبى الدرداء وأبى ذر وثوبان وشداد بن أوس بعضها صحيح الإسناد وقد خرجتها فى الصحيحة"١٥٨٢"(ظلال الجنة فى تخريج السنة لابن أبى عاصم،باب ذكر قول النبى صلى الله عليه وسلم عليه السلام عليكم هديا قاصدا)

۲ قال الالبانی:أخوف ما أخاف على أمتى الأئمة المضلون ."

ورد من حديث عمر بن الخطاب وأبى الدرداء وأبى ذر الغفارى وثوبان مولى رسول الله صلى الله عليه وسلم وشداد بن أوس وعلى ابن أبى طالب(سلسلة الاحاديث الصحيحة،تحت رقم الحديث ١٥٨٢)

۳ (إنما أخاف على أمتى الأئمة المضلين ") الأئمة :جمع إمام وهو مقتدى القوم ورئيسهم، ومن يدعوهم إلى قول أو فعل أو اعتقاد(مرقاة المفاتيح شرح مشكاة المصابيح، ج٨،ص ٣٣٨٩، كتاب الفتن)

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

اس لئے ایسے فریب کاروں اور مکاروں سے اپنے آپ کو بچا کر رکھنا چاہیے۔

آج کے زمانہ میں اس طرح کے فریبیوں اور مکاروں کی کثرت ہے، جنہوں نے مختلف ذرائع ابلاغ کے واسطہ سے قرآن مجید کی غلط ترجمانی کا سلسلہ شروع کیا ہوا ہے، اوراس طرح کے کئی لوگوں نے اپنے اپنے حلقے قائم کرر کھے ہیں۔

وَاللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی اَعْلَمُ وَعِلْمُہٗ اَتَمُّ وَاَحْکَمُ.

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

(إن أخوف ما أخاف) قال أبو البقاء :أخوف اسم إن وما نكرة موصوفة والعائد محذوف تقديره إن أخوف شيء أخافه (على أمتى) أمة الإجابة (الأئمة) جمع إمام وهو مقتدى القوم ورئيسهم ومن يدعوهم إلى قول أو فعل أو اعتقاد (المضلون) يعنى إذا استقصيت الأشياء المخوفة لم يوجد أخوف منه قال فى المطامح :كان صلى الله عليه وسلم حريصا على إصلاح أمته راغبا فى دوام خيرتها فخاف عليهم فساد الأئمة لأن بفسادهم يفسد النظام لكونهم قادة الأنام فإذا فسدوا فسدت الرعية وكذا العلماء إذا فسدوا فسد الجمهور من حيث أنهم مصابيح الظلام (فيض القدير شرح الجامع الصغير، ج۲،ص ۴۱۹، تحت رقم الحديث ۲۱۹۰،حرف الهمزة)

(إن أخوف ما أخاف) أشد خوفى (على أمتى) فى دينها ودنياها (الأئمة المضلون) وتقدم التحذير من أئمة الضلال؛ وذلك لأن الباعث على طاعتهم فى هواهم ومتابعتهم فى دعواهم ما فى أيديهم مما جبلت النفوس على طلبه من المال والشرف فيفسد بفسادهم غالب الأمة(التنوير شرح الجامع الصغير للصنعانى، ج۳،ص ۵۶۸، تحت رقم الحديث ۲۱۸۴)

## (فصل نمبر 8)

# علم وعمل کی قلت اور جہل، شر وفتنوں کی کثرت کا فتنہ

احادیث وروایات سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ جوں جوں قیامت کا زمانہ قریب ہوتا جائے گا، یوں یوں ہی علماء وفقہاء، اور صلحاء وشرفاء کی تعداد کم ہوتی جائے گی، اوران کے مقابلہ میں محض چکنی چوپڑی باتیں بنانے والوں، جاہلوں، بد دینوں، اور بد کرداروں کی تعداد میں اضافہ ہوتا چلا جائے گا، جن کی حیثیت کوڑا کرکٹ سے زیادہ نہیں ہوگی، یہاں تک کہ قیامت شریر ترین لوگوں پر ہی قائم ہوگی۔

اس سلسلہ میں احادیث وروایات ذکر کی جاتی ہیں۔

## انس رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: إِنَّ مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ أَنْ يُّرْفَعَ الْعِلْمُ، وَيَكْثُرَ الْجَهْلُ، وَيَكْثُرَ الزِّنَا، وَيَكْثُرَ شُرْبُ الْخَمْرِ، وَيَقِلَّ الرِّجَالُ، وَيَكْثُرَ النِّسَاءُ حَتّٰى يَكُوْنَ لِخَمْسِيْنَ امْرَأَةً اَلْقَيِّمُ الْوَاحِدُ (صحيح البخارى، رقم الحديث ٥٢٣١، كتاب النكاح، باب يقل الرجال ويكثر النساء)

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ قیامت کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ علم کو اٹھالیا جائے گا، اور جہل کی کثرت ہوگی، اور زنا کی بھی کثرت ہوگی، شراب پینے کی بھی کثرت ہوگی، اور مرد حضرات کی کمی، اور عورتوں

کی کثرت ہوگی، یہاں تک کہ پچاس عورتوں کا ایک ذمہ دار وکفیل ہوگا (بخاری)

## عمر بن تغلب رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عمر بن تغلب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: إِنَّ مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ أَنْ یَّفِیْضَ الْمَالُ، وَیَکْثُرَ الْجَھْلُ، وَتَظْھَرَ الْفِتَنُ، وَتَفْشُوَ التِّجَارَةُ

(المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۲۱۴۷، کتاب البیوع) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک قیامت کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ مال بہہ پڑے گا (یعنی مال کی کثرت وبہتات ہوجائے گی) اور جہالت زیادہ ہوجائے گی، اور مختلف فتنے ظاہر ہوجائیں گے، اور تجارت پھیل جائے گی (حاکم)

## ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰی یُقْبَضَ الْعِلْمُ (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۱۰۳۶، کتاب الاستسقاء، باب ما قیل فی الزلازل والآیات)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی، جب تک علم اٹھا نہ لیا جائے (بخاری)

---

[1] قال الحاکم: هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه وإسناده على شرطهما صحيح إلا أن عمرو بن تغلب ليس له راو غير الحسن.
وقال الذهبی: علی شرط البخاری ومسلم.

## ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: یَتَقَارَبُ الزَّمَانُ، وَیَنْقُصُ الْعَمَلُ (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۶۰۳۷، کتاب الأدب، باب حسن الخلق والسخاء وما یکرہ من البخل)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ زمانہ قریب قریب ہو جائے گا، اور عمل ناقص ہو جائے گا (بخاری)

## ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث

اور ابو یعلیٰ موصلی نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَۃُ حَتّٰی یُقْبَضَ الْعِلْمُ، وَیَکْثُرُ الْجَھْلُ، وَتَظْھَرُ الْفِتَنُ (مسند أبی یعلی، رقم الحدیث ۶۳۲۳، مسند ابی ھریرۃ) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک علم قبض نہ کر لیا جائے، اور جہل زیادہ نہ ہو جائے، اور مختلف فتنے ظاہر نہ ہو جائیں (ابو یعلیٰ)

## ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی چوتھی حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ، قَالَ: سَیَأْتِیْ عَلٰی أُمَّتِیْ زَمَانٌ

---

[1] قال حسین سلیم أسد الدارانی: إسنادہ حسن (حاشیۃ مسند ابی یعلیٰ)

تَكْثُرُ فِيهِ الْقُرَّاءُ، وَتَقِلُّ الْفُقَهَاءُ وَيُقْبَضُ الْعِلْمُ، وَيَكْثُرُ الْهَرْجُ قَالُوا: وَمَا الْهَرْجُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: اَلْقَتْلُ بَيْنَكُمْ، ثُمَّ يَأْتِي بَعْدَ ذٰلِكَ زَمَانٌ يَقْرَأُ الْقُرْآنَ رِجَالٌ لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ، ثُمَّ يَأْتِي مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ زَمَانٌ يُجَادِلُ الْمُنَافِقُ الْكَافِرُ الْمُشْرِكُ بِاللّٰهِ الْمُؤْمِنَ بِمِثْلِ مَا يَقُولُ

(المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۸۴۱۲، کتاب الفتن والملاحم) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت پر ایک زمانہ آئے گا، جس میں قرآن کے ''قاری'' بہت ہوجائیں گے (جو اوپرے دل سے قرآن پڑھیں گے مگر اس کے معنیٰ ومطلب سے واقف نہ ہوں گے) مگر ''فقیہ'' (جو شرعی احکام کی سمجھ رکھتے ہیں) کم ہوں گے، اور علم اٹھالیا جائے گا (کیونکہ اصحابِ علم دنیا سے رخصت ہوجائیں گے) اور ہرج کی کثرت ہوجائے گی۔

صحابہ نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول ہرج کیا ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہارے درمیان قتل وقتال ہوجانا۔

پھر اس کے بعد ایک اور زمانہ آئے گا، جس میں ایسے لوگ قرآن پڑھیں گے کہ قرآن ان لوگوں کے حلق سے نیچے نہیں اُترے گا (دل قرآن کے فہم اور عقیدت واحترام سے کورے اور خالی ہوں گے)

پھر اس کے بعد ایک زمانہ ایسا آئے گا، جس میں منافق، کافر، اللہ کے ساتھ شرک کرنے والا، ایمان والے شخص سے، اس جیسا قول کر کے جھگڑا کرے گا (حاکم)

## ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی پانچویں حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال الحاکم: هذا حديث صحيح الإسناد، ولم يخرجاه.
وقال الذهبي في التلخيص: صحيح.

www.idaraghufran.org

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ، لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَظْهَرَ الْفُحْشُ، وَالْبُخْلُ، وَيُخَوَّنَ الْأَمِيْنُ، وَيُؤْتَمَنَ الْخَائِنُ، وَتَهْلَكَ الْوُعُوْلُ، وَتَظْهَرُ التُّحُوْتُ، قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَمَا الْوُعُوْلُ وَالتُّحُوْتُ؟ قَالَ: اَلْوُعُوْلُ: وُجُوْهُ النَّاسِ وَأَشْرَافُهُمْ، وَالتُّحُوْتُ: الَّذِيْنَ كَانُوْا تَحْتَ أَقْدَامِ النَّاسِ لَا يُعْلَمُ بِهِمْ

(موارد الظمآن إلى زوائد ابن حبان، رقم الحديث ١٨٨٦، كتاب الفتن، باب في أمارات الساعة) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قسم ہے اس ذات کی کہ محمد کی جان اس کے ہاتھ میں ہے، قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک فحش و بے حیائی اور بخل عام نہ ہو جائے، اور امانت دار کو خائن اور خائن کو امانت دار نہ قرار دیا جائے، اور ''وعول'' لوگ ہلاک نہ ہو جائیں، اور ''تحوت'' کو پاک صاف نہ سمجھا جانے لگے، لوگوں نے کہا کہ اے اللہ کے رسول ''وعول'' اور ''تحوت'' کیا ہیں، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ''وعول'' وہ ہیں، جو لوگوں میں عزت و شرافت والے ہوں، اور ''تحوت'' وہ لوگ ہیں، جو لوگوں کے پاؤں کی دھول ہوں، اُن کی کوئی جان پہچان نہ ہو (موارد الظمآن)

اس حدیث کو امام حاکم نے بھی روایت کیا ہے، اور اس کی سند کو معتبر قرار دیا ہے۔ [2]

---

[1] قال حسين سليم اسد الداراني: إسناده جيد (حاشية موارد الظمآن)

[2] حدثنا أبو عبد الله محمد بن يعقوب الحافظ، ثنا يحيى بن محمد بن يحيى الشهيد، والفضل بن محمد بن المسيب الشعراني، قالا: ثنا إسماعيل بن أبي أويس، حدثني زفر بن عبد الرحمن بن أدرك، عن محمد بن سليمان بن والبة، عن سعيد بن جبير، عن أبي هريرة رضي الله عنه، عن رسول الله صلى الله عليه وسلم أنه قال: والذي نفس محمد بيده، لا تقوم الساعة حتى يظهر الفحش والبخل، ويخون الأمين ويؤتمن الخائن، ويهلك الوعول، ويظهر التحوت فقالوا: يا رسول الله وما الوعول وما التحوت؟ قال: الوعول وجوه الناس وأشرافهم، والتحوت الذين كانوا تحت أقدام الناس لا يعلم بهم (المستدرك للحاكم، رقم الحديث ٨٦٤٤، كتاب الفتن والملاحم)

قال الحاكم: هذا حديث رواته كلهم مدنيون ممن لم ينسبوا إلى نوع من الجرح.

www.idaraghufran.org

نیز اس حدیث کو امام طبرانی نے بھی ایک اور سند کے ساتھ روایت کیا ہے۔ [1]

اور یہ دونوں سندیں ایک دوسرے کو تقویت فراہم کرتی ہیں۔ [2]

## ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی چھٹی حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَتُنْتَقَوُنَّ كَمَا يُنْتَقَى التَّمْرُ مِنْ أَغْفَالِهِ، فَلْيَذْهَبَنَّ خِيَارُكُمْ، وَلَيَبْقَيَنَّ شِرَارُكُمْ، فَمُوتُوا إِنْ اسْتَطَعْتُم**

(مسند احمد، رقم الحدیث ۸۰۳۸) [3]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہیں اس طرح چھانٹ دیا جائے گا، جس طرح اچھی کھجوریں، ردّی کھجوروں سے چھانٹ لی جاتی ہیں؛ چنانچہ

---

[1] حدثنا أبو أيوب أحمد بن بشير الطيالسي قال: نا يحيى بن معين قال: نا حجاج بن محمد، عن ابن جريج قال: أخبرني محمد بن الحارث قال: قدم رجل، يقال له: أبو علقمة، حليف في بني هاشم، وكان فيما حدثنا أنه قال: سمعت أبا هريرة، يقول: إن من أشراط الساعة: أن يظهر الشح، والفحش، ويؤتمن الخائن، ويخون الأمين، ويظهر ثياب يلبسها نساء كاسيات عاريات، ويعلو التحوت الوعول .أكذاك يا عبد الله بن مسعود سمعته من حبي؟ قال: نعم، ورب الكعبة .قلنا: وما التحوت؟ قال: فسول الرجال، وأهل البيوت الغامضة، يرفعون فوق صالحيهم .والوعول: أهل البيوت الصالحة(المعجم الاوسط،للطبراني،رقم الحديث۷۴۸، باب الالف)

[2] قال الهيثمي:ورجاله رجال الصحيح غير محمد بن الحارث بن سفيان وهو ثقة(مجمع الزوائد،تحت رقم الحديث ۱۲۴۴۹ ،باب ثان في أمارات الساعة)

وقال الالباني:وجملة القول؛ أن الحديث صحيح بمجموع الطريقين، إن لم يكن صحيحاً أو على الأقل حسناً من الطريق الأخرى .وقد أشار الحافظ إلى ذلك بسكوته عليه، وقد ساقه بطريقيه في "الفتح "(13/15). ثم إن لبعضه شاهداً من حديث ابن عمرو بلفظ ":من أشراط الساعة :أن يظهر القول، ويخزن العمل، ويرفع الأشرار، ويوضع الأ خيار"...زوقد سبق تخريجه برقم(2821). ومثله حديث الرويبضة المتقدم ( 2253) ، والفحش والتفحش(سلسلة الاحاديث الصحيحة،تحت رقم الحديث ۳۲۱۱)

[3] قال شعيب الارنؤوط:صحيح لغيره(حاشية مسند احمد)

تمہارے اچھے لوگ اُٹھتے چلے جائیں گے اور بدترین لوگ باقی رہ جائیں گے، اس وقت اگر تم سے مرا جا سکتا ہو، تو تم مر جانا (مسند احمد)

خودکشی کرنا تو جائز نہیں، اور مطلب یہ ہے کہ ایسے وقت زندگی کوئی خیر والی نہیں ہوگی، بلکہ اُس وقت موت آ جانے میں خیر ہوگی۔ [1]

## عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: إِنَّ اللّٰهَ لَا يَقْبِضُ الْعِلْمَ انْتِزَاعًا يَنْتَزِعُهُ مِنَ الْعِبَادِ، وَلٰكِنْ يَقْبِضُ الْعِلْمَ بِقَبْضِ الْعُلَمَاءِ، حَتّٰى إِذَا لَمْ يُبْقِ عَالِمًا اتَّخَذَ النَّاسُ رُءُوسًا جُهَّالًا، فَسُئِلُوْا فَأَفْتَوْا بِغَيْرِ عِلْمٍ، فَضَلُّوْا وَأَضَلُّوْا (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۱۰۰، کتاب العلم، باب: کیف یقبض العلم)

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ بے شک اللہ، بندوں سے علم کو ویسے ہی ختم نہیں کرے گا کہ علم کو لوگوں سے اٹھا لے، بلکہ علم کو، علماء کے اٹھا لینے کی صورت میں ختم کرے گا، یہاں تک کہ جب (کسی علاقہ میں) کوئی عالم باقی نہیں رہے گا، تو لوگ، جاہلوں کو اپنا پیشوا، بنالیں گے، پھر ان جاہلوں سے سوال کریں گے، یہ جاہل لوگوں کو بغیر علم کے جواب دیں گے، پھر یہ خود بھی گمراہ ہوں گے، اور دوسروں کو بھی گمراہ کریں گے (صحیح بخاری)

---

[1] (لتنتقون) بالبناء للمفعول أی لتنظفون (کما ینتقی التمر من الحثالة) أی الردیء یعنی لتنظفن کما ینظف التمر الجید من الردیء (فلیذهبن خیارکم) أی بالموت (ولیبقین شرارکم فموتوا إن استطعتم) أی فإذا کان کذلک فإن کان الموت باستطاعتکم فموتوا فإن الموت عند انقراض الأخیار خیر من الحیاة فی هذه الدار (فیض القدیر للمناوی، ج۵ ص۵۶۳، تحت رقم الحدیث ۷۲۳۰، حرف اللام)

# عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: مِنْ اِقْتِرَابِ السَّاعَةِ أَنْ تُرْفَعَ الْأَشْرَارُ وَتُوضَعَ الْأَخْيَارُ، وَيُفْتَحَ الْقَوْلُ وَيُخْزَنَ الْعَمَلُ، وَيُقْرَأَ بِالْقَوْمِ الْمُثَنَّاةُ لَيْسَ فِيهِمْ أَحَدٌ يُنْكِرُهَا، قِيلَ: وَمَا الْمُثَنَّاةُ ؟ قَالَ: مَا اُكْتُتِبَتْ سِوٰى كِتَابِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ (المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۸۶۶۰، کتاب الفتن والملاحم)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے قریب ہونے میں سے یہ بھی ہے کہ شریر ترین لوگوں کو اوپر لایا جائے گا (ان کو رفعت وعزت دی جائے گی) اور نیک صالح (وشریف) لوگوں کو نیچا کیا جائے گا (بے وقعت سمجھا جائے گا) اور قول (زبانی جمع خرچ) کو فتح (وکامیابی) کا باعث سمجھا جائے گا، اور عمل کو باعثِ رسوائی سمجھا جائے گا، اور قوم کے سامنے مُثَنَّاۃُ پڑھا جائے گا، تو پوری قوم میں کوئی فرد اس کو روکنے (اور ٹوکنے) والا نہ گا۔

سوال کیا گیا کہ مُثَنَّاۃُ کیا ہے؟ جواب میں فرمایا کہ اللہ کی کتاب کے علاوہ جو کچھ لکھا ہوا ہو (یعنی اللہ کی کتاب کے علاوہ دوسری کتابوں کو دوسروں کے سامنے پڑھنے کو زیادہ اہمیت دی جائے گی) (حاکم)

نیز امام حاکم نے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی اس حدیث کو موقوفاً اس طرح بھی روایت کیا ہے:

إِنَّ مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ أَنْ تُرْفَعَ الْأَشْرَارُ وَتُوضَعَ الْأَخْيَارُ، وَأَنْ يُّخْزَنَ الْفِعْلُ وَالْعَمَلُ وَيَظْهَرَ الْقَوْلُ، وَأَنْ يُقْرَأَ بِالْمُثَنَّاةِ فِي الْقَوْمِ

لَيْسَ فِيهِمْ مَنْ يُغَيِّرُهَا أَوْ يُنْكِرُهَا فَقِيلَ: وَمَا الْمُثَنَّاةُ؟ قَالَ: مَا اكْتُتِبَتْ سِوَى كِتَابِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ (المستدرک للحاکم، رقم الحديث ۸۶۶۱، کتاب الفتن والملاحم) ۱

ترجمہ: قیامت کی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ شریر ترین لوگوں کو اوپر لایا جائے گا (ان کو رفعت وعزت دی جائے گی) اور نیک صالح (وشریف) لوگوں کو نیچا کیا جائے گا (بے وقعت سمجھا جائے گا) اور فعل وعمل کو باعثِ رسوائی سمجھا جائے گا، اور قول (زبانی جمع خرچ) کو فتح (وکامیابی) کا باعث سمجھا جائے گا، اور قوم کے سامنے مُثَنَّاةُ پڑھا جائے گا، تو ان میں کوئی فرد اس کو روکنے (اور ٹوکنے) والا نہ گا۔

سوال کیا گیا کہ مُثَنَّاةُ کیا ہے؟ جواب میں فرمایا کہ اللہ کی کتاب کے علاوہ جو کچھ لکھا ہوا ہو (یعنی اللہ کی کتاب کے علاوہ دوسری کتابوں کو دوسروں کے سامنے پڑھنے کو زیادہ اہمیت دی جائے گی) (حاکم)

اس حدیث کو امام طبرانی نے بھی روایت کیا ہے۔ ۲

اور علامہ ہیثمی نے اس کے راویوں کو صحیح کہا ہے۔ ۳

اور امام بیہقی نے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے موقوفاً اس طرح روایت کیا ہے:

مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ أَنْ يَظْهَرَ الْقَوْلُ وَيُخْزَنَ الْفِعْلُ، وَمِنْ أَشْرَاطِ

---

۱ قال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسنادين جميعا، ولم يخرجاه.
وقال الذهبي في التلخيص: صحيح.

۲ عن عمرو بن قيس الكندي، قال: كنت مع أبي بـ حوارين وأنا غلام حدث شاب، فرأيت الناس مجتمعين على رجل، فقلت: من هذا؟ قالوا: عبد الله بن عمرو، فسمعته يحدث عن رسول الله صلى الله عليه وسلم أنه قال: من اقتراب الساعة: أن يرفع الأشرار، ويوضع الأخيار، ويفتح القول، ويحبس العمل، ويقرأ في القوم المثناة، قيل: وما المثناة؟ قال: ما كتب سوى كتاب الله (المعجم الكبير للطبراني، ج۱۳، ص ۶۳۵، رقم الحديث ۱۴۵۵۹)

۳ قال الهيثمي: رواه الطبراني، ورجاله رجال الصحيح (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۱۲۴۴۶، باب ثان في أمارات الساعة)

السَّاعَةِ أَنْ تُرْفَعَ الْأَشْرَارُ، وَتُوضَعَ الْأَخْيَارُ، وَإِنَّ مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ أَنْ يُقْرَأَ الْمَثْنَاةُ عَلٰى رُءُوسِ الْمَلَأِ لَا يُغَيَّرُ، قِيلَ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، كَيْفَ بِمَا جَاءَ مِنْ حَدِيثِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ؟قَالَ: مَا جَاءَكُمْ عَنْ مَنْ تَأْمَنُونَهُ عَلٰى نَفْسِهٖ وَدِيْنِهٖ فَخُذُوا بِهٖ، وَعَلَيْكُمْ بِالْقُرْآنِ فَإِنَّهُ عَنْهُ تُسْأَلُونَ، وَبِهٖ تُجْزَوْنَ، وَكَفٰى بِهٖ وَاعِظًا لِمَنْ عَقِلَ، وَقِيلَ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، فَمَا الْمَثْنَاةُ ؟ قَالَ: مَا اسْتُكْتِبَ مِنْ غَيْرِ كِتَابِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ (شعب الایمان، ،رقم الحدیث ۴۸۳۴،الرابع والثلاثون من شعب الإيمان وهو باب في حفظ اللسان عما لا يحتاج إليه)

ترجمہ: قیامت کی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ قول (زبانی جمع خرچ) کو فتح (وکامیابی) کا باعث سمجھا جائے گا، اور عمل کو باعثِ رسوائی سمجھا جائے گا، اور قیامت کی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ شریر ترین لوگوں کو اوپر لایا جائے گا (ان کو رفعت وعزت دی جائے گی) اور نیک صالح (وشریف) لوگوں کو نیچا کیا جائے گا (بے وقعت سمجھا جائے گا)

اور قیامت کی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ لوگوں کے سروں پر برملا، مُثَنَّاۃُ پڑھا جائے گا، جس پر کوئی نکیر اور روک ٹوک نہیں کی جائے گی۔

سوال کیا گیا کہ اے ابوعبدالرحمٰن! ان حالات میں جو کوئی اللہ کے نبی کی حدیث پیش کرے، اس کے ساتھ کیا کیا جائے؟ (حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے) فرمایا کہ جن لوگوں کی جانوں پر (اخلاق وکردار) اور جن کی دینداری پر تمہیں اطمینان واعتماد ہو، ایسے لوگوں کی طرف سے جو دین کی بات پیش ہو، تو ان کی بات لو؛ اور قرآن کو لازم پکڑلو، اس لیے کہ قرآن کے حقوق کے بارے میں تم سے پوچھ ہوگی، اور قرآن کی وجہ سے تمہیں جزاء (اور بدلہ) ملے گا،

اور قرآن اس شخص کی نصیحت کے لیے کافی ہے، جس میں عقل وفہم ہو۔

سوال کیا گیا کہ اے ابوعبدالرحمٰن! مُثَنَّاۃُ کیا ہے؟ آپ نے اس کے جواب میں فرمایا کہ اللہ عزوجل کی کتاب کے علاوہ جو کچھ لکھا ہوا ہو (بیہقی)

اس حدیث کو امام دارمی نے بھی روایت کیا ہے۔ [1]

## عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے ایک حدیث میں روایت ہے کہ:

فَاجْتَمَعْنَا إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: إِنَّهُ لَمْ يَكُنْ نَبِيٌّ قَبْلِيْ إِلَّا كَانَ حَقًّا عَلَيْهِ أَنْ يَدُلَّ أُمَّتَهُ عَلٰى خَيْرِ مَا يَعْلَمُهُ لَهُمْ، وَيُنْذِرَهُمْ شَرَّ مَا يَعْلَمُهُ لَهُمْ، وَإِنَّ أُمَّتَكُمْ هٰذِهِ جُعِلَ عَافِيَتُهَا فِيْ أَوَّلِهَا، وَسَيُصِيْبُ آخِرَهَا بَلَاءٌ، وَأُمُوْرٌ تُنْكِرُوْنَهَا، وَتَجِيْءُ فِتْنَةٌ فَيُرَقِّقُ بَعْضُهَا بَعْضًا، وَتَجِيْءُ الْفِتْنَةُ فَيَقُوْلُ الْمُؤْمِنُ: هٰذِهِ مُهْلِكَتِيْ، ثُمَّ تَنْكَشِفُ وَتَجِيْءُ الْفِتْنَةُ، فَيَقُوْلُ الْمُؤْمِنُ: هٰذِهِ هٰذِهِ، فَمَنْ أَحَبَّ أَنْ يُّزَحْزَحَ عَنِ النَّارِ، وَيُدْخَلَ الْجَنَّةَ، فَلْتَأْتِهِ مَنِيَّتُهُ وَهُوَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ، وَلْيَأْتِ إِلَى النَّاسِ الَّذِيْ يُحِبُّ أَنْ يُّؤْتٰى إِلَيْهِ، وَمَنْ

---

[1] عن عمرو بن قيس، قال: وفدت مع أبي إلى يزيد بن معاوية بحوارين حين توفي معاوية رضي الله عنه، نعزيه ونهنيه بالخلافة، فإذا رجل في مسجدها يقول: ألا إن من أشراط الساعة أن يرفع الأشرار، ويوضع الأخيار .ألا إن من أشراط الساعة، أن يظهر القول ويخزن العمل، ألا إن من أشراط الساعة، أن تتلى المثناة فلا يوجد من يغيرها، قيل له: وما المثناة؟ قال: ما استكتب من كتاب غير القرآن، فعليكم بالقرآن فبه هديتم، وبه تجزون، وعنه تسألون .فلم أدر من الرجل، فحدثت هذا الحديث بعد ذلك بحمص، فقال لي رجل من القوم: أو ما تعرفه؟ قلت: لا .قال: ذلك عبد الله بن عمرو رضي الله عنهما(سنن الدارمي،رقم الحديث ٤٩٣،باب من لم ير كتابة الحديث)

قال حسين سليم أسد الداراني: إسناده جيد(حاشية سنن الدارمي)

بَايَعَ إِمَامًا فَأَعْطَاهُ صَفْقَةَ يَدِهِ، وَثَمَرَةَ قَلْبِهِ، فَلْيُطِعْهُ إِنِ اسْتَطَاعَ، فَإِنْ جَاءَ آخَرُ يُنَازِعُهُ فَاضْرِبُوا عُنُقَ الْآخَرِ (صحيح مسلم،رقم الحديث ۱۸۴۴ "۴۶" كتاب الإمارة، باب وجوب الوفاء ببيعة الخلفاء، الأول فالأول)

ترجمہ: پھر ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جمع ہوئے،تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بلاشبہ مجھ سے پہلے جو بھی نبی ہوا ہے،اس کے ذمہ تھا کہ جتنے بھی خیر و بھلائی کے کام وہ جانتا ہے،اپنی امت کی ان طرف رہنمائی کرے اور جتنے بھی شر اور بُرائی کے کام وہ جانتا ہے،اپنی امت کو اُن سے ڈرائے،اور بلاشبہ تمہاری یہ امت (مسلمہ) وہ ہے کہ عافیت اس کے ابتدائی حصے میں رکھی گئی ہے (جو نبی کا زمانہ ہے) اور عنقریب اس امت کے بعد آنے والے طبقوں (اور نسلوں) کو بڑی آزمائشیں اور بلائیں پیش آئیں گی اور ایسے اُمور پیش آئیں گے جو ان کے لئے ناگوار ہوں گے،ایسے فتنے (ان کو) پیش آئیں گے کہ وہ ایک دوسرے کو ہلکا کر دیں گے (یعنی اگلے والے فتنے پہلے فتنوں کو ہلکا ثابت کریں گے،کیونکہ ہر آنے والا فتنہ،پہلے فتنہ سے زیادہ شدید ہوگا)

پھر کوئی فتنہ اٹھے گا،تو مومن کہے گا کہ اس میں میری ہلاکت ہے،پھر وہ فتنہ دب جائے گا،پھر کوئی اور فتنہ اٹھے گا،تو آدمی کہے گا کہ بس اسی میں میری ہلاکت ہے (یعنی ہر بعد والا فتنہ پہلے سے بڑھ کر ہولناک ہوگا،اور آدمی ہر فتنے کو اپنے حق میں انتہائی فتنہ سمجھے گا) پس جو کوئی تم میں سے پسند کرے کہ وہ اپنے آپ کو جہنم سے بچائے،اور جنت میں داخل ہو،تو وہ مرتے دم تک اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھے اور لوگوں کے ساتھ اس طرح پیش آئے،جس طرح وہ لوگوں کا اپنے ساتھ پیش آنا پسند کرتا ہے (یعنی جو طرزِ عمل اور جیسا معاملہ لوگوں سے اپنے لئے پسند کرتا ہے،لوگوں کے ساتھ وہی برتاؤ کرے) اور جس نے ایک حاکم و

امیر کی بیعت پورے عہد و پیمان اور خلوصِ دل سے کر لی، تو پھر وہ حتی المقدور اس حاکم کا مطیع رہے (بغاوت نہ کرے) پھر اگر کوئی اور اس امیر کے مقابلے پر آئے جو اس سے منازعہ ومقابلہ کرے، تو تم اس دوسرے آنے والے کی گردن مار دو (تاکہ خون ریزی اور فتنہ کھڑا نہ ہو) (مسلم)

## عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی چوتھی حدیث

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے ایک لمبی حدیث میں روایت ہے کہ:

ثُمَّ يُرْسِلُ اللّٰهُ رِيحًا بَارِدَةً مِنْ قِبَلِ الشَّأْمِ، فَلَا يَبْقٰى عَلٰى وَجْهِ الْأَرْضِ أَحَدٌ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ مِنْ خَيْرٍ أَوْ إِيمَانٍ إِلَّا قَبَضَتْهُ، حَتّٰى لَوْ أَنَّ أَحَدَكُمْ دَخَلَ فِي كَبِدِ جَبَلٍ لَدَخَلَتْهُ عَلَيْهِ، حَتّٰى تَقْبِضَهُ، قَالَ: سَمِعْتُهَا مِنْ رَّسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَيَبْقٰى شِرَارُ النَّاسِ فِي خِفَّةِ الطَّيْرِ وَأَحْلَامِ السِّبَاعِ، لَا يَعْرِفُونَ مَعْرُوفًا وَلَا يُنْكِرُونَ مُنْكَرًا، فَيَتَمَثَّلُ لَهُمُ الشَّيْطَانُ، فَيَقُولُ: أَلَا تَسْتَجِيبُونَ؟ فَيَقُولُونَ: فَمَا تَأْمُرُنَا؟ فَيَأْمُرُهُمْ بِعِبَادَةِ الْأَوْثَانِ، وَهُمْ فِي ذٰلِكَ دَارٌّ رِزْقُهُمْ، حَسَنٌ عَيْشُهُمْ، ثُمَّ يُنْفَخُ فِي الصُّورِ (صحيح مسلم، رقم الحديث، ٢٩٤٠ "١١٦" كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب فى خروج الدجال ومكثه فى الأرض، ونزول عيسى وقتله إياه الخ)

ترجمہ: پھر (دجال کے ہلاک ہونے کے چند سال بعد) ملکِ شام سے ایک ٹھنڈی ہوا چلے گی، پس روئے زمین پر جو بھی ایسا شخص ہوگا کہ اس کے دل میں رائی کے دانہ کے برابر بھی خیر، یا ایمان ہوگا، وہ اس کی روح کو قبض کر لے گی، یہاں تک کہ اگر تم میں سے کوئی کسی پہاڑ کے غار میں بھی داخل ہوگا، تو یہ ہوا وہاں

بھی داخل ہو جائے گی، اور اس مومن کی روح کو قبض کر لے گی، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے خود سنا ہے، اور فرمایا کہ پھر شریر ترین لوگ ہی باقی رہ جائیں گے، جلد باز چھوٹے چھوٹے پرندوں (چڑیوں) کی طرح (جن کو سمجھ بوجھ نہیں ہوتی اور ان کی بلاوجہ کی نقل وحرکت بہت ہوتی ہے) اور بے عقل درندوں کی طرح، جو نہ اچھی بات کو اچھا سمجھیں گے، اور نہ بری بات کو برا سمجھیں گے، پھر شیطان ایک مخصوص صورت اختیار کر کے، ان کے پاس آئے گا اور کہے گا کہ کیا تم میری بات نہیں مانتے؟ وہ جواب میں کہیں گے کہ پھر تو ہمیں کیا حکم دیتا ہے؟ پھر شیطان، ان کو بت پرستی کا حکم دے گا، اور وہ بت پرستی میں مشغول ہوں گے، ان کا رزق کشادہ ہوگا، عیش کی زندگی ہوگی، پھر قیامت کا صور پھونکا جائے گا (صحیح مسلم)

## نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ کی حدیث

اور حضرت نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ سے ایک لمبی حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد مروی ہے کہ:

فَبَيْنَمَا هُمْ كَذٰلِكَ إِذْ بَعَثَ اللّٰهُ رِيحًا طَيِّبَةً، فَتَأْخُذُهُمْ تَحْتَ آبَاطِهِمْ، فَتَقْبِضُ رُوحَ كُلِّ مُؤْمِنٍ وَكُلِّ مُسْلِمٍ، وَيَبْقٰى شِرَارُ النَّاسِ، يَتَهَارَجُونَ فِيهَا تَهَارُجَ الْحُمُرِ، فَعَلَيْهِمْ تَقُومُ السَّاعَةُ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٩٣٧ "١١٠" كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب ذكر الدجال وصفته وما معه)

ترجمہ: پھر (نزولِ عیسیٰ وقتلِ دجال کے بعد) لوگ اسی طرح ہوں گے کہ اچانک اللہ ایک پاکیزہ ہوا کو بھیجے گا، جو لوگوں کی بغلوں کے نیچے داخل ہو جائے گی، پھر ہر مومن اور ہر مسلم کی روح کو قبض کر لیا جائے گا، اور لوگوں میں سب سے شریر ترین لوگ ہی باقی رہ جائیں گے، جو آپس میں اختلاط کریں گے، گدھوں کی طرح کا

اختلاط (یعنی گدھوں کی طرح ایک دوسرے سے میل جول رکھیں گے، جس میں کوئی انسانی اقدار ملحوظ نہیں رکھیں گے) پس ان پر ہی قیامت قائم ہوگی (مسلم)

## ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ: مِنْ شِرَارِ النَّاسِ مَنْ تُدْرِکُھُمُ السَّاعَۃُ وَھُمْ أَحْیَاءٌ (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۷۰۶۷، کتاب الفتن، باب ظهور الفتن)

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ لوگوں میں سب سے زیادہ بدترین وہ لوگ ہیں، جن کو قیامت پا لے، اور وہ اس وقت زندہ ہوں (بخاری)

## ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ، یَقُوْلُ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَۃُ حَتّٰی لَا یُقَالَ فِی الْأَرْضِ اَللّٰہَ اَللّٰہَ (المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۸۵۱۱، کتاب الفتن والملاحم) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک زمین میں اللہ اللہ کہا جاتا رہے گا (حاکم)

مطلب یہ ہے کہ قیامت شریر ترین وبدترین لوگوں پر قائم ہوگی، اور اس سے پہلے ہر مومن کی

---

[1] قال الحاکم: هذا حديث صحيح على شرط الشيخين.
وقال الذهبی فی التلخيص: على شرط البخاری ومسلم.

روح کو قبض کرلیا جائے گا، جس کا دوسری احادیث میں ذکر ہے۔

## ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے موقوفاً روایت ہے کہ:

یَذْهَبُ الصَّالِحُوْنَ أَسْلَافًا، وَيَبْقٰى أَهْلُ الرِّيَبِ مَنْ لَا يَعْرِفُ مَعْرُوْفًا وَلَا يُنْكِرُ مُنْكَرًا (المعجم الكبير للطبراني، ٩ص ١٠٥، رقم الحديث ٨٥٥٢) [1]

ترجمہ: نیک لوگ ایک ایک کرکے رُخصت ہوجائیں گے، اور ’’ریب والے‘‘ باقی رہ جائی گے، جو اچھے کام کو اچھا اور بُرے کام کو برا نہیں سمجھیں گے (طبرانی)

## ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت

اور ابوالاحوص اور ابوکندی سے روایت ہے کہ:

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ إِنَّكُمْ فِيْ زَمَانٍ اَلصَّلَاةُ فِيْهِ طَوِيْلَةٌ، وَالْخُطْبَةُ فِيْهِ قَصِيْرَةٌ، وَعُلَمَاؤُهُ كَثِيْرٌ وَخُطَبَاؤُهُ قَلِيْلٌ، وَسَيَأْتِيْ عَلَيْكُمْ زَمَانٌ اَلصَّلَاةُ فِيْهِ قَصِيْرَةٌ وَالْخُطْبَةُ فِيْهِ طَوِيْلَةٌ، خُطَبَاؤُهُ كَثِيْرٌ وَعُلَمَاؤُهُ قَلِيْلٌ (المعجم الكبير للطبراني، ج٩ ص ١٠٩، رقم الحديث ٨٥٦٧) [2]

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ بے شک تم (اس وقت) ایسے زمانے میں ہو کہ جس میں نماز لمبی، اور خطبہ مختصر ہوتا ہے، اس زمانہ میں علماء، زیادہ تعداد میں، اور خطیب کم تعداد میں ہیں، لیکن عنقریب تم پر ایسا زمانہ آئے گا کہ جس میں نماز مختصر اور خطبہ لمبا ہوگا، اس زمانہ میں خطیبوں کی تعداد زیادہ

---

[1] قال الهيثمي: رواه الطبراني، ورجاله رجال الصحيح (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ١٢٢٠٨، باب فيمن لم يأمر بمعروف ولم ينه عن منكر)

[2] قال الهيثمي: رواه الطبراني، ورجاله رجال الصحيح، وله طريق في الزهد، وقد تقدم في العلم نحوه (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ١٢٢٣٤، باب في أيام الصبر وفيمن يتمسك بدينه في الفتن)

اور علماء کی تعداد کم ہوگی (طبرانی)

اس طرح کی حدیث ایک اور سند سے بھی مروی ہے۔ [1]

اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے اس طرح کی روایت ہذیل بن شرحبیل کی سند سے بھی مروی ہے، جس میں یہ بھی ہے کہ بعض بیان جادو ہوتے ہیں۔ [2]

## ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی تیسری روایت

اور حضرت ابووائل سے روایت ہے کہ:

قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: كَيْفَ أَنْتُمْ إِذَا لَبِسَتْكُمْ فِتْنَةٌ يَهْرَمُ فِيهَا الْكَبِيرُ، وَيَرْبُو فِيهَا الصَّغِيرُ، وَيَتَّخِذُهَا النَّاسُ سُنَّةً فَإِذَا غُيِّرَتْ، قَالُوا: غُيِّرَتِ السُّنَّةُ؟ قِيلَ: مَتٰى ذٰلِكَ يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ؟ قَالَ: إِذَا كَثُرَتْ قُرَّاؤُكُمْ، وَقَلَّتْ فُقَهَاؤُكُمْ، وَكَثُرَتْ أَمْوَالُكُمْ، وَقَلَّتْ أُمَنَاؤُكُمْ، وَالْتُمِسَتِ الدُّنْيَا بِعَمَلِ الْآخِرَةِ (المستدرک للحاكم، رقم الحديث ٨٥٧٠، كتاب الفتن والملاحم) [3]

---

[1] عن أبى الأحوص، عن ابن مسعود، قال :إنكم فى زمان قليل خطباؤه كثير علماؤه يطيلون الصلاة، ويقصرون الخطبة، وإنه سيأتى عليكم زمان كثير خطباؤه قليل علماؤه يطيلون الخطبة، ويؤخرون الصلاة (المعجم الكبير للطبرانى، ج٩ص٢٩٨، رقم الحديث ٩٤٩٦)

قال الهيثمى: رواه الطبرانى فى الكبير ورجاله ثقات (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ٣١٦٠، باب قصر الخطبة)

[2] عن هزيل بن شرحبيل، عن عبد الله بن مسعود رضى الله عنه، أنه قال: إنكم فى زمان كثير علماؤه قليل خطباؤه، كثير معطوه، الصلاة فيها قصيرة، والخطبة فيها طويلة، فأقصروا الخطبة وأطيلوا الصلاة، وإن من البيان لسحرا، ومن أراد الآخرة أضر بالدنيا، ومن أراد الدنيا أضر بالآخرة، يا قوم فأضروا بالفانية للباقية (المستدرک للحاكم، رقم الحديث ٨٤٨٧، كتاب الفتن والملاحم)

قال الحاكم: هذا حديث صحيح على شرط الشيخين، ولم يخرجاه

وقال الذهبى فى التلخيص: على شرط البخارى ومسلم.

[3] قال الذهبى: على شرط البخارى ومسلم.

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ تمہارا اس وقت کیا حال ہوگا جب تم کو فتنے مغالطے میں ڈال دیں گے، ان فتنوں میں تمہارے بڑے بوڑھے ہوجائیں گے، اور تمہارے بچے بڑے ہوجائیں گے، پس لوگ انہی فتنوں کو سنت (یعنی دین) بنالیں گے، پس جب ان فتنوں میں سے کسی چیز کو بدلا جائے گا، تو وہ لوگ کہیں گے کہ سنت عمل کو تبدیل کردیا گیا۔

سوال کیا گیا کہ اے ابوعبدالرحمان، ایسا کب ہوگا؟ ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جب تم میں قاری لوگوں کی کثرت ہوجائے گی، اور تم میں فقہاء کی تعداد کم ہوجائے گی، اور تمہارے مال ودولت کی مقدار زیادہ ہوجائے گی، اور تمہارے امانت دار لوگوں کی تعداد کم ہوجائے گی، اور آخرت والے اعمال کے ذریعہ، دنیا طلب کی جائے گی (حاکم)

آج جس دور سے ہم گذر رہے ہیں، وہ ان ہی حالات والا زمانہ ہے، جس میں حقیقی علماء وفقہاء کی تعداد بہت کم ہوچکی ہے، اور خطیبوں کی تعداد بہت زیادہ ہے، جو بیان تو بہت لچھے دار اور سحر انگیز کرتے ہیں، اور لوگ اس سے متاثر ہوکر واہ واہ بھی خوب کرتے ہیں، لیکن علم وفقہ کی بات بہت کم ہوتی ہے۔

## مرداس اسلمی رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت مُرداس اسلمی رضی اللہ عنہ، جو اصحابِ شجرہ صحابہ میں سے تھے، ان سے روایت ہے کہ:

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَذْهَبُ الصَّالِحُونَ، اَلْأَوَّلُ فَالْأَوَّلُ، وَيَبْقَى حُفَالَةٌ كَحُفَالَةِ الشَّعِيرِ، أَوِ التَّمْرِ، لَا يُبَالِيهِمُ اللّٰهُ بَالَةً (صحيح البخاري، رقم الحديث ٦٤٣٤، كتاب الرقاق، باب ذهاب الصالحين)

ترجمہ: نیک لوگ یکے بعد دیگرے رخصت ہوتے جائیں گے، جیسے چھٹائی کے بعد رَدّی جَو، یا کھجوریں باقی رہ جاتی ہیں (ایسے ناکارہ لوگ رہ جائیں گے کہ) اللہ

تعالیٰ ان کی کوئی پروانہیں کرے گا (بخاری)

معجم طبرانی کبیر میں حضرت مستورد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّــهُ قَالَ لِعَمْرِو بْنِ الْعَاصِ: تَقُوْمُ السَّاعَةُ وَالرُّوْمُ أَكْثَرُ النَّاسِ ،قَالَ: اُنْظُرْ مَا تَقُوْلُ؟ قَالَ: لَا أَقُوْلُ إِلَّا مَا سَمِعْتُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَذْهَبُ الصَّالِحُوْنَ أَسْلَافًا، وَتَبْقٰى حُثَالَةٌ كَحُثَالَةِ التَّمْرِ وَالشَّعِيْرِ، لَا يُبَالِي اللّٰهُ بِهِمْ (المعجم الكبير للطبرانی، ج۲۰، ۳۰، رقم الحديث ۷۳۴)

ترجمہ: حضرت مستورد رضی اللہ عنہ نے حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے کہا کہ قیامت قائم ہونے کے وقت رومیوں (یعنی عیسائیوں) کی کثرت ہوگی۔

اس پر عمرو بن عاص نے فرمایا کہ آپ دیکھ لو کیا بات کہہ رہے ہو (یعنی یہ قیامت سے پہلے کی بات ہے، جو ہمارے لئے غیب کی بات ہے، جس میں بہت احتیاط ضروری ہے) تو حضرت مستورد نے فرمایا کہ میں وہی بات کہہ رہا ہوں، جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے، نیک صالح لوگ ایک ایک کر کے گذر جائیں گے، اور ''کھجور'' اور'' جو وگندم'' کے بھوسے کی طرح (یعنی بے کار ونا کارہ) لوگ رہ جائیں گے، جن کی اللہ کوئی پروانہیں کرے گا (طبرانی)

معلوم ہوا کہ قیامت سے پہلے مسلمانوں کے اکثر نیک لوگ فوت ہو چکے ہوں گے، اور اکثریت ایسے مسلمانوں کی باقی رہ جائے گی، جو ناکارہ اور فضول ہوں گے، اور اللہ کے نزدیک ایسے لوگوں کی کوئی اہمیت اور وقعت نہیں ہوگی، اس لئے اگر وہ دنیا میں ذلیل ورسوا ہوں، تو کوئی بعید نہیں۔

## رویفع انصاری رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت رویفع بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قُرِّبَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَمْرٌ وَرُطَبٌ فَأَكَلُوْا مِنْهُ حَتّٰى لَمْ يَبْقَ مِنْهُ شَيْءٌ إِلَّا نَوَاةٌ ،فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:أَتَدْرُوْنَ مَا هٰذَا؟قَالُوْا:اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ أَعْلَمُ، قَالَ:تَذْهَبُوْنَ الْخَيِّرُ ،فَالْخَيِّرُ حَتّٰى لَا يَبْقٰى مِنْكُمْ إِلَّا مِثْلُ هٰذَا(صحیح ابنِ حبان،رقم الحدیث ۷۲۲۵،کتاب إخباره صلى الله عليه وسلم عن مناقب الصحابة رضى الله عنهم أجمعين،باب فضل الأمة) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب چھوارے اور تازہ کھجوریں کی گئیں، جب لوگوں نے ان کو کھالیا، اور صرف گٹھلیاں باقی رہ گئیں، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم جانتے ہو کہ یہ کیا ہے؟ لوگوں نے عرض کیا کہ اللہ اور اس کا رسول ہی زیادہ جانتا ہے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہارے اچھے لوگ جاتے رہیں گے، جاتے رہیں گے، یہاں تک کہ صرف ان گٹھلیوں کی طرح کے (ناکارہ) لوگ باقی رہ جائیں گے (ابنِ حبان)

## عِلباء سلمی رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عِلباء سلمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ إِلَّا عَلٰى حُثَالَةِ النَّاسِ (مسند احمد،رقم الحديث ١٦٠٧١) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت نہیں قائم ہوگی، مگر بے کار وناکارہ لوگوں پر (مسند احمد)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط:حديث حسن لغيره(حاشية صحيح ابنِ حبان)

وقال الالبانى: وبالجملة فحديث،الترجمة حسن بحديث أبى هريرة، ولا عكس لأن الشاهد فيه ما ليس فى المشهود له،فتأمل.(سلسلة الاحاديث الصحيحة،تحت رقم الحديث ١٧٨١)

[2] قال شعيب الارنؤوط:إسناده صحيح(حاشية مسند احمد)

# ابوامامہ وانس رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: لَا يَزْدَادُ الْأَمْرُ إِلَّا شِدَّةً، وَلَا الْمَالُ إِلَّا إِفَاضَةً، وَلَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ إِلَّا عَلٰى شِرَارٍ مِنْ خَلْقِهِ (المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۸۳۵۹، کتاب الفتن والملاحم) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ برابر (دین کا) معاملہ شدید سے شدید تر ہوتا جائے گا، اور برابر مال جاتا جائے گا (مال کی برکت ختم ہوتی جائے گی) اور قیامت شریر ترین لوگوں پر ہی قائم ہوگی (حاکم)

یعنی جتنی قیامت قریب ہوتی جائے گی، اسی اعتبار سے دین پر عمل کرنا دشوار ہوتا جائے گا، اور دنیا اور مال ودولت کی برکت گھٹتی اور ختم ہوتی جائے گی، اور لوگوں کے دلوں میں مال کی محبت، اور بخل وکنجوسی میں اضافہ ہوتا چلا جائے گا، جیسا کہ دوسری روایات میں وضاحت آئی ہے۔

حضرت ابنِ عدی سے روایت ہے کہ:

شَكَوْنَا إِلٰى أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ مَا نَلْقٰى مِنَ الْحَجَّاجِ، فَقَالَ: اِصْبِرُوْا، فَإِنَّهُ لَا يَأْتِي عَلَيْكُمْ عَامٌ أَوْ يَوْمٌ إِلَّا الَّذِي بَعْدَهُ شَرٌّ مِنْهُ، حَتّٰى تَلْقَوْا رَبَّكُمْ، سَمِعْتُهُ مِنْ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (مسند احمد، رقم الحدیث ۱۲۳۴۷) [2]

ترجمہ: ہم نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے سامنے حجاج بن یوسف کے مظالم کا ذکر کیا، تو حضرت انس نے فرمایا کہ تم پر صبر کرو، کیونکہ جو سال اور دن بھی اپنے

[1] قال الحاکم: هذا حديث صحيح الإسناد، لم يخرجاه.
وقال الذهبي في التلخيص: صحيح.

[2] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط الشيخين (حاشية مسند احمد)

بعد آئے گا،تو وہ پہلے سے زیادہ شر والا ہوگا، یہاں تک کہ تم اپنے رب سے ملاقات کرلو، یہ بات میں نے تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے (مسند احمد)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

**عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: لَنْ يَّزْدَادَ الزَّمَانُ إِلَّا شِدَّةً، وَلَا يَزْدَادُ النَّاسُ إِلَّا شُحًّا، وَلَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ إِلَّا عَلٰى شِرَارِ النَّاسِ**

(المستدرک للحاکم،رقم الحدیث ۸۳۶۴، کتاب الفتن والملاحم) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ زمانہ برابر شدت کی طرف بڑھتا جائے گا،اور لوگوں میں بخل بھی بڑھتا جائے گا،اور قیامت شریر ترین لوگوں پر ہی قائم ہوگی (حاکم)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَأْتِيْ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ ، اَلصَّابِرُ فِيْهِمْ عَلٰى دِيْنِهٖ كَالْقَابِضِ عَلَى الْجَمْرِ** (سنن الترمذی،رقم الحدیث ۲۲۶۰، ابواب الفتن، باب بلا ترجمة قبل باب ما جاء فی النهی عن سب الرياح) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لوگوں پر ایک زمانہ ایسا آئے گا کہ جس میں اپنے دین پر ثابت قدم رہنے والے کی مثال ایسی ہوگی جیسے کوئی شخص (اپنے ہاتھ کی مٹھی میں) آگ کے انگارے پکڑلے (ترمذی)

مطلب یہ ہے کہ وہ بہت فتنے وآزمائش کا دَور ہوگا، جس میں گناہ گار لوگوں اور گناہوں کا غلبہ ہوگا اور فسق وفجور اور ایمان کمزور ہونے کا دَور دَورہ ہوگا؛ ایسے میں کتاب اور سنت کے احکام

---

[1] قال الحاكم: فذكرت ما انتهى إلى من علة هذا الحديث تعجبا لا محتجا به فى المستدرك على الشيخين رضى الله عنهما، فإن أولى من هذا الحديث ذكره فى هذا الموضع.
وقال الذهبى فى التلخيص: صحيح.

[2] قال الترمذی: هذا حديث غريب من هذا الوجه، وعمر بن شاكر شيخ بصرى قد روى عنه غير واحد من أهل العلم.

پر ثابت قدم رہنے والے کو گناہ گاروں اور گمراہ لوگوں کی طرف سے ایسے مشقت اور تکلیف دِہ حالات کا سامنا ہوگا جیسا کہ مُٹھی میں آگ رکھنے والے کو تکلیف اور مشقت ہوتی ہے۔

مگر اُس دَور میں بھی جو شخص صبرِ عظیم اور تعب ومشقت سے کام لے گا وہ اپنے دین اور نورِ ایمانی کی حفاظت کر پائے گا۔ [1]

## مقداد بن اسود رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت مقداد بن اسود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

اَیْمُ اللّٰہِ، لَقَدْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ: إِنَّ السَّعِیْدَ لَمَنْ جُنِّبَ الْفِتَنَ، إِنَّ السَّعِیْدَ لَمَنْ جُنِّبَ الْفِتَنِ، إِنَّ السَّعِیْدَ لَمَنْ جُنِّبَ الْفِتَنُ، وَلَمَنْ اُبْتُلِیَ فَصَبَرَ فَوَاھًا (سنن ابی داوٗد، رقم الحدیث ۴۲۶۳ ، کتاب الفتن والملاحم، باب فی النھی عن السعی فی الفتنۃ) [2]

ترجمہ: اللہ کی قسم! بلاشبہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ بے شک نیک بخت (اور خوش قسمت) وہ ہے جو فتنوں سے محفوظ رہا، نیک بخت وہ ہے جو فتنوں سے محفوظ رہا، نیک بخت وہ ہے جو فتنوں سے محفوظ رہا (یہ

---

[1] شبہ المعقول بالمحسوس أی الصابر علی أحکام الکتاب والسنۃ یقاسی بما ینالہ من الشدۃ والمشقۃ من أھل البدع والضلال مثل ما یقاسیہ من یأخذ النار بیدہ ویقبض علیھا بل ربما کان أشد وھذا من معجزاتہ فإنہ إخبار عن غیب وقد وقع (فیض القدیر للمناوی، ج۶ ص ۴۵۶، تحت رقم الحدیث ۹۹۸۸، حرف الیاء)

والمعنی کما لا یقدر القابض علی الجمر أن یصبر بإحراق یدہ، کذلک المتدین یومئذ لا یقدر علی ثباتہ علی دینہ لغلبۃ العصاۃ والمعاصی، وانتشار الفسق وضعف الإیمان، انتھی .والظاھر أن معنی الحدیث: کما لا یمکن القبض علی الجمرۃ إلا بصبر شدید، وتحمل غلبۃ المشقۃ، کذلک فی ذلک الزمان لا یتصور حفظ دینہ ونور إیمانہ إلا لصبر عظیم وتعب جسیم، ومن المعلوم أن المشبہ بہ یکون أقوی، فالمراد بہ المبالغۃ، فلا ینافیہ أن ما أحد یصبر علی قبض الجمر (مرقاۃ المفاتیح، ج۸، ص ۳۳۶۴، ۳۳۶۵، کتاب الآداب، باب تغییر الناس)

[2] قال شعیب الارنؤوط: إسنادہ صحیح (حاشیۃ سنن ابی داود)

www.idaraghufran.org

جملہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ فرمایا) اور جو شخص (فتنوں میں) مبتلا کردیا گیا، اور اس نے اُن پر صبر کیا، تو اس کے کیا ہی کہنے! (اس کے لیے کامیابی ہے) (سنن ابی داود)

فتنوں سے محفوظ رہنے کا مطلب یہ ہے کہ فتنوں سے دُور رہا، اور اپنے گھر میں وابستہ رہنے کی توفیق حاصل ہوئی، اور اگر کسی طرح سے فتنوں کے امتحان میں آ گیا، تو لوگوں کے ظلم پر صبر کیا، اور اُن کی طرف سے پہنچنے والی تکلیفوں کا تحمُّل کیا اور اُن سے قتل وقتال نہ کیا، تو کامیابی حاصل کرنے والا شمار ہوگا۔

## حسن بصری کی مرسل حدیث

حضرت حسن بصری سے مرسلاً روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَزَالُ هٰذِهِ الْأُمَّةُ تَحْتَ يَدِ اللّٰهِ، وَفِيْ كَنَفِهٖ، مَا لَمْ تُمَالِ قُرَّاؤُهَا أُمَرَاءَهَا، وَمَا لَمْ يُزَكِّ صَالِحُوْهَا فُجَّارَهَا، وَمَا لَمْ يُمَنِّ خِيَارُهَا شِرَارَهَا، فَإِذَا فَعَلُوْا ذٰلِكَ رَفَعَ اللّٰهُ عَنْهُمْ يَدَهٗ، ثُمَّ سَلَّطَ عَلَيْهِمْ جَبَابِرَتَهُمْ، فَسَامُوْهُمْ سُوْءَ الْعَذَابِ، وَضَرَبَهُمْ بِالْفَاقَةِ وَالْفَقْرِ، وَمَلَأَ قُلُوْبَهُمْ رُعْبًا (كتاب الزهد والرقائق لابن المبارك، رقم الحديث ٨٢١، كتاب الزهد براوية المروى، باب ما جاء فى قبض العلم)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ امت ہمیشہ اللہ تعالیٰ کے ہاتھ کے تحت رہے گی اور اس کی پناہ میں رہے گی، جب تک کہ اس امت کے عالم اور قاری، حکمرانوں کی ہاں میں ہاں نہیں ملائیں گے، اور امت کے نیک لوگ (ازراہِ خوشامد) بدکاروں کی صفائی پیش نہیں کریں گے اور جب تک کہ امت کے اچھے لوگ (اپنے مفاد کی خاطر) بُرے لوگوں کو (فسق وفجور پر بجائے امر بالمعروف

ونہی عن المنکر کے نجات وبخشش کی ) اُمیدیں نہیں دلائیں گے، لیکن جب وہ ایسا کرنے لگیں گے، تو اللہ ان کے اوپر سے اپنا ہاتھ اُٹھا لے گا، پھر ان میں سے جبّار وقہّار اور سرکش لوگوں کو ان پر مسلط کردے گا، جو انہیں بدترین عذاب کا مزا چکھائیں گے اور اللہ انہیں فقر وفاقہ میں مبتلا کردے گا اور ان کے دِلوں کو دشمنوں کے ) رعب سے بھردے گا (کتاب الزہد)

اگرچہ مذکورہ روایت مرسل ہے، جس میں حضرت حسن نے کسی صحابی سے اس کو روایت نہیں کیا، پس اس کی سند میں ایک راوی کا واسطہ موجود نہیں، لیکن اس میں شک نہیں کہ اس روایت میں بیان کیے ہوئے فتنے، اور ان کے اثرات واقع کے مطابق ہیں۔

آج ہمارے سامنے ہیں، بہت سے نام نہاد سکالر اور علماء وقراء حکمرانوں کی ہاں میں ہاں ملا کر ان کی ناجائز باتوں کو بھی سندِ جواز بنا کر پیش کرتے ہیں، اور بدکاروں کی بدکاریوں میں تاویل کر کے ان کی صفائی پیش کرتے ہیں، اور فسق وفجور پر لوگوں کو امیدیں دلاتے ہیں، اور اس کے نتیجہ میں سرکش ظالم لوگ معاشرہ پر مسلط ہیں، اور مہنگائی، غربت اور افلاس کا دَور دَورہ ہے اور مسلمانوں پر کافروں کا رُعب مسلط ہے۔

خلاصہ یہ کہ جوں جوں زمانہ قیامت کے قریب تر ہوتا جارہا ہے، احادیث وروایات کے مطابق اس میں حقیقی علماء وفقہاء، اور صلحاء وشرفاء کی تعداد روز بروز کم ہوتی، اور گھٹتی جارہی ہے، اور باتیں بنانے والے، اور جہلاء، واشرار اور بددینوں کی تعداد بڑھتی جارہی ہے، جس کو احادیث میں کچرے کی حیثیت دی گئی ہے، اور آگے آگے اس طرح کی صورتِ حال میں روز بروز اضافہ ہوتا جائے گا، اور اس پرفتن دور میں دین کی اصل روح پر قائم رہنا مشکل مرحلہ بنتا جارہا ہے۔

تاہم کچھ لوگ قیامت تک حق کو قائم رکھنے والے باقی رہیں گے، جس کا اس سے پہلے مستقل فصل میں ذکر کیا جاچکا ہے۔

(فصل نمبر9)

# دنیا کی محبت اور آخرت پر ترجیح کا فتنہ

ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اس بات سے بھی آگاہ فرمایا کہ قیامت سے پہلے مسلمانوں میں دنیا کی محبت، اور دنیا کی آخرت پر ترجیح کا فتنہ بھی ظاہر ہوگا، جو دنیا اور آخرت کی تباہی کا ذریعہ ہوگا۔

اس بارے میں تفصیل ملاحظہ فرمائیے۔

## ثوبان رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُوْشِكُ الْأُمَمُ أَنْ تَدَاعَى عَلَيْكُمْ كَمَا تَدَاعَى الْأَكَلَةُ إِلٰى قَصْعَتِهَا، فَقَالَ قَائِلٌ: وَمِنْ قِلَّةٍ نَحْنُ يَوْمَئِذٍ؟ قَالَ: بَلْ أَنْتُمْ يَوْمَئِذٍ كَثِيْرٌ، وَلٰكِنَّكُمْ غُثَاءٌ كَغُثَاءِ السَّيْلِ، وَلَيَنْزَعَنَّ اللّٰهُ مِنْ صُدُوْرِ عَدُوِّكُمُ الْمَهَابَةَ مِنْكُمْ، وَلَيَقْذِفَنَّ اللّٰهُ فِيْ قُلُوْبِكُمُ الْوَهْنَ، فَقَالَ قَائِلٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَمَا الْوَهْنُ؟ قَالَ: حُبُّ الدُّنْيَا، وَكَرَاهِيَةُ الْمَوْتِ (سنن ابی داود، رقم الحديث ۴۲۹۷، كتاب الملاحم، باب فی تداعی الأمم علی الإسلام) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قریب ہے (قیامت سے پہلے وہ زمانہ آجائے) کہ جب تمام قومیں ایک دوسرے کو بلا کر تمہارے اوپر اس طرح ٹوٹ پڑیں گی، جس طرح دسترخوان (اور کھانے) پر کھانے والے (بھوکے)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث حسن (حاشية سنن ابی داوٗد)

لوگ ٹوٹ پڑتے ہیں، کسی نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! کیا اس وقت ہماری تعداد کم ہونے کی وجہ سے ایسا ہوگا؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں! بلکہ تم اس وقت تعداد میں بہت ہوگے، البتہ تم سیلاب کے جھاگ کی طرح ناکارہ ہوگے، یقیناً اللہ تمہارے دشمنوں کے سینوں سے تمہارا رعب اور دبدبہ نکال دے گا اور تمہارے دِلوں میں ''بزدلی'' ڈال دے گا، کسی نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! بُزدلی کیوں ڈالی جائے گی؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دنیا کی محبت اور موت سے کراہیت کی وجہ سے (ابوداؤد)

اور ایک روایت میں ہے کہ ''بزدلی'' زندگی کی محبت اور موت کی کراہیت کی وجہ سے پیدا ہوگی۔ [1]

دنیا کی محبت کے الفاظ ہوں یا زندگی کی محبت کے الفاظ، دونوں کا مطلب ایک ہی ہے، اور مطلب یہ ہے کہ دنیا میں رہنے یا دنیا کی زندگی کی محبت اور موت کی کراہیت، دل میں بزدلی پیدا ہونے کا سبب ہوگی، جس کی وجہ سے تمام اقوامِ کفر مسلمانوں پر ٹوٹ پڑیں گی۔ [2]

دنیا کی محبت اور موت کی کراہیت، دونوں ایک دوسرے کے ساتھ لازم ملزوم ہیں، جب دنیا کی محبت ہوتی ہے، تو موت سے کراہیت بھی ہوتی ہے، اور جب موت سے کراہیت ہوتی ہے، تو دنیا اور زندگی کی محبت بھی دل میں ہوتی ہے۔

---

[1] عن ثوبان مولى رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: " يوشك أن تداعى عليكم الأمم من كل أفق كما تداعى الأكلة على قصعتها ."قال: قلنا: يا رسول الله، أمن قلة بنا يومئذ؟ قال: " أنتم يومئذ كثير، ولكن تكونون غثاء كغثاء السيل، تنتزع المهابة من قلوب عدوكم، ويجعل في قلوبكم الوهن ."قال: قلنا: وما الوهن؟ قال: " حب الحياة وكراهية الموت (مسند احمد، رقم الحديث ٢٢٣٩٧)

قال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن (حاشية مسند احمد)

[2] قال قائل: يا رسول الله! وما الوهن؟ "ليس السؤال عن نفس الوهن، بل عن سببه وموجبه. "قال: حب الدنيا وكراهية الموت "؛ فإنهما يدعوانكم إلى احتمال الذل من العدو، ووقوع الوهن في قلوبكم (شرح المصابيح لابن الملك، ج٥، ص ٤٦٨، كتاب الرقاق، باب تغير الناس)

اور آج کل دنیا کی محبت اور موت سے کراہیت عام ہے، جس کی وجہ سے مسلمانوں کے دلوں میں بزدلی پیدا ہوگئی ہے، اوران پر دشمنوں کا رعب اور غلبہ قائم ہوگیا ہے۔ [1]

## عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيَأْتِيَنَّ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ قُلُوبُهُمْ قُلُوبُ الْعَجَمِ ، قُلْتُ: وَمَا قُلُوبُ الْعَجَمِ؟ قَالَ: حُبُّ الدُّنْيَا، سُنَّتُهُمْ سُنَّةُ الْأَعْرَابِ مَا أَتَاهُمْ مِنْ رِزْقٍ جَعَلُوهُ فِي الْحَيَوَانِ، يَرَوْنَ الْجِهَادَ ضَرَرًا، وَالزَّكَاةَ مَغْرَمًا (المعجم الكبير للطبراني، ج۱۳ ص۳۶، رقم الحديث ۸۲) [2]

---

[1] (قال: " حب الدنيا وكراهة الموت "وهما متلازمان فكأنهما شيء واحد، يدعوهم إلى إعطاء الدنية في الدين من العدو المبين، ونسأل الله العافية فقد ابتلينا بذلك (مرقاة المفاتيح، ج۸، ۳۳۶۶، كتاب الآداب، باب تغير الناس)

[2] قال الهيثمي: رواه الطبراني في الكبير، وفيه بقية بن الوليد، وهو ثقة ولكنه مدلس، وبقية رجاله موثقون (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۴۳۴۷،باب فرض الزكاة)

و قال الالباني: قلت: وهذا إسناد جيد، رجاله ثقات رجال الصحيح؛ غير خالد بن حميد المهري، قال أبو حاتم: "لا بأس به."وذكره ابن حبان في "الثقات . (8/ 221) " وبقية إنما يخشى منه التدليس؛ وقد صرح بالتحديث كما ترى .وقد خفي هذا على الهيثمي، فقال في "المجمع " : (3/65) "رواه الطبراني في "الكبير"، وفيه بقية بن الوليد وهو ثقة؛ ولكنه مدلس، وبقية رجاله موثقون !" وقد خولف خالد بن حميد في إسناده، فقال ابن لهيعة: حدثني حميد بن هانيء عن شفي عن عبد الله بن عمرو به مرفوعا . فجعل شفيا مكان: أبي عبد الرحمن– وهو عبد الله بن يزيد المعافري–، وكلاهما ثقة (سلسلة الاحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ۳۳۵۷)

وقال المحقق سعد بن ناصر بن عبد العزيز الشَّثري: الحديث بإسناد أبي يعلى ضعيف، فيه ابن لهيعة وهو ضعيف، وهو بإسناد الحارث حسن لذاته، لأن فيه حميد بن هانء وهو صدوق، وبقية رجاله ثقات، إلا أنه موقوف على عبد الله بن عمرو بن العاص، والموقوف هنا له حكم الرفع، لأن مثله لا يقال من قبل الرأي، وإنما يقال عن توقيف، وقد جاء التصريح بالرفع في بغية الباحث .(379 /2)

فالخلاصة أن إسناد أبي يعلى بهذه المتابعة يرتقي إلى الحسن لغيره، والله أعلم (حاشية المطالب العالية، ج۱۸ ص ۳۶۹، ۳۷۰، تحت رقم الحديث ۴۴۹۳، كتاب الفتن، باب الأشراط وعلامات الساعة)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لوگوں پر ایک زمانہ ایسا آ کر رہے گا کہ ان لوگوں کے دل عجم کے دل ہوں گے (حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ) میں نے عرض کیا کہ عجم کے دل کس طرح کے ہوں گے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (ان کے دلوں میں) دنیا کی محبت ہوگی، ان لوگوں کا طریقہ اہلِ عرب کے طریقہ کی طرح ہوگا، ان کے پاس جو رزق آئے گا، اسے وہ جانور میں کردیں گے، اور جہاد کو تکلیف سمجھیں گے، اور زکاۃ کو تاوان سمجھیں گے (طبرانی)

اپنے رزق کو جانور میں کرنے کا مطلب یہ ہے کہ وہ جانوروں مثلاً گھوڑوں، بیلوں، بھینسوں، کتوں وغیرہ جیسے جانوروں کے شوق یا جوے وغیرہ میں خوب پیسہ لگائیں گے، اور جہاد کو تکلیف سمجھ کر اس سے اعراض کریں گے، اور زکاۃ کو خواہ مخواہ کا تاوان اور بوجھ سمجھ کر نظر انداز کریں گے۔

یہ حالت وکیفیت بھی دنیا کی محبت اور موت کی کراہیت اور ان دونوں کی وجہ سے دلوں میں بزدلی پیدا ہونے کے سبب سے ہوگی، جیسا کہ آج کل بعض مسلمانوں کی حالت ہے کہ وہ جانوروں کے شوق اور جوے میں خوب پیسہ لگاتے ہیں، اور جہاد کو تکلیف کا باعث اور زکاۃ کو تاوان خیال کرتے ہیں۔

## ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لِثَوْبَانَ: كَيْفَ أَنْتَ يَا ثَوْبَانُ، إِذْ تَدَاعَتْ عَلَيْكُمُ الْأُمَمُ كَتَدَاعِيْكُمْ عَلٰى قَصْعَةِ الطَّعَامِ تُصِيْبُوْنَ مِنْهُ؟ قَالَ ثَوْبَانُ: بِأَبِيْ وَأُمِّيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، أَمِنْ قِلَّةٍ بِنَا؟ قَالَ: لَا، بَلْ أَنْتُمْ يَوْمَئِذٍ كَثِيْرٌ، وَلٰكِنْ يُلْقٰى فِيْ قُلُوْبِكُمُ الْوَهَنُ، قَالُوْا: وَمَا

الْوَهَنُ؟ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: حُبُّكُمُ الدُّنْيَا وَكَرَاهِيَتُكُمُ الْقِتَالَ (مسند احمد، رقم الحديث ٨٧١٣)[1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حضرت ثوبان سے یہ فرماتے ہوئے سنا کہ اے ثوبان، تمہارا اس وقت کیا بنے گا، جب تمام قومیں ایک دوسرے کو بلا کر تمہارے اوپر اس طرح ٹوٹ پڑیں گی، جس طرح دسترخوان (اور کھانے) پر کھانے والے (بھوکے) لوگ ٹوٹ پڑتے ہیں، ثوبان نے عرض کیا کہ میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں، اے اللہ کے رسول! کیا اس وقت ہماری تعداد کم ہونے کی وجہ سے ایسا ہوگا؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں! بلکہ تم اس وقت تعداد میں بہت ہوگے، لیکن تمہارے دلوں میں ''وھن'' ڈال دیا جائے گا، لوگوں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! وھن کیا ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہارا دنیا سے محبت کرنا، اور قتال سے کراہیت کرنا (مسند احمد)

قتال میں بھی چونکہ موت کا ڈر ہوتا ہے، اس لئے قتال سے کراہیت بھی دراصل موت سے کراہیت کی نشانی ہے۔

## ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَزَالُ قَلْبُ الْكَبِيرِ شَابًّا فِي اثْنَتَيْنِ: فِي حُبِّ الدُّنْيَا وَطُولِ الْأَمَلِ (صحيح البخاري، رقم الحديث ٦٤٢٠، كتاب الرقاق، باب: من بلغ ستين سنة فقد أعذر الله إليه في العمر)

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ بوڑھے آدمی کا دل دو چیزوں میں برابر جوان ہوتا چلا جاتا ہے، ایک تو دنیا کی محبت، اور

[1] قال شعيب الارنؤوط: حسن لغيره، (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

دوسرے لمبی لمبی آرزوئیں (بخاری)

# ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: لَیْسَ الْغِنٰی عَنْ ظَهْرٍ، إِنَّمَا الْغِنٰی غِنَی النَّفْسِ، وَإِذَا أَرَادَ اللّٰہُ بِعَبْدٍ خَیْرًا جَعَلَ غِنَاهُ فِیْ نَفْسِهٖ وَتُقَاهُ فِیْ قَلْبِهٖ، وَإِذَا أَرَادَ اللّٰہُ بِعَبْدٍ شَرًّا جَعَلَ فَقْرَهٗ بَیْنَ عَیْنَیْهِ (صحیح ابن حبان، رقم الحدیث ۶۲۱۷، کتاب التاریخ، باب بدء الخالق) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مالداری ظاہری مال کی نہیں کہلاتی، بلکہ اصل مالداری نفس کی مالداری ہے، اور جب اللہ کسی بندے کے ساتھ خیر کا ارادہ فرماتا ہے، تو اس کی مالداری کو اس کے نفس میں اور اس کے تقویٰ کو اس کے دل میں پیدا فرما دیتا ہے، اور جب اللہ کسی بندے کے ساتھ شر کا ارادہ فرماتا ہے، تو اس کی آنکھوں میں اس کے فقر (اور غربت) کو پیدا فرما دیتا ہے (ابنِ حبان)

# ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی چوتھی حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: مَنْ طَلَبَ الدُّنْیَا أَضَرَّ بِالْآخِرَةِ، وَمَنْ طَلَبَ الْآخِرَةَ أَضَرَّ بِالدُّنْیَا (الزھد، لابنِ ابی عاصم، رقم الحدیث ۱۶۱، ما ذکر أن النبی صلی اللہ علیه وسلم قال: من أراد الدنیا أضر بالآخرة) [2]

---

[1] قال شعیب الارنؤوط: إسناده حسن (حاشیة ابنِ حبان)

[2] قال الالبانی: قلت: وهذا إسناد حسن، رجاله کلهم ثقات من رجال "التهذیب"؛ علی الخلاف المعروف فی محمد بن عمرو - وهو ابن علقمة بن وقاص المدنی (سلسلة الاحادیث الصحیحة، تحت رقم الحدیث ۳۲۸۷)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص دنیا کا طالب ہوتا ہے، وہ آخرت کا نقصان کرتا ہے، اور جو شخص آخرت کا طالب ہوتا ہے، وہ دنیا کا نقصان کرتا ہے (الزہد)

## ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ أَحَبَّ دُنْيَاهُ أَضَرَّ بِآخِرَتِهِ، وَمَنْ أَحَبَّ آخِرَتَهُ أَضَرَّ بِدُنْيَاهُ، فَآثِرُوْا مَا يَبْقٰى عَلٰى مَا يَفْنٰى (مسند احمد، رقم الحديث ۱۹۶۹۷) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو دنیا سے محبت کرتا ہے، تو وہ اپنی آخرت کا نقصان کرتا ہے، اور جو اپنی آخرت سے محبت کرتا ہے، تو وہ اپنی دنیا کا نقصان کرتا ہے، پس تم باقی رہنے والی چیز کو فنا ہونے والی چیز پر ترجیح دو (مسند احمد)

## زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: مَنْ كَانَتِ الدُّنْيَا هَمَّهُ فَرَّقَ اللّٰهُ عَلَيْهِ أَمْرَهُ، وَجَعَلَ فَقْرَهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ، وَلَمْ يَأْتِهِ مِنَ الدُّنْيَا إِلَّا مَا كُتِبَ لَهُ، وَمَنْ كَانَتِ الْآخِرَةُ نِيَّتَهُ جَمَعَ اللّٰهُ لَهُ أَمْرَهُ، وَجَعَلَ غِنَاهُ فِيْ قَلْبِهِ، وَأَتَتْهُ الدُّنْيَا وَهِيَ رَاغِمَةٌ (سنن ابن ماجه، رقم الحديث ۴۱۰۵، ابواب الزهد، باب الهم بالدنيا، مسند احمد، رقم الحديث ۲۱۵۹۰) [2]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حسن لغيره (حاشية مسند احمد)

[2] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية سنن ابنِ ماجه وحاشية مسند احمد)

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جس شخص کی فکر دنیا کی ہوتی ہے، تو اللہ اس کے معاملہ کو اس پر پریشان کن بنا دیتا ہے، اور اس کے فقر کو اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان کر دیتا ہے، اور دنیا اس کو اتنی ہی ملتی ہے، جتنی اس کی تقدیر میں لکھی ہے۔

اور جس شخص کی نیت آخرت کی ہوتی ہے، تو اللہ اس کے معاملات کو درست کر دیتا ہے، اور اس کے دل میں مالداری ڈال دیتا ہے اور دنیا اس کے پاس خوار ہو کر آتی ہے (ابنِ ماجہ، مسند احمد)

## انس رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَتِ الْآخِرَةُ هَمَّهُ جَعَلَ اللّٰهُ غِنَاهُ فِيْ قَلْبِهٖ وَجَمَعَ لَهٗ شَمْلَهٗ، وَأَتَتْهُ الدُّنْيَا وَهِيَ رَاغِمَةٌ، وَمَنْ كَانَتِ الدُّنْيَا هَمَّهُ جَعَلَ اللّٰهُ فَقْرَهٗ بَيْنَ عَيْنَيْهِ، وَفَرَّقَ عَلَيْهِ شَمْلَهٗ، وَلَمْ يَأْتِهٖ مِنَ الدُّنْيَا إِلَّا مَا قُدِّرَ لَهٗ** (سنن الترمذی، رقم الحديث ۲۴۶۵، أبواب صفة القيامة والرقائق والورع، باب بلا ترجمة بعد باب ما جاء فی صفة أوانی الحوض)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص کو آخرت کی فکر ہوتی ہے، تو اللہ، اس کا دل غنی و مالدار کر دیتا ہے، اور اس کے منتشر اور پھیلے ہوئے کاموں کو جمع کر دیتا (یعنی سمیٹ دیتا اور مختصر کر دیتا ہے) ہے اور دنیا اس کے پاس خوار (نیچی) ہو کر آتی ہے اور جس شخص کو دنیا کی فکر ہوتی ہے، تو اللہ فقر و محتاجی کو اس کی دونوں آنکھوں کے سامنے کر دیتا ہے، اور اس کے جمع شدہ کاموں کو منتشر کر دیتا (اور پھیلا دیتا) ہے اور دنیا بھی اس کو اتنی ہی ملتی ہے، جتنی اس کے لئے مقدر ہے (سنن ترمذی)

# انس رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**خَطَّ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خُطُوطًا، فَقَالَ: ھٰذَا الْأَمَلُ وَھٰذَا أَجَلُہُ، فَبَیْنَمَا ھُوَ کَذٰلِکَ إِذْ جَاءَ ہُ الْخَطُّ الْأَقْرَبُ** (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۶۴۱۸، کتاب الرقاق، باب فی الأمل وطولہ)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے (زمین پر) چند خطوط (یعنی نشانات) کھینچے، پھر فرمایا کہ یہ (دور والا خط تو) انسان کی آرزویں ہیں، اور یہ (قریب والا خط) اس کی موت ہے، پس وہ انسان اسی طرح ہوتا ہے کہ اچانک اس کے پاس قریب والا خط (یعنی موت کا پیغام) آجاتا ہے (اور آرزویں اسی طرح دنیا میں رہ جاتی ہیں) (بخاری)

مطلب یہ ہے کہ انسان کی خواہش، آرزویں اور تمنائیں تو بہت ہوتی ہیں، مگر موت ان سے پہلے آجاتی ہے، اور انسان کی وہ تمنائیں اور خواہشیں یا آرزویں پوری نہیں ہوتیں۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**أَنَّ رَسُولَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ، جَمَعَ أَصَابِعَہُ فَوَضَعَھَا عَلَی الْأَرْضِ، فَقَالَ: ھٰذَا ابْنُ آدَمَ، ثُمَّ رَفَعَھَا فَوَضَعَھَا خَلْفَ ذٰلِکَ قَلِیلًا، وَقَالَ: ھٰذَا أَجَلُہُ، ثُمَّ رَمٰی بِیَدِہٖ أَمَامَہُ قَالَ: وَثَمَّ أَمَلُہُ** (مسند احمد، رقم الحدیث ۱۲۲۳۸) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی انگلیوں کو ملا کر زمین پر رکھا، پھر فرمایا کہ یہ ابنِ آدم (یعنی انسان) ہے، پھر ان انگلیوں کو اٹھا کر تھوڑا سا اس جگہ کے

---

[1] قال شعیب الارنؤوط: إسنادہ صحیح علی شرط مسلم (حاشیۃ مسند احمد)

پیچھے رکھا اور فرمایا کہ یہ (انسان کے قریب میں) اس (انسان) کی موت ہے، پھر اپنا ہاتھ اس کے سامنے (یعنی اس سے کچھ آگے) رکھ کر فرمایا کہ یہ اس کی آرزویں ہیں (مسند احمد)

مطلب یہ ہے کہ انسان کو ہر طرف اس کے قریب سے موت نے گھیر رکھا ہے، اور وہ موت سے کسی طرح بھی بچ نہیں سکتا، لیکن انسان کی آرزوؤں اور تمناؤں کا دائرہ بڑا وسیع ہے، جو اس کو موت سے دور اور موت کے بعد کی خواہشات اور منصوبہ بندی پر لگا تا رہتا ہے، اور اس کی تمنائیں اور آرزویں پوری ہونے سے پہلے موت آجاتی ہے، اور انسان اسی حال میں دنیا سے رخصت ہوجاتا ہے۔

## ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَّهُ خَطَّ خَطًّا مُرَبَّعًا، وَخَطًّا وَسَطَ الْخَطِّ الْمُرَبَّعِ، وَخُطُوطًا إِلٰى جَانِبِ الْخَطِّ الَّذِي وَسَطَ الْخَطِّ الْمُرَبَّعِ، وَخَطًّا خَارِجًا مِنَ الْخَطِّ الْمُرَبَّعِ، فَقَالَ: أَتَدْرُوْنَ مَا هٰذَا؟ قَالُوْا: اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ، قَالَ: هٰذَا الْإِنْسَانُ الْخَطُّ الْأَوْسَطُ، وَهٰذِهِ الْخُطُوْطُ إِلٰى جَنْبِهِ الْأَعْرَاضُ تَنْهَشُهُ-أَوْ تَنْهَسُهُ-مِنْ كُلِّ مَكَانٍ، فَإِنْ أَخْطَأَهُ هٰذَا، أَصَابَهُ هٰذَا، وَالْخَطُّ الْمُرَبَّعُ الْأَجَلُ الْمُحِيْطُ، وَالْخَطُّ الْخَارِجُ الْأَمَلُ (سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ۴۲۳۱، ابواب الزهد، باب الامل والاجل، مسند احمد، رقم الحديث ۳۶۵۲) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مربع (یعنی چورس یا چوکور) خط کھینچا اور اس

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية سنن ابنِ ماجه)
وقال ايضاً: اسناده صحيح علىٰ شرط الشيخين (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

مربع خط کے درمیان میں ایک اور خط کھینچا، اور اس درمیان والے خط کے ارد گرد بہت سے خط کھینچے، اور ایک خط اس مربع خط کے باہر کھینچا، پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم جانتے ہو یہ کیا ہے؟ لوگوں نے عرض کیا کہ اللہ اور اس کا رسول ہی زیادہ جانتے ہیں، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ درمیان والا خط تو انسان ہے، اور یہ اس کے ارد گرد جو خط ہیں، یہ آفتیں ہیں، جو ہمیشہ اس کو کاٹتی اور ڈستی رہتی ہیں، اگر ایک آفت سے بچ جاتا ہے، تو دوسری آفت پہنچ جاتی ہے، اور مربع خط موت ہے، جس نے اس کو چاروں طرف سے گھیرا ہوا ہے، اور مربع (یعنی چورَس) خط سے باہر جو خط ہے، وہ اس کی آرزوئیں ہیں (ابنِ ماجہ)

مطلب یہ ہے کہ دنیا میں انسان کی زندگی کے قریب اور ارد گرد مختلف قسم کی آفتیں، بیماریاں اور مختلف حادثات وتغیرات لگے ہوئے ہیں، ایک آفت سے بچتا ہے، تو دوسری میں مبتلا ہو جاتا ہے، اور زندگی بھر یہی سلسلہ چلتا رہتا ہے، یہاں تک کہ وہ بیماریوں اور آفتوں والے خط سے نکل کر موت کے خط تک پہنچ جاتا ہے، یعنی فوت ہو جاتا ہے، لیکن اس کی تمناؤں اور آرزؤں کا دائرہ اور خط اس کی موت سے بھی وسیع ہے، وہ موت تک بھی پورا نہیں ہوتا۔

## ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت عرفجہ رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ:

اسْتَقْرَأْتُ ابْنَ مَسْعُودٍ: ’’سَبِّحِ اسْمَ رَبِّکَ الْأَعْلٰی‘‘فَلَمَّا بَلَغَ ’’بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا‘‘ تَرَکَ الْقِرَاءَ ةَ، وَأَقْبَلَ عَلٰی أَصْحَابِهٖ، فَقَالَ: آثَرْنَا الْحَيَاةَ الدُّنْيَا عَلَى الْآخِرَةِ لِأَنَّا رَأَيْنَا زَهْرَتَهَا وَزِيْنَتَهَا وَطَعَامَهَا وَشَرَابَهَا، وَزُوِيَتْ عَنَّا الْآخِرَةُ فَاخْتَرْنَا الْعَاجِلَ عَلَى الْآجِلِ (الزھد لابی

داؤد، ص ۱۶۳، ۱۶۴، رقم الحدیث ۱۶۳ ،من خبر ابن مسعود، المعجم الکبیر للطبرانی، ج۹ص ۲۳۴، رقم الحدیث ۹۱۴۷) [1]

ترجمہ: میں نے حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ سے ''سَبِّحِ اسْمَ رَبِّکَ الْأَعْلٰی '' کی قرائت سنی، پس جب حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ ''بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَیَاةَ الدُّنْیَا '' پر پہنچے، تو قرائت کو ترک کردیا، اور اپنے ساتھیوں کی طرف متوجہ ہوکر فرمایا کہ ہم نے دنیاوی زندگی کو آخرت پر ترجیح دی ہے، کیونکہ ہم نے دنیا کی رونق اور اس کی زینت اور اس کے کھانے اور اس کے پینے کو دیکھا، اور ہم سے آخرت اوجھل ہوگئی، پس ہم نے جلدی والی چیز (یعنی دنیا) کو بعد والی چیز (یعنی آخرت) پر ترجیح دے دی (الزہد لابی داود وطبرانی)

## ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے موقوفاً روایت ہے کہ:

وَمَنْ أَرَادَ الْآخِرَةَ أَضَرَّ بِالدُّنْیَا، وَمَنْ أَرَادَ الدُّنْیَا أَضَرَّ بِالْآخِرَةِ، یَا قَوْم فَأَضِرُّوْا بِالْفَانِیَةِ لِلْبَاقِیَةِ (المستدرک علی الصحیحین للحاکم، رقم الحدیث ۸۴۸۷، کتاب الفتن والملاحم) [2]

ترجمہ: اور جو شخص آخرت کا ارادہ کرتا ہے، تو وہ دنیا کا نقصان کرتا ہے، اور جو دنیا کا ارادہ کرتا ہے، تو وہ آخرت کا نقصان کرتا ہے، اے میری قوم! پس تم باقی رہنے والی چیز کے لیے، فنا (اور ختم) ہوجانے والی چیز کا نقصان کرلو (حاکم)

---

[1] قال الھیثمی: رواہ الطبرانی، وفیہ عطاء بن السائب، وقد اختلط، وبقیۃ رجالہ ثقات (مجمع الزوائد، تحت رقم الحدیث ۱۷۷۳۷ ،باب منہ فی المواعظ)

[2] قال الحاکم: ھذا حدیث صحیح علی شرط الشیخین، ولم یخرجاہ.
وقال الذھبی فی التلخیص: علی شرط البخاری ومسلم.

## معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّكُمْ عَلٰى تُقْيَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ، مَا لَمْ تَظْهَرْ فِيْكُمْ سَكْرَتَانِ: سَكْرَةُ الْجَهْلِ، وَسَكْرَةُ حُبِّ الْعَيْشِ (مسند البزار، رقم الحديث ۲۳۱۲) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک تم اپنے رب کی طرف سے صاف ستھرے رہو گے، جب تک تم میں دوطرح کے نشے نہیں پھیلیں گے، ایک تو جہالت کا نشہ، اور دوسرے عیش وعشرت کی محبت کا نشہ (بزار)

## جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِالسُّوْقِ، دَاخِلًا مِنْ بَعْضِ الْعَالِيَةِ، وَالنَّاسُ كَنَفَتَهُ، فَمَرَّ بِجَدْيٍ أَسَكَّ مَيِّتٍ، فَتَنَاوَلَهُ فَأَخَذَ بِأُذُنِهِ، ثُمَّ قَالَ: أَيُّكُمْ يُحِبُّ أَنَّ هٰذَا لَهُ بِدِرْهَمٍ؟ فَقَالُوْا: مَا نُحِبُّ أَنَّهُ لَنَا بِشَيْءٍ، وَمَا نَصْنَعُ بِهِ؟ قَالَ: أَتُحِبُّوْنَ أَنَّهُ لَكُمْ؟ قَالُوْا: وَاللّٰهِ لَوْ كَانَ حَيًّا، كَانَ عَيْبًا فِيْهِ، لِأَنَّهُ أَسَكُّ، فَكَيْفَ وَهُوَ مَيِّتٌ؟ فَقَالَ: فَوَاللّٰهِ لَلدُّنْيَا أَهْوَنُ عَلَى اللّٰهِ، مِنْ هٰذَا عَلَيْكُمْ (صحيح مسلم، رقم الحديث ۲۹۵۷ "۲" كتاب الزهد والرقائق)

---

[1] قال الهيثمي: رواه البزار، وفيه الحسن بن بشر، وثقه أبو حاتم وغيره وفيه ضعف (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۱۲۱۵۹، باب النهي عن المنكر عند فساد الناس)

وقال ابن حجر: الحسن ابن بشر ابن سلم بفتح المهملة وسكون اللام الهمداني أبو البجلي أبو علي الكوفي صدوق يخطىء من العاشرة مات سنة إحدى وعشرين خ ت س (تقريب التهذيب، ص ۱۵۸، حرف الهاء)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک مرتبہ بازار سے گزرتے ہوئے کسی بلندی سے مدینہ منورہ میں داخل ہورہے تھے اور صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم آپ کے دونوں طرف تھے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھیڑ کا ایک بچہ جو چھوٹے کانوں والا تھا مرا ہوا دیکھا، آپ نے اس کا کان پکڑ کر فرمایا کہ تم میں سے کون اسے ایک درہم میں لینا پسند کرے گا؟ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا کہ ہم میں سے کوئی بھی اسے کسی چیز کے بدلے میں لینا پسند نہیں کرتا اور ہم اسے لے کر کیا کریں گے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا کہ تم چاہتے ہو کہ یہ تمہیں مل جائے؟ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا کہ اللہ کی قسم اگر یہ زندہ بھی ہوتا، تو پھر بھی اس میں عیب تھا، کیونکہ اس کا کان چھوٹا ہے، حالانکہ اب تو یہ مردار ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ کی قسم اللہ کے ہاں یہ دنیا اس سے بھی زیادہ ذلیل ہے جس طرح تمہارے نزدیک یہ مردار ذلیل ہے (مسلم)

## سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذِى الْحُلَيْفَةِ، فَإِذَا هُوَ بِشَاةٍ مَيِّتَةٍ شَائِلَةٍ بِرِجْلِهَا، فَقَالَ: أَتُرَوْنَ هٰذِهِ هَيِّنَةً عَلٰى صَاحِبِهَا؟ فَوَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهٖ، لَلدُّنْيَا أَهْوَنُ عَلَى اللّٰهِ مِنْ هٰذِهٖ عَلٰى صَاحِبِهَا، وَلَوْ كَانَتِ الدُّنْيَا تَزِنُ عِنْدَ اللّٰهِ جَنَاحَ بَعُوْضَةٍ، مَا سَقٰى كَافِرًا مِنْهَا قَطْرَةً أَبَدًا** (سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ٤١١٠، ابواب الزهد، باب مثل الدنيا) [1]

ترجمہ: ہم ذوالحلیفہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے، آپ نے دیکھا تو ایک مردہ بکری پیر اٹھائے ہوئے پڑی تھی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم کیا سمجھتے ہو کہ یہ اپنے مالک کے نزدیک ذلیل ہے، اللہ کی قسم! جس کے

---

[1] قال شعیب الارنؤط: حديث حسن بطريقيه وشواهده (حاشية سنن ابنِ ماجه)

قبضے میں میری جان ہے، بے شک دنیا اللہ کے نزدیک اس بکری سے بھی زیادہ ذلیل ہے، جتنی یہ بکری اس کے مالک کے نزدیک ذلیل ہے، اور اگر دنیا اللہ کے نزدیک ایک مچھر کے پر کے برابر بھی وزن رکھتی، تو اللہ اس میں سے کبھی بھی ایک قطرہ پانی کا کافر کو پینے نہ دیتا (ابنِ ماجہ)

## سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

**قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: لَوْ کَانَتِ الدُّنْیَا تَعْدِلُ عِنْدَ اللّٰہِ جَنَاحَ بَعُوْضَۃٍ مَا سَقٰی کَافِرًا مِنْھَا شَرْبَۃَ مَاءٍ** (سنن الترمذی، رقم الحدیث ۲۳۲۰، ابواب الزھد، باب ما جاء فی ھوان الدنیا علی اللہ عز وجل) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر اللہ کے نزدیک، دنیا مچھر کے پر کے برابر بھی ہوتی، تو کسی کافر کو اس سے ایک گھونٹ پانی بھی نہ پلاتا (ترمذی)

## ضحاک بن سفیان رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ضحاک بن سفیان کلابی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَہٗ: یَا ضَحَّاکُ مَا طَعَامُکَ؟ قَالَ: یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ، اَللَّحْمُ وَاللَّبَنُ؟ قَالَ: ثُمَّ یَصِیْرُ إِلٰی مَاذَا؟ قَالَ: إِلٰی مَا قَدْ عَلِمْتَ، قَالَ: فَإِنَّ اللّٰہَ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی ضَرَبَ مَا یَخْرُجُ مِنِ ابْنِ آدَمَ مَثَلًا لِلدُّنْیَا** (مسند احمد، رقم الحدیث ۱۵۷۴۷) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے ضحاک! آپ کا کھانا کیا ہے؟

---

[1] قال الترمذی: وفی الباب عن أبی ھریرۃ. ھذا حدیث صحیح، غریب من ھذا الوجہ.

[2] قال شعیب الارنؤوط: صحیح لغیرہ (حاشیۃ مسند احمد)

انہوں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! گوشت اور دودھ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پھر یہ کیا بن جاتا ہے؟ حضرت ضحاک نے عرض کیا کہ جیسا کہ آپ جانتے ہی ہیں، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک اللہ تبارک وتعالیٰ نے ابنِ آدم کے پیٹ سے نکلنے والی چیز (یعنی غلاظت) کو دنیا کے مثل قرار دیا ہے (مسند احمد)

## ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ مَطْعَمَ بْنُ آدَمَ ضُرِبَ لِلدُّنْيَا مَثَلًا بِمَا خَرَجَ مِنِ بْنِ آدَمَ وَإِنْ قَزَّحَهُ وَمَلَّحَهُ فَانْظُرْ مَا يَصِيرُ إِلَيْهِ**

(صحيح ابنِ حبان، رقم الحديث ۷۰۲، كتاب الرقائق، باب الفقر والزهد والقناعة، مسند احمد، رقم الحديث ۲۱۲۳۹) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک ابنِ آدم کے کھانے کو دنیا کی مثال بنادیا گیا ہے، اس کی جو ابنِ آدم سے (پیشاب، پاخانہ کی غلاظت کی شکل بن کر) نکلتا ہے، اگرچہ اس کھانے کو مسالہ، اور نمک لگایا گیا ہو (تب بھی وہ کھانا غلاظت بن کر ہی نکلتا ہے) پس تم دیکھ لو کہ اس کھانے کا انجام کیا ہوجاتا ہے (یہی انجام دنیا کا ہے) (ابنِ حبان، مسند احمد)

مطلب یہ ہے کہ کھانے پینے کی چیز پہلے صاف، ستھری، مسالہ، اور مزے دار ہوتی ہے، بعد میں گندی اور سڑی جیسی حالت میں نکلتی ہے، یہی انجام دنیا کا بھی ہونے والا ہے۔

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية ابنِ حبان)
وقال ايضاً: حسن لغيره (حاشية مسند احمد)
وقال الهيثمي: رواه عبد الله، والطبراني، ورجالهما رجال الصحيح غير عتى، وهو ثقة (مجمع الزوائد، رقم الحديث ۱۸۰۷۵، باب مثل الدنيا)

# سلمان رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**جَاءَ قَوْمٌ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُمْ: أَلَكُمْ طَعَامٌ؟ قَالُوْا: نَعَمْ، قَالَ: فَلَكُمْ شَرَابٌ؟ قَالُوْا: نَعَمْ، فَقَالَ: فَتُصَفُّوْنَهُ؟ قَالُوْا: نَعَمْ، قَالَ: وَتُبَرِّدُوْنَهُ؟ قَالُوْا: نَعَمْ، قَالَ: فَإِنَّ مَعَادَهُمَا كَمَعَادِ الدُّنْيَا، يَقُوْمُ أَحَدُكُمْ إِلٰى خَلْفِ بَيْتِهِ، فَيُمْسِكُ عَلٰى أَنْفِهِ مِنْ نَتْنِهِ**

(المعجم الكبير للطبرانی، ج٦ص ٢٤٨، رقم الحديث ٦١١٩) [1]

ترجمہ: کچھ لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے، ان کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تم لوگ کھانا کھاتے ہو؟ انہوں نے کہا کہ بالکل، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تم لوگ پانی پیتے ہو؟ انہوں نے کہا کہ بالکل، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تم اس کو صاف ستھرا کر کے بناتے ہو؟ انہوں نے کہا جی ہاں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تم اس کو (کھاتے پیتے وقت) ٹھنڈا کرتے ہو؟ انہوں نے کہا جی ہاں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بس کھانے پینے کا لوٹنا، اوران کا انجام، دنیا کے انجام کی طرح ہے، تم میں سے کوئی اپنے گھر کے پیچھے (پاخانہ والی جگہ) کھڑا ہوتا ہے، تو وہ اس کی بد بو سے اپنی ناک کو بند کرلیتا ہے (اسی طرح دنیا کا انجام بھی قابلِ کراہیت ہے) (طبرانی)

پس آخرت کے مقابلہ میں دنیا کو ترجیح دینے کے فتنہ سے اپنے آپ کو بچا کر رکھنا چاہیے۔

---

[1] قال الهيثمی: رواه الطبرانی، ورجاله رجال الصحيح (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ١٨٠٧٧، باب مثل الدنيا)

وقال المنذری: رواه الطبرانی ورواته محتج بهم فی الصحيح (الترغيب والترهيب، ج٤ ص ١٧٤، تحت رقم الحديث ٤٣، كتاب التوبة والزهد، الترغيب فی الزهد فی الدنيا والاكتفاء منها بالقليل)

# (فصل نمبر 10)

# مال ودولت کا فتنہ

ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کو اس بات سے بھی آگاہ فرمادیا کہ پہلی امتوں کے لئے بھی کوئی نہ کوئی فتنہ ہوا کرتا تھا، اور اس امت کا فتنہ ''مال'' ہے، اور اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ قیامت کا قیام شریرترین لوگوں پر ہوگا، اور دنیا میں سب سے بڑا فتنہ مال ہے، جس کی سرسبزوشادابی، اور مٹھاس سے متاثر ہو کر لوگ اس میں ترقی کرتے جائیں گے، اور قیامت سے پہلے مال ودولت کی فراوانی ہوگی، اور زمین آہستہ آہستہ اپنے تمام خزانوں کو باہر لائے گی، اور قیامت سے کچھ پہلے اپنے تمام معادن وخزائن کو اگل دے گی، اس لئے مال کے فتنہ میں مبتلاء ہو کر طرح طرح کے فتنے جنم لیں گے، اور اس کے نتیجہ میں زمین میں فتنہ وفسادات پھیل جائیں گے۔

اب اس بارے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بیان کردہ احادیث کو ملاحظہ فرمائیں، جن میں بطورِ تائید وتوضیح کے صحابۂ کرام کی بعض روایات وآثار بھی شامل ہیں۔

## کعب بن عیاض رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت کعب بن عیاض رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ لِكُلِّ أُمَّةٍ فِتْنَةً وَفِتْنَةُ أُمَّتِي الْمَالُ (سنن الترمذی، رقم الحديث ۲۳۳۶، ابواب الزهد، باب ما جاء أن فتنة هذه الأمة فى المال) [1]

---

[1] قال الترمذی: هذا حديث حسن صحيح غريب، إنما نعرفه من حديث معاوية بن صالح.

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر امت کے لئے ایک فتنہ ہوتا ہے اور میری امت کے لئے فتنہ مال ہے (ترمذی)

اور مسند احمد میں حضرت کعب بن عیاض رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: إِنَّ لِكُلِّ أُمَّةٍ فِتْنَةً، وَإِنَّ فِتْنَةَ أُمَّتِي الْمَالُ (مسند احمد، رقم الحديث ۱۷۴۷۱ ) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ ہر امت کے لیے کوئی نہ کوئی فتنہ ہوتا ہے اور میری امت کا فتنہ مال ہے (مسند احمد)

مطلب یہ ہے کہ ہر اُمت کی فتنہ، آزمائش وامتحان، اور گمراہی وگناہ میں مبتلاء ہونے کا باعث بننے کے لیے کوئی خاص چیز ہوا کرتی ہے، اور امتِ محمدیہ کی اُمت کے فتنہ، امتحان وآزمائش، اور گمراہی میں مبتلا کرانے کی خاص چیز مال ہے؛ جس میں دل کے مشغول ہونے کی وجہ سے نیک کام سے محرومی اور آخرت سے غفلت پیدا ہوتی ہے۔ [2]

## ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا إِنَّ الدِّيْنَارَ وَالدِّرْهَمَ أَهْلَكَا مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ وَهُمَا مُهْلِكَاكُمْ (صحيح ابنِ حبان، رقم الحديث

---

[1] قال شعيب الارنؤوط:
حديث صحيح، وهذا إسناد قوى، الحسن بن سوار صدوق لا بأس به، وباقى رجال الإسناد ثقات رجال الصحيح غير صحابى الحديث، فقد روى له الترمذى والنسائى(حاشية مسند احمد)

[2] (إن لكل أمة فتنة) أى امتحانا واختبارا .وقال القاضى: أراد بالفتنة الضلال والمعصية (وإن فتنة أمتى المال) أى الالتهاء به لأنه يشغل البال عن القيام بالطاعة وينسى الآخرة قال سبحانه وتعالى "إنما أموالكم وأولادكم فتنة" (فيض القدير للمناوى، ج۲ص۵۰۷، تحت رقم الحديث ۲۴۰۷، حرف الهمزة )

۶۹۴، کتاب الرقائق،باب الفقر والزھد والقناعة) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ خبردار ہو جاؤ، بے شک دینار، اور درہم دونوں (یعنی سونے اور چاندی) نے تم سے پہلے لوگوں کو ہلاک کیا تھا، اور یہ دونوں تمہیں بھی ہلاک کریں گے (صحیح ابنِ حبان)

آج کی ترقی یافتہ دنیا نے بھی عالمی سطح پر اس چیز کو تسلیم کرلیا ہے کہ مال ودولت کی معیشت کی بنیاد سونے اور چاندی پر ہے۔

## ابوسعید رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،قَالَ:إِنَّ الدُّنْيَا حُلْوَةٌ خَضِرَةٌ، وَإِنَّ اللّٰهَ مُسْتَخْلِفُكُمْ فِيهَا، فَيَنْظُرُ كَيْفَ تَعْمَلُونَ، فَاتَّقُوا الدُّنْيَا وَاتَّقُوا النِّسَاءَ، فَإِنَّ أَوَّلَ فِتْنَةِ بَنِي إِسْرَائِيلَ كَانَتْ فِي النِّسَاءِ (صحيح مسلم،رقم الحديث ۲۷۴۲"۹۹"كتاب الرقاق، باب أكثر أهل الجنة الفقراء، وأكثر أهل النار النساء .وبيان الفتنة بالنساء)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دنیا سرسبز، میٹھی ہے، اور بے شک (میرے بعد) اللہ، اس دنیا میں تمہارا نگران ہے، پس وہ دیکھے گا کہ تم کیسا عمل کرتے ہو، پس تم دنیا سے ڈرنا، اور تم عورتوں سے ڈرنا، کیونکہ بنی اسرائیل کا سب سے پہلا فتنہ عورتوں میں تھا (مسلم)

مطلب یہ ہے کہ میں تو بعد میں تمہاری نگرانی کے لئے موجود نہیں ہوں گا، اللہ تم پر نظر رکھے گا،

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط الشيخين وأورده الهيثمى فى "المجمع" 10/245، وقال :رواه الطبرانى فى "الكبير "و"الأوسط "وإسناده حسن.
وله شاهد من حديث ابن مسعود عند الطبرانى فى "الكبير"10069" "، والبزار "3613"، وفى سنده يحيى بن المنذر، وهو ضعيف (حاشية صحيح ابنِ حبان)

اور دنیا اور عورتیں خوف کی چیزیں ہیں، جو تمہیں فتنہ میں مبتلاء کرنے کا باعث ہوں گی، اس لئے تم ان دونوں چیزوں سے خوف رکھنا، ان کی طرف سے فتنوں میں مبتلاء نہ ہو جانا۔

## ابوسعید رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَكْثَرَ مَا أَخَافُ عَلَيْكُمْ مَا يُخْرِجُ اللّٰهُ لَكُمْ مِنْ بَرَكَاتِ الْأَرْضِ ،قِيْلَ: وَمَا بَرَكَاتُ الْأَرْضِ؟ قَالَ: زَهْرَةُ الدُّنْيَا ،فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: هَلْ يَأْتِي الْخَيْرُ بِالشَّرِّ؟ فَصَمَتَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى ظَنَنَّا أَنَّهُ يُنْزَلُ عَلَيْهِ، ثُمَّ جَعَلَ يَمْسَحُ عَنْ جَبِيْنِهِ، فَقَالَ: أَيْنَ السَّائِلُ؟ قَالَ: أَنَا ،قَالَ أَبُوْ سَعِيْدٍ: لَقَدْ حَمِدْنَاهُ حِيْنَ طَلَعَ ذٰلِكَ ،قَالَ: لَا يَأْتِي الْخَيْرُ إِلَّا بِالْخَيْرِ، إِنَّ هٰذَا الْمَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ، وَإِنَّ كُلَّ مَا أَنْبَتَ الرَّبِيْعُ يَقْتُلُ حَبَطًا أَوْ يُلِمُّ، إِلَّا آكِلَةَ الْخَضِرَةِ، أَكَلَتْ حَتّٰى إِذَا امْتَدَّتْ خَاصِرَتَاهَا، اِسْتَقْبَلَتِ الشَّمْسَ، فَاجْتَرَّتْ وَثَلَطَتْ وَبَالَتْ، ثُمَّ عَادَتْ فَأَكَلَتْ ،وَإِنَّ هٰذَا الْمَالَ حُلْوَةٌ، مَنْ أَخَذَهُ بِحَقِّهِ، وَوَضَعَهُ فِيْ حَقِّهِ، فَنِعْمَ الْمَعُوْنَةُ هُوَ، وَمَنْ أَخَذَهُ بِغَيْرِ حَقِّهِ كَانَ كَالَّذِيْ يَأْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ (صحيح البخارى، رقم الحديث ٦٤٢٧، كتاب الرقاق، باب ما يحذر من زهرة الدنيا والتنافس فيها)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے تمہاری طرف سے جس چیز کا سب سے زیادہ خوف ہے، وہ ''زمین کی برکات'' ہیں، عرض کیا گیا کہ ''زمین کی برکات'' کیا ہیں؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ''دنیا کی زینت ورونق'' تو ایک شخص نے عرض کیا کہ کیا خیر سے شر پیدا ہوتا ہے؟ اس پر نبی صلی اللہ علیہ

وسلم خاموش ہو گئے، یہاں تک کہ ہم نے گمان کیا کہ آپ پر وحی نازل ہو رہی ہے، پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی پیشانی سے پسینہ صاف کرنا شروع کیا، پھر فرمایا کہ سوال کرنے والا کہاں ہے؟

ابو سعید کہتے ہیں کہ ہم نے اس بات کے ظاہر ہونے پر اللہ کی حمد بیان کی۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ خیر سے خیر ہی پیدا ہوتی ہے۔

یہ مال ''سرسبز وشاداب اور میٹھے چارہ کی طرح'' ہے،، اور موسم بہار میں اگنے والا تروتازہ اور سرسبز وشاداب چارہ جانور کی بدہضمی ، یا ہلاکت کا سبب بن جاتا ہے، سوائے اس جانور کے جو اس سبزہ کو کھائے، پھر جب اس کی دونوں کوکھیں بھر جائیں، تو وہ سورج کی طرف منہ کرکے جگالی کرے، اور بول وبراز کرے، اس کے بعد پھر دوبارہ کھائے (اور یہی عمل کرے، تو وہ نہ بدہضمی میں مبتلاء ہوتا، نہ ہی ہلاک ہوتا)

اور بے شک یہ مال (سرسبز وشاداب ہونے کے ساتھ ساتھ ) میٹھا ہے، جس نے اس کو حق کے ساتھ لیا، اور حق ہی میں خرچ کیا، تو وہ عمدہ معاون ہے، اور جس نے اس کو ناحق لیا، تو وہ اس شخص کی طرح ہے، جو کھاتا ہے، لیکن اس کا پیٹ نہیں بھرتا (یعنی ناحق لینے والے کے مال میں برکت نہیں ہوتی، اور اس کی ضروریات کبھی پوری نہیں ہوتیں) (بخاری)

دوسری روایت میں مال کے حق میں خرچ کرنے کی بعض مثالیں بھی بیان کردی گئی ہیں۔

## ابو سعید رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث

چنانچہ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ عَلَى الْمِنبَرِ ، فَقَالَ: إِنَّمَا

أَخْشٰى عَلَيْكُمْ مِنْ بَعْدِىْ مَا يُفْتَحُ عَلَيْكُمْ مِنْ بَرَكَاتِ الْأَرْضِ، ثُمَّ ذَكَرَ زَهْرَةَ الدُّنْيَا، فَبَدَأَ بِإِحْدَاهُمَا، وَثَنّٰى بِالْأُخْرٰى، فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، أَوَيَأْتِى الْخَيْرُ بِالشَّرِّ؟ فَسَكَتَ عَنْهُ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قُلْنَا: يُوْحٰى إِلَيْهِ، وَسَكَتَ النَّاسُ كَأَنَّ عَلٰى رُءُ وْسِهِمُ الطَّيْرَ، ثُمَّ إِنَّهُ مَسَحَ عَنْ وَجْهِهِ الرُّحَضَاءَ، فَقَالَ: أَيْنَ السَّائِلُ آنِفًا، أَوَخَيْرٌ هُوَ ثَلَاثًا .

إِنَّ الْخَيْرَ لَا يَأْتِىْ إِلَّا بِالْخَيْرِ، وَإِنَّهُ كُلَّمَا يُنْبِتُ الرَّبِيْعُ مَا يَقْتُلُ حَبَطًا أَوْ يُلِمُّ إِلَّا آكِلَةَ الْخَضِرِ، كُلَّمَا أَكَلَتْ حَتّٰى إِذَا امْتَلَأَتْ خَاصِرَتَاهَا، اِسْتَقْبَلَتِ الشَّمْسَ، فَثَلَطَتْ وَبَالَتْ، ثُمَّ رَتَعَتْ .

وَإِنَّ هٰذَا الْمَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ، وَنِعْمَ صَاحِبُ الْمُسْلِمِ لِمَنْ أَخَذَهُ بِحَقِّهِ، فَجَعَلَهُ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَالْيَتَامٰى وَالْمَسَاكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ، وَمَنْ لَّمْ يَأْخُذْهُ بِحَقِّهِ، فَهُوَ كَالْآكِلِ الَّذِىْ لَا يَشْبَعُ، وَيَكُوْنُ عَلَيْهِ شَهِيْدًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۲۸۴۲، کتاب الجهاد والسير، باب فضل النفقة فى سبيل الله)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر کھڑے ہوئے، پھر فرمایا کہ میں اپنے بعد تم پر اس چیز کا خوف کرتا ہوں کہ تم پر زمین کی برکات فتح کردی جائیں گی، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دنیا کی زیب وزینت اور رونق کا یکے بعد دیگرے ذکر فرماتے چلے گئے۔

تو ایک آدمی نے کھڑے ہو کر عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! کیا بھلائی اپنے ساتھ برائی بھی لاتی ہے؟ (یعنی ملکی فتوحات، اور دوسرے جائز ذریعہ سے حاصل شدہ مال، خیر والا ہے، پھر یہ شر کا باعث کیسے ہوگا؟)

اور سب لوگ اس طرح خاموش رہے، جیسا کہ ان کے سروں پر پرندہ ہو (اور وہ اڑ نہ جائے)، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے چہرہ سے پسینہ صاف کیا (جو وحی نازل ہونے کے وقت آتا تھا) اور پھر فرمایا کہ اب سوال کرنے والا شخص کہاں ہے؟ کیا وہ (مال) کوئی خیر والی چیز ہے؟ یہ بات تین مرتبہ ارشاد فرمائی۔

بے شک خیر نہیں لاتی، مگر خیر ہی کو، لیکن جب جب بھی موسمِ بہار، سبزہ کو اگاتی ہے، تو وہ (بسیار خوری و) بدہضمی کے باعث جانور کو، یا تو بالکل ہلاک کر دیتا ہے، یا ہلاکت کے قریب پہنچا دیتا ہے، سوائے اس طرح اس سبزہ کو کھانے والے کے، جو جب بھی کھاتا ہے، تو دونوں کوکھیں بھرنے کے بعد سورج کے سامنے آجاتا ہے (تاکہ وہاں جگالی کرے، اور پیٹ گرم ہو کر کھانا ہضم ہو جائے) پھر قضائے حاجت (پیشاب و پاخانہ) کرتا ہے، پھر اس کے بعد دوبارہ چرتا ہے (کہ وہ نہ تو ہلاک ہوتا، نہ ہلاکت کے قریب پہنچتا، اسی طرح ضرورت کے بقدر مال حاصل کرنے اور اس کو صحیح مصرف میں خرچ کرتے رہنے والے شخص کی بھی حالت ہے)

اور بے شک یہ مال سرسبز ہونے کے ساتھ میٹھا بھی ہے (اس لئے اس کے کھانے اور حاصل کرنے کی زیادہ رغبت ہوتی ہے، جس کے نتیجہ میں وہ ہلاکت، یا قریب بہ ہلاکت کا سبب بنتا ہے، جس طرح گھاس چارہ جانور کے کام آتا ہے، تو یہ مال انسان کے کام آتا ہے؛ پس جانور حرص کی وجہ سے بے اعتدالی سے گھاس چر کر اس نعمت کو اپنے لیے مصیبت بنالیتا ہے) اور وہ مسلمان بہت اچھا ہے، جو اس مال کو اس کے حق کے ساتھ (یعنی حلال طریقہ، اور حلال مقصد سے) حاصل کرتا ہے، پھر اس کو اللہ کے راستے، اور یتیموں، اور مسکینوں، اور (محتاج) مسافروں پر خرچ کرتا ہے۔

Idara Ghufran

لیکن جو شخص اس مال کو اس کے حق کے ساتھ نہیں لیتا (یعنی جس طرح حلال طریقہ پر لینے کا اسے حق ہے، اس طرح نہیں لیتا) تو وہ اس کھانے والے کی طرح ہے، جس کا پیٹ نہیں بھرتا (یعنی حرام وناجائز طریقہ سے لینے میں اور حریص آدمی کے مال میں نہ برکت ہوتی، نہ اس کا جائز فائدہ ہوتا)

اور یہ مال قیامت کے دن اس (ناحق لینے، یا حق جگہ خرچ نہ کرنے والے) کے خلاف گواہ بنے گا (بخاری)

## ابوسعید رضی اللہ عنہ کی چوتھی حدیث

اور حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی ایک روایت کے آخر میں یہ الفاظ ہیں:

فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْخَيْرَ لَا يَأْتِيْ إِلَّا بِالْخَيْرِ، إِنَّ الْخَيْرَ لَا يَأْتِيْ إِلَّا بِالْخَيْرِ، إِنَّ الْخَيْرَ لَا يَأْتِيْ إِلَّا بِالْخَيْرِ، وَلٰكِنَّ الدُّنْيَا خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ، وَكُلُّ مَا يُنْبِتُ الرَّبِيْعُ يَقْتُلُ حَبَطًا، أَوْ يُلِمُّ إِلَّا آكِلَةُ الْخَضِرِ، فَإِنَّهَا أَكَلَتْ حَتّٰى امْتَدَّتْ خَاصِرَتَاهَا، وَاسْتَقْبَلَتِ الشَّمْسَ فَثَلَطَتْ وَبَالَتْ، ثُمَّ عَادَتْ فَأَكَلَتْ فَمَنْ أَخَذَهَا بِحَقِّهَا بُوْرِكَ لَهُ فِيْهِ، وَمَنْ أَخَذَهَا بِغَيْرِ حَقِّهَا لَمْ يُبَارَكْ لَهُ، وَكَانَ كَالَّذِيْ يَأْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ (مسند احمد، رقم الحديث ١١٠٣٥) [1]

ترجمہ: تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک خیر نہیں لاتی، مگر خیر ہی کو، بے شک خیر نہیں لاتی، مگر خیر ہی کو، بے شک خیر نہیں لاتی، مگر خیر ہی کو، لیکن دنیا سرسبز، میٹھی ہے، اور موسمِ بہار، جس سبزہ کو اگاتی ہے، تو وہ (بسیار خوری و) بدہضمی کے باعث جانور کو یا تو بالکل ہلاک کر دیتا ہے، یا ہلاکت کے قریب پہنچا دیتا ہے،

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح، وهذا إسناد قوی (حاشية مسند احمد)

سوائے اس طرح کھانے والے کے، جو اس کو کھاتا ہے،اور جب اس کی دونوں کو کھیں بھر جاتی ہیں،تو سورج کے سامنے آجاتا ہے( تاکہ وہاں جگالی کرے،اور پیٹ گرم ہوکر کھانا ہضم ہوجائے) پھروہ قضائے حاجت (پیشاب وپاخانہ) کرتا ہے، پھراس کے بعد دوبارہ چرتا ہے( کہ وہ نہ تو ہلاک ہوتا، نہ ہلاکت کے قریب پہنچتا،اسی طرح ضرورت کے بقدر مال حاصل کرنے اوراس کو صحیح مصرف میں خرچ کرتے رہنے والے شخص کی بھی حالت ہے) پس جو شخص اس مال کو اس کے حق کے ساتھ (یعنی حلال طریقہ،اور حلال مقصد سے) حاصل کرتا ہے،تو اس کے لئے اس مال میں برکت دی جاتی ہے،اور جو شخص اس مال کو بغیراس کے حق کے (یعنی ناحق طریقہ پر،یا ناحق مقصد سے) لیتا ہے،تو اس کے لئے برکت نہیں دی جاتی،اور یہ ایسا ہوتا ہے،جیسا کہ کھاتا جاتا ہے،لیکن اس کا پیٹ نہیں بھرتا (مسند احمد)

اس سے معلوم ہوا کہ جس مال کو حق طریقہ پراور حق مقصد کے لئے حاصل کیا جاتا ہے،وہی باعثِ برکت ہوتا ہے،اور ناحق طریقہ پر،یا ناحق غرض سے حاصل کئے گئے مال میں برکت نہیں ہوتی،اوروہ مال حاصل کرتا جاتا ہے،لیکن اس کی حاجت پوری نہیں ہوتی،جیسا کہ وہ بھوکا،جو کھاتا جائے،لیکن بھوک نہ مٹے۔

## ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:تَعِسَ عَبْدُ الدِّيْنَارِ، وَالدِّرْهَمِ، وَالْقَطِيْفَةِ، وَالْخَمِيْصَةِ، إِنْ أُعْطِيَ رَضِيَ، وَإِنْ لَّمْ يُعْطَ لَمْ يَرْضَ

(صحیح البخاری،رقم الحدیث ۶۴۳۵، کتاب الرقاق،باب ما یتقی من فتنۃ المال)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دینار و درہم (یعنی روپیہ و پیسہ اور

مال و دولت ) اوراونی (یعنی عمدہ) لباس کے بندے (یعنی مال ودولت اور اسباب کے پُجاری) ہلاک ہوں، اگراسے یہ چیزیں ملتی ہیں، تو راضی ہوجاتا ہے ہیں اوراگر نہیں ملتیں، تو راضی نہیں ہوتا (بخاری)

## ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: يَقُولُ الْعَبْدُ: مَالِيْ، مَالِيْ، إِنَّمَا لَهُ مِنْ مَالِهِ ثَلَاثٌ، مَا أَكَلَ فَأَفْنٰى، أَوْ لَبِسَ فَأَبْلٰى، أَوْ أَعْطٰى فَاقْتَنٰى، وَمَا سِوَى ذٰلِكَ فَهُوَ ذَاهِبٌ، وَتَارِكُهُ لِلنَّاسِ** (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٩٥٩ "٤" كتاب الزهد والرقائق)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بندہ کہتا ہے کہ "میرا مال، میرا مال" حالانکہ اس کے مال میں سے اس کی صرف تین چیزیں ہے، جو کھایا اور ختم کرلیا، جو پہنا اور پرانا کرلیا، جو اس نے اللہ کے راستہ میں دیا، یہ اس نے آخرت کے لیے جمع کرلیا، اس کے علاوہ تو صرف جانے والا اور لوگوں کے لیے چھوڑنے والا ہے (مسلم)

## ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ هٰذَا الْمَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ، فَمَنْ أَخَذَهُ بِحَقِّهِ بُوْرِكَ لَهُ فِيْهِ، وَرُبَّ مُتَخَوِّضٍ فِيْ مَالِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَرَسُوْلِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِيْمَا اشْتَهَتْ نَفْسُهُ، لَهُ النَّارُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ** (شرح مشكل الآثار للطحاوى، رقم الحديث ٤٨٨٧، باب بيان مشكل ما

روی عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من قولہ: إن ہذا المال حلوۃ خضرۃ، مسند ابی یعلیٰ الموصلی، رقم الحدیث ۲۶۰۶، مسند ابی ھریرۃ) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ مال سرسبز، میٹھا ہے جو اس کو اس کے حق کے ساتھ حاصل کرے، تو اس کے لئے اس میں برکت دی جاتی ہے، اور بہت سے لوگ اللہ عزوجل اور اس کے رسول کے مال میں اپنی خواہشِ نفس کے مطابق گھستے (اور تصرف کرتے) ہیں، جن کے لئے قیامت کے دن آگ ہے

(طحاوی، وابویعلیٰ)

## حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَعْطَانِيْ ثُمَّ سَأَلْتُهُ، فَأَعْطَانِيْ، ثُمَّ قَالَ لِيْ: يَا حَكِيْمُ، إِنَّ هٰذَا الْمَالَ خَضِرٌ حُلْوٌ، فَمَنْ أَخَذَهُ بِسَخَاوَةِ نَفْسٍ، بُوْرِكَ لَهُ فِيْهِ وَمَنْ أَخَذَهُ بِإِشْرَافِ نَفْسٍ، لَمْ يُبَارَكْ لَهُ فِيْهِ، وَكَانَ كَالَّذِيْ يَأْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ، وَالْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِّنَ الْيَدِ السُّفْلٰى** (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۲۷۵۰، کتاب الوصایا، باب تأویل قول اللہ تعالی: "من بعد وصیۃ توصون بھا أو دین")

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ مانگا، تو آپ نے دیا، میں نے پھر مانگا، تو آپ نے پھر دے دیا، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے حکیم! یہ مال سرسبز وشاداب اور میٹھا ہے، جو اس کو سخاوتِ نفس کے ساتھ لے، تو اس میں برکت دی جاتی ہے اور جو لالچ کے ساتھ اس کو لے، تو اس میں برکت

---

[1] قال حسین سلیم أسد الدارانی: إسنادہ صحیح (حاشیۃ مسند ابی یعلیٰ)

نہیں دی جاتی اور وہ اس شخص کی طرح ہوتا ہے، جو کھاتا ہے، لیکن پیٹ نہیں بھرتا، اور اوپر (یعنی دینے) والا ہاتھ نیچے (یعنی لینے) والے ہاتھ سے بہتر ہے (بخاری)

## خولہ بنتِ قیس رضی اللہ عنہا کی حدیث

حضرت خولہ بنتِ قیس رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

**سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: إِنَّ هٰذَا الْمَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ، مَنْ أَصَابَهُ بِحَقِّهِ بُوْرِكَ لَهُ فِيْهِ، وَرُبَّ مُتَخَوِّضٍ فِيْمَا شَاءَ تْ بِهِ نَفْسُهُ مِنْ مَالِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ لَيْسَ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِلَّا النَّارُ** (سنن الترمذی، رقم الحديث ۲۳۷۴، ابواب الزهد، باب ما جاء فی أخذ المال بحقه) ۱

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ یہ مال سرسبز اور میٹھا ہے، جو اس کو اس کے حق کے ساتھ لے، اس کے لئے اس میں برکت دی جاتی ہے، اور بہت سے لوگ اللہ اور اس کے رسول کے مال میں اپنی خواہشِ نفس کے مطابق گھستے (اور تصرف کرتے) ہیں، جن کے لئے قیامت کے دن آگ کے علاوہ کچھ بھی نہیں ہے (ترمذی)

## خولہ بنتِ قیس رضی اللہ عنہا کی دوسری روایت

حضرت خولہ بنتِ قیس رضی اللہ عنہا سے ہی روایت ہے کہ:

**سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: إِنَّ الدُّنْيَا حُلْوَةٌ خَضِرَةٌ، فَمَنْ أَخَذَهَا بِحَقِّهَا بُوْرِكَ لَهُ فِيْهَا، وَرُبَّ مُتَخَوِّضٍ فِيْ مَالِ اللّٰهِ وَمَالِ رَسُوْلِهِ لَهُ النَّارُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ** (صحيح ابنِ حبان، رقم الحديث

۱ قال الترمذی: هذا حديث حسن صحيح. وأبو الوليد اسمه عبيد سنوطا.

۴۵۱۲، کتاب السیر، باب فی الخلافۃ والإمارۃ) ل

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ بے شک دنیا سرسبز، میٹھی ہے، پس جو شخص اس کو اس کے حق کے ساتھ لے، تو اس کے لئے اس میں برکت دی جاتی ہے، اور بہت سے لوگ اللہ کے مال میں اور اس کے رسول کے مال میں گھستے (اور تصرف کرتے) ہیں، جن کے لئے قیامت کے دن آگ ہے (ابنِ حبان)

اللہ اور اس کے رسول کے مال سے مراد ''مالِ غنیمت'' ہے، جس میں غریبوں اور ضرورت مندوں کے لئے زکاۃ وصدقات کا جمع شدہ مال ہے، یہی حکم بیت المال، سرکاری اور قومی خزانہ، اور وقف کے مال کا بھی ہے، جیسا کہ آگے آتا ہے۔

حضرت خولہ بنتِ قیس رضی اللہ عنہا کی پہلی روایت میں '' مال'' کے، اور دوسری روایت میں ''دنیا'' کے الفاظ ہیں، دونوں کا مقصود ایک ہی ہے، دنیا میں انسان کی سب سے زیادہ رغبت کی چیز مال ہی ہے، باقی چیزیں اگلے درجہ کی ہیں۔

## عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هٰذِهِ الدُّنْيَا خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ، فَمَنْ آتَيْنَاهُ مِنْهَا شَيْئًا بِطِيْبِ نَفْسٍ مِنَّا، وَطِيْبِ طُعْمَةٍ مِنْهُ، وَلَا إِشْرَاهٍ مِنْهُ، بُوْرِكَ لَهُ فِيْهِ، وَمَنْ آتَيْنَاهُ مِنْهَا شَيْئًا بِغَيْرِ طِيْبِ نَفْسٍ مِنَّا، وَغَيْرِ طِيْبِ طُعْمَةٍ، وَإِشْرَاهٍ مِنْهُ لَمْ يُبَارَكْ لَهُ فِيْهِ (مسند احمد، رقم الحدیث ۲۴۳۹۴) ۲

---

ل قال شعیب الارنؤوط: إسنادہ صحیح (حاشیۃ صحیح ابنِ حبان)

۲ قال شعیب الارنؤوط: حدیث حسن (حاشیۃ مسند احمد)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ دنیا (ومال) سرسبزوشاداب، میٹھی ہے، پس جس کو ہم اس میں سے کچھ اپنی طرف سے خوش دلی کے ساتھ، اور اس میں سے پاکیزہ کھانے کی کوئی چیز دیں، جس میں اس لینے والے کی طرف سے لالچ شامل نہ ہو، تو اس کے لئے اس میں برکت دی جاتی ہے، اور جس شخص کو ہم اس میں سے کوئی چیز اپنی خوشی کے بغیر اور اچھے کھانے کے علاوہ دیدیں، اور اس میں اس کا لالچ شامل ہو، تو اس کے لئے اس میں برکت نہیں ڈالی جاتی (مسند احمد)

## عمرہ بنتِ حارث رضی اللہ عنہ کی حدیث

عمرہ بنتِ حارث رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الدُّنْيَا حُلْوَةٌ خَضِرَةٌ، فَمَنْ أَخَذَ بِحَقِّهَا يُبَارِكُ اللّٰهُ لَهُ فِيْهَا، وَرُبَّ مُتَخَوِّضٍ فِيْ مَالِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لَهُ النَّارُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَوْمَ يَلْقَاهُ (المعجم الكبير للطبرانی، ج ۲ ص ۹۷، رقم الحديث ۸۵۰)[2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دنیا میٹھی، سرسبز ہے، پس جس شخص نے اس کو اس کے حق کے ساتھ لیا، تو اللہ اس کے لئے اس میں برکت عطاء فرمائے گا، اور اللہ اور اس کے رسول کے مال میں گھسنے (اور تصرف کرنے) والے بہت سے لوگ ایسے ہیں، جن کے لئے قیامت کے دن آگ ہوگی، جب وہ قیامت کے دن سے ملاقات کریں گے (طبرانی)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية صحيح ابنِ حبان)

[2] قال الهيثمي: رواه الطبراني، وإسناده حسن (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۱۷۸۱۲، باب الدنيا حلوة خضرة)

www.idaraghufran.org

# عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی احادیث

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كُنْتُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اَلدُّنْيَا حُلْوَةٌ خَضِرَةٌ، فَمَنْ أَخَذَهَا بِحَقِّهٖ بُوْرِكَ لَهٗ فِيْهَا، وَرُبَّ مُتَخَوِّضٍ فِيْمَا اشْتَهَتْ نَفْسُهٗ لَيْسَ لَهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِلَّا النَّارُ (المعجم الكبير للطبرانی، رقم الحديث ١٤٢٥٧، ج١٣، ص٤١٧) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ دنیا میٹھی، سرسبز ہے، پس جو شخص اس کو اس کے حق کے ساتھ لے گا، اس کے لئے اس میں برکت دی جائے گی، اور بہت سے لوگ اپنے نفس کی خواہش کے مطابق مال میں گھستے (اور تصرف کرتے) ہیں، جن کے لئے قیامت کے دن آگ کے علاوہ کچھ بھی نہیں ہے (طبرانی)

# ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ کی حدیث

شریح بن عبید، حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ:

أَنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: حُلْوَةُ الدُّنْيَا مُرَّةُ الْآخِرَةِ، وَمُرَّةُ الدُّنْيَا حُلْوَةُ الْآخِرَةِ (المستدرک للحاکم، رقم الحديث ٧٨٦١، كتاب الرقاق) [2]

---

[1] قال الهيثمي: رواه الطبراني في الكبير، ورجاله ثقات (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ٤٥٤٨، باب بلا ترجمة بعد باب في اليد العليا ومن أحق بالصلة)
وقال ايضاً: رواه الطبراني، ورجاله ثقات (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ١٧٨٠٥، باب الدنيا حلوة خضرة)

[2] قال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه.
وقال الذهبي في التلخيص: صحيح.

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ دنیا کی مٹھاس، آخرت کی کڑواہٹ ہے،اور دنیا کی کڑواہٹ، آخرت کی مٹھاس ہے (حاکم)

بعض حضرات نے مذکورہ حدیث کی سند میں شریح بن عبید اور ابو مالک اشعری کے درمیان انقطاع کا حکم لگا کر اس کی سند کو ضعیف قرار دیا ہے۔

لیکن اس حدیث کا مفہوم نا قابلِ تردید نہیں ہے، کیونکہ دوسری احادیث میں دنیا کو میٹھی کہا گیا ہے،اور کئی احادیث میں دنیا کے طالب کی آخرت کے،اور آخرت کے طالب کی دنیا کے نقصان کا حکم لگایا گیا ہے،جیسا کہ اس سے پچھلی فصل میں گذرا،ان احادیث کی روشنی میں مذکورہ حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جو شخص دنیا کی مٹھاس میں مگن ہوگا،وہ یقیناً اپنی آخرت کو کڑوا کرے گا،اور جو شخص آخرت کی خاطر دنیا کی کڑواہٹ میں مبتلاء ہوگا،وہ اپنی آخرت کو میٹھا کرے گا۔واللہ أعلم۔

پیچھے جن احادیث میں اللہ اور اس کے رسول کے مال میں اپنی خواہش کی بنیاد پر گھسنے اور تصرف کرنے پر جہنم کی وعید کا ذکر آیا ہے،اس سے وہ مال مراد ہے،جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اجتماعی لوگوں کے حقوق سے متعلق جمع ہوتا تھا،اس پر سخت وعید ہے،اسی حکم میں سرکاری اموال اور قومی خزانہ اور اوقاف،اور مدارس ومساجد کے وہ اموال بھی ہیں، جو ایک حیثیت سے اجتماعی فنڈ کہلاتے ہیں۔

اس طرح کے اجتماعی مال میں بے جا تصرف اور خیانت کرنے کی قرآن مجید،اور کئی احادیث میں بھی بہت سخت وعیدیں آئی ہیں،اور اس کو''غلول'' کا نام دیا ہے،جس کا ذکر خیانت سے متعلق بیان میں آتا ہے۔

اور پیچھے جو احادیث میں مال کو حق کے ساتھ حاصل کرنے کا ذکر آیا ہے،اس سے ضرورت کے لئے حلال طریقہ پر حاصل کیا گیا مال مراد ہے، کیونکہ قیامت میں جس طرح مال خرچ کئے جانے کے مصارف کے متعلق سوال ہوگا،اسی طرح جہاں سے اور جس مقصد سے مال حاصل کیا گیا،اس کے متعلق بھی سوال ہوگا۔

# ابو برزہ اسلمی وابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی احادیث

چنانچہ حضرت ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَزُوْلُ قَدَمَا عَبْدٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَتّٰى يُسْأَلَ عَنْ عُمُرِهٖ فِيْمَا أَفْنَاهُ، وَعَنْ عِلْمِهٖ فِيْمَ فَعَلَ، وَعَنْ مَالِهٖ مِنْ أَيْنَ اِكْتَسَبَهٗ وَفِيْمَ أَنْفَقَهٗ، وَعَنْ جِسْمِهٖ فِيْمَ أَبْلَاهُ (سنن الترمذی، رقم الحديث ٢٤١٧، أبواب صفة القيامة والرقائق والورع، باب فی القيامة) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے دن (رب تعالیٰ کے سامنے سے) کسی بندہ کے قدم اس وقت تک نہیں ٹلیں گے، جب تک اس سے یہ سوال نہ کرلیا جائے کہ اس نے اپنی عمر کو کن چیزوں میں فنا کیا، اور اس نے اپنا علم کن کاموں میں خرچ کیا، اور اس نے مال کہاں سے کمایا اور کن چیزوں میں خرچ کیا، اور اس نے اپنے جسم کو کن چیزوں میں بوسیدہ کیا (ترمذی)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

بَيْنَمَا نَحْنُ جُلُوْسٌ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ طَلَعَ عَلَيْنَا شَابٌّ مِنَ الثَّنِيَّةِ، فَلَمَّا رَأَيْنَاهُ بِأَبْصَارِنَا قُلْنَا: لَوْ أَنَّ هٰذَا الشَّابَّ جَعَلَ شَبَابَهٗ وَنَشَاطَهٗ وَقُوَّتَهٗ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، قَالَ: فَسَمِعَ مَقَالَتَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: وَمَا سَبِيْلُ اللّٰهِ إِلَّا مَنْ قُتِلَ، مَنْ سَعٰى عَلٰى وَالِدَيْهِ فَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَمَنْ سَعٰى عَلٰى عِيَالِهٖ فَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَمَنْ سَعٰى عَلٰى نَفْسِهٖ لِيُعِفَّهَا فَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَمَنْ سَعٰى عَلَى التَّكَاثُرِ فَهُوَ فِيْ سَبِيْلِ الشَّيْطَانِ (شعب الايمان للبيهقی، رقم الحديث

---

[1] قال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح. وسعيد بن عبد الله بن جريج هو بصرى، وهو مولى أبى برزة، وأبو برزة اسمه نضلة بن عبيد.

۹۸۹۲، الحادی والسبعون من شعب الإیمان وهو باب فی الزهد وقصر الأمل، ورقم الحدیث ۸۳۳۸، المعجم الاوسط للطبرانی، رقم الحدیث ۴۲۱۴، مسند البزار، رقم الحدیث ۹۸۷۹) ؎

ترجمہ: اس دوران کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے کہ اچانک ہمارے سامنے راستہ سے ایک نوجوان ظاہر ہوا، پھر جب ہم نے اس کو اپنی آنکھوں سے دیکھا، تو ہم نے کہا کہ اگر یہ جوان اپنی جوانی اور اپنی چستی اور اپنی قوت کو اللہ عزوجل کے راستہ میں لگاتا، تو کیا ہی اچھا ہوتا؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہماری اس بات کو سن کر فرمایا کہ جس نے اپنے والدین کے لئے سعی کی، تو وہ اللہ کے راستہ میں ہے، اور جس نے اپنے اہل وعیال کے لئے سعی کی، تو وہ اللہ کے راستہ میں ہے، اور جس نے اپنی ذات کے لئے سعی کی، تاکہ وہ پاک دامن رہے (دوسروں سے سوال کرنے، اور ناجائز طریقہ پر مال حاصل کرنے سے بچا رہے) تو وہ اللہ کے راستہ میں ہے، لیکن جس نے تکاثر (اور مال بڑھانے) کے لئے سعی کی، تو وہ طاغوت (یعنی شیطان) کے راستے میں ہے (بیہقی)

**مذکورہ احادیث وروایات سے مال ودولت کی حقیقت واضح ہوگئی۔**

**وَاللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی اَعْلَمُ وَعِلْمُہٗ اَتَمُّ وَاَحْکَمُ.**

---

؎ قال الهیثمی: رواه البزار والطبرانی فی الأوسط بنحوه وزاد " :ومن سعی علی عیاله ففی سبیل الله ."وفیه رباح بن عمر وثقه أبو حاتم وضعفه غیره، وبقیة رجاله رجال الصحیح (مجمع الزوائد، تحت رقم الحدیث ۱۳۴۱۶، کتاب البر والصلة، باب منه فی البر)

وقال الالبانی: والحدیث صحیح، فإن له شواهد کثیرة (سلسلة الأحادیث الصحیحة وشیء من فقهها وفوائدها، تحت رقم الحدیث ۳۲۴۸)

وقال الشیخ أبو إسحاق الحوینی: فهذا الحدیث جید الاسناد ، وعلیه الاعتماد (إسعاف اللبیث بفتاوی الحدیث"الفتاویٰ الحدیثیة" للحوینی، السفر الثالث، ص ۱۳ ،رقم الحدیث ۲۵۷ ،تحت حدیث"من سعی علی والدیه و امرأته وعیاله فهو فی سبیل الله")

# (فصل نمبر 11)

# حلال وحرام مال کی رعایت نہ کرنے کا فتنہ

پیچھے گذر چکا ہے کہ جس مال کو حق طریقہ پر اور حق مقصد کے لئے حاصل کیا جاتا ہے، وہی باعثِ برکت ہوتا ہے، اور ناحق طریقہ پر، یا ناحق غرض سے حاصل کئے گئے مال میں برکت نہیں ہوتی، وہ مال حاصل کرتا جاتا ہے، لیکن اس کی حاجت پوری نہیں ہوتی، جیسا کہ وہ بھوکا، جو کھاتا جائے، لیکن اس کی بھوک نہ مٹتی ہو۔

اس لئے بعض احادیث میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی واضح فرمادیا کہ قیامت سے پہلے ایسا زمانہ بھی لوگوں پر آئے گا، جس میں آدمی مال کو حق طریقہ پر لینے کا لحاظ نہیں کرے گا، حلال اور حرام طریقہ سے مال آنے کی پرواہ نہیں ہوگی، بس وہ ہر طریقہ سے مال حاصل کرتا جائے گا، جبکہ حرام اور حلال میں اللہ نے فرق کیا ہے، حرام سے بچنا فرض ہے، اور اس میں برکت بھی نہیں ہوتی۔ اس کی کچھ تفصیل ذکر کی جاتی ہے۔

## ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: يَأْتِيْ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ، لَا يُبَالِي الْمَرْءُ مَا أَخَذَ مِنْهُ، أَمِنَ الْحَلَالِ أَمْ مِنَ الْحَرَامِ** (صحيح البخاری، رقم الحديث ۲۰۵۹، كتاب البيوع، باب من لم يبال من حيث كسب المال)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لوگوں پر ایک زمانہ ایسا آئے گا، جس میں آدمی، یہ پرواہ نہیں کرے گا کہ جو اس نے حاصل کیا، وہ حلال طریقہ پر لیا، یا حرام طریق پر لیا (بخاری)

حلال وحرام کی تمیز اُٹھنے کی وجہ مال کی محبت اور حرص وطمع اور لالچ کا بڑھ جانا ہوگی، گویا کہ ایسے لوگوں کے نزدیک حلال اور حرام برابر اور ایک جیسا ہوجائے گا، اور بغیر کسی پرواہ کے مال حاصل کرنے میں مشغول ہوں گے، انہیں خدا کا خوف اور آخرت کے عذاب کی فکر نہ رہے گی، اور ان کی یہ حالت ہوجائے گی کہ اگر کوئی انہیں اس عمل سے روکے گا بھی تو نہ رُکیں گے۔ [1]

## ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّهَا النَّاسُ، إِنَّ اللّٰهَ طَيِّبٌ لَا يَقْبَلُ إِلَّا طَيِّبًا، وَإِنَّ اللّٰهَ أَمَرَ الْمُؤْمِنِيْنَ بِمَا أَمَرَ بِهِ الْمُرْسَلِيْنَ، فَقَالَ: "يَا أَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبَاتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا، إِنِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ" وَقَالَ: "يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا كُلُوْا مِنْ طَيِّبَاتِ مَا رَزَقْنَاكُمْ" ثُمَّ ذَكَرَ الرَّجُلَ يُطِيْلُ السَّفَرَ أَشْعَثَ أَغْبَرَ، يَمُدُّ يَدَيْهِ إِلَى السَّمَاءِ، يَا رَبِّ، يَا رَبِّ، وَمَطْعَمُهُ حَرَامٌ، وَمَشْرَبُهُ حَرَامٌ، وَمَلْبَسُهُ حَرَامٌ، وَغُذِيَ بِالْحَرَامِ، فَأَنّٰى يُسْتَجَابُ لِذٰلِكَ** (صحیح مسلم، رقم الحدیث ۱۰۱۵ "۶۵" کتاب الزکاۃ، باب قبول الصدقة من الکسب الطیب وتربیتها)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے لوگو! بے شک اللہ، پاکیزہ ہے، صرف پاکیزہ چیز کو ہی قبول فرماتا ہے، اور بے شک اللہ نے مومنوں کو وہی حکم دیا ہے، جو اپنے رسولوں کو حکم دیا ہے، جیسا کہ سورہ مومنون میں ارشاد فرمایا کہ

---

[1] أی: لا يبالی .بما أخذ من المال...... ولا يبالی خبر مقدم يعنى الأخذ من الحلال .ومن الحرام مستو عنده، (ولا يبالی بأيهما أخذ) ، ولا يلتفت إلى الفرق بين الحلال والحرام كقوله تعالى: "سواء عليهم أأنذرتهم أم لم تنذرهم" (مرقاة المفاتيح، ج۵ص ۱۸۱۹، كتاب البيوع ،باب الكسب وطلب الحلال)

www.idaraghufran.org

”اے رسولوں! کھاؤ تم پاکیزہ چیزوں میں سے، اور عمل کرو تم، نیک، بے شک میں ان کاموں کو جو کرتے ہو تم، خوب علم رکھنے والا ہوں“

اور جیسا کہ سورہ بقرہ میں فرمایا کہ ”اے وہ لوگو جو ایمان لائے کھاؤ تم ان پاکیزہ چیزوں میں سے جن کا رزق دیا ہم نے تم کو“۔

اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کا ذکر کیا، جو لمبا سفر کرتا ہے، گردآلود حالت میں ہوتا ہے۔ اپنے دونوں ہاتھ آسمان کی طرف اٹھا کر کہتا ہے کہ اے میرے رب، اے میرے رب، اور حال یہ ہے کہ اس کا کھانا حرام ہے، اور اس کا پینا حرام ہے، اور اس کا پہننا حرام، اور اس نے حرام کی غذا حاصل کی ہوئی ہے، پس اس کے لئے کہاں سے دعاء قبول کی جائے گی (صحیح مسلم)

معلوم ہوا کہ حرام کھانے، پینے اور حرام استعمال کرنے والے کی دعاء قبول نہیں کی جاتی، پھر حرام کو چھوڑے بغیر وظائف اور تعویذات اور مختلف قسم کے چلے کیا کام کریں گے، جیسا کہ حرام مال کی وجہ سے بہت سے لوگوں پر اللہ کی طرف سے مصائب وآفات آجاتی ہیں، اور وہ ان سے بچنے کے لئے مختلف دعاؤں چلوں، اور اوراد ووظائف اور تعویذات وعملیات سب کچھ کرتے ہیں، لیکن ان سے فائدہ نظر نہیں آتا، اور آج کل مالدار لوگوں، اور حرام خوروں میں اس صورتِ حال کی کثرت ہے، جس کی بنیادی وجہ حرام مال کا استعمال ہی ہے۔

## ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِيَدِهٖ، لَأَنْ يَّأْخُذَ أَحَدُكُمْ حَبْلَهٗ، فَيَذْهَبَ إِلَى الْجَبَلِ، فَيَحْتَطِبَ، ثُمَّ يَأْتِيَ بِهٖ يَحْمِلُهٗ عَلٰى ظَهْرِهٖ، فَيَبِيْعَهٗ فَيَأْكُلَ، خَيْرٌ لَّهٗ مِنْ أَنْ يَّسْأَلَ النَّاسَ،

وَلَأَنْ يَّأْخُذَ تُرَابًا فَيَجْعَلَهُ فِيْ فِيْهِ، خَيْرٌ لَّهُ مِنْ أَنْ يَّجْعَلَ فِيْ فِيْهِ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ (مسند احمد،رقم الحديث ۷۴۹۰) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قسم ہے اس ذات کی، جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ تم میں سے کوئی اپنی رسی لے کر پہاڑ پر چلا جائے، پھر لکڑیاں اپنی پشت پر لاد کر لے آئے، اور ان کو فروخت کر کے کھا لے، یہ اس کے لئے بہتر ہے، اس عمل سے کہ وہ لوگوں سے سوال کرے، اور یہ کہ وہ مٹی لے کر اپنے منہ میں ڈال لے، یہ بہتر ہے، اس عمل سے کہ وہ اپنے منہ میں ایسی چیز داخل کرے، جس کو اللہ نے اس پر حرام قرار دے رکھا ہے (مسند احمد)

سوال کرنا مخصوص مجبوری والی صورتوں کے علاوہ جائز نہیں، بلکہ وہ بھی حرام کمائی میں داخل اور سخت گناہ ہے، جیسا کہ آگے آتا ہے، اور حرام مال سے کہیں بہتر ہے کہ آدمی اپنے منہ میں مٹی ڈال کر اس کی تسکین کر دے۔

## ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی چوتھی حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ جَمَعَ مَالًا حَرَامًا، ثُمَّ تَصَدَّقَ بِهِ، لَمْ يَكُنْ لَّهُ فِيْهِ أَجْرٌ، وَكَانَ إِصْرُهُ عَلَيْهِ (صحيح ابنِ حبان،رقم الحديث ۳۳۶۷، كتاب الزكاة، باب صدقة التطوع) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے حرام مال جمع کیا، پھر اس سے صدقہ کیا، تو اس کے لئے اس صدقہ میں اجر وثواب حاصل نہیں ہوگا، بلکہ اس کا اس پر بوجھ (گناہ اور وبال) ہوگا (صحیح ابنِ حبان)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية مسند احمد)

[2] قال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن (حاشية صحيح ابنِ حبان)

# ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی ایک لمبی حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ:

**وَمَنْ لَمْ يَأْخُذْهُ بِحَقِّهِ، فَهُوَ كَالْآكِلِ الَّذِي لَا يَشْبَعُ، وَيَكُونُ عَلَيْهِ شَهِيدًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ** (صحيح البخارى، رقم الحديث ۲۸۴۲، كتاب الجهاد والسير، باب فضل النفقة فى سبيل الله)

ترجمہ: اور جو شخص اس مال کو اس کے حق کے ساتھ نہیں لیتا (یعنی جس طرح حلال طریقہ پر لینے کا اسے حق ہے، اس طرح نہیں لیتا) تو وہ اس کھانے والے کی طرح ہے، جس کا پیٹ نہیں بھرتا (یعنی حرام وناجائز طریقہ پر لینے اور حریص آدمی کے مال میں نہ برکت ہوتی، نہ اس کا جائز فائدہ ہوتا) اور یہ مال قیامت کے دن اس (ناحق لینے، یا حق جگہ خرچ نہ کرنے والے) کے خلاف گواہ بنے گا (بخاری)

اور حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی ایک روایت کے آخر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ:

**فَمَنْ أَخَذَهَا بِحَقِّهَا بُورِكَ لَهُ فِيهِ، وَمَنْ أَخَذَهَا بِغَيْرِ حَقِّهَا لَمْ يُبَارَكْ لَهُ، وَكَانَ كَالَّذِي يَأْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ** (مسند احمد، رقم الحديث ۱۱۰۳۵) [1]

ترجمہ: پس جو شخص اس مال کو اس کے حق کے ساتھ (یعنی حلال طریقہ، اور حلال مقصد سے) حاصل کرتا ہے، تو اس کے لئے اس مال میں برکت دی جاتی ہے، اور جو شخص اس مال کو بغیر اس کے حق کے (یعنی ناحق طریقہ پر، یا ناحق مقصد سے) لیتا ہے، تو اس کے لئے برکت نہیں دی جاتی، اور یہ ایسا ہوتا ہے، جیسا کہ

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح، وهذا إسناد قوى (حاشية مسند احمد)

کھاتا جاتا ہے، لیکن اس کا پیٹ نہیں بھرتا (مسنداحمد)

اس طرح کی کئی احادیث پہلے الگ فصل میں نقل کی جاچکی ہیں، جن سے یہ بات واضح ہوچکی ہے کہ ناحق وناجائز طریقہ سے حاصل کئے گئے مال میں برکت نہیں ہوتی، وہ جتنا مال بھی حاصل کرلے، وہ بھوکے کی طرح فقیر ہی رہتا ہے، اس کی ضروریات پوری نہیں ہوتیں، اور اس کے کام الجھے، اور مسائل بکھرے رہتے ہیں، اور یہ مال اس کے خلاف قیامت کے دن گواہی دے کر عذاب کا باعث بنے گا۔

## کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا كَعْبُ بْنَ عُجْرَةَ، إِنَّهُ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ لَحْمٌ وَدَمٌ نَبَتَا عَلٰى سُحْتٍ ، اَلنَّارُ أَوْلٰى بِهٖ (صحیح ابن حبان، رقم الحدیث ۵۵٦۷، کتاب الحظر والإباحة) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے کعب بن عجرہ! بے شک جنت میں وہ گوشت، اور خون داخل نہیں ہوں گے، جوحرام سے اُگے ہوں، آگ ہی ان کے زیادہ لائق ہے (وہ جنت کے لائق نہیں) (صحیح ابنِ حبان)

## جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّهَا النَّاسُ، اِتَّقُوا اللّٰهَ وَأَجْمِلُوْا فِي الطَّلَبِ، فَإِنَّ نَفْسًا لَنْ تَمُوْتَ حَتّٰى تَسْتَوْفِيَ رِزْقَهَا، وَإِنْ أَبْطَأَ عَنْهَا، فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَأَجْمِلُوْا فِي الطَّلَبِ، خُذُوْا مَا حَلَّ، وَدَعُوا مَا

[1] قال شعیب الارنؤوط: حدیث صحیح (حاشیة ابنِ حبان)

حَرُمَ (سنن ابن ماجه، رقم الحديث ۲۱۴۴، ابواب التجارات، باب الاقتصاد فى طلب المعيشة) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے لوگو! اللہ سے ڈرو اور (دنیا کی) طلب میں اعتدال سے کام لو اس لئے کہ کوئی جاندار اس وقت تک ہرگز نہیں مرے گا، جب تک کہ اپنے مقررہ رزق کو پورا پورا حاصل نہ کرلے، اگرچہ وہ رزق کچھ دیر سے حاصل ہو، پس تم اللہ سے ڈرو اور دنیا کی طلب میں اعتدال سے کام لو حلال چیزوں کو حاصل کرو اور حرام چیزوں کو چھوڑ دو (ابنِ ماجہ)

## جابر رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَا كَعْبُ بْنَ عُجْرَةَ، إِنَّهُ لَنْ يَّدْخُلَ الْجَنَّةَ لَحْمٌ نَبَتَ مِنْ سُحْتٍ (سنن الدارمى، رقم الحديث ۲۸۱۸، كتاب الرقاق، باب فى السحت) [2]

ترجمہ: بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے کعب بن عجرہ! اس بات میں شک نہیں کہ جنت میں ہرگز وہ گوشت داخل نہیں ہوگا، جو حرام سے اگا ہو (دارمی)

اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ:

يَا كَعْبُ بْنَ عُجْرَةَ، لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ نَبَتَ لَحْمُهُ مِنْ سُحْتٍ، اَلنَّارُ أَوْلٰى بِهٖ (مسند احمد، رقم الحديث ۱۵۲۸۴) [3]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية ابنِ ماجه)

[2] قال حسين سليم أسد الداراني: إسناده قوى (حاشية سنن الدارمى)

[3] قال شعيب الارنؤوط: إسناده قوى على شرط مسلم (حاشية مسند احمد)

ترجمہ: اے کعب بن عجرہ! جنت میں وہ گوشت داخل نہیں ہوگا، جو ’’سحت‘‘ (یعنی حرام) سے اگا ہو، آگ ہی اس کے زیادہ لائق ہے (وہ جسم جنت کے لائق نہیں)

(مسند احمد)

یعنی جس جسم کے حصہ، یا خون کے حصہ کی بنیاد حرام پر پڑی ہو، اس کے لئے جنت میں داخلہ بہت مشکل ہے۔

عربی زبان میں ’’سحت‘‘ حرام کو کہا جاتا ہے، جس میں حرام مال کی تمام صورتیں داخل ہیں، یہاں تک کہ بغیر عذرِ شرعی کے مانگ کر حاصل کیا گیا مال بھی اس میں داخل ہے، جیسا کہ دوسری احادیث میں اس کا ذکر ہے۔

## قبیصہ بن مخارق رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت قبیصہ بن مخارق ہلالی رضی اللہ عنہ سے ایک لمبی حدیث میں روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

يَا قَبِيصَةُ إِنَّ الْمَسْأَلَةَ لَا تَحِلُّ إِلَّا لِأَحَدِ ثَلَاثَةٍ رَجُلٍ، تَحَمَّلَ حَمَالَةً فَحَلَّتْ لَهُ الْمَسْأَلَةُ حَتّٰى يُصِيبَهَا ،ثُمَّ يُمْسِكُ ،وَرَجُلٍ أَصَابَتْهُ جَائِحَةٌ اِجْتَاحَتْ مَالَهُ ،فَحَلَّتْ لَهُ الْمَسْأَلَةُ ،حَتّٰى يُصِيبَ قِوَامًا مِنْ عَيْشٍ ،أَوْ قَالَ سِدَادًا مِّنْ عَيْشٍ،وَرَجُلٍ أَصَابَتْهُ فَاقَةٌ ،حَتّٰى يَقُومَ ثَلَاثَةٌ مِنْ ذَوِي الْحِجَا مِنْ قَوْمِهِ ، لَقَدْ أَصَابَتْ فُلَانًا فَاقَةٌ ، فَحَلَّتْ لَهُ الْمَسْأَلَةُ ،حَتّٰى يُصِيبَ قِوَامًا مِنْ عَيْشٍ ،أَوْ قَالَ سِدَادًا مِنْ عَيْشٍ،فَمَا سِوَاهُنَّ مِنَ الْمَسْأَلَةِ يَا قَبِيصَةُ! سُحْتًا يَأْكُلُهَا صَاحِبُهَا سُحْتًا (صحيح مسلم،رقم الحديث ١٠٤٤ ”١٠٩“ كتاب الزكاة ، باب من تحل له الصدقة)

ترجمہ: اے قبیصہ! سوال کرنا کسی کے لئے حلال نہیں، سوائے تین آدمیوں میں

سے ایک کے لئے۔

ایک تو وہ جس پر کسی کا بوجھ (یعنی دیت یا تاوان یا قرض وغیرہ) ہو(اور اس کے پاس اس کی ادائیگی کا انتظام نہ ہو) تو اس کے لئے (بقدرِ ضرورت) سوال کرنا حلال ہوجاتا ہے، یہاں تک کہ اس کو اس بوجھ سے چھٹکارا مل جائے، پھر وہ سوال سے رُک جائے۔

اور دوسرے وہ آدمی جس کے مال پر کوئی آفت وحادثہ پیش آجائے (مثلاً چوری ہوجائے یا ڈاکہ ڈل جائے، یا آگ لگ جائے، یا اسی طرح کا کوئی حادثہ پیش آجائے، اور اس کا مال ضائع ہوجائے) اس کے لئے سوال کرنا حلال ہوجاتا ہے، یہاں تک کہ وہ ضروریاتِ زندگی کو پالے (خواہ سارا مال حاصل نہ ہو)

اور تیسرے وہ آدمی جسے فاقہ پیش آجائے، جس کی کہ اس کی قوم کے تین عقل مند لوگ گواہی دیں، کہ واقعی فلاں کو فاقہ کی نوبت پہنچ چکی ہے، تو اس کے لئے سوال کرنا حلال ہوجاتا ہے، یہاں تک کہ وہ اپنی ضرورت کو پالے (یعنی اس کا فقر وفاقہ دور ہوجائے)

پس ان کے علاوہ اے قبیصہ! سوال کرنا حرام ہے، کہ سوال کرنے والا سوال کر کے سحت وحرام کھاتا ہے (مسلم)

تین عقل مند لوگوں کی گواہی دینے سے مراد یہ ہے کہ فاقہ کا اچھی طرح ثبوت ہوجائے، اسی لئے اگر بغیر گواہی کے کسی کے بارے میں ثبوت ہوجائے، تو بھی یہی حکم ہے۔

## ابو الدرداء رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَّ الرِّزْقَ لَيَطْلُبُ الْعَبْدَ كَمَا

يَطْلُبُهُ أَجَلُهُ (صحيح ابن حبان، رقم الحديث ۳۲۳۸، كتاب الزكاة، باب صدقة التطوع) لے

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ رزق بندہ کو اس طرح تلاش کرتا ہے، جس طریقہ سے اُس کو اِس کی موت تلاش کرتی ہے (ابنِ حبان)

## نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اَلْحَلالُ بَيِّنٌ، وَالْحَرَامُ بَيِّنٌ، وَبَيْنَهُمَا مُشَبَّهَاتٌ لَا يَعْلَمُهَا كَثِيرٌ مِّنَ النَّاسِ، فَمَنِ اتَّقَى الْمُشَبَّهَاتِ اِسْتَبْرَأَ لِدِيْنِهِ وَعِرْضِهِ، وَمَنْ وَقَعَ فِي الشُّبُهَاتِ: كَرَاعٍ يَرْعَى حَوْلَ الْحِمَى، يُوْشِكُ أَنْ يُّوَاقِعَهُ، أَلَا وَإِنَّ لِكُلِّ مَلِكٍ حِمًى، أَلَا إِنَّ حِمَى اللّٰهِ فِيْ أَرْضِهِ مَحَارِمُهُ (صحيح البخارى، رقم الحديث ۵۲، كتاب الايمان، باب فضل من استبرأ لدينه، صحيح مسلم، رقم الحديث ۱۵۹۹ "۱۰۷")

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ حلال چیز واضح ہے اور حرام چیز بھی واضح ہے، اور ان دونوں کے درمیان میں شبہ والی (یعنی مشتبہ) چیزیں ہیں، جن کو بہت سے لوگ نہیں جانتے، پس جو شخص شبہ کی چیزوں سے بچے اس نے اپنے دین اور اپنی آبرو کو بچالیا اور جو شخص شبہوں (کی چیزوں) میں مبتلا ہو جائے (اس کی مثال ایسی ہے) جیسا کہ جانور ممنوع چراگاہ کے قریب چر رہا ہو، جس کے متعلق اندیشہ ہوتا ہے کہ کہیں وہ اس کے اندر نہ داخل ہو جائے، آگاہ ہو جاؤ کہ ہر بادشاہ کی ایک ممنوع چراگاہ ہے، آگاہ ہو جاؤ کہ اللہ کی ممنوع

لے قال شعيب الارنؤوط: حديث قوى (حاشية ابنِ حبان)

چراگاہ اس کی زمین میں اس کی حرام کی ہوئی چیزیں ہیں (بخاری، مسلم)

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مشتبہ چیزیں وہ ہوتی ہیں، جن کا حرام وگناہ ہونا اکثر عوام پر واضح نہیں ہوتا۔

اور بخاری کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ:

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْحَلاَلُ بَيِّنٌ، وَالْحَرَامُ بَيِّنٌ، وَبَيْنَهُمَا أُمُوْرٌ مُشْتَبِهَةٌ، فَمَنْ تَرَكَ مَا شُبِّهَ عَلَيْهِ مِنَ الْإِثْمِ، كَانَ لِمَا اسْتَبَانَ أَتْرَكَ، وَمَنِ اجْتَرَأَ عَلٰى مَا يَشُكُّ فِيْهِ مِنَ الْإِثْمِ، أَوْشَكَ أَنْ يُّوَاقِعَ مَا اسْتَبَانَ، وَالْمَعَاصِيْ حِمَى اللّٰهِ مَنْ يَّرْتَعْ حَوْلَ الْحِمٰى يُوْشِكُ أَنْ يُّوَاقِعَهُ (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۲۰۵۱، کتاب البیوع، باب: الحلال بین، والحرام بین، وبینھما مشبھات)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حلال چیز واضح ہے اور حرام چیز بھی واضح ہے، اور ان دونوں کے درمیان میں مشتبہ چیزیں ہیں، پس جس نے ان چیزوں کو چھوڑ دیا، جو اس پر گناہ کی وجہ سے مشتبہ ہوں، تو وہ ان چیزوں کو زیادہ اہتمام کے ساتھ چھوڑے گا، جن کا گناہ ہونا واضح ہو، اور جو شخص ان چیزوں پر جری ہو جائے گا، جن میں گناہ کا شک ہے، تو قریب ہے کہ وہ واضح گناہ والی چیزوں میں مبتلا ہو جائے، اور گناہ درحقیقت اللہ کی ممنوع چراگاہ ہے، جو شخص ممنوع چراگاہ کے قریب چرے گا، تو اندیشہ ہے کہ وہ اس ممنوع چراگاہ میں داخل ہو جائے (بخاری)

## نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

اور حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اِجْعَلُوْا بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ

الْحَرَامِ سُتْرَةً مِنَ الْحَلَالِ، مَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ اِسْتَبْرَأَ لِعِرْضِهٖ وَدِيْنِهٖ، وَمَنْ أَرْتَعَ فِيْهِ كَانَ كَالْمُرْتِعِ إِلٰى جَنْبِ الْحِمَى يُوْشِكُ أَنْ يَّقَعَ فِيْهِ، وَإِنَّ لِكُلِّ مَلِكٍ حِمًى، وَإِنَّ حِمَى اللّٰهِ فِي الْأَرْضِ مَحَارِمُهٗ (صحيح ابنِ حبان،رقم الحديث ٥٥٦٩، كتاب الحظر والإباحة) ؎۱

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ تم اپنے،اور حرام چیز کے درمیان،حلال کوسترہ (یعنی آڑ) بنالو،جو یہ عمل کرلے گا،تو وہ اپنی عزت اوراپنے دین کو پاک صاف کرلے گا،اور جواس (حلال) میں چرتا ہے،تو وہ (حرام کی) سرحد کے پہلو میں چرنے والا ہوتا ہے،قریب ہے کہ وہ (حرام کی) سرحد میں داخل ہوجائے،اور ہر بادشاہ (کے ملک) کی سرحد ہوا کرتی ہے،اوراللہ کی سرحدزمین میں اس کی حرام کردہ چیزیں ہیں (مسنداحمد)

مطلب یہ ہے کہ حلال چیزوں کوحرام سے بچنے کا ذریعہ بناؤ،حرام مال سے بچنے کے لئے حلال مال کواختیار،واستعمال کرو،زنا سے بچنے کے لئے نکاح کرو،وغیرہ وغیرہ۔

اورحرام سے دوری بھی بنائے رکھو،ممکنہ حدتک ایسی چیزیں استعمال کرنے سے بھی اجتناب کرو،جواگرچہ بظاہرصریح حرام تو نہ ہوں،مشکوک وغیرہ ہوں،کیونکہ ان کی وجہ سے حرام تک پہنچنے کاخوف لاحق رہتا ہے۔ ؎۲

---

؎۱ قال شعيب الارنؤوط:
إسناده حسن(حاشية صحيح ابنِ حبان)

؎۲ (اجعلوا بينكم وبين الحرام سترا من الحلال) الستر ما يستتر به، أى اجعلوا اتخاذ ما أحله الله لكم من الطيبات سترا لكم عما حرمه، فأعدوا من النساء الزوجات ومن الإماء ما يستركم من الزنا، ومن المكاسب الحلال ما يستركم من الحرام ويقرب منه حديث " :إذا رأى أحدكم امرأة فأعجبته فليأت أهله فإن معها مثل الذى معها " سيأتى .

ويحتمل :أن المراد أنكم تجتنبوا الحرام وبعدوا عنه أنفسكم حتى كان بينكم وبينه سترا يمنع عن ملابسته والاتصال به والدنو منه والأول أقرب.

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

# جندب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت جندب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ:

إِنَّ أَوَّلَ مَا يُنْتِنُ مِنَ الْإِنْسَانِ بَطْنُهُ فَمَنْ اسْتَطَاعَ أَنْ لَا يَأْكُلَ إِلَّا طَيِّبًا فَلْيَفْعَلْ وَمَنِ اسْتَطَاعَ أَنْ لَا يُحَالَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْجَنَّةِ بِمِلْءِ كَفِّهِ مِنْ دَمٍ أَهْرَاقَهُ فَلْيَفْعَلْ (صحيح البخارى، رقم الحديث ٧١٥٢، كتاب الأحكام، باب من شاق شق الله عليه)

ترجمہ: انسان کے اعضاء میں سے سب سے پہلے (زندگی میں اور مرنے کے بعد) جو عضو خراب ہوتا ہے، وہ پیٹ ہے، تو جو شخص یہ کر سکے کہ اُس کے پیٹ میں سوائے پاکیزہ چیز کے کچھ داخل نہ ہو، تو وہ ایسا کر لے، اور جو شخص یہ کر سکے کہ اُس کے اور جنت کے درمیان ایسا مٹھی بھر خون بھی حائل نہ ہو، جو اُس نے کسی کا بہایا ہو، تو کر لے (بخاری)

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

وهذا بآخر الحديث أنسب أعنى قوله (من فعل ذلك استبرأ لعرضه ودينه) هو من استبرأ ذكره استبقاه من البول وفى التعبير بهذه العبارة إشارة إلى أن المعاصى والحرام كالبول فى قذارته والنهى عنه وأضراره بالأديان والأبدان (ومن ارتع فيه كان كالمرتع إلى جنب الحمى)يقال :رتع وارتع ورتعت الماشية أكلت ما شاء ت، قال الزمخشرى : ومن المجاز رتع القوم أكلوا ما شاء وا فى رغد وخصب، والحمى بكسر المهملة من حميت المكان فهو محمى إذا جعلته حمى وهذا شيء حمى أى محضور لا يقرب (يوشك) بزنة يسرع ومعناه (أن يقع فيه) يؤخذ منه تحريم ذرائع الحرام (أن لكل ملك) من ملوك الدنيا (حمى) قيلت :كان الشريف من العرب إذا نزل أرضا حية استعوى كلبا فحمى مد عوى الكتب لا يشركه فيه غيره فشبه -صلى الله عليه وسلم - ما حماه الله تعالى بذلك الحمى الذى يمنع فيه كل أحد (وأن حمى الله فى الأرض محارمه) أى ما حرمه فإنه قد حمى العباد عن قربانه والدنو إليه(التنوير شرح الجامع الصغير،للصنعانى، ج ١ ،ص٣٧٧،٣٧٨ ، تحت رقم الحديث ١٨٧ ،حرف الهمزة)

اور حضرت جندب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

**قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنِ اسْتَطَاعَ أَنْ لَّا يَحُوْلَنَّ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْجَنَّةِ مِلْءُ كَفٍّ مِنْ دَمٍ يُهْرِيقُهُ، كَأَنَّمَا يَذْبَحُ دَجَاجَةً، كُلَّمَا تَقَدَّمَ لِبَابٍ مِنْ أَبْوَابِ الْجَنَّةِ حَالَ بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ، مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمْ أَنْ لَّا يُدْخِلَ بَطْنَهُ إِلا طَيِّبًا، فَإِنَّ أَوَّلَ مَا يَنْتِنُ مِنَ الْإِنْسَانِ بَطْنُهُ** (المعجم الكبير للطبراني، رقم الحديث ١٦٦٢) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص یہ کر سکے کہ اُس کے اور جنت کے درمیان چُلّو بھر خون گویا مرغی ذبح کرنے کے بقدر ہو، حائل نہ ہو، جو اُس نے کسی کا بہایا ہو، تو ایسا کرلے، جب کبھی وہ جنت کے دروازوں میں سے کسی دروازے کی طرف بڑھے گا، تو وہ (خون) اُس کے اور اُس (جنت کے دروازے) کے درمیان آڑ بن جائے گا۔

جو شخص یہ کر سکے کہ اُس کے پیٹ میں سوائے حلال پاکیزہ چیز کے کچھ بھی داخل نہ ہو، تو وہ ایسا کرلے، اس لیے کہ انسان کے اعضاء میں سے سب سے پہلے جو عضو (زندگی میں اور مرنے کے بعد) خراب ہوتا ہے، وہ پیٹ ہے (طبرانی)

## ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال الهيثمي:

رواه الطبراني في الأوسط والكبير، ورجاله رجال الصحيح (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ١٢٣٠٨، باب حرمة دماء المسلمين وأموالهم وإثم من قتل مسلما)

وقال الالبانی:

وبالجملة؛ فالحديث بهذه الطرق والمتابعات صحيح مرفوعاً، ولا يضره وقف من أوقفه، ولذلک سكت عن هذه الطرق الحافظ في "الفتح"، بل صرح بأن الموقوف في حكم المرفوع؛ كما تقدم عنه، فاتفقت الروايات، وزال الخلاف من بينها. والحمد لله رب العالمين (سلسلة الاحاديث الصحيحه، تحت رقم الحديث ٣٣٧٩)

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: لَا تَزُولُ قَدَمَا عَبْدٍ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ حَتّٰی یُسْأَلَ عَنْ عُمُرِہٖ فِیْمَا أَفْنَاہُ، وَعَنْ عِلْمِہٖ فِیْمَ فَعَلَ، وَعَنْ مَالِہٖ مِنْ أَیْنَ اِکْتَسَبَہٗ وَفِیْمَ أَنْفَقَہٗ، وَعَنْ جِسْمِہٖ فِیْمَ أَبْلَاہُ (سنن الترمذی، رقم الحدیث ۲۴۱۷،أبواب صفة القیامة والرقائق والورع،باب فی القیامة) ؎۱

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے دن (رب تعالیٰ کے سامنے سے) کسی بندہ کے قدم اس وقت تک نہیں ٹلیں گے، جب تک اس سے یہ سوال نہ کرلیا جائے کہ اس نے اپنی عمر کو کن چیزوں میں فنا کیا، اوراس نے اپنا علم کن کاموں میں خرچ کیا، اوراس نے مال کہاں سے کمایا اور کن چیزوں میں خرچ کیا، اوراس نے اپنے جسم کو کن چیزوں میں بوسیدہ کیا (ترمذی)

## معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: لَا تَزُوْلُ قَدِمَا عَبْدٍ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ حَتّٰی یُسْأَلَ عَنْ أَرْبَعِ خِصَالٍ: عَنْ عُمُرُہٖ فِیْمَا أَفْنَاہُ؟ وَعَنْ شَبَابِہٖ فِیْمَا أَبْلَاہُ؟ وَعَنْ مَالِہٖ مِنْ أَیْنَ اِکْتَسَبَہٗ وَفِیْمَا أَنْفَقَہٗ؟ وَعَنْ عَلِمِہٖ مَاذَا عَمِلَ فِیْہِ؟ (المعجم الکبیر للطبرانی، ج۲۰ص۶۰،رقم الحدیث ۱۱۱) ؎۲

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے دن ابنِ آدم کے قدم اس

---

؎۱ قال الترمذی:

هذا حدیث حسن صحیح.وسعید بن عبد الله بن جریج هو بصری، وهو مولی أبی برزة، وأبو برزة اسمه نضلة بن عبید.

؎۲ قال الهیثمی:

رواه الطبرانی، والبزار بنحوه، ورجال الطبرانی رجال الصحیح غیر صامت بن معاذ، وعدی بن عدی الکندی، وهما ثقتان (مجمع الزوائد، تحت رقم الحدیث ۱۸۳۷۳، باب ما جاء فی الحساب)

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

کے رب کے سامنے سے اس وقت تک نہیں ہٹیں گے، جب تک چار چیزوں کے بارے میں سوال نہ کرلیا جائے، ایک اس کی عمر کے بارے میں کہ اس کو کہاں فنا کیا، دوسرے اس کی جوانی کے بارے میں کہ کن چیزوں میں اس کو بوسیدہ کیا، تیسرے اس کے مال کے بارے میں کہ کہاں سے کمایا، اور کن چیزوں میں خرچ کیا، چوتھے اپنے علم کے بارے میں کہ کیا عمل کیا (طبرانی)

مذکورہ تفصیل سے معلوم ہوا کہ قیامت سے پہلے مال میں، حرام وحلال کی پرواہ نہ ہونے کا شدید فتنہ رونما ہوگا، جس میں حرام وحلال میں تمیز نہیں کی جائے گی، بلکہ مال ودولت حاصل کرنے کے ہر طریقہ کو اختیار کیا جائے گا، خواہ وہ حلال ہو، یا حرام ہو۔

موجودہ دور میں یہ فتنہ بھرپور قوت کے ساتھ پھیلتا جارہا ہے۔

اللہ تعالیٰ حفاظت فرمائے۔آمین۔

وَاللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی اَعْلَمُ وَعِلْمُہٗ اَتَمُّ وَاَحْکَمُ.

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

وقال الالبانی:

وأما حديث معاذ، فيرويه صامت بن معاذ الجندى حدثنا عبد المجيد ابن عبد العزيز بن أبى رواد عن سفيان الثورى عن صفوان بن سليم عن عدى ابن عدى عن الصنابحى عنه . أخرجه الخطيب فى "الاقتضاء" وفى "التاريخ" (11\441)وهذا سند لا بأس به فى الشواهد، رجاله ثقات غير عبد المجيد وصامت ففيهما ضعف، وقد قال المنذرى فى "الترغيب" : (4 / 198) "رواه البزار والطبرانى بإسناد صحيح ."فالظاهر أنهما أخرجاه من غير هذا الوجه وإلا فهو بعيد عن الصحة! وقد رواه ليث عن عدى بن عدى به موقوفا .أخرجه الدارمى (1\131)والخطيب لكنه قال: " رجاء بن حيوة " مكان "الصنابحى ."والأول أصح .وليث هو ابن أبى سليم وهو ضعيف وقد أوقفه، والرفع هو الصواب لهذه الشواهد .وقد روى من حديث ابن عباس وزاد فى آخره: " وعن حبنا أهل البيت " .وهو بهذه الزيادة باطل، ولذلك خرجته فى الكتاب الآخر (1922) (سلسة الاحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ٩٤٦)

## (فصل نمبر12)

# مال ودولت کی حرص اور بڑھوتری کا فتنہ

پیچھے گذر چکا ہے کہ مال کو اس کے حق سے نہ لیا جائے، تو اس میں برکت نہیں ہوتی، وہ مال حاصل کرتا جاتا ہے، لیکن اس کی حاجت پوری نہیں ہوتی، جیسا کہ وہ بھوکا، جو کھاتا جائے، لیکن اس کی بھوک نہ مٹتی ہو۔

ظاہر ہے کہ جو مال بغیر کسی معقول حق کے لیا جائے، وہ بھی باعثِ برکت نہیں، اور مال کو معقول حاجت سے زیادہ حاصل کرنا، اس کی اہم صورت ہے، جو حرص وطمع کی دلیل ہے۔

اس لئے قرآن وسنت میں بلاضرورت مال بڑھانے اور اس میں حرص وطمع پیدا کرنے کو پسند نہیں کیا گیا، بلکہ اس کو سخت ناپسند کیا گیا ہے، جس کی تفصیل ذکر کی جاتی ہے۔

## ابنِ مسعود وابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَلَا يَزْدَادُ النَّاسُ عَلَى الدُّنْيَا إِلَّا حِرْصًا وَلَا يَزْدَادُوْنَ مِنَ اللّٰهِ إِلَّا بُعْدًا

(المستدرک ، للحاكم، رقم الحديث ٧٩١٧، كتاب الرقاق) [1]

---

[1] قال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه.

وقال الالبانی: قال الحاكم " : صحيح الإسناد ."وهو كما قال، أو قريب منه، فإن فی مخلد بن يزيد كلاما يسيرا .لكن وقع عنده "بشير بن زاذان "ولذلک تعقبه الذهبی بقوله " :قلت :هذا منكر . ، وبشير ضعفه الدارقطنی، واتهمه ابن الجوزی ."

قلت :وهذا غير بشير بن سلمان، هذا ضعيف، وذاک ثقة من رجال مسلم، وهو صاحب هذا الحديث كما وقع فی المصادر المذكورة، فلا تغتر بتعقب الذهبی المذكور ولا بمتابعة المناوی له بقوله عقبه " :فأنى له الصحة؟ ." !

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت قریب آ چکی ہے، اور لوگوں کی دنیا میں حرص زیادہ ہی ہوتی جائے گی،اور اللہ سے دوری زیادہ ہوتی جائے گی(حاکم)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

**لَيْسَ الْغِنٰى عَنْ كَثْرَةِ الْعَرَضِ، وَلٰكِنَّ الْغِنٰى غِنَى النَّفْسِ، وَاللّٰهِ مَا أَخْشٰى عَلَيْكُمُ الْفَقْرَ، وَلٰكِنْ أَخْشَى عَلَيْكُمُ التَّكَاثُرَ، وَمَا أَخْشٰى عَلَيْكُمُ الْخَطَأَ وَلٰكِنْ أَخْشٰى عَلَيْكُمُ الْعَمْدَ** (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ١٠٩٥٨) [1]

ترجمہ: مالداری سازوسامان کی کثرت سے نہیں ہوتی،اصل میں مالداری تو دل کی مالداری ہوتی ہے،اللہ کی قسم! مجھے تم پر فقروفاقہ کا خوف نہیں، بلکہ مجھے تم پر مال کی کثرت کا خوف ہے اور مجھے تم پر غلطی کا خوف نہیں، بلکہ مجھے تم پر جان بوجھ کر (گناہوں اور خاص کر مال کی محبت اور دوڑ میں ملوث ہونے کا) خوف ہے(مسند احمد)

اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

**سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: سَيُصِيْبُ أُمَّتِيْ دَاءُ الْأُمَمِ فَقَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَمَا دَاءُ الْأُمَمِ؟ قَالَ: الْأَشَرُ وَالْبَطَرُ وَالتَّكَاثُرُ وَالتَّنَاجُشُ فِي الدُّنْيَا وَالتَّبَاغُضُ وَالتَّحَاسُدُ حَتّٰى يَكُوْنَ**

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

"رواه الطبراني، وفيه محمد بن الحسن بن زبالة وهو متروك ."

قلت :طريق كريب سالم منه، فاقتضى التنبيه .وله شاهد من حديث عائشة مرفوعا مثله دون لفظة " بعد "ولكنه قدم (مريم) في الذكر .أخرجه الحاكم ( 3/185 و186) وسكت عنه، وقال الذهبي " :صحيح على شرط الشيخين ."وهو كما قال.(سلسلة الأحاديث الصحيحة،تحت رقم الحديث ١٥١٠)

[1] قال شعيب الارنؤوط:إسناده صحيح على شرط مسلم(حاشية مسند احمد)

الْبَغْيُ (مستدرک حاکم، رقم الحدیث ۷۳۱۱، کتاب البر والصلة) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ عنقریب میری امت میں دوسری امتوں کا مرض پہنچے گا، لوگوں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! وہ دوسری امتوں کا مرض کیا ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نعمت کی ناشکری، اوراتراہٹ اور مال کو کثرت سے جمع کرنا اور دنیا میں ایک دوسرے سے کینہ اور بغض اور حسد رکھنا، یہاں تک کہ ان میں بغاوت (اور قتل وغارت گری) پیدا ہوجائے گی (حاکم)

اس طرح کی حدیث ایک اور سند سے بھی مروی ہے۔ [2]

## ابنِ عباس، ابنِ زبیر، وانس رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: لَوْ كَانَ لِابْنِ آدَمَ وَادِيَانِ مِنْ مَالٍ لَابْتَغٰى ثَالِثًا، وَلَا يَمْلَأُ جَوْفَ ابْنِ آدَمَ إِلَّا التُّرَابُ، وَيَتُوْبُ اللّٰهُ عَلٰى مَنْ تَابَ (صحيح البخارى، رقم الحديث ٦٤٣٦، كتاب الرقاق، باب ما يتقى من فتنة المال)

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ اگر ابنِ آدم کے لئے مال کی دو وادیاں بھی ہوں، تو وہ یقیناً تیسری وادی کو تلاش کرے گا، اور

---

[1] قال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه.
وقال الذهبى فى التلخيص: صحيح.

[2] عن أبى سعيد الغفارى قال: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: سيصيب أمتى داء الأمم، قالوا: يا رسول الله، وما داء الأمم؟ قال: الأشر، والبطر، والتكاثر فى الدنيا، والتباغض، والتحاسد، حتى يكون البغى، ثم يكون الهرج (البدع والنهى عنها لابن الوضاح، رقم الحديث ٢٢٧، باب: فيما يدال الناس بعضهم من بعض والبقاع)

بنی آدم کا منہ مٹی کے علاوہ ہرگز کوئی دوسری چیز نہیں بھرتی، اور اللہ اس کی طرف متوجہ ہوتا ہے، جو اللہ کی طرف متوجہ ہو (پس اگر کوئی مال کے بجائے اللہ کی طرف متوجہ ہوگا، یا مال کی محبت سے توبہ کرے گا، تو اللہ اس کی طرف متوجہ ہوگا) (صحیح بخاری)

اور حضرت ابنِ زبیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: لَوْ أَنَّ ابْنَ آدَمَ أُعْطِيَ وَادِيًا مَلْئًا مِنْ ذَهَبٍ أَحَبَّ إِلَيْهِ ثَانِيًا، وَلَوْ أُعْطِيَ ثَانِيًا أَحَبَّ إِلَيْهِ ثَالِثًا، وَلَا يَسُدُّ جَوْفَ ابْنِ آدَمَ إِلَّا التُّرَابُ، وَيَتُوبُ اللّٰهُ عَلٰى مَنْ تَابَ

(صحيح البخاری، رقم الحديث ٦٤٣٨، كتاب الرقاق، باب ما يتقى من فتنة المال)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم یہ فرمایا کرتے تھے کہ اگر بلاشبہ ابنِ آدم کو سونے سے بھری ہوئی ایک وادی بھی دے دی جائے، تو وہ اپنے لئے دوسری وادی ہونے کی خواہش رکھے گا، اور اگر اس کو دوسری وادی، دے دی جائے، تو وہ اپنے لئے تیسری وادی کی خواہش رکھے گا، اور بنی آدم کا پیٹ مٹی کے علاوہ کوئی دوسری چیز نہیں بھرتی، اور اللہ اس کی طرف متوجہ ہوتا ہے، جو اللہ کی طرف متوجہ ہو (پس اگر کوئی مال کے بجائے اللہ کی طرف متوجہ ہوگا، یا مال کی محبت سے توبہ کرے گا، تو اللہ اس کی طرف متوجہ ہوگا) (صحیح بخاری)

اور حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْ أَنَّ لِابْنِ آدَمَ وَادِيًا مِنْ ذَهَبٍ أَحَبَّ أَنْ يَكُونَ لَهُ وَادِيَانِ، وَلَنْ يَمْلَأَ فَاهُ إِلَّا التُّرَابُ، وَيَتُوبُ اللّٰهُ عَلٰى مَنْ تَابَ (صحيح البخاری، رقم الحديث ٦٤٣٩، كتاب الرقاق، باب ما يتقى من فتنة المال)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر بلاشبہ ابنِ آدم کے لئے سونے

www.idaraghufran.org

کی ایک وادی بھی ہو، تو وہ اپنے لئے دو وادیاں ہونے کی خواہش رکھے گا، اور بنی آدم کا منہ مٹی کے علاوہ ہرگز کوئی دوسری چیز نہیں بھرتی، اور اللہ اس کی طرف متوجہ ہوتا ہے، جو اللہ کی طرف متوجہ ہو (پس اگر کوئی مال کے بجائے اللہ کی طرف متوجہ ہوگا، یا مال کی محبت سے توبہ کرے گا، تو اللہ اس کی طرف متوجہ ہوگا) (صحیح بخاری)

اور سنن ترمذی میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: لَوْ کَانَ لِابْنِ آدَمَ وَادِیَانِ مِنْ ذَھَبٍ لَأَحَبَّ أَنْ یَّکُوْنَ لَہٗ ثَالِثٌ، وَلَا یَمْلَأُ فَاہُ إِلَّا التُّرَابُ، وَیَتُوْبُ اللّٰہُ عَلٰی مَنْ تَابَ** (سنن الترمذی، رقم الحدیث ۲۳۳۷، ابواب الزھد، باب ما جاء لو کان لابن آدم وادیان من مال لابتغی ثالثا) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر انسان کے لئے سونے کی دو وادیاں بھی ہوں، تو اسے تیسری کی چاہت ہوگی، اور اس کا منہ صرف مٹی ہی بھر سکتی ہے، اور اللہ اس کی طرف متوجہ ہوتا ہے، جو اس کی طرف متوجہ ہو (ترمذی)

# انس وابوہریرہ رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: یَھْرَمُ ابْنُ آدَمَ وَتَشِبُّ مِنْہُ اثْنَتَانِ: اَلْحِرْصُ عَلَی الْمَالِ، وَالْحِرْصُ عَلَی الْعُمُرِ** (صحیح مسلم، رقم الحدیث ۱۰۴۷ "۱۱۵" کتاب الزکاۃ، باب کراھۃ الحرص علی الدنیا)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ابنِ آدم بوڑھا ہوتا جاتا ہے، مگر اس کی دو چیزیں جوان ہوتی رہتی ہیں، ایک مال کی حرص، اور دوسرے زندگی کی حرص (مسلم)

---

[1] قال الترمذی: وفی الباب عن أبی بن کعب، وأبی سعید، وعائشۃ، وابن الزبیر، وأبی واقد، وجابر، وابن عباس، وأبی ھریرۃ. ھذا حدیث حسن صحیح، غریب من ھذا الوجہ.

مطلب یہ ہے کہ انسان عمر کے اعتبار سے تو بوڑھا ہوتا جاتا ہے،مگر مال کی حرص اور عمر یعنی لمبی زندگی کی خواہش جوان ہوتی رہتی ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: قَلْبُ الشَّيْخِ شَابٌّ عَلٰى حُبِّ اثْنَتَيْنِ: طُوْلُ الْحَيَاةِ، وَحُبُّ الْمَالِ (صحيح مسلم، رقم الحديث ۱۰۴۶ "۱۱۴" كتاب الزكاة،باب كراهة الحرص على الدنيا)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بوڑھے آدمی کا دل دو چیزوں پر جوان رہتا ہے،ایک لمبی زندگی پر،اور دوسرے مال کی محبت پر (مسلم)

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اَلشَّيْخُ يَكْبَرُ وَيَضْعُفُ جِسْمُهُ، وَقَلْبُهُ شَابٌّ عَلٰى حُبِّ اثْنَتَيْنِ: طُوْلِ الْحَيَاةِ، وَحُبِّ الْمَالِ، قَالَ سُرَيْجٌ: حُبِّ الْحَيَاةِ، وَحُبِّ الْمَالِ (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ۸۴۷۲)[1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ انسان بوڑھا ہوتا رہتا ہے،اور اس کا جسم کمزور ہوتا رہتا ہے،لیکن اس کا دل دو چیزوں پر جوان رہتا ہے،ایک لمبی زندگی پر اور دوسرے مال کی محبت پر۔اور سریج (راوی) کی روایت میں ہے کہ زندگی کی محبت پر اور مال کی محبت پر (انسان کا دل جوان رہتا ہے) (مسند احمد)

## کعب بن مالک وابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره، وهذا إسناد حسن من أجل فليح بن سليمان، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين(حاشية مسند احمد)

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا ذِئْبَانِ جَائِعَانِ أُرْسِلَا فِيْ غَنَمٍ بِأَفْسَدَ لَهَا مِنْ حِرْصِ الْمَرْءِ عَلَى الْمَالِ، وَالشَّرَفِ لِدِيْنِهٖ (مسند احمد، رقم الحديث ۱۵۷۹۴) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دو بھوکے بھیڑیئے، جن کو بکریوں کے ریوڑ (گلہ اور جھنڈ) میں چھوڑ دیا جائے، اتنا فساد (اور تباہی) برپا نہیں کرتے، جتنا کہ انسان کا مال اور جاہ (یعنی منصب وعہدہ) کی حرص وہوس، اس کے دین میں فساد (اور تباہی) برپا کرتی ہے (مسند احمد)

اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا ذِئْبَانِ ضَارِيَانِ جَائِعَانِ فِيْ غَنَمٍ افْتَرَقَتْ، أَحَدُهُمَا فِيْ أَوَّلِهَا، وَالْآخَرُ فِيْ آخِرِهَا بِأَسْرَعَ فَسَادًا مِنِ امْرِءٍ فِيْ دِيْنِهٖ يُحِبُّ شَرَفَ الدُّنْيَا وَمَالَهَا (مسند ابی یعلیٰ، رقم الحديث ۶۴۴۹) [2]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دو بھوکے ضرر پہنچانے والے بھیڑیئے جو کسی بکریوں کے ریوڑ میں گھس کر فساد پیدا کریں، ایک اس ریوڑ کے شروع میں اور ایک ان کے آخر میں، ان سے زیادہ آدمی کے دین میں فساد دنیا کی عظمت اور مال کی محبت پہنچاتی ہے (مسند ابی یعلیٰ)

مطلب یہ ہے کہ دو بھوکے بھیڑیئے جو بکریوں کے ریوڑ میں چھوڑ دیئے جائیں، اتنی تباہی وہ بکریوں کے ریوڑ میں نہیں پھیلاتے، جتنی تباہی اور فساد انسان کے دین میں مال کی حرص اور اپنی عزت اور منصب بڑھانے کی محبت کرنا پھیلاتا ہے۔

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية مسند احمد)

[2] قال حسين سليم أسد الداراني: إسناده حسن (حاشية ابی يعلیٰ)

Idara Ghufran

# سورہ تکاثر اور بعض صحابہ رضی اللہ عنہم کی حدیث کا حوالہ

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے مال و دولت کے تکاثر پر سخت وعیدیں سنائی ہیں۔

چنانچہ سورہ تکاثر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

**اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ. حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ. كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ. ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ. كَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ الْيَقِيْنِ. لَتَرَوُنَّ الْجَحِيْمَ. ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ الْيَقِيْنِ. ثُمَّ لَتُسْئَلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيْمِ** (سورۃ التکاثر)

ترجمہ: غافل کر دیا تم کو تکاثر (یعنی مال کی بڑھوتری میں ایک دوسرے سے مقابلہ بازی اور آگے بڑھنے کی خواہش) نے، یہاں تک کہ زیارت کر لی تم نے قبروں کی، ہرگز نہیں، عنقریب جان لوگے تم، پھر ہرگز نہیں، عنقریب جان لوگے تم، کاش کہ اگر جان لیتے تم، علمِ یقین سے، ضرور بالضرور دیکھو گے تم آگ کو، پھر ضرور بالضرور دیکھو گے تم اس (آگ) کو عینِ یقین سے، پھر ضرور بالضرور سوال کیا جائے گا تم سے، اس دن نعمتوں کے بارے میں (سورہ تکاثر)

''الھاء'' کا لفظ ''لھو'' سے نکلا ہے، جو ایسی چیز کو کہا جاتا ہے کہ جو انسان کو با مقصد اور اہم چیز سے غافل کر دے، اور اہم چیز آخرت ہے، اسی وجہ سے قرآن مجید میں دنیا کو جگہ جگہ ''لہو ولعب'' بتلایا گیا ہے۔ [1]

---

[1] لهى: (اللهو: ما يشغل الإنسان عما يعنيه ويهمه. يقال: لهوت بكذا، ولهيت عن كذا: اشتغلت عنه بلهو) قال تعالى: إنما الحياة الدنيا لعب ولهو. وما هذه الحياة الدنيا إلا لهو ولعب، ويعبر عن كل ما به استمتاع باللهو. قال تعالى: ''لو أردنا أن نتخذ لهوا'' ومن قال: أراد باللهو المرأة والولد، فتخصيص لبعض ما هو من زينة الحياة الدنيا التى جعل لهوا ولعبا.

ويقال: ألهاه كذا. أى: شغله عما هو أهم إليه.

قال تعالى: ''ألهاكم التكاثر'' ''رجال لا تلهيهم تجارة ولا بيع عن ذكر الله'' وليس ذلك نهيا عن التجارة وكراهية لها، بل هو نهى عن التهافت فيها والاشتغال عن الصلوات والعبادات بها. ألا ترى إلى قوله: ''ليشهدوا منافع لهم'' ''ليس عليكم جناح أن تبتغوا فضلا من ربكم'' وقوله تعالى: ''لاهية قلوبهم'' أى: ساهية مشتغلة بما لا يعنيها، واللهوة: ما يشغل به الرحى مما يطرح فيه، وجمعها: لها، وسميت العطية لهوة تشبيها بها، واللهاة: اللحمة المشرفة على الحلق، وقيل: بل هو أقصى الفم (المفردات فى غريب القرآن للاصفهانى، ص٧٤٨، ٧٤٩، كتاب اللام، مادة ''لهى'')

اور تکاثر کے معنیٰ مال ودولت وغیرہ کی بہتات کی حرص اور اس پر فخر وتفاخر کرنا ہے، اور مال ودولت میں ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کی خواہش کرنا ہے۔ [1]

لہٰذا مال ودولت کا تکاثر آخرت سے غافل کرنے والا ہے، جس پر جہنم کی وعید سنائی گئی ہے۔

اور احادیث میں مال ودولت کے تکاثر کی طلب میں لگنے کو شیطان اور طاغوت کا راستہ قرار دیا گیا ہے۔

چنانچہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

بَيْنَمَا نَحْنُ جُلُوسٌ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ طَلَعَ عَلَيْنَا شَابٌّ مِنَ الثَّنِيَّةِ،فَلَمَّا رَأَيْنَاهُ بِأَبْصَارِنَا قُلْنَا:لَوْ أَنَّ هٰذَا الشَّابَّ جَعَلَ شَبَابَهُ وَنَشَاطَهُ وَقُوَّتَهُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ،قَالَ:فَسَمِعَ مَقَالَتَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،قَالَ:وَمَا سَبِيْلُ اللّٰهِ إِلَّا مَنْ قُتِلَ،مَنْ سَعٰى عَلٰى وَالِدَيْهِ فَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ،وَمَنْ سَعٰى عَلٰى عِيَالِهٖ فَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ،وَمَنْ سَعٰى عَلٰى نَفْسِهٖ لِيُعِفَّهَا فَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ،وَمَنْ سَعٰى عَلَى التَّكَاثُرِ فَهُوَ فِيْ سَبِيْلِ الشَّيْطَانِ (شعب الايمان للبيهقى، رقم الحديث ٩٨٩٢،الحادى والسبعون من شعب الإيمان وهو باب فى الزهد وقصر الأمل،ورقم الحديث ٩٨٣٨، المعجم الاوسط للطبرانى، رقم الحديث ٤٢١٤، مسند البزار، رقم الحديث ٩٨٧٩) [2]

---

[1] ألهاكم اى إلهكم فى اللهو وهو الباطل من الأمر وما لا يعيد فائدة معتبرة وشغلكم عن طاعة الله وما ينجيكم من سخطه التكاثر التباهى والتفاخر بكثرة المال والجاه والعدد(التفسير المظهرى، ج١٠ ص٣٣٣، سورة التكاثر)

[2] قال الهيثمى: رواه البزار والطبرانى فى الأوسط بنحوه وزاد " :ومن سعى على عياله ففى سبيل الله ."وفيه رباح بن عمر وثقه أبو حاتم وضعفه غيره، وبقية رجاله رجال الصحيح (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ١٣٤١٦ ، كتاب البر والصلة، باب منه فى البر)

وقال الالبانى: والحديث صحيح، فإن له شواهد كثيرة (سلسلة الأحاديث الصحيحة وشيء من فقهها وفوائدها، تحت رقم الحديث ٣٢٤٨)

وقال الشيخ أبو إسحاق الحوينى:فهذا الحديث جيد الاسناد ، وعليه الاعتماد (إسعاف اللبيث بفتاوى الحديث"الفتاوىٰ الحديثية" للحوينى، السفر الثالث، ص١٣ ،رقم الحديث ٢٥٧ ،تحت حديث"من سعى على والديه و امرأته وعياله فهو فى سبيل الله")

ترجمہ: اس دوران کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے کہ اچانک ہمارے سامنے راستہ سے ایک نوجوان ظاہر ہوا، پھر جب ہم نے اس کو اپنی آنکھوں سے دیکھا، تو ہم نے کہا کہ اگر یہ جوان اپنی جوانی اور اپنی چستی اور اپنی قوت کو اللہ عزوجل کے راستہ میں لگاتا، تو کیا ہی اچھا ہوتا؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہماری اس بات کو سن کر فرمایا کہ کیا اللہ کا راستہ صرف وہی ہے، جس میں انسان شہید ہوجائے؟ بلکہ جس نے اپنے والدین کے لئے سعی کی، تو وہ اللہ کے راستہ میں ہے، اور جس نے اپنے اہل وعیال کے لئے سعی کی، تو وہ اللہ کے راستہ میں ہے، اور جس نے اپنی ذات کے لئے سعی کی، تاکہ وہ پاک دامن رہے (دوسروں سے سوال کرنے، اور ناجائز طریقہ پر مال حاصل کرنے سے بچا رہے) تو وہ اللہ کے راستہ میں ہے، لیکن جس نے تکاثر (اور مال بڑھانے) کے لئے سعی کی، تو وہ طاغوت (یعنی شیطان) کے راستے میں ہے (بیہقی)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی اس حدیث کو اسحاق بن راہویہ نے بھی اپنی سند کے ساتھ روایت کیا ہے، جس کے آخر میں یہ الفاظ ہیں کہ:

"وَإِنْ كَانَ تَفَاخُرًا وَتَكَاثُرًا فَهُوَ فِي سَبِيلِ الطَّاغُوت"

"اور اگر تفاخر اور تکاثر کے لئے نکلا تو وہ طاغوت کے راستہ میں ہے"۔ [1]

اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی ہی طبرانی کی ایک روایت کے آخر میں یہ الفاظ ہیں کہ:

"وَمَنْ سَعٰى مُكَاثِرًا فَفِيْ سَبِيْلِ الطَّاغُوْتِ"

---

[1] أخبرنا المقرء ، نا حيوة بن شريح، عن سليمان بن كيسان، عن هارون بن راشد، عن أبى هريرة رضى الله عنه، عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: لما رجع من غزوة تبوك وراحلته بين يديه، وقد أرجفت إذ مر أعرابى بجمال سمان وهو يرتجز، فقال رجل: لو كان نشاط هذا وقوته فى سبيل الله، فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إن كان نشاطه وقوته ردا على أبويه ليعفهما ويكفهما فهو فى سبيل الله، وإن كان ردا على أهله وولده فهو فى سبيل الله، وإن كان تفاخرا وتكاثرا فهو فى سبيل الطاغوت (مسند اسحاق بن راهويه، ج ١ ص ٣٥٠، ٣٥١ ،ما يروى، عن أبى إدريس وغيره، عن أبى هريرة، عن رسول الله صلى الله عليه وسلم)

’’اور جس نے مال کی کثرت کے لئے سعی کی، تو وہ طاغوت کے راستہ میں ہے‘‘ [1]

اور حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلسَّاعِيُ عَلٰى وَالِدَيْهِ لِيَكُفَّهُمَا أَوْ يُغْنِيَهُمَا عَنِ النَّاسِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَمَنْ سَعٰى عَلٰى زَوْجٍ أَوْ وَلَدٍ لِيَكُفَّهُمْ وَيُغْنِيَهِمْ عَنِ النَّاسِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَالسَّاعِيُ عَلٰى نَفْسِهٖ لِيُغْنِيَهَا وَيَكُفَّهَا عَنَ النَّاسِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَالسَّاعِيُ مُكَاثَرَةً فِيْ سَبِيْلِ الشَّيْطَانِ (المعجم الاوسط، للطبرانی رقم الحديث ٨٦٣٠، باب الميم) [2]

---

[1] حدثنا عباس بن الفضل الأسفاطي قال: نا أحمد بن يونس قال: نا رباح بن عمرو القيسي قال: نا أيوب السختياني، عن محمد بن سيرين، عن أبي هريرة قال: بينا نحن مع رسول الله صلى الله عليه وسلم، إذ طلع علينا شاب من الثنية، فلما رميناه بأبصارنا، قلنا: لو أن ذا الشاب جعل نشاطه وشبابه وقوته في سبيل الله، فسمع مقالتنا رسول الله صلى الله عليه وسلم، فقال: وما سبيل الله إلا من قتل؟ من سعى على والديه ففي سبيل الله، ومن سعى على عياله ففي سبيل الله، ومن سعى مكاثرا ففي سبيل الطاغوت (المعجم الاوسط للطبرانی،رقم الحديث ٤٢١٤)

[2] قال الطبراني: لم يرو هذا الحديث عن عبد الكريم الجزري إلا إسحاق بن أسيد، تفرد به: الليث، ولا يروى عن أنس إلا بهذا الإسناد "

وقال الشيخ أبو إسحاق الحويني: قلت: وإسحاق بن أسيد – بفتح الهمزة – قال أبو حاتم: " شيخ ليس بالمشهور، لا يشتغل به"، وقال أبو أحمد الحاكم: " مجهول"، ولما ذكره ابن حبان في "الثقات (6/ 55) "قال:" كان يخطىء ."وضعف الهيثمي الحديث به في "مجمع الزوائد /4 (325).وعبد الله بن صالح كان كثير الغلط.

وعبد الكريم جزم الطبراني أنه الجزري، وهو ابن مالك، ذكر المزي في "تهذيب الكمال /18 (253)"أنه رأى أنس بن مالك، والظاهر أنه عبد الكريم بن رشيد، ويقال راشد، فقد ذكر المزي أنه يروى عن أنس، وعنه إسحاق بن أسيد، ونقل توثيقه عن ابن معين وابن حبان، ونقل ابن حجر توثيقه عن ابن نمير، وقال النسائي:" ليس به بأس ." (إسعاف اللبيث بفتاوى الحديث"الفتاویٰ الحديثية" للحويني، السفر الثالث، ص ١٢ ،رقم الحديث ٢٥٧ ،تحت حديث"من سعى على والديه و امرأته وعياله فهو في سبيل الله")

وقال الشيخ أبو إسحاق الحويني ايضاً:(من سعى على والديه وامرأته وعياله فهو، في سبيل الله، ومن سعى مكاثرةً فهو في سبيل الشيطان)ورد من حديث أنس، وأبي هريرة، وكعب بن عجرة - رضي الله عنهم ..هذا حديثٌ حسنٌ(المنيحة بسلسلة الأحاديث الصحيحة، ج ١،ص ١١٦ ، تحت رقم الحديث ٦٤"٣٠"أبواب :الأخلاق والآداب والاستئذان والمعاملات)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ والدین کے لئے سعی کرنے والا، تاکہ ان کو (ناجائز کمائی سے) روکے، یا لوگوں سے سوال کرنے سے مستغنی کرے، وہ اللہ کے راستہ میں ہے، اور جو بیوی، یا اولاد کو (ناجائز کمائی سے) روکنے، یا لوگوں سے سوال کرنے سے مستغنی کرنے کے لئے سعی کرے، تو وہ اللہ کے راستہ میں ہے، اور اپنے آپ کو (ناجائز کمائی) سے روکنے، یا لوگوں سے سوال کرنے سے مستغنی کرنے کے لئے سعی کرنے والا، اللہ کے راستہ میں ہے۔

اور تکاثر کے لئے سعی کرنے والا شیطان کے راستے میں ہے (طبرانی)

اور ابراہیم بن میسرہ سے مرسل طریقہ پر روایت ہے کہ:

أَنَّ أَعْرَابِيًّا طَلَعَ عَلٰى أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَعْجَبَهُمْ شَبَابُهُ، وَقُوَّتُهُ، وَنَشَاطُهُ، وَنَحْوُ هٰذَا، فَقَالُوْا: لَوْ كَانَ شَبَابُ هٰذَا، وَنَشَاطُهُ، وَقُوَّتُهُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَسَمِعَ ذٰلِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: أَوْ مَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ إِلَّا مَنْ قَاتَلَ، أَوْ قَالَ: غَزَا؟ مَنْ سَعٰى عَلٰى وَالِدَيْهِ لِيُعِفَّهُمَا فَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَمَنْ سَعٰى عَلٰى عِيَالِهِ يُعِفُّهُمْ فَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَمَنْ سَعٰى عَلٰى نَفْسِهِ لِيُعِفَّهَا فَهُوَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَمَنْ سَعٰى مُكَاثِرًا فَفِيْ سَبِيْلِ الشَّيْطَانِ (البر والصلة للحسين بن حرب، ص۸۳، رقم الحديث ۱۶۰ ،باب بر الوالدين والأبناء والنفقة عليهم والصدقة وأدبهم) [1]

ترجمہ: ایک دیہاتی آدمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کے سامنے ظاہر ہوا، جس کی جوانی، اور قوت اور چستی وغیرہ ان کو بہت اچھی محسوس ہوئی، تو انہوں

---

[1] قال الالبانی:

قلت: وهذا إسناد صحيح مرسل (سلسلة الأحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ۳۲۴۸)

نے کہا کہ اگر یہ جوانی، اور چستی اور قوت اللہ کے راستہ میں ہوتی، تو کیا ہی اچھا ہوتا، اس بات کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سن لیا، پھر آپ نے فرمایا کہ کیا صرف قتال، یا غزوہ کرنے والا ہی اللہ کے راستہ میں ہوتا ہے؟ جو والدین کے لئے سعی کرے، تاکہ ان کو لوگوں (سے سوال کرنے، اور ناجائز کمائی) سے روکے، تو وہ اللہ کے راستہ میں ہے، اور جو اپنے اہل وعیال کو (لوگوں سے سوال کرنے، اور ناجائز کمائی) سے روکنے کے لئے نکلے، تو وہ بھی اللہ کے راستہ میں ہے، اور جو اپنی ذات کو لوگوں (سے سوال کرنے، اور ناجائز کمائی) سے روکنے کے لئے نکلے، تو وہ بھی اللہ کے راستہ میں ہے، اور جو مال کو بڑھانے کے لئے نکلے تو وہ شیطان کے راستے میں ہے (البر والصلہ)

اور یہ ظاہر ہے کہ جو شیطان کا راستہ ہے، وہ صراطِ مستقیم والے راستہ سے ہٹا ہوا ہے۔

چنانچہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخَطَّ خَطًّا هٰكَذَا أَمَامَهُ، فَقَالَ: هٰذَا سَبِيلُ اللّٰهِ، وَخَطَّيْنِ عَنْ يَمِينِهِ، وَخَطَّيْنِ عَنْ شِمَالِهِ قَالَ: هٰذِهِ سَبِيلُ الشَّيْطَانِ، ثُمَّ وَضَعَ يَدَهُ فِي الْخَطِّ الْأَوْسَطِ، ثُمَّ تَلَا هٰذِهِ الْآيَةَ: "وَأَنَّ هٰذَا صِرَاطِي مُسْتَقِيمًا فَاتَّبِعُوهُ، وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ، فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَنْ سَبِيلِهِ ذٰلِكُمْ وَصَّاكُمْ بِهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ"** (مسند احمد، رقم الحديث ١٥٢٧٧)[1]

ترجمہ: ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے سامنے ایک سیدھا خط کھینچا، پھر فرمایا کہ یہ اللہ کا راستہ ہے، اور دو خط اس کے دائیں جانب اور دو خط بائیں جانب کھینچ کر فرمایا کہ یہ شیطان کا راستہ ہے،

[1] قال شعيب الارنؤوط: حسن لغيره (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

پھر اپنا ہاتھ مبارک درمیان والے خط پر رکھا، پھر یہ آیت تلاوت فرمائی کہ:

’’وَأَنَّ هٰذَا صِرَاطِيْ مُسْتَقِيْمًا فَاتَّبِعُوْهُ، وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ، فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَنْ سَبِيْلِهٖ ذٰلِكُمْ وَصَّاكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ‘‘

’’اور بلاشبہ یہ میرا سیدھا راستہ ہے، تو تم اس کی اتباع کرو، اور تم دوسرے راستوں کی اتباع نہ کرو، جو تمہیں اس میرے سیدھے راستہ سے جدا کردے گا، یہ تمہیں وصیت ہے، تاکہ تم تقویٰ اختیار کرو‘‘ (مسند احمد)

مذکورہ تفصیل سے معلوم ہوا کہ اپنی ذات اور اپنے بیوی بچوں اور والدین کی ضروریات کے لئے مال حاصل کرنے کے لئے نکلنا، اللہ کے راستہ میں داخل ہے، جس پر اجر وثواب حاصل ہوتا ہے، اور حرص وطمع، فخر وتفاخر اور ریاء کاری کے لئے مال حاصل کرنے کے لئے نکلنا شیطان کے راستہ میں داخل ہے، جس پر سخت وعید آئی ہے۔

## ابنِ مسعود وابوسعید خدری رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَحْنُ الْآخِرُوْنَ وَالْأَوَّلُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَإِنَّ الْأَكْثَرِيْنَ هُمُ الْأَسْفَلُوْنَ، إِلَّا مَنْ قَالَ هٰكَذَا وَهٰكَذَا عَنْ يَمِيْنِهٖ وَعَنْ يَسَارِهٖ وَمِنْ خَلْفِهٖ وَبَيْنَ يَدَيْهِ وَيَحْثٰى بِثَوْبِهٖ (صحيح ابنِ حبان، رقم الحديث ٣٢١٧، كتاب الزكاة، باب جمع المال من حله وما يتعلق بذلك) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہم (دوسری امتوں کے مقابلہ میں) بعد میں آنے والے، اور قیامت کے دن اول رہنے والے لوگ ہیں، اور زیادہ مال والے نیچے رہ جانے والے ہوں گے، مگر جو شخص مال کو اس طرف، اور

[1] قال شعيب الارنؤوط: رجاله ثقات رجال الصحيح (حاشية صحيح ابنِ حبان)

اس طرف، یعنی اپنے دائیں، اور اپنے بائیں، اور اپنے پیچھے، اور اپنے سامنے (خالص اللہ کی رضا کی خاطر اور اللہ کی رضا والے مختلف کاموں میں) خرچ کرے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے کپڑے کو پھیلا کر اشارہ کیا (یعنی سمجھانے کے لئے کپڑے کو پھیلا دیا، تاکہ سب طرف کے کاموں میں خرچ کرنے کی بات سمجھ آجائے) (ابنِ حبان)

اس کی توضیح وتشریح آگے آتی ہے۔

اور ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلَكَ الْمُثْرُوْنَ، قَالُوْا: إِلَّا مَنْ؟ قَالَ: هَلَكَ الْمُثْرُوْنَ، قَالُوْا: إِلَّا مَنْ؟ قَالَ: هَلَكَ الْمُثْرُوْنَ، قَالُوْا: إِلَّا مَنْ؟ قَالَ: حَتّٰى خِفْنَا أَنْ يَّكُوْنَ قَدْ وَجَبَتْ، فَقَالَ: إِلَّا مَنْ قَالَ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا، وَقَلِيْلٌ مَا هُمْ (مسند احمد، رقم الحديث ۱۱۲۵۹) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہلاک ہوگئے، زیادہ مال والے، لوگوں نے کہا، مگر وہ؟ (یعنی ہلاکت سے بچنے والا کون سا مالدار ہے، وہ بھی بتلا دیجیے) پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہی فرمایا کہ ہلاک ہوگئے، زیادہ مال والے، لوگوں نے کہا، مگر وہ؟ (یعنی ہلاکت سے بچنے والا کون سا مالدار ہے، وہ بھی بتلا دیجیے) پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہی فرمایا کہ ہلاک ہوگئے، زیادہ مال والے، لوگوں نے کہا، مگر وہ؟ (یعنی ہلاکت سے بچنے والا کون سا مالدار ہے، وہ بھی بتلا دیجیے) ابوسعید کہتے ہیں کہ یہاں تک کہ ہمیں خوف ہوگیا کہ زیادہ مال والوں پر ہلاکت ثابت ہوچکی۔

اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مگر وہ شخص جو اس طرح اور اس

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح لغيره (حاشية مسند احمد)

طرح اور اس طرح مال کو (اللہ کی رضا کی خاطر اللہ کی رضا والے کاموں میں) خرچ کرے،اور ایسے کم لوگ ہی ہیں (مسنداحمد)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے تین مرتبہ مال والوں کی ہلاکت کا ہی ذکر کیا، پھر چوتھی مرتبہ ہلاکت سے بچنے والوں کا ذکر کیا، کیونکہ ہلاکت سے بچنے والے مالدار کم لوگ ہیں، جو اللہ کی رضا کی خاطراور اللہ کی رضاوالے مختلف قسم کے کاموں میں خوب خرچ کریں۔

اورابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ قَالَ: وَيْلٌ لِلْمُكْثِرِيْنَ، إِلَّا مَنْ قَالَ بِالْمَالِ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا ،أَرْبَعٌ: عَنْ يَمِيْنِهٖ، وَعَنْ شِمَالِهٖ، وَمِنْ قُدَّامِهٖ، وَمِنْ وَّرَائِهٖ (سنن ابن ماجه،رقم الحديث ۴۱۲۹،ابواب الزهد، باب في المكثرين) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ”ویل“ (خرابی وہلاکت) ہے، زیادہ مال والوں کے لئے، مگر جو شخص مال کو اس طرف ، اور اس طرف اور اس طرف اور اس طرف خرچ کرے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہتے ہوئے دائیں اور بائیں اور آگے اور پیچھے اشارہ کیا (ابنِ ماجہ)

ویل سے مراد دردناک اور خطرناک عذاب ہے، اور مطلب یہ ہے کہ زیادہ مال والوں کا حرام ذرائع ، ناپ ،تول میں کمی، غلط بیانی، جھوٹ ، اور جعلی ومصنوعی چیزوں، رشوت، ناجائز منافع خوری، سود وغیرہ سے بچنا بہت مشکل ہے، خاص طور پر موجودہ زمانہ میں، اور اگر کوئی ان چیزوں سے بچ بھی گیا، تو ناجائز کاموں میں خرچ کرنے سے بچنا، بہت مشکل ہے، اور ایسی حالت میں عذاب کا ہونا ظاہر ہے۔

اور اس عذاب سے بچنے کا طریقہ، حلال طریقہ سے کما کر، اس میں سے اللہ کی رضا والے

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره (حاشية سنن ابن ماجه)

مختلف کاموں میں بکثرت خرچ کرنا ہے، اور ایسے مالدار تعداد میں کم ہیں، جیسا کہ دوسری احادیث میں وضاحت کردی گئی ہے۔

## ابو ہریرہ وابوذر رضی اللہ عنہما کی احادیث

خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ نَخْلِ الْمَدِيْنَةِ فَقَالَ: يَا أَبَا هُرَيْرَةَ ، أَوْ يَا أَبَا هِرٍّ ، هَلَكَ الْمُكْثِرُوْنَ، إِنَّ الْمُكْثِرِيْنَ الْأَقَلُّوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، إِلَّا مَنْ قَالَ بِالْمَالِ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا ، وَقَلِيْلٌ مَا هُمْ، يَا أَبَا هُرَيْرَةَ. أَلَا أَدُلُّكَ عَلٰى كَنْزٍ مِنْ كُنُوْزِ الْجَنَّةِ؟ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ، وَلَا مَلْجَأً مِنَ اللّٰهِ إِلَّا إِلَيْهِ (مسند احمد، رقم الحديث ۱۰۷۹۵) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ کے ایک باغ میں تشریف لے گئے، پھر فرمایا کہ اے ابو ہریرہ، یا ابو ہر! زیادہ مال والے، ہلاک ہوگئے، بے شک زیادہ مال والے، قیامت کے دن، تھوڑے درجات والے ہوں گے، سوائے اس شخص کے جو مال کو اس طرف، اور اس طرف، اور اس طرف (یعنی دائیں، بائیں، آگے، پیچھے اللہ کی رضا کی خاطر اللہ کی رضا والے کاموں میں) خرچ کرے، اور اے ابو ہریرہ! ایسے لوگ بہت کم ہیں۔

کیا میں تمہیں جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ کا نہ بتادوں؟ وہ یہ کلمات ہیں:

”لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ، وَلَا مَلْجَأً مِنَ اللّٰهِ إِلَّا إِلَيْهِ“

(مسند احمد)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْأَكْثَرُوْنَ هُمُ الْأَسْفَلُوْنَ، إِلَّا

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

مَـنْ قَـالَ هٰـكَـذَا وَهٰـكَذَا وَهٰكَذَا ثَـلَاثًا (سنن ابن مـاجـه،رقم الحديث ۴۱۳۱،ابواب الزهد، باب فی المكثرين) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ زیادہ مال والے، قیامت کے دن نیچے ہوں گے، سوائے اس شخص کے جو مال کو اس طرف، اور اس طرف، اور اس طرف (یعنی دائیں، بائیں، اور آگے پیچھے، اللہ کی رضا میں) خرچ کرے، یہ بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ ارشاد فرمائی (ابنِ ماجہ)

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی ایک روایت میں ہے کہ:

عَـنِ الـنَّبِـيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلْمُكْثِرُوْنَ هُمُ الْأَسْفَلُوْنَ، إِلَّا مَـنْ قَـالَ بِـالْـمَـالِ: هٰـكَـذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا، أَمَامَهُ، وَعَنْ يَّمِيْنِهٖ، وَعَنْ شِمَالِهٖ، وَخَلْفَهُ (مسند احمد،رقم الحديث ۹۵۲۶) [2]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ زیادہ مال والے ہی قیامت کے دن نیچے ہوں گے، سوائے اس شخص کے جو مال کو اس طرف ، اور اس طرف، اور اس طرف، یعنی اپنے سامنے، اور اپنے دائیں، اور اپنے بائیں، اور اپنے پیچھے (اللہ کی رضا میں) خرچ کرے (مسند احمد)

اور صحیح بخاری میں حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

اِنْتَهَيْتُ إِلَيْهِ وَهُوَ فِيْ ظِلِّ الْكَعْبَةِ، يَقُوْلُ: هُمُ الْأَخْسَرُوْنَ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ، هُمُ الْأَخْسَرُوْنَ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ قُلْتُ: مَا شَأْنِيْ أَيُرٰى فِيَّ شَيْءٌ مَا شَأْنِيْ؟ فَجَلَسْتُ إِلَيْهِ وَهُوَ يَقُوْلُ، فَمَا اسْتَطَعْتُ أَنْ أَسْكُتَ، وَتَغَشَّانِيْ مَا شَاءَ اللّٰهُ، فَقُلْتُ: مَنْ هُمْ بِأَبِيْ أَنْتَ وَأُمِّيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح، وهذا إسناد قوى من أجل محمّد بن عجلان، وقد توبع (حاشية سنن ابن ماجه)

[2] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية مسند احمد)

قَالَ: اَ لْأَكْثَرُوْنَ أَمْوَالًا، إِلَّا مَنْ قَالَ هٰكَذَا، وَهٰكَذَا، وَهٰكَذَا (صحيح البخاري، رقم الحديث ٦٦٣٨، كتاب الأيمان والنذور، باب: كيف كانت يمين النبي صلى الله عليه وسلم)

ترجمہ: میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب ہوا، اور آپ کعبہ کے سایہ میں کھڑے ہوکر یہ فرمارہے تھے کہ ”ربِ کعبہ کی قسم! وہی لوگ خسارہ پانے (اور نقصان اٹھانے) والے ہیں، ربِ کعبہ کی قسم! وہی لوگ خسارہ پانے (اور نقصان اٹھانے) والے ہیں“ میں نے کہا کہ میرے بارے میں فرمارہے ہیں، شاید میرے بارے میں کوئی بات دیکھی گئی ہو، پھر میں آپ کے قریب بیٹھ گیا، اور آپ وہی بات فرمارہے تھے، اور مجھے ہمت نہیں تھی کہ آپ کو خاموش کرسکوں، اور مجھ پر اللہ نے جس طرح چاہا، کچھ غشی سی طاری ہوگئی، تو میں نے عرض کیا کہ میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں اے اللہ کے رسول! وہ خسارہ اور نقصان اٹھانے والے کون لوگ ہیں؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ زیادہ مال والے لوگ ہیں، سوائے اس شخص کے جو مال کو اس طرح، اور اس طرح، اور اس طرح (یعنی دائیں، بائیں، آگے، پیچھے، اللہ کی رضا کی خاطر اور اللہ کی رضا والے مختلف کاموں میں مال کو) خرچ کرے (صحیح بخاری)

اور سنن ابنِ ماجہ میں حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَ لْأَكْثَرُوْنَ هُمُ الْأَسْفَلُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، إِلَّا مَنْ قَالَ بِالْمَالِ هٰكَذَا وَهٰكَذَا، وَكَسَبَهُ مِنْ طَيِّبٍ (سنن ابن ماجه، رقم الحديث ٤١٣٠، ابواب الزهد، باب في المكثرين) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ زیادہ مال والے، قیامت کے دن

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية سنن ابن ماجه)

نیچے ہوں گے،سوائے اس شخص کے جو مال کو اس طرف ، اور اس طرف (یعنی دائیں، بائیں، اللہ کی رضا میں) خرچ کرے اور اس کو پاکیزہ (یعنی حلال) طریقہ پر کمائے بھی (ابنِ ماجہ)

اور ابوذر رضی اللہ عنہ سے ہی مسند احمد میں روایت ہے کہ:

قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: اَ لْأَکْثَرُوْنَ ھُمُ الْأَسْفَلُوْنَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ، إِلَّا مَنْ قَالَ بِالْمَالِ ھٰکَذَا وَھٰکَذَا، وَھٰکَذَا وَھٰکَذَا، وَقَلِیْلٌ مَّا ھُمْ (مسند احمد،رقم الحدیث ۲۱۳۹۹) [1]

ترجمہ: مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ زیادہ مال والے ہی قیامت کے دن نیچے ہوں گے،سوائے اس شخص کے جو مال کو اس طرف ، اور اس طرف، اور اس طرف ، اور اس طرف (یعنی سامنے، اور دائیں، اور بائیں، اور پیچھے، اللہ کی رضا میں) خرچ کرے، اور ایسے لوگ بہت کم ہیں (مسند احمد)

جب ایسے مالدار، یعنی حلال طریقہ سے کما کر اللہ کے راستہ میں خرچ کرنے والے بہت کم ہیں، تو پھر زیادہ مال والے لوگ آخرت میں نیچے درجہ میں ہوں گے۔

اور مالدار لوگ جتنا وقت مال کے حاصل کرنے اور اس کو سنبھالنے میں لگاتے ہیں، غریب لوگ اس کے بجائے دوسرے خیر کے کام کرکے بلند درجات کو حاصل کرسکتے ہیں۔

چنانچہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

قُلْتُ: یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ، ذَھَبَ الْأَغْنِیَاءُ بِالْأَجْرِ، یُصَلُّوْنَ وَیَصُوْمُوْنَ وَیَحُجُّوْنَ قَالَ: وَأَنْتُمْ تُصَلُّوْنَ وَتَصُوْمُوْنَ وَتَحُجُّوْنَ ،قُلْتُ: یَتَصَدَّقُوْنَ وَلَا نَتَصَدَّقُ ،قَالَ: وَأَنْتَ فِیْکَ صَدَقَۃٌ: رَفْعُکَ الْعَظْمَ عَنِ الطَّرِیْقِ صَدَقَۃٌ، وَھِدَایَتُکَ الطَّرِیْقَ صَدَقَۃٌ، وَعَوْنُکَ الضَّعِیْفَ بِفَضْلِ

[1] قال شعیب الارنؤوط: إسنادہ صحیح علی شرط الشیخین(حاشیۃ مسند احمد)

www.idaraghufran.org

قُوَّتِکَ صَدَقَةٌ، وَبَيَانُکَ عَنِ الْأَرْتَمِ صَدَقَةٌ، وَمُبَاضَعَتُکَ امْرَأَتَکَ صَدَقَةٌ ،قَالَ:قُلْتُ:يَا رَسُولَ اللّٰهِ، نَأْتِي شَهْوَتَنَا وَنُؤْجَرُ؟ قَالَ:أَرَأَيْتَ لَوْ جَعَلْتَهُ فِي حَرَامٍ، أَكُنْتَ تَأْثَمُ؟قَالَ:قُلْتُ:نَعَمْ،قَالَ:فَتَحْتَسِبُونَ بِالشَّرِّ وَلَا تَحْتَسِبُونَ بِالْخَيْرِ (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ٢١٣٦٣) [1]

ترجمہ: میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! سارا اجروثواب تو مالدار لوگ لے گئے کہ وہ نماز پڑھتے ہیں، وہ روزہ رکھتے ہیں اور حج کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم بھی تو نماز پڑھتے ہو، روزہ رکھتے ہو، اور حج کرتے ہو، میں نے عرض کیا کہ وہ صدقہ خیرات کرتے ہیں، لیکن ہم صدقہ خیرات نہیں کرسکتے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ صدقہ تو تم بھی کرسکتے ہو، تمہارا راستے سے کسی ہڈی کو اٹھا دینا صدقہ ہے، اور تمہارا کسی کو صحیح راستہ بتا دینا صدقہ ہے، اور تمہارا اپنی طاقت سے کسی کمزور کی مدد کرنا صدقہ ہے، اور تمہارا زبان میں لکنت والے آدمی کے کلام کی وضاحت کردینا صدقہ ہے، اور تمہارا اپنی بیوی سے مباشرت کرنا بھی صدقہ ہے، میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! ہمیں اپنی خواہش پوری کرنے پر بھی ثواب ملتا ہے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ بتاؤ کہ اگر یہ کام تم حرام طریقے سے کرتے، تو تمہیں گناہ ہوتا یا نہیں؟ میں نے عرض کیا کہ جی ہاں! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم گناہ کو شمار کرتے ہو، مگر نیکی کو شمار نہیں کرتے (مسند احمد)

## محمود بن لبید رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت محمود بن لبید رضی اللہ عنہ روایت ہے کہ:

[1] قال شعيب الارنؤوط:حديث صحيح (حاشية مسند احمد)

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِثْنَتَانِ يَكْرَهُهُمَا ابْنُ آدَمَ: اَلْمَوْتُ، وَالْمَوْتُ خَيْرٌ لِلْمُؤْمِنِ مِنَ الْفِتْنَةِ، وَيَكْرَهُ قِلَّةَ الْمَالِ، وَقِلَّةُ الْمَالِ أَقَلُّ لِلْحِسَابِ (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ٢٣٦٢٥) ؎1

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دو چیزوں کو ابنِ آدم، ناپسند کرتا ہے، ایک موت کو، حالانکہ موت، مومن کے لئے فتنہ سے بہتر ہے، اور دوسرے وہ مال کے کم ہونے کو ناپسند کرتا ہے، حالانکہ مال کا کم ہونا، حسابِ قیامت کے کم ہونے کا ذریعہ ہے (مسند احمد)

## ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَزُوْلُ قَدَمَا عَبْدٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَتّٰى يُسْأَلَ عَنْ عُمُرِهِ فِيمَا أَفْنَاهُ، وَعَنْ عِلْمِهِ فِيمَ فَعَلَ، وَعَنْ مَالِهِ مِنْ أَيْنَ اكْتَسَبَهُ وَفِيمَ أَنْفَقَهُ، وَعَنْ جِسْمِهِ فِيمَ أَبْلَاهُ (سنن الترمذى، رقم الحديث ٢٤١٧، أبواب صفة القيامة والرقائق والورع، باب فى القيامة) ؎2

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے دن (رب تعالیٰ کے سامنے سے) کسی بندہ کے قدم اس وقت تک نہیں ٹلیں گے، جب تک اس سے یہ سوال نہ کرلیا جائے کہ اس نے اپنی عمر کو کن چیزوں میں فنا کیا، اور اس نے اپنا علم کن کاموں میں خرچ کیا، اور اس نے مال کہاں سے کمایا اور کن چیزوں میں خرچ کیا، اور اس نے اپنے جسم کو کن چیزوں میں بوسیدہ کیا (ترمذی)

---

؎1 قال شعيب الارنؤوط: إسناده جيد (حاشية مسند احمد)

؎2 قال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح. وسعيد بن عبد الله بن جريج هو بصرى، وهو مولى أبى برزة، وأبو برزة اسمه نضلة بن عبيد.

نیک مالدار مومن صرف حلال طریقہ سے مال کمانے اور حلال جگہ خرچ کرنے کے حساب وکتاب میں الجھے رہنے کی وجہ سے جنت میں نیک، غیر مالدار مومنوں سے بہت بعد جنت میں داخل ہوں گے۔

## اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کی حدیث

چنانچہ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قُمْتُ عَلٰى بَابِ الْجَنَّةِ، فَكَانَ عَامَّةَ مَنْ دَخَلَهَا الْمَسَاكِيْنُ، وَأَصْحَابُ الْجَدِّ مَحْبُوْسُوْنَ، غَيْرَ أَنَّ أَصْحَابَ النَّارِ قَدْ أُمِرَ بِهِمْ إِلَى النَّارِ، وَقُمْتُ عَلٰى بَابُ النَّارِ فَإِذَا عَامَّةُ مَنْ دَخَلَهَا النِّسَاءُ (صحيح البخارى، رقم الحديث ٥١٩٦، كتاب النكاح، باب بلا ترجمة بعد باب: لا تأذن المرأة فى بيت زوجها لأحد إلا بإذنه)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں جنت کے دروازے پر کھڑا ہوا، تو اس میں اکثر وبیشتر داخل ہونے والے مساکین (وفقراء) تھے، اور دنیا میں کھپنے والے لوگوں کو روک کر رکھا گیا تھا، سوائے اس کے کہ جہنمیوں کو جہنم کی طرف لے جانے کا حکم دیا گیا تھا، اور میں جہنم کے دروازے پر کھڑا ہوا، تو اس میں اکثر وبیشتر داخل ہونے والی عورتیں تھیں (بخاری)

اور صحیح مسلم میں حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُمْتُ عَلٰى بَابِ الْجَنَّةِ، فَإِذَا عَامَّةُ مَنْ دَخَلَهَا الْمَسَاكِيْنُ، وَإِذَا أَصْحَابُ الْجَدِّ مَحْبُوْسُوْنَ، إِلَّا أَصْحَابَ النَّارِ، فَقَدْ أُمِرَ بِهِمْ إِلَى النَّارِ، وَقُمْتُ عَلٰى بَابِ النَّارِ، فَإِذَا عَامَّةُ مَنْ دَخَلَهَا النِّسَاءُ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٧٣٦ ”٩٣“ كتاب الرقاق، باب أكثر أهل الجنة الفقراء، وأكثر أهل النار النساء .وبيان الفتنة بالنساء)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں جنت کے دروازے پر کھڑا ہوا، تو اس میں اکثر وبیشتر داخل ہونے والے مساکین تھے، اور دنیا میں کھپنے والے لوگوں کو روک کر رکھا گیا تھا، مگر جہنمیوں کو جہنم کی طرف لے جانے کا حکم دیا گیا تھا، اور میں جہنم کے دروازے پر کھڑا ہوا، تو اس میں اکثر وبیشتر داخل ہونے والی عورتیں تھیں (مسلم)

روک کر رکھے جانے والوں سے مراد وہ لوگ ہیں، جنہوں نے اپنے آپ کو مال کمانے میں کھپایا، ایسے لوگوں کا حساب وکتاب لمبا ہونے کی وجہ سے روک کر رکھا گیا تھا۔

## انس، ابوہریرہ، ابوسعید، ابنِ عمر رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَللّٰهُمَّ أَحْيِنِى مِسْكِينًا وَأَمِتْنِى مِسْكِينًا وَاحْشُرْنِى فِى زُمْرَةِ الْمَسَاكِينِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ: لِمَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: إِنَّهُمْ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ قَبْلَ أَغْنِيَائِهِمْ بِأَرْبَعِينَ خَرِيفًا، يَا عَائِشَةُ لَا تَرُدِّى الْمِسْكِينَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ، يَا عَائِشَةُ أَحِبِّى الْمَسَاكِينَ وَقَرِّبِيهِمْ فَإِنَّ اللّٰهَ يُقَرِّبُكِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ (سنن الترمذی، رقم الحديث ٢٣٥٢، ابواب الزهد، باب ما جاء أن فقراء المهاجرين يدخلون الجنة قبل أغنيائهم) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ دعاء کی کہ اے اللہ! مجھے مسکین ہونے کی حالت میں زندہ رکھنا اور مجھے مسکین ہونے کی حالت میں وفات دینا اور مجھے مساکین کے گروہ میں قیامت کے دن اٹھانا، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض

[1] قال الترمذی: هذا حديث حسن.

کیا کہ کیوں اے اللہ کے رسول! اس کے جواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس لئے کہ یہ (مساکین) اغنیاء (ومالداروں) سے چالیس سال پہلے جنت میں داخل ہوں گے، اے عائشہ کبھی کسی مسکین کو واپس نہ لوٹاؤ اگرچہ آدھی کھجور ہی کیوں نہ دو، اے عائشہ! مسکینوں سے محبت کرو اور انہیں اپنے قریب کرو، اس لئے کہ اس سے اللہ تمہیں قیامت کے دن اپنا قرب نصیب کرے گا

(ترمذی)

دوسری احادیث میں مساکین کے پانچ سو سال پہلے جنت میں جانے کا ذکر ہے، یہ اختلاف مالداروں کے مختلف نوعیت کا ہونے کی وجہ سے واقع ہوگا۔

اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَدْخُلُ فُقَرَاءُ الْمُؤْمِنِيْنَ الْجَنَّةَ قَبْلَ الْأَغْنِيَاءِ بِنِصْفِ يَوْمٍ، خَمْسِ مِئَةِ عَامٍ (سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ۴۱۲۲، ابواب الزهد، باب منزلة الفقراء) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مومنوں کے فقراء، جنت میں مالداروں سے (قیامت کے) آدھا دن پہلے، یعنی پانچ سو سال پہلے داخل ہوجائیں گے (ابنِ ماجہ)

اور حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ فُقَرَاءَ الْمُسْلِمِيْنَ أَوِ الْمُهَاجِرِيْنَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ قَبْلَ أَغْنِيَائِهِمْ، بِمِقْدَارِ خَمْسِ مِئَةِ سَنَةٍ

(سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ۴۱۲۳، ابواب الزهد، باب منزلة الفقراء) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ فقرائے مسلمین، یا فقرائے مہاجرین،

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح، وهذا إسناد حسن (حاشية سنن ابنِ ماجه)

[2] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره (حاشية سنن ابنِ ماجه)

جنت میں ان کے مالداروں سے پانچ سو سال پہلے داخل ہوجائیں گے (ابنِ ماجہ)

اور حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**اِشْتَکٰی فُقَرَاءُ الْمُهَاجِرِيْنَ إِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا فَضَّلَ اللّٰهُ بِهٖ عَلَيْهِمْ أَغْنِيَاءَ هُمْ، فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ الْفُقَرَاءِ، أَلَا أُبَشِّرُكُمْ، إِنَّ فُقَرَاءَ الْمُؤْمِنِيْنَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ قَبْلَ أَغْنِيَائِهِمْ بِنِصْفِ يَوْمٍ، خَمْسِ مِئَةِ عَامٍ، ثُمَّ تَلَا مُوْسٰی هٰذِهِ الْآيَةَ: "وَإِنَّ يَوْمًا عِنْدَ رَبِّکَ كَأَلْفِ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ"** (سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ۴۱۲۴، ابواب الزهد، باب منزلة الفقراء) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فقرائے مہاجرین نے اپنے مقابلہ میں مالدارلوگوں پر جواللہ نے فضل کیا، اس کی شکایت کی، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے فقراء کے گروہ! بے شک فقرائے مومنین، جنت میں اپنے مالداروں سے (قیامت کے) آدھے دن، یعنی پانچ سو سال پہلے داخل ہوجائیں گے، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سورہ سجدہ کی یہ آیت تلاوت فرمائی کہ:

**"وَإِنَّ يَوْمًا عِنْدَ رَبِّکَ كَأَلْفِ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ"**

اور بے شک دن آپ کے رب کے نزدیک ان ہزار سالوں کی طرح کا ہوگا، جن میں سے تم شمار کرتے ہو (یعنی قیامت کا دن، دنیا کے دنوں کے حساب سے ایک ہزار سال کے برابر ہوگا) (ابنِ ماجہ)

سورہ سجدہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

**يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗ أَلْفَ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ** (سورة الٓمّٓ السجدة، رقم الآية ۵)

ترجمہ: اس دن کی مقدار تمہارے شمار کردہ دنوں کے حساب سے ایک ہزار سال کے برابر ہے (سورہ الٓمّٓ السجدة)

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره (حاشية سنن ابنِ ماجه)

www.idaraghufran.org

اس آیت میں قیامت کے دن کی مقدار دنیا کے ایک ہزار سال کے برابر بیان کی گئی ہے۔

اور بعض آیات میں قیامت کے دن کی مقدار پچاس ہزار سال کے برابر بیان کی گئی ہے۔

چنانچہ قرآن مجید کی سورہ معارج میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهُ خَمْسِيْنَ أَلْفَ سَنَةٍ (سورة المعارج، رقم الآية ۴)

ترجمہ: اس دن کی مقدار پچاس ہزار سال کی ہوگی (سورہ معارج)

قیامت کے دن کی مختلف بیان کردہ مقداروں میں باہم کوئی ٹکراؤ نہیں، کیونکہ قیامت کے دن کا لمبا اور مختصر ہونا ہر شخص کے عمل کے اعتبار سے ہوگا، نیک لوگوں کے حق میں یہ دن مختصر ہوگا، اور بددینوں کے حق میں اپنے اپنے عمل کے حساب سے طویل اور لمبا ہوگا۔

اور احادیث سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ مومن اور کافر کے کھانے کی مقدار میں بھی کم، اور زیادہ کا فرق ہوتا ہے۔

## ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت نافع سے روایت ہے کہ:

كَانَ ابْنُ عُمَرَ، لَا يَأْكُلُ حَتّٰى يُؤْتٰى بِمِسْكِيْنٍ يَأْكُلُ مَعَهُ، فَأَدْخَلْتُ رَجُلًا يَأْكُلُ مَعَهُ فَأَكَلَ كَثِيْرًا، فَقَالَ: يَا نَافِعُ، لَا تُدْخِلْ هٰذَا عَلَيَّ، سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اَلْمُؤْمِنُ يَأْكُلُ فِيْ مِعًى وَاحِدٍ، وَالْكَافِرُ يَأْكُلُ فِيْ سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ (صحيح البخاری، رقم الحديث ۵۳۹۳، كتاب الأطعمة، باب: المؤمن يأكل فی معی واحد)

ترجمہ: ابنِ عمر رضی اللہ عنہ، اس وقت تک کھانا نہیں کھاتے تھے، جب تک کوئی مسکین نہیں آجاتا تھا، جس کے ساتھ وہ کھانا کھائیں۔

پس ایک مرتبہ میں نے ایک آدمی کو آپ کے پاس کھانا کھانے کے لئے بلایا،

جس نے بہت زیادہ کھانا کھایا، تو ابنِ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اے نافع! میرے پاس اس آدمی کومت لانا، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ مومن ایک آنت میں کھاتا ہے، اور کافر سات آنتوں میں کھاتا ہے (بخاری)

پس سات آنتوں میں کھانے کو بھرنا، یعنی بہت زیادہ کھانا، مومن کے بجائے کافر کی شان ہے، کیونکہ یہ حرص وطمع پر مبنی ہے۔

اسی وجہ سے پیٹ کے تین حصوں میں سے ایک حصہ کھانے کے لئے، دوسرا حصہ پانی کے لئے اور تیسرا حصہ سانس کے لئے چھوڑنے کا حکم ہے۔

## مقدام بن معدیکرب رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت مقدام بن معدیکرب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَا مَلَأَ آدَمِيٌّ وِعَاءً شَرًّا مِنْ بَطْنٍ، حَسْبُ الْآدَمِيِّ لُقَيْمَاتٌ يُقِمْنَ صُلْبَهُ، فَإِنْ غَلَبَتْ الْآدَمِيَّ نَفْسُهُ، فَثُلُثٌ لِلطَّعَامِ، وَثُلُثٌ لِلشَّرَابِ، وَثُلُثٌ لِلنَّفَسِ (سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ۳۳۴۹، ابواب الأطعمة، باب الاقتصاد فى الأكل و كراهية الشبع) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے سنا کہ کسی آدمی نے کوئی برتن بھی پیٹ سے زیادہ برا نہیں بھرا۔ آدمی کے لیے چند نوالے کافی ہیں، جو اس کی کمر سیدھی رکھیں اور اگر آدمی کا نفس اس پر غالب ہی آجائے (اور چند نوالوں پر اکتفا نہ کرسکے) تو تہائی پیٹ کھانے کے لیے، اور تہائی پیٹ پینے کے لیے اور تہائی پیٹ سانس کے لیے چھوڑے (ابنِ ماجہ)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح بطرقه (حاشية سنن ابنِ ماجه)

www.idaraghufran.org

اوراسی وجہ سے کئی احادیث میں سب سے زیادہ پیٹ بھرنے والوں کے لئے آخرت میں سب سے زیادہ بھوکا رہنے کی وعید آئی ہے۔

## سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ:اَلدُّنْيَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وَجَنَّةُ الْكَافِرِ وَسَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ:أَطْوَلُ النَّاسِ شِبَعًا فِي الدُّنْيَا أَكْثَرُهُمْ جُوْعًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ

(مستدرک حاکم، رقم الحديث ٦٥٤٥، كتاب معرفة الصحابة رضى الله عنهم، ذكر سلمان الفارسى رضى الله عنه) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ دنیا مومن کے لئے قید خانہ ہے اور کافر کے لیے جنت ہے، اور میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ دنیا میں سب سے زیادہ پیٹ بھرنے والے قیامت کے دن سب سے زیادہ بھوکے ہوں گے (حاکم)

اس حدیث کو امام بزار نے بھی روایت کیا ہے۔ [2]

---

[1] قال الحاكم:هذا حديث غريب صحيح الإسناد، ولم يخرجاه.

وقال سعد بن ناصر بن عبد العزيز الشّثرى:وبهذه الشواهد يرتقى حديث الباب إلى الحسن لغيره(حاشية المطالب العالية بزوائد المسانيد الثمانية،ج١٣،ص١٥٩، تحت رقم الحديث ٣١٣٧، كتاب الرقاق، باب الضيق على المؤمن فى الدنيا)

[2] عن سلمان الفارسى رضى الله عنه، أنه أكره على طعام، فقال: إنى سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: إن أكثر الناس شبعا فى الدنيا أطولهم جوعا فى الآخرة، يا سليمان، الدنيا سجن المؤمن وجنة الكافر (مسند البزار،رقم الحديث٢٤٩٨،مسند سلمان الفارسى رضى الله عنه)

# ابنِ عمر، ابو جحیفہ وابنِ عباس رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**تَجَشَّأَ رَجُلٌ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: كُفَّ عَنَّا جُشَاءَكَ فَإِنَّ أَكْثَرَهُمْ شِبَعًا فِي الدُّنْيَا أَطْوَلُهُمْ جُوعًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ** (سنن الترمذي، رقم الحديث ٢٤٧٨، أبواب صفة القيامة والرقائق والورع، باب بلاترجمة بعد باب ما جاء في صفة أواني الحوض)

ترجمہ: ایک آدمی نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ڈکار ماری، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اپنی ڈکار کو ہم سے روک کر رکھو، پس بے شک لوگوں میں دنیا کے اندر سب سے زیادہ پیٹ بھر کر کھانے والے لوگ، قیامت کے دن سب سے زیادہ لمبی بھوک کی زد میں رہیں گے (ترمذی)

اس حدیث کو روایت کرنے کے بعد امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث اس سند کے ساتھ حسن غریب ہے، اور اس بارے میں ابو جحیفہ سے بھی روایت ہے۔ [1]

اور ابو جحیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**أَكَلْتُ لَحْمًا كَثِيرًا وَثَرِيدًا ثُمَّ جِئْتُ فَقَعَدْتُ حِيَالَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلْتُ أَتَجَشَّأُ فَقَالَ: أَقْصِرْ مِنْ جُشَائِكَ، فَإِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ شِبَعًا فِي الدُّنْيَا أَكْثَرُهُمْ جُوعًا فِي الْآخِرَةِ** (المستدرك للحاكم، رقم الحديث ٧٨٦٤، كتاب الرقاق) [2]

ترجمہ: میں نے بہت زیادہ گوشت اور ثرید کھایا، پھر میں جا کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے بیٹھ گیا، اور میں ڈکاریں لینے لگا، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم

---

[1] قال الترمذي: هذا حديث حسن، غريب من هذا الوجه. وفي الباب عن أبي جحيفة.

[2] قال الحاكم: صحيح.

اپنی ڈکار کو روکو، کیونکہ دنیا میں سب سے زیادہ پیٹ بھر کر کھانے والے لوگ، آخرت میں سب سے زیادہ بھوکے ہوں گے (حاکم)

اور حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَهْلَ الشِّبَعِ فِي الدُّنْيَا هُمْ أَهْلُ الْجُوْعِ فِي الْآخِرَةِ غَدًا** (المعجم الكبير،للطبراني، ج ١١ ص ٢٦٧،رقم الحديث ١١٦٩٣) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دنیا میں سب سے زیادہ پیٹ بھرے ہوئے لوگ ہی، آخرت میں بھوکے ہوں گے (طبرانی)

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**لَيَأْتِيَنَّ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ يَكُوْنُ هِمَّةُ أَحَدِهِمْ فِيْهِ بَطْنَهُ، وَدِيْنُهُ هَوَاهُ**

(الزهد والرقائق، لابن المبارك، ص ٢١٧، رقم الحديث ٦١٣، كتاب الزهد برواية المروزي، باب في طلب الحلال)

ترجمہ: لوگوں پر ایک دَور آئے گا جس میں آدمی کا اہم مقصد پیٹ کی پوجا بن جائے گا اور خواہش پرستی اس کا دین ہوگا (الزہد)

مطلب یہ ہے کہ قیامت سے پہلے ایک زمانہ ایسا ہوگا کہ لوگوں کا بڑا مقصد پیٹ کی شہوت پوری کرنا ہوگا، اور اُن کی دنیا کی زندگی کی بھاگ دوڑ اور نقل وحرکت اور اوڑھنا بچھونا سب

---

[1] قال المنذري:

رواه الطبراني بإسناد حسن(الترغيب والترهيب،تحت رقم الحديث ٥،كتاب الطعام، وغيره،الترهيب من الإمعان في الشبع والتوسع في المآكل والمشارب شرها وبطرا)

وقال الالباني:

وجملة القول أن الحديث قد جاء من طرق عمن ذكرنا من الصحابة وهي وإن كانت مفرداتها، لا تخلو من ضعف، فإن بعضها ليس ضعفها شديدا، ولذلك فإني أرى أنه يرتقي بمجموعها إلى درجة الحسن على أقل الأحوال .والله سبحانه وتعالى أعلم(سلسلة الاحاديث الصحيحة،تحت رقم الحديث ٣٤٣)

کچھ پیٹ کے لیے ہوگا، اوراس مقصد کو حاصل کرنے کے لیے وہ ہر قسم کے فتنے اورفسادات میں مبتلا ہوں گے۔

اوراُن کا دین اُن کی خواہش ہوگا، اُن کی خواہش، جس چیز کی ہوگی، خواہ وہ چیز حرام وناجائز ہو، اُس کو وہ اپنی خواہش کے مطابق جائز وحلال کرلیں گے۔

## زید بن ثابت، ابو ہریرہ وابوذر رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنْ كَانَتِ الدُّنْيَا هَمَّهُ فَرَّقَ اللّٰهُ عَلَيْهِ أَمْرَهُ، وَجَعَلَ فَقْرَهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ، وَلَمْ يَأْتِهِ مِنَ الدُّنْيَا إِلَّا مَا كُتِبَ لَهُ، وَمَنْ كَانَتْ الْآخِرَةُ نِيَّتَهُ جَمَعَ اللّٰهُ لَهُ أَمْرَهُ، وَجَعَلَ غِنَاهُ فِيْ قَلْبِهِ، وَأَتَتْهُ الدُّنْيَا وَهِيَ رَاغِمَةٌ (سنن ابن ماجه، رقم الحديث ۴۱۰۵، ابواب الزهد، باب الهم بالدنيا، مسند احمد، رقم الحديث ۲۱۵۹۰) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جس شخص کی فکر دنیا کی ہوتی ہے، تو اللہ اس کے معاملہ کو اس پر پریشان کن بنا دیتا ہے، اوراس کے فقر کو اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان کردیتا ہے، اوردنیا اس کو اتنی ہی ملتی ہے، جتنی اس کی تقدیر میں لکھی ہے۔ اور جس شخص کی نیت آخرت کی ہوتی ہے، تو اللہ اس کے معاملات کو درست کردیتا ہے، اوراس کے دل میں مالداری ڈال دیتا ہے اوردنیا اس کے پاس خوار ہوکر آتی ہے (ابنِ ماجہ، مسند احمد)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ الْغِنٰى عَنْ ظَهْرٍ، إِنَّمَا

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية سنن ابنِ ماجه وحاشية مسند احمد)

اَلْغِنٰی غِنَی النَّفْسِ، وَإِذَا أَرَادَ اللّٰهُ بِعَبْدٍ خَيْرًا جَعَلَ غِنَاهُ فِيْ نَفْسِهٖ وَتُقَاهُ فِيْ قَلْبِهٖ، وَإِذَا أَرَادَ اللّٰهُ بِعَبْدٍ شَرًّا جَعَلَ فَقْرَهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ (صحيح ابن حبان، رقم الحديث ٦٢١٧، كتاب التاريخ، باب بدء الخالق) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مالداری ظاہری مال کی نہیں ہوتی، بلکہ اصل مالداری نفس کی مالداری ہے، اور جب اللہ کسی بندے کے ساتھ خیر کا ارادہ فرماتا ہے، تو اس کی مالداری کو اس کے نفس میں اور اس کے تقویٰ کو اس کے دل میں پیدا فرما دیتا ہے، اور جب اللہ کسی بندے کے ساتھ شر کا ارادہ فرماتا ہے، تو اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان میں اس کے فقر (اور غربت) کو کر دیتا ہے (ابنِ حبان)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيْسَ الْغِنٰی عَنْ كَثْرَةِ الْعَرَضِ، وَلٰكِنَّ الْغِنٰی غِنَى النَّفْسِ (صحيح البخاری، رقم الحديث ٦٤٤٦، كتاب الرقاق، باب الغنى غنى النفس)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اصل غناء (ومالداری) سامان زیادہ ہونے سے نہیں، بلکہ اصل غناء (ومالداری) نفس (ودل) کا غنی (ومالدار) ہونا ہے (بخاری)

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا نَظَرَ أَحَدُكُمْ إِلٰى مَنْ فُضِّلَ عَلَيْهِ فِي الْمَالِ وَالْخَلْقِ، فَلْيَنْظُرْ إِلٰى مَنْ هُوَ أَسْفَلَ مِنْهُ (صحيح البخاری، رقم الحديث ٦٤٩٠، كتاب الرقاق، باب: لينظر إلى من هو أسفل منه ولا ينظر إلى من هو فوقه)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی اس شخص کو

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن (حاشية ابنِ حبان)

دیکھے، جس پر مال، اور مخلوق میں اس شخص کی نسبت، فضل کیا گیا ہے، تو اس کو چاہیے کہ فوراً اپنے سے نیچے والے کی طرف نظر ڈالے (صحیح بخاری)

اور ایک حدیث میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

**لَا یَنظُرُ أَحَدُکُمۡ إِلٰی مَنۡ فَوۡقَهٗ فِی الۡخَلۡقِ أَوِ الۡخُلُقِ أَوِ الۡمَالِ، وَلٰکِنۡ یَنۡظُرُ إِلٰی مَنۡ هُوَ دُوۡنَهٗ** (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ۷۳۱۹) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں سے کوئی مخلوق، یا پیدائش، یا مال میں اپنے سے اوپر والے کی طرف نظر نہ ڈالے، بلکہ اپنے سے نیچے والے کی طرف نظر ڈالے (مسند احمد)

اور حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیۡهِ وَسَلَّمَ أَنَّهٗ قَالَ: یَا أَبَا ذَرٍّ، أَتَرٰی کَثۡرَةَ الۡمَالِ هُوَ الۡغِنٰی؟ قُلۡتُ: نَعَمۡ، قَالَ: وَتَرٰی أَنَّ قِلَّةَ الۡمَالِ هُوَ الۡفَقۡرُ؟ قُلۡتُ: نَعَمۡ یَا رَسُوۡلَ اللّٰهِ، قَالَ: لَیۡسَ کَذٰلِکَ إِنَّمَا الۡغِنٰی غِنَی الۡقَلۡبِ وَالۡفَقۡرُ فَقۡرُ الۡقَلۡبِ** (مستدرک حاکم، رقم الحديث ۷۹۲۹، کتاب الرقاق) [2]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے ابوذر! کیا آپ مال زیادہ ہونے کو غناء (ومالداری) سمجھتے ہیں؟ میں نے عرض کیا کہ بے شک! پھر فرمایا کہ کیا آپ مال کم ہونے کو فقر (وغریبی) سمجھتے ہیں؟ میں نے عرض کیا کہ بے شک اے اللہ کے رسول! نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایسی بات نہیں، بلکہ اصل غناء (ومالداری) دل کا غنیٰ (ومالدار ہونا) ہے، اور اصل فقر (وغریبی) دل کا فقیر (وغریب ہونا) ہے (حاکم)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط الشيخين (حاشيةمسند أحمد)

[2] قال الذهبی فی التلخيص: على شرط البخاری.

www.idaraghufran.org

اورحضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**قَالَ أَوْصَانِیْ خَلِیْلِیْ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِخِصَالٍ مِنَ الْخَیْرِ، أَوْصَانِیْ بِأَنْ لَا أَنْظُرَ إِلٰی مَنْ هُوَ فَوْقِیْ وَأَنْ أَنْظُرَ إِلٰی مَنْ هُوَ دُوْنِیْ، وَأَوْصَانِیْ بِحُبِّ الْمَسَاکِیْنِ وَالدُّنُوِّ مِنْهُمْ ،وَأَوْصَانِیْ أَنْ أَصِلَ رَحِمِیْ وَإِنْ أَدْبَرَتْ وَأَوْصَانِیْ أَنْ لَا أَخَافَ فِی اللّٰهِ لَوْمَةَ لَائِمٍ، وَأَوْصَانِیْ أَنْ أَقُوْلَ الْحَقَّ وَإِنْ کَانَ مُرًّا، وَأَوْصَانِیْ أَنْ أُکْثِرَ مِنْ قَوْلِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ ،فَإِنَّهَا کَنْزٌ مِنْ کُنُوْزِ الْجَنَّةِ** (صحیح ابنِ حبان، رقم الحدیث ۴۴۹، کتاب البر والإحسان، باب صلة الرحم وقطعها) [1]

ترجمہ: مجھے میرے خلیل صلی اللہ علیہ وسلم نے خیر کی چند چیزوں کی وصیت فرمائی، ایک تو مجھے یہ وصیت فرمائی کہ میں (دنیا کے معاملہ میں) اپنے سے اوپر والے کو نہ دیکھوں، بلکہ اپنے سے نیچے والے کو دیکھوں،اور مجھے یہ وصیت فرمائی کہ مساکین اوران کے بھی نچلے درجے کے (یعنی انتہائی غریب وفقیر) لوگوں سے محبت رکھوں اور مجھے یہ وصیت فرمائی کہ میں (رشتہ داروں سے) صلہ رحمی (اوراچھا برتاؤ) کروں،اگرچہ کوئی اس سے پیٹھ پھیرے (یعنی اگرچہ کوئی دوسرا مجھ سے صلہ رحمی نہ کرے) اور مجھے وصیت فرمائی کہ اللہ کے بارے میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت کی پرواہ نہ کروں ، اور مجھے وصیت فرمائی کہ حق بات کہوں، خواہ وہ تلخ وکڑوی ہی ہو،اور مجھے وصیت فرمائی کہ **لاحول ولاقوۃ الا باللّٰہ** کی کثرت کروں، کیونکہ یہ کلمات جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے (ابنِ حبان)

اورحضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

**عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:أَوْصَانِیْ حِبِّیْ بِخَمْسٍ:أَرْحَمُ الْمَسَاکِیْنَ وَأُجَالِسُهُمْ، وَأَنْظُرُ إِلٰی مَنْ هُوَ تَحْتِیْ، وَلَا أَنْظُرُ إِلٰی مَنْ**

[1] قال شعیب الارنؤوط:حدیث صحیح(حاشیة ابنِ حبان)

هُوَ فَوْقِي، وَأَنْ أَصِلَ الرَّحِمَ وَإِنْ أَدْبَرَتْ، وَأَنْ أَقُوْلَ بِالْحَقِّ وَإِنْ كَانَ مُرًّا، وَأَنْ أَقُوْلَ: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ (مسند احمد، رقم الحديث ٢١٥١٧) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے میرے محبوب نے پانچ چیزوں کی وصیت وتاکید فرمائی، ایک تو یہ کہ میں مساکین (وفقراء) سے محبت کروں اوران کے ساتھ نشست وبرخواست کروں، اور ایک یہ کہ میں اپنے سے نیچے والے کو دیکھوں اوراوپر والے کو نہ دیکھوں، اور یہ کہ میں (رشتہ داروں سے) صلہ رحمی (اور اچھا سلوک) کروں، اگرچہ کوئی اس سے پیٹھ پھیرے (یعنی اگرچہ وہ رشتہ دار مجھ سے اچھا سلوک نہ کرے) اور یہ کہ حق بات کہوں، خواہ وہ تلخ وکڑوی ہی ہو، اور یہ کہ لاحول ولاقوۃ الا باللّٰہ پڑھوں (مسند احمد)

## عبیداللہ بن محصن رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبیداللہ بن محصن رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَصْبَحَ مِنْكُمْ مُعَافًى فِي جَسَدِهِ، آمِنًا فِي سِرْبِهِ، عِنْدَهُ قُوْتُ يَوْمِهِ، فَكَأَنَّمَا حِيْزَتْ لَهُ الدُّنْيَا (سنن ابن ماجه، رقم الحديث ٤١٤١، ابواب الزهد، باب القناعة) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص تم میں سے اس حالت میں صبح کرے کہ اس کے جسم میں عافیت ہو، اوراس کے گھر (بال بچوں) میں امن ہو، اوراس کے پاس اس دن کی روزی بھی ہو، تو گویا کہ اس کے لئے ساری دنیا اکٹھی کردی گئی (ابنِ ماجہ)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية مسند احمد)

[2] قال شعيب الارنؤوط: حسن بمجموع شواهده (حاشية ابنِ ماجه)

## عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

اُبْتُلِينَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالضَّرَّاءِ فَصَبَرْنَا، ثُمَّ ابْتُلِينَا بِالسَّرَّاءِ بَعْدَهُ فَلَمْ نَصْبِرْ (سنن الترمذی، رقم الحدیث ۲۴۶۴، أبواب صفة القيامة والرقائق والورع، باب بلا ترجمة بعد باب ما جاء في صفة أواني الحوض) [1]

ترجمہ: ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تنگدلی اور تکلیف کی آزمائش میں ڈالے گئے، جس پر ہم نے صبر کیا۔

پھر بعد میں ہمیں وسعت اور خوشی دے کر آزمایا گیا، تو ہم صبر نہیں کر سکے (ترمذی)

مطلب یہ ہے کہ جب ہم پر تنگی کے حالات پیش آئے، تو ہم نے صبر کیا، اور جب خوش حالی کے حالات آئے، تو ہم سے صبر کرنا مشکل ہو گیا۔

جب صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم اپنے بارے میں یہ فرماتے ہیں، تو آج کے لوگوں کا خوش حالی میں کیا حال ہوگا۔

اور خوش حالی میں صبر نہ کرنے کا مطلب یہ ہے کہ مال ودولت کی وجہ سے آخرت کی توجہ ودھیان کمزور پڑ جائے، اور شکر کی توفیق کم ہو، کیونکہ جب مال زیادہ آتا ہے، اور اس کی طرف انہماک پیدا ہوتا ہے، تو مزید مال کی حرص ہوتی ہے، اور ناشکری کا داعیہ ختم نہیں ہوتا۔

## قتادہ، فضالہ اور رافع بن خدیج رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت قتادہ بن نعمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا أَحَبَّ اللّٰهُ عَبْدًا حَمَاهُ

---

[1] قال الترمذي: هذا حديث حسن.

الدُّنْيَا كَمَا يَظَلُّ أَحَدُكُمْ يَحْمِي سَقِيمَهُ الْمَاءَ (سنن الترمذی، رقم الحديث ۲۰۳۶،أبواب الطب، باب ما جاء فی الحمية) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب اللہ کسی بندے سے محبت کرتا ہے،تو اسے دنیا سے اس طرح بچاتا ہے،جس طرح تم میں سے کوئی اپنے مریض کو(استسقاء وغیرہ کے مرض میں)پانی سے بچاتا ہے(ترمذی)

اورابنِ حبان نے حضرت قتادہ بن نعمان رضی اللہ عنہ سے اس طرح روایت کیا ہے کہ:

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:إِذَا أَحَبَّ اللّٰهُ عَبْدًا حَمَاهُ الدُّنْيَا كَمَا يَظَلُّ أَحَدُكُمْ يَحْمِي سَقِيمَهُ الْمَاءَ (صحيح ابن حبان،رقم الحديث ٦٦٩، كتاب الرقائق،باب الفقر والزهد والقناعة) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب اللہ کسی بندے سے محبت کرتا ہے،تو اسے دنیا سے اس طرح بچاتا ہے،جس طرح تم میں سے کوئی اپنے مریض کو(استسقاء وغیرہ کے مرض میں)پانی سے بچاتا ہے(ابنِ حبان)

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:إِذَا أَحَبَّ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَبْدًا حَمَاهُ الدُّنْيَا كَمَا يَظَلُّ أَحَدُكُمْ يَحْمِي سَقِيمَهُ الْمَاءَ (المعجم الكبير،للطبرانی، ج۴ص ۲۵۲،رقم الحديث ۴۲۹۶، باب الالف) [3]

---

[1] قال الترمذی:وفی الباب عن صهيب، وأم المنذر وهذا حديث حسن غريب وقد روى هذا الحديث عن محمود بن لبيد، عن النبی صلى الله عليه وسلم مرسلا، حدثنا علی بن حجر قال : أخبرنا إسماعيل بن جعفر، عن عمرو، عن عاصم بن عمر بن قتادة، عن محمود بن لبيد، عن النبی صلى الله عليه وسلم، نحوه، ولم يذكر فيه عن قتادة بن النعمان :وقتادة بن النعمان الظفری هو أخو أبی سعيد الخدری أمه، ومحمود بن لبيد قد أدرك النبی صلى الله عليه وسلم، ورآه وهو غلام صغير.

[2] قال شعيب الارنؤوط:إسناده صحيح على شرط مسلم(حاشية صحيح ابنِ حبان)

[3] قال الهيثمی:رواه الطبرانی، وإسناده حسن(مجمع الزوائد،تحت رقم الحديث ۱۸۰۵۳،باب إذا أحب الله تعالى عبدا حماه الدنيا)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب اللہ عزوجل کسی بندے سے محبت کرتا ہے، تو اس کو دنیا سے اس طرح بچاتا ہے، جس طرح تم میں سے کوئی اپنے مریض کو (استسقاء وغیرہ کے مرض میں ) پانی سے بچاتا ہے (طبرانی)

دنیا کے مفہوم میں مال بھی داخل ہے، بلکہ مال لوگوں کے نزدیک دنیا کے جزوِ اعظم سے کم نہیں سمجھا جاتا، جو آخرت سے غافل کرنے کا اہم سبب اور اس امت کا سب سے بڑا فتنہ ہے۔

اسی مضمون کی تائید اس حدیث سے بھی ہوتی ہے، جو حضرت فضالہ سے مروی ہے۔

چنانچہ حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَللّٰهُمَّ مَنْ آمَنَ بِكَ وَشَهِدَ أَنِّيْ رَسُوْلُكَ فَحَبِّبْ إِلَيْهِ لِقَاءَكَ وَسَهِّلْ عَلَيْهِ قَضَاءَكَ وَأَقْلِلْ لَهُ مِنَ الدُّنْيَا وَمَنْ لَّمْ يُؤْمِنْ بِكَ وَلَمْ يَشْهَدْ أَنِّيْ رَسُوْلُكَ فَلَا تُحَبِّبْ إِلَيْهِ لِقَاءَكَ وَلَا تُسَهِّلْ عَلَيْهِ قَضَاءَكَ وَأَكْثِرْ لَهُ مِنَ الدُّنْيَا (صحيح ابن حبان، رقم الحديث ٢٠٨، كتاب الإيمان، باب فرض الإيمان) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے اللہ! جو شخص بھی تجھ پر ایمان لایا، اور اس نے میرے بارے میں تیرا رسول ہونے کی گواہی دی، تو اس کو اپنی ملاقات کی محبت عطاء فرمادیجیے، اور اس پر اپنے فیصلہ کو آسان کردیجیے، اور اس کے لئے دنیا کو قلیل کردیجیے۔

اور جو شخص تجھ پر ایمان نہ لائے، اور میرے بارے میں تیرا رسول ہونے کی گواہی نہ دے، تو اس کو اپنی ملاقات کی محبت مت عطاء فرما، اور اس پر اپنے فیصلہ کو بھی آسان مت بنا، اور اس کو دنیا زیادہ عطاء فرما (صحیح ابنِ حبان)

جس شخص کو اللہ سے سچی محبت ہوگی، اس کو اللہ کے نبی سے بھی محبت ضرور ہوگی۔

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مساکین سے محبت کرنے، اور ان کے ساتھ محشور ہونے کا

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية صحيح ابنِ حبان)

کئی احادیث میں ذکر آیا ہے، اور آپ نے خود اس حالت کو اختیار کیا ہے، اس لئے یہ حالت اللہ کو بھی پسند ہے، اور اس کے رسول کو بھی پسند ہے، اور اسی کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعاء فرمائی ہے، اور آپ کی مذکورہ دعاء قبول بھی کی گئی ہے۔

## ابنِ مغفل، انس، ابوذر، کعب، وابوسعید رضی اللہ عنہم کی احادیث

چنانچہ حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**قَالَ رَجُلٌ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَاللّٰهِ إِنِّيْ لَأُحِبُّكَ، فَقَالَ لَهُ: اُنْظُرْ مَاذَا تَقُوْلُ، قَالَ: وَاللّٰهِ إِنِّيْ لَأُحِبُّكَ، ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَقَالَ: إِنْ كُنْتَ تُحِبُّنِيْ فَأَعِدَّ لِلْفَقْرِ تِجْفَافًا، فَإِنَّ الْفَقْرَ أَسْرَعُ إِلٰى مَنْ يُّحِبُّنِيْ مِنَ السَّيْلِ إِلٰى مُنْتَهَاهُ** (سنن الترمذی، رقم الحديث ٢٣٥٠، ابواب الزهد، باب ما جاء فی فضل الفقر) [1]

ترجمہ: ایک آدمی نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! اللہ کی قسم! میں آپ سے محبت کرتا ہوں، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم دیکھ لو، کیا کہہ رہے ہو؟ اس نے پھر کہا کہ اللہ کی قسم! میں آپ سے محبت کرتا ہوں، اس نے تین مرتبہ یہی بات کہی، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر تم مجھ سے محبت کرتے ہو، تو پھر فقر کو ڈھال (یعنی مشقت وصبر، اور دنیا سے حفاظت کا ذریعہ) بنانے کے لئے تیار رہو، کیونکہ جو شخص مجھ سے محبت کرتا ہے، اس کی طرف فقر، اس سے بھی زیادہ تیز رفتاری کے ساتھ آتا ہے، جتنی تیز رفتار کے ساتھ سیلاب، اپنی انتہاء کی طرف جاتا ہے (ترمذی)

اور حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ سے ایک روایت اس طرح مروی ہے کہ:

---

[1] قال الترمذی: حدثنا نصر بن علی، قال: حدثنا أبی، عن شداد أبی طلحة نحوه بمعناه. هذا حديث حسن غريب. وأبو الوازع الراسبی اسمه جابر بن عمرو، وهو بصری.

www.idaraghufran.org

أَتٰی رَجُلٌ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ إِنِّی لَأُحِبُّکَ، فَقَالَ لَہٗ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْبَلَایَا أَسْرَعُ إِلٰی مَنْ یُّحِبُّنِیْ مِنَ السَّیْلِ إِلٰی مُنْتَهَاہُ (موارد الظمآن الیٰ زوائد ابنِ حبان، رقم الحدیث ۲۵۰۵، کتاب الزهد، باب محبة النبی صلی الله علیه وسلم) ؎

---

؎ قال حسین سلیم أسد الدّارانی :

إسناده جید أبو الوازع جابر بن عمرو الراسبی ترجمه البخاری فی الکبیر 2/ 209 ولم یورد فیه جرحاً ولا تعدیلاً .وأورد ابن أبی حاتم فی "الجرح والتعدیل 2/ 495" بإسناده إلی أبی طالب أنه قال " :سألت أحمد بن حنبل عن أبی الوازع جابر بن عمرو فقال :بصری ثقة."

کما أورد بإسناده إلی إسحاق بن منصور الکوسج "عن یحیی بن معین قال :أبو الوازع ثقة."

وقال ابن حجر فی التهذیب " :2/ 44 وقال الدوری، عن ابن معین :لیس بشیء ."

والذی قاله الدوری فی تاریخ ابن معین 3/ 428 برقم " :(2096)أبو الوازع الراسی جابر بن عمرو، بصری ."وانظر "معرفة الرجال 2/ 96 "برقم .(254)وقال أیضاً فی 4/ 168 برقم " :(3755)وأبو الوازع الذی یروی عن أبی برزة اسمه جابر بن عمرو-تحرفت فیه إلی :عمر -الراسبی."

والأشبه أن الحافظ نقل ما قاله ابن معین فی جابر بن نوح خَطَأً، والله أعلم.

وقال ابن عدی فی کامله " :2/ 543 حدثنا ابن أبی عصمة، حدثنا أحمد بن أبی یحیی: سمعت یحیی بن معین یقول :أبو الوازع لیس بشیء .سمعت النسائی یقول :أبو الوازع منکر الحدیث."

وقال ابن عدی فی الکامل " :2/ 544 وأبو الوازع هذا ما أعرف له کثیر روایة، وإنما یروی عنه قوم معدودون، وأرجو أنه لا بأس به."

وذکره ابن حبان فی الثقات 4/ 103، وقال الذهبی فی کاشفه" :ثقة ."وانظر میزان الاعتدال.1/ 378 "

وشداد بن سعید فصلنا القول فیه عند الحدیث المتقدم برقم .(1778)

والحدیث فی الإحسان 4/ 254 برقم .(2911)

وذکره صاحب الکنز فیه 6/ 471 برقم 16599)) ونسبه إلی ابن حبان.

وأخرجه الترمذی فی الزهد 2351)) باب :ما جاء فی فضل الفقر، من طریق محمد بن عمرو بن نبهان بن صفوان الثقفی البصری، حدثنا روح بن أسلم، وأخرجه الترمذی أیضاً من طریق نصر بن علی، حدثنا أبی، کلاهما عن شداد بن سعید أبی طلحة، بهذا الإسناد .ولفظه "قال رجل للنبی -صلی الله علیه وسلم -یا رَسُول الله، والله إنی

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

ترجمہ: ایک آدمی نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوکر عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! بے شک میں آپ سے محبت کرتا ہوں۔
تو اس کے جواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک اس شخص کو جو مجھ سے محبت کرتا ہے، بلائیں (اور آزمائشیں) اس پانی کے بہاؤ سے بھی زیادہ تیزی سے پہنچتی ہیں، جو اپنے منتہاء کی طرف (تیزی سے) جاتا ہے (موارد)

اس روایت میں فقر کے بجائے، بلایا کے الفاظ ہیں، اور مطلب وہی ہے کہ اس کو مال ودولت وغیرہ کے امور میں آزمائشیں پیش آتی ہیں، وہ مال ودولت کو ترجیح نہ دے، تو سچی محبت کی نشانی ہوتی ہے۔

اس حدیث کی تائید اور بھی کئی روایات سے ہوتی ہے۔

چنانچہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ، فَقَالَ: إِنِّيْ أُحِبُّكَ، قَالَ:

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

لأحبک .فقال :(انظر ماذا تقول .(قال :والله إني لأحبک .فقال :(انظر ماذا تقول) قال :والله إني لأحبک -ثلاث مرات .فقال :(إن كنت تحبني فأعد للفقر تجفافاً، فإن الفقر أسرع إلى من يحبني من السيل إلى منتهاه)." ..
وقال الترمذي" :هذا حديث حسن غريب."
وانظر "جامع الأصول678 /4 "، وتحفة الأشراف 173 /7برقم .(9647)
وفي الباب عن كعب بن عجرة، ذكره الهيثمي في "مجمع الزوائد 314 - 313 /10 " وقال" :رواه الطبراني في الأوسط وإسناده جيد."
وعن الخدري عند أحمد .42 /3وذكره الهيثمي في "مجمع الزوائد274 /10 " وقال" :رواه أحمد ورجاله رجال الصحيح، إلا أنه شبه المرسل."
نقول :سعيد بن أبي سعيد الخدري ليس من رجال الصحيح، وقد ترجمه البخاري في الكبير 475 - 474 /3وقال" :مدني، سمع أباه ."ولم يورد فيه جرحاً ولا تعديلاً، وتبعه على ذلک ابن أبي حاتم في "الجرح والتعديل 25 /4 "، ووثقه ابن حبان /4 278، فالإسناد جيد إن شاء الله.
وفي الباب أيضاً عن أبي ذر عند الحاكم 331 /4وقال الحاكم:هذا حديث صحيح على شرط الشيخين ولم يخرجاه، ووافقه الذهبي(حاشية موارد الظمآن الیٰ زوائد ابنِ حبان)

اِسْتَعِدَّ لِلْفَاقَةِ (کشف الاستار عن زوائد البزار، رقم الحديث ٣٥٩٥، باب محبة النبی صلی الله عليه وسلم) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک شخص نے آ کر عرض کیا کہ بے شک میں آپ سے محبت کرتا ہوں، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم فقر کی مشقت برداشت کرنے کے لئے تیار ہو جاؤ (بزار)

یہ حدیث سند کے اعتبار سے صحیح ہے، اور اس کی تائید کئی دوسری روایات سے بھی ہوتی ہے۔ [2]

اور حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال الهيثمی:رواه البزار، ورجاله رجال الصحيح غير بكر بن سليم، وهو ثقة(مجمع الزوائد،تحت رقم الحديث ١٧٩٨٥ ،باب محبة النبی صلی الله عليه وسلم)

[2] قال الالبانی:

أخرجه البزار فی "مسنده "( 4/ 229 /3595 ) والشجری فی "الأمالی "( 2/ 202) من طريق إبراهيم بن المنذر :حدثنا بكر بن سليم عن أبی طوالة عن أنس قال : أتى النبی صلى الله عليه وسلم رجل، فقال :إنی أحبك، قال :فذكره .قلت :وهذا إسناد جيد رجاله ثقات معروفون غير بكر بن سليم، ذكره ابن حبان فی "الثقات "( 8/ 149) ، وقد روى عنه خمسة من الثقات، فهو صدوق كما قال فی "الكاشف "، ووثقه الهيثمی بقوله عقب الحديث ( 10/274 ) " : رواه البزار.ورجاله رجال الصحيح غير بكر بن سليم، وهو ثقة ."قلت :وأبو طوالة اسمه عبد الله بن عبد الرحمن بن معمر بن حزم الأنصاری .وله شاهد من حديث أبی ذر رضی الله عنه :أنه أتى النبی صلى الله عليه وسلم فقال :إنی أحبكم أهل البيت،فقال له النبی صلى الله عليه وسلم :الله؟ قال :الله .قال " :فأعد للفقر تجفافا، فإن الفقر أسرع إلى من يحبنا من السيل من أعلى الأكمة إلى أسفلها "أخرجه الحاكم ( 4/331 ) وقال " :صحيح على شرط الشيخين ."ووافقه الذهبی.

وأقول إنما هو صحيح فقط، فإنه من طريق محمد بن غالب :حدثنا عفان ..إلخ، فإن غالبا ليس من رجال الشيخين، وإنما عفان، لكن هذا ليس من شيوخهما.

وإنما يرويان عنه بالواسطة .وللحديث شاهد من حديث عبد الله بن مغفل كنت خرجته فی "الضعيفة "(1681) قبل الوقوف على هذين الحديثين، ويعود الفضل فی ذلك إلى أحد طلاب العلم السعوديين جزاه الله خيرا فی كتيب له كان أرسله إلی .ثم بلغنی أنه توفی فجأة رحمه الله تعالى .وللشطر الثانی من حديث أبی ذر شاهد من حديث أبی سعيد الخدری، وهو الآتی " :اصبر أبا سعيد !فإن الفقر إلى من يحبنی منكم أسرع من السيل على أعلى الوادی ومن أعلى الجبل إلى أسفله (سلسلة الاحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ٢٨٢٧)

أَنَّهُ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِنِّي أُحِبُّكُمْ أَهْلَ الْبَيْتِ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَللّٰهَ ،قَالَ: اَللّٰهَ، قَالَ: فَأَعِدَّ لِلْفَقْرِ تِجْفَافًا فَإِنَّ الْفَقْرَ أَسْرَعُ إِلَى مَنْ يُحِبُّنَا مِنَ السَّيْلِ مِنْ أَعْلَى الْأَكَمَةِ إِلٰى أَسْفَلِهَا (المستدرک للحاکم،رقم الحديث ۷۹۴۴، کتاب الرقاق) [1]

ترجمہ: وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور عرض کیا کہ میں آپ کے اہلِ بیت سے محبت کرتا ہوں، تو ان کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ، اللہ، تو پھر تم فقر کی مشقت برداشت کرنے کے لئے تیار ہو جاؤ، کیونکہ جو ہم سے محبت کرتا ہے، اس کی طرف فقر، اونچی جگہ سے اپنے نیچے کی طرف بہہ کر آنے والے سیلاب سے بھی زیادہ تیزی سے پہنچتا ہے (حاکم)

حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ سے ایک حدیث میں روایت ہے کہ:

فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَتُحِبُّنِي يَا كَعْبُ؟ قُلْتُ: بِأَبِي أَنْتَ، نَعَمْ، قَالَ: إِنَّ الْفَقْرَ أَسْرَعُ إِلٰى مَنْ يُحِبُّنِي مِنَ السَّيْلِ إِلٰى مَعَادِنِهٖ

(المعجم الاوسط، للطبرانی، رقم الحديث ۷۱۵۷) [2]

ترجمہ: پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تم مجھ سے محبت کرتے ہو، اے کعب! میں نے عرض کیا کہ میرے والد آپ پر قربان ہوں، بے شک۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک جو مجھ سے محبت کرتا ہے، اس کی طرف فقر، بہہ کر اپنے معادن (یعنی ٹھہرنے والی جگہ) میں پہنچنے والے سیلاب سے بھی زیادہ تیزی سے پہنچتا ہے (طبرانی)

---

[1] قال الحاكم: هذا حديث صحيح على شرط الشيخين ولم يخرجاه "
وقال الذهبي في التلخيص: على شرط البخاري ومسلم

[2] قال الهيثمي: رواه الطبراني في الأوسط، وإسناده جيد (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۱۸۲۴۵ ، باب في عيش رسول الله صلى الله عليه وسلم والسلف)
وقال الالباني: فيكون الإسناد حسناً -إن شاء الله تعالى (سلسلة الاحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ۳۱۰۳)

www.idaraghufran.org

اور امام بیہقی نے حضرت سعید بن ابی سعید سے روایت کیا ہے کہ:

أَنَّ أَبَا سَعِيْدِ الْخُدْرِيَّ، شَكَا إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَاجَتَهُ فَقَالَ: اِصْبِرْ أَبَا سَعِيْدٍ، فَإِنَّ الْفَقْرَ إِلٰى مَنْ يُّحِبُّنِيْ أَسْرَعُ مِنَ السَّيْلِ من أَعْلَى الْوَادِىْ أَوْ مِنْ أَعْلَى الْجَبَلِ إِلٰى أَسْفَلِهٖ .

"هٰذَا مُرْسَلٌ" وَرُوِىَ فِىْ هٰذَا الْمَعْنٰى عَنْ أَبِىْ ذَرٍّ (شعب الإيمان للبيهقي، رقم الحديث ۱۳۹۹، الرابع عشر من شعب الإيمان: وهو باب فى حب النبى صلى الله عليه وسلم، فصل: فى زهد النبى صلى الله عليه وسلم وصبره على شدائد الدنيا) [1]

---

[1] قال الالبانی:

أخرجه أحمد ( 3/42 ) من طريق عمرو عن سعيد بن أبى سعيد الخدرى عن أبيه .أنه شكا إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم حاجته، فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم : ...فذكره .قلت :ورجاله ثقات رجال مسلم غير سعيد بن أبى سعيد الخدرى، فلم يوثقه غير ابن حبان ( 4/278 ) وذكر أنه روى عنه عمران بن أبى أنس وأهل المدينة. لكن حقق الحافظ أن عمران هذا إنما روى عن عبد الرحمن بن أبى سعيد الخدرى، وأن من قال عن عمران عن سعيد بن أبى سعيد الخدرى فهو غير محفوظ، كما بينته فى ترجمة سعيد هذا من "تيسير الانتفاع "، وعليه فليس له راو غير عمرو هذا، وهو ابن الحارث المصرى، وعلى ذلك فسعيد هذا فى عداد المجهولين، حتى أن البخارى وابن أبى حاتم لم يذكرا له فى ترجمته راويا مطلقا !فهو علة هذا الإسناد .وقد اختلط هذا الراوى على الهيثمى بغيره، فظنه سعيد بن أبى سعيد المقبرى الثقة !فأورد الحديث فى "المجمع "( 10/374 ) هكذا" :عن سعيد بن أبى سعيد الخدرى شكا "..الحديث، وقال ":رواه أحمد، ورجاله رجال الصحيح، إلا أنه شبه المرسل ."قلت: وهذا خطأ بناء على نقله خطأ طرف الحديث، وهو قوله " :أن أبا سعيد "ولذلك قال: "إنه شبه المرسل "،وبناء عليه توهم أن سعيد بن أبى سعيد هو المقبرى فقال :رجاله رجال الصحيح!

وأساس الخطأ أنه سقط من قلمه قوله " :عن أبيه ."وأبو سعيد الخدرى ليس أبا المقبرى الثقة، وقلده فى ذلك بعض الناشئين ممن لا تحقيق عندهم .لكن للحديث شاهد من حديث عبد الله بن مغفل أوله " :إن كنت تحبنى فأعد للفقر تجفافا ." كنت خرجته فى "الضعيفة "برقم (1681) ، فيمكن تقوية هذا به، وبحديث أبى ذرالمخرج تحت الحديث الذى قبله .والله أعلم(سلسلة الاحاديث الصحيحة،تحت رقم الحديث ۲۸۲۸)

www.idaraghufran.org

ترجمہ: ابوسعید خدری نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے تنگدستی کی شکایت کی، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ابوسعید! صبر کرو، کیونکہ مجھ سے محبت کرنے والوں کی طرف فقر اس سیلاب سے بھی زیادہ تیزی سے بڑھتا ہے، جو اوپر کی جانب سے نیچے آئے۔

امام بیہقی نے فرمایا کہ یہ حدیث مرسل ہے، لیکن ابوذر کی سند سے اس معنیٰ کی حدیث مروی ہے (بیہقی)

معلوم ہوا کہ مومن کے لئے مال کی قلت ہرگز اللہ کی ناراضگی کا باعث نہیں، بلکہ نیک ہونے کی صورت میں یہ حالت اللہ اور اس کے رسول کی سچی محبت کی علامت ہے۔ [1]

لیکن افسوس کہ آج مال و دولت کی فراوانی اور بڑھوتری، اور اس میں زیادہ سے زیادہ اضافہ کو ہی کامیابی کا ذریعہ سمجھ لیا گیا ہے، جس میں دنیاداروں کی شکایت تو کیا ہو، دین وعلم کے باب میں مقتداء وعلماء سمجھے جانے والوں کی بھی خاص دلچسپی نظر آتی ہے۔

مومن اگر اللہ پر توکل رکھے، تو اللہ اس کو تنہا نہیں چھوڑتا، اور اگر کبھی کسی مجبوری میں قرض

---

[1] (إن كنت) أيها الرجل الذى حلف بالله ثلاثا أنه يحبنى (تحبنى) حقيقة كما تزعم (فأعد للفقر تجفافا) أى مشقة وهو بكسر المثناة وسكون الجيم وبالفاء المكررة وهو ما جلل به الفرس ليقيه الأذى وقد يلبسه الإنسان فاستعير للصبر على مشاق الشدائد يعنى أنك ادعيت دعوى كبيرة فعليك البينة وهو اختبارك بالصبر تحت أثقال الفقر الدنيوى الذى هو قلة المال وعدم الموافق وتحمل مكروهه وتجرع مرارته والخضوع والخشوع بملابسته بأن تعد له تجفافا و التجفاف إنما يكون جنة لرد الشىء كذا قرره جمع وقال الزمخشرى :معناه فلتعد وقاء ا مما يورد عليه الفقر والتقلل ورفض الدنيا من الحمل على الجزع وقلة الصبر على شظف العيش .اهـ .وقال بعضهم :ذهب قوم إلى أن من أحب أهل البيت افتقر وهو خلاف الحقيقة والوجود بل معنى الخبر فليقتد بنا فى إيثارنا الفقر على الدنيا (فإن الفقر أسرع إلى من يحبنى من السيل) إذا انحدر من علو (إلى منتهاه) أى مستقره فى سرعة نزوله ووصوله والفقر جائزة الله لمن أحبه وأحب رسوله وخلعته عليه وبره له لأنه زينة الأنبياء وحلية الأولياء وشبهه بالسيل دون غيره تلويحا بتلاحق النوائب به سريعا ولات حين مناص له منها(فيض القدير شرح الجامع الصغير ،تحت رقم الحديث ۲۶۷۴،حرف الهمزة)

ہوجائے،اور وہ اس کے اداء کرنے کی سچی نیت رکھتا ہو،تو اللہ اس کے لئے خاص مدد فرماتا ہے۔[1]

اور اگر ادائیگی کی مخلص جدو جہد کرنے کے باوجود فوت ہوجائے،اور اداء کرنے سے قاصر ہوجائے،تو بھی آخرت میں اللہ کی طرف سے اس کی مدد کی جاتی ہے،جیسا کہ حدیث میں وارد ہے۔[2]

مذکورہ تفصیل سے معلوم ہوا کہ مال کی فراوانی اور اس کی بڑھوتری میں مشغول ہونا،اور مال کو بڑھاتے جانا،اور اس کی کثرت کی دھن میں لگنا،کارِ خیر نہیں،خواہ حلال طریقہ پر کیوں نہ ہو۔ مگر افسوس کہ عوام سے تو شکایت کیا،موجودہ دور میں دین میں مقتداء سمجھے جانے والے بہت سے وہ علماء ومشائخ بھی،جو انبیاء کے وارث سمجھے جاتے ہیں،اس مال کی تکثیر کے فتنہ میں ایسے مبتلاء ہوئے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تمام ہدایات کو یکسر نظر انداز کردیا۔

---

[1] حدثتني ورقاء، أن عائشة قالت: سمعت أبا القاسم صلى الله عليه وسلم يقول: " من كان عليه دين همه قضاؤه – أو هم بقضائه – لم يزل معه من الله حارس "(مسند احمد،رقم الحديث ٢٦١٨٧)

قال شعيب الارنؤوط:حديث حسن، وهذا إسناد ضعيف كسابقه(حاشية مسند احمد )

عن عائشة، أنها سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: من كان عليه دين ينوى أدائه كان معه من الله عون، وسبب الله له رزقا(المعجم الاوسط،للطبرانى،رقم الحديث ٧٦٠٨)

قال الهيثمي:وفي رواية عنده أيضا " :كان له من الله عون وسبب الله له رزقا ."

ورجال أحمد رجال الصحيح إلا أن محمد بن على بن الحسين لم يسمع من عائشة، وإسناد الطبرانى متصل إلا أن فيه سعيد بن الصلت، عن هشام بن عروة، ولم أجد (مجمع الزوائد،تحت رقم الحديث ٦٦٦١ ،باب فيمن نوى قضى دينه واهتم به)

وقال الالبانى:وخلاصته أن حديث الترجمة حسن.، وحديث عائشة بطرقه صحيح، إلا رواية ورقاء فضعيفة(سلسلة الاحاديث الصحيحة،تحت رقم الحديث ٢٨٢٢)

[2] عن عائشة أنها قالت: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: " من حمل من أمتى دينا، ثم جهد فى قضائه، ثم مات قبل أن يقضيه، فأنا وليه "(مسند احمد،رقم الحديث ٢٥٢١١)

قال شعيب الارنؤوط:حديث صحيح(حاشيه مسند احمد)

# (فصل نمبر 13)

# خزائن ومعادن کی فراوانی ہوجانے کا فتنہ

ہمیں ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے قیامت سے پہلے مال ودولت، اور خزائن ومعادن کی کثرت وبہتات ہوجانے اور اس کے نتیجہ میں دنیا میں مختلف فتنے رونما ہونے کی بھی پیش گوئی کرکے آ گاہ فرمادیا تھا، جس کی تفصیل ذکر کی جاتی ہے۔

## عمرو بن عوف انصاری رضی اللہ عنہ کی حدیث

امام بخاری نے حضرت عمرو بن عوف انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ أَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ الْجَرَّاحِ إِلَى الْبَحْرَيْنِ يَأْتِي بِجِزْيَتِهَا، وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ صَالَحَ أَهْلَ الْبَحْرَيْنِ، وَأَمَّرَ عَلَيْهِمُ الْعَلَاءَ بْنَ الْحَضْرَمِيِّ.

فَقَدِمَ أَبُو عُبَيْدَةَ بِمَالٍ مِنَ الْبَحْرَيْنِ، فَسَمِعَتِ الْأَنْصَارُ بِقُدُومِ أَبِي عُبَيْدَةَ، فَوَافَتْ صَلَاةَ الصُّبْحِ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا صَلّٰى بِهِمُ الْفَجْرَ انْصَرَفَ، فَتَعَرَّضُوا لَهُ، فَتَبَسَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ رَآهُمْ، وَقَالَ: أَظُنُّكُمْ قَدْ سَمِعْتُمْ أَنَّ أَبَا عُبَيْدَةَ قَدْ جَاءَ بِشَيْءٍ؟ قَالُوا: أَجَلْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ! قَالَ: فَأَبْشِرُوا وَأَمِّلُوا مَا يَسُرُّكُمْ، فَوَاللّٰهِ لَا الْفَقْرَ أَخْشٰى عَلَيْكُمْ، وَلٰكِنْ أَخْشٰى عَلَيْكُمْ أَنْ تُبْسَطَ عَلَيْكُمُ الدُّنْيَا كَمَا بُسِطَتْ عَلٰى مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ، فَتَنَافَسُوهَا كَمَا تَنَافَسُوهَا وَتُهْلِكَكُمْ كَمَا أَهْلَكَتْهُمْ (صحيح البخاری، رقم الحديث ٣١٥٨، كتاب الجزية، باب الجزية والموادعة مع أهل الحرب)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوعبیدہ بن جراح کو جزیہ (یعنی اس زمانہ میں غیر مسلموں سے لیا جانے والا مخصوص ٹیکس) لانے کے لیے بحرین کے علاقہ میں روانہ کیا، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بحرین کے باشندوں سے صلح کر کے ان کے اوپر علاء بن حضرمی کو امیر مقرر فرمادیا تھا۔

پس جب ابوعبیدہ بحرین سے مال لے کر آئے، تو انصار صحابہ نے ابوعبیدہ کے آنے کا سن لیا، پھر انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ فجر کی نماز پڑھی، پھر جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو نماز پڑھادی، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم لوٹ کر جانے لگے، تو انصار صحابہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے حاضر ہوئے، تو ان کو دیکھ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسکرائے اور فرمایا کہ میرے گمان میں تم نے سن لیا ہے کہ ابوعبیدہ کچھ لائے ہیں؟ انہوں نے عرض کیا کہ جی ہاں، اے اللہ کے رسول! اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم خوش ہو جاؤ، اور اس چیز کی امید رکھو، جو تمہیں خوش کرے گی (یعنی تمہیں مال ملے گا) پس اللہ کی قسم! مجھے تمہارے فقر کا خوف نہیں، لیکن مجھے اس چیز کا خوف ہے کہ تم پر زمین کو پھیلا دیا اور کشادہ کر دیا جائے گا، جس طرح تم سے پہلے لوگوں پر پھیلا دیا اور کشادہ کر دیا گیا تھا، اور پھر وہ ایک دوسرے کے ساتھ اس کی رغبت وحرص میں پڑ گئے تھے، تو تم بھی اسی طرح ایک دوسرے کے ساتھ اس کی رغبت وحرص میں پڑ و گے، اور اس کے نتیجہ میں وہ دنیا تم کو اسی طرح ہلاک کر دے گی، جس طرح اس نے ان پہلوں کو ہلاک کیا تھا (بخاری)

## عمرو بن عوف انصاری رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت

اور حضرت عمرو بن عوف انصاری رضی اللہ عنہ کی ایک روایت کے آخر میں ہے کہ:

قَالَ: فَأَبْشِرُوا وَأَمِّلُوا مَا يَسُرُّكُمْ، فَوَاللهِ مَا الْفَقْرَ أَخْشٰى عَلَيْكُمْ،

وَلٰكِنْ أَخْشٰى عَلَيْكُمْ أَنْ تُبْسَطَ عَلَيْكُمُ الدُّنْيَا، كَمَا بُسِطَتْ عَلٰى مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ، فَتَنَافَسُوْهَا كَمَا تَنَافَسُوْهَا، وَتُلْهِيَكُمْ كَمَا أَلْهَتْهُمْ

(صحيح البخارى، رقم الحديث ٦٤٢٥، كتاب الرقاق، باب ما يحذر من زهرة الدنيا والتنافس فيها)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پس تم خوش ہوجاؤ، اوراس چیز کی امید رکھو، جو تمہیں خوش کرے گی (یعنی تمہیں مال ملے گا) لیکن میں تم پر اس چیز کا خوف رکھتا ہوں کہ تم پر زمین کو پھیلا دیا اور کشادہ کردیا جائے گا، جس طرح تم سے پہلے لوگوں پر پھیلا دیا اور کشادہ کردیا گیا تھا، پھر تم ایک دوسرے کے ساتھ اس کی رغبت وحرص میں الجھ پڑوگے، جس طرح تم سے پہلے لوگ اسی طرح اس کی رغبت وحرص میں ایک دوسرے کے ساتھ الجھ پڑے تھے، اوراس کے نتیجہ میں وہ دنیا تم کو اسی طرح (آخرت سے) غافل کردے گی، جس طرح اس نے پہلے لوگوں کو (آخرت سے) غافل کیا تھا (بخاری)

آخرت سے غفلت بھی ہلاکت ہی ہے، کچھ اور نہیں، اس لئے دونوں روایتوں میں درحقیقت کوئی ٹکراؤ نہیں۔

## مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

یہ واقعہ حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ کی سند سے بھی مروی ہے۔ [1]

[1] عن المسور بن مخرمة قال: سمعت الأنصار أن أبا عبيدة قدم بمال من قبل البحرين، وكان النبى صلى الله عليه وسلم بعثه على البحرين، فوافق مع رسول الله صلى الله عليه وسلم صلاة الصبح، فلما انصرف رسول الله صلى الله عليه وسلم، تعرضوا، فلما رآهم، تبسم، وقال: " لعلكم سمعتم أن أبا عبيدة بن الجراح قدم وقدم بمال "قالوا: أجل يا رسول الله .قال: قال: " أبشروا وأملوا خيرا، فوالله ما الفقر أخشى عليكم، ولكن إذا صبت عليكم الدنيا، فتنافستموها كما تنافسها من كان قبلكم(مسند احمد،رقم الحديث ١٨٩١٦)

قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط الشيخين(حاشية مسند احمد)

معلوم ہوا کہ مال ودولت کی فراوانی، اس میں ایک دوسرے سے الجھنے، اور ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کی کوشش کرنے اور اس کے نتیجہ میں باہمی فسادات اور آخرت سے غفلت کا سبب ہے، جس کی پہلے ہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نشاندہی فرمادی تھی۔

## عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: إِذَا فُتِحَتْ عَلَيْكُمْ فَارِسُ وَالرُّوْمُ، أَيُّ قَوْمٍ أَنْتُمْ؟ قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ: نَقُوْلُ كَمَا أَمَرَنَا اللّٰهُ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَوْ غَيْرَ ذٰلِكَ، تَتَنَافَسُوْنَ، ثُمَّ تَتَحَاسَدُوْنَ، ثُمَّ تَتَدَابَرُوْنَ، ثُمَّ تَتَبَاغَضُوْنَ، أَوْ نَحْوَ ذٰلِكَ، ثُمَّ تَنْطَلِقُوْنَ فِيْ مَسَاكِيْنِ الْمُهَاجِرِيْنَ، فَتَجْعَلُوْنَ بَعْضَهُمْ عَلٰى رِقَابِ بَعْضٍ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٩٦٢ "٧" كتاب الزهد والرقائق)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم پر فارس اور روم فتح کردیے جائیں گے، اے میری قوم، تم کیسے ہوگے؟ اس پر عبدالرحمٰن بن عوف نے کہا کہ ہم وہی کریں گے، جس کا ہمیں اللہ نے حکم دیا ہے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ، یا اس کے علاوہ کچھ اور کروگے، پہلے تم ایک دوسرے کے ساتھ اس کی رغبت ومحبت میں پیش قدمی کرتے ہوئے الجھ پڑوگے، اس کے بعد تم آپس میں حسد کروگے، اس کے بعد تم ایک دوسرے سے اعراض (وقطع تعلق) کروگے، اس کے بعد تم ایک دوسرے سے بغض کروگے، یا اسی طرح کا رویہ اختیار کروگے، پھر تم مہاجرین کے گھروں میں چلے جاؤگے، پھر تم ان کے بعض کو، ان کے بعض کی گردنوں کے اوپر کردوگے (بعض مہاجرین کو امیر اور بعض کو ان کے ماتحت بنادوگے) (صحیح مسلم)

# عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت

اور صحیح ابنِ حبان میں حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،قَالَ:إِذَا فُتِحَتْ عَلَيْكُمْ خَزَائِنُ فَارِسَ وَالرُّوْمِ، أَيُّ قَوْمٍ أَنْتُمْ؟ قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ:نَكُوْنُ كَمَا أَمَرَنَا اللّٰهِ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:تَتَنَافَسُوْنَ، ثُمَّ تَتَحَاسَدُوْنَ، ثُمَّ تَتَدَابَرُوْنَ، ثُمَّ تَتَبَاغَضُوْنَ، ثُمَّ تَنْطَلِقُوْنَ إِلٰى مَسَاكِيْنِ الْمُهَاجِرِيْنَ، فَتَحْمِلُوْنَ بَعْضَهُمْ عَلٰى رِقَابِ بَعْضٍ (صحيح ابنِ حبان،رقم الحديث ٦٦٨٨،كتاب التاريخ،باب إخباره صلى الله عليه وسلم عما يكون فى أمته من الفتن والحوادث) [1]

ترجمہ:رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم پر فارس اور روم کے خزانے فتح کردیے جائیں گے،اے میری قوم،تم کیسے ہوگے؟اس پر عبدالرحمٰن بن عوف نے کہا کہ ہم اسی طرح ہوں گے،جس کا ہمیں اللہ نے حکم دیا ہے،تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پہلے تم ایک دوسرے کے ساتھ اس کی رغبت وحرص میں الجھ پڑوگے،اس کے بعد تم آپس میں حسد کروگے،اس کے بعد تم ایک دوسرے سے(مودت ومحبت ختم کرکے) اعراض(وقطع تعلقی) کروگے،اس کے بعد تم ایک دوسرے سے بغض کروگے،پھر تم مہاجرین کے گھروں میں چلے جاؤگے،پھر تم ان کے بعض کو،ان کے بعض کی گردنوں کے اوپر کردوگے(یعنی بعض مہاجرین کو سردار،اور بعض کو ان کے ماتحت بنادوگے،جس طرح اپنے مقصد کے لئے کسی کو بڑا بنا کر دوسروں کو قابو کیا جاتا ہے)(صحیح ابنِ حبان)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط:إسناده صحيح على شرط مسلم(حاشية صحيح ابنِ حبان)

اس سے معلوم ہوا کہ خزائن اور مال ودولت کی کثرت وفراوانی، ایک دوسرے سے آگے بڑھنے، اور پھر باہمی حسد وتحاسد کرنے، اور پھر ایک دوسرے سے محبت ومودت کو ختم کرکے اعراض وقطع تعلقی کرنے، اور پھر باہم بغض وتباغض کرنے، اور پھر ایک دوسرے پر ظلم کرنے کا باعث بنتی ہے، اور اس کی جڑ خزائن اور مال ودولت کی کثرت وفراوانی ہے، جو ان تمام قضیوں اور جھگڑوں کا باعث ہے، اور آج دنیا اسی فساد اور وبال سے دوچار ہے۔ [1]

## ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَلَسَ ذَاتَ يَوْمٍ عَلَى الْمِنبَرِ وَجَلَسْنَا حَوْلَهُ، فَقَالَ: إِنِّیْ مِمَّا أَخَافُ عَلَيْكُمْ مِنْ بَعْدِیْ، مَا يُفْتَحُ عَلَيْكُمْ مِنْ زَهْرَةِ الدُّنْيَا وَزِيْنَتِهَا (صحيح البخاری، رقم الحديث ۱۴۶۵، كتاب الزكاة، باب الصدقة على اليتامى)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن منبر پر تشریف فرما ہوئے، اور ہم بھی آپ کے اردگرد بیٹھ گئے، پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک مجھے تم پر جن چیزوں کا اپنے بعد خوف ہے، ان میں سے ایک یہ ہے کہ تم پر دنیا کی رونق اور اس کی زینت کو فتح کر دیا جائے گا (بخاری)

اس سے معلوم ہوا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے بعد امت پر زمین کی رونق اور اس کی زینت

---

[1] قال العلماء التنافس إلى الشیء المسابقة إليه وكراهة أخذ غيرك إياه وهو أول درجات الحسد وأما الحسد فهو تمنى زوال النعمة عن صاحبها والتدابر التقاطع وقد بقى مع التدابر شیء من المودة أو لايكون مودة لاوبغض.
وأما التباغض فهو بعد هذا ولهذا رتبت فی الحديث ثم ينطلقون فی مساكين المهاجرين أی ضعفائهم فيجعلون بعضهم أمراء على بعض هكذا فسروهقوله صلى الله عليه وسلم (شرح النووی علٰی مسلم، ج۱۸ ص ۹۶، ۹۷، كتاب الزهد)

فتح ہو جانے کا خوف تھا،اور ظاہر ہے کہ آپ کا خوف اس امت کے لئے فتنہ کا باعث ہونے کی دلیل ہے۔

## ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نَذْكُرُ الْفَقْرَ وَنَتَخَوَّفُهُ،فَقَالَ: آلْفَقْرَ تَخَافُوْنَ؟ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَتُصَبَّنَّ عَلَيْكُمُ الدُّنْيَا صَبًّا حَتّٰى لَا يُزِيْغَ قَلْبَ أَحَدِكُمْ إِزَاغَةً إِلَّا هِيَهْ، وَايْمُ اللّٰهِ لَقَدْ تَرَكْتُكُمْ عَلٰى مِثْلِ الْبَيْضَاءِ، لَيْلُهَا وَنَهَارُهَا سَوَاءٌ** (سنن ابن ماجه،رقم الحديث ۵ ،أبواب السنة ،باب اتباع سنة رسول الله صلى الله عليه وسلم) [1]

ترجمہ: ہمارے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے، اور ہم فقر وتنگدستی کا ذکر کر رہے تھے، اور اس سے ڈر رہے تھے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تم فقر وتنگدستی سے ڈرتے ہو؟ قسم ہے اس ذات کی، جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، ضرور بالضرور تم پر دنیا بہادی جائے گی، یہاں تک کہ تم میں سے کسی کا دل بھی ٹیڑھا نہیں ہوگا، مگر اسی (دنیا) کی وجہ سے، اور اللہ کی قسم میں تم کو سفید روشن حالت پر چھوڑ کر جا رہا ہوں، جس کے دن اور رات برابر ہیں (یعنی میں تم کو سب باتیں دن کی روشنی واجالے کی طرح بتلا کر جا رہا ہوں، جس کی کوئی بات بھی رات کے اندھیرے کی طرح نہیں، اس کے بعد تمہارا راستہ سے ہٹنا اپنی کوتاہی کہلائے گا) (ابنِ ماجہ)

معلوم ہوا کہ دنیا اور اس کی دولت کی فراوانی کے بعد مسلمانوں کے دلوں میں کجی، یعنی آخرت

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن(حاشية سنن ابنِ ماجه)

سے غفلت، اور باہمی جنگ وجدل کا سبب صرف یہی مال ودولت کی فراوانی ہوگی، جیسا کہ آج یہی صورتِ حال ہے۔

## عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عقبہ بن عامر جہنی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ يَوْمًا، فَصَلّٰى عَلٰى أَهْلِ أُحُدٍ صَلَاتَهُ عَلَى الْمَيِّتِ، ثُمَّ انْصَرَفَ إِلَى الْمِنْبَرِ، فَقَالَ: إِنِّيْ فَرَطٌ لَكُمْ، وَأَنَا شَهِيْدٌ عَلَيْكُمْ، وَإِنِّيْ وَاللّٰهِ لَأَنْظُرُ إِلٰى حَوْضِيَ الْآنَ، وَإِنِّيْ أُعْطِيْتُ مَفَاتِيْحَ خَزَائِنِ الْأَرْضِ، أَوْ مَفَاتِيْحَ الْأَرْضِ، وَإِنِّيْ وَاللّٰهِ مَا أَخَافُ عَلَيْكُمْ أَنْ تُشْرِكُوْا بَعْدِيْ، وَلٰكِنْ أَخَافُ عَلَيْكُمْ أَنْ تَنَافَسُوْا فِيْهَا** (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۱۳۴۴، کتاب الجنائز، باب الصلاۃ علی الشہید)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن تشریف لائے، پھر شہدائے احد پر ایسے نماز پڑھی، جیسے جنازے پر نماز پڑھتے تھے (یہ غزوہ احد کا موقع نہیں، بلکہ بعد کا ہے) پھر اس کے بعد منبر پر آکر فرمایا کہ بے شک میں (بروز قیامت) تمہارے اوپر پیش ہوں گا، اور میں تمہارے اوپر گواہ ہوں گا، اور بے شک میں اس وقت اپنی حوض کو دیکھ رہا ہوں، اور بے شک مجھے زمین کے خزانوں کی کنجیاں عطاء کی گئیں، یا زمین کی کنجیاں عطاء کی گئیں، اور بے شک میں اللہ کی قسم تم پر اپنے بعد شرک کا خوف نہیں رکھتا، بلکہ تم پر یہ خوف رکھتا ہوں کہ تم اس (زمین کے مال ودولت اور خزانوں) میں ایک دوسرے کے مقابلہ میں رغبت (وحرص) کروگے (بخاری)

اور حضرت عقبہ کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں:

**إِنِّيْ لَسْتُ أَخْشٰى عَلَيْكُمْ أَنْ تُشْرِكُوْا بَعْدِيْ، وَلٰكِنِّيْ أَخْشٰى**

عَلَيْكُمُ الدُّنْيَا أَنْ تَنَافَسُوا فِيهَا، وَتَقْتَتِلُوا، فَتَهْلِكُوا، كَمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٢٩٦ "٣١" كتاب الفضائل، باب إثبات حوض نبينا صلى الله عليه وسلم وصفاته)

ترجمہ: بے شک میں تم پر اپنے بعد شرک کا خوف نہیں رکھتا، لیکن تم پر دنیا کا خوف رکھتا ہوں کہ تم اس میں ایک دوسرے کے مقابلہ میں رغبت (وحرص) کروگے، اور آپس میں قتل وقتال کروگے، پھر تم اسی طرح ہلاک ہوجاؤگے، جس طرح تم سے پہلے لوگ ہلاک ہوئے تھے (مسلم)

معلوم ہوا کہ مال ودولت کی فراوانی، حرص وطمع کا باعث ہے، جو پھر اگلے کئی مفاسد اور دنیا میں قتل وقتال، اور ہلاکت کا باعث ہے۔

## عوف بن مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ فِي أَصْحَابِهِ ،فَقَالَ: اَلْفَقْرَ تَخَافُونَ، أَوِ الْعَوَزَ، أَوَ تُهِمُّكُمُ الدُّنْيَا؟ فَإِنَّ اللّٰهَ فَاتِحٌ لَكُمْ أَرْضَ فَارِسَ وَالرُّومِ، وَتُصَبُّ عَلَيْكُمُ الدُّنْيَا صَبًّا، حَتّٰى لَا يُزِيغُكُمْ بَعْدِي إِنْ أَزَاغَكُمْ إِلَّا هِيَ (مسند احمد، رقم الحديث ٢٣٩٨٢) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ کے درمیان کھڑے ہوئے، پھر فرمایا کہ تم فقر، یا تنگدستی سے ڈرتے ہو؟ کیا تم دنیا کو اہمیت دیتے ہو؟ پس بے شک اللہ تمہارے لئے فارس اور روم کی زمین فتح کرنے والا ہے، اور تم پر دنیا پوری طرح انڈیل دی جائے گی، حتیٰ کہ تمہیں میرے بعد کوئی چیز ٹیڑھا نہ کرسکے گی

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حسن لغيره (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

اگر کوئی چیز ٹیڑھا کرے گی،تو وہ یہی دنیا ہوگی (مسند احمد)

معلوم ہوا کہ دنیا اور اس کی دولت کی فراوانی کے بعد مسلمانوں کے دلوں میں کجی، یعنی آخرت سے غفلت،اور باہمی جنگ وجدل کا سبب یہی دنیا کا مال ودولت ہے،اسی نے مسلمانوں کے اندر کجی پیدا کی ہے۔

## عوف بن مالک رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ وَهُوَ فِيْ قُبَّةٍ مِنْ أَدَمٍ، فَقَالَ:اُعْدُدْ سِتًّا بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ:مَوْتِي، ثُمَّ فَتْحُ بَيْتِ الْمَقْدِسِ، ثُمَّ مُوْتَانٌ يَأْخُذُ فِيْكُمْ كَقُعَاصِ الْغَنَمِ، ثُمَّ اِسْتِفَاضَةُ الْمَالِ حَتّٰى يُعْطَى الرَّجُلُ مِائَةَ دِيْنَارٍ فَيَظَلُّ سَاخِطًا، ثُمَّ فِتْنَةٌ لَا يَبْقٰى بَيْتٌ مِنَ الْعَرَبِ إِلَّا دَخَلَتْهُ، ثُمَّ هُدْنَةٌ تَكُوْنُ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ بَنِي الْأَصْفَرِ، فَيَغْدِرُوْنَ فَيَأْتُوْنَكُمْ تَحْتَ ثَمَانِيْنَ غَايَةً، تَحْتَ كُلِّ غَايَةٍ اِثْنَا عَشَرَ أَلْفًا (صحیح البخاری،رقم الحدیث ۳۱۷۶، کتاب الجزية، باب ما يحذر من الغدر)

ترجمہ:میں غزوہ تبوک میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوا،اور آپ اس وقت چمڑے کے ایک خیمہ میں تشریف فرما تھے،آپ نے فرمایا کہ یاد رکھو! قیامت قائم ہونے سے پہلے چھ باتیں شمار کرلو۔

ایک تو میری موت،پھر بیت المقدس کی فتح،پھر اچانک سے موت آنے کی وباء، جو تم میں اس طرح پھیلے گی،جس طرح بکریوں میں یکا یک مرنے کی بیماری پھیل جاتی ہے۔

پھر مال کی کثرت، اتنی ہوگی کہ اگر کسی کے پاس سو دینار کے بقدر سونا (یعنی

ساڑھے سینتیس تولہ سونا، یا اتنی مالیت کا مال) ہوگا، تب بھی وہ ناخوش ہوگا۔

پھر فتنہ کی بیماری، جس سے عرب کا کوئی گھر نہیں بچے گا۔

پھر صلح ہوگی، جو تم مسلمانوں اور بنواصغر (یعنی رومیوں) کے درمیان ہوگی، پھر وہ اس صلح سے پھر جائیں گے اور تمہارے مقابلہ کے لئے اسّی (۸۰) جھنڈے لئے ہوئے آئیں گے اور ان کے ہر ایک جھنڈے کے نیچے بارہ ہزار آدمی ہوں گے (بخاری)

معلوم ہوا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس امت میں مال کی کثرت وفراوانی کی پیش گوئی فرمادی تھی، اور اس پر مرتب ہونے والے فتنوں سے بھی آگاہ فرمادیا تھا۔

## معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سِتٌّ مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ: مَوْتِي، وَفَتْحُ بَيْتِ الْمَقْدِسِ، وَمَوْتٌ يَأْخُذُ فِي النَّاسِ كَقُعَاصِ الْغَنَمِ، وَفِتْنَةٌ يَدْخُلُ حَرْبُهَا بَيْتَ كُلِّ مُسْلِمٍ، وَأَنْ يُعْطَى الرَّجُلُ أَلْفَ دِيْنَارٍ فَيَتَسَخَّطَهَا، وَأَنْ تَغْدِرَ الرُّوْمُ فَيَسِيْرُوْنَ فِي ثَمَانِيْنَ بَنْدًا، تَحْتَ كُلِّ بَنْدٍ اِثْنَا عَشَرَ أَلْفًا (مسند احمد، رقم الحديث ۲۱۹۹۲) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ چھ چیزیں قیامت کی نشانیوں میں سے ہیں۔

ایک تو میری موت، دوسرے بیت المقدس کی فتح، تیسرے اچانک سے موت آنے کی وباء، جو تم میں اس طرح پھیلے گی، جس طرح بکریوں میں یکا یک مرنے

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

کی بیماری پھیل جاتی ہے۔

چوتھے فتنہ،جس کی جنگ ہر مسلم کے گھر میں داخل ہو جائے گی۔

پانچویں آدمی کو سو دینار (یعنی ساڑھے سینتیس تولہ) سونا حاصل ہوگا،لیکن وہ ناخوش ہوگا۔

چھٹے رومیوں کی طرف سے دھوکا ہوگا،پھر وہ اسی (۸۰) جھنڈوں کے ساتھ مسلمانوں مقابلہ میں آئیں گے اوران کے ہرایک جھنڈے کے نیچے بارہ ہزار آدمی ہوں گے(مسنداحمد)

اس حدیث میں بھی مال کی کثرت کے باوجود ناخوش ہونا،فتنہ کی علامت ہے،جو مزید کئی فتنوں کا سبب ہے،جیسا کہ گذرا۔

## ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيه وَسَلَّمَ:إِنَّهَا سَتُفْتَحُ عَلَيْكُمُ الدُّنْيَا حَتّٰى تُنَجِّدُوْا بُيُوْتَكُمْ كَمَا تُنَجَّدُ الْكَعْبَةُ ،قُلْنَا:وَنَحْنُ عَلٰى دِيْنِنَا الْيَوْمَ قَالَ:وَأَنْتُمْ عَلٰى دِيْنِكُمُ الْيَوْمَ،قُلْنَا:فَنَحْنُ يَوْمَئِذٍ خَيْرٌ أَمِ الْيَوْمَ ؟قَالَ: بَلْ أَنْتُمُ الْيَوْمَ خَيْرٌ(مسند البزار،رقم الحديث ۴۲۲۷،مسند أبی جحيفة رضی الله عنه،المعجم الكبير للطبرانی، ج۲۲ص۱۰۸،رقم الحديث ۲۷۰) [1]

---

[1] قال الهيثمی:

رواه البزار، ورجاله رجال الصحيح غير عبد الجبار بن العباس الشبامی، وهو ثقة (مجمع الزوائد،تحت رقم الحديث ۱۸۲۸۰،باب فی عيش رسول الله صلى الله عليه وسلم والسلف)

وقال الهيثمی:

رواه الطبرانی، ورجاله ثقات(مجمع الزوائد،تحت رقم الحديث ۱۴۰۷۹،باب إخباره صلى الله عليه وسلم بالمغيبات)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک عنقریب تم پر دنیا فتح کردی جائے گی، یہاں تک کہ تم اپنے گھروں کی اس طرح زیب وزینت کروگے، جس طرح کعبہ کی زیب وزینت کی جاتی ہے، ہم نے عرض کیا کہ کیا ہم اپنے آج والے دین پر ہی ہوں گے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک تم اپنے آج والے دین پر ہی ہوگے، ہم نے عرض کیا کہ پھر ہم اس وقت بہتر ہوں گے، یا آج کے دن بہتر ہیں؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بلکہ تم آج کے دن بہتر ہو (بزار، طبرانی)

اس حدیث میں صاف تصریح ہے کہ مال کی فراوانی کا دور اچھا نہیں ہوگا، اور اس پر فتنوں کے مرتب ہونے کا پہلے احادیث میں تذکرہ گذر چکا ہے۔ [1]

## عمرو بن تغلب رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عمرو بن تغلب سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ أَنْ يَّفْشُوَ الْمَالُ وَيَكْثُرَ، وَتَفْشُوَ التِّجَارَةُ، وَيَظْهَرَ الْعِلْمُ، وَيَبِيْعَ الرَّجُلُ الْبَيْعَ فَيَقُوْلَ: لَا حَتّٰى أَسْتَأْمِرَ تَاجِرَ بَنِىْ فُلَانٍ، وَيُلْتَمَسَ فِى الْحَيِّ الْعَظِيْمِ الْكَاتِبُ فَلَا يُوْجَدُ (سنن النسائی، رقم الحديث ۴۴۵۶، كتاب البيوع، باب التجارة)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے قریب ہونے کی

---

[1] (ستفتح عليكم الدنيا حتى تنجدوا بيوتكم) أى تزينوها والتنجيد التزيين (كما تنجد الكعبة فأنتم اليوم خير من يومئذ) هذا إشارة إلى فضل مقام الورع وهو المرتبة الثالثة من مراتبه الأربعة المارة وهو ورع المتقين الذى هو ترك ما لا تحرمه الفتوى ولا شبهة فى حله لكن يخاف أداؤه لمحرم أو مكروه (فيض القدير شرح الجامع الصغير، ج۴ص۹۸، تحت رقم الحديث ۴۶۶۷، حرف السين)

علامات میں سے یہ ہے کہ مال پھیل جائے گا،اوراس کی کثرت و بہتات ہو جائے گی،اورتجارت عام ہوجائے گی،اورعلم ظاہر ہو جائے گا،اورآدمی کسی سودے کی خریداری کرنے لگے گا،تو رُک جائے گا کہ پہلے فلاں قوم کے تاجرودوکاندار سے مشورہ کرلوں(یعنی تاجروں کی کثرت ہوگی)اور بہت بڑی قوم(وجماعت)میں کاتب ومنشی(حساب کتاب لکھنے کا ماہر)ڈھونڈے سے بھی نہیں ملے گا(نسائی)

اورعمرو بن تغلب رضی اللہ عنہ سے امام حاکم نے اس طرح روایت کیا ہے:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:إِنَّ مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ أَنْ يَّفِيْضَ الْمَالُ، وَيَكْثُرَ الْجَهْلُ، وَتَظْهَرَ الْفِتَنُ، وَتَفْشُوَ التِّجَارَةُ(المستدرک للحاکم،رقم الحدیث ۲۱۴۷، کتاب البیوع)[1]

ترجمہ:رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک قیامت کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ مال بہہ پڑے گا،اور جہالت زیادہ ہوجائے گی،اورمختلف فتنے ظاہر ہوجائیں گے،اورتجارت پھیل جائے گی(حاکم)

اس حدیث میں قیامت کی علامات میں مال کی کثرت وفراوانی کا صاف ذکر ہے۔

اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ مال اورتجارت عام ہونے کے باوجود جہالت عام ہوگی، بڑے بڑے مال داراورتاجرلوگ علم سے بے بہرہ اورکورے ہوں گے،اورحساب کتاب سے بھی واقف نہ ہوں گے۔

اورآج ایسے لوگوں کی کمی نہیں جوعلم سے کورے ہیں،اوراُن کے پاس مال ودولت کی فراوانی ہے،اور دوحروف لکھنا نہیں جانتے،اور بے شک آج کل مشینی طریقوں پر حساب کتاب ہوجاتا ہے،مگرمشینوں کے بغیرحساب کتاب جاننے والوں کی آج بھی کمی ہے۔

---

[1] قال الحاكم:هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه وإسناده على شرطهما صحيح إلا أن عمرو بن تغلب ليس له راو غير الحسن.
وقال الذهبي:على شرط البخاري ومسلم.

# بنو سلیم کے صحابی کی حدیث

بنو سلیم کے ایک صحابی سے روایت ہے کہ:

**أَنَّهُ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِفِضَّةٍ، فَقَالَ: هٰذِهِ مِنْ مَعْدِنٍ لَنَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَتَكُوْنُ مَعَادِنُ يُحْضِرُهَا شِرَارُ النَّاسِ** (مسند احمد، رقم الحديث ٢٣٦٤٥، حديث رجل من بنى سليم) [1]

ترجمہ: وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس چاندی لے کر حاضر ہوئے، اور عرض کیا کہ یہ ہمارا معدنی خزانہ ہے، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عنقریب معدنیات کے خزانے رونما ہوں گے، جن کے پاس شریر ترین لوگ حاضر ہوں گے (مسند احمد)

# ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث

اور حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**أُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقِطْعَةٍ مِنْ ذَهَبٍ، وَكَانَتْ أَوَّلَ**

---

[1] قال شعيب الارنؤوط:

حسن لغيره، وهذا إسناد ضعيف لإبهام الرجل من بنى سُلَيم وجدّه، وباقى رجال الإسناد ثقات رجال الشيخين .عبد الرحمن :هو ابن مهدى، وسفيان :هو الثورى .وقد تفرد به الإمام أحمد من هذا الطريق.

وأخرجه الطبرانى فى "الصغير "(426) ، وفى "الأوسط "(3556) ، والخطيب فى "تاريخ بغداد 8/246-247 "من طريق سُعَير بن الخِمْس، عن زيد بن أسلم، عن ابن عمر، بنحوه .والطريق إلى زيد بن أسلم فى حديث ابن عمر ليس بقوة الطريق إليه فى رواية المصنف.

وله شاهد عن أبى هريرة عن أبى يعلى (6421) ، وفى إسناده أبو الجهم القواس عن أبى هريرة، وهو مجهول.

وآخر عن عبد الله بن عمرو موقوفاً عند الحاكم 4/458، وصحح إسناده ووافقه الذهبى، وفى إسناده إبراهيم بن حسين، ولم نتبيّنه.(حاشية مسند احمد)

صَدَقَةٍ جَاءَ تْهُ مِنْ مَعْدِنٍ فَقَالَ: مَا هٰذِهِ؟ قَالُوا: صَدَقَةٌ مِنْ مَعْدِنٍ لَنَا فَقَالَ: إِنَّهَا سَتَكُونُ مَعَادِنُ، وَسَيَكُونُ فِيهَا شِرَارُ خَلْقِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

(المعجم الاوسط، للطبرانی، رقم الحديث ۳۵۳۲) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سونے کا ایک ٹکڑا لایا گیا، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آنے والا یہ سب سے پہلا معدنی صدقہ تھا، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ کیا ہے؟ لوگوں نے کہا کہ ہمارے معدن کا صدقہ ہے، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عنقریب معدنیات کے خزانے رونما ہوں گے، جن کے پاس اللہ عزوجل کی شریر ترین مخلوق حاضر ہوگی (طبرانی)

اس طرح کی حدیث الفاظ کے فرق کے ساتھ ایک اور سند سے بھی مروی ہے۔ [2]

آج پوری دنیا میں شریر ترین لوگوں کی نظریں زمین کے معدنیات پر ہیں، جن کی خاطر ان کی افواج بھی کوئی بہانہ کر کے ان علاقوں پر قابض ہوتی، اور معدنیات کی خاطر جنگیں تک کرتی ہیں، جس کے کئی مناظر سامنے آچکے ہیں۔

---

[1] قال الهيثمی: رواه الطبرانی فی الصغير والأوسط، ورجاله رجال الصحيح (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۴۴۱۹، باب فی الركاز والمعادن)

[2] حدثنا عمرو بن الضحاك، حدثنا أبی، أخبرنا عبد الحميد بن جعفر قال: سمعت أبا الجهم القواس، يحدث أبی، – وكان رجلا فارسيا ثقيل اللسان وكان من أصحاب أبی هريرة – قال: سمعت أبا هريرة يقول: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: يظهر معدن فی أرض بنی سليم، يقال له فرعون أو فرعان، – وذلك بلسان أبی الجهم قريب من السواء – يخرج إليه شرار الناس – أو يحشر إليه شرار الناس – (مسند ابی يعلیٰ الموصلی، رقم الحديث ۶۴۲۱، مسند ابی هريرة)

قال الهيثمی:

رواه أبو يعلى، ورجاله ثقات (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۴۴۱۶، باب فی الركاز والمعادن)

وقال الالبانی:

وجملة القول أن الحديث صحيح بشاهديه المذكورين (سلسلة الأحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ۱۸۸۵)

## ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَعُوْدَ أَرْضُ الْعَرَبِ مُرُوْجًا وَّأَنْهَارًا، وَحَتّٰى يَسِيْرَ الرَّاكِبُ بَيْنَ الْعِرَاقِ وَمَكَّةَ، لَا يَخَافُ إِلَّا ضَلَالَ الطَّرِيْقِ، وَحَتّٰى يَكْثُرَ الْهَرْجُ، قَالُوْا: وَمَا الْهَرْجُ؟ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: اَلْقَتْلُ** (مسند احمد، رقم الحديث ۸۸۳۳) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک سرزمینِ عرب، سبزہ زاروں اور نہروں کی طرف عود نہ کرآئے اور جب تک ایک سوار عراق اور مکہ کے درمیان سفر کرے اور اس سفر میں سوائے راہ بھٹکنے کے کوئی اور اندیشہ نہ ہو، اور جب تک کہ ہرج کی کثرت نہ ہوجائے، صحابہ رضی اللہ عنہم نے معلوم کیا کہ ہرج سے کیا مراد ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قتل (مسند احمد)

اس حدیث میں سرزمینِ عرب میں سبزہ زاروں، اور درنہروں کے ہونے کا ذکر ہے، آج کے زمانہ میں اس صورتِ حال کا بکثرت مشاہدہ ہورہا ہے، اور جس زمانہ میں یہ پیش گوئی سنائی گئی تھی، اس وقت اس صورتِ حال کا نام ونشان تک نہ تھا۔

اور آج سفر کے جو جہاز، اور دوسرے ذرائع ہیں، ان میں لمبے سفر بآسانی طے ہوتے ہیں، جن میں راستہ بھٹکنے کا ہی خوف ہوتا ہے، باقی راستے پوری طرح مامون ومحفوظ ہوچکے ہیں، جن پر رات دن بآسانی سفر کئے جاتے ہیں، بلکہ ہمہ وقت راستے رواں دواں ہیں۔

## ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَكْثُرَ الْمَالُ وَيَفِيْضَ، حَتّٰى يَخْرُجَ الرَّجُلُ بِزَكَاةِ مَالِهِ فَلَا يَجِدُ أَحَدًا يَقْبَلُهَا مِنْهُ، وَحَتّٰى تَعُوْدَ أَرْضُ الْعَرَبِ مُرُوْجًا وَّأَنْهَارًا (صحيح مسلم، رقم الحديث ١٥٧ "٦٠" كتاب الزكاة، باب الترغيب في الصدقة قبل أن لا يوجد من يقبلها)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک مال کی کثرت نہ ہوجائے، اور مال بہہ نہ پڑے، یہاں تک کہ ایک آدمی اپنے مال کی زکاۃ نکالے گا، لیکن وہ اس کو قبول کرنے والا نہیں پائے گا، اور یہاں تک کہ عرب کی زمین میں بڑے پیمانہ پر سبزہ، اور نہریں نہ ہوجائیں (صحیح مسلم)

اس حدیث میں ایسے زمانہ کی حالت سے بھی خبردار کردیا گیا ہے، جب مال ودولت کی فراوانی اس حد تک ہوجائے گی کہ زکاۃ قبول کرنے والا بھی نہ ملے گا، یہ حالت بھی آئندہ پیش آنے والی ہے۔

## ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَقِيْءُ الْأَرْضُ أَفْلَاذَ كَبِدِهَا، أَمْثَالَ الْأُسْطُوَانِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ، فَيَجِيْءُ الْقَاتِلُ فَيَقُوْلُ: فِيْ هٰذَا قَتَلْتُ، وَيَجِيْءُ الْقَاطِعُ فَيَقُوْلُ: فِيْ هٰذَا قَطَعْتُ رَحِمِيْ، وَيَجِيْءُ السَّارِقُ فَيَقُوْلُ: فِيْ هٰذَا قُطِعَتْ يَدِيْ، ثُمَّ يَدَعُوْنَهُ فَلَا يَأْخُذُوْنَ مِنْهُ شَيْئًا (صحيح مسلم، رقم الحديث ١٠١٣ "٦٢" كتاب الزكاة، باب الترغيب في الصدقة قبل أن لا يوجد من يقبلها)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ زمین اپنے جگر کے ٹکڑے اُگل ڈالے گی (یعنی زمین شق ہوکراس کے پوشیدہ دفینے وخزینے ظاہر ہو جائیں گے) سونے اور چاندی کے بڑے بڑے ستونوں کی صورت میں (یہ زمین کے مدفون خزانے ظاہر ہوکر سطح زمین پر پڑے ہوں گے) پس قاتل آئے گا اور (یہ خزانے دیکھ کر جن کی اُس وقت کوئی اہمیت نہ ہوگی حسرت سے) کہے گا کہ اس کی وجہ سے میں نے قتل اور خونریزی کی، اور قطع رحمی کرنے والا آئے گا اور (یہ بے مول خزانے دیکھ کر حسرت سے) کہے گا کہ اس مال کی وجہ سے میں نے (رشتے ناطے پامال کئے اور) قطع رحمی کی؛ اور چور آئے گا اور کہے گا کہ ان (خزانوں اور دنیا کے اس حقیر مال) کی وجہ سے میں نے اپنا ہاتھ کٹوایا، پھر لوگ ان خزانوں کے سمیٹنے کے لئے بلائیں گے، تو لوگ اس میں سے کچھ نہ لیں گے (لے کر بھی کیا کریں گے کہ جب ہر طرف سونے و چاندی کے وہ ٹکڑے رُل رہے ہوں گے، تو ان کی خرید و فروخت و کاروبار تو ٹھنڈا ہو جائے گا اور چاٹنے اور بھوک مٹانے کے کام کے تو وہ ہیں نہیں) (صحیح مسلم)

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ایک روایت میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ان الفاظ میں مروی ہے کہ:

وَتَقِيءُ الْأَرْضُ أَفْلَاذَ كَبِدِهَا مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ، وَلَا يُنْتَفَعُ بِهَا بَعْدَ ذٰلِكَ الْيَوْمِ، فَيَمُرُّ بِهَا الرَّجُلُ فَيَضْرِبُهَا بِرِجْلِهِ وَيَقُولُ: فِيْ هٰذِهِ كَانَ يُقْتَلُ قَبْلَنَا، وَأَصْبَحَتِ الْيَوْمَ لَا يُنْتَفَعُ بِهَا (موارد الظمآن، الیٰ زوائد ابن حبان. رقم الحديث ۱۹۱۵، کتاب الفتن، باب قبض روح کل مؤمن، ورفع القرآن) [1]

ترجمہ: اور زمین اپنے جگر کے سونے، چاندی کے ٹکڑے اُگل ڈالے گی، اور اس

[1] قال حسين سليم أسد الدّاراني : إسناده جيد (حاشية موارد الظمآن)

www.idaraghufran.org

دن کے بعد اس سے کوئی فائدہ نہیں اٹھائے گا، پھر ایک آدمی سونے چاندی کے ان ٹکڑوں کے پاس سے گذرتا ہوا، ان کو پاؤں سے ٹھوکر مارے گا، اور کہے گا کہ ان کی وجہ سے ہم سے پہلے لوگوں میں قتل وقتال ہوتا تھا، اور آج یہ حالت ہو چکی ہے کہ ان سے کوئی بھی فائدہ نہیں اٹھا رہا (موارد)

## ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی چوتھی حدیث

صحیح بخاری میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُوشِكُ الْفُرَاتُ أَنْ يَّحْسِرَ عَنْ كَنْزٍ مِنْ ذَهَبٍ، فَمَنْ حَضَرَهُ فَلَا يَأْخُذْ مِنْهُ شَيْئًا** (صحيح البخاری، رقم الحديث ۷۱۱۹، كتاب الفتن، باب خروج النار)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قریب ہے کہ فرات نہر سونے کے خزانہ کو ظاہر کر دے، پس جو شخص وہاں حاضر ہو، تو اس خزانہ سے کچھ نہ لے (بخاری)

اور صحیح مسلم میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَحْسِرَ الْفُرَاتُ عَنْ جَبَلٍ مِنْ ذَهَبٍ، يَقْتَتِلُ النَّاسُ عَلَيْهِ، فَيُقْتَلُ مِنْ كُلِّ مِائَةٍ، تِسْعَةٌ وَّتِسْعُوْنَ، وَيَقُوْلُ كُلُّ رَجُلٍ مِنْهُمْ: لَعَلِّيْ أَكُوْنُ أَنَا الَّذِيْ أَنْجُوْ** (صحيح مسلم، رقم الحديث ۲۸۹۴ "۲۹" كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب لا تقوم الساعة حتى يحسر الفرات عن جبل من ذهب)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک نہرِ فرات سونے کے پہاڑ کو ظاہر نہ کر دے، جس پر لوگ ایک

دوسرے سے قتال کریں گے، پھر ہر سو افراد میں سے ننانوے افراد قتل ہو جائیں گے، اور ان سو میں سے ہر ایک یہ کہے گا کہ شاید میں نجات پالوں گا (یعنی میں قتل نہیں ہوں گا) (مسلم)

## عبداللہ بن حارث رضی اللہ عنہ کی حدیث

نیز صحیح مسلم میں ہی حضرت عبداللہ بن حارث بن نوفل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كُنتُ وَاقِفًا مَعَ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، فَقَالَ: لَا يَزَالُ النَّاسُ مُخْتَلِفَةً أَعْنَاقُهُمْ فِي طَلَبِ الدُّنْيَا، قُلْتُ: أَجَلْ، قَالَ: إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: يُوشِكُ الْفُرَاتُ أَنْ يَّحْسِرَ عَنْ جَبَلٍ مِنْ ذَهَبٍ، فَإِذَا سَمِعَ بِهِ النَّاسُ سَارُوا إِلَيْهِ، فَيَقُولُ مَنْ عِنْدَهُ: لَئِنْ تَرَكْنَا النَّاسَ يَأْخُذُونَ مِنْهُ لَيُذْهَبَنَّ بِهِ كُلِّهِ، قَالَ: فَيَقْتَتِلُونَ عَلَيْهِ، فَيُقْتَلُ مِنْ كُلِّ مِائَةٍ تِسْعَةٌ وَّتِسْعُونَ (صحيح مسلم، رقم الحديث ۲۸۹۴ "۳۲" كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب لا تقوم الساعة حتى يحسر الفرات عن جبل من ذهب)

ترجمہ: میں ابی بن کعب کے پاس کھڑا ہوا تھا، تو انہوں نے فرمایا کہ لوگ برابر دنیا کی طلب میں اپنی گردنوں کو مختلف رکھیں گے (یعنی مال کی طلب میں ایک دوسرے سے اختلاف کریں گے) میں نے کہا کہ بالکل، بے شک میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ قریب ہے کہ نہرِ فرات سونے کے پہاڑ کو ظاہر کردے، پھر جب لوگ اس کی خبر سنیں گے، تو اس کی طرف جائیں گے، اور اس کے پاس کھڑا ہوا شخص کہے گا کہ اگر ہم نے لوگوں کو اسی طرح چھوڑ دیا، تو وہ ضرور یہ سب خزانہ لے جائیں گے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پھر لوگ اس سونے کے اوپر باہم قتال کریں گے، اور ہر سو میں ننانوے

افراد قتل ہو جائیں گے (مسلم)

یہ حالات بھی قیامت سے قبل پیش آئیں گے،جن میں مختلف مقامات اور نہروں سے، بطور خاص فرات نہر سے سونا برآمد ہوگا،اوراس کو حاصل کرنے کی خاطر گھمسان کی لڑائی ہوگی،اور بے شمار افراد اس کی خاطر قتل ہو جائیں گے۔

پھر ایک وقت آئے گا کہ زمین اپنے خزانوں کو اگل دے گی،جس سے دنیا میں ان خزائن کی خاطر فتنے وفسادات رونما ہونے والے واقعات کی حقیقت کھل جائے گی،جیسا کہ انسانی فضلات کی حالت ہوتی ہے کہ کھانا، کھاتے وقت لذیذ،اور باعثِ رغبت ہوتا ہے،اور نکلتے وقت قابلِ نفرت وکراہیت ہوتا ہے۔

خلاصہ یہ کہ قیامت سے پہلے مال ودولت اور خزائن ومعادن کی بہتات ہوگی،اور وہ مختلف فتنوں وفسادات کا باعث ہوگی،جس کی وجہ سے آپس میں حسد، بغض وعداوت جیسے اخلاقِ بد جنم لیں گے،اور لڑائی جھگڑوں کا بازار گرم ہوگا،اور یہ جھگڑے وسیع پیمانہ پر پھیل پڑیں گے،جس کا آج دنیا کے ہر خطے میں مشاہدہ ہو رہا ہے۔

اللہ تعالیٰ حفاظت فرمائے۔آمین۔

وَاللّٰہُ سُبۡحَانَہٗ وَتَعَالٰی اَعۡلَمُ وَعِلۡمُہٗ اَتَمُّ وَاَحۡکَمُ.

# (فصل نمبر 14)

# کثرتِ عمارات وتجارات کا فتنہ

قیامت سے پہلے دنیا سے رغبت ومحبت اور اس کی حرص وطمع، اور مال کی فراوانی وکثرت کا ایک اثر یہ ظاہر ہوگا کہ تجارتوں اور عمارتوں کا سلسلہ ترقی پکڑ جائے گا، عمارتیں، دور دراز علاقوں تک پھیل جائیں گی، اور بلند وبالا اونچی بھی ہو جائیں گی، دیہاتی اور ان پڑھ، گنوار قسم کے جانور چرانے والے بھی اس میں پیش پیش ہوں گے، جن کے بارے میں کبھی تصور بھی نہیں کیا جاسکتا تھا، اور اسی کے ساتھ، تجارت کا دائرہ بہت پھیل جائے گا، اس میں عورت بھی اعانت کے لئے پیش پیش ہوگی۔

اس سلسلہ میں تفصیل ملاحظہ فرمائیے۔

## ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ایک لمبی حدیث میں قیامت قائم ہونے سے پہلے کی علامات کا ذکر کرتے ہوئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ:

وَحَتّٰی یَتَطَاوَلَ النَّاسُ فِی الْبُنْیَانِ (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۷۱۲۱، کتاب الفتن، باب بلا ترجمة بعد باب خروج النار)

ترجمہ: اور یہاں تک کہ لوگ عمارتوں کو لمبا نہ کرنا شروع کر دیں (اس وقت تک قیامت قائم نہیں ہوگی) (بخاری)

اور مسند احمد میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰی یَتَطَاوَلَ

النَّاسُ بِالْبُنْيَانِ (مسند احمد، رقم الحديث ١٠٨٥٨) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک لوگ عمارتوں کو لمبانہ کرنا شروع کردیں (مسند احمد)

## ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی ایک لمبی روایت میں ہے کہ:

قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَتٰى تَقُوْمُ السَّاعَةُ؟ قَالَ: مَا الْمَسْئُوْلُ عَنْهَا بِأَعْلَمَ مِنَ السَّائِلِ، وَسَأُحَدِّثُكَ عَنْ أَشْرَاطِهَا: إِذَا رَأَيْتَ الْمَرْأَةَ تَلِدُ رَبَّهَا، فَذَاكَ مِنْ أَشْرَاطِهَا، وَإِذَا رَأَيْتَ الْحُفَاةَ الْعُرَاةَ الصُّمَّ الْبُكْمَ مُلُوْكَ الْأَرْضِ، فَذَاكَ مِنْ أَشْرَاطِهَا، وَإِذَا رَأَيْتَ رِعَاءَ الْبَهْمِ يَتَطَاوَلُوْنَ فِي الْبُنْيَانِ، فَذَاكَ مِنْ أَشْرَاطِهَا (صحيح مسلم، رقم الحديث ٧ "١٠" كتاب الإيمان، باب بيان الإيمان والإسلام والإحسان ووجوب الإيمان بإثبات قدر الله سبحانه وتعالى)

ترجمہ: پھر اس شخص نے سوال کیا کہ اے اللہ کے رسول! قیامت کب قائم ہوگی؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس سے سوال کیا گیا ہے، وہ اس بات کو سائل سے زیادہ نہیں جانتا، البتہ میں اس کی علامات تمہیں بتا دیتا ہوں، جب تم دیکھو کہ عورتیں اپنے مالکوں کو جنم دے رہی ہیں، تو یہ قیامت کی علامات میں سے ہے، اور جب دیکھو کہ ننگے جسم، ننگے پاؤں، بہرے، گونگے، زمین کے حکمران ہو رہے ہیں، تو یہ قیامت کی علامات میں سے ہے اور جب تم دیکھو کہ چوپاؤں کے چرانے والے لوگ اونچی وطویل عمارتوں میں ایک دوسرے کا مقابلہ کررہے ہیں، تو یہ بھی قیامت کی علامات میں سے ہے (مسلم)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم (حاشية مسند احمد)

اور مسند احمد میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : إِنَّ مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ أَنْ يُرٰى رُعَاةُ الشَّاءِ رُءُ وْسَ النَّاسِ، وَأَنْ يُرٰى الْحُفَاةُ الْعُرَاةُ الْجُوَّعُ يَتَبَارَوْنَ فِي الْبِنَاءِ، وَأَنْ تَلِدَ الْأَمَةُ رَبَّهَا، وَرَبَّتَهَا (مسند احمد،رقم الحديث ٩١٢٨) ١

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک قیامت کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ بکریوں کو چرانے والے لوگ، دوسرے لوگوں کے حکمران بن جائیں گے اور برہنہ جسم، برہنہ پاؤں، بھوکے فقر وافلاس کے مارے لوگ، عمارتوں میں مسابقت وفخر کریں گے، اور باندی اپنے مالک، اور مالکن کو جنم دے گی (مسند احمد)

## ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَظْهَرَ الْفِتَنُ، وَيَكْثُرَ الْكَذِبُ، وَتَتَقَارَبَ الْأَسْوَاقُ، وَيَتَقَارَبَ الزَّمَانُ، وَيَكْثُرَ الْهَرْجُ، قِيْلَ: وَمَا الْهَرْجُ؟ قَالَ: اَلْقَتْلُ (مسند احمد،رقم الحديث ١٠٧٢٤) ٢

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اُس وقت تک قائم نہیں ہوگی، یہاں تک کہ مختلف فتنے ظاہر نہ ہوجائیں، اور جھوٹ کی کثرت نہ ہوجائے، اور بازار قریب قریب نہ ہوجائیں، اور زمانہ بھی ایک دوسرے کے قریب نہ ہوجائے، اور ہرج کی کثرت نہ ہوجائے، عرض کیا گیا کہ ہرج کیا ہے، فرمایا کہ ''قتل وقتال'' (مسند احمد)

---

١ قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية مسند احمد)

٢ قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية مسند احمد)

مذکورہ احادیث میں قیامت سے پہلے ظاہر ہونے والی چند نشانیوں کا ذکر ہے، جن میں سے ایک نشانی بازاروں کا قریب قریب ہونا ہے۔

بازاروں کے قریب قریب ہونے میں کسی علاقے میں دوکانوں اور منڈیوں کا قریب قریب ہونا بھی داخل ہے، اور اسی طرح خرید وفروخت کے وہ تیز ترین ذرائع بھی داخل ہیں، جو آج کے دَور میں دیکھنے میں آرہے ہیں، چنانچہ ٹیلی فون، فیکس، انٹرنیٹ اور ای میل وغیرہ کے ذریعے ایک جگہ بیٹھ کر دنیا میں کسی بھی جگہ رابطہ کیا جاسکتا ہے، اور عالمی منڈیوں کے باہمی ایسے رابطے ہیں کہ جیسے ایک بازار کی مختلف دوکانوں کے باہمی رابطے ہوتے ہیں، خصوصاً ''کرونا'' نام کی گزشتہ وبا کے بعد سے اس عمل میں جتنی برق رفتار تیزی دیکھی گئی ہے، اس کا سابقہ دور میں تصور بھی نہ تھا۔

## عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی سند سے مروی ایک لمبی روایت میں ہے کہ:

قَالَ: فَمَتَى السَّاعَةُ؟ قَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ مَا الْمَسْؤُوْلُ عَنْهَا بِأَعْلَمَ مِنَ السَّائِلِ، وَلٰكِنْ إِنْ شِئْتَ نَبَّأْتُكَ عَنْ أَشْرَاطِهَا، قَالَ: أَجَلْ، قَالَ: إِذَا رَأَيْتَ الْعَالَةَ الْحُفَاةَ الْعُرَاةَ يَتَطَاوَلُوْنَ فِي الْبِنَاءِ وَكَانُوا مُلُوْكًا، قَالَ: مَا الْعَالَةُ الْحُفَاةُ الْعُرَاةُ؟ قَالَ: اَلْعُرَيْبُ، قَالَ: وَإِذَا رَأَيْتَ الْأَمَةَ تَلِدُ رَبَّتَهَا فَذٰلِكَ مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ، قَالَ: صَدَقْتَ ثُمَّ نَهَضَ فَوَلّٰى (صحیح ابنِ حبان، رقم الحدیث ۱۷۳، کتاب الإیمان، باب فرض الإیمان) [1]

ترجمہ: اس شخص نے کہا کہ قیامت کب قائم ہوگی؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سبحان اللہ! قیامت کے وقت کے بارے میں جس سے یہ سوال کیا گیا ہے، وہ سوال کرنے والے سے زیادہ علم نہیں رکھتا، لیکن اگر آپ چاہیں، تو میں

---

[1] قال شعیب الارنؤوط: إسنادہ صحیح (صحیح ابنِ حبان)

آپ کو اس کی کچھ علامات بتادیتا ہوں، اس شخص نے کہا کہ بے شک بتادیجئے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم دیہاتی ، ننگے جسم، ننگے پاؤں والے لوگوں کو دیکھو کہ وہ اونچی وطویل عمارتیں بنارہے ہیں، اور وہ حکمران بن بیٹھیں (تو یہ قیامت کی علامات میں سے ہے) اس شخص نے سوال کیا کہ دیہاتی، ننگے جسم، ننگے پاؤں والے کون ہیں؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس سے دیہاتی لوگ مراد ہیں، اور جب تم دیکھو کہ باندی اپنی مالکن کو جن رہی ہے، تو یہ بھی قیامت کی علامات میں سے ہے، اس شخص نے کہا کہ آپ نے سچ فرمایا، پھر وہ شخص اٹھ کر کھڑا ہوگیا، اور واپس چلا گیا (ابنِ حبان)

## ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ:يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَحَدِّثْنِي مَتَى السَّاعَةُ؟ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:سُبْحَانَ اللّٰهِ فِيْ خَمْسٍ مِنَ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهُنَّ إِلَّا هُوَ: ”إِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ، وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ،وَيَعْلَمُ مَا فِي الْأَرْحَامِ ، وَمَا تَدْرِىْ نَفْسٌ مَاذَا تَكْسِبُ غَدًا ،وَمَا تَدْرِى نَفْسٌ بِأَيِّ أَرْضٍ تَمُوْتُ، إِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ “ وَلٰكِنْ إِنْ شِئْتَ حَدَّثْتُكَ بِمَعَالِمَ لَهَا دُوْنَ ذٰلِكَ، قَالَ:أَجَلْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَحَدِّثْنِيْ ،قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:إِذَا رَأَيْتَ الْأَمَةَ وَلَدَتْ رَبَّتَهَا أَوْ رَبَّهَا، وَرَأَيْتَ أَصْحَابَ الشَّاءِ تَطَاوَلُوْا بِالْبُنْيَانِ، وَرَأَيْتَ الْحُفَاةَ الْجِيَاعَ الْعَالَةَ كَانُوْا رُؤُوْسَ النَّاسِ، فَذٰلِكَ مِنْ مَعَالِمِ السَّاعَةِ وَأَشْرَاطِهَا ،قَالَ:يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَمَنْ أَصْحَابُ الشَّاءِ وَالْحُفَاةُ الْجِيَاعُ الْعَالَةُ؟ قَالَ: اَلْعَرَبُ (مسند احمد،رقم الحديث ۲۹۲۴) [1]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط:حديث حسن، وإسناده كسابقه(حاشية مسندا حمد)

ترجمہ: اس آنے والے شخص نے کہا کہ اے اللہ کے رسول! یہ بتائیے کہ قیامت کب آئے گی؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سبحان اللہ! یہ غیب کی ان پانچ چیزوں میں سے ہے جنہیں اللہ کے علاوہ کوئی نہیں جانتا۔

”إِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ، وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ،وَيَعْلَمُ مَا فِي الْأَرْحَامِ ، وَمَا تَدْرِیْ نَفْسٌ مَاذَا تَكْسِبُ غَدًا ،وَمَا تَدْرِی نَفْسٌ بِأَيِّ أَرْضٍ تَمُوْتُ، إِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ “

”بے شک اللہ، اسی کے پاس ہے علم قیامت کا، اور نازل کرتا ہے وہ بارش کو اور جانتا ہے وہ ان چیزوں کو جو رحموں میں ہیں، اور نہیں جانتا کوئی جاندار کہ وہ کیا کمائے گا کل، اور نہیں جانتا کوئی جاندار کہ کون سی زمین میں مرے گا وہ، بے شک اللہ علیم ہے، خبیر ہے“

البتہ اگر تم چاہو تو میں تمہیں اس (قیامت) کی کچھ نشانیاں بتا دیتا ہوں جو اس سے پہلے ظاہر ہوں گی؟ اس شخص نے کہا کہ اے اللہ کے رسول! ضرور بتائیے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم دیکھو کہ باندی اپنی مالکن کو جنم دے رہی ہے اور بکریاں چرانے والے بڑی بڑی عمارتوں پر ایک دوسرے سے فخر کرنے لگے ہیں، ننگے بھوکے اور محتاج لوگ سردار بن چکے ہیں، تو یہ قیامت کی علامات اور نشانیوں میں سے ہے، اس شخص نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! یہ بکریاں چرانے والے، ننگے، بھوکے اور محتاج لوگ کون ہیں؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اہلِ عرب (مسند احمد)

## ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ تَسْلِيْمُ الْخَاصَّةِ، وَتَفْشُو التِّجَارَةُ، حَتّٰى تُعِيْنَ الْمَرْأَةُ زَوْجَهَا عَلَى التِّجَارَةِ، وَتُقْطَعُ الْأَرْحَامُ (مسند احمد رقم الحديث ٣٧٨٥) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت سے پہلے (یہ ہوگا کہ) خاص خاص لوگوں کو ہی سلام کیا جائے گا، اور تجارت پھیل جائے گی، حتی کہ عورت اپنے شوہر کی تجارت میں اعانت کرے گی، اور قطع رحمی ہوگی (مسند احمد)

## ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت

اور مستدرک حاکم میں حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ تَسْلِيْمَ الْخَاصَّةِ وَفُشُوَّ التِّجَارَةِ حَتّٰى تُعِيْنَ الْمَرْأَةُ زَوْجَهَا عَلَى التِّجَارَةِ وَقَطْعَ الْأَرْحَامِ وَظُهُوْرَ شَهَادَةِ الزُّوْرِ وَكِتْمَانَ شَهَادَةِ الْحَقِّ

(المستدرك للحاكم، رقم الحديث ٧٠٤٣، كتاب الأحكام) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت سے پہلے خاص لوگوں کو ہی سلام کیا جائے گا، اور تجارت کا پھیل جانا ہے، یہاں تک کہ عورت بھی تجارت پر اپنے شوہر کی اعانت کرے گی، اور قطع رحمی ہوگی، اور جھوٹی گواہی کا ظہور ہوگا، اور حق گواہی کو چھپایا جائے گا (حاکم)

## ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی تیسری روایت

اور مستدرک حاکم میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن (حاشية مسند احمد)

[2] قال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه.

وقال الحاكم: صحيح.

www.idaraghufran.org

صَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ، فَقَالَ: إِنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تُتَّخَذَ الْمَسَاجِدُ طُرُقًا، وَحَتّٰى يُسَلِّمَ الرَّجُلُ عَلَى الرَّجُلِ بِالْمَعْرِفَةِ، وَحَتّٰى تَتَّجِرَ الْمَرْأَةُ وَزَوْجُهَا، وَحَتّٰى تَغْلُو الْخَيْلُ وَالنِّسَاءُ، ثُمَّ تَرْخُصَ فَلَا تَغْلُوْ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ (المستدرک للحاکم، رقم الحديث ۸۵۹۸، کتاب الفتن والملاحم) [1]

ترجمہ: اللہ اور اس کے رسول نے سچ فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک مساجد کو راستہ نہ بنالیا جائے، اور جب تک ایک آدمی، دوسرے آدمی کو سلام، صرف معرفت کی وجہ سے نہ کرے، اور جب تک عورت اور اس کا شوہر تجارت نہ کریں، اور جب تک گھوڑے اور عورتیں مہنگے نہ ہوجائیں، پھر یہ دونوں سستے ہوجائیں گے، پھر قیامت تک مہنگے نہیں ہوں گے (حاکم)

## ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی چوتھی روایت

اور مستدرک حاکم کی ایک روایت میں ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: إِنَّ بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ تَسْلِيْمَ الْخَاصَّةِ، وَفُشُوَّ التِّجَارَةِ حَتّٰى تُعِيْنَ الْمَرْأَةُ زَوْجَهَا عَلَى التِّجَارَةِ، وَحَتّٰى يَخْرُجَ الرَّجُلُ بِمَالِهِ إِلٰى أَطْرَافِ الْأَرْضِ فَيَرْجِعُ فَيَقُوْلُ: لَمْ أَرْبَحْ شَيْئًا (المستدرک للحاکم، رقم الحديث ۸۳۷۸، کتاب الفتن والملاحم)

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ قیامت سے پہلے، سلام صرف خواص کو کیا جائے گا، اور تجارت کا دائرہ وسیع ہوجائے گا، یہاں

---

[1] قال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد، ولم يخرجاه.
وقال الذهبي: صحيح.

تک کہ عورت اپنے شوہر کی تجارت میں اعانت کرے گی، اور یہاں تک کہ آدمی اپنے مال کو لے کر زمین کے دور دراز علاقوں میں نکلے گا، پھر لوٹ کر کہے گا کہ مجھے تو کچھ بھی نفع نہیں ہوا (حاکم)

اورابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی ایک روایت کے آخر میں ہے کہ:

وَأَنُ يَتَّجِرَ الرَّجُلُ، وَالْمَرُأَةُ جَمِيُعًا (المعجم الكبير للطبراني، ج٦ص ٢٩٦، رقم الحديث ٩٤٨٦)

ترجمہ: اور (قیامت سے پہلے) عورت اور مرد مل کر تجارت کریں گے (طبرانی)

پہلے زمانے میں تو یہ حالات نہ تھے، مگر آج مرد وعورت اکٹھے تجارت کر رہے ہیں، اور عورت کو ہر شعبے میں مرد کے شانہ بشانہ لا کھڑا کرنا ایک عالمگیر کلچر بن چکا ہے، کیا مشرق، کیا مغرب ، کیا عرب کیا عجم، کیا مسلم اقوام، کیا غیر مسلم اقوام، سب میں یہ وبا عام ہو چکی ہے، اور عورت کو تجارت، اور اس کی تشہیر و پبلسٹی میں نمائش کا ذریعہ بنا لیا گیا ہے۔

آج فلموں اور ڈراموں میں عورت اور مرد کا اکھٹے ہو کر پیشہ عام معمول بن چکا ہے، جو کہ قیامت کی نشانیوں میں سے ہے۔ اللہ تعالیٰ حفاظت فرمائے۔

## عمرو بن تغلب رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عمرو بن تغلب سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيُهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ مِنُ أَشُرَاطِ السَّاعَةِ أَنُ يَّفُشُوَ الُمَالُ وَيَكُثُرَ، وَتَفُشُوَ التِّجَارَةُ، وَيَظُهَرَ الُعِلُمُ، وَيَبِيعَ الرَّجُلُ الُبَيُعَ فَيَقُولَ: لَا حَتّٰى أَسُتَأُمِرَ تَاجِرَ بَنِي فُلَانٍ، وَيُلُتَمَسَ فِي الُحَيِّ الُعَظِيُمِ الُكَاتِبُ فَلَا يُوُجَدُ (سنن النسائي، رقم الحديث ٤٤٥٦، كتاب البيوع، باب التجارة)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے قریب ہونے کی علامات میں سے یہ ہے کہ مال پھیل جائے گا، اور اس کی کثرت و بہتات ہوجائے گی، اور تجارت عام ہوجائے گی، اور علم ظاہر ہوجائے گا، اور آدمی کسی سودے کی خریداری کرنے لگے گا، تو رُک جائے گا کہ پہلے فلاں قوم کے تاجر و دوکاندار سے مشورہ کرلوں (یعنی تاجروں کی کثرت ہوگی) اور بہت بڑی قوم (وجماعت) میں کاتب (لکھنے کا ماہر) ڈھونڈے سے بھی نہیں ملے گا (نسائی)

آج مال کی ریل پیل ہونے کے ساتھ تجارت کا دائرہ پوری دنیا میں پھیل چکا ہے۔

علم کے ظاہر ہونے سے کتب، اخبارات، رسائل، جرائد وغیرہ جملہ لٹریچر و مطبوعہ مواد کا عام ہونا ہے، جس کی اس زمانے میں پریس، کمپیوٹر وغیر مشینی ذرائع کی وجہ سے اتنی بہتات و کثرت ہوچکی ہے، کہ آج کل ایک دن میں جتنا مطبوعہ مواد مختلف شکلوں میں چھپتا ہے، پہلے زمانے میں شاید ایک سال میں بھی اتنا تحریری مواد نہ لکھا جاسکتا ہو، صرف روزانہ چھپنے والے (بلکہ صبح وشام دونوں وقت الگ الگ چھپنے والے) اخبارات کو ہی لے لیں کہ ایک اخبار میں کتنا تحریری مواد ہوتا ہے، پھر کتنے اخبارات روز چھپتے ہیں، پھر ہر بڑے شہر، ہر ملک کا الگ الگ یہ تحریری مواد جمع کریں تو بات کہاں تک پہنچتی ہے۔

## سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کی حدیث

یزید بن عمرو سے روایت ہے کہ:

عَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ ، قَالَ: إِنَّ مِنَ اقْتِرَابِ السَّاعَةِ أَنْ يَّظْهَرَ الْبِنَاءُ عَلٰى وَجْهِ الْأَرْضِ ، وَأَنْ تُقْطَعَ الْأَرْحَامُ ، وَأَنْ يُّؤْذِىَ الْجَارُ جَارَهٗ (مصنف ابنِ ابی شیبة، رقم الحديث ٣٨٧٠٢، كتاب الفتن، باب ما ذكر فی فتنة الدجال)

ترجمہ: حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ قیامت کے قریب ہونے کی

نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ روئے زمین پر عمارتیں ظاہر و نمایاں ہوجائیں گی، اور قطع رحمی ہوگی (رشتہ دار آپس میں ایک دوسرے کے حقوق ادا ء نہ کریں گے) اور ہمسایہ اپنے ہمسائے کو ایذاء پہنچائے گا (مصنف ابنِ ابی شیبہ)

## انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ فَرَأَى قُبَّةً مُشْرِفَةً فَقَالَ مَا هٰذِهِ؟قَالَ لَهُ أَصْحَابُهُ: هٰذِهِ لِفُلَانٍ رَجُلٍ مِّنَ الْأَنْصَارِ،قَالَ: فَسَكَتَ ،وَحَمَلَهَا فِيْ نَفْسِهٖ ،حَتّٰى إِذَا جَاءَ صَاحِبُهَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسَلِّمُ عَلَيْهِ فِي النَّاسِ ،أَعْرَضَ عَنْهُ، صَنَعَ ذٰلِكَ مِرَارًا ،حَتّٰى عَرَفَ الرَّجُلُ الْغَضَبَ فِيْهِ ،وَالْإِعْرَاضَ عَنْهُ، فَشَكَا ذٰلِكَ إِلٰى أَصْحَابِهٖ ،فَقَالَ: وَاللّٰهِ إِنِّيْ لَأُنْكِرُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،قَالُوْا خَرَجَ فَرَأَى قُبَّتَكَ،قَالَ فَرَجَعَ الرَّجُلُ إِلٰى قُبَّتِهٖ، فَهَدَمَهَا ،حَتّٰى سَوَّاهَا بِالْأَرْضِ ،فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ، فَلَمْ يَرَهَا ،قَالَ: مَا فَعَلَتِ الْقُبَّةُ ؟ قَالُوْا شَكَا إِلَيْنَا صَاحِبُهَا إِعْرَاضَكَ عَنْهُ فَأَخْبَرْنَاهُ ،فَهَدَمَهَا، فَقَالَ: أَمَا إِنَّ كُلَّ بِنَاءٍ وَبَالٌ عَلٰى صَاحِبِهٖ ، إِلَّا مَا لَا إِلَّا مَا لَا ،يَعْنِيْ مَا لَا بُدَّ مِنْهُ (سنن ابی داؤد،رقم الحدیث ۵۲۳۷،کتاب الادب، باب ماجاء فی البناء،مسند ابی یعلیٰ الموصلی رقم الحدیث ۴۳۴۷) [1]

---

[1] قال حسین سلیم أسد الدارانی:إسناده حسن(حاشیة مسند ابی یعلیٰ)
وقال الالبانی:أخرجه أبو داود (۳۴۷،۳۴۸/۲ تازیة) و الطحاوی فی "مشکل الآثار " (۱۶/۱ ۴)و أبو یعلی فی "مسنده "(۱۵۹۲/۳۰۸/۷) و البیهقی فی "شعب الإیمان "

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک مرتبہ گھر سے باہر تشریف لے جارہے تھے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے راستے میں ایک قُبَّہ (گنبد والا حجرہ) دیکھا، جو اونچا بنا ہوا تھا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ساتھیوں سے دریافت فرمایا کہ یہ کیا ہے؟ انہوں نے عرض کیا کہ فلاں انصاری نے قبہ بنایا ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سن کر خاموش ہوگئے، کسی دوسرے وقت وہ انصاری صحابی، خدمتِ اقدس میں حاضر ہوئے اور سلام کیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اعراض فرمایا اور سلام کا جواب مرحمت نہیں فرمایا، ان انصاری صحابی نے اس خیال سے کہ شاید آپ کی توجہ نہ ہوئی ہو، دوبارہ سلام کیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر بھی اعراض فرمایا اور جواب نہیں دیا، یہاں تک کہ وہ آپ کی ناراضگی پہچان گئے، مجلس میں موجود صحابہ سے دریافت کیا کہ آج میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ناپسندیدگی دیکھ رہا ہوں؟ انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لے گئے تھے، راستہ میں تمہارا قبہ دیکھا تھا اور دریافت فرمایا تھا کہ یہ کس کا ہے؟ (اور بس) یہ سن کر وہ انصاری فوراً واپس گئے اور اس قبہ کو توڑ کر ایسا زمین کے برابر کردیا کہ نام ونشان بھی نہ رہا (اور پھر آکر آپ سے اس واقعہ کا ذکر بھی نہیں کیا، اتفاقاً) پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہی کا اس جگہ ایک دن گزر ہوا، تو دیکھا کہ وہ قبہ وہاں نہیں ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت فرمایا کہ وہ قبہ کہاں گیا؟

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

(۷/۳۹۰/۴۰۷۰۱) من طریق إبراهيم بن محمد بن حاطب القرشی عن أبی طلحة ..قلت :و هذا إسناد جيد كما قال الحافظ العراقی فی "تخريج الإحياء "(۴/۲۳٦ المعرفة -لبنان) و كنت خالفته فی ذلک فی "الضعيفة "( رقم ۱۷٦ ) اعتمادا منی علی أن الحافظ قال فی ترجمة أبی طلحة الأسدی من "التقريب " : "مقبول . "يعنی عند المتابعة ، و إلا فلين الحديث ، يضاف إلی ذلک أنه لم يحک فی "التهذيب " توثيقه عن أحد .ثم إن أحد إخواننا المشتغلين بهذا العلم جزاه الله خيرا لفت نظری (سلسلة الاحاديث الصحيحة ، تحت رقم الحديث ۲۸۳۰)

صحابہ نے عرض کیا کہ انصاری نے آپ کے اعراض کے بارے میں معلوم کیا تھا، ہم نے ان کو بتلا دیا تھا کہ تمہارا قبہ دیکھا ہے، انھوں نے آکر اس کو توڑ دیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر تعمیر آدمی پر وبال ہے، مگر وہ تعمیر جو ضرورت کی ہو، جس کے بغیر گزارا نہ ہو (ابوداؤد)

عمارتیں اور تعمیرات تو ہمیشہ زمین پر ہوتی رہیں، یہاں تعمیرات سے مراد یہ اونچی اونچی بلڈنگیں، فلک بوس پلازے وغیرہ ہیں، جن کی نظیریں پچھلے زمانوں میں نہ تھیں۔ پس یہ قیامت کی علامات میں سے ہے، اور دنیا کی محبت کی نشانی بھی ہے، ضرورت میں اگرچہ عمارت بلند کرنا جائز ہے، مگر شریعت کی نظر میں یہ پسندیدہ نہیں اور اگر بلاضرورت اور اس سے بڑھ کر نمود ونمائش اور نام آوری کے طور پر ہو تو سخت گناہ ہے۔

خلاصہ یہ کہ موجودہ زمانہ میں تجارت اور عمارت کا سلسلہ بہت ترقی کر چکا ہے، اور ان میں لوگوں کی دل چسپی بہت زیادہ ہوگئی ہے، جو دنیا اور مال کی محبت اور آخرت سے غفلت کی دلیل، اور قربِ قیامت کی نشانی ہے۔

اللہ تعالیٰ حفاظت فرمائے۔ آمین۔

وَاللّٰہُ سُبْحَانَهُ وَتَعَالٰی اَعْلَمُ وَعِلْمُهُ اَتَمُّ وَاَحْكَمُ.

(فصل نمبر15)

# خواتین کا فتنہ

اس امت کو آخری نبی امی محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے بھی آگاہ فرمایا کہ اس امت کے مرد حضرات کے لئے سب سے زیادہ قابلِ ضرر فتنہ عورتوں کا ہے، جس کے نتیجہ میں اس امت میں بہت بگاڑ وفساد پیدا ہوگا، بالخصوص مرد حضرات کو بگاڑ وفساد کے راستہ پر ڈالنے میں خواتین کا بہت بڑا کردار ہوگا۔

آگے اس کی تفصیل ذکر کی جاتی ہے۔

## اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت اسامہ بن زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا تَرَکْتُ بَعْدِیْ فِتْنَۃً أَضَرَّ عَلَی الرِّجَالِ مِنَ النِّسَاءِ (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۵۰۹۶، کتاب النکاح، باب ما یتقی من شؤم المرأۃ)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے لوگوں میں اپنے بعد کوئی فتنہ مَردوں پر عورتوں سے زیادہ نقصان دہ نہیں چھوڑا (بخاری)

## اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت

اور صحیح ابنِ حبان میں حضرت اسامہ بن زید سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: مَا تَرَکْتُ بَعْدِیْ فِتْنَۃً اَخْوَفَ عَلَی الرِّجَالِ مِنَ النِّسَاءِ (صحیح ابنِ حبان، رقم الحدیث ۵۹۷۰، باب ما جاء فی

الفتن،ذكر الإخبار بأن فتنة النساء من أخوف ما يخاف من الفتن على الرجال) ۱؎

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے اپنے بعد کوئی فتنہ مَردوں پر عورتوں سے زیادہ خوف دہ نہیں چھوڑا (ابنِ حبان)

## اسامہ بن زید، وسعید بن زید رضی اللہ عنہما کی حدیث

اور صحیح مسلم میں اسامہ بن زید، اور سعید بن زید رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: مَا تَرَكْتُ بَعْدِىْ فِى النَّاسِ فِتْنَةً أَضَرَّ عَلَى الرِّجَالِ مِنَ النِّسَاءِ (صحيح مسلم، رقم الحديث ۲۷۴۱ "۹۸" كتاب الرقاق، باب أكثر أهل الجنة الفقراء، وأكثر أهل النار النساء. وبيان الفتنة بالنساء)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے لوگوں میں اپنے بعد کوئی فتنہ مَردوں پر عورتوں سے زیادہ نقصان دہ نہیں چھوڑا (مسلم)

## ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: إِنَّ الدُّنْيَا خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ، وَإِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ مُسْتَخْلِفُكُمْ فِيْهَا، لِيَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ، فَاتَّقُوا الدُّنْيَا وَاتَّقُوا النِّسَاءَ، فَإِنَّ أَوَّلَ فِتْنَةِ بَنِىْ إِسْرَائِيْلَ كَانَتْ فِى النِّسَاءِ (مسند احمد، رقم الحديث ۱۱۱۶۹) ۲؎

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دنیا سر سبز، میٹھی ہے، اور بے شک

---

۱؎ قال شعيب الارنؤوط: اسناده صحيح على شرط الشيخين (حاشية صحيح ابنِ حبان)

۲؎ قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم (حاشية مسند احمد)

اللہ عزوجل اس دنیا میں (میرے) بعد تمہارے ساتھ رہنے والا ہے، وہ دیکھے گا کہ تم کس طرح کا عمل کرتے ہو، پس ڈرو تم دنیا سے، اور ڈرو تم عورتوں سے، پس بے شک بنی اسرائیل کا سب سے پہلا فتنہ عورتوں میں تھا (مسند احمد)

## معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کی حدیث

ابنِ مبارک نے رجاء بن حیوہ سے روایت کیا ہے کہ:

**عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ: إِنَّكُمْ ابْتُلِيتُمْ بِفِتْنَةِ الضَّرَاءِ فَصَبَرْتُمْ، وَسَتُبْتَلُوْنَ بِفِتْنَةِ السَّرَّاءِ، وَإِنَّ أَخْوَفَ مَا أَخَافُ عَلَيْكُمْ فِتْنَةَ النِّسَاءِ إِذَا تَسَوَّرْنَ الذَّهَبَ، وَلَبِسْنَ رَيْطَ الشَّامِ، وَعَصْبَ الْيَمَنِ، فَأَتْعَبْنَ الْغَنِيَّ، وَكَلَّفْنَ الْفَقِيرَ مَا لَا يَجِدُ** (الزهد والرقائق، ص ٢٧١، رقم الحديث ٧٨٥، كتاب الزهد برواية المروزی، باب ما جاء فی ذم التنعم فی الدنيا) [1]

ترجمہ: حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ بلاشبہ تمہارا تکلیفوں (یعنی تنگدستی، فقروفاقہ اور افلاس وغیرہ) کے فتنہ سے امتحان لیا گیا، تو تم نے صبر کیا (اور صبر کر کے کامیابی حاصل کی) اور عنقریب تمہارا خوشیوں (یعنی راحت، عیش وعشرت، مال کی فراوانی) کے فتنہ سے بھی امتحان لیا جائے گا (اور اس فتنہ سے بچنا بہت مشکل ہوگا) اور جس چیز کا مجھے تم پر سب سے زیادہ خوف ہے، وہ عورتوں کا فتنہ ہے، جبکہ وہ سونے کے کنگن (اور زیورات) پہنیں گی، اور شامی نرم، باریک

---

[1] قال سعد بن ناصر بن عبد العزيز الشَّثری:
وسنده صحيح، والريط :هو الثوب اللين الرقيق (انظر ترتيب القاموس 421 /2)، والعصب :ضرب من البرود (ترتيب القاموس 236 /3).
وأخرجه البيهقی فی الزهد (ص 183) من طريق أخرى، عن معاذ بن جبل رضی الله عنه، بلفظ قريب من لفظ ابن المبارك (حاشية المطالب العالية بزوائد المسانيد الثمانية، ج١٣، ص٢٧٢، تحت رقم الحديث ٣١٦٨، كتاب الرقائق، باب الحذر من فتنة الغنى، وكثرة المال)

کپڑے پہنیں گی، اور یمنی اونی (مزیّن وخوبصورت) چادریں پہنیں گی، پس وہ مالدار آدمی کو تعب ومشقت میں ڈال دیں گی، اور نادار وغریب آدمی کو جو مطالبات پورے کرنے کی طاقت نہیں رکھے گا، مجبور کریں گی (جس کے نتیجہ میں وہ حرام مال کمانے میں مبتلا ہوگا، اور اس طرح وہ دونوں قسم کے لوگوں کو ہلاکت میں مبتلا کردیں گی) (الزہد)

اور حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے ہی مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ:

**إِنَّكُمْ أُبْتُلِيتُمْ بِفِتْنَةِ الضَّرَّاءِ فَصَبَرْتُمْ ، وَسَتُبْتَلَوْنَ بِفِتْنَةِ السَّرَّاءِ ، وَإِنَّ أَخْوَفَ مَا أَتَخَوَّفُ عَلَيْكُمْ فِتْنَةُ النِّسَاءِ ، إِذَا سَوَّرْنَ الذَّهَبَ ، وَلَبِسْنَ رَيْطَ الشَّامِ ،فَأَتْعَبْنَ الْغَنِيَّ ،وَكَلَّفْنَ الْفَقِيرَ مَا لَا يَجِدُ** (مصنف ابنِ ابی شیبة،رقم الحديث ٣٨٤٣٦، كتاب الفتن،باب من كره الخروج فی الفتنة وتعوذ منها)

ترجمہ: بلاشبہ تمہارا تکلیفوں (یعنی تنگدستی، فقروفاقہ اور افلاس وغیرہ) کے فتنہ سے امتحان لیا گیا، تو تم نے صبر کیا (اور صبر کر کے کامیابی حاصل کی) اور عنقریب تمہارا خوشحالی (یعنی راحت، عیش وعشرت، مال کی فراوانی) کے فتنہ سے بھی امتحان لیا جائے گا (اور اس فتنہ سے بچنا بہت مشکل ہوگا) اور جس چیز کا مجھے تم پر سب سے زیادہ خوف ہے، وہ عورتوں کا فتنہ ہے، جبکہ وہ سونے کے کنگن (اور زیورات) پہنیں گی، اور شامی نرم، باریک کپڑے پہنیں گی، پس وہ مالدار آدمی کو (زیورات اور کپڑوں کے مطالبے کر کے) تعب ومشقت میں ڈال دیں گی، اور نادار وغریب آدمی کو (جو ان کے مطالبات پورے کرنے کی طاقت نہیں رکھے گا) مجبور کریں گی (جس کے نتیجہ میں وہ حرام مال کمانے میں مبتلا ہوگا، اور اس طرح عورتیں دونوں قسم کے لوگوں کو ہلاکت میں مبتلا کردیں گی) (ابنِ ابی شیبہ)

# انس رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ وَإِمَّا قَالَ مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ أَنْ یُّرْفَعَ الْعِلْمُ ،وَیَظْهَرَ الْجَهْلُ، وَیُشْرَبَ الْخَمْرُ، وَیَظْهَرَ الزِّنَا ،وَیَقِلَّ الرِّجَالُ وَیَكْثُرَ النِّسَاءُ ، حَتّٰی یَكُوْنَ لِلْخَمْسِیْنَ امْرَأَةً ،اَلْقَیِّمُ الْوَاحِدُ (صحیح البخاری،رقم الحدیث ۶۸۰۸،کتاب الحدود وما یحذر من الحدود،باب إثم الزناة)

ترجمہ: میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ قیامت قائم نہ ہوگی (یا یوں فرمایا کہ) قیامت کی نشانیوں میں سے یہ ہیں کہ علم (اہلِ علم کے فوت ہونے کی صورت میں) اُٹھ جائے گا، اور جہالت کا دَوردَورہ ہوگا، اور شرابیں پی جائیں گی، اور زنا سرِ عام ہونے لگے گا، اور مَردوں کی قلت اور عورتوں کی کثرت ہو جائے گی، یہاں تک کہ پچاس پچاس عورتوں کا کفیل وسہارا محض ایک مرد ہوگا (بخاری)

# انس رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰی لَا یُقَالَ فِی الْأَرْضِ اَللّٰہَ اَللّٰہَ، وَحَتّٰی إِنَّ الْمَرْأَةَ لَتَمُرُّ بِالنَّعْلِ فَتَرْفَعُهَا وَتَقُوْلُ: قَدْ كَانَتْ هٰذِهٖ لِرَجُلٍ، وَحَتّٰی یَكُوْنَ فِیْ خَمْسِیْنَ امْرَأَةً اَلْقَیِّمُ الْوَاحِدُ، وَحَتّٰی تُمْطِرَ السَّمَاءُ وَلَا تُنْبِتُ الْأَرْضُ (المستدرک للحاکم،رقم الحدیث ۸۵۱۵، کتاب الفتن والملاحم) [1]

---

[1] قال الحاکم: هذا حدیث صحیح علی شرط مسلم، ولم یخرجاه.

www.idaraghufran.org

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک یہ کام نہ ہوجائیں،ایک تو جب تک زمین میں اللہ اللہ کہا جاتا رہے ،دوسرے جب تک عورت ایک جوتے کے ساتھ گذر کر اسے اٹھا کر یہ نہ کہے کہ یہ بھی کسی آدمی کا ہوگا( کیونکہ مرد حضرات کی تعداد عورتوں کے مقابلہ میں کم ہوگی،عورتوں کو مرد کا میسر آنا مشکل ہوگا،اس لئے حسرت سے عورت یہ بات کہے گی ) تیسرے جب تک پچاس پچاس عورتوں کا کفالت کنندہ ایک مرد نہ ہوجائے، چوتھے جب تک آسمان سے بارش ہونے کے باوجود زمین سبزہ نہ اُگائے (حاکم)

عورتیں،مرد حضرات کی ناشکری،اوران پر لعن طعن کرنے،اوران کو گناہوں پر مجبور کرنے، اور اپنی دوسری بداعمالیوں کی وجہ سے مرد حضرات کی بقدرِ ضرورت تعداد سے محروم ہوجائیں گی۔

اور یہ بھی ظاہر ہے کہ جب قیامت سے پہلے عورتوں کی کثرت ہوگی،تو ان کے فتنہ کا تناسب بھی بے حیائی،عریانی،زنا،اور مرد حضرات کو گناہوں پر ابھار کر،اور دوسری مختلف شکلوں میں زیادہ ہوگا،جیسا کہ آگے آتا ہے۔

## اسامہ بن زید وعمران بن حصین رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:قُمْتُ عَلٰى بَابِ الْجَنَّةِ، فَكَانَ عَامَّةَ مَنْ دَخَلَهَا الْمَسَاكِيْنُ، وَأَصْحَابُ الْجَدِّ مَحْبُوْسُوْنَ، غَيْرَ أَنَّ أَصْحَابَ النَّارِ قَدْ أُمِرَ بِهِمْ إِلَى النَّارِ، وَقُمْتُ عَلٰى بَابَ النَّارِ فَإِذَا عَامَّةُ مَنْ دَخَلَهَا النِّسَاءُ (صحيح البخارى، رقم الحديث ٥١٩٦، كتاب النكاح، باب بلا ترجمة بعد باب: لا تأذن المرأة فى بيت زوجها لأحد إلا بإذنه)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں جنت کے دروازے پر کھڑا ہوا، تو اس میں اکثر وبیشتر داخل ہونے والے مساکین (وفقراء) تھے، اور دنیا میں کھپنے والے لوگوں کو روک کر رکھا گیا تھا، سوائے اس کے کہ جہنمیوں کو جہنم کی طرف لے جانے کا حکم دیا گیا تھا، اور میں جہنم کے دروازے پر کھڑا ہوا، تو اس میں اکثر وبیشتر داخل ہونے والی عورتیں تھیں (بخاری)

اورحضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِطَّلَعْتُ فِي الْجَنَّةِ فَرَأَيْتُ أَكْثَرَ أَهْلِهَا الْفُقَرَاءَ، وَاطَّلَعْتُ فِي النَّارِ فَرَأَيْتُ أَكْثَرَ أَهْلِهَا النِّسَاءَ (صحيح البخاری، رقم الحديث ۳۲۴۱، کتاب بدء الخلق، باب ما جاء فی صفة الجنة وأنها مخلوقة)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے جنت میں جھانک کر دیکھا، تو اس میں اکثر فقراء تھے، اور میں نے جہنم میں جھانک کر دیکھا، تو اس میں اکثر عورتیں تھیں (بخاری)

## عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَقَلَّ سَاكِنِي الْجَنَّةِ النِّسَاءُ

(صحيح ابنِ حبان، رقم الحديث ۷۴۵۷، کتاب إخباره صلى الله عليه وسلم عن مناقب الصحابة رضى الله عنهم أجمعين، باب وصف الجنة وأهلها) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جنت کی سب سے کم تعداد میں مکین، عورتیں ہیں (ابنِ حبان)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط البخارى (حاشية صحيح ابنِ حبان)

# عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ هٰذَا الشِّعْبِ ، فَإِذَا غِرْبَانٌ كَثِيْرَةٌ، وَإِذَا غُرَابٌ أَعْصَمُ أَحْمَرُ الْمِنْقَارِ وَالرِّجْلَيْنِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنَ النِّسَاءِ إِلَّا كَقَدْرِ هٰذَا الْغُرَابِ فِيْ هٰذِهِ الْغِرْبَانِ (مستدرک حاکم، رقم الحديث ۸۷۸۲، ج۴ص ۶۴۵، کتاب الاھوال، مسند احمد رقم الحديث ۱۷۷۷۰) [1]

ترجمہ: ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اس وادی میں تھے کہ اس وادی میں بہت زیادہ کوے تھے، جن میں ایک آدھ اعصَم تھا کہ جس کی چونچ اور پیر سرخ تھے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (ان کو دیکھ کر) فرمایا کہ خواتین میں سے عورتیں صرف اتنی تھوڑی مقدار میں جنت میں داخل ہونگی، جتنی تھوڑی مقدار (تناسب) اس (سرخ چونچ و پاؤں والے) کوے کی دوسرے بہت زیادہ کووں کے درمیان ہے (حاکم، ومسند احمد)

# ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

أُرِيْتُ النَّارَ ، فَإِذَا أَكْثَرُ أَهْلِهَا النِّسَاءُ، يَكْفُرْنَ ، قِيْلَ: أَيَكْفُرْنَ بِاللّٰهِ؟ قَالَ: يَكْفُرْنَ الْعَشِيْرَ ، وَيَكْفُرْنَ الْإِحْسَانَ ، لَوْ أَحْسَنْتَ إِلٰى إِحْدَاهُنَّ

---

[1] قال الحاكم :هذا حديث صحيح على شرط مسلم ولم يخرجاه.
وقال شعيب الارنؤوط:إسناده صحيح(حاشية مسند احمد)

الدَّهْرَ، ثُمَّ رَأَتْ مِنْكَ شَيْئًا ،قَالَتْ مَا رَأَيْتُ مِنْكَ خَيْرًا قَطُّ (صحيح البخاری، رقم الحديث ۲۹، كتاب الايمان، باب كفران العشير وكفر بعد كفر، صحيح مسلم رقم الحديث ۹۰۷"۱۷")

ترجمہ: مجھے جہنم دکھلائی گئی، تو جہنمیوں میں اکثر عورتیں تھیں، جو کہ ناشکری کرتی ہیں، عرض کیا گیا کہ کیا اللہ تعالیٰ کی ناشکری کرتی ہیں؟ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ساتھ زندگی گزارنے والے کی ناشکری کرتی ہیں، اور احسان کو فراموش کرتی ہیں، اگر آپ ان میں سے کسی عورت کے ساتھ ایک مدت تک اچھا سلوک کرتے رہو، پھر وہ آپ سے کچھ دیکھے (اور کسی وقت ذرا سی بات اس کی طبیعت کے خلاف ہو جائے) تو (اس لمبی مدت کے اچھے سلوک کے باوجود) عورت کہتی ہے کہ میں نے تیری طرف سے کبھی کوئی بھلائی نہیں دیکھی (بخاری، مسلم)

## ابو سعید خدری وابنِ عمر رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ أَضْحًى أَوْ فِطْرٍ إِلَى الْمُصَلَّى، فَمَرَّ عَلَى النِّسَاءِ، فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ النِّسَاءِ تَصَدَّقْنَ فَإِنِّيْ أُرِيتُكُنَّ أَكْثَرَ أَهْلِ النَّارِ ،فَقُلْنَ: وَبِمَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: تُكْثِرْنَ اللَّعْنَ، وَتَكْفُرْنَ الْعَشِيرَ، مَا رَأَيْتُ مِنْ نَاقِصَاتِ عَقْلٍ وَدِيْنٍ أَذْهَبَ لِلُبِّ الرَّجُلِ الْحَازِمِ مِنْ إِحْدَاكُنَّ، قُلْنَ: وَمَا نُقْصَانُ دِيْنِنَا وَعَقْلِنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: أَلَيْسَ شَهَادَةُ الْمَرْأَةِ مِثْلَ نِصْفِ شَهَادَةِ الرَّجُلِ قُلْنَ: بَلٰى، قَالَ: فَذٰلِكِ مِنْ نُقْصَانِ عَقْلِهَا، أَلَيْسَ إِذَا حَاضَتْ لَمْ تُصَلِّ وَلَمْ تَصُمْ ،قُلْنَ: بَلٰى، قَالَ: فَذٰلِكِ مِنْ نُقْصَانِ دِيْنِهَا (صحيح البخاری، رقم الحديث ۳۰۴، كتاب الحيض ،باب ترك الحائض الصوم)

ترجمہ: ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عیدالاضحیٰ، یا عیدالفطر کے دن عیدگاہ کی طرف تشریف لے گئے، پھر خواتین کے پاس سے گذرے، اور فرمایا کہ اے خواتین کے گروہ! تم صدقہ دیا کرو، کیونکہ میں نے تمہیں کثرت سے جہنم میں دیکھا ہے، ان عورتوں نے کہا کہ اے اللہ کے رسول! ہمیں جہنم میں کثرت سے کس لئے دیکھا؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (اس کی وجہ یہ ہے کہ ایک تو) تم لعن طعن کثرت سے کرتی ہو، اور دوسرے تم اپنے ساتھ رہنے والے (یعنی شوہر وغیرہ) کی ناشکری کرتی ہو، اور فرمایا کہ میں نے عقل اور دین میں ناقص ہونے کے باوجود تم عورتوں سے زیادہ عقل مند مرد پر غالب آ جانے والا کوئی نہیں دیکھا (یہ بھی تمہارے زیادہ جہنمی ہونے کا سبب ہے) عورتوں نے سوال کیا کہ اے اللہ کے رسول! ہمارے دین اور ہماری عقل کا نقصان کس طرح ہے؟ اس کے جواب میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا دو عورتوں کی گواہی ایک مرد کے برابر نہیں ہے؟ عورتوں نے کہا کہ بے شک، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ تو عقل کا نقصان ہوا، اور (دین کا نقصان یہ ہے کہ) مخصوص ایام میں عورتیں نماز نہیں پڑھ سکتیں اور رمضان کے روزے نہیں رکھ سکتیں تو یہ دین کا نقصان ہوا (بخاری)

حضرت ابنِ عمر سے روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: يَامَعْشَرَ النِّسَآءِ تَصَدَّقْنَ وَاَكْثِرْنَ الْاِسْتِغْفَارَ، فَاِنِّيْ رَأَيْتُكُنَّ اَكْثَرَ اَهْلِ النَّارِ فَقَالَتْ اِمْرَأَةٌ مِّنْهُنَّ جَزْلَةٌ وَمَالَنَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَكْثَرُ اَهْلِ النَّارِ؟ قَالَ تُكْثِرْنَ اللَّعْنَ وَتَكْفُرْنَ الْعَشِيْرَ، مَارَأَيْتُ مِنْ نَاقِصَاتِ عَقْلٍ وَّدِيْنٍ اَغْلَبَ لِذِيْ لُبٍّ مِّنْكُنَّ، قَالَتْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَانُقْصَانُ الْعَقْلِ وَالدِّيْنِ؟ قَالَ اَمَّا نُقْصَانُ الْعَقْلِ فَشَهَادَةُ اِمْرَأَتَيْنِ تَعْدِلُ شَهَادَةَ رَجُلٍ فَهٰذَا نُقْصَانُ الْعَقْلِ

وَتَمْكُثُ اللَّيَالِيَ مَاتُصَلِّيْ وَتُفْطِرُفِيْ رَمَضَانَ فَهٰذَانُقْصَانُ الدِّيْنِ

(صحيح مسلم،رقم الحديث ١٣٢ ''٧٩''كتاب الإيمان،باب بيان نقصان الإيمان بنقص الطاعات الخ)

ترجمہ: رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے خواتین کے گروہ! تم صدقہ دیا کرو،اور کثرت سے استغفار (اور اپنے گناہوں کی مغفرت طلب) کیا کرو، کیونکہ میں نے تمہیں کثرت سے جہنم میں دیکھا ہے،ایک سمجھ دار عورت نے (اس پر رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے) سوال کیا کہ ہم کثرت سے جہنم میں کیوں جائیں گی؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (اس کی وجہ یہ ہے کہ ایک تو) تم لعن طعن کثرت سے کرتی ہو (بددعائیں دیتی ہو،ایک دوسرے پر لعنت بھیجتی ہو) اور (دوسرے) تم اپنے ساتھ رہنے والے (یعنی شوہر وغیرہ) کی ناشکری کرتی ہو (شوہر کی نعمت کا انکار کرتی ہو اور اس کے احسانات کو بھول جاتی ہو) میں نے عقل اور دین میں ناقص ہونے کے باوجود تم عورتوں سے زیادہ عقل مند پر غالب آجانے والا کوئی نہیں دیکھا (یہ بھی تمہارے زیادہ جہنمی ہونے کا سبب ہے، اس پر) اس خاتون نے سوال کیا کہ اے اللہ کے رسول عورتوں کی عقل اور دین کس طرح ناقص ہے؟ اس کے جواب میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عقل کا نقصان تو یہ ہے کہ دو عورتوں کی گواہی ایک مرد کے برابر ہے،یہ تو عقل کا نقصان ہوا،اور (دین کا نقصان یہ ہے کہ) مخصوص ایام میں عورتیں نماز نہیں پڑھ سکتیں اور رمضان کے روزے نہیں رکھ سکتیں تو یہ دین کا نقصان ہوا (مسلم)

## جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

اور حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

شَهِدْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلَاةَ يَوْمَ الْعِيْدِ،

فَبَدَأَ بِالصَّلَاةِ قَبْلَ الْخُطْبَةِ، بِغَيْرِ أَذَانٍ وَلَا إِقَامَةٍ، ثُمَّ قَامَ مُتَوَكِّئًا عَلٰى بِلَالٍ، فَأَمَرَ بِتَقْوَى اللّٰهِ، وَحَثَّ عَلٰى طَاعَتِهٖ، وَوَعَظَ النَّاسَ وَذَكَّرَهُمْ ثُمَّ مَضٰى حَتّٰى أَتَى النِّسَاءَ فَوَعَظَهُنَّ وَذَكَّرَهُنَّ، فَقَالَ: تَصَدَّقْنَ فَإِنَّ أَكْثَرَكُنَّ حَطَبُ جَهَنَّمَ ،فَقَامَتِ امْرَأَةٌ مِنْ سِطَةِ النِّسَاءِ سَفْعَاءُ الْخَدَّيْنِ، فَقَالَتْ: لِمَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: لِأَنَّكُنَّ تُكْثِرْنَ الشَّكَاةَ وَتَكْفُرْنَ الْعَشِيْرَ ،قَالَ فَجَعَلْنَ يَتَصَدَّقْنَ مِنْ حُلِيِّهِنَّ يُلْقِيْنَ فِيْ ثَوْبِ بِلَالٍ مِنْ أَقْرِطَتِهِنَّ وَخَوَاتِمِهِنَّ (مسلم ،رقم الحديث ۸۸۵ ''۴''كتاب صلاة العيدين)

ترجمہ: میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ عید کے دن نماز میں شریک ہوا، تو آپ نے خطبہ سے پہلے اذان واقامت کے بغیر نماز پڑھائی، پھر آپ حضرت بلال کے ساتھ ٹیک لگا کر کھڑے ہوئے، پھر اللہ سے تقویٰ اختیار کرنے کا حکم دیا، اور اللہ کی اطاعت پر ابھارا، اور لوگوں کو وعظ ونصیحت کی، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خواتین کے مجمع کی طرف تشریف لے گئے، اور ان کو وعظ وتذکیر فرمائی، اور فرمایا کہ تم صدقہ دیا کرو، کیونکہ تم اکثر جہنم کا ایندھن بنوگی، خواتین کے درمیان میں سے ایک عورت نے جس کے چہرے میں (کام کاج کرنے کی وجہ سے) سیاہی اور کچھ تغیر تھا، کہا کہ اے اللہ کے رسول! عورتیں اکثر جہنم کا ایندھن کیوں بنیں گی؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیونکہ تم شکوے شکایت کثرت سے کرتی ہو، اور تم اپنے ساتھ رہنے والے (یعنی شوہر وغیرہ) کی ناشکری کرتی ہو، یہ سن کر خواتین نے اپنے زیورات صدقہ کرنے شروع کردیئے، اور حضرت بلال کے کپڑے میں اپنی بالیاں اور انگوٹھیاں ڈالنے لگیں (مسلم)

## جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

اورعورتیں اسی دین وعقل کی کمی کی وجہ سے دجال کی زیادہ پیروکار رہوں گی۔

چنانچہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ ایک لمبی حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل فرماتے ہیں کہ:

لَا یَبْقٰی مُنَافِقٌ، وَلَا مُنَافِقَةٌ إِلَّا خَرَجَ إِلَيْهِ، وَأَكْثَرُ يَعْنِي مَنْ يَّخْرُجُ إِلَيْهِ النِّسَاءُ (مسند احمد، رقم الحدیث ۱۴۱۱۲) ؎۱

ترجمہ: کوئی منافق مرد اور عورت دجال کی طرف سے نکلنے سے باقی نہیں رہے گا، اور دجال کے پاس سب سے زیادہ عورتیں جانے والی ہوں گی (مسند احمد)

## ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ النَّاسَ فَوَعَظَهُمْ ثُمَّ قَالَ: يَا مَعْشَرَ النِّسَاءِ تَصَدَّقْنَ فَإِنَّكُنَّ أَكْثَرُ أَهْلِ النَّارِ، فَقَالَتْ اِمْرَأَةٌ مِنْهُنَّ: وَلِمَ ذَاکَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: لِكَثْرَةِ لَعْنِكُنَّ، يَعْنِي وَكُفْرِكُنَّ الْعَشِيْرَ، قَالَ: وَمَا رَأَيْتُ مِنْ نَاقِصَاتِ عَقْلٍ وَدِيْنٍ أَغْلَبَ لِذَوِي الْأَلْبَابِ، وَذَوِي الرَّأْيِ مِنْكُنَّ، قَالَتْ اِمْرَأَةٌ مِنْهُنَّ: وَمَا نُقْصَانُ دِيْنِهَا وَعَقْلِهَا، قَالَ: شَهَادَةُ اِمْرَأَتَيْنِ مِنْكُنَّ بِشَهَادَةِ رَجُلٍ، وَنُقْصَانُ دِيْنِكُنَّ، اَلْحَيْضَةُ، تَمْكُثُ إِحْدَاكُنَّ الثَّلَاثَ وَالْأَرْبَعَ لَا تُصَلِّي (سنن الترمذی، رقم الحدیث ۲۶۱۳، ابواب الإیمان، باب ما جاء فی استکمال الإیمان وزیادته ونقصانه) ؎۲

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو خطبہ دیا، پس ان کو وعظ کیا، اور فرمایا کہ اے عورتوں کی جماعت! تم صدقہ کیا کرو، کیونکہ تم زیادہ اہلِ جہنم میں سے ہو، تو عورتوں میں سے ایک عورت نے کہا کہ اے اللہ کے رسول! ایسا کیوں

---

؎۱ قال شعیب الارنؤوط: حدیث صحیح بطرقه وشواهده، وهذا إسناد رجاله ثقات رجال الشیخین (حاشیة مسند احمد)

؎۲ قال الترمذی: وفی الباب عن أبی سعید، وابن عمر: هذا حدیث حسن (حواله بالا)

ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہارے بکثرت لعن طعن کرنے، اور ساتھ والے (یعنی شوہر وغیرہ) کی ناشکری کرنے کی وجہ سے۔

اور فرمایا کہ میں نے عقل اور دین میں ناقص ہونے کے باوجود تم عورتوں سے زیادہ عقل مند، اور صاحبِ رائے انسان پر غالب آجانے والا کوئی نہیں دیکھا (یہ بھی تمہارے زیادہ جہنمی ہونے کا سبب ہے، اس پر) اس خاتون نے سوال کیا کہ اے اللہ کے رسول عورتوں کی عقل اور دین کس طرح ناقص ہے؟ اس کے جواب میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عقل کا نقصان تو یہ ہے کہ دو عورتوں کی گواہی ایک مرد کے برابر ہے، اور دین کا نقصان یہ ہے کہ حیض ہے کہ تم میں سے عورتیں مخصوص ایام میں، تین، یا چار دن ٹھہری رہتی ہیں نماز نہیں پڑھ سکتیں (ترمذی)

## زینب زوجہ ابنِ مسعود رضی اللہ عنہما کی حدیث

اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی اہلیہ محترمہ حضرت زینب رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

**خَطَبَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ النِّسَاءِ! تَصَدَّقْنَ ،وَلَوْ مِنْ حُلِيِّكُنَّ ،فَإِنَّكُنَّ أَكْثَرُ أَهْلِ جَهَنَّمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ** (سنن الترمذی، رقم الحدیث ٦٣٥ ،ابواب الزکاۃ، باب ما جاء فی زکاۃ الحلی)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں خطاب فرمایا، اور فرمایا کہ اے عورتوں کی جماعت! تم صدقہ کیا کرو، اگرچہ اپنے زیوروں میں سے ہی کیوں نہ ہو، کیونکہ تم قیامت کے دن زیادہ اہلِ جہنم میں سے ہوں گی (ترمذی)

## عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَصَدَّقْنَ يَا مَعْشَرَ النِّسَاءِ، وَلَوْ مِنْ حُلِيِّكُنَّ، فَإِنَّكُنَّ أَكْثَرُ أَهْلِ النَّارِ، فَقَامَتِ امْرَأَةٌ لَيْسَتْ مِنْ عِلْيَةِ النِّسَاءِ، فَقَالَتْ: لِمَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: لِأَنَّكُنَّ تُكْثِرْنَ اللَّعْنَ، وَتَكْفُرْنَ الْعَشِيْرَ (مسند احمد، رقم الحديث ۳۵۶۹)[1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے عورتوں کی جماعت! تم صدقہ کیا کرو، اگرچہ اپنے زیوروں میں سے ہی کیوں نہ ہو، کیونکہ تم قیامت کے دن زیادہ اہلِ جہنم میں سے ہوں گی، یہ سن کر ایک عورت نے کہا جو کہ کوئی اونچے درجے کی نہیں تھی، کہ اے اللہ کے رسول! ہم کثرت سے اہلِ جہنم میں سے کیوں ہونگی؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (ایک تو) تم لعن طعن کثرت سے کرتی ہو، اور (دوسرے) تم اپنے ساتھ رہنے والے (یعنی شوہروغیرہ) کی ناشکری کرتی ہو (مسند احمد)

اور حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ سے ایک روایت میں یہ الفاظ مروی ہیں کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا مَعْشَرَ النِّسَاءِ، تَصَدَّقْنَ، وَلَوْ مِنْ حُلِيِّكُنَّ، فَإِنَّكُنَّ أَكْثَرُ أَهْلِ جَهَنَّمَ، فَقَالَتِ امْرَأَةٌ لَيْسَتْ مِنْ عِلْيَةِ النِّسَاءِ: وَبِمَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ نَحْنُ أَكْثَرُ أَهْلِ جَهَنَّمَ؟ قَالَ: إِنَّكُنَّ تُكْثِرْنَ اللَّعْنَ، وَتَكْفُرْنَ الْعَشِيْرَ، وَمَا وُجِدَ مِنْ نَاقِصِ الدِّيْنِ وَالرَّأْيِ أَغْلَبَ لِلرِّجَالِ ذَوِي الْأَمْرِ، عَلٰى أُمُوْرِهِمْ مِنَ النِّسَاءِ، قَالُوْا: وَمَا نَقْصُ دِيْنِهِنَّ وَرَأْيِهِنَّ؟ قَالَ: أَمَّا نَقْصُ رَأْيِهِنَّ فَجُعِلَتْ شَهَادَةُ امْرَأَتَيْنِ بِشَهَادَةِ رَجُلٍ، وَأَمَّا نَقْصُ دِيْنِهِنَّ فَإِنَّ إِحْدَاهُنَّ تَقْعُدُ مَا شَاءَ اللّٰهُ مِنْ

---

[1] قال شعيب الارنؤوط:
صحيح لغيره وهذا سند محتمل للتحسين (حاشية مسند احمد)

يَّوْمٍ وَّلَيْلَةٍ لَا تَسْجُدُ لِلّٰهِ سَجْدَةً (مستدرک حاکم، رقم الحديث ۲۷۷۲، ج۲ص۲۰۷، کتاب النکاح) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے عورتوں کی جماعت! تم صدقہ کیا کرو، اگرچہ اپنے زیور میں سے ہی کیوں نہ ہو، کیونکہ تم زیادہ اہلِ جہنم میں ہوگی، یہ سن کر ایک عورت نے کہا جو کہ کوئی اونچے درجے کی نہیں تھی، کہ اے اللہ کے رسول! ہم کثرت سے اہلِ جہنم میں سے کیوں ہونگی؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (ایک تو) تم لعن طعن کثرت سے کرتی ہو، اور (دوسرے) تم اپنے ساتھ رہنے والے (یعنی شوہر وغیرہ) کی ناشکری کرتی ہو، اور دین اور رائے میں ناقص ترین ہونے کے باوجود بڑی رائے والے لوگوں کے معاملات پر عورتوں سے زیادہ کسی کو غالب آنے والا نہیں پایا گیا، انہوں نے کہا کہ عورتوں کے دین اور ان کی رائے کا نقصان کیا ہے؟ (اس کے جواب میں) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عورتوں کی رائے کا نقصان تو یہ ہے کہ دو عورتوں کی گواہی ایک مرد کے برابر ہے، اور عورتوں کے دین کا نقصان یہ ہے کہ عورتوں میں سے جتنے دن اور رات اللہ تعالیٰ چاہیں (ناپاکی کی حالت میں) عورت اللہ کو سجدہ کرنے سے رُکی رہتی ہے (حاکم)

## اسماء بنتِ یزید رضی اللہ عنہا کی حدیث

حضرت اسماء بنتِ یزید رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

يَا مَعْشَرَ النِّسَاءِ، إِنَّكُنَّ أَكْثَرُ حَطَبِ جَهَنَّمَ فَنَادَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكُنْتُ جَرِيْئَةً عَلٰى كَلَامِهٖ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

---

[1] قال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد، ولم يخرجاه "
وقال الذهبی فی التلخيص: صحيح.

لِمَ؟ قَالَ: لِأَنَّكُنَّ إِذَا أُعْطِيتُنَّ لَمْ تَشْكُرْنَ، وَإِذَا ابْتُلِيتُنَّ لَمْ تَصْبِرْنَ، فَإِذَا أُمْسِكَ عَنْكُنَّ شَكَوْتُنَّ، وَإِيَّاكُنَّ وَكُفْرَانَ الْمُنْعِمِينَ فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا كُفْرَانُ الْمُنَعِّمِينَ؟ قَالَ: اَلْمَرْأَةُ تَكُوْنُ عِنْدَ الرَّجُلِ وَقَدْ وَلَدَتْ لَهُ الْوَلَدَيْنِ وَالثَّلَاثَةِ فَتَقُوْلُ: مَا رَأَيْتُ مِنْكَ خَيْرًا قَطُّ

(المعجم الكبير للطبراني، رقم الحديث ۴۲۶، ج۲۴ ص۱۶۸) [1]

ترجمہ: اے عورتوں کی جماعت! تم بکثرت جہنم کا ایندھن بنوگی، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا، اور مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد فرمانے پر کچھ (بولنے، پوچھنے کی) ہمت ہوجاتی تھی، کہ اے اللہ کے رسول! ایسا کس وجہ سے؟ تو رسول اللہ نے فرمایا، اس لئے کہ تمہیں جب دیا جاتا ہے تو تم شکر نہیں کرتیں، اور جب تم آزمائش میں مبتلا کی جاتی ہو (یعنی کچھ کم ملتا ہے، یا نہیں ملتا) تو صبر نہیں کرتی، پس جب تم سے روک لی جاتی ہے، تو شکایت کرتی ہو، تم اپنے آپ کو نعمت دینے والوں کی ناشکری سے بچاؤ، میں نے عرض کیا کہ نعمت دینے والوں کی ناشکری کیا ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عورت اپنے شوہر کے پاس ہوتی ہے (جو شوہر کے توسط سے ملنے والی عظیم نعمت اور خیر ہے) اور اس کے دو بلکہ تین بچے بھی ہوجاتے ہیں، پھر (اس کے باوجود) وہ شوہر کو کہتی ہے کہ میں نے تجھ سے کبھی خیر کو نہیں دیکھا (طبرانی)

خلاصہ یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کے لئے خواتین کی شکل میں بہت بڑا فتنہ رونما ہونے کی پیش گوئی کی ہے، اور احادیث میں خواتین کے فتنہ کی بہت وضاحت کے ساتھ تفصیل بیان کردی گئی ہے، جس سے مرد حضرات کو آگاہ رہنا چاہیے، اور خواتین کو اپنی اصلاح کرنی چاہیے۔

---

[1] قال الهيثمي: رواه الطبراني وفيه شهر وهو ضعيف وقد وثق، وبقية رجاله رجال الصحيح (مجمع الزوائد ج۴ ص۳۱۱، رقم الحديث ۷۶۵۸، باب حق الزوج على المرأة)

# (فصل نمبر 16)

# فحاشی وبے حیائی عام ہوجانے کا فتنہ

ہمیں یہ بھی بتایا گیا کہ قیامت سے پہلے فحاشی، بے حیائی، اور بے غیرتی، زنا، ہم جنس پرستی، اوران کے متعلقات، اوران چیزوں کی طرف دعوت دینے کا بھی دوردورہ ہوگا، جواللہ کی سخت ناراضگی، بلکہ بسا اوقات دنیا میں عذاب کے نازل ہونے کا سبب ہے۔

اس بارے میں تفصیل ذکر کی جاتی ہے۔

## قرآن مجید میں فحاشی کی مذمت اوراس کی توضیح

سورہ بقرہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

يَـاأَيُّهَـا الـنَّـاسُ كُلُوْا مِمَّا فِي الْأَرْضِ حَلاَلًا طَيِّبًا وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ إِنَّـهُ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ . إِنَّمَا يَأْمُرُكُمْ بِالسُّوْءِ وَالْفَحْشَاءِ وَأَنْ تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ (سورة البقرة، رقم الآيات ١٦٨ و ١٦٩)

ترجمہ: اے لوگو! کھاؤ زمین کی چیزوں میں سے حلال، پاکیزہ اور نہ اتباع کرو شیطان کے نقشِ قدم کی، بے شک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔

بس وہ تمہیں حکم دیتا ہے برائی کا، اور بے حیائی کا، اوراس بات کا کہ تم اللہ پر وہ چیز کہو جس کا تم علم نہیں رکھتے (سورہ بقرہ)

اورسورہ بقرہ میں ہی اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

اَلشَّيْطَانُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ وَيَأْمُرُكُمْ بِالْفَحْشَاءِ (سورة البقرة، رقم الآية ٢٦٨)

ترجمہ: شیطان ڈراتا ہے تم کو فقر سے، اور حکم کرتا ہے وہ تم کو فحشاء (بے حیائی کے

کاموں) کا (سورہ بقرہ)

اور سورہ نور میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

یَاأَیُّهَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا لَا تَتَّبِعُوْا خُطُوَاتِ الشَّیْطَانِ وَمَنْ یَّتَّبِعْ خُطُوَاتِ الشَّیْطَانِ فَإِنَّهٗ یَأْمُرُ بِالْفَحْشَاءِ وَالْمُنْكَرِ (سورة النور، رقم الآیة ۲۱)

ترجمہ: اے وہ لوگو، جو ایمان لائے، مت اتباع کرو تم شیطان کے قدموں کی، اور جو شخص اتباع کرے گا، شیطان کے قدموں کی، تو بے شک وہ حکم کرتا ہے، فحشاء (بے حیائی کے کاموں) کا، اور منکر کا (سورہ نور)

اس سے معلوم ہوا کہ انسانوں کو بے حیائی وفحاشی کے کاموں کا شیطان حکم کرتا ہے۔

اور سورہ اعراف میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

قُلْ إِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّیَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَالْإِثْمَ وَالْبَغْیَ بِغَیْرِ الْحَقِّ وَأَنْ تُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ مَا لَمْ یُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطَانًا وَأَنْ تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ (سورة الاعراف، رقم الآیة ۳۳)

ترجمہ: کہہ دیجئے آپ کہ بس حرام کیا میرے رب نے فواحش (بے حیائی کے کاموں) کو، جو ظاہر ہیں ان میں سے، اور جو چھپے ہوئے ہیں، اور گناہ کو اور ناحق سرکشی کو، اور اس بات کو کہ تم اللہ کے ساتھ شرک کرو کہ نہیں نازل کی اس کی اللہ نے کوئی دلیل، اور تم کہو اللہ پر وہ بات کہ جس کو تم نہیں جانتے (سورہ اعراف)

اس سے معلوم ہوا کہ فحش وبے حیائی والے کام حرام ہیں۔

اور سورہ نحل میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَیَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْیِ یَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ (سورة النحل، رقم الآیة ۹۰)

ترجمہ: اور منع فرماتا ہے وہ (یعنی اللہ) فحشاء (بے حیائی) اور منکر اور ظلم سے،

نصیحت کرتا ہے وہ تم کو، تاکہ تم نصیحت حاصل کرو (سورہ نمل)

اس سے معلوم ہوا کہ بے حیائی والے کاموں سے اللہ نے منع فرمایا ہے۔

اور سورہ نور میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

إِنَّ الَّذِيْنَ يُحِبُّوْنَ أَنْ تَشِيْعَ الْفَاحِشَةُ فِي الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ (سورة النور، رقم الآية ١٩)

ترجمہ: بے شک وہ لوگ جو پسند کرتے ہیں کہ پھیل جائے، بے حیائی، ان لوگوں میں جو ایمان لائے، ان کے لئے دردناک عذاب ہے، دنیا اور آخرت میں (سورہ نور)

اس سے معلوم ہوا کہ مومنوں میں بے حیائی وفحاشی کو پھیلانے کی خواہش رکھنے والے کے لئے دنیا وآخرت میں دردناک عذاب ہے۔

اور سورہ شوریٰ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ وَّأَبْقٰى لِلَّذِيْنَ آمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ. وَالَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبَائِرَ الْإِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ وَإِذَا مَا غَضِبُوْا هُمْ يَغْفِرُوْنَ (سورة الشورىٰ، رقم الآية ٣٦، و٣٧)

ترجمہ: اور وہ چیز جو اللہ کے پاس ہے، بہتر ہے، اور زیادہ باقی رہنے والی ہے، ان لوگوں کے لئے، جو ایمان لائے، اور اپنے رب پر توکل کرتے ہیں وہ، اور وہ لوگ جو اجتناب کرتے ہیں، کبیرہ گناہوں، اور فواحش سے، اور جب بھی غصہ ہوتے ہیں وہ، تو وہ معاف کردیتے ہیں (سورہ شوریٰ)

اس آیت میں اللہ نے اپنے پاس موجود اجر وثواب کا وعدہ ان لوگوں سے فرمایا ہے، جو اللہ پر توکل کرتے ہیں اور کبیرہ گناہوں اور فواحش سے بچتے ہیں، اور غصہ کے وقت معاف کرتے ہیں۔

اور سورہ نمل میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَاللَّاتِيْ يَأْتِيْنَ الْفَاحِشَةَ (سورة النساء، رقم الآية ۱۵)

ترجمہ: اور جو عورتیں فاحشہ کی مرتکب ہوں (سورہ نمل)

اس آیت میں فاحشہ کا لفظ زنا کے لئے بولا گیا ہے۔

اور سورہ نساء میں ہی اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے

وَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ لِتَذْهَبُوْا بِبَعْضِ مَا آتَيْتُمُوْهُنَّ إِلَّا أَنْ يَّأْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ (سورة النساء، رقم الآية ۱۹)

ترجمہ: اور مت روک کر رکھو تم ان (عورتوں) کو، تاکہ لے لو تم بعض ان چیزوں کو جو دے دی ہیں تم نے ان کو، الا یہ کہ ارتکاب کریں وہ (عورتیں) فاحشہ مبینہ (کھلے اور واضح فاحشہ، یعنی شرم گاہ کے زنا کا) (سورہ نساء)

اور سورہ طلاق میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

لَا تُخْرِجُوْهُنَّ مِنْ بُيُوْتِهِنَّ وَلَا يَخْرُجْنَ إِلَّا أَنْ يَأْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ

(سورة الطلاق، رقم الآية ۱)

ترجمہ: اور مت نکالو تم ان (عورتوں) کو ان کے گھروں سے، اور نہ نکلیں وہ (خود بھی گھروں سے) الا یہ کہ ارتکاب کریں وہ (عورتیں) فاحشہ مبینہ (کھلے اور واضح فاحشہ، یعنی شرم گاہ کے زنا کا) (سورہ طلاق)

ان آیات سے معلوم ہوا کہ شرم گاہ کا زنا ''صریح زنا'' ہے، اسی کو قرآن مجید میں ''فاحشہ مبینہ'' کہا گیا ہے۔

اور سورہ نمل میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَلُوْطًا إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ أَتَأْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ وَأَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ . أَئِنَّكُمْ لَتَأْتُوْنَ الرِّجَالَ شَهْوَةً مِّنْ دُوْنِ النِّسَاءِ بَلْ أَنْتُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ (سورة النمل، رقم الآية ۵۴و۵۵)

ترجمہ: اورلوط نے جب کہا اپنی قوم سے، کیا تم آتے ہو فاحشہ (بے حیائی) میں، اورتم دیکھتے بھی ہو، بے شک تم یقیناً آتے ہو، مردوں کے پاس، شہوت کے طور پر، عورتوں کے علاوہ، بلکہ تم ایسی قوم ہو، جو جہالت کرتے ہو (سورہ نمل)

اس سے معلوم ہوا کہ ہم جنس پرستی بھی فاحشہ و بے حیائی والے کاموں میں سے ہے۔

اور سورہ نجم میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

لِيَجْزِیَ الَّذِيْنَ أَسَاءُ وْا بِمَا عَمِلُوْا وَيَجْزِیَ الَّذِيْنَ أَحْسَنُوْا بِالْحُسْنٰى. اَلَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبَائِرَ الْإِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ إِلَّا اللَّمَمَ (سورة النجم،رقم الآية ۳۱ و ۳۲)

ترجمہ: تاکہ جزاء دے وہ (اللہ) ان لوگوں کو جو برے کرتے ہیں ان کاموں کو جو عمل کرتے ہیں وہ، اور تاکہ جزاء دے وہ ان لوگوں کو جنہوں نے اچھے کئے نیک کام، وہ لوگ جو اجتناب کرتے ہیں، کبیرہ گناہوں، اور فواحش سے، سوائے ''لمم'' کے (سورہ نجم)

اس آیت میں اللہ نے اچھے اعمال کرنے والوں کا ذکر کرتے ہوئے، کبیرہ گناہوں، اور فواحش سے اجتناب کرنے والوں کا ذکر فرمایا ہے، سوائے ''لمم'' کے۔

اور راجح قول کے مطابق ''لمم'' سے مراد، شرم گاہ کے زنا سے کم درجہ کی چیزیں ہیں، یعنی نظرِ بد، زبان سے زنا، وشہوتِ بد کی باتیں کرنا وغیرہ وغیرہ۔

پس جس چیز کو فاحشہ کہا جاتا ہے، اور اس کی جمع فواحش آتی ہے، اس کا سب سے بڑا اور سخت درجہ تو زنا ہے، اسی کو ''فاحشہ مبینہ'' کہا جاتا ہے، اور اس سے نیچے کی وہ چیزیں، جو شرم گاہ کے زنا سے کم ہیں، جیسا کہ بدنظری، بے حیائی کی باتیں وغیرہ، وہ بھی فاحش، یا فواحش، اور فحش کاموں کے مفہوم میں داخل ہیں، جن کو اللہ تعالیٰ نے ''لمم'' کا نام دیا ہے، لیکن وہ صریح

زنا، اور ''فاحشہ مبینہ'' سے کم درجہ کے گناہ ہیں۔ [1]

اسی وجہ سے قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے مومن مرد، اور عورتوں کو پہلے نگاہ کو نیچی رکھنے کا حکم فرمایا ہے، تاکہ صریح فاحشہ اور شرم گاہ کے زنا تک نوبت نہ پہنچے، پھر ساتھ ہی شرمگاہ کی حفاظت کا حکم فرمایا ہے۔

چنانچہ اللہ تعالیٰ کا سورہ نور میں ارشاد ہے کہ:

قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ أَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ذٰلِكَ أَزْكٰى لَهُمْ إِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌ بِمَا يَصْنَعُوْنَ. وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنَاتِ يَغْضُضْنَ مِنْ أَبْصَارِهِنَّ وَيَحْفَظْنَ فُرُوْجَهُنَّ (سورة النور، رقم الایت، ۳۰، ۳۱)

ترجمہ: کہہ دیجئے مومنین کو کہ وہ نیچی رکھیں اپنی نگاہوں کو، اور حفاظت کریں اپنی شرم گاہوں کی، یہ زیادہ پاکیزہ ہے ان کے لیے، بے شک اللہ خوب خبر رکھتا ہے ان کاموں کی جو وہ کرتے ہیں۔ اور کہہ دیجئے مومن عورتوں سے کہ وہ نیچی رکھیں اپنی نگاہوں کو اور حفاظت کریں اپنی شرم گاہوں کی (سورہ نور)

اور احادیث میں آنکھ، زبان، اور نفس کو بھی زنا کا مرتکب قرار دیا گیا ہے، اور پھر شرم گاہ کو اس

---

[1] واما قول بن عباس ما رأيت شيئا أشبه باللمم مما قال أبو هريرة فمعناه تفسير قوله تعالى الذين يجتنبون كبائر الإثم والفواحش إلا اللمم إن ربك واسع المغفرة ومعنى الآية والله أعلم الذين يجتنبون المعاصى غير اللمم يغفر لهم اللمم كما فى قوله تعالى إن تجتنبوا كبائر ما تنهون عنه نكفر عنكم سيئاتكم فمعنى الآيتين أن اجتناب الكبائر يسقط الصغائر وهى اللمم وفسره بن عباس بما فى هذا الحديث من النظر واللمس ونحوهما وهو كما قال هذا هو الصحيح فى تفسير اللمم وقيل أن يلم بالشىء ولا يفعله وقيل الميل إلى الذنب ولا يصر عليه وقيل غير ذلك مما ليس بظاهر واصل اللمم والالمام الميل إلى الشىء وطلبه من غير مداومة والله اعلم (شرح النووى على مسلم، ج١٦ ص٢٠٦، كتاب القدر، باب قدر على بن آدم حظه من الزنى وغيره)

(والنفس تمنى ذلك وتشتهيه) فهذا كله يسمى زنا لأنه من دواعى الزنا الفرج، وقال المهلب: كل ما كتبه الله عز وجل على ابن آدم فهو سابق فى علم الله لا بد أن يدركه المكتوب، وأن الإنسان لا يملك دفع ذلك عن نفسه، غير أن الله تعالى تفضل على عباده وجعل ذلك لمما وصغائر لا يطالب بها عباده إذا لم يكن للفرج تصديق لها، فإذا صدق الفرج كان ذلك من الكبائر (عمدة القارى للعينى، ج٢٢ ص٢٤٠، كتاب الأدب، باب زنا الجوارح دون الفرج)

کی تصدیق، یا تکذیب کرنے والا بتلایا گیا ہے۔

چنانچہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنَّ اللّٰهَ كَتَبَ عَلَى ابْنِ آدَمَ حَظَّهُ مِنَ الزِّنَا، أَدْرَكَ ذٰلِكَ لاَ مَحَالَةَ، فَزِنَا الْعَيْنِ النَّظَرُ، وَزِنَا اللِّسَانِ الْمَنْطِقُ، وَالنَّفْسُ تَمَنّٰى وَتَشْتَهِيْ، وَالْفَرْجُ يُصَدِّقُ ذٰلِكَ كُلَّهُ وَيُكَذِّبُهُ (صحيح البخاری، رقم الحديث ۶۲۴۳، كتاب الاستئذان، باب زنا الجوارح دون الفرج)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک اللہ نے ابنِ آدم پر اس کے زنا کے حصہ کو لکھ دیا ہے، جس (کے خمیازہ) کو وہ (توبہ، یا نیک عمل نہ کرے، تو) ہر حال میں پائے گا، پس آنکھ کا زنا (شہوت کے ساتھ ناجائز چیز کو) دیکھنا ہے، اور زبان کا زنا (شہوت پرستی کی بات کا) بولنا ہے، اور نفس کا زنا تمنا اور شہوت کرنا ہے، اور شرم گاہ ان سب کی تصدیق کرتی ہے اور تکذیب کرتی ہے (بخاری)

اور صحیح مسلم کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: كُتِبَ عَلَى ابْنِ آدَمَ نَصِيبُهُ مِنَ الزِّنَا، مُدْرِكٌ ذٰلِكَ لَا مَحَالَةَ، فَالْعَيْنَانِ زِنَاهُمَا النَّظَرُ، وَالْأُذُنَانِ زِنَاهُمَا الْإِسْتِمَاعُ، وَاللِّسَانُ زِنَاهُ الْكَلَامُ، وَالْيَدُ زِنَاهَا الْبَطْشُ، وَالرِّجْلُ زِنَاهَا الْخُطَا، وَالْقَلْبُ يَهْوٰى وَيَتَمَنّٰى، وَيُصَدِّقُ ذٰلِكَ الْفَرْجُ وَيُكَذِّبُهُ (صحيح مسلم، رقم الحديث ۲۶۵۷ "۲۱" كتاب القدر، باب قدر على ابن آدم حظه من الزنا وغيره)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ابنِ آدم پر اس کے زنا کے حصہ کو لکھ دیا گیا ہے، جس (کے خمیازہ) کو وہ (توبہ یا نیک عمل نہ کرے تو) ہر حال میں پائے گا،

پس آنکھوں کا زنا (شہوت کے ساتھ ناجائز چیز کو) دیکھنا ہے، اور کانوں کا زنا (شہوت کی باتوں کا) سننا ہے، اور زبان کا زنا (شہوت پرستی کی بات کا) بولنا ہے، اور ہاتھ کا زنا (شہوت والی چیز کو) پکڑنا (وچھونا) ہے، اور پیر کا زنا (شہوت والے کام کی طرف) چلنا ہے، اور دل کا زنا خواہش اور تمنا کرنا ہے، اور شرم گاہ ان سب کی تصدیق کرتی ہے اور تکذیب کرتی ہے (مسلم)

اور مسند احمد میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اَلْعَيْنُ تَزْنِيْ، وَالْقَلْبُ يَزْنِيْ، فَزِنَا الْعَيْنِ اَلنَّظَرُ، وَزِنَا الْقَلْبِ التَّمَنِّيْ، وَالْفَرْجُ يُصَدِّقُ مَا هُنَالِكَ أَوْ يُكَذِّبُهُ (مسند احمد، رقم الحديث ٨٣٥٦) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آنکھ بھی زنا کرتی ہے، اور دل بھی زنا کرتا ہے، پس زبان کا زنا (شہوت پرستی کی بات کا) بولنا ہے، اور نفس کا زنا تمنا اور شہوت کرنا ہے، اور شرم گاہ ان کے زنا کی تصدیق، یا تکذیب کرتی ہے (مسند احمد)

اور حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

مَا رَأَيْتُ شَيْئًا أَشْبَهَ بِاللَّمَمِ مِمَّا قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ كَتَبَ عَلَى ابْنِ آدَمَ حَظَّهُ مِنَ الزِّنَا، أَدْرَكَ ذٰلِكَ لَا مَحَالَةَ، فَزِنَا الْعَيْنِ النَّظَرُ، وَزِنَا اللِّسَانِ الْمَنْطِقُ، وَالنَّفْسُ تَمَنّٰى وَتَشْتَهِيْ، وَالْفَرْجُ يُصَدِّقُ ذٰلِكَ كُلَّهُ وَيُكَذِّبُهُ (صحيح البخارى، رقم الحديث ٦٢٤٣، كتاب الاستئذان، باب زنا الجوارح دون الفرج)

ترجمہ: میں نے (قرآن مجید میں مذکور) لمم کے بارے میں سب سے زیادہ مناسب حدیث وہی پائی جو ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية مسند احمد)

روایت کی ہے کہ بے شک اللہ نے ابنِ آدم پر اس کے زنا کے حصہ کو لکھ دیا ہے، جس (کے اپنے اپنے درجہ کے مطابق خمیازہ) کو وہ ہر حال میں پائے گا، پس آنکھ کا زنا (شہوت کے ساتھ ناجائز چیز کو) دیکھنا ہے، اور زبان کا زنا (شہوت پرستی کی بات کا) بولنا ہے، اور نفس کا زنا تمنا اور شہوت کرنا ہے، اور شرم گاہ ان سب کی تصدیق کرتی ہے اور تکذیب کرتی ہے (بخاری)

اور حضرت سعید بن میناء سے روایت ہے کہ:

كُنتُ عِندَ أَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقُلْتُ: يَا أَبَا هُرَيْرَةَ "اَلَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبَائِرَ الْإِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ إِلَّا اللَّمَمَ" فَمَا اللَّمَمُ؟ قَالَ: كُلُّ شَيْءٍ مَا لَمْ يَدْخُلِ الْمِرْوَدُ فِي الْمُكْحُلَةِ فَإِذَا دَخَلَ فَذٰلِكَ الزِّنَا

(المستدرک للحاکم، رقم الحديث ۷۶۲۱، کتاب التوبة والإنابة) [1]

ترجمہ: میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے پاس تھا، تو میں نے عرض کیا کہ اے ابو ہریرہ! اللہ تعالیٰ کے سورہ نجم میں جو یہ ارشاد ہے کہ:

"اَلَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبَائِرَ الْإِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ إِلَّا اللَّمَمَ"

تو اس میں "لمم" سے کیا مراد ہے؟ تو ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ہر وہ چیز (یعنی بدنظری وغیرہ) کہ جب تک سلائی (یعنی مرد کی شرم گاہ) سرمہ دانی (یعنی عورت کی شرم گاہ) میں داخل نہ ہو، تو وہ "لمم" ہے، پس جب وہ داخل ہو جائے، تو زنا ہے (حاکم)

اور حضرت مسروق سے روایت ہے کہ:

أَنَّ ابْنَ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: فِي قَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ " إِلَّا اللَّمَمَ" قَالَ: زِنَا الْعَيْنَيْنِ النَّظَرُ، وَزِنَا الشَّفَتَيْنِ التَّقْبِيْلُ، وَزِنَا الْيَدَيْنِ الْبَطْشُ،

---

[1] قال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه.
وقال الذهبي في التلخيص: صحيح.

www.idaraghufran.org

وَزِنَا الرِّجْلَيْنِ الْمَشْيُ، وَيُصَدِّقُ ذٰلِكَ أَوْ يُكَذِّبُهُ الْفَرْجُ، فَإِنْ تَقَدَّمَ بِفَرْجِهٖ كَانَ زَانِيًا، وَإِلَّا فَهُوَ اللَّمَمُ (المستدرك للحاكم، رقم الحديث ۳۷۵۱، كتاب التفسير، تفسير سورة النجم) [1]

ترجمہ: حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ نے اللہ عزوجل کے سورہ نجم میں مذکور ''لمم'' کے بارے میں فرمایا کہ آنکھوں کا زنا، دیکھنا ہے، اور ہونٹوں کا زنا، بوسہ لینا ہے، اور ہاتھوں کا زنا، پکڑنا، اور چھونا ہے، اور پیروں کا زنا، چل کر جانا ہے، اور شرم گاہ اس کی تصدیق کرتی ہے، اور اس کی تکذیب کرتی ہے، پس اگر اپنی شرگاہ کے ذریعہ اقدام کرلے، تو وہ زانی شمار ہوتا ہے، ورنہ وہ ''لمم'' ہے (حاکم)

اس حدیث کو بیہقی نے بھی روایت کیا ہے۔ [2]

پس عربی زبان میں فحش، فاحشہ، اور فحشاء کے الفاظ فحاشی و بے حیائی والے کاموں اور اس طرح کی دوسری باتوں کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔ [3]

---

[1] قال الحاكم: هذا حديث صحيح على شرط الشيخين ولم يخرجاه.
وقال الذهبي في التلخيص: على شرط البخاري ومسلم.

[2] عن مسروق، عن ابن مسعود في قوله عز وجل: "إلا اللمم" قال: زنا العين النظر، وزنا الشفتين التقبيل، وزنا اليدين البطش، وزنا الرجلين المشي، ويصدق ذلك الفرج أو يكذبه، فإن صدق بفرجه كان زانيًا، وإلا فهو اللمم (شعب الايمان، للبيهقي، رقم الحديث ۶۶۵۹)

[3] (فحش) القول والفعل فحشا اشتد قبحه والأمر جاوز حده فهو فاحش وفحاش.
(فحش) فحشا وفحاشة فحش ويقال فحش على من معه.
(أفحش) أتى بالفحش ويقال أفحش عليه في المنطق.
(فحش) بالشيء شنع.
(تفاحش) أظهر الفحش والقوم تراموا بالفحش والأمر اشتد قبحه.
(تفحش) تفاحش وبالشيء شنع.
(الفاحشة) مؤنث الفاحش والقبيح الشنيع من قول أو فعل (ج) فواحش وفي التنزيل العزيز (قل إنما حرم ربي الفواحش ما ظهر منها وما بطن)
(الفحش) القبيح الشنيع من قول أو فعل.
(الفحشاء) الفحش وفي التنزيل العزيز (الشيطان يعدكم الفقر ويأمركم بالفحشاء (المعجم الوسيط، ج ۲، ص ۶۷۵، باب الفاء)

Idara Ghufran

اس کے مفہوم میں ہم جنس پرستی، زنا، اوران کے متعلقات، اوران چیزوں کی طرف دعوت دینے اورابھارنے والی چیزیں، بشمول بدنظری، بے پردگی، عورت کا اجنبی لوگوں کے سامنے زیب وزینت، اورخوشبو کا اظہار، موسیقی، شراب نوشی، وغیرہ جیسی سب چیزیں داخل ہیں، البتہ ان کے گناہ کی شدت وخفت میں فرق ہوتا ہے، بعض ہلکے اورصغیرہ گناہ کے درجہ میں بے حیائی والے کام ہیں، اوربعض زیادہ سخت، اورکبیرہ گناہوں کے درجہ والے کام ہیں۔ [1]

---

[1] لقد حرم الإسلام الفواحش بصفة عامة، والآيات فى ذلك متعددة، يقول ربنا سبحانه: ”قل إنما حرم ربى الفواحش ما ظهر منها وما بطن“
ويقول سبحانه:”الشيطان يعدكم الفقر ويأمركم بالفحشاء والله يعدكم مغفرة منه وفضلا “
ويقول سبحانه: ”إن الذين يحبون أن تشيع الفاحشة فى الذين آمنوا لهم عذاب أليم فى الدنيا والآخرة“
ويقول سبحانه: ”إن الله يأمر بالعدل والإحسان وإيتاء ذى القربى وينهى عن الفحشاء والمنكر والبغى يعظكم لعلكم تذكرون“
وجائت الآيات القرآنية تقرر أن من أعظم الفواحش جريمة الزنا، فكم من أعراض تنتهك بسبب ما وقعنا فيه، وبسبب اجتنابنا لشرع ربنا عز وجل.
لقد وضع الإسلام ثلاث عشرة وسيلة ليغلق هذا الباب، نقرؤها جملة ثم نشرحها تفصيلا، ثم نربطها بالواقع المؤلم: أولا: أمر بغض البصر.
ثانيا: نهى عن التبرج.
ثالثا: نهى عن الاختلاط.
رابعا: حرم الخلوة.
خامسا: حرم على المرأة أن تسافر مع غير محرم.
سادسا: حرم على المرأة أن تخرج متعطرة.
سابعا: حرم على الرجال مصافحة النساء الأجنبيات.
ثامنا: حرم على النساء الخضوع بالقول.
تاسعا: حرم على المرأة أن تنظر إلى المرأة فتصفها لزوجها كأنه يراها.
عاشرا: حرم على المرأة أن تمتنع عن فراش زوجها إلا بسبب شرعى.
الحادى عشر: حرم على المرأة أن تسير فى وسط الطريق كما سنبين.
الثانى عشر: حرم الغناء.
الثالث عشر: حرم على الرجل أن يحلف أو يقسم على ألا يأتى زوجته أكثر من أربعة أشهر، وهذا يسمى الإيلاء، كما ورد فى سورة البقرة(تفسير القرآن الكريم،لأسامة على محمد سليمان، ”دروس صوتية قام بتفريغها موقع الشبكة الإسلامية“رقم الدرس ٦،ص ٢،تفسير سورة القلم )

اور آج کے دور میں میڈیا کے ذریعہ اور دوسرے طریقوں پر زبان، آنکھ اور کان کا زنا عام ہوگیا ہے، جو فحش، یا فاحشہ کے مختلف درجات اور حصے ہیں۔

اور اس بے حیائی کے کھیل میں آج کل کے بے حیائی والے پروگراموں کے مضمون نگار، اداء کار، ہدایت کار، موسیقار، وفن کار اور تماش بین سب اپنے اپنے حصوں کے اعتبار سے گناہ گار ہیں۔

## انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: إِنَّ مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ أَنْ يُّرْفَعَ الْعِلْمُ، وَيَكْثُرَ الْجَهْلُ، وَيَكْثُرَ الزِّنَا، وَيَكْثُرَ شُرْبُ الْخَمْرِ، وَيَقِلَّ الرِّجَالُ، وَيَكْثُرَ النِّسَاءُ حَتّٰى يَكُوْنَ لِخَمْسِيْنَ امْرَأَةً الْقَيِّمُ الْوَاحِدُ** (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۵۲۳۱، کتاب النکاح، باب: یقل الرجال ویکثر النساء)

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ قیامت کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ علم کو اٹھالیا جائے گا، اور جہل کی کثرت ہوگی، اور زنا کی بھی کثرت ہوگی، اور شراب پینے کی بھی کثرت ہوگی، اور مرد حضرات کی کمی، اور عورتوں کی کثرت ہوگی، یہاں تک کہ پچاس عورتوں کا ایک ذمہ دار وکفیل ہوگا (بخاری)

مذکورہ حدیث میں زنا کا ذکر ہے، اور بعض دوسری احادیث میں فحش و بے حیائی کا ذکر ہے، اور فحش و بے حیائی کا مفہوم، زنا کے مقابلہ میں کچھ وسیع ہے۔

## انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيه وَسَلَّمَ :إِنَّ مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ اَلْفُحْشَ وَالتَّفَحُّشَ وَقَطِيْعَةَ الْأَرْحَامِ وَائْتِمَانَ الْخَائِنِ، أَحسَبُهُ قَالَ وَتَخْوِيْنَ الْأَمِيْنِ، أَوْ كَلِمَةً نَحْوَهَا (مسند البزار، رقم الحديث ۷۵۱۸،مسند أبى حمزة أنس بن مالک) ¹

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کی علامات میں سے فحش وبے حیائی کا کام وکلام کرنا، اورفحش وبے حیائی کے کام وکلام کو پسند کرنا اور قطع رحمی اورخائن کوامانت داراورامانت دارکوخائن قرار دینا ہے (بزار)

آج کے دور میں فحش وبے حیائی کے کام وکلام کرنے والے فنکاروں اوراداکاروں کاپورا نیٹ ورک قائم ہے، دوسری طرف ان بے حیائی کے پروگراموں کو براہِ راست، یامیڈیا کے ذریعہ دیکھ اورسن کر بے حیائی کو پسند کرنے والے تماش بینوں کا سلسلہ طویل وعریض سطح پر موجود ہے، جس کے بل بوتے پر بے حیائی وفحاشی کوایک طبقہ نے مہنگاترین کاروبار بنالیا ہے۔

## ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ:وَالَّذِىْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ

---

¹ قال الالبانی:

أخرجه البزار (ص۲۳۸زوائده) من طريق شبيب بن بشر عن أنس بن مالک مرفوعا.
قلت :وهذا إسناد حسن، رجاله ثقات غير شبيب بن بشر وفيه كلام، والراجح أنه حسن الحديث .ولذلک قال فی "زوائد البزار " :"حسن ."وقال فی "مجمع الزوائد(۷/۳۲۷) " "رواه البزار، وفيه شبيب بن بشر وهو لين،ووثقه ابن حبان، وقال: يخطىء ، وبقية رجاله رجال الصحيح ." قلت :قد وثقه ابن معين أيضا، والراجح فيه ما ذكرنا آنفا .وللشطر الثانى من الحديث طريق أخرى عن أنس سقته فيما تقدم (۱۸۸۷)وشاهد آخر من حديث أبى هريرة ذكرته هناک .وله شاهد آخر من حديث عبد الله بن عمرو يأتى تحت الحديث (۲۲۵۳) فالحديث صحيح.(سلسلة الاحاديث الصحيحة،تحت رقم الحديث ۲۲۳۸)

بِيَدِهٖ، لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَظْهَرَ الْفُحْشُ، وَالْبُخْلُ، وَيُخَوَّنَ الْأَمِيْنُ، وَيُؤْتَمَنَ الْخَائِنُ، وَتَهْلَكَ الْوُعُوْلُ، وَتَظْهَرَ التُّحُوْتُ، قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَمَا الْوُعُوْلُ وَالتُّحُوْتُ؟ قَالَ: اَلْوُعُوْلُ: وُجُوْهُ النَّاسِ وَأَشْرَافُهُمْ، وَالتُّحُوْتُ: اَلَّذِيْنَ كَانُوْا تَحْتَ أَقْدَامِ النَّاسِ لَا يُعْلَمُ بِهِمْ (موارد الظمآن إلى زوائد ابن حبان، رقم الحديث ١٨٨٦، كتاب الفتن، باب فی أمارات الساعة) ۱؎

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قسم ہے اس ذات کی کہ محمد کی جان اس کے ہاتھ میں ہے، قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک فحش و بے حیائی اور بخل عام نہ ہو جائے، اور امانت دار کو خائن اور خائن کو امانت دار نہ قرار دیا جائے، اور ''وعول'' لوگ ہلاک نہ ہو جائیں، اور ''تحوت'' لوگ عام نہ ہو جائیں، لوگوں نے کہا کہ اے اللہ کے رسول ''وعول'' اور ''تحوت'' کیا ہیں، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ''وعول'' وہ ہیں، جو لوگوں میں عزت و شرافت والے ہوں، اور ''تحوت'' وہ لوگ ہیں، جو لوگوں کے پاؤں کی دھول ہوں، اُن کی کوئی جان پہچان نہ ہو (موارد الظمآن)

اس حدیث کو امام حاکم نے بھی روایت کیا ہے، اور اس کی سند کو معتبر قرار دیا ہے۔ ۲؎

---

۱؎ قال حسين سليم اسد الدارانی: إسناده جيد (حاشية موارد الظمآن)

۲؎ حدثنا أبو عبد الله محمد بن يعقوب الحافظ، ثنا يحيى بن محمد بن يحيى الشهيد، والفضل بن محمد بن المسيب الشعرانی، قالا: ثنا إسماعيل بن أبی أويس، حدثنی زفر بن عبد الرحمن بن أدرک، عن محمد بن سليمان بن والبة، عن سعيد بن جبير، عن أبی هريرة رضی الله عنه، عن رسول الله صلى الله عليه وسلم أنه قال: والذی نفس محمد بيده، لا تقوم الساعة حتى يظهر الفحش والبخل، ويخون الأمين ويؤتمن الخائن، ويهلک الوعول، ويظهر التحوت فقالوا: يا رسول الله وما الوعول وما التحوت؟ قال: الوعول وجوه الناس وأشرافهم، والتحوت الذين كانوا تحت أقدام الناس لا يعلم بهم (المستدرک للحاکم، رقم الحديث ٨٦٤٤، كتاب الفتن والملاحم)

قال الحاكم: هذا حديث رواته كلهم مدنيون ممن لم ينسبوا إلى نوع من الجرح.

# ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

اور امام طبرانی نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اس طرح روایت کیا ہے کہ:

**إِنَّ مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ:أَنْ يَّظْهَرَ الشُّحُّ، وَالْفُحْشُ، وَيُؤْتَمَنُ الْخَائِنُ، وَيُخَوَّنُ الْأَمِينُ، وَيَظْهَرُ ثِيَابٌ يَلْبَسُهَا نِسَاءٌ كَاسِيَاتٌ عَارِيَاتٌ، وَيَعْلُو التُّحُوتُ الْوُعُولَ** (المعجم الاوسط،للطبرانی،رقم الحديث۷۴۸، باب الالف) [1]

ترجمہ: قیامت کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ بخل اور فحش و بے حیائی عام ہوجائے گی، اور خائن کو امانت دار، اور امانت دار کو خائن قرار دیا جائے گا، اور ایسے کپڑے ظاہر ہوجائیں گے، جن کو ایسی عورتیں پہنیں گی، جو (بظاہر اور برائے نام) لباس پہننے والی ہوں گی (اور اسی کے ساتھ) ننگی بھی ہوں گی۔

اور کم ذات و کمینے، اور بد کردار لوگ، شریف و نیک لوگوں پر غلبہ اختیار کرلیں گے (طبرانی)

اور امام طحاوی نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث کو اس طرح روایت کیا ہے کہ:

---

[1] قال الهيثمی:
ورجاله رجال الصحيح غير محمد بن الحارث بن سفيان وهو ثقة(مجمع الزوائد،تحت رقم الحديث ۱۲۴۴۹ ،باب ثان فی أمارات الساعة)

وقال الالبانی:
وجملة القول؛ أن الحديث صحيح بمجموع الطريقين، إن لم يكن صحيحاً أو على الأقل حسناً من الطريق الأخرى .وقد أشار الحافظ إلى ذلک بسكوته عليه، وقد ساقه بطريقيه فی "الفتح "(13/15).
ثم إن لبعضه شاهداً من حديث ابن عمرو بلفظ ":من أشراط الساعة :أن يظهر القول، ويخزن العمل، ويرفع الأشرار، ويوضع الأ خيار ." ...
وقد سبق تخريجه برقم (2821).
ومثله حديث الرويبضة المتقدم ( 2253) ، والفحش والتفحش(سلسلة الاحاديث الصحيحة،تحت رقم الحديث ۳۲۱۱)

www.idaraghufran.org

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: إِنَّ مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ أَنْ يَّظْهَرَ الْفُحْشُ وَالشُّحُّ، وَيُؤْتَمَنَ الْخَائِنُ، وَيُخَوَّنَ الْأَمِيْنُ، وَتَظْهَرَ ثِيَابٌ كَأَفْوَاجِ السَّحَرِ، يَلْبَسُهَا نِسَاءٌ كَاسِيَاتٌ عَارِيَاتٌ، وَيَعْلُو التُّحُوْتُ الْوُعُوْلَ (شرح مشكل الآثار، رقم الحديث ۳۹۳۳، باب بيان مشكل ما روى عن رسول الله صلى الله عليه وسلم فيما يقضى بين المختلفين من أصحابه فى المرادات بقوله :والمحصنات من النساء)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ فحش و بے حیائی، اور بخل عام ہو جائے گا، اور خیانت کار کو امانت دار، اور امانت دار کو خیانت کار قرار دیا جائے گا، اور ایسے کپڑے ظاہر ہو جائیں گے، جو سحری کے وقت کی فوجوں کی طرح کے ہوتے ہیں، جن کو ایسی عورتیں پہنیں گی، جو (بظاہر اور برائے نام) لباس پہننے والی ہوں گی (اور اسی کے ساتھ) ننگی بھی ہوں گی۔
اور کم ذات و کمینے، اور بدکردار لوگ، شریف و نیک لوگوں پر غلبہ اختیار کرلیں گے (طحاوی)

یعنی جس طرح سحری کے وقت فوج کسی جگہ اچانک حملہ آور ہو، اسی طرح ایسی عورتیں ننگے لباس کو پہن کر حملہ آور ہوں گی، جن سے مرد حضرات کو بچنا بہت مشکل ہو جائے گا۔

## ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث

اور امام مسلم نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: صِنْفَانِ مِنْ أَهْلِ النَّارِ لَمْ أَرَهُمَا، قَوْمٌ مَعَهُمْ سِيَاطٌ كَأَذْنَابِ الْبَقَرِ يَضْرِبُوْنَ بِهَا النَّاسَ، وَنِسَاءٌ كَاسِيَاتٌ عَارِيَاتٌ مُمِيْلَاتٌ مَائِلَاتٌ، رُءُوْسُهُنَّ كَأَسْنِمَةِ الْبُخْتِ الْمَائِلَةِ، لَا يَدْخُلْنَ الْجَنَّةَ، وَلَا يَجِدْنَ رِيْحَهَا، وَإِنَّ رِيْحَهَا لَيُوْجَدُ مِنْ

مَسِيرَةِ كَذَا وَكَذَا (صحیح مسلم، رقم الحدیث ۲۱۲۸ "۱۲۵" کتاب اللباس والزینة، باب: النساء الکاسیات العاریات المائلات الممیلات)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دو جہنمی گروہ ایسے ہیں، جن کو میں نے نہیں دیکھا (بعد میں پیدا ہوں گے) ایک وہ گروہ جن کے ہاتھوں میں بیل کی دُم جیسے کوڑے ہوں گے، وہ ان کوڑوں کے ساتھ لوگوں کو (ناحق) ماریں گے، دوسرے وہ عورتیں جو (کہنے کو تو) لباس پہنے ہوئے ہوں گی، لیکن (چونکہ لباس بہت باریک، یا ستر کے لئے ناکافی ہوگا، اس لئے وہ) درحقیقت برہنہ ہوں گی (لوگوں کو اپنے جسم کی نمائش اور لباس کی زیبائش سے اپنی طرف) مائل کریں گی (اور خود بھی مَردوں سے اختلاط کی طرف) مائل ہونگی، ان کے سر (فیشن کی وجہ سے) بختی اونٹ کے کوہان جیسے ہوں گے، یہ عورتیں نہ تو جنت میں داخل ہوں گی، نہ جنت کی خوشبو ہی ان کو نصیب ہوگی، حالانکہ جنت کی خوشبو تو دُور سے پالی جاتی ہے (صحیح مسلم)

مذکورہ عورتیں اس طرح کی حرکات کی وجہ سے فحش و بے حیائی کی مرتکب ہوں گی، اس لئے ان کے لئے سخت عذاب مقرر کیا گیا ہے۔

## عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ :إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يُبْغِضُ الْفَاحِشَ وَالْمُتَفَحِّشَ .وَالَّذِىْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ، لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَظْهَرَ الْفُحْشُ وَالتَّفَحُّشُ، وَسُوْءُ الْجِوَارِ، وَقَطِيْعَةُ الْأَرْحَامِ، وَحَتّٰى يُخَوَّنَ الْأَمِيْنُ، وَيُؤْتَمَنَ الْخَائِنُ. وَالَّذِىْ نَفْسُ

مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ، إِنَّ أَسْلَمَ الْمُسْلِمِيْنَ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهٖ وَيَدِهٖ (المعجم الكبير للطبراني، رقم الحديث ١٤٥٠٧، ج١٣ ص ٥٩١، مسند احمد، رقم الحديث ٦٨٧٢) [1]

ترجمہ: انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ نے فرمایا کہ بے شک اللہ عزوجل، فحش کرنے والے اور فحش کو پسند کرنے والے کو مبغوض (یعنی انتہائی ناپسند) رکھتا ہے، اور قسم ہے اس ذات کی، جس کے قبضہ میں محمد کی جان ہے کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک کہ بے حیائی والے کام وکلام کو کرنا، اور بے حیائی والے کام وکلام کو پسند کرنا، اور بُرے پڑوسی اور قطع رحمی عام نہ ہوجائے اور یہاں تک کہ امانت دار کو خائن قرار نہ دیا جائے، اور خائن کو امانت دار قرار نہ دیا جائے، اور قسم ہے، اس ذات کی جس کے قبضہ میں محمد کی جان ہے کہ مسلمانوں میں سب سے زیادہ اسلم (یعنی سلامتی اور اسلام والا) مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے مسلمان سلامت رہیں (مسند احمد، طبرانی)

اور امام حاکم نے عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے اس طرح روایت کیا ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفَاحِشَ وَلَا الْمُتَفَحِّشَ، وَالَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَظْهَرَ الْفُحْشُ وَالتَّفَحُّشُ وَقَطِيْعَةُ الرَّحِمِ وَسُوْءُ الْمُجَاوَرَةِ، وَيُخَوَّنُ الْأَمِيْنُ وَيُؤْتَمَنُ الْخَائِنُ (المستدرک للحاکم، رقم الحديث ٢٥٣، كتاب الإيمان) [2]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره (حاشية مسند احمد)

[2] قال الحاكم: هذا حديث صحيح فقد اتفق الشيخان على الاحتجاج بجميع رواته غير أبى سبرة الهذلى وهو تابعى كبير مبين ذكره فى المسانيد والتواريخ غير مطعون فيه وله شاهد من حديث قتادة، عن ابن بريدة.

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک اللہ، فحش کام وکلام کرنے والے اور فحش کام وکلام کو پسند کرنے والے کو پسند نہیں فرماتا، اور قسم ہے اس ذات کی، جس کے قبضہ میں محمد کی جان ہے کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک کہ بے حیائی والے کام وکلام کو کرنا، اور بے حیائی والے کام وکلام کو پسند کرنا، اور قطع رحمی، اور بُرے پڑوسی عام نہ ہوجائیں، اور امانت دار کو خائن، اور خائن کو امانت دار قرار نہ دیا جائے (حاکم)

## عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: يَكُوْنُ فِيْ آخِرِ أُمَّتِيْ رِجَالٌ يَرْكَبُوْنَ عَلٰى سُرُوْجٍ كَأَشْبَاهِ الرِّجَالِ، يَنْزِلُوْنَ عَلٰى أَبْوَابِ الْمَسَاجِدِ، نِسَاؤُهُمْ كَاسِيَاتٌ عَارِيَاتٌ، عَلٰى رُؤُوْسِهِنَّ كَأَسْنِمَةِ الْبُخْتِ الْعِجَافِ، اَلْعَنُوْهُنَّ فَإِنَّهُنَّ مَلْعُوْنَاتٌ، لَوْ كَانَ وَرَاءَكُمْ أُمَّةٌ مِنَ الْأُمَمِ، خَدَمَتْهُنَّ نِسَاؤُكُمْ كَمَا خَدَمَكُمْ نِسَاءُ الْأُمَمِ قَبْلَكُمْ (موارد الظمآن إلى زوائد ابن حبان، رقم الحديث ۱۴۵۴، كتاب اللباس، باب فيما يحرم على النساء مما يصف البشرة وغيره) [1]

ترجمہ: ”میری امت میں آخری زمانے میں ایسے لوگ ہوں گے جو اونٹ کے کجاووں کی طرح کی بڑی بڑی زینوں پر سوار ہوں گے، وہ لوگ مسجد کے دروازوں پر اُتریں گے (یعنی وہ مالدار ہونے کے ساتھ ساتھ خود تو بظاہر دیندار ہوں گے) اُن کی عورتیں (ظاہر میں تو) لباس پہنے ہوئے ہوں گی (لیکن لباس

[1] قال حسين سليم أسد الدّاراني: إسناده حسن من أجل عبد الله بن عياش بن عباس، وقد بسطنا القول فيه عند الحديث (6663) في مسند أبي يعلى الموصلي (حاشيه موارد الظمآن)

کی حقیقت اور مقصد کے اعتبار سے) ننگی ہوں گی، ان کے سَر کمزور بختی (ایک خاص نسل کے)اونٹوں کے کوہان کی طرح ہوں گے(بالوں کو دوسروں پر ظاہر کرنے کی غرض سے اپنے سروں کے درمیان کر کے کوہان نما وضع بنالیں گی) تم اُن پر لعنت کرو، اس لیے کہ وہ ملعون عورتیں ہیں، اگر تمہارے بعد کوئی اور اُمت ہوتی، تو تمہاری عورتیں اُن کی عورتوں کی خادم (وباندی) ہوتیں، جیسا کہ تم سے پہلی اُمتوں کی عورتیں تمہاری خادم (وباندی) ہیں‘‘(موارد)

## عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَتَسَافَدُوْنَ فِي الطَّرِيْقِ تَسَافُدَ الْحَمِيْرِ ،قُلْتُ: إِنَّ ذٰلِکَ لَكَائِنٌ؟قَالَ: نَعَمْ لَيَكُوْنَنَّ(موارد الظمآن،الى زوائد ابنِ حبان،رقم الحديث ١٨٨٩ ، كتاب الفتن، باب فى أمارات الساعة) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک لوگ راستہ میں اسی طرح ایک دوسرے کے ساتھ بدکاری نہیں کرلیں گے، جس طرح گدھے کرتے ہیں، میں نے عرض کیا کہ ایسا بھی ہوگا؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جی ہاں ضرور ہوگا (موارد)

## ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ يَظْهَرُ الرِّبَا،

[1] قال حسين سليم أسد الدّارانى :إسناده صحيح(حاشية موارد الظمآن)

وَالزِّنَا، وَالْخَمْرُ (المعجم الأوسط،للطبرانی، رقم الحدیث ۷۶۹۵، باب المیم) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے قریب سُود، اور زنا اور شراب (ومنشیات) کے گناہ کے عام ہوجائیں گے (طبرانی)

شراب بھی فحش کاموں میں سے ہے۔

## ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا ظَهَرَ فِيْ قَوْمٍ اَلزِّنٰى وَالرِّبَا إِلَّا أَحَلُّوا بِأَنْفُسِهِمْ عِقَابَ اللّٰهِ جَلَّا وَعَلَا (صحیح ابنِ حبان، رقم الحدیث ۴۴۱۰، کتاب الحدود، باب الزنی وحده) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس قوم میں بھی زنا، اور سود پھیل

---

[1] قال الهيثمي:
رواه الطبراني في الأوسط، ورجاله رجال الصحيح(مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۶۵۸۲، باب ما جاء في الربا)
و قال المنذری:
رواه الطبراني ورواته رواة الصحيح(الترغيب والترهيب للمنذري، ج۳ص ۹، تحت رقم الحديث ۲۴، كتاب البيوع، الترهيب من الربا)
و قال الالبانی:
الحديث صحيح، ومن دلائل نبوته -صلى الله عليه وسلم-؛ فقد جاء مفرقا في أحاديث تقدم بعضها، فانظر مثلا حديث ابن عمر المتقدم برقم ( 107) ، وحديث ابن عباس المخرج في "غاية المرام "(203/344) ، وحديث عبادة بن الصامت في "الصحيحة "برقم (1604) وغيرها.
ومن ذلك قوله -صلى الله عليه وسلم ":-إن من أشراط الساعة :أن يرفع العلم، ويظهر الجهل، ويفشو الزنى، وتشرب الخمر " ...الحديث.
أخرجه الشيخان في "العلم "، وأصحاب "السنن -"غير أبي داود-، وصححه الترمذي (2205). (سلسلة الأحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ۳۴۱۵)

[2] قال شعيب الارنؤوط:حديث حسن لغيره(حاشية صحيح ابنِ حبان)

جاتا ہے، تو وہ ضرور اپنے لیے اللہ جل جلالہٗ کے عذاب کو اتار لیتی اور دعوت دے دیتی ہے (ابنِ حبان)

اور مسند احمد میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

مَا ظَهَرَ فِیْ قَوْمٍ اَلرِّبَا وَالزِّنَا، إِلَّا أَحَلُّوْا بِأَنْفُسِهِمْ عِقَابَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ (مسند احمد، رقم الحدیث ۳۸۰۹) [1]

ترجمہ: جب کسی قوم میں سود اور زنا پھیل جائے، تو سمجھ لینا چاہئے کہ ان لوگوں نے اللہ عزوجل کے عذاب کو اپنے اوپر دعوت دے دی (مسند احمد)

## ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

إِذَا بُخِسَ الْمِيْزَانُ حُبِسَ الْقَطْرُ، وَإِذَا كَثُرَ الزِّنَا كَثُرَ الْقَتْلُ وَوَقَعَ الطَّاعُوْنُ، وَإِذَا كَثُرَ الْكَذِبُ كَثُرَ الْهَرْجُ (مستدرک حاکم، رقم الحدیث ۸۵۳۶، کتاب الفتن والملاح، أما حدیث أبی عوانة) [2]

ترجمہ: جب ناپ تول میں کمی کی جاتی ہے، تو بارش کو روک دیا جاتا ہے، اور جب زنا کی کثرت ہوتی ہے، تو قتل کی کثرت ہو جاتی ہے، اور طاعون واقع ہو جاتا ہے، اور جب جھوٹ کی کثرت ہوتی ہے، تو ''هرج'' (یعنی خونریزی کا سلسلہ عام) ہو جاتا ہے (حاکم)

---

[1] قال شعیب الارنؤوط: حدیث صحیح لغیرہ (حاشیة مسند احمد)

[2] قال الحاکم: هذا حدیث صحیح علی شرط الشیخین، ولم یخرجاه "
وقال الذهبی فی التلخیص: علی شرط البخاری ومسلم.

# ابو مالک اشعری وسہل بن سعد رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت عبد الرحمٰن بن غنم اشعری سے روایت ہے، انہوں نے فرمایا کہ مجھ سے ابو عامر، یا ابو مالک اشعری نے بیان کیا ہے اور اللہ کی قسم انہوں نے مجھ سے جھوٹ نہیں بولا کہ:

سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَيَكُونَنَّ مِنْ أُمَّتِي أَقْوَامٌ، يَسْتَحِلُّونَ الْحِرَ وَالْحَرِيرَ، وَالْخَمْرَ وَالْمَعَازِفَ، وَلَيَنْزِلَنَّ أَقْوَامٌ إِلٰى جَنْبِ عَلَمٍ، يَرُوحُ عَلَيْهِمْ بِسَارِحَةٍ لَهُمْ، يَأْتِيهِمْ يَعْنِي الْفَقِيرَ لِحَاجَةٍ فَيَقُولُونَ: ارْجِعْ إِلَيْنَا غَدًا، فَيُبَيِّتُهُمُ اللّٰهُ، وَيَضَعُ الْعَلَمَ، وَيَمْسَخُ آخَرِينَ قِرَدَةً وَخَنَازِيرَ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ (صحيح البخاری، رقم الحديث ٥٥٩٠، كتاب الأشربة، باب ماجاء فيمن يستحل الخمر ويسميه بغير اسمه)

ترجمہ: انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ یقیناً میری اُمت میں سے کچھ لوگ ایسے ہوں گے جو زنا، ریشم اور شراب اور آلاتِ موسیقی (Musical instruments) کو (خوشنما تعبیروں مثلاً آرٹ، کلچر، ثقافت وغیرہ کے نام وعنوان سے) حلال کرلیں گے، اور کچھ لوگ ایک پہاڑ کے قریب اقامت کریں گے، وہاں ان کے مویشی چر کر آیا کریں گے، ان کے پاس کوئی حاجت مند اپنی ضرورت لے کر آئے گا، وہ (ازراہِ حقارت) کہیں گے، کل آنا، پس اللہ تعالیٰ ان پر راتوں رات عذاب نازل کرے گا اور پہاڑ کو اُن پر گرا دے گا اور دوسرے لوگوں کو (جو حرام چیزوں میں خوشنما تاویلیں کریں گے) قیامت تک کے لیے بندر اور خنزیر بنادے گا (صحیح بخاری)

اور حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيَشْرَبَنَّ نَاسٌ مِّنْ أُمَّتِي الْخَمْرَ

**يُسَمُّوْنَهَا بِغَيْرِ اسْمِهَا ، يُضْرَبُ عَلٰى رُءُ وْسِهِمْ بِالْمَعَازِفِ ، وَالْقَيْنَاتِ ، يَخْسِفُ اللّٰهُ بِهِمُ الْأَرْضَ ، وَيَجْعَلُ مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ ، وَالْخَنَازِيْرَ** (التاريخ الكبير للبخارى، ج ١ ص ٣٤٠،رقم الحديث ٩٦٧) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کچھ لوگ میری امت میں سے خمر (وشراب) پئیں گے،جس کا نام خمر (وشراب) کے علاوہ کچھ اور رکھیں گے،ان کے سروں پر گانے بجانے کے آلات بجائے جائیں گے،اور گانے والی گانے گائیں گی،اللہ،ان لوگوں کو زمین میں دھنسادے گا،اوران میں سے بعض کو بندر اور خنزیر بنادے گا(تاریخ کبیر بخاری)

اور حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:سَيَكُوْنُ فِيْ آخِرِ الزَّمَانِ خَسْفٌ وَقَذْفٌ وَمَسْخٌ، قِيْلَ:وَمَتٰى ذٰلِكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ:إِذَا ظَهَرَتِ الْمَعَازِفُ وَالْقَيْنَاتُ، وَاسْتُحِلَّتِ الْخَمْرُ** (المعجم الكبير للطبرانى،رقم الحديث ٥٨١٠،ج٦ص ١٥٠، مسند عبد بن حميد، ج ١ ص٣٦٥، رقم الحديث ٤٥١) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آخری زمانہ میں (اس امت میں) دھنسائے جانے اور صورتیں مسخ کیے جانے اور پتھر برسائے جانے کا عذاب ہوگا، سوال کیا گیا کہ اے اللہ کے رسول! یہ کب ہوگا؟ فرمایا کہ جب گانے بجانے کے

---

[1] قال الالبانى:قلت : وهذا إسناد رجاله ثقات غير مالك هذا فإنه لا يعرف إلا برواية حاتم عنه فهو مجهول ولذلك قال الحافظ فيه: مقبول أى عند المتابعة (تحريم آلات الطرب للألبانى ، ص٤٥،الفصل الأول: فى ذكر الأحاديث الصحيحة فى تحريم الغناء وآلات الطرب)

[2] قال الهيثمى: رواه الطبرانى، وفيه عبد الرحمن بن زيد بن أسلم وفيه ضعف، وبقية رجال إحدى الطريقين رجال الصحيح (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ١٢٥٨٩ ، باب ما جاء فى المسخ والقذف وإرسال الشياطين والصواعق)

www.idaraghufran.org

آلات (موسیقی) اور گانے بجانے والی عورتوں کی کثرت ہوجائے گی، اور خمر (وشراب) کو حلال قرار دیا جانے لگے گا (طبرانی، مسند حمید)

آلاتِ موسیقی بھی فحاشی کے مفہوم میں داخل ہیں، اور زنا کی طرف دعوت دینے اور زنا کی رغبت پیدا کرنے والے ہیں، اس لئے اس گناہ کو بھی مذکورہ حدیث میں ساتھ ہی بیان کیا گیا۔

اور آج میڈیا کے ذریعہ گھر گھر، گانے والیوں کی آوازیں، اور آلاتِ موسیقی پہنچ چکے ہیں، یہاں تک کہ ہر چیز اور فون کی گھنٹیوں تک میں اس وبا کو پسند واختیار کیا جانے لگا ہے۔

دوسری طرف آلاتِ موسیقی، اور گانے کو حلال قرار دینے والے بعض دین کے جدت پسند ائمہ ولیڈرانِ قوم نے اس شیطانی راستہ کی رکاوٹیں دور کرنے میں بھی اپنا کردار اداء کرنا شروع کردیا ہے، جن کو بعض احادیث میں گمراہ کن ائمہ، ولیڈران بتلایا گیا ہے، اور ان کا ذکر ہم الگ مستقل فصل میں کرچکے ہیں۔

اور شراب کو دوسرے نام رکھ کر حلال کرلینے کا ذکر بھی کئی احادیث میں آیا ہے۔

## چند صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کی احادیث

چنانچہ حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :لَا تَذْهَبُ اللَّيَالِيُ وَالْأَيَّامُ حَتّٰى تَشْرَبَ طَائِفَةٌ مِّنْ أُمَّتِيُ الْخَمْرَ، يُسَمُّوْنَهَا بِغَيْرِ اِسْمِهَا (سنن ابن ماجه، رقم الحديث ٣٣٨٣، ابواب الاشربة، باب الخمر يسمونها بغير اسمها) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ رات اور دن (اس وقت تک) ختم نہ ہوں گے (اور اس وقت تک قیامت نہیں آئے گی) یہاں تک کہ میری امت

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره (حاشية سنن ابنِ ماجه)

کے کچھ لوگ خمر (وشراب) پئیں گے،اوراس کا کوئی اور نام رکھیں گے(ابنِ ماجہ)

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

**قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَشْرَبُ نَاسٌ مِّنْ أُمَّتِي الْخَمْرَ بِاسْمٍ يُسَمُّوْنَهَا إِيَّاهُ** (سنن ابنِ ماجه،رقم الحديث ٣٣٨٥،ابواب الاشربة، باب الخمر يسمونها بغير اسمها) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت کے کچھ لوگ خمر (وشراب) پئیں گے،اوراس کا کوئی اور نام رکھیں گے(ابنِ ماجہ)

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أُنَاسًا مِّنْ أُمَّتِي يَشْرَبُوْنَ الْخَمْرَ، يُسَمُّوْنَهَا بِغَيْرِ اِسْمِهَا** (مسند احمد،رقم الحديث ١٨٠٧٣،حديث رجل من أصحاب النبى صلى الله عليه وسلم) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت کے کچھ لوگ خمر (وشراب) پئیں گے،جس کا نام کچھ اور رکھ لیں گے(مسند احمد)

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ أُمَّتِي يَشْرَبُوْنَ الْخَمْرَ فِي آخِرِ الزَّمَانِ يُسَمُّوْنَهَا بِغَيْرِ اِسْمِهَا** (المعجم الكبير للطبرانى، رقم الحديث ١١٢٢٨،ج ١١ص ٢١٨) [3]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آخری زمانہ میں میری امت

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح(حاشية سنن ابنِ ماجه)

[2] قال شعيب الارنؤوط:إسناده صحيح(حاشية مسند احمد)

[3] قال الهيثمى: رواه الطبرانى ورجاله ثقات (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ٨١٠٧، باب فيما يسكر)

www.idaraghufran.org

خمر (وشراب) پیئے گی، جس کا نام کچھ اور رکھ لے گی (طبرانی)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

**إِنَّ نَاسًا مِّنْ أُمَّتِي يَشْرَبُوْنَ الْخَمْرَ يُسَمُّوْنَهَا بِغَيْرِ اِسْمِهَا** (المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۷۲۳۷، ج۴ص ۱۶۴، کتاب الاشربة) [1]

ترجمہ: میری امت کے کچھ لوگ خمر (وشراب) پئیں گے، جس کا نام (خمروشراب کے علاوہ) کچھ اور رکھ لیں گے (حاکم)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

**سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: إِنَّ أَوَّلَ مَا يُكْفَأُ، قَالَ زَيْدٌ: يَعْنِي فِي الْإِسْلَامِ، كَمَا يُكْفَأُ الْإِنَاءُ يَعْنِي الْخَمْرَ، فَقِيْلَ: كَيْفَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَقَدْ بَيَّنَ اللّٰهُ فِيْهَا مَا بَيَّنَ؟ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُسَمُّوْنَهَا بِغَيْرِ اِسْمِهَا فَيَسْتَحِلُّوْنَهَا** (سنن الدارمی، رقم الحدیث ۲۱۴۵، کتاب الاشربة، باب ما قیل فی المسکر) [2]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ سب سے پہلے جس کام کو اوندھا کر دیا جائے گا، حدیث کے راوی زید نے یہ وضاحت فرمائی کہ اسلام میں سب سے پہلے جس کام کو اوندھا کر دیا جائے گا، جیسے برتن کو اوندھا کر دیا جاتا ہے، وہ خمر (وشراب) ہوگی، عرض کیا گیا کہ اے اللہ کے رسول! یہ کیونکر ہوگا، حالانکہ اللہ نے شراب کے بارے میں وضاحت فرمادی ہے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لوگ خمر (وشراب) کا نام کچھ اور رکھ لیں گے، پھر اس کو (اپنے دعوے میں) حلال قرار دے لیں گے (دارمی)

---

[1] قال الحاکم: هذا حدیث صحیح علی شرط الشیخین ولم یخرجاه.
وقال الذهبی فی التلخیص: علی شرط البخاری ومسلم.

[2] قال حسین سلیم اسد الدارانی: إسناده حسن (حاشیة سنن الدارمی)

www.idaraghufran.org

## معاذ بن جبل وابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت معاذ بن جبل، اور ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ هٰذَا الْأَمْرَ بَدَأَ رَحْمَةً وَنُبُوَّةً، ثُمَّ يَكُوْنُ رَحْمَةً وَّخِلَافَةً، ثُمَّ كَائِنًا مُلْكًا عَضُوْضًا، ثُمَّ كَائِنًا عُتُوًّا وَجَبَرِيَّةً، وَفَسَادًا فِي الْأَرْضِ يَسْتَحِلُّوْنَ الْحَرِيْرَ، وَالْفُرُوْجَ، وَالْخُمُوْرَ يُرْزَقُوْنَ عَلٰى ذٰلِكَ، وَيُنْصَرُوْنَ حَتّٰى يَلْقَوُا اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ

(المعجم الكبير للطبراني، ج ١ ص ١٥٦، رقم الحديث ٣٦٧) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک اللہ نے اس دین کی ابتداء، رحمت ونبوت سے فرمائی، پھر (دورِ نبوت کے بعد) خلافت ورحمت کا دَور ہوگا، اس کے بعد کاٹ کھانے والی بادشاہت ہوگی، اس کے بعد خالص آمریت، جبر واستبداد اور امّت کے عمومی بگاڑ کا دور آئے گا، یہ لوگ ریشم، اور عورتوں کی شرم گاہوں، اور شراب کو حلال کرلیں گے اور اس کے باوجود انہیں رزق بھی ملتا رہے گا، اور ان کی مدد بھی ہوتی رہے گی، یہاں تک کہ وہ اللہ عزوجل کے حضور پیش ہوں گے (پھر حساب وکتاب ہوگا) (طبرانی)

## ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

يَا مَعْشَرَ الْمُهَاجِرِيْنَ خَمْسٌ :إِذَا ابْتُلِيْتُمْ بِهِنَّ وَأَعُوْذُ بِاللّٰهِ أَنْ تُدْرِكُوْهُنَّ ،لَمْ تَظْهَرِ الْفَاحِشَةُ فِيْ قَوْمٍ قَطُّ، حَتّٰى يُعْلِنُوْا بِهَا ،إِلَّا فَشَا

---

[1] قال سعد بن ناصر بن عبد العزيز الشّثرى: هٰذا حديث حسن (حاشيه المطالب العالية بزوائد المسانيد الثمانية، ج ٩، ص ٥٧٤، رقم الحديث ٢٠٩٢ "١" كتاب الخلافة والإمارة)

www.idaraghufran.org

فِيهِمُ الطَّاعُونُ ،وَالْأَوْجَاعُ الَّتِي لَمْ تَكُنْ مَضَتْ فِي أَسْلَافِهِمُ الَّذِينَ مَضَوْا ،وَلَمْ يَنْقُصُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيزَانَ ،إِلَّا أُخِذُوا بِالسِّنِينَ وَشِدَّةِ الْمَئُونَةِ وَجَوْرِ السُّلْطَانِ عَلَيْهِمْ وَلَمْ يَمْنَعُوا زَكَاةَ أَمْوَالِهِمْ إِلَّا مُنِعُوا الْقَطْرَ مِنَ السَّمَاءِ وَلَوْلَا الْبَهَائِمُ لَمْ يُمْطَرُوا وَلَمْ يَنْقُضُوا عَهْدَ اللّٰهِ وَعَهْدَ رَسُولِهِ إِلَّا سَلَّطَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ عَدُوًّا مِنْ غَيْرِهِمْ فَأَخَذُوا بَعْضَ مَا فِي أَيْدِيهِمْ وَمَا لَمْ تَحْكُمْ أَئِمَّتُهُمْ بِكِتَابِ اللّٰهِ وَيَتَخَيَّرُوا مِمَّا أَنْزَلَ اللّٰهُ إِلَّا جَعَلَ اللّٰهُ بَأْسَهُمْ بَيْنَهُمْ (سنن ابن ماجه، رقم الحديث ۴۰۱۹، ابواب الفتن، باب العقوبات) [1]

ترجمہ: اے مہاجرین کی جماعت! پانچ چیزیں ہیں کہ اگر تمہیں ان میں مبتلا ہونا پڑا، اور میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں، اس بات سے کہ تمہیں ان سے سابقہ پیش آئے۔

بے حیائی جب بھی کسی قوم میں عام ہوتی ہے، تو ان میں طاعون پھیل جاتا ہے، اور ایسی تکلیفیں اور بیماریاں ان پر آتی ہیں جو ان کے گزشتہ باپ دادوں میں کبھی آئی ہی نہیں۔

اور ناپ تول میں جب بھی کمی کی جائے گی تو قحط سالیاں، شدید قسم کی مشقتیں اور حاکموں کا ظلم وستم مسلط کر دیا جائے گا؛ اور زکاۃ کی ادائیگی روکیں گے، تو آسمان سے بارش بند کر دی جائے گی، اور اگر چوپائے نہ ہوتے، تو لوگوں پر بارش بالکل برسائی ہی نہ جاتی؛ اور اللہ ورسول کے عہد ومعاہدہ کو توڑا جائے گا، تو اس کے نتیجے میں اللہ تعالیٰ ان پر غیر قوم (غیر مسلم) میں سے دشمنوں کو مسلط فرما دے گا، جو ان کے مملوکہ مال کو لے لیں گے؛ اور جب تک مسلمانوں کے ائمہ ولیڈر (علماء، جج، اور حکمران) اللہ کی کتاب کے مطابق فیصلے نہ کریں گے، اور جو احکام اللہ تعالیٰ نے

[1] قال شعيب الارنؤوط: حسن لغيره (حاشية مسند احمد)

اتارے ہیں،ان کو اختیار نہ کریں گے،تو اللہ ان کو آپس میں لڑا بھڑا دے گا (اور اختلاف وانتشار میں مبتلا فرمادے گا) (سنن ابنِ ماجہ)

بے حیائی کے کام آج کل عام ہوتے جارہے ہیں،میڈیا نے تو بے حیائی کو گھر گھر پہنچا دیا ہے۔

## بریدہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: مَا نَقَضَ قَوْمٌ الْعَھْدَ قَطُّ، إِلَّا کَانَ الْقَتْلُ بَیْنَھُمْ، وَلَا ظَھَرَتِ الْفَاحِشَۃُ فِیْ قَوْمٍ قَطُّ، إِلَّا سَلَّطَ اللّٰہُ عَلَیْھِمُ الْمَوْتَ، وَلَا مَنَعَ قَوْمٌ الزَّکَاۃَ، إِلَّا حَبَسَ اللّٰہُ عَنْھُمُ الْقَطْرَ (مستدرک حاکم، رقم الحدیث ۲۵۷۷،کتاب الجھاد، مسند البزار، رقم الحدیث ۴۴۶۳) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو قوم بھی کبھی عہد کو توڑتی ہے،تو ان کے درمیان قتل وغارت گری پیدا ہوجاتی ہے،اور جس قوم میں جب بھی فحاشی (بے حیائی و بے غیرتی) پھیلتی ہے،تو ان پر اللہ موت کو مسلط فرمادیتا ہے(جیسا ایڈز وغیرہ کی مہلک بیماریاں) اور جو قوم بھی زکاۃ کو روکتی ہے،تو ان سے اللہ بارش کو روک لیتا ہے (حاکم)

آج معاشرہ کو میڈیا نے پوری طرح بے حیائی اور فحاشی کی لپیٹ میں لینا شروع کردیا ہے،اور میڈیا کے علاوہ بھی معاشرہ میں بے حیائی اور بے غیرتی طرح طرح سے عام ہوتی جارہی ہے،عورتوں کی نمود ونمائش،اور جسم وحسن فروشی کے کاروبار عروج پر ہیں،جس پر عورتیں مال کمانے کے لئے ایک مہنگا پیشہ بن چکی ہیں۔

---

[1] قال الحاکم:ھذا حدیث صحیح علی شرط مسلم ولم یخرجاہ.
وقال الذھبی فی التلخیص: علی شرط مسلم.

# ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ : خَمْسٌ بِخَمْسٍ قَالُوْا : یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَمَا خَمْسٌ بِخَمْسٍ؟ قَالَ : مَا نَقَضَ قَوْمٌ الْعَهْدَ إِلَّا سُلِّطَ عَلَیْهِمْ عَدُوُّهُمْ، وَمَا حَكَمُوْا بِغَیْرِ مَا أَنْزَلَ اللّٰہُ إِلَّا فَشَا فِیْهِمُ الْفَقْرُ، وَلَا ظَهَرَتْ فِیْهِمُ الْفَاحِشَةُ إِلَّا فَشَا فِیْهِمُ الْمَوْتُ، وَلَا طَفَّفُوْا الْمِكْیَالَ إِلَّا مُنِعُوْا النَّبَاتَ وَأُخِذُوْا بِالسِّنِیْنَ، وَلَا مَنَعُوْا الزَّكَاةَ إِلَّا حُبِسَ عَنْهُمُ الْقَطْرُ** (المعجم الكبير للطبرانی، رقم الحديث ۱۰۹۹۲، ج ۱۱ ص ۴۵) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پانچ چیزوں کے بدلہ میں پانچ چیزیں ہیں، صحابۂ کرام نے عرض کیا کہ وہ کون سی پانچ چیزیں پانچ چیزوں کے بدلہ میں ہیں؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو قوم بھی عہد شکنی کرتی ہے، تو ان پر ان کے دشمنوں کو مسلط کر دیا جاتا ہے، اور جو لوگ بھی اللہ کے نازل کردہ

---

[1] قال الهيثمی:

رواه الطبرانی فی الكبير، وفيه إسحاق بن عبد الله بن كيسان المروزی، لينه الحاكم، وبقية رجاله موثقون، وفيهم كلام(مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۴۳۴۶، باب فرض الزكاة)

وقال المنذری:

رواه الطبرانی فی الكبير وسنده قريب من الحسن وله شواهد(الترغيب و الترهيب، ج ۱، ص ۵۴۴، رقم الحديث ۲۱، كتاب الصدقات، الترهيب من منع الزكاة، وما جاء فی زكاة الحلی)

وقال الالبانی:

وبالجملة فالحديث بهذه الطرق والشواهد صحيح بلا ريب، وتوقف الحافظ ابن حجر فی ثبوته إنما هو باعتبار الطريق الأولى .والله أعلم(سلسلة الاحاديث الصحيحة، ج ۱، ص ۲۱۷، تحت رقم الحديث ۱۰۷)

احکام کے خلاف فیصلہ کرتے ہیں، تو ان میں فقر (وافلاس) پھیل جاتا ہے، اور جس قوم میں بھی فحاشی پھیلتی ہے، اس میں موت پھیل جاتی ہے، اور جولوگ بھی (خرید وفروخت اور لین دین کے وقت) ناپ تول میں کمی کرتے ہیں، تو ان سے فصل کوروک لیا جاتا ہے، اور قحط سالی کے عذاب میں مبتلا کیا جاتا ہے، اور جولوگ بھی زکاۃ کوروک لیتے ہیں، تو ان سے بارش کوروک لیا جاتا ہے (طبرانی)

## ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

عبداللہ بن بریدہ نے حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ:

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: مَا نَقَضَ قَوْمٌ الْعَهْدَ إِلَّا سَلَّطَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ عَدُوَّهُمْ، وَلَا فَشَتِ الْفَاحِشَةُ فِيْ قَوْمٍ إِلَّا أَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِالْمَوْتِ، وَمَا طَفَّفَ قَوْمٌ الْمِيْزَانَ إِلَّا أَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِالسِّنِيْنَ، وَمَا مَنَعَ قَوْمٌ الزَّكَاةَ إِلَّا مَنَعَهُمُ اللّٰهُ الْقَطْرَ مِنَ السَّمَاءِ، وَمَا جَارَ قَوْمٌ فِيْ حُكْمٍ إِلَّا كَانَ الْبَأْسُ بَيْنَهُمْ، أَظُنُّهُ قَالَ: وَالْقَتْلُ كَذَا (شعب الایمان للبیهقی، رقم الحدیث ۳۰۳۹، الثانی والعشرون من شعب الإیمان وهو باب فی الزكاة،التشدید علی منع زكاة المال) [1]

ترجمہ: ابنِ عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جو قوم بھی اللہ کے عہد ومعاہدہ کو توڑتی ہے، تو اللہ ان پر ان کے دشمنوں کو مسلط فرما دیتا ہے، اور جس قوم میں بھی فاحشہ وبے حیائی پھیلتی ہے، تو ان کو اللہ موت کے ساتھ پکڑتا ہے، اور جو قوم بھی ناپ تول میں کمی کرتی ہے، تو ان کو اللہ قحط سے پکڑ لیتا ہے، اور جو قوم بھی زکاۃ روک لیتی

---

[1] قال الالبانی: قلت: وإسناده صحیح وهو موقوف فی حكم المرفوع، لأنه لا يقال من قبل الرأی (سلسلة الاحادیث الصحیحة، تحت رقم الحدیث ۱۰۷)

قال سعد بن ناصر بن عبد العزیز الشَّثری: وسنده صحیح، وهو موقوف فی حكم المرفوع، لأنه لا يقال من قبيل الرأی (المطالب العالية بزوائد المسانید الثمانية، ج۵، ص۶۳۴، رقم الحدیث ۹۵۹، كتاب الزكاة، باب الترهيب من كنز المال)

ہے،تواس سے اللہ آسمان سے بارش کوروک دیتا ہے،اور جوقوم بھی فیصلے کرنے میں(انصاف کے بجائے) ظلم کرتی ہے،تو ان کے درمیان لڑائی چھڑ جاتی ہے،میرا گمان یہ ہے کہ یہ فرمایا کہ اوراس طرح (آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ )قتل وقتال ہونے لگتا ہے(بیہقی)

## ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث

اور حضرت عکرمہ نے حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ:

إِذَا ظَهَـرَ الـزِّنَـا وَالـرِّبَـا فِـيْ قَـرْيَـةٍ، فَـقَـدْ أَحَلُّوْا بِأَنْفُسِهِمْ عَذَابَ اللّٰهِ

(المستدرک ،للحاکم، رقم الحدیث ۲۲۶۱، کتاب البیوع) [1]

ترجمہ: جب کسی آبادی میں زنا،اور سود کی وبا پھیل جائے ،تو یقیناً ان لوگوں نے خود ہی سے اللہ کے عذاب کو اتارلیا(حاکم)

اور حضرت سعید بن جبیر نے حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:إِذَا ظَهَرَ الزِّنَا وَالرِّبَا فِيْ قَرْيَةٍ، فَـقَـدْ أَحَـلُّـوْا بِـأَنْفُسِهِمْ كِتَابَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ(المعجم الكبير للطبرانی، ج ا ص ۱۷۸،رقم الحدیث ۴۶۰) [2]

---

[1] قال الحاکم :ھذا حدیث صحیح الإسناد ولم یخرجاہ.
وقال الذھبی فی التلخیص:صحیح.
وقال ابوحذیفۃ نبیل بن منصور البصارۃ الکویتی:قلت: سماک صدوق إلا أن ابن المدینی وغیرہ تکلموا فی روایتہ عن عکرمۃ(انیس الساری تخریج احادیث فتح الباری، ج۶ ص ۴۳۴۹، تحت رقم الحدیث ۳۰۶۶، حرف اللام )
قلت وقد روی ھذا الحدیث سعید بن جبیر عن ابنِ عباس،کماسیاتی.

[2] قال الھیثمی:
رواہ الطبرانی فی الکبیر، وفیہ ھاشم بن مرزوق، ولم أجد من ترجمہ، وبقیۃ رجالہ ثقات(مجمع الزوائد،تحت رقم الحدیث ۶۵۸۳ ،باب ما جاء فی الربا)

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب کسی آبادی میں زنا، اور سود کی وبا پھیل جائے، تو یقیناً ان لوگوں نے خود ہی سے اللہ عزوجل کے عذاب کو اتار لیا (طبرانی)

## ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی چوتھی حدیث

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد مروی ہے کہ:

وَالَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِیَدِہٖ لَیَبِیْتَنَّ نَاسٌ مِّنْ اُمَّتِیْ عَلٰی أَشَرٍ وَبَطَرٍ وَّلَعِبٍ وَلَهْوٍ، فَيُصْبِحُوا قِرَدَةً وَخَنَازِيْرَ بِاسْتِحْلَالِهِمُ الْمَحَارِمَ، وَاتِّخَاذِهِمُ الْقَيْنَاتِ، وَشُرْبِهِمُ الْخَمْرَ، وَأَكْلِهِمُ الرِّبَا، وَلُبْسِهِمُ الْحَرِيْرَ (مسند أحمد، رقم الحديث ۲۲۷۹۰) [1]

ترجمہ: قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں محمد کی جان ہے کہ میری امت میں سے کچھ لوگ تکبر اور اتراہٹ اور لہو ولعب کے ساتھ رات گزاریں گے، پس صبح ہونے تک وہ بندر و خنزیر بنا دیئے جائیں گے، حرام چیزوں کو حلال سمجھنے کی وجہ

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

قلت ذكره ابن حبان في الثقات حيث قال:

هاشم بن مرزوق يروي عن عمرو بن أبي قيس روى عنه ابنه علي بن هاشم (كتاب: الثقات، ج۹، ص ۲۴۳، ۲۴۴، باب الهاء)

وقال ابن ابي حاتم:

هاشم بن مرزوق روى عن عمرو بن أبي قيس روى عنه ابنه علي بن هاشم سمعت أبي يقول ذلك.

قال أبو محمد وروى عن سفيان الثوري وابي جعفر الرازي روى عنه زكريا بن يحيى السمان وحجاج ابن حمزة الخشابي سألت أبي عنه فقال ثقة (الجرح والتعديل، ج۹، ص ۱۰۴، رقم الترجمة ۴۴۲، باب الهاء)

[1] قال الالباني:

للحديث شواهد يتقوى بها إن شاء الله تعالى، وقد مضى ذكر بعضها برقم ۹۰ و ۹۱، فهو بها حسن (سلسلة الاحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ۱۶۰۴)

www.idaraghufran.org

سے، اور گانے والی (عورتوں اور چیزوں) کو اختیار کرنے کی وجہ سے، اور شراب کے پینے کی وجہ سے، اور سود کے کھانے کی وجہ سے، اور ریشم کے پہننے کی وجہ سے

(مسند احمد)

گانے والی عورتوں میں آج کل کی گائیکار، اور فلمی اداکار عورتیں بھی داخل ہیں، جن میں سے بعض گانے گاتی ہیں، تو بعض گانے کی نقل اتار کر فلم بناتی ہیں، اور آج کل ان کے گانوں، اور فلموں کو میڈیا کے ذریعہ سننے اور دیکھنے کا مشغلہ بھی، ان کو اختیار و پسند کرنے میں داخل، اور مذکورہ حدیث کا مصداق ہے۔

## عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فِيْ هٰذِهِ الْأُمَّةِ خَسْفٌ وَمَسْخٌ وَقَذْفٌ، فَقَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَمَتٰى ذَاكَ؟ قَالَ: إِذَا ظَهَرَتِ الْقَيْنَاتُ وَالْمَعَازِفُ وَشُرِبَتِ الْخُمُوْرُ (سنن الترمذی، رقم الحدیث ۲۲۱۲، ابواب الفتن، باب ما جاء فی علامة حلول المسخ والخسف) ل

---

ل قال الترمذی:

وقد روى هذا الحديث، عن الأعمش، عن عبد الرحمن بن سابط، عن النبی صلى الله عليه وسلم مرسل وهذا حديث غريب.

وقال الالبانی:

ورجاله صدوقون غير أن عبد الله هذا كان يخطىء كما فى "التقريب" فمثله يستشهد به (سلسلة الاحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ۲۲۰۳)

وقال ايضاً:

أخرجه الترمذی فی كتاب الفتن وقم ۲۲۱۳ وابن أبی الدنيا فی ذم الملاهی ق ۱/۲ وأبو عمرو الدانی فی السنن الواردة فی الفتن ق ۱/۳۹ و ۲/۴۰ وابن النجار فی ذيل

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس امت میں (زمین میں) دھنسنے اور صورتیں مسخ ہونے اور پتھر برسائے جانے کا عذاب ہوگا، مسلمانوں میں سے ایک آدمی نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! یہ کب ہوگا؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب گانے والی (عورتیں اور چیزیں) اور گانے بجانے کے آلات (Musical instruments) عام ہو جائیں گے، اور شرابیں پی جائیں گی (ترمذی)

پہلے گذر چکا ہے کہ آج کے دور میں میڈیا کے ذریعہ گانے بجانے والی عورتوں اور موسیقی کی آوازیں، گھر گھر میں داخل ہو چکی ہیں، بلکہ سفر وحضر میں ساتھ ساتھ ہیں۔

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

تاریخ بغداد ۱۸/ ۲۵۲ من طرق عن عبد الله بن عبد القدوس قال :حدثنی الأعمش عن هلال بن يساف عنه وقال الترمذی ":وقد روى هذا الحديث عن الأعمش عن عبد الرحمن بن سابط عن النبی صلى الله عليه وسلم مرسل وهذا حديث غريب"

قلت :ورجاله ثقات غير عبد الله بن عبد القدوس قال الحافظ:

"صدوق رمی بالرفض وكان أيضا يخطء."

قلت :رفضه لا يضر حديثه وخطؤه مأمون بالمتابعات أو الشواهد التی تؤيد حفظه له كما سأبينه(تحريم آلات الطرب، ج ۱، ص ۶۳، ۶۴، الفصل الأول :فی ذكر الأحاديث الصحيحة فی تحريم الغناء وآلات الطرب)

وقال عبدالله بن يوسف الجديع:

قلت:يشير الترمذی الى الاختلاف فيه على الاعمش، وهذا فيما أرى، لايطعن على هذا الاسناد، لان الاعمش امام مكثر، يجوز ان يكون الخبر عنده باكثر من اسناد ، لكن الشأن فيمن دونه، وهو عبدالله بن عبدالقدوس، فانه ضعفه غير واحد من الائمة، ووثقه محمد بن عيسیٰ الطباع، وقال البخاری: هوفی الاصل صدوق، الا انه يروی عن اقوام ضعاف.

قلت: ومحصل اقوالهم فيه ان الرجل لايحتمل تفرده، وهو صالح الحديث فی المتابعات والشواهد، وعلى قول البخاری فانه حديثه اقوى من ذلک، لان شيخه هنا امام حافظ.

فالاسناد اذاً حسن فی الشواهد على اقل الاحوال(احاديث ذم الغناء والمعازف فی الميزان، صفحه ۳۸، ۳۹، مطبوعة : مكتبة دارالاقصیٰ، الكويت، الطبعة الاولیٰ : ۱۴۰۶ھ - 1986ء)

# ابوامامہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ يَبِيتُ قَوْمٌ مِّنْ هٰذِهِ الْأُمَّةِ عَلٰى طَعَامٍ وَشَرَابٍ وَلَهْوٍ، فَيُصْبِحُوْنَ قَدْ مُسِخُوْا خَنَازِيْرَ، وَلَيُخْسَفَنَّ بِقَبَائِلَ فِيْهَا وَفِيْ دُوْرٍ فِيْهَا، حَتّٰى يُصْبِحُوْا فَيَقُوْلُوْا خُسِفَ اللَّيْلَةَ بِبَنِيْ فُلَانٍ خُسِفَ اللَّيْلَةَ بِدَارِ بَنِيْ فُلَانٍ، وَأُرْسِلَتْ عَلَيْهِمْ حَصْبَاءُ حِجَارَةٌ كَمَا أُرْسِلَتْ عَلٰى قَوْمِ لُوْطٍ، وَأُرْسِلَتْ عَلَيْهِمُ الرِّيْحُ الْعَقِيْمُ فَتَنْسِفُهُمْ كَمَا نَسَفَتْ مَنْ كَانَ قَبْلَهُمْ بِشُرْبِهِمُ الْخَمْرَ، وَأَكْلِهِمُ الرِّبَا، وَلُبْسِهِمُ الْحَرِيْرَ، وَاتِّخَاذِهِمُ الْقَيْنَاتِ ، وَقَطِيْعَتِهِمُ الرَّحِمَ قَالَ وَذَكَرَ خَصْلَةً أُخْرٰى فَنَسِيْتُهَا (مستدرک حاکم، رقم الحديث ۸۵۷۲ کتاب الفتن والملاحم) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت میں سے کچھ لوگ کھانے پینے اورلہو (یعنی گانے بجانے کے مشغلہ) پر رات گزاریں گے، پھر صبح ہونے پر مسخ کر کے خنزیر بنا دیے جائیں گے، اور کچھ قبیلوں اور گھرانوں کو ان کے گھروں سمیت زمین میں دھنسا دیا جائے گا، جب لوگ صبح کریں گے، تو کہیں گے کہ اللہ نے رات کو فلاں قبیلہ کو، فلاں گھرانے کو، زمین میں دھنسا دیا، اور ان پر کنکریاں اور پتھر برسائے جائیں گے، جیسا کہ قومِ لوط پر برسائے گئے تھے، اور ان پر تیز وتند طوفان بھیجا جائے گا، جو ان کو تہس نہس کر دے گا، جس طرح پہلے لوگوں کو کیا گیا تھا، ان کے شراب پینے کی وجہ سے اور سود کھانے کی وجہ سے اور ریشم پہننے کی

---

[1] قال الحاكم: هذا حديث صحيح على شرط مسلم لجعفر، فأما فرق فإنهما لم يخرجاه. وقال الذهبي فی التلخيص: صحيح.

وجہ سے، اور گانے والی (عورتیں اور چیزیں) اختیار کرنے کی وجہ سے، اور (رشتہ داروں سے) قطع رحمی (و بدسلوکی) کرنے کی وجہ سے (راوی کہتے ہیں کہ) اور اس کے علاوہ بھی دوسری خصلت ذکر کی، جو مجھے یاد نہیں رہی (حاکم)

مذکورہ حدیث میں بھی حیا سوز مناظر، اور بے حیائی وفحاشی کے کاموں اور پروگراموں کے مرتکبین پر دنیا ہی میں سخت عذاب نازل ہونے کا ذکر کیا گیا ہے۔

اور آج اس طرح کی محافل رات بھر جاری رہنے کی فضا بنتی جارہی ہے، اور ایسی محافل پر زلزلوں اور طوفانوں کے حملے ہونے کے واقعات بھی دنیا میں ظاہر ہوتے ہیں۔

اور یہ سب فواحش ومنکرات عام ہونے کی وجہ حیاء وغیرت کا کمزور پڑ جانا، اور اس کی جگہ بے حیائی وبے غیرتی کا دل میں جڑیں پکڑ لینا ہے، جس میں موجودہ ذرائع ابلاغ ومیڈیا نے بہت تباہ کن کردار ادا کیا ہے، اور اس نے موجودہ وقت میں بچے، بڑے، عورت اور مرد سب کی غیرت کا جنازہ نکالنے کا گویا بیڑہ اٹھا رکھا ہے۔

جبکہ حیاء کی اسلام ودین میں بڑی اہمیت وتاکید اور بے حیائی وبے غیرتی کی بڑی مذمت وبرائی بیان کی گئی ہے، بلکہ اللہ نے فواحش کو اپنی حیاء وغیرت کی وجہ سے ہی حرام کیا ہے۔

## ابنِ مسعود، ابوہریرہ، عمران وابوامامہ رضی اللہ عنہم کی احادیث

چنانچہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَا مِنْ أَحَدٍ أَغْيَرُ مِنَ اللّٰهِ، مِنْ أَجْلِ ذٰلِكَ حَرَّمَ الْفَوَاحِشَ، وَمَا أَحَدٌ أَحَبَّ إِلَيْهِ الْمَدْحُ مِنَ اللّٰهِ

(صحيح البخاري، رقم الحديث ۷۴۰۳، كتاب التوحيد، باب قول الله تعالى "ويحذركم الله نفسه")

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کوئی بھی اللہ سے زیادہ غیرت مند نہیں

ہے، اسی وجہ سے اللہ نے فواحش کو حرام قرار دیا ہے، اور کوئی بھی اللہ کے مقابلہ میں ایسا نہیں جس کو مدح زیادہ محبوب ہو (بخاری)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلْمُؤْمِنُ يَغَارُ، وَاللّٰهُ أَشَدُّ غَيْرًا (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٧٦١ "٣٨" كتاب التوبة، باب غيرة الله تعالى، وتحريم الفواحش)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مومن غیرت مند ہوتا ہے، اور اللہ سب سے زیادہ غیرت مند ہے (مسلم)

اور مسند احمد میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْمُؤْمِنُ يَغَارُ، اَلْمُؤْمِنُ يَغَارُ، اَلْمُؤْمِنُ يَغَارُ، وَاللّٰهُ أَشَدُّ غَيْرًا (مسند احمد، رقم الحديث ٧٢١٠) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مومن غیرت مند ہوتا ہے، مومن غیرت مند ہوتا ہے، مومن غیرت مند ہوتا ہے (تین مرتبہ یہ جملہ بطور تاکید کے فرمایا) اور اللہ سب سے زیادہ غیرت مند ہے (مسند احمد)

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی ایک روایت اس طرح سے ہے کہ:

قِيْلَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمَا تَغَارُ؟ قَالَ: وَاللّٰهِ، إِنِّيْ لَأَغَارُ، وَاللّٰهُ أَغْيَرُ مِنِّيْ، وَمِنْ غَيْرَتِهٖ نَهٰى عَنِ الْفَوَاحِشِ (مسند احمد، رقم الحديث ٨٣٢١) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا کہ کیا آپ کو بھی غیرت محسوس ہوتی ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ کی قسم! مجھے بھی غیرت آتی

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم (حاشية مسند احمد)

[2] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية مسند احمد)

ہے، اور اللہ مجھ سے بھی زیادہ غیرت مند ہے، اور اللہ نے اپنی غیرت کی وجہ سے ہی فواحش سے منع فرمایا ہے (مسند احمد)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْإِيْمَانُ بِضْعٌ وَّسِتُّوْنَ شُعْبَةً، وَالْحَيَاءُ شُعْبَةٌ مِّنَ الْإِيْمَانِ (صحيح البخارى، رقم الحديث ٩، كتاب الإيمان، باب امور الايمان)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایمان کے ستَّر سے زیادہ شعبے ہیں، اور حیاء ایمان کا (ہی) ایک (اہم) شعبہ ہے (بخاری)

اور حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْحَيَاءُ لَا يَأْتِيْ إِلَّا بِخَيْرٍ (صحيح البخارى، رقم الحديث ٦١١٧، كتاب الادب، باب الحياء)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حیا صرف خیر (اور بھلائی) ہی لاتی ہے (بخاری)

اور حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلْحَيَاءُ وَالْعِيُّ شُعْبَتَانِ مِنَ الْإِيْمَانِ، وَالْبَذَاءُ وَالْبَيَانُ شُعْبَتَانِ مِنَ النِّفَاقِ (سنن الترمذى، رقم الحديث ٢٠٢٧، ابواب البر والصلة، باب ماجاء فى العى) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حیاء اور کم گوئی ایمان کے شعبے ہیں، اور فحش گوئی اور زیادہ (یا تکلفانہ) باتیں کرنا نفاق کے شعبے ہیں (ترمذی)

---

[1] قال الترمذى: هذا حديث حسن غريب إنما نعرفه من حديث أبى غسان محمد بن مطرف. والعى قلة الكلام، والبذاء :هو الفحش فى الكلام، والبيان :هو كثرة الكلام مثل هؤلاء الخطباء الذين يخطبون فيوسعون فى الكلام ويتفصحون فيه من مدح الناس فيما لا يرضى الله.

# جابر بن سمرہ، ابودرداء وابنِ مسعود رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

**إِنَّ الْفُحْشَ ، وَالتَّفَحُّشَ لَيْسَا مِنَ الْإِسْلَامِ، وَإِنَّ أَحْسَنَ النَّاسِ إِسْلَامًا، أَحْسَنُهُمْ خُلُقًا** (مسند أحمد، رقم الحديث ٢٠٨٣١) [1]

ترجمہ: فحش اور تفحش (یعنی فحش وبدگوئی، اور اس کو پسند کرنا) اسلام میں سے نہیں ہیں، اور لوگوں میں اسلام کے اعتبار سے سب سے اچھے وہ لوگ ہیں جن کے اخلاق سب سے اچھے ہوں (مسند احمد)

اور حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا شَيْءٌ أَثْقَلُ فِي مِيزَانِ الْمُؤْمِنِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ خُلُقٍ حَسَنٍ، وَإِنَّ اللَّهَ لَيُبْغِضُ الْفَاحِشَ الْبَذِيءَ** (سنن الترمذی، رقم الحديث ٢٠٠٢، ابواب البر والصلة، باب ماجاء فی حسن الخلق) [2]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کوئی عمل بھی قیامت کے دن مومن کی میزانِ عمل میں حسنِ خلق (یعنی اچھے اخلاق) سے زیادہ بھاری نہیں ہوگا، اور بے شک اللہ، فاحش اور بدگو (وبدزبان) کو مبغوض (اور ناپسند) فرماتا ہے (ترمذی)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْمُؤْمِنَ لَيْسَ بِاللَّعَّانِ، وَلَا الطَّعَّانِ ، وَلَا الْفَاحِشِ، وَلَا الْبَذِيءِ** (مسند أحمد، رقم الحديث ٣٩٤٨) [3]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره، وهذا إسناد محتمل للتحسين (حاشية مسند احمد)

[2] قال الترمذی: وفی الباب عن عائشة، وأبی هريرة، وأنس، وأسامة بن شريک وهذا حديث حسن صحيح.

[3] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مومن لعن طعن کرنے والا اور فاحش وبدزبان نہیں ہوتا (مسند احمد)

اسی فحاشی، بے حیائی و بے غیرتی سے بچنے بچانے، اور ہر قسم کے مفاسد کے سدِ باب کے لئے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے ایک جامع نظام عطاء فرمادیا گیا ہے، جس میں عورتوں اور مردوں کے لئے جامع ہدایات کے ساتھ اس کے متبادل کے طور پر نکاح کو بھی عبادت قرار دے دیا گیا ہے۔

## ابوسعید، ابوموسیٰ، ابوہریرہ، ابنِ مسعود وصدفی رضی اللہ عنہم کی احادیث

چنانچہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَخْرُجُ الرَّجُلَانِ يَضْرِبَانِ الْغَائِطَ كَاشِفَانِ عَوْرَتَهُمَا يَتَحَدَّثَانِ، فَإِنَّ اللّٰهَ يَمْقُتُ عَلٰى ذٰلِكَ (مسند احمد، رقم الحديث ١١٣١٠) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ دو آدمی قضائے حاجت کے لئے اپنے ستر کو کھول کر آپس میں باتیں کرتے ہوئے نہ نکلیں، کیونکہ اللہ اس عمل پر ناراض ہوتا ہے (مسند احمد)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَنْظُرُ الرَّجُلُ إِلٰى عَوْرَةِ الرَّجُلِ، وَلَا الْمَرْأَةُ إِلٰى عَوْرَةِ الْمَرْأَةِ، وَلَا يُفْضِي الرَّجُلُ إِلَى الرَّجُلِ فِيْ ثَوْبٍ وَاحِدٍ، وَلَا تُفْضِي الْمَرْأَةُ إِلَى الْمَرْأَةِ فِي الثَّوْبِ الْوَاحِدِ

(صحيح مسلم، رقم الحديث ٣٣٨ "٧٤" كتاب الحيض، باب تحريم النظر إلى العورات)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره (حاشية مسند احمد)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک مرد، دوسرے مرد کے ستر والے حصہ کی طرف نظر نہ ڈالے، اور ایک عورت دوسری عورت کے ستر والے حصہ کی طرف نظر نہ ڈالے، اور ایک مرد، دوسرے مرد کے ساتھ ایک کپڑے میں ننگے نہ لیٹیں، اور نہ ہی ایک عورت دوسری عورت کے ساتھ ایک کپڑے میں ننگی لیٹے (مسلم)

اور حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرَ الدُّنْيَا، فَقَالَ: إِنَّ الدُّنْيَا خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ، فَاتَّقُوْهَا وَاتَّقُوا النِّسَاءَ ثُمَّ ذَكَرَ نِسْوَةً ثَلَاثَةً مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ امْرَأَتَيْنِ طَوِيلَتَيْنِ تُعْرَفَانِ، وَامْرَأَةً قَصِيرَةً لَا تُعْرَفُ، فَاتَّخَذَتْ رِجْلَيْنِ مِنْ خَشَبٍ، وَصَاغَتْ خَاتَمًا فَحَشَتْهُ مِنْ أَطْيَبِ الطِّيبِ الْمِسْكِ، وَجَعَلَتْ لَهُ غَلَقًا، فَإِذَا مَرَّتْ بِالْمَلَإِ أَوْ بِالْمَسْجِدِ قَالَتْ بِهِ، فَفَتَحَتْهُ، فَفَاحَ رِيحُهُ** (مسند احمد، رقم الحديث ۱۱۴۲۶)[1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دنیا کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ دنیا سرسبز و شاداب اور میٹھی محسوس ہوتی ہے، پس تم اس سے بچو، اور عورتوں سے بھی بچو، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بنی اسرائیل کی تین عورتوں کا ذکر فرمایا، جن میں دو عورتیں تو لمبی تھیں، جو پہچانی جاتی تھیں (ہر دلعزیز، لوگوں میں اس کا چرچا اور شہرہ تھا) اور ایک عورت چھوٹی تھی، جو پہچانی نہیں جاتی تھی (اس کی طرف کوئی مائل نہ تھا) پس اس چھوٹی عورت نے دو لکڑی کے اونچے (ہیل والے) جوتے پہن لیے، اور انگوٹھی کو رنگ کر مزین کرلیا، اور اس کے نگینہ میں مشک کی عمدہ ترین خوشبو کو بھرلیا، اور اس پر ایک ڈھکن چڑھا دیا، پھر جب وہ لوگوں کے پاس، یا مسجد سے

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

گزرتی، تو انگوٹھی کے ڈھکن کو کھول دیتی، جس سے خوشبو پھیل جاتی (اور اس خوشبو سے لوگ فتنہ میں مبتلاء ہوجاتے) (مسند احمد)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُبَاشِرُ الْمَرْأَةُ الْمَرْأَةَ، فَتَنْعَتَهَا لِزَوْجِهَا كَأَنَّهُ يَنْظُرُ إِلَيْهَا (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۵۲۴۰، کتاب النکاح، باب: لا تباشر المرأة المرأة فتنعتها لزوجها)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کوئی عورت کسی دوسری عورت کے جسم کو چھوکر اپنے شوہر کے سامنے اس کا اس طرح تذکرہ نہ کرے، گویا کہ اس کا شوہر اس عورت کو دیکھ رہا ہو (بخاری)

مطلب یہ ہے کہ کسی اجنبی عورت کے جسم کی کیفیت کو غیر مرد کے سامنے اس طرح بیان تک کرنا بھی جائز نہیں، جس سے اس کا دل دوسری عورت کے جسم کی ساخت کی طرف متوجہ ہو۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلْمَرْأَةُ عَوْرَةٌ، فَإِذَا خَرَجَتِ اِسْتَشْرَفَهَا الشَّيْطَانُ، وَأَقْرَبُ مَا تَكُوْنُ مِنْ رَبِّهَا إِذَا هِيَ فِيْ قَعْرِ بَيْتِهَا

(صحیح ابنِ حبان، رقم الحدیث ۵۵۹۹، کتاب الحظر والإباحة) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عورت، چھپنے کی چیز ہے، پس جب وہ باہر نکلتی ہے، تو اس کو شیطان جھانکتا، تانکتا ہے، اور عورت اپنے رب کے سب سے زیادہ قریب اس وقت ہوتی ہے، جب وہ اپنے گھر کے اندرونی حصہ میں ہوتی ہے

(ابنِ حبان)

اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم (صحيح ابنِ حبان)

www.idaraghufran.org

مَا صَنَعَتِ امْرَأَةٌ خَيْرًا مِنْ أَنْ تَقْعُدَ فِيْ قَعْرِ بَيْتِهَا تَعْبُدُ رَبَّهَا، تَقُوْلُ: إِحْدَاهُنَّ أَذْهَبُ إِلٰى أَهْلِيْ فَيَسْتَشْرِفُهَا الشَّيْطَانُ حَتّٰى تَقُوْلَ: مَا رَآنِيْ أَحَدٌ إِلَّا أَعْجَبْتُهُ (المعجم الكبير،للطبرانی، ج۹ص ۲۹۴،رقم الحديث ۹۴۷۸) [1]

ترجمہ: عورت کا کوئی کام بھی گھر کے اندر والے حصہ میں بیٹھ کر اپنے رب کی عبادت کرنے سے بہتر نہیں ہے،ان عورتوں میں سے کوئی کہتی ہے کہ میں اپنے گھر جارہی ہوں، پھراس کو شیطان، جھانکتا،تانکتا ہے، یہاں تک کہ عورت کہتی ہے کہ مجھے آج جس نے بھی دیکھا، میں اس کو خوبصورت ہی لگی (طبرانی)

اورحضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا اسْتَعْطَرَتِ الْمَرْأَةُ، فَمَرَّتْ عَلَى الْقَوْمِ لِيَجِدُوْا رِيْحَهَا، فَهِيَ كَذَا وَكَذَا قَالَ قَوْلًا شَدِيْدًا (سنن أبی داود، رقم الحديث ۴۱۷۳،كتاب الترجل، باب فی المرأة تطيب للخروج) [2]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب عورت ارادتاً خوشبو لگا کر لوگوں کے پاس سے گزرے، تاکہ وہ لوگ اس کی خوشبو کو سونگھیں، تو وہ ایسی اور ویسی ہوگی، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے بارے میں سخت جملہ بیان فرمایا (ابوداود)

اورحضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَيْلٌ لِلنِّسَاءِ مِنَ الْأَحْمَرَيْنِ، اَلذَّهَبُ وَالْمُعَصْفَرُ (صحيح ابنِ حبان،رقم الحديث ۵۹۶۸،باب ما جاء فی الفتن) [3]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ویل (ہلاکت والا عذاب) ہے، عورتوں

---

[1] قال الهيثمی: رواه الطبرانی فی الكبير ورجاله ثقات (مجمع الزوائد،تحت رقم الحديث ۲۱۱۸)

[2] قال شعيب الارنؤوط: إسناده قوی (حاشية سنن ابی داود)

[3] قال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن (حاشية صحيح ابنِ حبان)

کے لیے، دو سرخ چیزوں، یعنی سونے، اور زعفران کی وجہ سے (ابنِ حبان)

یعنی زیورات، اور مزین لباس پہن کر اور خوشبو اور میک اپ کر کے بن سنور کر اپنی زینت کا اظہار کرنے والی عورتوں کے لئے سخت عذاب ہے۔

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ لِلنِّسَاءِ وَسَطُ الطَّرِيْقِ

(صحيح ابنِ حبان، رقم الحديث ۵۶۰۱، كتاب الحظر والإباحة) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عورتوں کے لئے راستہ کا درمیانی حصہ نہیں (ابنِ حبان)

یعنی عورتوں کا حق راستہ کے درمیان میں ہے ہی نہیں، ان کا حق راستہ کے کنارہ پر ہے، ان کو راستہ کے درمیان میں چلنا حق تلفی، ظلم اور گناہ ہے۔

حضرت ابواذینہ صدفی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

خَيْرُ نِسَائِكُمُ الْوَدُوْدُ الْوَلُوْدُ الْمُوَاتِيَةُ الْمُوَاسِيَةُ ، إِذَا اتَّقَيْنَ اللّٰهَ ، وَشَرُّ نِسَائِكُمُ الْمُتَبَرِّجَاتُ الْمُتَخَيِّلَاتُ، وَهُنَّ الْمُنَافِقَاتُ ،لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْهُنَّ إِلَّا مِثْلُ الْغُرَابِ الْأَعْصَمِ (سنن البيهقى، رقم الحديث ۱۳۶۰۷، كتاب النكاح، باب استحباب التزوج بالودود الولود) [2]

ترجمہ: تم میں سے بہترین عورتیں وہ ہیں، جو کہ (شوہروں سے) محبت کرنے والی ہوں، اور زیادہ بچے پیدا کرنے والی ہوں، اور شوہر کی اطاعت وموافقت

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث حسن لغيره (حاشية صحيح ابنِ حبان)

[2] قال شعيب الارنؤوط: وفي إسناده عبد الله بن صالح كاتب الليث، وهو ضعيف (حاشية مسند احمد ،تحت رقم الحديث ۱۷۷۷۰)

قال الالباني: قلت :و هذا إسناد رجاله ثقات على ضعف فى عبد الله بن صالح لكنه قد توبع (سلسلة الاحاديث الصحيحة تحت رقم الحديث ۱۸۴۹)

کرنے والی ہوں، جبکہ وہ اللہ تعالیٰ سے ڈریں؛ اورتم میں سے شریرترین وہ عورتیں ہیں جو کہ اپنی زینت کو اجنبیوں کے لئے ظاہر کرنے والی ہوں، اور تکبر اختیار کرنے والی ہوں، اور وہ منافق ہیں (یعنی نفاقِ عملی میں مبتلا ہیں) ایسی عورتوں میں سے جنت میں صرف اعصم کووں کی مقدار کے برابر ہی داخل ہونگیں (بیہقی)

اعصَم سے مراد ایسے کوے ہیں، جن کی چونچ اور پاؤں سرخ ہوتے ہیں، اور وہ مقدار میں بہت کم ہوتے ہیں، اسی حیثیت سے کم مقدار کے ساتھ عورتیں جنت میں داخل ہوں گی۔

## جابر، عقبہ وعائشہ رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: أَلَا لَا یَبِیْتَنَّ رَجُلٌ عِنْدَ اِمْرَأَۃٍ فِیْ بَیْتٍ إِلَّا أَنْ یَّکُوْنَ نَاکِحًا أَوْ ذَا مَحْرَمٍ** (مسند احمد، رقم الحدیث ۱۵۵۸۷) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہرگز کوئی مرد کسی عورت کے ساتھ گھر میں رات نہ گذارے، مگر یہ کہ وہ اس عورت کا شوہر، یا محرم ہو (مسند احمد)

اور حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

**قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: مَنْ کَانَ یُؤْمِنُ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْآخِرِ، فَلَا یَدْخُلِ الْحَمَّامَ إِلَّا بِمِئْزَرٍ، وَمَنْ کَانَ یُؤْمِنُ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْآخِرِ، فَلَا یُدْخِلْ حَلِیْلَتَہُ الْحَمَّامَ، وَمَنْ کَانَ یُؤْمِنُ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْآخِرِ، فَلَا یَقْعُدْ عَلٰی مَائِدَۃٍ یُشْرَبُ عَلَیْہَا الْخَمْرُ، وَمَنْ کَانَ یُؤْمِنُ**

---

[1] قال شعیب الارنؤوط: رجاله ثقات رجال الشیخین غیر ابی الزبیر فمن رجال مسلم، وروی له البخاری مقروناً، وهو فی "مسند أبی یعلی" (1848)، وأخرجه من طریقه البیهقی 7/98. وأخرجه مسلم (2171) فی السلام: باب تحریم الخلوة بالأجنبیة والدخول علیها (حاشیة مسند احمد)

بِـاللّٰـهِ وَالْيَـوْمِ الْآخِرِ، فَـلَا يَخْلُوَنَّ بِامْرَأَةٍ لَيْسَ مَعَهَا ذُو مَحْرَمٍ مِنْهَا، فَإِنَّ ثَالِثَهُمَا الشَّيْطَانُ (مسند احمد، رقم الحديث ١٤٦٦٥١) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو، تو وہ حمام میں بغیر تہبند (و پاجامہ) کے داخل نہ ہو، اور جو شخص اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو، تو وہ اپنی بیوی کو حمام میں نہ جانے دے، اور جو شخص اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو، تو وہ ایسے دسترخوان پر نہ بیٹھے، جس پر شراب پی جائے اور جو شخص اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو، تو وہ کسی ایسی عورت کے ساتھ خلوت (وتنہائی) اختیار نہ کرے، جس کے ساتھ اس کا محرم نہ ہو، کیونکہ وہاں تیسرا شیطان ہوتا ہے (مسند احمد)

اس سے معلوم ہوا کہ عورت کو اجنبی مرد کے ساتھ تنہائی اختیار کرنا جائز نہیں۔

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُـوْلَ الـلّٰـهِ صَـلَّـى الـلّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِيَّاكُمْ وَالدُّخُولَ عَلَى النِّسَاءِ فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، أَفَرَأَيْتَ الْحَمْوَ؟ قَالَ: اَلْحَمْوُ اَلْمَوْتُ (صحيح البخاري، رقم الحديث ٥٢٣٢، كتاب النكاح، باب: لا يخلون رجل بامرأة إلا ذو محرم والدخول على المغيبة)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم عورتوں پر داخل نہ ہو، جس پر انصار کے ایک آدمی نے کہا کہ اے اللہ کے رسول! دیور کے متعلق آپ کا کیا حکم ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دیور تو موت ہے (بخاری)

معلوم ہوا کہ اجنبی عورت کے ساتھ تنہائی اختیار کرنا جائز نہیں، اور دیور جیسے قریبی رشتہ دار کے ساتھ خلوت اختیار کرنا جائز نہیں، بلکہ زیادہ خطرناک ہے، کیونکہ دیور کے ساتھ بے تکلفی، اور موانعات نہ ہونے کی وجہ سے، ناجائز تعلقات کا استوار کرنا بہت سہل ہوتا ہے۔

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حسن لغيره، وبعضه صحيح (حاشية مسند احمد)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: أَيُّمَا امْرَأَةٍ نَزَعَتْ ثِيَابَهَا فِيْ غَيْرِ بَيْتِ زَوْجِهَا، هَتَكَتْ سِتْرَ مَا بَيْنَهَا وَبَيْنَ رَبِّهَا (مسند احمد، رقم الحديث ٢٤١٤٠) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو عورت اپنے کپڑوں کو اپنے شوہر کے علاوہ کسی دوسرے کے گھر میں اتارے، تو وہ اپنے اور اپنے رب کے درمیان کے پردہ کو پھاڑ دیتی ہے (مسند احمد)

اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے ہی روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَا مِنْ امْرَأَةٍ تَخْلَعُ ثِيَابَهَا فِيْ غَيْرِ بَيْتِهَا إِلَّا هَتَكَتْ مَا بَيْنَهَا وَبَيْنَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ (سنن ابی داود، رقم الحديث ٤٠١٠، كتاب الحمام) [2]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا نے فرمایا کہ جو عورت اپنے کپڑوں کو اپنے گھر کے علاوہ کسی دوسرے کے گھر میں اتارتی ہے، تو وہ اپنے اور اللہ عزوجل کے درمیان کے پردہ کو پھاڑ دیتی ہے (ابوداود)

عورت کا اپنے گھر، یا اپنے شوہر کے گھر کے علاوہ کسی دوسرے کے گھر میں کپڑے اتارنا، سخت فتنہ کا باعث ہے، اس لئے فحش کے راستہ کو بند کرنے کے لئے مذکورہ حکم دیا گیا۔

زنا وفواحش سے بچنے کے لئے اسلام نے نکاح اور بیوی سے صحبت کی تاکید کی ہے۔

## ابنِ مسعود، ابوذر، جابر وابوکبشہ رضی اللہ عنہم کی احادیث

چنانچہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث حسن (حاشية مسند احمد)

[2] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية مسند احمد)

كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَبَابًا لَا نَجِدُ شَيْئًا، فَقَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا مَعْشَرَ الشَّبَابِ مَنْ اِسْتَطَاعَ مِنْكُمُ الْبَاءَةَ فَلْيَتَزَوَّجْ فَإِنَّهُ أَغَضُّ لِلْبَصَرِ وَأَحْصَنُ لِلْفَرْجِ (صحيح البخاری، رقم الحديث ٤٦٧٨، كتاب النكاح، باب من لم يستطع الباءة فليصم)

ترجمہ: ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جوانی کی حالت میں تھے، ہمیں کچھ میسر نہیں تھا، تو ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے نوجوانو! تم میں جو بھی حقوقِ زوجیت ادا کرنے کی قدرت رکھتا ہو، وہ نکاح ضرور کرے، کیونکہ اس سے نگاہ میں حیاء وغیرت آتی ہے اور شرمگاہ کی حفاظت ہوتی ہے (بخاری)

اور حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ نَاسًا مِّنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوْا لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، ذَهَبَ أَهْلُ الدُّثُوْرِ بِالْأُجُوْرِ، يُصَلُّوْنَ كَمَا نُصَلِّيْ، وَيَصُوْمُوْنَ كَمَا نَصُوْمُ، وَيَتَصَدَّقُوْنَ بِفُضُوْلِ أَمْوَالِهِمْ، قَالَ: أَوَلَيْسَ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ مَا تَصَّدَّقُوْنَ؟ إِنَّ بِكُلِّ تَسْبِيْحَةٍ صَدَقَةً، وَكُلِّ تَكْبِيْرَةٍ صَدَقَةً، وَكُلِّ تَحْمِيْدَةٍ صَدَقَةً، وَكُلِّ تَهْلِيْلَةٍ صَدَقَةً، وَأَمْرٌ بِالْمَعْرُوْفِ صَدَقَةٌ، وَنَهْيٌ عَنْ مُنْكَرٍ صَدَقَةٌ، وَفِيْ بُضْعِ أَحَدِكُمْ صَدَقَةٌ، قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، أَيَأْتِيْ أَحَدُنَا شَهْوَتَهُ وَيَكُوْنُ لَهُ فِيْهَا أَجْرٌ؟ قَالَ: أَرَأَيْتُمْ لَوْ وَضَعَهَا فِيْ حَرَامٍ أَكَانَ عَلَيْهِ فِيْهَا وِزْرٌ؟ فَكَذٰلِكَ إِذَا وَضَعَهَا فِي الْحَلَالِ كَانَ لَهُ أَجْرٌ (صحيح مسلم، رقم الحديث ١٠٠٦ "٥٣" كتاب الزكاة، باب بيان أن اسم الصدقة يقع على كل نوع من المعروف)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابۂ کرام میں سے کچھ لوگوں نے نبی صلی اللہ علیہ

وسلم سے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! مالدار لوگ ثواب لے گئے (یعنی وہ ثواب حاصل کرنے میں ہم سے آگے بڑھ گئے) وہ نماز پڑھتے ہیں، جیسا کہ ہم نماز پڑھتے ہیں، اور وہ روزے رکھتے ہیں، جیسا کہ ہم روزے رکھتے ہیں، اور وہ اپنے زائد مالوں کا صدقہ کرتے ہیں (اور ہم مالدار نہ ہونے کی وجہ سے صدقہ کے ثواب سے محروم ہیں)

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا اللہ نے تمہارے لئے وہ چیز نہیں رکھی، جس سے تم بھی صدقہ کرنے والے شمار ہو جاؤ، بے شک ہر تسبیح (یعنی سُبْحَانَ اللّٰهِ) صدقہ ہے، اور ہر تکبیر (یعنی اَللّٰهُ اَكْبَرُ) صدقہ ہے، اور ہر تحمید (یعنی اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ) صدقہ ہے، اور ہر تہلیل (یعنی لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہنا) صدقہ ہے، اور امر بالمعروف صدقہ ہے اور نہی عن المنکر صدقہ ہے، اور تمہارا (بیوی سے) صحبت کرنا صدقہ ہے۔

صحابۂ کرام نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! کیا ہم میں کوئی اپنی (بیوی سے صحبت کر کے) شہوت پوری کرے، تو اس میں بھی اس کے لئے ثواب ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم دیکھتے نہیں کہ اگر وہ شہوت کو حرام جگہ استعمال کرتا، تو وہ اس کے لئے گناہ کا باعث ہوتا، پس اسی طرح اگر وہ اسے حلال جگہ (یعنی بیوی کے ساتھ) استعمال کرے گا، تو اس پر اس کو ثواب حاصل ہوگا (مسلم)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى اِمْرَأَةً، فَأَتَى اِمْرَأَتَهُ زَيْنَبَ، وَهِيَ تَمْعَسُ مَنِيئَةً لَهَا، فَقَضٰى حَاجَتَهُ، ثُمَّ خَرَجَ إِلٰى أَصْحَابِهِ، فَقَالَ: إِنَّ الْمَرْأَةَ تُقْبِلُ فِيْ صُوْرَةِ شَيْطَانٍ، وَتُدْبِرُ فِيْ صُوْرَةِ

شَيْطَانٍ، فَإِذَا أَبْصَرَ أَحَدُكُمُ امْرَأَةً فَلْيَأْتِ أَهْلَهُ، فَإِنَّ ذٰلِكَ يَرُدُّ مَا فِيْ نَفْسِهٖ (صحيح مسلم،رقم الحديث ١٤٠٣ "٩"كتاب النكاح، باب ندب من رأى امرأة، فوقعت فى نفسه، إلى أن يأتى امرأته أو جاريته فيواقعها)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک عورت کو دیکھا، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی بیوی زینب رضی اللہ عنہا کے پاس آئے، اور وہ اس وقت دباغت دی ہوئی کھال کو رگڑ رہی تھیں، اور آپ نے (ان سے) اپنی حاجت پوری فرمائی (یعنی صحبت فرمائی) پھر اپنے صحابہ کی طرف تشریف لے گئے، اور فرمایا کہ عورت شیطانی صورت میں سامنے آتی ہے اور شیطانی صورت میں پیٹھ پھیرتی ہے، پس جب تم میں سے کوئی کسی عورت کو دیکھے تو اپنی بیوی کے پاس آئے، تو یہ عمل اس کے نفس میں پائے جانے والے تقاضے کو دور کردیتا ہے (مسلم)

اور مسند احمد کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأٰى امْرَأَةً فَأَعْجَبَتْهُ، فَأَتٰى زَيْنَبَ وَهِيَ تَمْعَسُ مَنِيْئَةً، فَقَضٰى مِنْهَا حَاجَتَهُ، وَقَالَ: إِنَّ الْمَرْأَةَ تُقْبِلُ فِيْ صُوْرَةِ شَيْطَانٍ، وَتُدْبِرُ فِيْ صُوْرَةِ شَيْطَانٍ، فَإِذَا رَأٰى أَحَدُكُمُ امْرَأَةً فَأَعْجَبَتْهُ، فَلْيَأْتِ أَهْلَهُ، فَإِنَّ ذٰلِكَ يَرُدُّ مِمَّا فِيْ نَفْسِهٖ (مسند احمد،رقم الحديث ١٤٥٣٧) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک عورت کو دیکھا، جو آپ کو اچھی معلوم ہوئی، پھر آپ اپنی بیوی حضرت زینب کے پاس آئے، جو کہ اس وقت دباغت دی ہوئی کھال کو رگڑ رہی تھیں، پھر آپ نے ان سے اپنی حاجت پوری فرمائی، اور فرمایا کہ عورت شیطان کی صورت میں سامنے آتی ہے اور شیطان کی صورت

[1] قال شعيب الارنؤوط:
صحيح لغيره، وهذا إسناد رجاله رجال الصحيح (حاشية مسند احمد)

میں چلی جاتی ہے، پس جب تم میں سے کوئی کسی عورت کو دیکھے، جو اسے اچھی وخوبصورت معلوم ہو، تو وہ اپنی بیوی کے پاس آئے (اور اپنا تقاضا پورا کرے) پس بے شک یہ عمل اس کے نفس میں پائے جانے والے تقاضے کو رد کر دے گا (مسند احمد)

اور ایک روایت کے آخر میں یہ الفاظ ہیں کہ:

**فَإِذَا رَأٰى أَحَدُكُمُ امْرَأَةً فَأَعْجَبَتْهُ، فَلْيَأْتِ أَهْلَهُ فَإِنَّ مَعَهَا مِثْلَ الَّذِى مَعَهَا** (سنن الترمذی، رقم الحدیث ۱۱۵۸، ابواب الرضاع، باب ما جاء فی الرجل یری المرأة تعجبه، صحیح ابنِ حبان، رقم الحدیث ۵۵۷۲) [1]

ترجمہ: پس جب تم میں سے کوئی کسی عورت کو دیکھے، جو اس کو اچھی لگے، تو وہ اپنی بیوی کے پاس آئے، پس بے شک اس کی بیوی کے ساتھ بھی اس جیسی چیز ہے، جو اس (اجنبی) عورت کے ساتھ ہے (ترمذی، ابنِ حبان)

حضرت ابوکبشہ انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسًا فِىْ أَصْحَابِهِ فَدَخَلَ، ثُمَّ خَرَجَ وَقَدِ اغْتَسَلَ، فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَدْ كَانَ شَىْءٌ قَالَ: أَجَلْ، مَرَّتْ بِىْ فُلَانَةُ، فَوَقَعَ فِىْ قَلْبِىْ شَهْوَةُ النِّسَاءِ، فَأَتَيْتُ بَعْضَ أَزْوَاجِىْ فَأَصَبْتُهَا، فَكَذٰلِكَ فَافْعَلُوْا، فَإِنَّهُ مِنْ أَمَاثِلِ أَعْمَالِكُمْ إِتْيَانُ الْحَلَالِ**

(مسند احمد، رقم الحدیث ۱۸۰۲۷) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ کے ساتھ تشریف فرما تھے، تو اچانک گھر تشریف لے گئے، پھر غسل فرما کر باہر تشریف لائے، ہم نے عرض کیا کہ اے

---

[1] قال الترمذی: وفی الباب عن ابن مسعود: حدیث جابر حدیث حسن صحیح غریب وهشام بن أبی عبد الله هو صاحب الدستوائی هو هشام بن سنبر"
قال شعیب الارنؤوط: إسناده صحیح (حاشیة ابنِ حبان)

[2] قال شعیب الارنؤوط: صحیح لغیره (حاشیة مسند احمد)

www.idaraghufran.org

اللہ کے رسول! کیا کچھ ہوگیا تھا؟ توفرمایا کہ جی ہاں! میرے سامنے سے فلاں عورت گذری تھی،تو میرے قلب میں عورتوں کی شہوت واقع ہوئی،پھر میں اپنی زوجہ کے پاس آیا،اوران سے حاجت پوری کی،پس اسی طرح تم بھی کیا کرو، کیونکہ تمہارے فضیلت والے کاموں میں سے حلال کواختیار کرنا بھی (مسند احمد)

لیکن چونکہ مرد،یا عورت کو کام،کاج کے دوران ایک دوسرے پر نظر پڑنے کے بہت زیادہ امکانات ہوتے ہیں،اور ہمہ وقت بیوی سے صحبت کا تقاضہ،یا امکان نہیں ہوتا،اس لئے غیراختیاری طور پر پہلی مرتبہ نظر پڑجائے،تو وہ معاف ہے،اس کے بعد فوراً نظر کو ہٹالینے کا حکم ہے۔

## جریر،ابوعبیدہ وعلی رضی اللہ عنہم کی احادیث

چنانچہ حضرت جریربن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ نَظَرِ الْفُجَاءَ ةِ فَأَمَرَنِیْ أَنْ أَصْرِفَ بَصَرِیْ (صحیح مسلم،رقم الحدیث ۲۱۵۹ ” ۴۵“کتاب الآداب، باب فی نظر الفجاءۃ)

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نامحرم پر اچانک نظر پڑجانے کے بارے میں سوال کیا،تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے یہ حکم فرمایا کہ میں اپنی نظرکو ہٹالوں (مسلم)

اورحضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِعَلِیٍّ:یَا عَلِیُّ لَا تُتْبِعِ النَّظْرَةَ النَّظْرَةَ، فَإِنَّ لَکَ الْأُوْلٰی وَلَیْسَتْ لَکَ الْآخِرَةُ (سنن ابی داؤد،رقم الحدیث ۲۱۴۹، کتاب النکاح، باب ما یؤمر بہ من غض البصر) [1]

---

[1] قال شعیب الارنؤوط: حسن لغیرہ (حاشیۃ سنن ابی داؤد)

www.idaraghufran.org

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے علی! آپ ایک نظر کے بعد دوسری نظر نہ ڈالیں، پس آپ کے لئے پہلی (یعنی اچانک) نظر کی تو گنجائش ہے، اور آپ کے لئے دوسری نظر کی گنجائش نہیں (ابوداؤد)

اور حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُتْبِعِ النَّظْرَةَ النَّظْرَةَ، فَإِنَّ الْأُوْلٰى لَکَ، وَالْآخِرَةَ عَلَيْکَ** (سنن الدارمی ،رقم الحديث ۲۷۵۱، کتاب الرقاق، باب:فی حفظ السمع) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم ایک نظر کے بعد دوسری نظر نہ ڈالو، بس تمہارے لئے پہلی (یعنی اچانک) نظر کی تو گنجائش ہے، اور تمہارے لئے دوسری نظر کی گنجائش نہیں (دارمی)

اس فصل کا خلاصہ یہ نکلا کہ قیامت سے پہلے رونما ہونے والا ایک عظیم فتنہ فحاشی و بے حیائی کا ہے، جس میں حیاء وغیرت کمزور پڑ جائے گی، اور فحاشی و بے حیائی کی نئی نئی مثالیں قائم ہوں گی، اور آج قربِ قیامت کا یہ منظر مختلف شکلوں میں سامنے آ چکا ہے، جس میں زنا و بدکاری سے لے کر شراب نوشی، موسیقی، گانا بجانا، بدنظری، اور فحش گوئی وغیرہ کو عروج تک پہنچانے والی چیز موجودہ زمانہ کا میڈیا ہے، جس نے ہر ایک کو اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے، کسی کو پوری طرح جلا کر راکھ کر دیا ہے، تو کسی کو بری طرح جھلس دیا ہے، اور اپنی حرارت وشرارت سے تو شاید ہی کسی کو چھوڑا ہو۔

**وَاللّٰہُ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰی اَعْلَمُ وَعِلْمُهٗ اَتَمُّ وَاَحْكَمُ.**

---

[1] قال حسين سليم أسد الدارانی: إسناده جيد (حاشية سنن الدارمی)

www.idaraghufran.org

## (فصل نمبر 17)

# جھوٹ عام ہوجانے کا فتنہ

احادیث میں جن چیزوں کو قیامت کے قریب ہونے کی نشانی بتلایا گیا ہے، ان میں ایک گناہ جھوٹ کے عام ہوجانے کا ہے، جو سخت گناہ اور معاشرہ میں سنگین فتنوں، اورفسادات کا باعث ہے۔

اس بارے میں تفصیل ملاحظہ فرمائیے۔

## ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ قَالَ: سَيَكُوْنُ فِيْ آخِرِ أُمَّتِيْ أُنَاسٌ يُحَدِّثُوْنَكُمْ مَا لَمْ تَسْمَعُوْا أَنْتُمْ، وَلَا آبَاؤُكُمْ، فَإِيَّاكُمْ وَإِيَّاهُمْ** (صحيح مسلم، رقم الحديث ٦ "٦" مقدمة الإمام مسلم، باب النهى عن الرواية عن الضعفاء والاحتياط فى تحملها)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آخری زمانے میں ایسے لوگ ہوں گے، جو تمہارے سامنے ایسی باتیں پیش کریں گے، جو نہ تو تم نے سُنی ہوں گی اور نہ تمہارے آباء واجداد نے سُنی ہوں گی، تم ان لوگوں سے اپنے آپ کو بچا کر رکھنا اور اُن کو اپنے سے دُور رکھنا (صحیح مسلم)

اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی ایک روایت میں ہے کہ:

**قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَكُوْنُ فِيْ آخِرِ الزَّمَانِ دَجَّالُوْنَ كَذَّابُوْنَ، يَأْتُوْنَكُمْ مِنَ الْأَحَادِيْثِ بِمَا لَمْ تَسْمَعُوْا أَنْتُمْ، وَلَا آبَاؤُكُمْ،**

فَإِيَّاكُمْ وَإِيَّاهُمْ، لَا يُضِلُّونَكُمْ، وَلَا يَفْتِنُونَكُمْ(صحيح مسلم، رقم الحديث ٧"مقدمة الإمام مسلم، باب النهي عن الرواية عن الضعفاء والاحتياط في تحملها)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آخری زمانے میں دجل وفریب کرنے والے، جھوٹ بولنے والے لوگ بہت زیادہ ہوں گے، جو تمہارے سامنے ایسی باتیں (اور جھوٹی حدیثیں) پیش کریں گے، جو نہ تو تم نے سُنی ہوں گی اور نہ تمہارے آباء واجداد نے سُنی ہوں گی، تم ان لوگوں سے اپنے آپ کو بچا کر رکھنا اور اُن کو اپنے سے دُور رکھنا، کہیں وہ تمہیں گمراہ نہ کردیں اور تمہیں کسی فتنہ میں نہ ڈال دیں (صحیح مسلم)

مطلب یہ ہے کہ قیامت سے پہلے ایسے بہت سے لوگ پیدا ہوں گے جو کہ اپنے آپ کو یہ کہیں گے کہ ہم علماء ومشائخ اور دین کے رہبر ومقتداء اور بڑے اسکالر ہیں اور تمہیں دین کی صحیح اور ٹھیک باتیں بتلاتے ہیں، حالانکہ وہ اس دعوے میں جھوٹے ہوں گے اور مکروفریب والے دلائل دے کر ایسی ایسی جھوٹی حدیثیں گھڑ کر اور دین کے نام پر باطل اور غلط احکام اور فاسد عقائد ونظریات پیش کریں گے جو تم نے اور تمہارے بڑوں نے کبھی نہ سُنے ہوں گے، اور اسلاف واکابر امت سے ان کا کوئی ثبوت نہ ہوگا۔

آج ایسے کئی جھوٹے اسکالر، دین کے نام پر معاشرہ میں جَنم لے رہے ہیں، اور مختلف ذرائع ابلاغ پر آ کر ایسی باتیں کررہے ہیں، جن کا صحیح اسلام اور دین سے کوئی تعلق نہیں، لہٰذا حدیث شریف کے پیشِ نظران سے اپنے آپ کو بچانا اور اُن سے دُور رہنا ضروری ہے ورنہ گمراہی اور فتنوں کی لپیٹ میں آنے میں کوئی دیر نہیں لگے گی۔

## ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَظْهَرَ الْفِتَنُ، وَيَكْثُرَ الْكَذِبُ، وَتَتَقَارَبَ الْأَسْوَاقُ، وَيَتَقَارَبَ الزَّمَانُ، وَيَكْثُرَ الْهَرْجُ، قِيْلَ: وَمَا الْهَرْجُ؟ قَالَ: اَلْقَتْلُ (مسند احمد، رقم الحديث ۱۰۷۲۴) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اُس وقت تک قائم نہیں ہوگی، یہاں تک کہ مختلف فتنے ظاہر نہ ہوجائیں، اور جھوٹ کی کثرت نہ ہوجائے، اور بازار قریب قریب نہ ہوجائیں، اور زمانہ بھی ایک دوسرے کے قریب نہ ہوجائے، اور ہرج کی کثرت نہ ہوجائے، عرض کیا گیا کہ ہرج کیا ہے، فرمایا کہ ''قتل وقتال'' (مسند احمد)

# ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَيَأْتِيْ عَلَى النَّاسِ سَنَوَاتٌ خَدَّاعَاتٌ، يُصَدَّقُ فِيْهَا الْكَاذِبُ، وَيُكَذَّبُ فِيْهَا الصَّادِقُ، وَيُؤْتَمَنُ فِيْهَا الْخَائِنُ، وَيُخَوَّنُ فِيْهَا الْأَمِيْنُ، وَيَنْطِقُ فِيْهَا الرُّوَيْبِضَةُ، قِيْلَ: وَمَا الرُّوَيْبِضَةُ؟ قَالَ: اَلرَّجُلُ التَّافِهُ فِيْ أَمْرِ الْعَامَّةِ (سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ۴۰۳۶، ابواب الفتن، باب شدة الزمان) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لوگوں پر (قیامت سے پہلے) دھوکہ والے سال ہا سال آئیں گے، جن میں جھوٹے آدمی کو سچا، اور سچے آدمی کو جھوٹا، کہا جائے گا، اور خیانت کار کو امانت دار، اور امانت دار کو خیانت کار قرار دیا

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية مسند احمد)

[2] قال شعيب الارنؤوط: حديث حسن (حاشية سنن ابنِ ماجه)

www.idaraghufran.org

جائے گا،اوراس زمانہ میں ''رُوَیبضہ'' زبان کھولے گا،عرض کیا گیا کہ ''رُوَیبضہ'' کیا ہے؟اس کے جواب میں فرمایا کہ حقیر آدمی کا عامۃ الناس کے معاملات میں دخیل ہونا (ابنِ ماجہ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی ایک روایت کے آخر میں ہے کہ''رُوَیبضہ'' وہ کم عقل و بے وقوف ہے، جو عامۃ الناس کے معاملات میں باتیں بنائے گا۔ [1]

## انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ:إِنَّ أَمَامَ الدَّجَّالِ سِنِیْنَ خَدَّاعَةً، یُکَذَّبُ فِیْهَا الصَّادِقُ، وَیُصَدَّقُ فِیْهَا الْکَاذِبُ، وَیُخَوَّنُ فِیْهَا الْأَمِیْنُ، وَیُؤْتَمَنُ فِیْهَا الْخَائِنُ، وَیَتَکَلَّمُ فِیْهَا الرُّوَیْبِضَةُ،قِیْلَ:وَمَا الرُّوَیْبِضَةُ؟ قَالَ:اَلْفُوَیْسِقُ یَتَکَلَّمُ فِیْ أَمْرِ الْعَامَّةِ (مسند احمد،رقم الحدیث ۱۳۲۹۸) [2]

ترجمہ:رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دجال کے ظہور سے پہلے چند سال دھوکہ والے آئیں گے،جن میں سچے آدمی کو جھوٹا،اور جھوٹے کو سچا کہا جائے گا،اور امانت دار کو خیانت کار،اور خیانت کار کو امانت دار قرار دیا جائے گا،اور اس زمانہ میں ''رُوَیبضہ'' کلام کرے گا،عرض کیا گیا کہ''رُوَیبضہ'' کیا ہے؟

---

[1] عن أبی هریرة، قال: قال رسول الله صلى الله علیه وسلم: " إنها ستأتی على الناس سنون خداعة، یصدق فیها الکاذب، ویکذب فیها الصادق، ویؤتمن فیها الخائن، ویخون فیها الأمین، وینطق فیها الرویبضة "قیل: وما الرویبضة یا رسول الله ؟ قال: " السفیه یتکلم فی أمر العامة "(مسند احمد،رقم الحدیث ۷۹۱۲)
قال شعیب الارنؤوط:حدیث حسن(حاشیة مسند احمد)

[2] قال شعیب الارنؤوط:حدیث حسن(حاشیة مسند احمد)

www.idaraghufran.org

اس کے جواب میں فرمایا کہ فاسق آدمی، عامۃ الناس کے معاملات میں زبان درازی کرے گا (مسند احمد)

کسی بھی معاملے میں بغیر علم وعقل کے گفتگو کرنا سب کے نزدیک ایک بُرا طرزِ عمل ہے، خاص طور پر دینی اور مذہبی احکام ومسائل میں؛ لیکن مذکورہ حدیث میں دنیوی اُمور میں بھی کم علم وعقل لوگوں کی رائے وتبصرہ کو پسند نہیں کیا گیا؛ مذکورہ مضمون پر معاشرے کے صحافی، کالم نگار، پالیسی ساز اداروں کے نمائندوں وترجمانوں اور دینی ودنیوی اُمور میں بے دریغ گفتگو کرنے والوں کو غور کرنا چاہیے۔

## عوف بن مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ سِنِيْنَ خَدَّاعَةً يُصَدَّقُ فِيْهَا الْكَاذِبُ، وَيُكَذَّبُ فِيْهَا الصَّادِقُ، وَيُؤْتَمَنُ فِيْهَا الْخَائِنُ، وَيُخَوَّنُ فِيْهَا الْأَمِيْنُ، وَيَنْطِقُ فِيْهَا الرُّوَيْبِضَةُ ، قِيْلَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ: وَمَا الرُّوَيْبِضَةُ؟ قَالَ: اَلْمَرْءُ التَّافِهُ يَتَكَلَّمُ فِيْ أَمْرِ الْعَامَّةِ (مسند البزار، رقم الحديث ٢٧٤٠، مسند عوف بن مالك الأشجعي رضى الله عنه) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (قیامت سے پہلے) دھوکہ والے سال ہا سال آئیں گے، جن میں جھوٹے آدمی کو سچا، اور سچے آدمی کو جھوٹا کہا جائے گا، اور خیانت کار کو امانت دار، اور امانت دار کو خیانت کار قرار دیا جائے گا، اور اس زمانہ میں ''رُوَیبضہ'' زبان کھولے گا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا کہ ''رُوَیبضہ'' کیا ہے؟ اس کے جواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

---

[1] قال الهيثمي: رواه البزار، وقد صرح ابن إسحاق بالسماع من عبد الله بن دينار، وبقية رجاله ثقات (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ١٢٢٢٨)

کہ حقیر آدمی کا عامۃُ الناس کے معاملات میں دخیل ہونا (مسند بزار)

یعنی یہ ایسا زمانہ ہوگا، جس میں سچے کو جھوٹا، اور جھوٹے کو سچا، اور خائن کو امین، امین کو خائن کہا جائے گا، اور فاسق، اور کمتر، کمینے ذات والے لوگ مفاداتِ عامہ کے معاملات میں الٹ سلٹ زبان چلائیں گے، جیسا کہ آج کل اس قسم کے لوگوں کی معاشرہ میں کثرت ہوتی جارہی ہے، اور سیاست اور مفاداتِ عامہ کے اداروں میں اس طرح کے لوگ براجمان وترجمان بنے بیٹھیں ہیں، اور ذرائع ابلاغ ومیڈیا پر تو اس قسم کے لوگوں کی بھرمار ہے۔

## عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ تَسْلِيْمَ الْخَاصَّةِ وَفُشُوَّ التِّجَارَةِ حَتّٰى تُعِيْنَ الْمَرْأَةُ زَوْجَهَا عَلَى التِّجَارَةِ وَقَطْعَ الْأَرْحَامِ وَظُهُوْرَ شَهَادَةِ الزُّوْرِ وَكِتْمَانَ شَهَادَةِ الْحَقِّ

(المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۷۰۴۳، کتاب الأحکام) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت سے پہلے خاص لوگوں کو ہی سلام کیا جائے گا، اور تجارت کا پھیل جانا ہے، یہاں تک کہ عورت بھی تجارت پر اپنے شوہر کی اعانت کرے گی، اور قطع رحمی ہوگی، اور جھوٹی گواہی کا ظہور ہوگا، اور حق گواہی کو چھپایا جائے گا (حاکم)

## عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال الحاکم: هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه.
وقال الحاكم: صحيح.

إِذَا بُخِسَ الْمِيزَانُ حُبِسَ الْقَطْرُ، وَإِذَا كَثُرَ الزِّنَا كَثُرَ الْقَتْلُ وَوَقَعَ الطَّاعُونُ، وَإِذَا كَثُرَ الْكَذِبُ كَثُرَ الْهَرْجُ (مستدرک حاکم، رقم الحديث ٨٥٣٦، كتاب الفتن والملاح، أما حديث أبي عوانة) [1]

ترجمہ: جب ناپ تول میں کمی کی جاتی ہے، تو بارش کو روک دیا جاتا ہے، اور جب زنا کی کثرت ہوتی ہے، تو قتل کی کثرت ہوجاتی ہے، اور طاعون واقع ہوجاتا ہے، اور جب جھوٹ کی کثرت ہوتی ہے، تو ''ھرج'' (یعنی خونریزی کا سلسلہ عام) ہوجاتا ہے (حاکم)

اس سے معلوم ہوا کہ جھوٹ کی کثرت ہونے سے معاشرہ میں قتل کے واقعات کی کثرت ہوجاتی ہے۔

## اُمِّ سلمہ رضی اللہ عنہا کی حدیث

حضرت اُمِّ سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَيَأْتِيَنَّ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ يُكَذَّبُ فِيهِ الصَّادِقُ وَيُصَدَّقُ فِيهِ الْكَاذِبُ، وَيُخَوَّنُ فِيهِ الْاَمِيْنَ وَيُؤْمَنُ فِيهِ الْخَؤُوْنَ ،وَيَشْهَدُ فِيهِ الْمَرْءُ ، وَاِنْ لَمْ يُسْتَشْهِدْ، وَيَحْلِفُ الْمَرْءُ وَاِنْ لَّمْ يُسْتَحْلِفْ ،وَيَكُوْنُ اَسْعَدُ النَّاسِ بِالدُّنْيَا لُكَعُ اِبْنُ لُكَعٍ لَايُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ (المعجم الاوسط للطبرانی، رقم الحديث ٨٦٤٣، باب الميم،المعجم الكبير للطبرانی، ج٢٣ ص ٣١٤،رقم الحديث ٧١١) [2]

---

[1] قال الحاكم: هذا حديث صحيح على شرط الشيخين، ولم يخرجاه "
وقال الذهبی فی التلخيص:على شرط البخاری ومسلم

[2] قال الهيثمی:رواه الطبرانی فی الأوسط والكبير، وفيه عبد الله بن صالح كاتب الليث، وهو ضعيف وقد وثق(مجمع الزوائد،تحت رقم الحديث ١٢٢٢٥ ،باب فی أيام الصبر وفيمن يتمسك بدينه فی الفتن)

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ لوگوں پر ایسا زمانہ بھی آئے گا کہ سچّوں کو جھوٹا اور جھوٹوں کو سچّا قرار دیا جائے گا، اور خیانت پیشہ لوگوں کو امانت دار اور امانت دار لوگوں کو خیانت پیشہ بتلایا جائے گا، بغیر طلب کیے لوگ گواہیاں دیں گے اور بغیر حلف اُٹھوائے حلف اُٹھائیں گے اور کمینے باپ دادا کی اولاد (کم ذات لوگ) دنیاوی اعتبار سے سب سے زیادہ خوش نصیب بن جائیں گے جن کا نہ اللہ پر ایمان ہوگا نہ رسول پر (طبرانی)

## کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَوْ دَخَلَ، وَنَحْنُ تِسْعَةٌ وَبَيْنَنَا وِسَادَةٌ مِنْ أَدَمٍ فَقَالَ: إِنَّهَا سَتَكُونُ بَعْدِي أُمَرَاءُ يَكْذِبُونَ وَيَظْلِمُونَ، فَمَنْ دَخَلَ عَلَيْهِمْ، فَصَدَّقَهُمْ بِكَذِبِهِمْ، وَأَعَانَهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ، فَلَيْسَ مِنِّي، وَلَسْتُ مِنْهُ وَلَيْسَ بِوَارِدٍ عَلَيَّ الْحَوْضَ، وَمَنْ لَمْ يُصَدِّقْهُمْ بِكَذِبِهِمْ، وَيُعِنْهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ، فَهُوَ مِنِّي وَأَنَا مِنْهُ، وَهُوَ وَارِدٌ عَلَيَّ الْحَوْضَ (مسند احمد، رقم الحدیث ۱۸۱۲۶) [1]

ترجمہ: ہمارے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے، یا داخل ہوئے، اور ہم نو افراد تھے، اور ہمارے درمیان چمڑے کا تکیہ تھا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عنقریب میرے بعد ایسے امراء وحکمران ہوں گے؛ جو جھوٹ بولیں گے، اور ظلم کریں گے، پس جو شخص اُن کے پاس گیا اور اُن کے جھوٹ پر اُن کی تصدیق کی اور اُن کے ظلم پر اُن کی اعانت (وحمایت) کی تو اُس کا مجھ سے

---

[1] قال شعيب الأرنؤوط: إسناده صحيح. رجاله ثقات (حاشية مسند احمد)

تعلق نہیں، اور نہ میرا اُس سے تعلق ہے، اور نہ وہ شخص میرے پاس حوضِ کوثر پر آسکے گا، اور جس نے اُن کے جُھوٹ کی تصدیق نہ کی اور نہ اُن کے ظلم کی اُن پر مدد کی، تو اُس کا مجھ سے تعلق ہے، اور میرا اُس سے تعلق ہے، اور وہ میرے پاس حوضِ کوثر پر بھی حاضر ہوگا (مسند احمد)

ظاہر ہے کہ جب جھوٹ کی کثرت ہوگی، تو اس زمانہ کے حکمران بھی جھوٹ بولیں گے۔

## ابنِ مسعود، ابوبکر صدیق ومعاویہ رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الصِّدْقَ يَهْدِىْ إِلَى الْبِرِّ، وَإِنَّ الْبِرَّ يَهْدِىْ إِلَى الْجَنَّةِ، وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيَصْدُقُ حَتّٰى يُكْتَبَ صِدِّيْقًا، وَإِنَّ الْكَذِبَ يَهْدِىْ إِلَى الْفُجُوْرِ، وَإِنَّ الْفُجُوْرَ يَهْدِىْ إِلَى النَّارِ، وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيَكْذِبُ حَتّٰى يُكْتَبَ كَذَّابًا** (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٦٠٧ "١٠٣" كتاب البر والصلة والآداب، باب قبح الكذب وحسن الصدق وفضله، صحيح البخارى، رقم الحديث ٦٠٩٣)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سچ، بِر (یعنی نیکی وبھلائی) کی طرف ہدایت دیتا ہے، اور بِر (یعنی نیکی وبھلائی) جنت کی طرف ہدایت دیتی ہے، اور آدمی سچ بولتا رہتا ہے، یہاں تک کہ اُس کو صدیق لکھ دیا جاتا ہے؛ اور جھوٹ گناہوں کی طرف لے جاتا ہے، اور گناہ جہنّم کی طرف لے جاتا ہے، اور آدمی جھوٹ بولتا رہتا ہے، یہاں تک کہ اُس کو کذّاب لکھ دیا جاتا ہے (مسلم؛ بخاری)

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْكُمْ بِالصِّدْقِ، فَإِنَّهُ مَعَ الْبِرِّ، وَهُمَا فِي الْجَنَّةِ، وَإِيَّاكُمْ وَالْكَذِبَ، فَإِنَّهُ مَعَ الْفُجُوْرِ، وَهُمَا فِي النَّارِ

(صحيح ابن حبان، رقم الحديث ۵۷۳۴، كتاب الحظر والاباحة، باب الكذب) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم سچ کو لازم پکڑو، کیونکہ یہ بِر (یعنی نیکی اور بھلائی) کے ساتھ ہوتا ہے، اور یہ دونوں جنت میں ہوں گے، اور تم جھوٹ سے بچو، کیونکہ یہ گناہوں کے ساتھ ہوتا ہے، اور یہ دونوں جہنم میں ہوں گے (ابنِ حبان)

اور حضرت معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَيْكُمْ بِالصِّدْقِ فَإِنَّهُ يَهْدِي إِلَى الْبِرِّ وَهُمَا فِي الْجَنَّةِ، وَإِيَّاكُمْ وَالْكَذِبَ فَإِنَّهُ يَهْدِي إِلَى الْفُجُوْرِ وَهُمَا فِي النَّارِ (المعجم الكبير للطبراني، ج۱۹ ص ۳۸۰، رقم الحديث ۸۹۴) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم سچ کو لازم پکڑلو، کیونکہ یہ بِر (یعنی نیکی اور بھلائی) کی طرف ہدایت دیتا ہے، اور یہ دونوں جنت میں ہوں گے، اور تم جھوٹ سے بچو، کیونکہ یہ گناہوں کی طرف دعوت دیتا ہے، اور یہ دونوں جہنم میں ہوں گے (طبرانی)

## عبداللہ بن عمرو، وابوہریرہ رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

أَرْبَعٌ مَنْ كُنَّ فِيهِ كَانَ مُنَافِقًا ،أَوْ كَانَتْ فِيهِ خَصْلَةٌ مِنْ أَرْبَعَةٍ كَانَتْ

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية صحيح ابن حبان)

[2] قال الهيثمي: رواه الطبراني في الكبير، وإسناده حسن (مجمع الزوائد، رقم الحديث ۳۳۲، باب ما جاء أن الصدق من الإيمان)

فِيْهِ خَصْلَةٌ مِنَ النِّفَاقِ ،حَتّٰى يَدَعَهَا : إِذَا حَدَّثَ كَذَبَ، وَإِذَا وَعَدَ أَخْلَفَ، وَإِذَا عَاهَدَ غَدَرَ، وَإِذَا خَاصَمَ فَجَرَ (صحيح البخارى،رقم الحديث ٢٤٥٩،كتاب المظالم والغصب، باب :إذا خاصم فجر)

ترجمہ: چار چیزیں جس میں ہوں،تو وہ منافق ہوگا، یا اُن چار میں سے کوئی ایک خصلت ہو،تو اس میں نفاق کی خصلت ہوگی، یہاں تک کہ اُس کو چھوڑ دے؛ ایک تو جب بات کرے، جھوٹ بولے؛ دوسرے جب وعدہ کرے تو خلاف ورزی کرے؛ تیسرے جب عہد کرے تو دھوکہ دے؛ اور چوتھے جب کسی سے مخاصمت (مقدمہ بازی وغیرہ) کرے،تو غلط بیانی (والزام تراشی) کرے (بخاری)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَجُلًا جَاءَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا عَمَلُ الْجَنَّةِ؟ قَالَ: اَلصِّدْقُ، وَإِذَا صَدَقَ الْعَبْدُ بَرَّ، وَإِذَا بَرَّ آمَنَ، وَإِذَا آمَنَ دَخَلَ الْجَنَّةَ، قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا عَمَلُ النَّارِ ؟ قَالَ اَلْكَذِبُ، إِذَا كَذَبَ الْعَبْدُ فَجَرَ ، وَإِذَا فَجَرَ كَفَرَ، وَإِذَا كَفَرَ دَخَلَ يَعْنِيْ النَّارَ (مسند أحمد،رقم الحديث ٦٦٤١) [1]

ترجمہ: ایک آدمی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا، اور اس نے کہا کہ اے اللہ کے رسول! جنت کا عمل کون سا ہے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سچ، اور جب بندہ سچ بولتا ہے،تو وہ بِر (یعنی نیکی) کو اختیار کرتا ہے، اور جب بِر (یعنی نیکی) کو اختیار کرتا ہے،تو وہ ایمان والا ہوجاتا ہے، اور جب ایمان والا ہوجاتا ہے،تو جنت میں داخل ہوجاتا ہے، اس آدمی نے کہا کہ اے اللہ کے رسول! جہنم کا عمل کون سا ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جھوٹ، جب بندہ جھوٹ بولتا ہے،تو وہ فجور (یعنی گناہوں) کو اختیار کرتا ہے، اور جب فجور (یعنی

[1] قال شعيب الارنؤوط:صحيح لغيره(حاشية مسند احمد)

گناہوں) کو اختیار کرتا ہے، تو کافر ہو جاتا ہے، اور جب کافر ہو جاتا ہے، تو جہنم میں داخل ہو جاتا ہے (مسند احمد)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : آيَةُ الْمُنَافِقِ ثَلَاثٌ : إِذَا حَدَّثَ كَذَبَ، وَإِذَا وَعَدَ أَخْلَفَ، وَإِذَا اؤْتُمِنَ خَانَ (صحيح البخارى، رقم الحديث ٣٣، كتاب الايمان، باب علامة المنافق)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ منافق کی نشانیاں تین ہیں، ایک یہ کہ جب وہ بات کرے تو جھوٹ بولے، اور دوسری یہ کہ جب وعدہ کرے تو اس کی خلاف ورزی کرے، اور تیسری یہ کہ جب اس کو (مال، یا کسی عہدہ ومنصب کی) امانت سپرد کی جائے، تو وہ اس میں خیانت کرے (بخاری)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ :لَا يَجْتَمِعُ الْإِيْمَانُ وَالْكُفْرُ فِيْ قَلْبِ امْرِءٍ، وَلَا يَجْتَمِعُ الصِّدْقُ وَ الْكَذِبُ جَمِيْعًا، وَلَا تَجْتَمِعُ الْخِيَانَةُ وَالْأَمَانَةُ جَمِيْعًا (مسند احمد، رقم الحديث ٨٥٩٣) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایمان اور کفر ایک آدمی کے دل میں جمع نہیں ہوسکتا، اور جھوٹ اور سچ دونوں بھی جمع نہیں ہوسکتے، اور خیانت اور امانت یہ دونوں بھی جمع نہیں ہوسکتے (مسند احمد)

## حکیم بن حزام وعبدالرحمٰن بن شبل رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث حسن، ابن لهيعة حديثه حسن ما كان من رواية العبادلة عنه، وهذا منها (حاشية مسند احمد)

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اَلْبَيِّعَانِ بِالْخِيَارِ مَا لَمْ يَتَفَرَّقَا، أَوْ قَالَ: حَتّٰى يَتَفَرَّقَا - فَإِنْ صَدَقَا وَبَيَّنَا بُورِكَ لَهُمَا فِي بَيْعِهِمَا، وَإِنْ كَتَمَا وَكَذَبَا مُحِقَتْ بَرَكَةُ بَيْعِهِمَا (صحيح البخاری، رقم الحديث ٢٠٨٢، كتاب البيوع، باب ما يمحق الكذب والكتمان فی البيع)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ خرید وفروخت کرنے والوں کو اس وقت تک اختیار رہتا ہے، جب تک وہ جدا نہ ہوجائیں، پھر اگر وہ سچ بولیں اور حقیقت کو واضح کردیں، تو ان کی خرید وفروخت میں برکت عطا کردی جاتی ہے، اور اگر وہ حقیقت کو چھپالیں، اور جھوٹ بولیں، تو ان کی خرید وفروخت کی برکت کو مٹا دیا جاتا ہے (بخاری)

حضرت عبدالرحمٰن بن شبل انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ التُّجَّارَ هُمُ الْفُجَّارُ قَالَ: رَجُلٌ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ أَلَمْ يُحِلَّ اللّٰهُ الْبَيْعَ؟ قَالَ: إِنَّهُمْ يَقُولُونَ فَيَكْذِبُونَ، وَيَحْلِفُونَ وَيَأْثَمُونَ (مسند احمد، رقم الحديث ١٥٦٦٩) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اکثر تجار فجار (فاسق) ہوتے ہیں کسی نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! کیا اللہ نے بیع کو حلال نہیں کیا ہے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیوں نہیں لیکن جب یہ لوگ بات کرتے ہیں تو جھوٹ بولتے ہیں اور قسم اٹھا کر گناہگار ہوتے ہیں (مسند احمد)

## عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية مسند احمد)

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَسْتَعِيْذُ مِنَ الدَّيْنِ . فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَرَاكَ تَسْتَعِيْذُ مِنَ الدَّيْنِ . فَقَالَ : نَعَمْ . إِنَّ الدَّائِنَ إِذَا حَدَّثَ كَذَبَ، وَإِذَا وَعَدَ أَخْلَفَ (مسند أبی یعلی، رقم الحدیث ۴۵۴۵، مسند عائشة) ؎۱

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دَین (یعنی قرض) سے پناہ طلب کیا کرتے تھے، تو میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! میں آپ کو دَین (یعنی قرض) سے پناہ طلب کرتے ہوئے دیکھتی ہوں، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جی ہاں! دائن (یعنی مقروض) جب بات کرتا ہے تو جھوٹ بولتا ہے، اور جب وعدہ کرتا ہے تو خلاف ورزی کرتا ہے (ابویعلیٰ)

معلوم ہوا کہ قرض اور کسی کا حق اداء کرنے میں جھوٹ بولنا، مثلاً یہ کہ اس کے پاس ادائیگی کا انتظام نہیں، یا وعدہ خلافی کرنا، مثلاً کسی وقت ادائیگی کا وعدہ کر کے اس وقت ادائیگی نہ کرنا بھی جائز نہیں، اسی لئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم قرض سے پناہ طلب کیا کرتے تھے۔

## ابنِ عمر وابوسعید خدری رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلتَّاجِرُ الْأَمِيْنُ الصَّدُوْقُ الْمُسْلِمُ، مَعَ الشُّهَدَاءِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ (سنن ابنِ ماجه، رقم الحدیث ۲۱۳۹، أبواب التجارات، باب الحث علی المکاسب) ؎۲

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سچا، امانت دار مسلم تاجر، قیامت کے دن شہداء کے ساتھ ہوگا (مسنداحمد)

---

؎۱ قال حسین سلیم اسد الدارانی: إسناده صحیح (حاشیة مسند ابی یعلیٰ)

؎۲ قال شعیب الارنؤوط: إسناده حسن فی الشواهد (حاشیة سنن ابنِ ماجه)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اَلتَّاجِرُ الصَّدُوْقُ الْأَمِيْنُ مَعَ النَّبِيِّيْنَ، وَالصِّدِّيْقِيْنَ، وَالشُّهَدَاءِ (سنن الترمذی، رقم الحديث ۱۲۰۹، ابواب البيوع، باب ما جاء فی التجار وتسمية النبی صلی الله عليه وسلم إياهم) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سچا، امانت دار تاجر، نبیوں اور صدیقوں اور شہداء کے ساتھ ہوگا (ترمذی)

یعنی تاجر جتنا زیادہ امانت دار اور سچا ہوگا، اتنا ہی زیادہ اعلیٰ ہستیوں کے ساتھ ہوگا۔ کوئی شہداء کے ساتھ ہوگا، اور اگر کوئی تاجر امانت وصداقت میں زیادہ اعلیٰ صفات کا مالک ہو، تو پھر صدیقین اور نبیوں کی معیت سے بھی مستفید ہوسکے گا۔

## ابوہریرہ، عیاض اور حیدہ بن قشیری رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: إِيَّاكُمْ وَالظَّنَّ، فَإِنَّ الظَّنَّ أَكْذَبُ الْحَدِيْثِ، وَلَا تَجَسَّسُوْا، وَلَا تَحَسَّسُوْا، وَلَا تَبَاغَضُوْا، وَكُوْنُوْا إِخْوَانًا (صحيح البخاری، رقم الحديث ۵۱۴۳، كتاب النكاح، باب لا يخطب على خطبة أخيه حتى ينكح أو يدع)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم بدگمانی سے بچو، کیونکہ بدگمانی بدترین جھوٹ ہے، اور تم ایک دوسرے کا تجسس نہ کرو، اور ایک دوسرے کی عیب جوئی نہ کرو، اور ایک دوسرے کے ساتھ بُغض نہ رکھو، اور آپس میں بھائی بھائی ہوجاؤ (بخاری)

---

[1] قال الترمذی: هذا حديث حسن.

www.idaraghufran.org

بدگمانی جو گناہ ہے، وہ یہ ہے کہ کسی کے بارے میں بلا دلیل بُرا گمان دل میں قائم کرلیا جائے۔

اس کو سب سے جھوٹی بات اس لئے کہا گیا کہ جب کسی کی طرف سے دل میں بدگمانی قائم کرلی جاتی ہے، تو اس کی آسانی سے صفائی نہیں ہوتی اور برس ہا برس تک لڑائی جھگڑے کا باعث بنتی ہے، اور زبان کے کئی گناہوں، اور جھوٹ بولنے کا سبب بنتی ہے، اور زبان کے ذریعہ جھوٹ سے نفرت کرنے والے بھی اس گناہ میں مبتلاء ہوجاتے ہیں، جس کے گناہ ہونے کی طرف توجہ بھی نہیں جاتی۔

حضرت عیاض بن حمار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّهُ سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَرَأَيْتَ الرَّجُلَ يَشْتُمُنِي وَهُوَ أَنْقَصُ مِنِّي نَسَبًا؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْمُسْتَبَّانِ شَيْطَانَانِ، يَتَهَاتَرَانِ وَيَتَكَاذَبَانِ (مسند احمد، رقم الحديث ١٧٤٨٩) [1]

ترجمہ: انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کرتے ہوئے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! میری قوم کا ایک آدمی مجھے گالی دیتا ہے، حالانکہ وہ مجھ سے نسب کے اعتبار سے نیچے درجے کا ہے (تو کیا میں اس سے بدلہ لے لوں) تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آپس میں گالی دینے والے دونوں شخص شیطان ہوتے ہیں، جو کہ بکواس کرتے ہیں، اور جھوٹ بولتے ہیں (مسند احمد)

گالی دینے والوں کا جھوٹ بولنا بالکل واضح ہے، کیونکہ گالی دینے والا خلافِ حقیقت بات کہتا ہے، جس پر جھوٹ کی حقیقت صادق آتی ہے، اور گالی دینے میں گندی، اور غلیظ وفحش بات کہنے کا گناہ الگ ہے، اسی وجہ سے حدیث میں اس کو بکواس بھی کہا گیا۔

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم (حاشية مسند احمد)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ : مَنْ قَالَ لِصَبِيٍّ: تَعَالَ هَاكَ، ثُمَّ لَمْ يُعْطِهِ فَهِيَ كَذْبَةٌ (مسند أحمد، رقم الحديث ۹۸۳۶) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے بچے کو یہ کہا کہ یہاں آ (اور یہ لے) پھر اُس کو اُس نے نہیں دیا، تو یہ ایک مرتبہ (یا ایک طرح) کا جھوٹ ہے (مسنداحمد)

اس سے معلوم ہوا کہ بچہ کے ساتھ بھی جھوٹ بولنا جائز نہیں، جھوٹ ویسے ہی گناہ ہے، اور جب بڑے بچوں کے ساتھ جھوٹ بولتے ہیں، تو بچہ کے دل سے جھوٹ کی نفرت نکل جاتی ہے، اور وہ بڑا ہو کر، بڑا جھوٹا بن جاتا ہے۔

حضرت حیدہ بن قشیری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: وَيْلٌ لِلَّذِيْ يُحَدِّثُ بِالْحَدِيْثِ لِيُضْحِكَ بِهِ الْقَوْمَ فَيَكْذِبُ، وَيْلٌ لَهٗ وَيْلٌ لَهٗ (سنن الترمذى، رقم الحديث ۲۳۱۵، ابواب الزهد، باب فيمن تكلم بكلمة يضحك بها الناس؛ مسند أحمد، رقم الحديث ۲۰۰۴۶) [2]

ترجمہ: میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ ویل ہے اُس شخص کے لئے جو کوئی جھوٹی بات لوگوں کو ہنسانے کے لئے کرے، اُس کے لئے ویل ہے، اُس کے لئے ویل ہے (ترمذی)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الرَّجُلَ لَيَتَكَلَّمُ

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط الشيخين (حاشية مسند احمد)

[2] قال الترمذى: وفى الباب عن أبى هريرة هذا حديث حسن.
قال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن .بهز بن حكيم وأبوه صدوقان (حاشية مسند احمد)

بِـالْكَلِمَةِ يُضْحِكُ بِهَا جُلَسَاءَهُ، يَهْوِىْ بِهَا مِنْ أَبْعَدِ مِنَ الثُّرَيَّا (مسند احمد، رقم الحديث ٩٢٢٠) ؎1

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک آدمی کوئی کلمہ اس لئے کہتا ہے، تاکہ اس کے ذریعہ وہ اپنے ہم نشین لوگوں کو ہنسائے، وہ کلمہ اس کو ثریا ستارہ سے بھی زیادہ دور نیچے گرادیتا ہے (مسند احمد)

اس مضمون کی تائید بعض دوسری احادیث سے بھی ہوتی ہے۔ ؎2

نیز اس طرح کی وعید کی تائید حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی ایک روایت سے بھی ہوتی ہے، جس کے الفاظ یہ ہیں:

إِنَّ الـرَّجُـلَ لَيَتَـكَـلَّـمُ بِـالْكَلِمَةِ فِى الرَّفَاهِيَةِ لِيُضْحِكَ بِهَا جُلَسَائَهُ تُـرْدِيْهِ أَبْعَدَ مَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ (الزهد لهناد بن السرى، ج٢ص ٥٥٢، باب الرجل يتكلم بما يسخط الله، وكراهية الضحك) ؎3

ترجمہ: ایک آدمی کوئی کلمہ زبان سے مزہ میں اس لئے کرتا ہے، تاکہ اس کے ذریعہ وہ اپنے ہم نشین لوگوں کو ہنسائے، وہ کلمہ اس کو آسمان اور زمین کے مابین کے فاصلہ سے بھی زیادہ دور پھینک دیتا ہے (الزہد)

جھوٹ بول کر اس پر شرمندگی ہونی چاہیے، نہ کہ فخر، اور ہنسانے کے لئے جھوٹ بولنے والا، اپنے اس گناہ پر فخر کا اظہار، بلکہ اس گناہ کے ساتھ ایک طرح کا تمسخر کرتا ہے، جس کی وجہ سے جھوٹ کی برائی دلوں سے نکل جاتی ہے، اور جھوٹ کی تحسین کرنا بھی لازم آتا ہے، اور

---

؎1 قال شعيب الارنؤوط: حسن لغيره (حاشية مسند احمد)

؎2 عن أبى هريرة: سمع رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: إن العبد ليتكلم بالكلمة ما يتبين فيها يزل بها فى النار أبعد مما بين المشرق (صحيح البخارى، رقم الحديث ٦٤٧٧)

؎3 قال سعد بن ناصر بن عبد العزيز الشَّثرى: وإسناده صحيح (حاشية المطالب العالية بزوائد المسانيد الثمانية، ج١٣، ص ٥٠١، رقم الحديث ٣٢٣٦، كتاب الرقائق، باب الصمت)

www.idaraghufran.org

دل روحانی طور پر مردہ ہوجاتے ہیں،ان جیسی وجوہات کی بناء پر دوسروں کو ہنسانے کے لئے جھوٹ بولنا سخت ترین گناہ ہے۔

آج کل اس طرح کے پروگراموں کو بڑی مقبولیت حاصل ہوگئی ہے،جن میں جھوٹی باتیں، صرف دوسروں کو ہنسانے کے لئے کی جاتی ہیں۔

اوراس طرح ہنسنے ہنسانے کے جھوٹے پروگراموں کو صرف مزاح سمجھ کر گناہ نہیں سمجھا جاتا،حالانکہ مذکورہ احادیث کی رو سے وہ سخت گناہ، بلکہ سخت تباہی کا باعث ہیں۔

## ابوامامہ،معاذ وابنِ عباس رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت ابواُمامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ:أَنَا زَعِیْمٌ بِبَیْتٍ فِیْ رَبَضِ الْجَنَّۃِ لِمَنْ تَرَکَ الْمِرَاءَ وَإِنْ کَانَ مُحِقًّا، وَبِبَیْتٍ فِیْ وَسَطِ الْجَنَّۃِ لِمَنْ تَرَکَ الْکَذِبَ وَإِنْ کَانَ مَازِحًا وَبِبَیْتٍ فِیْ أَعْلَی الْجَنَّۃِ لِمَنْ حَسَّنَ خُلُقَہٗ (سنن أبی داود،رقم الحدیث ۴۸۰۰، کتاب الادب، باب فی حسن الخلق) [1]

ترجمہ:رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں جنت کے اطراف (یعنی جنت کے کناروں) میں ایک گھر کی اُس شخص کو ضمانت دیتا ہوں، جوحق پر ہونے کے باوجود جھگڑا چھوڑ دے؛ اوراس شخص کے لیے جنت کے درمیان میں ایک گھر کی ضمانت دیتاہوں، جوجھوٹ کو چھوڑ دے، اگرچہ ہنسی مذاق میں ہو؛ اوراوراس شخص کے لیے جنت کے بلند مقام پر ایک گھر کی ضمانت دیتاہوں، جواپنے اخلاق کو اچھا کرے (ابوداؤد)

اورحضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال شعیب الارنؤوط: إسناده حسن (حاشیة سنن ابی داود)

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَا زَعِيْمٌ بِبَيْتٍ فِيْ رَبَضِ الْجَنَّةِ، وَبَيْتٍ فِيْ وَسَطِ الْجَنَّةِ، وَبَيْتٍ فِيْ أَعْلَى الْجَنَّةِ لِمَنْ تَرَكَ الْمِرَاءَ وَإِنْ كَانَ مُحِقًّا، وَتَرَكَ الْكَذِبَ وَإِنْ كَانَ مَازِحًا، وَحَسَّنَ خُلُقَهُ (المعجم الكبير للطبرانی، ج۲۰ ص۱۰۰، رقم الحدیث ۲۱۷) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں ایک گھر کی جنت کے اطراف (یعنی جنت کے کناروں) میں ہونے کی، اور ایک گھر کی جنت کے درمیان میں ہونے کی، اور ایک گھر کی جنت کے بلند مقام میں ہونے کی ضمانت دیتا ہوں، اس شخص کے لئے جو حق پر ہونے کے باوجود جھگڑا چھوڑ دے، اور جھوٹ کو چھوڑ دے، اگرچہ ہنسی مذاق میں ہو؛ اور اپنے اخلاق کو اچھا کرے (طبرانی)

اور حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَنَا الزَّعِيْمُ بِبَيْتٍ فِيْ رِبَاضِ الْجَنَّةِ، وَبِبَيْتٍ فِيْ أَعْلَاهَا، وَبِبَيْتٍ فِيْ أَسْفَلِهَا لِمَنْ تَرَكَ الْجَدَلَ وَهُوَ مُحِقٌّ، وَتَرَكَ الْكَذِبَ وَهُوَ لَاعِبٌ وَحَسَّنَ خُلُقَهُ لِلنَّاسِ

(المعجم الکبیر للطبرانی، ج۱۱ ص۱۳۹، رقم الحدیث ۱۱۲۹۰) [2]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں ایک گھر کی جنت کے اطراف (یعنی جنت کے کناروں) میں، اور ایک گھر کی جنت کے بلند مقام میں اور ایک گھر کی

---

[1] قال الهيثمي: رواه الطبراني في الثلاثة -ويأتي حديث ابن عباس في حسن الخلق -وإسناده حسن -إن شاء الله (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۷۰۷، باب ما جاء في المراء)

[2] قال الهيثمي: رواه الطبراني، وفيه أبو حاتم سويد بن إبراهيم، ضعفه الجمهور ووثقه ابن معين في رواية، وبقية رجاله رجال الصحيح (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۱۲۶۸۰، باب ما جاء في حسن الخلق)

وقال الالباني: وجملة القول أن هذا الإسناد ضعيف، ولكن ليس شديد الضعف، فيصلح شاهدا لحديث أبي أمامة، فيرتقي به إلى درجة الحسن. والله أعلم (سلسلة الاحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ۲۷۳)

جنت کے نچلے درجہ میں ہونے کی ضمانت دیتا ہوں،اس شخص کے لئے جوحق پر ہونے کے باوجود جھگڑا چھوڑ دے؛اور جھوٹ کو چھوڑ دے،اگرچہ ہنسی مذاق میں ہو؛اورلوگوں کے لئے اپنے اخلاق کواچھا کرے(طبرانی)

## ابوہریرہ،سلمان وسمرہ رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : ثَلَاثَةٌ لَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَلَا يَنْظُرُ إِلَيْهِمْ، وَلَا يُزَكِّيهِمْ، وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ : شَيْخٌ زَانٍ، وَمَلِكٌ كَذَّابٌ، وَعَائِلٌ مُسْتَكْبِرٌ (مسند احمد،رقم الحديث ۱۰۲۲۷) [1]

ترجمہ:رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تین آدمی ایسے ہیں کہ جن سے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن نہ کلام فرمائے گا اورنہ اُن کی طرف (رحمت کی) نظر فرمائے گا،اورنہ ہی انہیں (گناہ سے) پاک وصاف کرے گا،اوران کے لئے دردناک عذاب ہے،ایک بوڑھا زنا کار،دوسرے جھوٹا بادشاہ (وحاکم) تیسرے مفلس (یعنی غریب ونادار) تکبر کرنے والا(مسند احمد)

اور حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : ثَلَاثَةٌ لَا يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ: اَلشَّيْخُ الزَّانِيْ، وَالْإِمَامُ الْكَذَّابُ، وَالْعَائِلُ الْمَزْهُوُّ (مسند البزار، رقم الحديث ۲۵۲۹،مسند سلمان الفارسي رضي الله عنه) [2]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط الشيخين(حاشية مسند احمد)

[2] قال المنذري: رواه البزار بإسناد جيد(الترغيب والترهيب للمنذري، تحت رقم الحديث ۲۴، كتاب الأدب وغيره،الترغيب في التواضع، والترهيب من الكبر والعجب والافتخار)
وقال الالباني: قلت :وهذا إسناد صحيح، رجاله ثقات رجال مسلم، غير العباس بن أبي طالب، وهو ثقة(سلسلة الاحاديث الصحيحية،تحت رقم الحديث ۳۴۶۱)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تین آدمی جنت میں داخل نہیں ہوں گے، ایک بوڑھا زنا کار، دوسرے جھوٹا بادشاہ (وحاکم) تیسرے مفلس (یعنی غریب ونادار) اِترانے والا (مسند بزار)

بادشاہ وحکمران کا جھوٹ زیادہ لوگوں تک پہنچتا ہے، اور ملک کے طویل وعریض حصہ پر مشتمل لوگوں کے سامنے جھوٹ بولنا لازم آتا ہے، اس لئے اس کا وبال بھی سخت ہے۔

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : رَأَيْتُ اللَّيْلَةَ رَجُلَيْنِ أَتَيَانِيْ، قَالَا اَلَّذِيْ رَأَيْتَهُ يُشَقُّ شِدْقُهُ فَكَذَّابٌ، يَكْذِبُ بِالْكَذْبَةِ تُحْمَلُ عَنْهُ حَتّٰى تَبْلُغَ الْآفَاقَ، فَيُصْنَعُ بِهٖ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ (صحيح البخارى، رقم الحديث ٦٠٩٦، كتاب الادب، باب قول الله تعالى :يا أيها الذين آمنوا اتقوا الله وكونوا مع الصادقين وما ينهى عن الكذب)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے رات (خواب میں) دوآدمیوں کو دیکھا کہ وہ میرے پاس آئے، انہوں نے (مجھ سے) کہا کہ جس آدمی کو آپ نے اس حال میں دیکھا تھا کہ اس کے جبڑے چیرے جارہے تھے، وہ بہت بڑا جھوٹا تھا، اور اس طرح جھوٹ بولتا تھا کہ اس کا جھوٹ دنیا کے اطراف میں پھیل جاتا تھا، تو قیامت کے دن تک اس کے ساتھ اسی طرح کے عذاب کا معاملہ ہوتا رہے گا (بخاری)

## ابنِ عباس وجابر رضی اللہ عنہما کی احادیث

جھوٹ اور دھوکہ کی بعض صورتیں فعلی بھی کہلاتی ہیں، جیسا کہ کسی شخص کے بال عمر زیادہ ہونے کی وجہ سے سفید ہوجائیں، اور وہ دھوکہ دینے، اور اپنی عمر چھپانے کے لئے خالص سیاہ خضاب لگائے۔

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَكُوْنُ قَوْمٌ يَخْضِبُوْنَ فِيْ آخِرِ الزَّمَانِ بِالسَّوَادِ، كَحَوَاصِلِ الْحَمَامِ، لَا يَرِيْحُوْنَ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ (سنن ابی داود، رقم الحديث ۴۲۱۲، كتاب الترجل، باب ما جاء فی خضاب السواد) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آخری زمانہ میں کبوتروں کے پوٹوں کی طرح سیاہ خضاب کرنے والی ایک قوم آئے گی، جو کہ جنت کی خوشبو (بھی) نہیں پاسکے گی (ابوداود)

اور حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے ہی ایک روایت میں یہ الفاظ مروی ہیں کہ:

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَكُوْنُ فِيْ آخِرِ الزَّمَانِ قَوْمٌ يُسَوِّدُوْنَ أَشْعَارَهُمْ، لَا يَنْظُرُ اللّٰهُ إِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ (المعجم الأوسط للطبرانی، رقم الحديث ۳۸۰۳، باب الميم) [2]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آخری زمانہ میں ایک قوم آئے گی، جو اپنے بالوں کو سیاہ کرے گی، جن کی طرف قیامت کے دن اللہ تعالیٰ نظرِ رحمت نہیں فرمائے گا (طبرانی)

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أُتِيَ بِأَبِيْ قُحَافَةَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ وَرَأْسُهُ وَلِحْيَتُهُ كَالثَّغَامَةِ بَيَاضًا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: غَيِّرُوْا هٰذَا بِشَيْءٍ، وَاجْتَنِبُوْا السَّوَادَ (صحيح مسلم، رقم الحديث ۲۱۰۲ ”۷۹“ كتاب اللباس والزينة، باب: استحباب خضاب الشيب بصفرة أو حمرة، وتحريمه بالسواد)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية سنن ابی داود)

[2] قال الهيثمی: رواه الطبرانی فی الأوسط، وإسناده جيد (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۸۷۹۳، باب ما جاء فی الشيب والخضاب)

ترجمہ: ابوقحافہ (حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے والد) کو فتح مکہ کے دن (نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ) لایا گیا، اوران کا سر اوران کی داڑھی ثغامہ (ایک مخصوص درخت جس کے پھل، پھول سفید ہوتے ہیں) کی طرح سفید تھے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس سفیدی کو کسی چیز (مہندی وغیرہ کے خضاب) سے تبدیل کردو، اور سیاہ (خضاب) سے پرہیز کرو (یعنی سیاہ خضاب استعمال نہ کرو) (مسلم)

البتہ اگر خضاب خالص سیاہ نہ ہو، یا جہاد کے موقع پر دشمن پر رعب ڈالنا مقصد ہو، تو پھر سیاہ خضاب جائز ہے، کیونکہ خالص سیاہ نہ ہونے کی صورت میں دھوکہ لازم نہیں آتا، نیز جہاد میں دشمن کو اس طرح کا دھوکا، جس سے اس پر رعب پڑے، یہ گناہ نہیں۔

خلاصہ یہ کہ احادیث میں قیامت سے پہلے جھوٹ کے عام ہوجانے اور پھیل جانے کے فتنہ سے آگاہ کیا گیا ہے، اور یہ فتنہ موجودہ زمانہ میں بہت پھیل گیا ہے۔

آج کل ذرائع ابلاغ ومیڈیا کے ذریعہ قولی وفعلی جھوٹ پھیلانے کی صورتیں بہت عام ہیں، جس میڈیا کا دائرہ جتنا وسیع ہوتا ہے، اس کے جھوٹ کی نشر واشاعت بھی زیادہ ہوتی ہے، اور زیادہ لوگوں کے سامنے جھوٹ بولنا پایا جاتا ہے، جس کا وبال بہت سخت ہے، جیسا کہ گزشتہ حدیث سے معلوم ہوا۔

اللہ تعالیٰ حفاظت فرمائے۔ آمین۔

وَاللہُ سُبۡحَانَہٗ وَتَعَالٰی اَعۡلَمُ وَعِلۡمُہٗ اَتَمُّ وَاَحۡکَمُ.

(فصل نمبر18)

# خائنوں، رشوت خوروں وسپاہیوں میں اضافہ کا فتنہ

ہمیں قیامت سے پہلے جن فتنوں کے رونما ہونے سے آگاہ کیا گیا ہے، ان میں مال اور عہدوں کے خیانت کار وظالم فیصلہ سازوں، سپاہیوں، اور رشوت خوروں کا بھی شمار ہوتا ہے، جن کی موجودہ زمانہ میں بہت زیادہ بہتات ہوچکی ہے۔

ذیل میں اس کی تفصیل ذکر کی جاتی ہے۔

## ابو ہریرہ، عمران، اور جابر رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

**قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا ضُيِّعَتِ الْأَمَانَةُ فَانْتَظِرِ السَّاعَةَ قَالَ: كَيْفَ إِضَاعَتُهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: إِذَا أُسْنِدَ الْأَمْرُ إِلٰى غَيْرِ أَهْلِهٖ فَانْتَظِرِ السَّاعَةَ** (صحيح البخاری، رقم الحديث ٦٤٩٦، كتاب الرقاق، باب رفع الأمانة)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب امانت ضائع کی جانے لگے، تو تم قیامت کا انتظار کرو، سائل نے پوچھا کہ اے اللہ کے رسول! امانتوں کو کس طرح ضائع کیا جائے گا؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب کوئی امر (منصب و ذمہ داری) اس کے غیر اہل کے سپرد کی جانے لگے، تو تم قیامت کا انتظار کرو (بخاری)

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ قیامت سے پہلے امانت کو ضائع کیا جائے گا، جس کی عام صورت یہ ہوگی کہ ایسے لوگوں کو کاموں کی ذمہ داریاں سونپی جائیں گی، جو ان کاموں کے

اہل نہیں ہوں گے۔

اورظاہر ہے کہ جب امانت کوضائع کردیا جائے،تواس کوخیانت کہاجاتا ہے۔

پس قیامت سے پہلے خیانت کاظہور ہوگا۔

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ بَعْدَكُمْ قَوْمًا يَخُونُونَ وَلَا يُؤْتَمَنُونَ، وَيَشْهَدُونَ وَلَا يُسْتَشْهَدُونَ، وَيَنْذِرُونَ وَلَا يَفُونَ، وَيَظْهَرُ فِيهِمُ السِّمَنُ** (صحيح البخاری،رقم الحديث ٢٦٥١، كتاب الشهادات، باب: لا يشهد على شهادة جور إذا أشهد،صحيح مسلم،رقم الحديث ٢٥٣٥"٢١٤")

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہارے بعد ایسے لوگ ہوں گے،جو خائن ہوں گے،اورامانت دارنہیں ہوں گےاورگواہی دیں گے،حالانکہ ان سے گواہی طلب نہیں کی جائے گی،اوروہ نذر(ومنت)مانیں گے،لیکن پوری نہیں کریں گےاوران میں موٹاپا ظاہر ہوجائے گا(بخاری،مسلم)

یعنی یہ لوگ امانت دارنہیں ہوں گے،بلکہ خائن ہوں گے،اورخود سے ہی جھوٹی گواہیاں دیں گے،اور کئے گئے معاہدوں کو پورانہیں کریں گے،اورخیانت کے طریقہ پر مال کھا کھا کر موٹے ہوجائیں گے،یہ سب ان لوگوں کی بدترین خصلتیں ہوں گی۔ [1]

---

[1] قوله: (ويظهر فيهم السمن) أی: كثرة اللحم ووجه كونه عيبا أنه يحصل من كثرة الأكل وليس من الصفات المحمودة(فتح البارى،شرح البخارى،ج ١،ص ١٣٤،الفصل الخامس فى سياق ما فى الكتاب من الألفاظ الغريبة على ترتيب الحروف مشروحا،حرف السين،فصل س م)

(خيركم قرنى) المراد خير قرونكم فحذف لدلالة الكلام عليه ورعاية لقوله (ثم الذين يلونهم ثم الذين يلونهم) فإن قلت كان القياس يلونكم ثم الذين يلونكم فالجواب أن الأول التفات والثانى على الأصل (ثم يكون بعدهم) أى بعد الثلاث (قوم) فاعل يكون قال جمع :لفظ قوم يختص بالرجال (يخونون ولا يؤتمنون ويشهدون ولا يستشهدون) صفة قوم وهذا موافق لخبر شر الشهود من شهد قبل أن يستشهد وقيل المراد شهادة الزور وقيل يحلفون كذبا ولا يستحلفون (وينذرون) بكسر المعجمة وضمها (ولا يوفون) بنذرهم (ويظهر فيهم السمن) يعنى يحبون التوسع فى المأكل والمشرب وهى أسباب السمن أو يتعاطون التسمين أو يتكثرون بما ليس فيهم ويدعون ما ليس لهم من الشرف(فيض القدير شرح الجامع الصغير،ج٣،ص ٤٩٧، رقم الحديث ٤١٠٦،حرف الخاء)

اور حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: خَیْرُ النَّاسِ قَرْنِیْ، ثُمَّ الَّذِیْنَ یَلُوْنَھُمْ، ثُمَّ الَّذِیْنَ یَلُوْنَھُمْ، ثُمَّ یَجِیْءُ قَوْمٌ یَتَسَمَّنُوْنَ یُحِبُّوْنَ السِّمَنَ یُعْطُوْنَ الشَّھَادَۃَ قَبْلَ أَنْ یُّسْأَلُوْھَا (مسند احمد، رقم الحدیث ۱۹۸۲۰) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سب سے بہترین زمانہ میرا ہے، پھر اس کے بعد والوں کا اور پھر اس کے بعد والوں کا، پھر اس کے بعد ایسے لوگ آئیں گے، جو خوب موٹے ہوں گے اور گھی (اور موٹا کرنے والی چیزوں) کو پسند کریں گے، وہ کسی کے کہنے سے پہلے ہی گواہی دینے کے لئے تیار ہوں گے (مسند احمد)

یہ وہی ناجائز وحرام مال خوب کھاپی کر موٹے ہونے والے لوگ ہیں، جن کا پہلے ذکر کیا گیا، اور ان کے جھوٹا ہونے کا دوسری احادیث میں صاف ذکر آیا ہے۔ [2]

اور ان لوگوں کا حرام مال کھاپی کر موٹا ہونا، قیامت کے دن فائدہ مند نہیں ہوگا۔

چنانچہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّہٗ لَیَأْتِی الرَّجُلُ الْعَظِیْمُ السَّمِیْنُ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ، لَا یَزِنُ عِنْدَ اللّٰہِ جَنَاحَ بَعُوْضَۃٍ، وَقَالَ: اِقْرَءُوْا: فَلَا نُقِیْمُ لَھُمْ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ وَزْنًا (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۴۷۲۹، کتاب تفسیر القرآن، سورۃ الکھف)

---

[1] قال شعیب الارنؤوط: إسنادہ صحیح علی شرط مسلم

[2] (خیر الناس قرنی ثم الذین یلونهم ثم الذین یلونهم) قال الخواص : کان لأهل القرن الأول کمال الإیمان ولأهل الثانی کمال العلم ولأهل الثالث کمال العمل ثم تغیرت الأحوال والمواسم فی أکثر الناس (ثم یأتی من بعدهم قوم یتسمنون) أی یحرصون علی لذیذ المطاعم وینهمکون فی التمتع بلذاتها حتی تسمن أبدانهم (ویحبون السمن) کذا هو فی نسخة المصنف بخطه وفی روایة السمانة بفتح السین أی السمن ویتوسعون فی المأکل ویترفهون فی نعیمها حتی یسمنوا أو المراد الذکر بما لیس فیهم أو ادعاء الشرف أو جمع المال (فیض القدیر شرح الجامع الصغیر، ج۳، ص ۴۷۹، رقم الحدیث ۴۰۳۵، حرف الخاء)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے دن بڑا موٹا آدمی آئے گا، جس کا وزن اللہ کے نزدیک ایک مچھر کے پر کے برابر بھی نہیں ہوگا، اور فرمایا کہ تم (اس کی تائید میں) اللہ تعالیٰ کا (سورہ کہف میں مذکور) یہ قول پڑھ لو کہ:
پس قائم نہیں کریں گے ہم ان (لوگوں) کے لئے قیامت کے دن کوئی وزن (بخاری)

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

خَطَبَنَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ بِالْجَابِيَةِ فَقَالَ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ فِيْنَا مِثْلَ مُقَامِيْ فِيْكُمْ فَقَالَ: اِحْفَظُوْنِيْ فِيْ أَصْحَابِيْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، ثُمَّ يَفْشُو الْكَذِبُ حَتّٰى يَشْهَدَ الرَّجُلُ وَمَا يُسْتَشْهَدُ، وَيَحْلِفَ وَمَا يُسْتَحْلَفُ (سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ٢٣٦٣، ابواب الأحكام، باب كراهة الشهادة لمن لم يستشهد) [1]

ترجمہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جابیہ کے مقام پر ہمیں خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان اسی مقام پر کھڑے ہوئے تھے، جس مقام پر میں ہوں، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ تم میرے صحابہ کے متعلق خیر کی وصیت حاصل کرلو، پھر ان سے متصل آنے والوں (یعنی تابعین) کے متعلق اور پھر ان سے متصل آنے والوں (یعنی تبع تابعین) کے متعلق، پھر جھوٹ پھیل جائے گا، یہاں تک کہ ایک آدمی گواہی طلب کئے بغیر گواہی دے گا، اور قسم لئے بغیر قسم کھائے گا (ابنِ ماجہ)

اس حدیث میں ان لوگوں کے گواہی دینے اور حلف اٹھانے کو جھوٹ پھیلنے کے فتنہ پر مرتب ہونے والے نتیجہ کے طور پر ذکر کیا گیا ہے، جس سے معلوم ہوا کہ وہ لوگ خائن اور جھوٹے

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية سنن ابنِ ماجه)

ہوں گے، اور جھوٹی گواہی، اور جھوٹے بیانات وحلف بازی کر کے حرام خوری کریں گے، اور خوب موٹے ہوجائیں گے۔

اور آج کل سیاست وحکومت، عدالت، اور تھانہ، کچہریوں میں ایسے لوگوں کی کثرت ہوچکی ہے۔

## انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ سِنِيْنَ خَوَادِعَةً، يُصَدَّقُ فِيْهَا الْكَاذِبُ، وَيُكَذَّبُ فِيْهَا الصَّادِقُ، وَيُؤْتَمَنُ فِيْهَا الْخَائِنُ، وَيَتَكَلَّمُ فِيْهَا الرُّوَيْبِضَةُ، قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَمَا الرُّوَيْبِضَةُ؟ قَالَ: اَلْفُوَيْسِقُ يَتَكَلَّمُ فِيْ أَمْرِ الْعَامَّةِ** (مسند ابی یعلیٰ الموصلی، رقم الحديث ۳۷۱۵،مسند أنس بن مالک) [۱]

---

[۱] قال حسين سليم أسد الدارانی: رجاله ثقات(حاشية مسند ابی يعلیٰ الموصلی)
وقال نبيل بن مَنصور بنِ يَعقوب البصارة :
وإسناده حسن، ابن إسحاق صدوق يدلس، وقد صرح بالتحديث من عبد الله بن دينار فانتفی التدليس،وعبد الله بن دينار ثقة مشهور(أنيس الساری تخريج احاديث فتح الباری، ج۳،ص۱۷۴۸،حرف الهمزة)
وقال سعد بن ناصر بن عبد العزيز الشَّثری:
قلت :هذا الإسناد رواته ثقات، لولا عنعنة ابن إسحاق وهو مدلس، كما تقدم.
وقد صرح محمد بن إسحاق بالتحديث عند البزار كما فی كشف الأستار (4/ 132) كما تقدم ذكره، ولهذا قال الهيثمی فی المجمع " :(7/ 284)رواه البزار وقد صرح ابن إسحاق بالسماع من عبد الله بن دينار وبقية رجاله ثقات."
وعليه فإن الحديث صحيح بهذا الإسناد إن شاء الله، وهو يقوی حديث الباب وله طريق آخر عند أحمد (3/ 220) عن أبی جعفر المدائنی، وهو محمد بن جعفر، حدثنا عباد بن العوام، ثنا محمد بن إسحاق، عن محمد بن المنكدر، عن أنس بن مالك رضی الله عنه، بمثل اللفظ المذكور(حاشية المطالب العالية بزوائد المسانيد الثمانية، ج۱۸،ص۴۲۸،۴۲۹،رقم الحديث ۴۵۱۷، كتاب الفتن،ذكر ابن صياد والتردد فی كونه الدجال)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت سے پہلے چند سال دھوکہ والے آئیں گے، جن میں سچے آدمی کو جھوٹا، اور جھوٹے کو سچا کہا جائے گا، اور امانت دار کو خیانت کار، اور خیانت کار کو امانت دار قرار دیا جائے گا، اور اس زمانہ میں ''رُوَیبِضہ'' کلام کرے گا، عرض کیا گیا کہ ''رُوَیبِضہ'' کیا ہے؟ اس کے جواب میں فرمایا کہ فاسق آدمی، عامۃُ النّاس کے معاملات میں زبان درازی کرے گا (ابویعلیٰ)

اس طرح کی کئی احادیث جھوٹ کے بیان کے ذیل میں نقل کی جا چکی ہیں۔

یہ وہی جھوٹے، خائن، ناجائز خور، اور موٹے لوگ ہوں گے، جن کا اس سے پہلی احادیث کے ضمن میں ذکر کیا گیا۔

## عابس غفاری رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عابس غفاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: بَادِرُوْا بِالْمَوْتِ سِتًّا: إِمْرَةَ السُّفَهَاءِ، وَكَثْرَةَ الشُّرَطِ، وَبَيْعَ الْحُكْمِ، وَاسْتِخْفَافًا بِالدَّمِ، وَقَطِيْعَةَ الرَّحِمِ، وَنَشْوًا يَتَّخِذُوْنَ الْقُرْآنَ مَزَامِيْرَ يُقَدِّمُوْنَهُ يُغَنِّيْهِمْ، وَإِنْ كَانَ أَقَلَّ مِنْهُمْ فِقْهًا (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ١٦٠٤٠) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سُنا کہ چھ چیزوں سے پہلے موت پر سبقت کرو (یعنی ان چیزوں کے ایجاد ہونے سے پہلے موت بہتر ہے) ایک تو بیوقوفوں کی حکومت سے، دوسرے پولیس کی کثرت سے، تیسرے فیصلوں کی خرید و فروخت سے، چوتھے خون (بہانے) کو ہلکا سمجھنے سے،

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية مسند احمد)

پانچویں قطع رحمی سے، چھٹے ایسے نوخیز ونوعمر جوانوں سے جو قرآن کو گانا بنائیں گے، گانے والے کو اپنے آگے کریں گے، اگرچہ یہ (قرآن کو گانے والا) ان میں دین کی سمجھ کے اعتبار سے کم ترین ہوگا (مسند احمد)

اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ:

**سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : يَتَخَوَّفُ عَلٰى أُمَّتِهٖ سِتَّ خِصَالٍ: إِمْرَةُ الصِّبْيَانِ، وَكَثْرَةُ الشُّرَطِ، وَالرِّشْوَةُ فِي الْحُكْمِ، وَقَطِيْعَةُ الرَّحِمِ، واستِخْفَافٌ بِالدَّمِ، وَنَشْوٌ يَتَّخِذُوْنَ الْقُرْآنَ مَزَامِيْرَ يُقَدِّمُوْنَ الرَّجُلَ لَيْسَ بِأَفْقَهِهِمْ وَلَا أَفْضَلِهِمْ يُغَنِّيْهِمْ غِنَاءً** (المعجم الکبیر للطبرانی، رقم الحدیث ۶۲، ج۱۸ ص۳۷)[1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا آپ اپنی امت پر چھ چیزوں کا خوف فرما رہے تھے، نوخیز (یعنی لونڈوں) کی حکومت کا، اور پولیس کی کثرت کا، اور فیصلوں میں رشوت کا، اور (رشتہ داروں سے) قطع رحمی (وبدسلوکی) کا، اور خون (بہانے) کو ہلکا سمجھنے کا، اور ایسی (نوخیز) نسل کے لوگوں کا جو قرآن کو گانا بنائیں گے (اپنے میں سے) ایک ایسے کو آگے بڑھائیں گے، جو اُن میں دین کی زیادہ سمجھ رکھنے والا اور افضل نہیں ہوگا (وہ اُسے صرف اس لیے آگے کریں گے کہ) وہ (قرآن کو) اُن کے سامنے گا گا کر سنائے گا (طبرانی)

## عوف بن مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث

اور حضرت عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**أَخَافُ سِتًّا إِمَارَةَ السُّفَهَاءِ، وَبَيْعَ الْحُكْمِ، وَكَثْرَةَ الشُّرَطِ، وَقَطِيْعَةَ**

---

[1] قال نبیل بن منصور بن یعقوب البصارۃ: وھذا أسناد صحیح رواتہ ثقات (انیس الساری، ج۴، ص۲۴۹۵، رقم الحدیث ۱۶۹۷، حرف الباء)

الـرَّحِـمِ، وَنَـشْـءً يَـنْـشَـئُـوْنَ يَتَّخِذُوْنَ الْقُرْآنَ مَزَامِيْرَ، وَسَفْكَ الدَّمِ

(مسند احمد، رقم الحديث ٢٣٩٧٠، حديث عوف بن مالك الأشجعي الأنصاری)[1]

ترجمہ: مجھے چھ چیزوں کا خوف ہے، ایک تو کم عقل لوگوں کی حکومت کا، دوسرے فیصلوں کی خرید وفروخت کا، تیسرے پولیس کی کثرت کا، چوتھے قطع رحمی کا، پانچویں ایسے نوخیز ونو عمر جوانوں کا، جو قرآن کو گانا بنالیں گے، چھٹے خون بہنے (یعنی قتل وقتال کا) (مسند احمد)

مذکورہ احادیث میں پولیس کی کثرت اور فیصلوں کی بیع، اور ان میں رشوت کا صاف ذکر ہے، اور نوخیز حکمرانوں سے وہی لوگ مراد ہیں، جن کو کسی حدیث میں فاسق، اور کسی میں کم عقل کہا گیا ہے، اور ان ہی لوگوں کی دوسری احادیث میں خائن ہونے، جھوٹی گواہی دینے اور جھوٹے بیانات وحلف بازیوں، اور ان کے موٹے ہونے کا بھی ذکر کیا گیا ہے۔

پولیس کی کثرت کی ایک وجہ فتنہ وفسادات کا پھوٹنا، اور معاشرہ میں امن وامان کا نہ ہونا ہوتی ہے، مگر دوسری طرف پولیس والے جتنے زیادہ ہوتے ہیں، اسی اعتبار سے لوگوں پر ظلم وستم بھی بڑھ جاتا ہے، جیسا کہ آگے دوسری احادیث میں آتا ہے۔

## ابوامامہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَكُوْنُ فِيْ هٰذِهِ الْأُمَّةِ فِيْ آخِرِ الزَّمَانِ رِجَالٌ، أَوْ قَالَ: يَخْرُجُ رِجَالٌ مِنْ هٰذِهِ الْأُمَّةِ، فِيْ آخِرِ الزَّمَانِ مَعَهُمْ أَسْيَاطٌ كَأَنَّهَا أَذْنَابُ الْبَقَرِ يَغْدُوْنَ فِيْ سَخَطِ اللّٰهِ وَيَرُوْحُوْنَ فِيْ غَضَبِهِ (مسند احمد، رقم الحديث ٢٢١٥٠)[2]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره (حاشية مسند احمد)

[2] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره، وهذا إسناد حسن (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس امت میں آخری زمانہ میں، ایسے لوگ ہوں گے، یا یہ فرمایا کہ اس امت میں آخری زمانہ میں، ایسے لوگ (سپاہی و پولیس والے) نکلیں گے، جن کے ساتھ گائے کی دُم کی طرح کے کوڑے ہوں گے، یہ لوگ اللہ کی ناراضگی میں صبح کریں گے، اور اللہ کے غضب میں شام کریں گے (مسند احمد)

ابوامامہ رضی اللہ عنہ کی اس حدیث کو امام حاکم نے بھی روایت کیا ہے۔ [1]

صبح وشام، اللہ کی نارضگی، اور غضب میں رہنے والے، جن لوگوں کا مذکورہ حدیث میں ذکر کیا گیا ہے، ان سے حکومت کی طرف سے مقرر کردہ سپاہی اور پولیس والے مراد ہیں، جس کی دوسری روایات میں وضاحت آئی ہے۔

## ابوامامہ رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت

چنانچہ امام طبرانی نے صحیح سند کے ساتھ حضرت ابواُمامۃ رضی اللہ عنہ سے اس طرح روایت کیا ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: سَيَكُوْنُ فِيْ آخِرِ الزَّمَانِ شَرَطَةٌ، يَغْدُوْنَ فِيْ غَضِبِ اللّٰهِ، وَيَرُوْحُوْنَ فِيْ سَخَطِ اللّٰهِ، فَإِيَّاكَ أَنْ تَكُوْنَ مِنْ بِطَانَتِهِمْ (المعجم الكبير، للطبرانی، رقم الحديث ٧٦١٦، ج٨ ص١٣٦) [2]

---

[1] عن أبي أمامة رضی الله عنه، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: يخرج في هذه الأمة في آخر الزمان رجال معهم أسياط، كأنها أذناب البقر، يغدون في سخط الله، ويروحون في غضبه (المستدرك للحاكم، رقم الحديث ٨٣٤٧، كتاب الفتن والملاحم)
قال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد، ولم يخرجاه.
وقال الذهبي في التلخيص: صحيح.

[2] قال شعيب الارنؤوط: وهذا إسناد صحيح؛ لأن رواية إسماعيل بن عياش عن الشاميين قوية، وشرحبيل شامي (حاشية مسند احمد، تحت رقم الحديث ٢٢١٥٠)

www.idaraghufran.org

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سُنا کہ آخری زمانے میں ایسے سپاہی ہوں گے، جن پر صبح بھی اللہ کے غضب کی حالت میں آئے گی اور شام بھی اللہ کے غضب کی حالت میں آئے گی، پس تم ان کے دوست، ومعاونوں میں شامل ہونے سے بچنا(طبرانی)

اس سے معلوم ہوا کہ ظالم پولیس والوں کے لئے صبح وشام، اللہ کی طرف سے سخت ناراضگی، اورغصہ نازل ہوتا ہے، کیونکہ ایک تو وہ لوگوں پر جانی ظلم کرتے ہیں، ان پر کوڑوں، ڈنڈوں، اور چھِتروں سے ظالمانہ طریقہ پر زدوکوب کرتے ہیں، دوسرے لوگوں سے ناجائز رشوت اور بھتہ خوری کا دھندہ بھی کرتے ہیں، تیسرے وہ غیر منصفانہ مقدمات بھی قائم کرتے ہیں، اور جھوٹی گواہیاں، اور فیصلے بھی کرتے ہیں۔

اور ان کا دوست ومعاون بننے میں ان کے چپڑاسی، اور خدمت گذار، یا ایسے افراد داخل ہیں، جن کو آج کل ٹاؤٹ کہا جاتا ہے۔ [1]

## ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] (سیکون فی آخر الزمان شرطه) أعوان السلطان (یغدون فی غضب الله ویروحون فی سخط الله) أی یغدون بکرة النهار ویروحون آخره وهم فی غضبه (فإیاک أن تکون من بطانتهم) أی احذر أن تکون صاحب سرهم وصفیهم ومداخلهم (طب عن أبی أمامة)بإسناد صحیح(التیسیر بشرح الجامع الصغیر للمناوی، ج۲، ص۲۶، حرف السین)

(سیکون فی آخر الزمان شرطة) بضم المعجمة وفتح الراء والطاء واحدها شرطی وهم نخبة أصحاب السلطان .(یغدون فی غضب الله) أی یفعلون أفعالا تغضبه تعالی من سفک الدماء وهتک الحرم ونهب الأموال ویحتمل أنها ظرفیة وأن غضبه ظرفا لهم والاحتمالان جاریان فی. (یروحون فی سخط الله فإیاک) کأنه خطاب لغیر معین من کل سامع ویحتمل إنه لراویه وفیه أن المراد بآخر الزمان ما بعد عصره أنه أمر نسبی .(أن تکون من بطانتهم) بکسر الموحدة بطانة الرجل صاحب سره وداخلة أمره وصفیه الذی یقضی حوائجه إلیه شبه ببطانة الثوب کما یقال فلان شعاری(التنویر شرح الجامع الصغیر ،للصنعانی، ج۶، ص۴۴۸، تحت رقم الحدیث ۴۷۵۴، حرف السین المهملة ،السین مع الیاء آخر الحروف)

www.idaraghufran.org

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صِنْفَانِ مِنْ أَهْلِ النَّارِ لَمْ أَرَهُمَا، قَوْمٌ مَعَهُمْ سِيَاطٌ كَأَذْنَابِ الْبَقَرِ يَضْرِبُونَ بِهَا النَّاسَ، وَنِسَاءٌ كَاسِيَاتٌ عَارِيَاتٌ مُمِيلَاتٌ مَائِلَاتٌ، رُءُوسُهُنَّ كَأَسْنِمَةِ الْبُخْتِ الْمَائِلَةِ، لَا يَدْخُلْنَ الْجَنَّةَ، وَلَا يَجِدْنَ رِيحَهَا، وَإِنَّ رِيحَهَا لَيُوجَدُ مِنْ مَسِيرَةِ كَذَا وَكَذَا (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢١٢٨ "١٢٥" كتاب اللباس والزينة، باب: النساء الكاسيات العاريات المائلات المميلات)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دو جہنمی گروہ ایسے ہیں، جن کو میں نے نہیں دیکھا (بعد میں پیدا ہوں گے) ایک وہ گروہ جن کے ہاتھوں میں بیل کی دُم جیسے کوڑے ہوں گے، وہ ان کوڑوں کے ساتھ لوگوں کو (ناحق) ماریں گے، دوسرے وہ عورتیں جو (کہنے کو تو) لباس پہنے ہوئے ہوں گی، لیکن (چونکہ لباس بہت باریک، یا ستر کے لئے ناکافی ہوگا، اس لئے وہ) درحقیقت برہنہ ہوں گی (لوگوں کو اپنے جسم کی نمائش اور لباس کی زیبائش سے اپنی طرف) مائل کریں گی (اور خود بھی مَردوں سے اختلاط کی طرف) مائل ہونگی، ان کے سر (فیشن کی وجہ سے) بختی اونٹ کے کوہان جیسے ہوں گے، یہ عورتیں نہ تو جنت میں داخل ہوں گی، نہ جنت کی خوشبو ہی ان کو نصیب ہوگی، حالانکہ جنت کی خوشبو تو دُور سے پالی جاتی ہے (صحیح مسلم)

اس حدیث کو ابنِ حبان نے بھی روایت کیا ہے۔ [1]

---

[1] عن أبي هريرة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: " صنفان من أمتي لم أرهما: قوم معهم سياط مثل أذناب البقر يضربون بها الناس، ونساء كاسيات عاريات مائلات مميلات رؤوسهن مثل أسنمة البخت المائلة لا يدخلون الجنة ولا يجدون ريحها وإن ريحها لتوجد من مسيرة كذا وكذا "(صحيح ابنِ حبان، رقم الحديث ٧٤٦١، كتاب إخباره صلى الله عليه وسلم عن مناقب الصحابة رضى الله عنهم أجمعين، باب وصف الجنة وأهلها)

قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم (حاشية صحيح ابنِ حبان)

اس حدیث میں کوڑوں سے مارنے والے وہی لوگ مراد ہیں، جن کو دوسری احادیث میں پولیس والے کہا گیا ہے، اور ان سے شہر شہر کے تھانے اور چوکیاں بھری پڑی ہیں۔

## ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

وَيْلٌ لِلْعَرَبِ مِنْ شَرٍّ قَدِ اقْتَرَبَ عَلٰى رَأْسِ السِّتِّيْنَ تَصِيْرُ الْأَمَانَةُ غَنِيْمَةً، وَالصَّدَقَةُ غَرَامَةً، وَالشَّهَادَةُ بِالْمَعْرِفَةِ وَالْحُكْمُ بِالْهَوٰى

(المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۸۴۸۹، کتاب الفتن والملاحم) [1]

ترجمہ: عرب کے لئے ویل وہلاکت ہے، اس شر سے جو قریب آ چکا، ساٹھویں صدی کے سرے پر، امانت کو غنیمت، اور صدقہ کو تاوان سمجھ لیا جائے گا، اور گواہی جان وپہچان والے کے لئے مختص ہو جائے گی، اور فیصلے خواہش کی بنیاد پر ہوں گے (حاکم)

اس حدیث میں امانت کو جو غنیمت سمجھنے کا ذکر ہے، اس کا مطلب یہی ہے کہ جو مال اور عہدہ ان لوگوں کے پاس دوسروں کی امانت ہوگا، وہ اس کو اپنی ذاتی چیز سمجھیں گے، اور اس کا اپنی من مانی کے ساتھ استعمال کریں گے، اور فیصلوں کی خواہش کی بنیاد پر ہونے کا مطلب بھی یہی ہے کہ جس طرح فیصلہ کرنے میں کوئی نفسانی مفاد ومطلب وابستہ ہوگا، اس طرح کے فیصلے کریں گے۔

## ابنِ ابی اوفیٰ وبریدہ رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال الحاکم: ھذا حدیث صحیح علی شرط الشیخین، ولم یخرجاہ بھذہ الزیادات.
وقال الذھبی فی التلخیص: علی شرط البخاری ومسلم

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ مَعَ الْقَاضِيْ مَا لَمْ يَجُرْ

(صحيح ابنِ حبان، رقم الحديث ٥٠٦٢، كتاب القضاء) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک اللہ، فیصلہ کرنے والے کے ساتھ ہوتا ہے، جب تک وہ ناانصافی نہ کرے (ابنِ حبان)

اور سنن ابنِ ماجہ میں حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ مَعَ الْقَاضِيْ مَا لَمْ يَجُرْ، فَإِذَا جَارَ وَكَّلَهُ إِلٰى نَفْسِهِ (سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ٢٣١٢، ابواب الأحكام، باب التغليظ فى الحيف والرشوة) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک اللہ، فیصلہ کرنے والے کے ساتھ ہوتا ہے، جب تک وہ ظلم وناانصافی نہ کرے، پھر جب وہ ظلم وناانصافی کرتا ہے، تو اللہ اس کو اسی کے سپرد کردیتا ہے (اور اللہ کی نصرت اس کے ساتھ نہیں رہتی) (ابنِ ماجہ)

اور سنن ترمذی میں حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ مَعَ الْقَاضِيْ مَا لَمْ يَجُرْ، فَإِذَا جَارَ تَخَلّٰى عَنْهُ وَلَزِمَهُ الشَّيْطَانُ (سنن الترمذى، رقم الحديث ١٣٣٠، ابواب الأحكام، باب ما جاء فى الإمام العادل) [3]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک اللہ، فیصلہ کرنے والے کے ساتھ ہوتا ہے، جب تک وہ ظلم وناانصافی نہ کرے، پھر جب وہ ظلم وناانصافی کرتا ہے، تو اللہ اس کو تنہاء چھوڑ دیتا ہے، اور اس سے شیطان، چمٹ جاتا ہے (ترمذی)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن (حاشية صحيح ابنِ حبان)

[2] قال شعيب الارنؤوط: حديث حسن (حاشية سنن ابنِ ماجه)

[3] قال الترمذى: هذا حديث غريب. لا نعرفه إلا من حديث عمران القطان.

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلْقُضَاةُ ثَلَاثَةٌ: وَاحِدٌ فِي الْجَنَّةِ، وَاثْنَانِ فِي النَّارِ، فَأَمَّا الَّذِي فِي الْجَنَّةِ فَرَجُلٌ عَرَفَ الْحَقَّ فَقَضٰى بِهٖ، وَرَجُلٌ عَرَفَ الْحَقَّ فَجَارَ فِي الْحُكْمِ، فَهُوَ فِي النَّارِ، وَرَجُلٌ قَضٰى لِلنَّاسِ عَلٰى جَهْلٍ فَهُوَ فِي النَّارِ (سنن ابی داود، رقم الحديث ٣٥٧٣، كتاب الأقضية ،باب القاضی يُخطىء) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ فیصلہ کرنے والے، تین طرح کے ہوتے ہیں، ایک جنت کا مستحق ہے، اور دو جہنم کے مستحق ہیں، پس جنت کا مستحق وہ ہے جس نے حق کو پہچان کر، اس کے مطابق فیصلہ کیا، اور جس نے حق کو پہچان کر ظلم پر مبنی فیصلہ کیا، تو وہ جہنم کا مستحق ہے، اور جس نے لوگوں کے لئے جہالت کے مطابق فیصلہ کیا، تو وہ بھی جہنم کا مستحق ہے (ابوداود)

مذکورہ احادیث وروایات میں بیان کردہ وعیدوں میں حکومتی وسرکاری حکمران، وزراء، عدلیہ کے وہ تمام جج، اور پولیس والے، اور ایسے تمام عہدہ داران شامل ہیں، جو عدل وانصاف کی دھجیاں اڑاتے ہوئے محض دنیاوی مفادات اور ذاتی تعلقات کی بنیاد پر غیر منصفانہ، ظالمانہ اور جاہلانہ فیصلے کرتے ہیں۔

اور اسی ضمن میں ایسے ثالث، اور سر پنچ وغیرہ بھی داخل ہیں، جو لوگوں کے فیصلے کرتے ہیں، اور ان میں عدل وانصاف سے کام نہیں لیتے۔

## سعد بن عبادہ، ابو ہریرہ وابوامامہ رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح بطرقه وشواهده (حاشية سنن ابی داود)

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: مَا مِنْ أَمِيرِ عَشَرَةٍ إِلَّا أَتَى اللّٰهَ مَغْلُولًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ لَا يُطْلِقُهُ إِلَّا الْعَدْلُ (مسند احمد، رقم الحديث ٢٢٤٥٦) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص بھی دس افراد کا امیر وحاکم تھا، اس کو قیامت کے دن طوق پہنا کر حاضر کیا جائے گا، اس کی جان صرف ''عدل وانصاف'' ہی چھڑا سکے گا (مسند احمد)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

مَا مِنْ أَمِيرِ عَشَرَةٍ إِلَّا يُؤْتَى بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَغْلُولًا، لَا يَفُكُّهُ إِلَّا الْعَدْلُ، أَوْ يُوبِقُهُ الْجَوْرُ (مسند احمد، رقم الحديث ٩٥٧٣) [2]

ترجمہ: جو شخص بھی دس افراد کا امیر وحاکم تھا، اس کو قیامت کے دن طوق پہنا کر حاضر کیا جائے گا، اس کی جان صرف ''عدل وانصاف'' ہی چھڑا سکتا ہے، بصورتِ دیگر اس کو ظلم وناانصافی ہلاک ہی کر کے چھوڑے گی (مسند احمد)

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: مَا مِنْ رَجُلٍ يَلِي أَمْرَ عَشَرَةٍ فَمَا فَوْقَ ذٰلِكَ إِلَّا أَتَى اللّٰهَ مَغْلُولًا، يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَدُهُ إِلٰى عُنُقِهِ فَكَّهُ بِرُّهُ أَوْ أَوْبَقَهُ إِثْمُهُ أَوَّلُهَا مَلَامَةٌ، وَأَوْسَطُهَا نَدَامَةٌ، وَآخِرُهَا خِزْيٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ (مسند احمد، رقم الحديث ٢٢٣٠٠) [3]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص بھی دس افراد، یا ان سے زیادہ کا

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره دون قوله " :وما من أحد تعلم القرآن " ...، وهذا إسناد ضعيف (حاشية مسند احمد)

[2] قال شعيب الارنؤوط: إسناده قوى (حاشية مسند احمد)

[3] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره (حاشية مسند احمد)

امیر وحاکم بنا، تو اس کو قیامت کے دن طوق پہنا کر حاضر کیا جائے گا، اس کے ہاتھ اس کی گردن سے بندھے ہوں گے، صرف اس کا انصاف ونیکی ہی، اس کی خلاصی کرا سکے گی۔ اور اس کا ظلم وگناہ اس کو ہلاک کرائے گا۔

امارت وحکومت کی ابتداء، ملامت ہے، اس کا درمیان، ندامت ہے، اور اس کی انتہاء قیامت کے دن، رسوائی کا باعث ہے (مسند احمد)

مذکورہ احادیث میں بیان کردہ حکم میں، سرکاری حکمران، عدالت کے، جج، پولیس والے، اور اداروں کے افسرانِ بالا، یہاں تک کہ مدرسہ کے مہتممین ومنتظمین سب شامل ہیں۔

## ابو ہریرہ، عبداللہ بن عمرو اور ثوبان رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : آيَةُ الْمُنَافِقِ ثَلَاثٌ : إِذَا حَدَّثَ كَذَبَ، وَإِذَا وَعَدَ أَخْلَفَ، وَإِذَا اؤْتُمِنَ خَانَ (صحيح البخاری، رقم الحديث ٣٣، كتاب الايمان، باب علامة المنافق)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ منافق کی نشانیاں تین ہیں، ایک یہ کہ جب وہ بات کرے تو جھوٹ بولے، اور دوسری یہ کہ جب وعدہ کرے تو اس کی خلاف ورزی کرے، اور تیسری یہ کہ جب اس کو (مال، یا کسی عہدہ ومنصب کی) امانت سپرد کی جائے، تو وہ اس میں خیانت کرے (بخاری)

اس طرح کی اور بھی کئی احادیث ہیں، جن سے معلوم ہوتا ہے کہ خیانت کرنا، نفاق کی علامت ہے۔

اور ناحق فیصلے کرنا، بدترین خصلت ہے، اور محض مال کے لالچ میں ناحق فیصلے کرنا، اس سے بھی بدترین خصلت ہے۔

اور اگر فیصلہ وکام تو درست کیا جائے، لیکن جس کام کا کرنا حاکم، یا کسی عہدہ دار کے ذمہ

ضروری تھا، اس پر پیسہ لینا، رشوت ہے، جس پر اللہ کی طرف سے لعنت وارد ہوئی ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**لَعَنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّاشِيَ وَالْمُرْتَشِيَ فِي الْحُكْمِ** (سنن الترمذی، رقم الحديث ١٣٣٦، ابواب الأحكام، باب ما جاء فی الراشی والمرتشی فی الحكم) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رشوت دینے والے، اور رشوت لینے والے پر لعنت فرمائی (ترمذی)

اور حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**لَعَنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّاشِيَ وَالْمُرْتَشِيَ** (سنن الترمذی، رقم الحديث ١٣٣٧، ابواب الأحكام، باب ما جاء فی الراشی والمرتشی فی الحكم) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رشوت دینے والے، اور رشوت لینے والے پر لعنت فرمائی (ترمذی)

اور حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**لَعَنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّاشِيَ وَالْمُرْتَشِيَ** (مسند احمد، رقم الحديث ٢٢٣٩٩) [3]

---

[1] قال الترمذی: وفی الباب عن عبد الله بن عمرو، وعائشة، وابن حديدة، وأم سلمة. حديث أبی هريرة حديث حسن، وقد روی هذا الحديث عن أبی سلمة بن عبد الرحمن، عن عبد الله بن عمرو، عن النبی صلی الله عليه وسلم. وروی عن أبی سلمة، عن أبيه، عن النبی صلی الله عليه وسلم، ولا يصح. وسمعت عبد الله بن عبد الرحمن يقول: حديث أبی سلمة، عن عبد الله بن عمرو، عن النبی صلی الله عليه وسلم أحسن شیء فی هذا الباب وأصح.

[2] قال الترمذی: هذا حديث حسن صحيح.

[3] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره دون قوله " : والرائش"، وهذا إسناد ضعيف (حاشية مسند احمد)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رشوت دینے والے، اور رشوت لینے والے پرلعنت فرمائی (مسند احمد)

## سورہ مائدہ کا حوالہ وابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث

قرآن مجید کی سورہ مائدہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَتَرٰى كَثِيْرًا مِّنْهُمْ يُسَارِعُوْنَ فِي الْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَأَكْلِهِمُ السُّحْتَ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ (سورة المائدة، رقم الآية ٦٢)

ترجمہ: تم دیکھتے ہو کہ ان میں سے بکثرت لوگ گناہ اور ظلم وزیادتی کے کاموں اور حرام کھانے میں دَوڑ دھوپ کرتے پھرتے ہیں، بہت بری حرکات ہیں جو یہ کر رہے ہیں (مائدہ)

حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ سے اس آیت میں مذکور ''سحت'' سے رشوت کا مراد ہونا، مروی ہے۔

حضرت مسروق سے روایت ہے کہ:

كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: مَا السُّحْتُ؟ قَالَ: اَلرِّشَا، فَقَالَ: فِي الْحُكْمِ؟ قَالَ: ذَاكَ الْكُفْرُ، ثُمَّ قَرَأَ: وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللّٰهُ فَأُولٰئِكَ هُمُ الْكَافِرُوْنَ (مسند أبى يعلى، رقم الحديث ٥٢٦٦، مسند عبد الله بن مسعود) [1]

ترجمہ: میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا، تو اُن سے ایک آدمی نے عرض کیا کہ سحت کیا ہے؟ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رشوت ہے، پھر اس آدمی نے کہا کہ فیصلہ کرنے میں رشوت لینا کیسا ہے؟ تو فرمایا کہ یہ تو کفر ہے، پھر آپ نے (سورہ مائدہ کی) یہ آیت پڑھی کہ ''وَمَنْ لَّمْ

[1] قال حسين سليم أسد الداراني: إسناده صحيح (حاشية مسند ابى يعلىٰ)

یَحْکُمُ بِمَا اَنْزَلَ اللّٰہُ فَاُولٰئِکَ ھُمُ الْکَافِرُوْنَ ‘‘ (یعنی جو لوگ اللہ کے نازل کردہ قانون کے مطابق فیصلہ نہ کریں وہی کافر ہیں) (ابویعلیٰ)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث دوسری سندوں سے بھی مروی ہے۔ [1]

## ابوہریرہ، انس وابنِ مسعود رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: اَلْمُسْتَشَارُ مُؤْتَمَنٌ (سنن الترمذی، رقم الحدیث ۲۸۲۲، ابواب الادب، باب أن المستشار مؤتمن) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس سے مشورہ طلب کیا جائے وہ امانت دار ہے (ترمذی)

مطلب یہ ہے کہ جس انسان سے مشورہ طلب کیا جائے، وہ انسان مشورہ طلب کیے جانے والے معاملے میں مشورہ طلب کرنے والے کا امین ہوتا ہے، اوراچھی رائے اُس کے پاس مشورہ طلب کرنے والے کی امانت ہوتی ہے، جو مشورہ طلب کرنے والے کے حوالے کرنا اس کی ذمہ داری ہے۔

لہٰذا مشورہ طلب کرنے والے کی مصلحت اور فائدہ کو چھپانا دراصل اس کے ساتھ خیانت کرنا اور جھوٹ بولنا اور غلط بیانی سے کام لینا ہے جو کہ جائز نہیں اور گناہ ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] عن مسروق، قال: سألت ابن مسعود، عن الرشا فی الحکم؟ قال: ذلک الکفر (المعجم الکبیر للطبرانی، ج۹ص ۲۲۶، رقم الحدیث ۹۱۰۱)

عن (زر) بن حبیش عن ابن مسعود قال: السحت ،الرشوۃ(مصنف ابنِ ابی شیبۃ، رقم الحدیث ۲۲۵۳۲، باب الراشی والمرتشی)

[2] قال الترمذی: ھذا حدیث حسن، وقد روی غیر واحد عن شیبان بن عبد الرحمن النحوی، وشیبان ھو صاحب کتاب وھو صحیح الحدیث، ویکنی أبا معاویۃ.

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَدِّ الْأَمَانَةَ إِلٰى مَنِ ائْتَمَنَكَ، وَلَا تَخُنْ مَنْ خَانَكَ (سنن ابی داود،رقم الحدیث ۳۵۳۵، کتاب البیوع، باب فی الرجل یأخذ حقه من تحت یده) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم امانت اس کو اداء کردو، جس نے تمہارے پاس امانت رکھوائی ہے، اور تم اس کے ساتھ خیانت مت کرو، جس نے تمہارے ساتھ خیانت کی ہے (سنن ابی داؤد)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَدِّ الْأَمَانَةَ إِلٰى مَنِ ائْتَمَنَكَ، وَلَا تَخُنْ مَنْ خَانَكَ (المستدرک للحاکم،رقم الحدیث ۲۲۹۷،کتاب البیوع)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم امانت اس کو اداء کردو، جس نے تمہارے پاس امانت رکھوائی ہے، اور تم اس کے ساتھ خیانت مت کرو، جس نے تمہارے ساتھ خیانت کی ہے (حاکم)

شداد بن معقل سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، يَقُوْلُ: إِنَّ أَوَّلَ مَا تَفْقِدُوْنَ مِنْ دِيْنِكُمُ الْأَمَانَةُ (المستدرک للحاکم،رقم الحدیث ۸۵۳۸،کتاب الفتن والملاحم) [2]

ترجمہ: میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ تم سب سے پہلے اپنے دین سے امانت کو ختم کرو گے (حاکم)

خیانت کے بدترین خصلت ہونے کی وجہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے حفاظت کی دعاء طلب کی ہے۔

---

[1] قال شعیب الارنؤوط: إسناده حسن (حاشية سنن ابی داود)

[2] قال الذهبی فی التلخیص: صحیح

چنانچہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ إِنِّىْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْجُوْعِ، فَإِنَّهُ بِئْسَ الضَّجِيْعُ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْخِيَانَةِ، فَإِنَّهَا بِئْسَتِ الْبِطَانَةُ (سنن ابنِ ماجه. رقم الحديث ۳۳۵۴، ابواب الاطعمة، باب التعوذ من الجوع) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعاء کیا کرتے تھے کہ اے اللہ! میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں، بھوک سے، کیونکہ بھوک بری ساتھی ہے، اور میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں، خیانت سے، کیونکہ وہ بہت بری اندرونی خصلت ہے (سنن ابنِ ماجہ)

## اجتماعی مال میں خیانت، اور سورہ آلِ عمران کا حوالہ

سورہ آلِ عمران میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَمَنْ يَّغْلُلْ يَأْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ (سورة آلِ عمران، رقم الآية ۱۶۱)

ترجمہ: اور جو شخص قومی خیانت کرے گا، آئے گا وہ اس چیز کے ساتھ کہ خیانت کی اس نے، قیامت کے دن، پھر بدلہ دیا جائے گا، ہر نفس کو وہ جو کمایا اس نے، اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا'' (آلِ عمران)

اس آیت میں قومی خیانت پر وعید بیان ہوئی ہے، جو لوگوں کا اجتماعی مال ہوتا ہے، اور اس میں خیانت کرنا ''غلول'' کہلاتا ہے۔

مشکاۃ کی شرح مرقاۃ میں ''غلول'' سے متعلق وعید وارد ہونے والی حدیث کی تشریح کے ذیل میں ہے:

وَفِيْهِ تَهْدِيْدٌ عَظِيْمٌ وَوَعِيْدٌ جَسِيْمٌ فِىْ حَقِّ مَنْ يَّأْكُلُ مِنَ الْمَالِ الَّذِىْ

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث حسن (حاشية سنن ابنِ ماجه)

يَتَعَلَّقُ بِهِ حَقُّ جَمْعٍ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ كَمَالِ الْأَوْقَافِ وَكَمَالِ بَيْتِ الْمَالِ، فَإِنَّ التَّوْبَةَ مَعَ الِاسْتِحْلَالِ، أَوْ رَدَّ حُقُوقِ الْعَامَّةِ مُتَعَذِّرٌ، أَوْ مُتَعَسِّرٌ (مرقاة المفاتيح شرح مشكاة المصابيح، ج،ص ٦،ص ٢٥٨٢، كتاب الجهاد، باب قسمة الغنائم والغلول فيها)

ترجمہ: اس (حدیث) میں سخت تنبیہ، اور بڑی شدید وعید ہے، اس شخص کے بارے میں جو اس مال سے کھالے (ناجائز طریقہ پر لے لے) جس کے ساتھ تمام مسلمانوں کا حق وابستہ ہے، جیسا کہ اوقاف کا مال، اور سرکاری خزانہ کا مال، کیونکہ حلال سمجھتے ہوئے توبہ کرنا، یا عامۃ الناس کے حقوق کو اداء کرنا متعذر، یا بہت مشکل ہے (مرقاۃ)

## خولہ بنتِ قیس وعبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت خولہ بنتِ قیس رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: إِنَّ هٰذَا الْمَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ، مَنْ أَصَابَهُ بِحَقِّهِ بُوْرِكَ لَهُ فِيْهِ، وَرُبَّ مُتَخَوِّضٍ فِيْمَا شَاءَتْ بِهِ نَفْسُهُ مِنْ مَالِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ لَيْسَ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِلَّا النَّارُ (سنن الترمذی، رقم الحديث ٢٣٧٤، ابواب الزهد، باب ما جاء فی أخذ المال بحقه) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ یہ مال سرسبز اور میٹھا ہے، جو اس کو اس کے حق کے ساتھ لے، اس کے لئے اس میں برکت دی جاتی ہے، اور بہت سے لوگ اللہ اور اس کے رسول کے مال میں اپنی خواہشِ نفس کے مطابق گھستے (اور تصرف کرتے) ہیں، جن کے لئے قیامت کے دن آگ کے علاوہ کچھ بھی نہیں ہے (ترمذی)

[1] قال الترمذی: هذا حديث حسن صحيح. وأبو الوليد اسمه عبيد سنوطا.

www.idaraghufran.org

اللہ اور اس کے رسول کے مال سے، وہی مال مراد ہے، جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تحویل میں لوگوں کے اجتماعی حقوق سے متعلق ہوتا تھا، آج کل اس کی عام شکل، حکومتی وسرکاری مال ہے، اسی حکم میں مساجد، مدارس، اوقاف کے فنڈ کے اموال ہیں، اور جن اداروں کے اخراجات سرکاری وحکومتی فنڈ سے اداء ہوتے ہیں، وہ سب اس حکم میں داخل ہیں، جن میں خیانت کرنا بہت سخت گناہ ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كَانَ عَلٰى ثَقَلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، رَجُلٌ يُقَالُ لَهُ كِرْكِرَةُ، فَمَاتَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هُوَ فِي النَّارِ، فَذَهَبُوْا يَنْظُرُوْنَ إِلَيْهِ، فَوَجَدُوْا عَبَاءَةً قَدْ غَلَّهَا (صحيح البخارى، رقم الحديث ٣٠٧٤، كتاب الجهاد والسير، باب القليل من الغلول)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے (سرکاری) مال پر کِرکِرَہ نامی ایک شخص متعین تھا، جب اس کا انتقال ہوا، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ جہنمی ہے، پھر لوگ اس کی تفتیش کرنے لگے، تو انہوں نے اس کے سامان میں ایک عباء (چادر) دیکھی، جو اس نے (اجتماعی مالِ غنیمت) میں سے چھپا کر رکھ لی تھی (بخاری)

یعنی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو جو جہنمی بتلایا تھا، تحقیق کرنے پر اس کا سبب سرکاری وقومی خزانہ میں سے ایک چادر کو خیانت کرکے لے لینا معلوم ہوا، اس طرح کی اور احادیث بھی ہیں۔

اور یہ حکم ہر اس شخص کو شامل ہے، جس کی تحویل میں کسی بھی قسم کا سرکاری مال اور قومی خزانہ کی نقدی، یا کوئی دوسری چیز ہو، اور وہ اس میں خیانت کا ارتکاب کرے، خواہ وہ کوئی وزیرِ خزانہ ہو، یا کسی دوسرے سرکاری عہدہ پر مامور بڑا، یا چھوٹا کارندہ ہو۔

# ابو ہریرہ، زید بن خالد جہنی، وانس رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَامَ فِينَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرَ الغُلُولَ فَعَظَّمَهُ وَعَظَّمَ أَمْرَهُ، قَالَ: لَا أُلْفِيَنَّ أَحَدَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلٰى رَقَبَتِهٖ شَاةٌ لَهَا ثُغَاءٌ، عَلٰى رَقَبَتِهٖ فَرَسٌ لَهُ حَمْحَمَةٌ، يَقُولُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَغِثْنِي، فَأَقُولُ: لَا أَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا، قَدْ أَبْلَغْتُكَ، وَعَلٰى رَقَبَتِهٖ بَعِيرٌ لَهُ رُغَاءٌ، يَقُولُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَغِثْنِي، فَأَقُولُ: لَا أَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا قَدْ أَبْلَغْتُكَ، وَعَلٰى رَقَبَتِهٖ صَامِتٌ، فَيَقُولُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَغِثْنِي، فَأَقُولُ لَا أَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا قَدْ أَبْلَغْتُكَ، أَوْ عَلٰى رَقَبَتِهٖ رِقَاعٌ تَخْفِقُ، فَيَقُولُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَغِثْنِي، فَأَقُولُ: لَا أَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا، قَدْ أَبْلَغْتُكَ (صحيح البخارى، رقم الحديث ٣٠٧٣، كتاب الجهاد والسير، باب الغلول، صحيح مسلم، رقم الحديث ١٨٣١ "٢٤")

ترجمہ: ایک مرتبہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم میں کھڑے ہوکر ''غلول'' (یعنی مالِ غنیمت، واجتماعی مال میں خیانت کرنے کا) تذکرہ کر کے، اوراس کو بڑا بھاری گناہ ظاہر کر کے اور خیانت کا بڑا جرم ہونا بتا کر فرمایا کہ مجھے قیامت کے دن تم میں سے کسی کو اس حالت میں دیکھنا پسند نہیں کہ اس کی گردن پر بولتی ہوئی بکری سوار ہو، اوراس کی گردن پر گھوڑا بیٹھا ہوا ہنہنا رہا ہو اور وہ کہے کہ اے اللہ کے رسول! میری مدد فرمایئے، تو میں کہہ دوں گا کہ تیرے لیے مجھے کوئی اختیار نہیں ہے، میں نے (اس سلسلہ میں) تجھے حکمِ الٰہی پہنچا دیا تھا اور اس کی گردن پر لدا ہوا اونٹ بلبلا رہا ہو، وہ کہے کہ اے اللہ کے رسول! میری مدد فرمایئے، تو میں کہہ دوں گا کہ میرے قبضہ میں تیرے لیے کوئی اختیار نہیں ہے اور میں نے تجھے (اس سلسلہ میں) حکمِ

الٰہی پہنچا دیا تھا، اور اس کی گردن پر خاموش مال (یعنی سونا، چاندی، روپیہ پیسہ وغیرہ) ہو، اور وہ مجھے کہے کہ اے اللہ کے رسول! میری مدد فرمائیے، تو میں کہہ دوں گا کہ میرے اختیار میں تیرے لیے کچھ نہیں ہے، میں نے تجھے (اس سلسلہ میں) حکمِ الٰہی پہنچا دیا تھا، یا اس کی گردن پر کپڑے حرکت کر رہے ہوں اور وہ کہے کہ اے اللہ کے رسول! میری مدد فرمائیے، تو میں کہہ دوں گا کہ میرے اختیار میں تیرے لیے کچھ نہیں ہے، میں نے تو تجھے (اس سلسلہ میں) حکمِ الٰہی پہنچا دیا تھا

(بخاری، مسلم)

معلوم ہوا کہ اجتماعی، سرکاری املاک اور قومی خزانہ میں خیانت کرنے والا، خیانت شدہ چیز کا بوجھ اپنے اوپر لاد کر لائے گا، جو اس کے لئے شدید عذاب کا باعث بنے گا، جو لوگ ملکی دولت میں بڑے بڑے ہاتھ صاف کرتے ہیں، سرکاری زمینوں پر ناجائز قابض ہو جاتے ہیں، یا اور کسی طریقہ سے سرکاری املاک میں خیانت اور کرپشن کا ارتکاب کرتے ہیں، وہ سب قیامت کے دن اس ذلت اور دردناک عذاب سے دوچار ہوں گے۔

ایسے حرام خوروں اور اجتماعی چوروں کی اللہ کے رسول کی طرف سے بھی مدد نہیں ہوگی، اور ان کو ذلت ورسوائی والے عذاب میں بے یار ومددگار چھوڑ دیا جائے گا۔

آج جب اللہ کے رسول کا پیغام سامنے ہے، تو قیامت سے پہلے آج ہی اس پر عمل کر کے آخرت کی نجات کا سامان کر لینا چاہیے۔

حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَجُلًا مِّنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُوُفِّيَ يَوْمَ خَيْبَرَ، فَذَكَرُوْهُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: صَلُّوْا عَلٰى صَاحِبِكُمْ ، فَتَغَيَّرَتْ وُجُوْهُ الْقَوْمِ مِنْ ذٰلِكَ، فَقَالَ: إِنَّ صَاحِبَكُمْ غَلَّ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَفَتَحْنَا مَتَاعَهُ، فَوَجَدْنَا خَرَزًا مِنْ خَرَزِ الْيَهُوْدِ لَا

**يُسَاوِىُ دِرْهَمَيْنِ** (صحيح ابنِ حبان، رقم الحديث ۴۸۵۳، كتاب السير، باب الغلول) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے، ایک آدمی غزوہ خیبر کے دن فوت ہوگیا، جس کا لوگوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ذکر کیا، تو آپ نے فرمایا کہ تم خود ہی اپنے ساتھی پر نمازِ جنازہ پڑھ لو (میں نہیں پڑھتا) اس بات سے لوگوں کا رنگ فق ہوگیا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہارے اس ساتھی نے اللہ کے راستہ میں مالِ غنیمت میں غلول (وخیانت) کا ارتکاب کیا تھا، پس ہم نے اس کے سامان کو کھولا، تو اس میں سے یہودی کی ایک چادر نکلی، جو دو درہم کے برابر بھی نہیں تھی (صحیح ابنِ حبان)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اس شخص کی نمازِ جنازہ نہ پڑھنا، اس سے سخت ناراضگی، اور اس کے اجتماعی مال کا مدیون ومقروض ہوکر فوت ہونے کو ظاہر کرتا ہے۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ: أُسْتُشْهِدَ مَوْلَاكَ فُلَانٌ، قَالَ: كَلَّا إِنِّى رَأَيْتُ عَلَيْهِ عَبَاءَةً، غَلَّهَا يَوْمَ كَذَا وَكَذَا** (مسند احمد، رقم الحديث ۱۲۵۲۸) [2]

ترجمہ: صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ آپ کا فلاں غلام شہادت کے درجہ پر فائز ہوگیا؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہرگز نہیں، میں نے تو اس پر ایک عباء (وچادر) دیکھی تھی جو اس نے فلاں دن غلول (یعنی اجتماعی مال سے خیانت) کر کے حاصل کی تھی (مسند احمد)

جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا غلام بھی خیانت کی وجہ سے اللہ کے راستہ میں جان دے کر شہادت کے اجر وثواب سے محروم ہوسکتا ہے، تو دوسرے کی کیا حیثیت ہے؟

---

[1] قال شعيب الأرنؤوط: حديث صحيح (حاشية (صحيح ابنِ حبان)

[2] قال شعيب الأرنؤوط: صحيح لغيره (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

اس واقعہ سے ان فوجی لوگوں اور بطور خاص فوجی افسران کو بھی سبق حاصل کرنا چاہیے، جو سرکاری وقومی خزانہ کا بے جا استعمال کرتے ہیں، اور بعض لوگ لوٹ مچائی کر کے بڑی بڑی عیاشی کے اڈے قائم کرتے ہیں، اور اپنی جیبیں بھرتے، اور ناجائز وحرام ملکیت بڑھاتے ہیں۔

ایسے فوجی دنیا میں شہید ہو کر بھی آخرت کے عذاب سے بریٔ نہیں ہو سکتے، اور قیامت کے دن کی رسوائی سے نہیں بچ سکتے، بے شک ان کو دنیا میں کتنے بڑے بڑے اعزازات سے کیوں نہ نواز دیا جائے، اور ان کے نام پر کتنی چیزیں کیوں نہ بنا دی جائیں۔

## عبادہ بن صامت وعرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہما کی احادیث

اور حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

فَإِنَّ الْغُلُوْلَ عَارٌ، عَلٰى أَهْلِهٖ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَشَنَارٌ وَنَارٌ (سنن ابن ماجه، رقم الحديث ٢٨٥٠، ابواب الجهاد، باب الغلول) [1]

ترجمہ: پس ”غلول“ (قومی وسرکاری مال میں خیانت) کرنا، خائن کے لئے قیامت کے دن عار، رُسوائی اور آگ کے عذاب کا باعث ہوگا (ابنِ ماجہ)

حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَأْخُذُ الْوَبَرَةَ مِنْ فَيْءِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، فَيَقُوْلُ: مَا لِيْ مِنْ هٰذَا إِلَّا مِثْلَ مَا لِأَحَدِكُمْ إِلَّا الْخُمُسَ، وَهُوَ مَرْدُوْدٌ فِيْكُمْ، فَأَدُّوا الْخَيْطَ وَالْمِخْيَطَ فَمَا فَوْقَهُمَا، وَإِيَّاكُمْ وَالْغُلُوْلَ، فَإِنَّهٗ عَارٌ وَشَنَارٌ عَلٰى صَاحِبِهٖ يَوْمَ الْقِيَامَةِ (مسند احمد، رقم الحديث ١٧١٥٤) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مالِ غنیمت (یعنی قوم کے اجتماعی وسرکاری

---

[1] قال شعيب الأرنؤوط: صحيح لغيره (حاشية ابنِ ماجه)

[2] قال شعيب الأرنؤوط: حديث حسن لغيره (حاشية مسند احمد)

مال) میں سے ایک بال اٹھاتے اور فرماتے کہ اس میں میرا بھی اتنا ہی حق ہے جتنا تم میں سے کسی کا ہے، سوائے خمس (یعنی مالِ غنیمت کے پانچویں حصہ) کے (جو نبی کے لئے مختص ہے) اور وہ بھی تم پر (یعنی غریبوں پر) ہی لوٹا دیا جاتا ہے، پس تمہارے پاس (لوگوں کے اجتماعی وسرکاری مال میں سے) دھاگہ اور سوئی، یا اس سے بھی کم درجے کی چیز ہو، تو وہ واپس کر دو، اور تم اپنے آپ کو غلول، اور قومی خیانت کرنے سے بچاؤ، کیونکہ وہ قیامت کے دن خیانت کرنے والے پر ندامت اور رُسوائی کا باعث ہوگی (مسند احمد)

معلوم ہوا کہ جو لوگ سرکاری خزانہ اور قومی دولت پر ڈاکہ ڈال کر دنیا میں عارضی عزت وشہرت، اور راحت حاصل کر لیتے ہیں، وہ ان کے لئے سودمند نہیں، کل بروزِ قیامت ساری عزت، شہرت، اور راحت، نیست ونابود ہو کر رہ جائے گی، اور مخلوق کے سامنے سخت ذلت ورسوائی اٹھانی پڑے گی، اگرچہ وہ دنیا کی عدالت سے بچ کر نکل جائیں، اور پکڑائی نہ دیں، لیکن ان کو اللہ کی عدالت اور ذلت والے عذاب سے بچنا ممکن نہیں۔

## عدی کندی، بریدہ ورویفع انصاری رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت عدی کندی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنِ اسْتَعْمَلْنَاهُ مِنْكُمْ عَلٰى عَمَلٍ، فَكَتَمَنَا مِخْيَطًا، فَمَا فَوْقَهُ كَانَ غُلُوْلًا يَأْتِيْ بِهٖ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

(صحيح مسلم، رقم الحديث ١٨٣٣ "٣٠" كتاب الإمارة، باب: تحريم هدايا العمال، صحيح ابن حبان، رقم الحديث ٥٠٧٨) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ ہم نے جس کو تم میں سے حکومت کا کام کرنے کے لئے مقرر کیا، پھر اُس حکومتی اہل کار نے

[1] قال شعيب الأرنؤوط: إسناده صحيح على شرط الشيخين غير صحابيه عدى الكندى، فهو من رجال مسلم وحده (حاشية ابن حبان)

www.idaraghufran.org

(اجتماع مال) میں سے سوئی، یا اُس سے زائد چیز ہم سے چُھپالی، تو وہ خیانت کرنے والا ہے، جس کو وہ قیامت کے دن (سب مخلوق کے سامنے) لے کر حاضر ہوگا (صحیح مسلم، ابن حبان)

یہ حکم ان سب لوگوں کو شامل ہے، جو آج حکومت کے اجتماعی فنڈ کے لئے جائز آمدنی کے ذرائع جمع کرنے پر مامور ہوتے ہیں، اور اس طرح کے بے شمار سرکاری ادارے آج کل وجود میں آگئے ہیں، جن میں لاتعداد ملازمین کام کرتے ہیں، اور وہ کسی نہ کسی طرح اجتماعی مال میں سے چھپا کر اور خیانت کر کے اپنی جیبیں بھر لیتے ہیں۔

اور حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنِ اسْتَعْمَلْنَاهُ عَلٰى عَمَلٍ فَرَزَقْنَاهُ رِزْقًا، فَمَا أَخَذَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَهُوَ غُلُوْلٌ (سنن ابی داود، رقم الحديث ۲۹۴۳، كتاب الخراج والفیء والإمارة، باب فی أرزاق العمال) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس کو ہم نے کسی عمل پر کام میں لگایا، پھر ہم نے اس کو رزق (وظیفہ) بھی دیا، پھر اس کے بعد بھی اس نے کچھ لیا، تو وہ ''غلول'' (قومی وسرکاری مال میں خیانت) کرنا ہے (ابوداود)

آج کل جن سرکاری وا وا قاف وغیرہ کے عہدوں پر مامور لوگوں کو تنخواہ ملتی ہے، ان کو اس سے زیادہ خیانت کر کے حاصل کرنا بھی اسی حکم میں شامل ہے۔

حضرت رویفع انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ افْتَتَحَ حُنَيْنًا، فَقَامَ فِيْنَا خَطِيْبًا فَقَالَ: لَا يَحِلُّ لِامْرِءٍ، يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ أَنْ يَّسْقِيَ مَاءَهُ زَرْعَ غَيْرِهِ، وَلَا أَنْ يَّبْتَاعَ مَغْنَمًا حَتّٰى يُقْسَمَ، وَلَا أَنْ يَّلْبَسَ ثَوْبًا مِنْ فَيْءِ الْمُسْلِمِيْنَ حَتّٰى إِذَا أَخْلَقَهُ رَدَّهُ فِيْهِ، وَلَا يَرْكَبَ دَابَّةً مِنْ فَيْءِ

[1] قال شعيب الأرنؤوط: إسناده صحيح (حاشية سنن ابی داود)

الْمُسْلِمِيْنَ حَتّٰى إِذَا أَعْجَفَهَا رَدَّهَا فِيْهِ (مسند احمد، رقم الحديث ١٦٩٩٠) [1]

ترجمہ: میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا، جب حنین فتح ہوا، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان خطبہ دینے کے لئے کھڑے ہوئے، اور فرمایا کہ اللہ پر اور یومِ آخرت پر ایمان رکھنے والے کسی شخص کے لئے حلال نہیں ہے کہ اپنے پانی (یعنی شرمگاہ کی منی) سے دوسرے کا کھیت (یعنی کسی دوسرے کی بیوی کو) سیراب کرنے لگے، اور نہ (ہی یہ حلال ہے کہ) تقسیم سے پہلے مالِ غنیمت کی خرید و فروخت کرے، اور نہ ہی مسلمانوں کے مالِ غنیمت میں سے کوئی ایسا کپڑا پہنے کہ جب پرانا ہوجائے، تو (خراب حالت میں) واپس وہیں پہنچا دے، اور نہ ہی مسلمانوں کے مالِ غنیمت میں سے کسی سواری پر سوار ہو کہ جب وہ لاغر ہوجائے، تو (کمزور حالت میں) واپس وہیں پہنچادے (مسند احمد)

معلوم ہوا کہ سرکاری املاک، اور قومی خزانہ سے کوئی چیز استعمال کر کے اور اس کو خراب ورڈی کر کے واپس لوٹانا جائز نہیں، پھر اگر ابتداء سے ہی اس کا استعمال ناجائز تھا، تو اس کا گناہ اور حرام ہونا بالکل ظاہر ہے، خواہ ردی اور خراب نہ بھی ہو، اور خراب ہوجائے، تو دہرا گناہ ہے، اور اگر اس کا استعمال جائز تھا، جیسا کہ سرکاری سواری وگاڑی استعمال کے لئے دی گئی، تو اس کو بے دردی کے ساتھ استعمال اور خراب کر کے واپس کرنا بھی جائز نہیں، جیسا کہ حدیث سے معلوم ہوا۔

## ابنِ عمر واسامہ بن عمیر رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

إِنِّىْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: لَا تُقْبَلُ صَلَاةٌ

[1] قال شعيب الأرنؤوط: حاشية مسند احمد: صحيح بطرقه وشواهده (حاشية مسند احمد)

بِغَيْرِ طُهُورٍ وَلَا صَدَقَةٌ مِّنْ غُلُوْلٍ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٢٤، كتاب الطهارة، باب وجوب الطهارة للصلاة)

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ نماز، بغیر طہارت کے قبول نہیں کی جاتی اور صدقہ اس مال سے قبول نہیں کیا جاتا، جو قومی خزانہ سے خیانت کر کے حاصل کیا جائے (مسلم)

حضرت اسامہ بن عمیر سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ صَدَقَةً مِنْ غُلُوْلٍ، وَلَا صَلَاةً بِغَيْرِ طُهُوْرٍ (سنن ابى داود، رقم الحديث ٥٩، كتاب الطهارة، باب فرض الوضوء) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ سرکاری مال اور قومی خزانہ سے خیانت کیا ہوا صدقہ قبول نہیں فرماتا، اور نماز بغیر طہارت کے قبول نہیں فرماتا (ابوداود)

آج کل جو لوگ سرکاری ملازم، یا سیاسی عہدہ دار ہوتے ہیں، وہ بڑی بڑی خیانتوں کا ارتکاب کرتے ہیں، ایسے لوگ اگر اس مال سے صدقہ وخیرات کریں، یا حج وعمرہ کریں، تو وہ قبول نہیں کیا جاتا۔

سرکاری مال، اور قومی خزانہ سے سوئی کی مقدار کے برابر کسی چیز کی خیانت اور خرد برد کرنے پر یہ وعید ہے کہ وہ اس چیز کو بروزِ قیامت ساری مخلوق کے رُوبرُو لے کر حاضر ہوگا، تو جو اس سے زیادہ مقدار کی چیز کی خیانت کرے، اس کا کیا حال ہوگا۔

قومی وسرکاری املاک واموال، یا خزانہ کی تھوڑی سی چیز میں خیانت کے سخت وبال کی وجہ یہ ہے کہ اس مال کے ساتھ چھوٹے بڑے، عورت مرد، امیر وغریب، شہری ودیہاتی، پڑھے لکھے اوران پڑھ وغیرہ سب لوگوں کا حق وابستہ ہوتا ہے، جن سے معافی تلافی کی صورت بھی ممکن

---

[1] قال شعيب الأرنؤوط: إسناده صحيح (حاشية سنن ابى داود)

نہیں، جولوگ سرکاری محکموں میں ملازم ہوتے ہیں، اور وہاں کی چیزوں مثلاً بجلی، گیس، فون، اور دوسری مشینری وغیرہ کا ناجائز استعمال کرتے ہیں، یا ان کی اضاعت کرتے ہیں، وہ بھی اس وعید میں داخل ہیں، اور جولوگ سرکاری اشیاء کے استعمال اور ان سے استفادہ کرنے کی اجرت وکرایہ حاصل کرنے پر مقرر ہوتے ہیں، اور وہ تھوڑے بہت پیسے لے کر اپنی جیب میں ڈال لیتے ہیں، اور ان سے مقررہ اجرت وکرایہ لے کر سرکاری خزانہ میں جمع نہیں کراتے، وہ بھی اس میں داخل ہیں، جیسا کہ ریل کے مسافروں کی نگرانی کرنے والے افسران، وغیرہ، یہ سب اللہ کے نزدیک بڑے مجرم ہیں، جن کا سب راز، بروزِ قیامت فاش ہوجائے گا، اور سخت ذلت وعذاب کا سامنا کرنا پڑے گا۔

افسوس کہ ہمارے یہاں سرکاری املاک اور قومی دولت کے ساتھ جس طرح کا بہیمانہ سلوک جاری ہے، اس کی کہیں مثال نہیں ملتی۔

آج جو شخص بھی کسی سرکاری عہدہ پر براجمان ہوتا ہے، وہ گویا کہ اس پر ایک ناگ بن کر بیٹھ جاتا ہے، اور اس سے خوب بے دردی وبے رحمی کے ساتھ ہاتھ صاف کرتا ہے، بعض اوقات قومی خزانہ کو اتنا بڑا نقصان پہنچادیا جاتا ہے کہ پورا ملک اور ہر ہر بچہ سودی قرض کے بوجھ میں ڈوب جاتا ہے، اور پورا ملک معاشی طور پر تباہی کے کنارہ چلا جاتا ہے۔

بحیثیتِ مسلمان ہر شخص کو خواہ وہ حکمران ہو، یا فوجی ہو، یا جج ہو، یا کسی بھی سرکاری عہدہ، اور سرکاری ادارہ کے ساتھ وابستہ ہو، اور اسی طرح اوقاف، دینی مدارس، ومساجد کے ہر نگران وذمہ دار ہر ایک کو مذکورہ احادیث کو ملاحظہ کر کے اپنی ذمہ داریوں کو سمجھنا، اور اپنی اصلاح کی فکر کرنی چاہیے، کیونکہ ایک عرصہ سے سرکاری عہدیداران کے علاوہ دینی مدارس ومساجد کے خزانوں کے بہت سے نگران ومہتمم حضرات کی حالت بھی بہت ناگفتہ بہ اور تباہ کن نظر آتی ہے، جو قوم کے اجتماعی مال پر عیاشی اور شاہ خرچی کرتے ہیں، اور ان اداروں سے وابستہ نچلی سطح کا طبقہ وعملہ کسمپرسی کے عالم میں نظر آتا ہے۔

# (فصل نمبر 19)

# مساجد کے ذریعہ فخر وتفاخر کا فتنہ

ہمیں خاتم النبیین محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے بھی آگاہ فرمایا کہ قیامت سے پہلے مساجد کے ذریعہ فخر وتفاخر کا اظہار کیا جائے گا، لیکن اس کی حقیقی آبادی، یعنی نماز وعبادت کا اہتمام کم ہوگا۔

قیامت کی اس علامت کا مشاہدہ موجودہ زمانہ میں زور شور سے جاری ہے۔

اس بارے میں چند احادیث وروایات ملاحظہ فرمائیں۔

## انس رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَتَبَاهَى النَّاسُ فِي الْمَسَاجِدِ** (سنن ابی داود، رقم الحديث ۴۴۹، کتاب الصلاة، باب فی بناء المساجد)[1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک لوگ مساجد میں فخر وتفاخر نہیں کرنے لگیں گے (ابوداود)

## انس رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

اور مسند ابی یعلیٰ میں ابوقلابہ سے روایت ہے کہ:

**عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَهُ إِلَى الْحَرَمِ، فَحَضَرَتِ**

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية سنن ابی داود)

الصَّلاةُ، فَقَالَ: أَلا تَنزِلُوا نُصَلِّيَ؟ فَقُلْتُ: لَوْ تَقَدَّمْتَ إِلٰى هٰذَا الْمَسْجِدِ، فَقَالَ: أَيُّ مَسْجِدٍ؟ قِيلَ: مَسْجِدُ بَنِي فُلانٍ، فَفَزِعَ وَقَالَ: سَمِعْتُهُ يَقُولُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَأْتِي عَلٰى أُمَّتِي زَمَانٌ يَتَبَاهَوْنَ بِالْمَسَاجِدِ وَلا يَعْمُرُونَهَا إِلَّا قَلِيلًا (مسند ابی یعلیٰ الموصلی، رقم الحديث ۲۸۱۷، مسند أنس بن مالک) [1]

ترجمہ: ہم حضرت انس رضی اللہ عنہ کے ساتھ حرم کی طرف نکلے، پھر نماز کا وقت آ گیا، تو حضرت انس نے فرمایا کہ کیا تم سواریوں سے اتر نہ جاؤ، تاکہ ہم نماز پڑھ لیں؟ ابو قلابہ کہتے ہیں کہ میں نے کہا کہ آپ اس مسجد کی طرف تشریف لے آئیں۔

حضرت انس نے فرمایا کہ کونسی مسجد کی طرف؟ عرض کیا گیا کہ بنی فلاں کی مسجد کی طرف، تو حضرت انس (اس مسجد کی زینت سے) گھبرا گئے، اور فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ لوگوں پر ایک زمانہ ایسا آئے گا کہ وہ مساجد کے ذریعہ سے فخر وتفاخر کریں گے، اور مساجد کو آباد کم ہی کریں گے (مسند ابی یعلیٰ)

بعض دوسری احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ آخری زمانہ میں بہت سے لوگوں کو مسجد میں داخل ہونے، اور پوری مسجد میں گھوم پھر لینے کے باوجود، دو رکعت نماز پڑھنے کی بھی توفیق نہیں ہوگی۔

## ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال حسين سليم أسد الداراني: إسناده حسن (حاشية مسند ابی یعلیٰ)

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ أَنْ يَّمُرَّ الرَّجُلُ فِيْ طُوْلِ الْمَسْجِدِ، وَعِرْضِهِ لَا يُصَلِّيْ فِيْهِ رَكْعَتَيْنِ (المعجم الكبير للطبراني، رقم الحديث ۹۴۸۸، جلد ۸ صفحہ ۲۳۵) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کی نشانیوں میں سے ایک نشانی یہ ہے کہ ایک گزرنے والا (مسلمان) مسجد کی لمبائی اور چوڑائی سے گزرے گا، لیکن اسے مسجد میں دو رکعت پڑھنے کی بھی توفیق نہ ہوگی (طبرانی)

چنانچہ آج بہت سے لوگ دور دراز سے خوبصورت انداز میں تعمیر شدہ مسجدوں کی زیارت کرنے کے لئے آتے ہیں، اور وہاں سے گھوم پھر کر چلے جاتے ہیں، لیکن ان کو وہاں دو رکعت پڑھنے کی بھی توفیق نہیں ہوتی۔

ان ہی جیسی وجوہات کی بناء پر بعض احادیث وروایات میں مساجد میں زیبائش، ونمائش کرنے پر ناپسندیدگی کا اظہار کیا گیا ہے۔

## ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا أُمِرْتُ بِتَشْيِيْدِ الْمَسَاجِدِ، قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: لَتُزَخْرِفُنَّهَا كَمَا زَخْرَفَتِ الْيَهُوْدُ وَالنَّصَارٰى (سنن أبى داود، رقم الحديث ۴۴۸، كتاب الصلاة، باب فى بناء المساجد) [2]

---

[1] قال الهيثمى: رواه الطبرانى فى الكبير ورجاله رجال الصحيح، إلا أن سلمة بن كهيل وإن كان سمع من الصحابة لم أجد له رواية عن ابن مسعود (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۲۰۳۹، باب فيمن دخل المسجد لغير صلاة ونحو ذلك)

وقال الالبانى: فحديثه صحيح إذا توبع عليه. والله أعلم (سلسلة الأحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ۶۴۹)

[2] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية سنن أبى داود)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے اونچی اونچی (اورمزین) مسجدیں بنانے کا حکم نہیں دیا گیا۔

ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ تم ضرور مسجدوں کو اسی طرح مزین کروگے، جس طرح یہود وعیسائیوں نے مزین کیا (ابوداود)

ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کے فرمان کو ابنِ ابی شیبہ نے بھی روایت کیا ہے۔ [1]

## یزید بن اصم کی حدیث

حضرت یزید بن اصم سے مرسلاً روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا أُمِرْتُ بَتَشْيِيدِ الْمَسَاجِدِ

(مصنف ابنِ ابی شیبة، رقم الحدیث ۳۱۶۴، کتاب الصلوات، باب فی زینة المساجد وما جاء فیه)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے اونچی اونچی (اورمزین) مسجدیں بنانے کا حکم نہیں دیا گیا (ابنِ ابی شیبہ)

## ابوالدرداء رضی اللہ عنہ، ودیگر حضرات کی روایات

ابوبکر بن سوادہ سے روایت ہے کہ:

عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ: إِذَا حَلَّيْتُمْ مَصَاحِفَكُمْ، وَزَوَّقْتُمْ مَسَاجِدَكُمْ، فَالدَّمَارُ عَلَيْكُمْ (الزهد والرقائق لابن المبارك، رقم الحدیث ۷۹۷، کتاب الزهد بروایة المروزی، باب ما جاء فی ذم التنعم فی الدنیا)

ترجمہ: ابوالدرداء رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جب تم اپنے قرآن مجیدوں کو زیور

[1] حدثنا ابن فضيل عن ليث عن يزيد بن الأصم عن ابن عباس قال: لتزخرفن مساجدكم كما زخرفت اليهود والنصارى مساجدهم (مصنف ابنِ ابی شیبة، رقم الحدیث ۳۱۷۰، باب فی زینة المساجد وما جاء فیه)

www.idaraghufran.org

پہناؤ گے (یعنی مزین کرو گے) اور تم اپنی مساجد کو زیب وزینت اور نقش ونگار والی کرو گے، تو تم پر ہلاکت نازل ہوگی (الزہد)

ابنِ ابی شیبہ نے ابوسعید، اور ابوذر کی اسناد سے بھی یہی مضمون روایت کیا ہے۔ [1]

صحابی کی طرف سے اس طرح کی بات بیان فرمانا، اس بات کا رجحان پیدا کرتا ہے کہ انہوں نے یہ بات نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سن کر ہی بیان فرمائی ہوگی۔ واللہ أعلم۔ [2]

---

[1] حدثنا أبو خالد ، عن محمد بن عجلان ، عن شعيب بن أبی سعيد ، عن أبی ، قال : إذا حليتم مصاحفكم وزوقتم مساجدكم ، فالدبار عليكم (مصنف ابنِ ابی شیبة، رقم الحديث ۸۸۹۱)

حدثنا أبو خالد الأحمر ، عن محمد بن عجلان ، عن سعيد بن أبی سعيد ، قال : قال أبی : إذا حليتم مصاحفكم وزوقتم مساجدكم فالدبار عليكم (مصنف ابنِ ابی شیبة، رقم الحديث ۳۰۸۵۹)

حدثنا عبيد الله ، عن عبد الحميد بن جعفر ، عن سعيد بن أبی سعيد ، قال : قال أبو ذر : إذا زوقتم مساجدكم وحليتم مصاحفكم فالدبار عليكم (مصنف ابنِ ابی شیبة، رقم الحديث ۳۰۸۶۴)

[2] قال الالبانی:

إذا زوقتم مساجدكم وحليتم مصاحفكم، فالدمار عليكم ."

رواه ابن أبی شيبة فی "المصنف "( 1/ 100 / - 2 مخطوطة الظاهرية) : أبو خالد الأحمر عن محمد بن عجلان عن سعيد بن أبی سعيد مرفوعا.

قلت :وهذا إسناد مرسل حسن .وله شاهد موقوف يرويه بكر بن سوادة عن أبی الدرداء قال :فذكره مع تقديم وتأخير.

أخرجه عبد الله بن المبارك فی "الزهد "(رقم 797) أخبرنا يحيى ابن أيوب عن عمرو بن الحارث عن بكر بن سوادة به.

قلت :وهذا إسناد رجاله ثقات رجال مسلم ولكنی لا أدری إذا كان بكر بن سوادة سمع من أبی الدرداء أم لا؟ ولكنه شاهد لا بأس به للمرسل، وهو وإن كان موقوفا، فله حكم الرفع لأنه لا يقال من قبل الرأی، لاسيما وقد روی عنه مرفوعا، ذكره كذلك الحكيم الترمذی فی "كتاب الأكياس والمغترين "(ص - 78مخطوطة الظاهرية) وكذلك عزاه السيوطی فی "الجامع "إلی الحكيم عنه .يعنی فی "نوادر الأصول ."وذكر المناوی أن إسناده ضعيف .والله أعلم(سلسلة الاحاديث الصحيحة،تحت رقم الحديث ۱۳۵۱)

# بعض دیگر روایات وآثار

ابنِ ابی شیبہ نے اپنی مصنف میں ایک باب ''مساجد کی زینت سے متعلق واردشدہ روایات'' کا قائم کیا ہے، جس کے ضمن میں بہت سی روایات صحابہ وتابعین کی مساجد کوسادہ رکھنے اور زیب وزینت کی ناپسندیدگی کی نقل کی ہیں۔ [1]

اس کے علاوہ عبدالرزاق نے بھی اپنی مصنف میں اس طرح کی کئی روایات نقل کی ہیں۔ [2]

---

[1] حدثنا إسماعيل ابن علية ، عن أيوب ، عن الحسن ، قالوا : لما بنى المسجد قالوا : يا رسول الله ، كيف نبنيه ؟ قال : عرش كعرش موسى.

حدثنا ابن علية ، عن أيوب ، قال : حدثني رجل ، عن أنس بن مالک ، قال : كان يقال : ليأتين على الناس زمان يبنون المساجد يتباهون بها ، ولا يعمرونها إلا قليلا .

حدثنا وكيع ، عن سفيان ، عن أبى فزارة ، عن يزيد بن الأصم ، قال : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : ما أمرت بتشييد المساجد .

حدثنا وكيع ، عن سفيان ، عن أبى فزارة ، عن يزيد بن الأصم ، عن ابن عباس ، قال : لتزخرفنها كما زخرفت اليهود والنصارى .

حدثنا أبو خالد الأحمر ، عن محمد بن عجلان ، عن سعيد بن أبى سعيد ، قال : قال أبى : إذا زوقتم مساجدكم ، وحليتم مصاحفكم ، فالدبار عليكم.

حدثنا وكيع ، عن سفيان ، عن أبى فزارة ، عن مسلم البطين ، قال : مر على مسجد قد شرف ، فقال : هذه بيعة بنى فلان .

حدثنا ابن علية ، عن الجريرى ، قال : قال عبد الله بن شقيق : إنما كانت المساجد جما ، وإن ما شرف الناس حديث من الدهر .

حدثنا خلف بن خليفة ، عن موسى ، عن رجل ، عن ابن عباس ، قال : أمرنا أن نبنى المساجد جما ، والمدائن شرفا .

حدثنا ابن فضيل ، عن ليث ، عن يزيد بن الأصم ، عن ابن عباس ، قال : لتزخرفن مساجدكم ، كما زخرفت اليهود والنصارى مساجدهم.

حدثنا مالک بن إسماعيل ، قال : حدثنا هريم ، عن ليث ، عن أيوب ، عن أنس ، قال : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : ابنوا المساجد واتخذوها جما.

حدثنا مالک،قال:حدثنا هريم،قال:حدثنا ليث،عن مجاهد،عن ابن عمر،قال:نهينا،أونهانا،أن نصلى فى مسجد مشرف(مصنف ابنِ ابى شيبة، كتاب الصلوات، باب فى زينة المساجد وما جاء فيه)

[2] عبد الرزاق عن معمر والثورى عن ايوب عن عبد الله بن شقيق قال كانت المساجد تبنى جما و كانت المدائن تشرف .

عبد الرزاق عن الثورى عن أبى فزارة عن يزيد بن الاصم وكان بن خالة بن عباس قال قال النبى صلى الله عليه و سلم ما أمرت بتشييد المساجد قال وقال بن عباس اما والله لتزخرفنها .

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

اور اگر چہ ان میں سے بعض روایات کی سندیں ضعیف قرار دی جاسکتی ہیں، لیکن ان سب کو جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی گذشتہ صحیح ومعتبر احادیث کے ساتھ ملا کر دیکھا جاتا ہے، تو اس بات میں شبہ نہیں رہتا کہ اللہ اوراس کے رسول کی نظر میں زیادہ پسندیدہ طرزِ عمل یہ ہے کہ مساجد کو پاک وصاف رکھنے کے ساتھ، تکلفات وتصنعات سے محفوظ رکھا جائے، اور نقش ونگار اور پھول بوٹوں سے اجتناب کیا جائے، تاکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث پر بھی عمل ہوجائے، فخر وتفاخر کا سدِ باب بھی ہوجائے، اور مال کے فضول ضیاع سے بھی بچا جاسکے، اور نمازیوں کی یکسوئی اور خشوع میں بھی خلل واقع نہ ہو۔ [1]

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾ عبد الرزاق عن الثوری عن أبی فزارة عن مسلم البطین قال کان علی یمر علی مسجد لتیم مشرف فیقول هذه بیعة التیم .

عبد الرزاق عن بن سمعان قال أخبرنی نافع عن بن عمر قال کان مسجد النبی صلی الله علیه و سلم مبنیا بلبن و کان اسطوانه خشبا و کان سقفه جریدا فقبض النبی صلی الله علیه و سلم وولی أبو بکر فلم یحرکه حتی مات ثم ولی عمر فزاد فیه وجعل اسطوانه الخشب کما کان وسقفه بالجرید فلما کان عثمان زاد فیه فبناه بالحجارة المنقوشة وسقفه بالساج .

عبد الرزاق عن بن سمعان قال بلغنی أنه أوحی إلی النبی صلی الله علیه و سلم أن اتخذ مسجدا عرشا کعرش موسی یبلغ ذراعا فی السماء .

عبد الرزاق عن إسماعیل بن عیاش عن حسین بن عبید الله بن یسار قال حدثنی بعض أشیاخنا ان النبی صلی الله علیه و سلم قال تزخرف مساجدکم کما زخرفت الیهود والنصاری بیعها .

عبد الرزاق عن إسماعیل بن عیاش عن أبی عثمان القرشی عن علی بن أبی طلحة عن ابی الدرداء قال إذا حلیتم مصاحفکم وزخرفتم مساجدکم فالدبار علیکم .

عبد الرزاق عن إسماعیل أیضا عن العلاء بن الحجاج عن حوشب الطائی قال ما أساء ت أمة أعمالها إلا زخرفت مساجدها وما هلکت أمة قط الا من قبل علمائها .

عبد الرزاق عن الثوری أو غیره عن إبراهیم بن المهاجر أن علیا قال إن القوم إذا زینوا مساجدهم فسدت أعمالهم .

عبد الرزاق عن یحیی بن العلاء وغیره عن ثور بن یزید عن خالد بن معدان أن أبی بن کعب وأبا الدرداء ذرعا المسجد ثم أتیا النبی صلی الله علیه و سلم بالذراع قال بل عریش کعریش موسی ثمام وخشبات فالأمر أعجل من ذلک قال الثوری وبلغنا أن عرش موسی إذا قام مس رأسه(المصنف ،لعبد الرزاق، کتاب الصلاة،باب تزیین المساجد والممر فی المسجد)

[1] (الثالث :أن لا یزخرفه ویزینه لأنه تضییع للمال فیما لا فائدة فیه لما فیه من إلهاء المصلی عن الخشوع الذی هو روح الصلاة ولبها ولذلک قال علیه الصلاة والسلام :(لا ینبغی أن یکون فی

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

# ابنِ عمر رضی اللہ عنہ ومحمود بن لبید کی روایت

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ الْمَسْجِدَ كَانَ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَبْنِيًّا بِاللَّبِنِ، وَسَقْفُهُ الْجَرِيدُ، وَعُمُدُهُ خَشَبُ النَّخْلِ، فَلَمْ يَزِدْ فِيهِ أَبُوْ بَكْرٍ شَيْئًا، وَزَادَ فِيهِ عُمَرُ: وَبَنَاهُ عَلٰى بُنْيَانِهِ فِيْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

البيت (الكعبة) شيء يشغل المصلى) وقد تقدم الحديث قاله عليه الصلاة والسلام حينما رأى قرني الكبش -كما سبق في الصلاة في الكعبة -فماذا كان يقول عليه الصلاة والسلام لو رأى هذه النقوش والزخارف التي افتتن بها بعض أمراء المسلمين وملوكهم؟

وقد رويت أحاديث صريحة في النهي عن زخرفة المساجد ولكنها كلها لا تخلو من ضعف ولذلك آثرنا هذا الحديث الصحيح فإنه يقوم مقامها في المعنى ولا بأس من أن نسوق ما تيسر منها.

فمنها :عن أنس مرفوعا:ابنوا المساجد واتخذوها جما:أخرجه البيهقي من طريق ليث عن أيوب عنه،وليث -هو ابن سليم -ضعيف.

ثم هو منقطع فقد قال ابن عبد البر كما في (زاد المعاد):ولم يسمع أيوب عن أنس عندهم شيئا.

ومنه تعلم أن رمز السيوطي له بالحسن ليس بحسن،وقد نقل شارحه المناوي تضعيفه عن ابن القطان ومغلطاي والذهبي،وذكر له السيوطي شاهدا من حديث ابن عباس بلفظ:(رواه ابن أبي شيبة) ورمز لحسنه أيضا ولم يتعقبه الشارح بشيء والله أعلم.

ومنها :عن ابن عمر قال :نهانا -أو نهينا -أن نصلي في مسجد مشرف.أخرجه البيهقي أيضا من طريق ليث عن مجاهد عنه.وهو ضعيف لما علمت من حال ليث .وفي (مجمع الزوائد:(رواه الطبراني في الكبير ورجاله رجال الصحيح غير ليث بن أبي سليم وهو ثقة مدلس وقد عنعنه.

ثم روى البيهقي عن أبي عبيد أنه قال في حديث ابن عباس :أمرنا أن نبني المساجد جما والمدائن شرفا قوله:(جما)الجم التي لا شرف لها وكذلك البناء إذا لم يكن له شرف فهو أجم وجمعه جم)

ومنها :عن عبادة بن الصامت قال:قالت الأنصار :إلى متى يصلي رسول الله صلى الله عليه وسلم إلى هذا الجريد؟ فجمعوا له دنانير فأتوا بها النبي صلى الله عليه وسلم فقالوا :نصلح هذا المسجد ونزينه؟ فقال:(ليس لي رغبة عن أخي موسى عريش كعريش موسى.

رواه الطبراني في (الكبير) وفيه عيسى بن سنان :ضعفه أحمد وغيره ووثقه العجلي وابن حبان وابن خراش في رواية.قلت :وفي (التقريب)(هو لين الحديث)

ومنها :عن أبي الدرداء مرووفوعا:(إذا زخرفتم مساجدكم وحليتم مصاحفكم فالدمار عليكم)

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاللَّبِنِ وَالْجَرِيدِ وَأَعَادَ عُمُدَهُ خَشَبًا، ثُمَّ غَيَّرَهُ عُثْمَانُ فَزَادَ فِيهِ زِيَادَةً كَثِيرَةً: وَبَنَى جِدَارَهُ بِالْحِجَارَةِ الْمَنْقُوشَةِ، وَالْقَصَّةِ وَجَعَلَ عُمُدَهُ مِنْ حِجَارَةٍ مَنْقُوشَةٍ وَسَقَفَهُ بِالسَّاجِ (صحيح البخارى، رقم الحديث ٤٤٦، كتاب الصلاة، باب بنيان المسجد)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں مسجدِ نبوی پکی اینٹ سے (بنی ہوئی) تھی، اوراس کی چھت کھجور کی شاخوں کی تھی، اس کے ستون کھجور کے درخت کی لکڑیوں کے تھے۔

پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس میں کچھ زیادتی نہیں کی۔

البتہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس میں زیادتی کی اوراس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے کی عمارت کے موافق پکی اینٹ اور کھجور کی شاخوں سے بنایا، اور اس کے ستون پھر بھی لکڑی کے لگائے۔

اس کے بعد حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اس کو بدل دیا اوراس میں بہت سے

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

أخرجه الحكيم الترمذى وكذا ابن المبارك فى (الزهد) بإسناد ضعيف كما فى (الفيض)
ورواه ابن أبى الدنيا فى (المصاحف) عن أبى هريرة موقوفا بلفظ: (إذا زوقتم مساجدكم وحليتم مصافحكم فعليكم الدمار. كما فى (منتخب كنز العمال.)
ومنها: عن عمر بن الخطاب مرفوعا: (ما ساء عمل قوم قط إلا زخرفوا مساجدهم)
وسنده ضعيف كما سبق قريبا.
وقد روى البخارى تعليقا عنه أنه: (أمر ببناء المسجد وقال: أكن الناس من المطر وإياک أن تحمر أو تصفر فتفتن الناس.
قال الحافظ: (هو طرف من قصة فى ذكر تجديد المسجد النبوى)
وفى (المرقاة) (ومر ابن مسعود بمسجد مزخرف فقال: لعن الله من فعل هذا. ولم يعزه لأحد.
وبالجملة فمجموع هذه الأحاديث يدل على ثبوت نهيه عليه الصلاة والسلام عن زخرفة المساجد وقد أشار إلى ذلک فى الحديث الآتى: وقال: (لا تقوم الساعة حتى يتباهى الناس بالمساجد (الثمر المستطاب فى فقه السنة والكتاب، للالبانى، ج ا، ص ٤٦٢، الىٰ ٤٦٥، كتاب الصلاة، طهارة البدن والثوب والمكان للصلاة)

ترمیم کردی، اس کی دیوار کو منقش پتھروں اور چونے سے بنایا اور اس کی چھت کڑیوں سے بنائی (بخاری)

بعض روایات سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے مذکورہ طرزِ عمل سے کئی حضرات نے اختلاف بھی کیا تھا۔

چنانچہ صحیح مسلم میں محمود بن لبید سے روایت ہے کہ:

**أَنَّ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ، أَرَادَ بِنَاءَ الْمَسْجِدِ، فَكَرِهَ النَّاسُ ذٰلِكَ، فَأَحَبُّوا أَنْ يَّدَعَهُ عَلٰى هَيْئَتِهٖ، فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنْ بَنٰى مَسْجِدًا لِلّٰهِ بَنَى اللّٰهُ لَهٗ فِي الْجَنَّةِ مِثْلَهٗ**

(صحیح مسلم، رقم الحدیث ۵۳۳ "۲۵" کتاب المساجد ومواضع الصلاۃ، باب فضل بناء المساجد والحث علیها)

ترجمہ: عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ نے جب مسجدِ نبوی کی تعمیرِ نو کا ارادہ کیا، تو لوگوں نے اس کو ناپسند کیا، اور انہوں نے یہ بات ہی پسند کی اس کو اسی سابق حالت پر رہنے دیا جائے، تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جس نے اللہ کی رضا کے لئے مسجد بنائی، تو اللہ اس کے لئے جنت میں اس جیسا گھر بنائے گا (صحیح مسلم)

معلوم ہوا کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے لوگوں کی ضرورت کے پیشِ نظر اخلاص کو ملحوظ رکھتے ہوئے مسجدِ نبوی میں توسیع، اور پہلے کے مقابلہ میں ایک حد تک رہتے ہوئے تحسین کی تھی، جس میں ریاء ودکھلاوا، اور فخر وتفاخر پیشِ نظر نہیں تھا۔ [1]

---

[1] لما أراد عثمان -رضی الله عنه- هدم مسجد النبی -صلى الله عليه وسلم- واعادة بنائه على وجه أحسن من بنائه الأول كره الناس لذلک لما فيه من تغير بناء المسجد عن هيئة بنيانه فى عهد النبی -صلى الله عليه وسلم-، فإن عمر لما بناه أعاد بناءه على ما كان عليه فى عهد النبی -صلى الله عليه وسلم-، وإنما وسعه وزاد فيه، فلهذا أكثر الناس القول على عثمان (فتح البارى شرح صحيح البخارى، لابنِ رجب، ج۳، ص۳۱۸، كتاب الصلاة، باب من بنى مسجدا)

www.idaraghufran.org

بہر حال مساجد کی تعمیر اور زیب وزینت پر مقابلہ اور فخر وتفاخر کا مظاہرہ، قیامت کی علامات میں سے ہے۔

اور مساجد کی زیب وزینت میں غلو ومبالغہ کرنا بھی جائز نہیں، جبکہ ایک حد تک زیب وزینت کی بعض علماء نے اجازت دی ہے، لیکن اسراف، وفضول خرچی، زیبائش میں مبالغہ آرائی، اور نمود ونمائش وفخر وتفاخر کو کسی نے جائز قرار نہیں دیا۔ [1]

امام بخاری نے صحیح بخاری میں مساجد کے ذریعہ فخر وتفاخر، اور زیب وزینت کی ناپسندیدہ ہونے کی روایات کا ذکر کیا ہے۔ [2]

---

[1] جاء ت الآثار عن الرسول، وعن السلف الصالح بكراهية تشييد المساجد وتزيينها، وروى حبيب بن الشهيد، عن الحسن قال :(لما بنى المسجد قالوا :يا رسول الله، كيف نبنيه؟ قال :(ليس رغبة عن أخى موسى، عريش كعريش موسى) ، وروى سفيان عن أبى فزارة، عن يزيد بن الأصم أن رسول الله (صلى الله عليه وسلم) قال :(ما أمرت بتشييد المساجد) . وقال أبى :إذا زوقتم مساجدكم وحليتم مصاحفكم، فالدمار عليكم .وقال ابن عباس :أمرنا أن نبنى المساجد حما والمدائن شرفا .وقال مجاهد :نهينا أن نصلى فى مسجد مشرف .وهذه الآثار مع ما ذكر البخارى فى هذا الباب تدل أن السنة فى بنيان المساجد :القصد، وترك الغلو فى تشييدها خشية الفتنة والمباهاة ببنائها؛ ألا ترى أن عمر قال للذى أمره ببناء المسجد :(أكن الناس من المطر، وإياك أن تحمر أو تصفر فتفتن الناس) ، ويمكن أن يفهم هذا عمر من رد الرسول الخميصة إلى أبى جهم حين نظر إلى أعلامها فى الصلاة، وقال :(أخاف أن تفتننى) . وكان عمر قد فتح الله الدنيا فى أيامه ومكنه من المال، فلم يغير المسجد عن بنيانه الذى كان عليه فى عهد النبى، ثم جاء الأمر إلى عثمان، والمال فى زمانه أكثر، فلم يزد أن جعل فى مكان اللبن حجارة وقصة، وسقفه بالساج مكان الجريد، فلم يقصر هو وعمر عن البلوغ فى تشييده إلى أبلغ الغايات إلا عن علم منهما عن الرسول بكراهة ذلك، وليقتدى بهما فى الأخذ من الدنيا بالقصد والكفاية، والزهد فى معالى أمورها وإيثار البلغة منها .روى برد أبو العلاء ، عن القاسم بن عبد الرحمن قال :(جمعت الأنصار مالا، فقالوا :يا رسول الله، ابن بهذا المسجد فقال :(إذا يعجب ذلك المنافقين) ، فدل هذا الحديث أن المؤمنين لا ينبغى أن يعجبهم ذلك(شرح صحيح البخارى لابن بطال، ج٢،ص ٩٦ الى٩٨، كتاب الصلاة،باب بنيان المسجد)

[2] وقال أبو سعيد كان سقف المسجد من جريد النخل وأمر عمر ببناء المسجد وقال أكن الناس من المطر وإياك أن تحمر أو تصفر فتفتن الناس وقال أنس يتباهون بها ثم لا يعمرونها إلا قليلا وقال ابن عباس لتزخرفنها كما زخرفت اليهود والنصارى(صحيح البخارى، كتاب الصلاة،باب بنيان المسجد)

اور بہت سے محدثین ومحققین نے احادیث کی تشریح وتوضیح کرتے ہوئے اس مسئلہ کو بیان کیا ہے، جس کا خلاصہ یہی ہے کہ قیامت کے قریب لوگ، مساجد بنانے، یا مساجد میں زیب وزینت کرنے کو فخر وتفاخر اور نمود ونمائش کا ذریعہ بنالیں گے، اور مساجد کی جو اصل غرض ہے، یعنی اس کو نماز، تلاوت، ذکراللہ، اور تعلیم وتعلم سے آباد کرنا، اس کی طرف سے توجہ ہٹ جائے گی، یا کمزور پڑ جائے گی۔

احادیث وروایات میں بیان کردہ یہ پیش گوئی آج ہماری آنکھوں کے سامنے ہے کہ مساجد، بہت کثرت کے ساتھ، اونچی، اونچی، زیب وزینت اور نقش ونگار سے بھرپور طریقہ پر تعمیر کی جانے لگی ہیں، جن کی محض زیبائش وآرائش پر لاکھوں، کروڑوں روپیہ صرف کردیا جاتا ہے، اور اس سلسلہ میں ہر ایک، دوسرے سے آگے بڑھنے کی کوشش کرتا ہے، اور اس چیز کو فخر وتفاخر کا ذریعہ بنالیا گیا ہے، اور دوسری طرف وہ مساجد حقیقی آبادی اور نمازیوں وعبادت گزاروں سے محروم ہیں۔ [1]

---

[1] والمعنى أنهم يزخرفون المساجد ويزينونها ثم يقعودن فيها ويتمارون ويتباهون ولا يشتغلون بالذكر وقراء ة القرآن والصلاة(عمدة القارى، ج۴،ص۲۰۵، كتاب الصلاة، باب بنيان المسجد)

(إن من أشراط الساعة) : جمع شرط بالتحريک، وهو العلامة، قدم الخبر على المبتدأ للاهتمام به وزيادة الإنكار على فاعله لا للتخصيص ولا للحصر، أى :من علامات القيامة (أن يتباهى الناس فى المساجد) ، أى :فى شأنها أو بنائها يعنى :يتفاخر كل أحد بمسجده ويقول :مسجدى أرفع أو أزين أو أوسع أو أحسن ;رياء وسمعة واجتلابا للمدحة(مرقاة المفاتيح، ج۲،ص۶۰۵، كتاب المساجد،باب المساجد ومواضع الصلاة)

لا تقوم الساعة حتى يتباهى الناس فى المساجد) أى يتفاخرون فى بناء المساجد ، يعنى يتفاخر كل واحد بمسجده يقول :مسجده أرفع أو أزين أو أوسع أو أحسن رياء وسمعة واجتلابا للمدحة(بذل المجهود، ج۳،ص۱۶۰ ، كتاب الصلاة، باب: فى بناء المساجد)

(نهى أن يتباهى الناس فى المساجد) أى يتفاخروا بها بأن يقول الرجل مسجدى أحسن فيقول الآخر مسجدى أو المراد المباهاة فى إنشائها وعمارتها أو غير ذلک وذلک لأن المباهاة بها من دأب أهل الكتاب(فيض القدير شرح الجامع الصغير،للمناوى، ج۶،ص۳۴۰، رقم الحديث ۹۵۱۴، حرف النون)

(لا تقوم الساعة) اسم علم ليوم القيامة (حتى يتباهى) أى يتفاخر (الناس فى المساجد) أى فى

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

اللہ تعالیٰ ہر قسم کے فتنوں سے حفاظت فرمائے۔ آمین۔

وَاللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی اَعْلَمُ وَعِلْمُہٗ اَتَمُّ وَاَحْکَمُ.

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

عمارتها ونقشها وتزويقها كفعل أهل الكتاب بكنائسهم وبيعهم وقيل المراد عمارتها بالصلاة فيها وذكر الله لا بنيانها(فيض القدير شرح الجامع الصغير،للمناوى،ج٦،ص٤١٧، رقم الحديث ٩٨٤٨، حرف "لا")

(من أشراط الساعة) أى علاماتها (أن يتباهى) أى يتفاخر مبتدأ ومن أشراط خبره قدم للاهتمام لا للاختصاص إذا أشراطها كثيرة (الناس) المسلمون (فى المساجد) أى يتفاخرون بتشييدها ويراؤون بتزيينها كما فعل أهل الكتاب بعد تحريف دينهم وأنتم تصيرون إلى حالهم فإذا صرتم كذلك فقد جاء أشراطها وقد كان المسجد على عهد النبى صلى الله عليه وسلم مبنى باللبن وسقفه الجريد وعمده جذوع النخل فزاد فيه عمر فبناه على بناء النبى صلى الله عليه وسلم ثم غير فيه عثمان فزاد فيه وبنى جدره وعمده بحجارة وسقفه بالساج ذكره الطيبى وذهب الجمهور إلى كراهية نقش المسجد وتزويقه وشرذمة إلى عدم كراهته لأن المصطفى صلى الله عليه وسلم لم يذم ذلك وما كل علامة على قرب الساعة تكون مذمومة بل ذكر لها أمرا ذمها كارتفاع الأمانة وأمورا حمدها كزخرفة المساجد وأمورا لا تحمد ولا تذم كنزول عيسى فليس أشراط الساعة من الأمور المذمومة(فيض القدير شرح الجامع الصغير،للمناوى،ج٦،ص٩، رقم الحديث ٨٢٢٦، حرف الميم)

"لا تقوم الساعة حتى يتباهى الناس فى المساجد .(حم د هـ حب) عن أنس (صح)."

(لا تقوم الساعة حتى يتباهى) يتفاخر (الناس فى المساجد) يتفاخرون فى أبنيتها وتزويقها وفرشها وذلك من أمارات الساعة لأنه معصية فى صورة الطاعة، أو يجعلون المساجد مجالس للمفاخرة بالآباء والأموال والأنساب والكل منهى عنه، والنوع الأول قد وقع فى الأمصار وفيه النهى عن ذلك والحديث من أعلام النبوة(التنوير شرح الجامع الصغير،للصنعانى،ج١١،ص١٣٣ ،رقم الحديث ٩٨٢٩،حرف الواو)

قوله :(أن يتباهى الناس) أى :يتفاخرون بتحسين بنائه وتزويقه وارتفاعه وتطويله رياء وسمعة(لمعات التنقيح فى شرح مشكاة المصابيح،ج٢،ص٤٧٤،كتاب الصلاة،باب المساجد ومواضع الصلاة)

قوله (حتى يتباهى) أى يتفاخر فى المساجد أى فى بنائها أو يأتون بهذا الفعل الشنيع وهى المباهاة بما لا ينبغى وهم جالسون فى المساجد وعلى الثانى لا بد من تقييد المباهاة بما ذكرنا ولا يشكل الأمر بما علم من حالة حسان بن ثابت فليتأمل والحديث على المعنيين مما يشهد بصدقه الوجود فهو من جملة المعجزات الباهرة له -صلى الله عليه وسلم(حاشية السندى على سنن ابن ماجه ، ج١، ص٢٥٠،كتاب المساجد والجماعات،باب تشييد المساجد)

## (فصل نمبر20)

# قطع رحمی عام ہو جانے کا فتنہ

قیامت کی علامتوں اور نشانیوں میں سے ایک یہ بھی ہے کہ قطع رحمی عام ہو جائے گی، یعنی رشتہ داروں کے ساتھ برا سلوک ہوگا، ان کو طرح طرح سے تکالیف پہنچائی جائیں گی، اور قطع تعلق کیا جائے گا، سلام کلام تک ترک کر دیا جائے گا، اور یہ سب کچھ دنیا کے بکھیڑوں اور قصوں کی وجہ سے ہوگا، جو کہ سخت گناہ، بلکہ دنیا میں ہی وبال کا باعث ہے۔

اس سلسلہ میں کچھ تفصیل ملاحظہ فرمائیے۔

## عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ :إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يُبْغِضُ الْفَاحِشَ والْمُتَفَحِّشَ .وَالَّذِىْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ، لا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَظْهَرَ الْفُحْشُ والتَّفَحُّشُ، وسُوْءُ الْجِوَارِ، وقَطِيْعَةُ الْأَرْحَامِ، وحَتّٰى يُخَوَّنَ الْأَمِيْنُ، ويُؤْتَمَنَ الْخَائِنُ** (المعجم الكبير للطبرانی، رقم الحديث ۱۴۵۰۷، ج۱۳ ص ۵۹۱، مسند احمد، رقم الحديث ۶۸۷۲) [1]

ترجمہ: انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ بے شک اللہ عزوجل، فحش گوئی کرنے والے اور فحش گوئی کو پسند کرنے والے کو مبغوض (یعنی انتہائی ناپسند) رکھتا ہے، اور قسم ہے اس ذات کی، جس کے قبضہ میں محمد کی جان

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره (حاشية مسند احمد)

ہے کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک کہ فحش گوئی کرنا اور اس میں دلچسپی لینا، اور بُرے پڑوسی اور (رشتہ داروں سے) قطع رحمی عام نہ ہوجائے اور یہاں تک کہ امانت دار کو خائن قرار نہ دیا جائے، اور خائن کو امانت دار قرار نہ دیا جائے (طبرانی، مسند احمد)

## انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيه وَسَلَّمَ :إِنَّ مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ اَلْفُحْشَ وَالتَّفَحُّشَ وَقَطِيْعَةَ الْأَرْحَامِ وَائْتِمَانَ الْخَائِنِ، أَحسَبُهُ قَالَ: وَتَخْوِيْنَ الْأَمِيْنِ، أَوْ كَلِمَةً نَحْوَهَا (مسند البزار، رقم الحديث ٧٥١٨،مسند أبى حمزة أنس بن مالك) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کی علامات میں سے فحش اور تفحش (یعنی فحش گوئی کرنا اور فحش گوئی کو پسند کرنا) اور قطع رحمی کرنا، اور خائن کو امانت دار (راوی کہتے ہیں) میرا گمان ہے کہ یہ بھی کہا ”اور امانت دار کو خائن قرار دینا ہے“ یا اس جیسی کوئی بات کہی (بزار)

---

[1] قال الالبانی:
أخرجه البزار (ص٢٣٨زوائده) من طريق شبيب بن بشر عن أنس بن مالك مرفوعا. قلت :وهذا إسناد حسن، رجاله ثقات غير شبيب بن بشر وفيه كلام، والراجح أنه حسن الحديث .ولذلك قال فى "زوائد البزار " :"حسن ."وقال فى "مجمع الزوائد(٣٢٧/٧) " "رواه البزار، وفيه شبيب بن بشر وهو لين،ووثقه ابن حبان، وقال: يخطىء ، وبقية رجاله رجال الصحيح ." قلت :قد وثقه ابن معين أيضا، والراجح فيه ما ذكرنا آنفا .وللشطر الثانى من الحديث طريق أخرى عن أنس سقته فيما تقدم (١٨٨٧)وشاهد آخر من حديث أبى هريرة ذكرته هناك .وله شاهد آخر من حديث عبد الله بن عمرو يأتى تحت الحديث (٢٢٥٣) فالحديث صحيح.(سلسلة الاحاديث الصحيحة،تحت رقم الحديث ٢٢٣٨)

## ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: بَیْنَ یَدَیِ السَّاعَۃِ تَسْلِیْمُ الْخَاصَّۃِ، وَتَفْشُو التِّجَارَۃُ، حَتّٰی تُعِیْنَ الْمَرْأَۃُ زَوْجَھَا عَلَی التِّجَارَۃِ، وَتُقْطَعُ الْأَرْحَامُ (مسند احمد، رقم الحدیث ۳۹۸۲) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت سے پہلے خاص لوگوں کو ہی سلام کیا جائے گا، اور تجارت پھیل جائے گی، حتیٰ کہ عورت اپنے شوہر کی تجارت میں اعانت کرے گی، اور قطع رحمیاں کی جائیں گی (مسند احمد)

## عبس غفاری رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبس غفاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

إِنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ بَادِرُوْا بِالْمَوْتِ سِتًّا: إِمْرَۃَ السُّفَھَاءِ، وَکَثْرَۃَ الشُّرَطِ ، وَبَیْعَ الْحُکْمِ، وَاسْتِخْفَافًا بِالدَّمِ، وَقَطِیْعَۃَ الرَّحِمِ، وَنَشْوًا یَتَّخِذُوْنَ الْقُرْآنَ مَزَامِیْرَ یُقَدِّمُوْنَہٗ یُغَنِّیْھِمْ، وَإِنْ کَانَ أَقَلَّ مِنْھُمْ فِقْھًا (مسند احمد، رقم الحدیث ۱۶۰۴۰) [2]

ترجمہ: بے شک میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سُنا کہ چھ چیزوں سے پہلے موت پر سبقت کرو (یعنی ان چیزوں کے ایجاد ہونے سے پہلے موت بہتر ہے) ایک تو بیوقوفوں کی حکومت سے، دوسرے پولیس کی کثرت سے، تیسرے فیصلوں کی خرید وفروخت سے (جیسا کہ عدالتوں میں زیادہ پیسہ لگانے

---

[1] قال شعیب الارنؤوط: إسنادہ حسن (حاشیۃ مسند احمد)

[2] قال شعیب الارنؤوط: حدیث صحیح (حاشیۃ مسند احمد)

والوں کے حق میں فیصلے ہوتے ہیں) چوتھے خون (بہانے) کو ہلکا سمجھنے سے (یعنی قتل کے گناہ کی اہمیت کم ہوجانے کو) پانچویں قطع رحمی سے، چھٹے ایسی (نوخیز) نسل کے لوگوں سے جو قرآن کو گانا بنائیں گے، گانے والے کو اپنے آگے کریں گے، اگرچہ یہ (قرآن کو گانے والا) ان میں دین کی سمجھ کے اعتبار سے کم ترین ہوگا (مسند احمد)

## جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعُ رَحِمٍ

(صحیح مسلم،رقم الحديث ۲۵۵۶"۱۹"، كتاب البر والصلة والآداب، باب صلة الرحم وتحريم قطيعتها،صحيح البخارى، رقم الحديث ۵۹۸۴)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جنت میں قطع رحمی کرنے والا داخل نہیں ہوگا (مسلم، بخاری)

## ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ایک لمبی حدیث میں روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيَصِلْ رَحِمَهُ (صحيح البخارى، رقم الحديث ۶۱۳۸، كتاب الادب ،باب اكرام الضيف وخدمته اياه بنفسه)

ترجمہ: اور جو شخص اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہو، اسے چاہیے کہ (اپنے رشتہ داروں کے ساتھ) صلہ رحمی کرے (بخاری)

## ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : إِنَّ أَعْمَالَ بَنِىْ آدَمَ تُعْرَضُ كُلَّ خَمِيْسٍ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ، فَلَا يُقْبَلُ عَمَلُ قَاطِعِ رَحِمٍ (مسند احمد رقم الحديث ۱۰۲۷۲) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ بنی آدم کے اعمال ہر جمعہ کی رات میں (اللہ تعالیٰ کے حضور) پیش کئے جاتے ہیں، اور قطع رحمی کرنے والے کا عمل قبول نہیں کیا جاتا (مسند احمد)

## ابواُمامہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد مروی ہے کہ:

يَبِيْتُ قَوْمٌ مِنْ هٰذِهِ الْأُمَّةِ عَلٰى طَعَامٍ وَشَرَابٍ وَلَهْوٍ، فَيُصْبِحُوْنَ قَدْ مُسِخُوْا خَنَازِيْرَ، وَلَيُخْسَفَنَّ بِقَبَائِلَ فِيْهَا وَفِىْ دُوْرٍ فِيْهَا، حَتّٰى يُصْبِحُوْا فَيَقُوْلُوْا خُسِفَ اللَّيْلَةَ بِبَنِىْ فُلَانٍ خُسِفَ اللَّيْلَةَ بِدَارِ بَنِىْ فُلَانٍ، وَأُرْسِلَتْ عَلَيْهِمْ حَصْبَاءُ حِجَارَةٌ كَمَا أُرْسِلَتْ عَلٰى قَوْمِ لُوْطٍ، وَأُرْسِلَتْ عَلَيْهِمُ الرِّيْحُ الْعَقِيْمُ فَتَنْسِفُهُمْ كَمَا نُسِفَتْ مَنْ كَانَ قَبْلَهُمْ بِشُرْبِهِمُ الْخَمْرَ، وَأَكْلِهِمُ الرِّبَا، وَلُبْسِهِمُ الْحَرِيْرَ، وَاتِّخَاذِهِمُ

---

[1] قال الهيثمي:
رواه أحمد ورجاله ثقات (مجمع الزوائد، رقم الحديث ۱۳۴۵۰، باب صلة الرحم وقطعها)
وقال شعيب الارنؤوط:
اسنادهٗ حسن (حاشية مسند احمد)

الْقَيْنَاتِ ، وَقَطِيْعَتِهِمُ الرَّحِمَ قَالَ وَذَكَرَ خَصْلَةً أُخْرىٰ فَنَسِيْتُهَا

(المستدرک، للحاکم، رقم الحدیث ۸۵۷۲، کتاب الفتن والملاحم) [1]

ترجمہ: میری امت میں سے کچھ لوگ کھانے پینے اور لہو (یعنی گانے بجانے کے مشغلہ) پر رات گزاریں گے، پھر صبح ہونے پر مسخ کر کے خنزیر بنادیے جائیں گے، اور کچھ قبیلوں اور گھرانوں کو ان کے گھروں سمیت زمین میں دھنسا دیا جائے گا، جب لوگ صبح کریں گے، تو کہیں گے کہ رات کو فلاں قبیلہ کو، فلاں گھرانے کو، زمین میں دھنسا دیا گیا، اور ان پر کنکریاں اور پتھر پھینکے جائیں گے، جیسا کہ قومِ لوط پر پھینکے گئے، اور ان پر تیز وتند طوفان بھیجا جائے گا، جو ان کو تہس نہس کردے گا، جس طرح پہلے لوگوں کو تہس نہس کیا گیا تھا، ان کے شراب پینے کی وجہ سے اور سود کھانے کی وجہ سے اور ریشم پہننے کی وجہ سے، اور گانے والی (عورتیں اور چیزیں) اختیار کرنے کی وجہ سے، اور ان کے قطع رحمی کرنے کی وجہ سے، اور اس کے علاوہ بھی ایک خصلت ذکر کی، جس کو میں بھول گیا (حاکم)

معلوم ہوا کہ قطع رحمی اتنا سخت گناہ اور بدترین عمل ہے کہ اس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کی طرف سے دنیا میں بھی خطرناک وبال اور عذاب نازل ہوسکتا ہے۔

## ابوبکرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ ذَنْبٍ أَجْدَرُ أَنْ يُعَجِّلَ اللّٰهُ تَعَالٰى لِصَاحِبِهِ الْعُقُوْبَةَ فِي الدُّنْيَا مَعَ مَا يَدَّخِرُ لَهٗ فِي الْآخِرَةِ مِثْلُ

---

[1] قال الحاکم:
هذا حدیث صحیح علی شرط مسلم لجعفر، فاما فرقد فانهما لم یخرجاه.
وقال الذهبی فی التلخیص: صحیح.

www.idaraghufran.org

الْبَغْيِ وَقَطِيعَةِ الرَّحِمِ (سنن ابی داؤد، رقم الحديث ۴۹۰۲، باب النهى عن البغى، كتاب الادب)[1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ظلم اور قطع رحمی کے مقابلہ میں کوئی اور گناہ اس بات کا زیادہ حقدار نہیں کہ اللہ اس کے کرنے والے کو دنیا میں ہی جلد سزا عطا فرمائے، اور آخرت میں اس کے لئے سزا باقی رہے (ابوداؤد)

مطلب یہ ہے کہ جن گناہوں پر دنیا میں ہی اللہ تعالیٰ کی جانب سے جلد سزا ملتی ہے، اور آخرت کی سزا، اپنی جگہ برقرار رہتی ہے، ان میں قطع رحمی اور ظلم جیسا اور کوئی گناہ نہیں۔

رشتہ داروں کے ساتھ صلہ رحمی کرنے میں ان کو ایذاء و تکلیف نہ پہنچانا، اور اپنی حسبِ حیثیت، اور رشتہ داروں کی حسبِ ضرورت مالی و بدنی خدمت کرنا، سلام کلام، بیمار پرسی، خبر گیری، زبانی تسلی و ہمدردی کا اظہار وغیرہ کرنا داخل ہیں، جس کی بہت تاکید اور اس کے مختلف فضائل وفوائد ہیں۔

اور قطع رحمی میں رشتہ داروں کو ایذاء و تکلیف پہنچانا، اور سلام وکلام چھوڑ دینا، اور ان کی خبر گیری نہ کرنا وغیرہ داخل ہے، اور یہ قطع رحمی کبیرہ گناہ اور شدید و سخت ترین عذاب اور وبال کا باعث ہے۔

اللہ تعالیٰ حفاظت فرمائے۔ آمین۔

وَاللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى اَعْلَمُ وَعِلْمُهٗ اَتَمُّ وَاَحْكَمُ.

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية سنن ابى داود)

www.idaraghufran.org

## (فصل نمبر 21)

# برے پڑوسیوں کے ظہور کا فتنہ

احادیث وروایات میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ برے پڑوسیوں کا ظاہر اور عام ہوجانا، اوراپنے پڑوسیوں کو تکلیف پہنچانا بھی قیامت کی علامات میں سے ہے، اور یہ سخت گناہ ہے۔
اس بارے میں تفصیل ملاحظہ فرمایئے۔

## عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفُحْشَ أَوْ يُبْغِضُ الْفَاحِشَ وَالْمُتَفَحِّشَ.

قَالَ: وَلَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَظْهَرَ الْفُحْشُ وَالتَّفَاحُشُ، وَقَطِيعَةُ الرَّحِمِ، وَسُوءُ الْمُجَاوَرَةِ، وَحَتّٰى يُؤْتَمَنَ الْخَائِنُ وَيُخَوَّنَ الْأَمِينُ

(مسند احمد، رقم الحديث ۶۵۱۴)[1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک اللہ، فحش گوئی کرنے والے کو پسند نہیں کرتا، یا فحش گوئی کرنے اور اس کے پسند کرنے والے کو مبغوض رکھتا ہے۔ اور قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک کہ فحش گوئی کرنا اور فحش گوئی کو پسند کرنا، اور قطع رحمی، اور برے پڑوسی عام نہ ہوجائیں، اور خائن کو امانت دار اور امانت دار کو خائن نہ کہا جائے (مسند احمد)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره (حاشية مسند احمد)

# عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ :إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يُبْغِضُ الْفَاحِشَ والْمُتَفَحِّشَ .وَالَّذِىْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ، لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَظْهَرَ الْفُحْشُ والتَّفَحُّشُ، وسُوْءُ الْجِوَارِ، وقَطِيْعَةُ الْأَرْحَامِ، وحَتّٰى يُخَوَّنَ الْأَمِيْنُ، ويُؤْتَمَنَ الْخَائِنُ** (المعجم الكبير للطبرانى، رقم الحديث ١٤٥٠٧، ج١٣ ص ٥٩١، مسند احمد، رقم الحديث ٦٨٧٢) [1]

ترجمہ: انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ بے شک اللہ عز وجل، فحش گوئی کرنے والے اور فحش گوئی کو پسند کرنے والے کو مبغوض (یعنی انتہائی ناپسند) رکھتا ہے، اور قسم ہے اس ذات کی، جس کے قبضہ میں محمد کی جان ہے کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک کہ فحش گوئی کرنا اور اس میں دلچسپی لینا، اور بُرے پڑوسی اور (رشتہ داروں سے) قطع رحمی عام نہ ہو جائے اور یہاں تک کہ امانت دار کو خائن قرار نہ دیا جائے، اور خائن کو امانت دار قرار نہ دیا جائے (طبرانی، مسند احمد)

حضرت انس رضی اللہ عنہ کی سند سے بھی اسی طرح کی حدیث مروی ہے۔ [2]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره (حاشية مسند احمد)

[2] حدثنا محمد بن جابان الجنديسابورى، ثنا زنيج أبو غسان الرازى، ثنا الحكم بن بشير بن سلمان، عن سعيد بن بشير، عن قتادة، عن أنس، قال: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: إن من أشراط الساعة أن يظهر الفحش، والتفحش وسوء الجوار، وقطع الأرحام، ويخون الأمين، ويؤتمن الخائن (مسند الشاميين للطبرانى، ج٤ ص ١٩، رقم الحديث ٢٦١٤)

## عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُ الْأَصْحَابِ عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرُهُمْ لِصَاحِبِهِ، وَخَيْرُ الْجِيْرَانِ عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرُهُمْ لِجَارِهِ (سنن الترمذى، رقم الحديث ۱۹۴۴، ابواب البر والصلة، باب ماجاء فى حق الجوار) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ساتھیوں میں اللہ کے نزدیک سب سے بہتر وہ ہے، جو اپنے ساتھی کے ساتھ بہتر (سلوک وبرتاؤ کرنے والا) ہو، اور پڑوسیوں میں اللہ کے نزدیک سب سے بہتر وہ ہے، جو اپنے پڑوسی کے ساتھ بہتر (سلوک وبرتاؤ کرنے والا) ہو (ترمذی)

## عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث

حضرت مجاہد سے روایت ہے کہ:

أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو ذُبِحَتْ لَهُ شَاةٌ فِيْ أَهْلِهِ، فَلَمَّا جَاءَ قَالَ: أَهْدَيْتُمْ لِجَارِنَا الْيَهُوْدِيِّ؟ أَهْدَيْتُمْ لِجَارِنَا الْيَهُوْدِيِّ؟ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَا زَالَ جِبْرِيْلُ يُوْصِيْنِيْ بِالْجَارِ حَتّٰى ظَنَنْتُ أَنَّهُ سَيُوَرِّثُهُ (سنن الترمذى، رقم الحديث ۱۹۴۳، ابواب البر والصلة، باب ماجاء فى حق الجوار) [2]

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کے گھر میں ایک بکری ذبح کی گئی،

[1] قال الترمذى: هذا حديث حسن غريب وأبو عبد الرحمن الحبلى اسمه عبد الله بن يزيد.

[2] قال الترمذى: وفى الباب عن عائشة، وابن عباس، وأبى هريرة، وأنس، والمقداد بن الأسود، وعقبة بن عامر، وأبى شريح، وأبى أمامة. هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه، وقد روى هذا الحديث عن مجاهد عن عائشة، وأبى هريرة عن النبى صلى الله عليه وسلم أيضا.

جب حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ تشریف لائے، تو انہوں نے فرمایا کہ کیاتم نے ہمارے یہودی پڑوسی کو بھی ہدیہ کی؟ کیاتم نے ہمارے یہودی پڑوسی کو بھی ہدیہ کی؟ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ مجھے جبریلِ امین لگاتار پڑوسی کے ساتھ (حسنِ سلوک کی) وصیت کرتے رہے، یہاں تک کہ مجھے گمان ہوا کہ وہ پڑوسی کو جلد ہی پڑوسی کا وارث قرار دے دیں گے (ترمذی)

اس حدیث کو امام بخاری نے بھی ''الادبُ المفرد'' میں روایت کیا ہے۔ [1]

اس حدیث سے غیر مسلم پڑوسی کے حق کی اہمیت بھی معلوم ہوگئی، اور اس طرح کی احادیث دوسری سندوں سے بھی مروی ہیں، جن کا آگے ذکر آتا ہے۔

لیکن افسوس کہ آج مسلمان پڑوسیوں کے حقوق کا بھی مسلمانوں کو خیال نہیں رہا۔

## ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کی حدیث

اور امام بخاری نے ''الادبُ المفرد'' میں حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَقْتُلَ الرَّجُلُ جَارَهُ وَأَخَاهُ وَأَبَاهُ (الادب المفرد، ص ۵۴، رقم الحديث ۱۱۸، باب الجار السوء) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک آدمی اپنے پڑوسی اور اپنے بھائی، اور اپنے والد کو قتل نہ کردے (الادب المفرد)

---

[1] عن مجاهد، عن عبد الله بن عمرو، أنه ذبحت له شاة، فجعل يقول لغلامه: أهديت لجارنا اليهودي؟ أهديت لجارنا اليهودي؟ سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: ما زال جبريل يوصيني بالجار حتى ظننت أنه سيورثه(الادب المفرد، رقم الحديث ۱۰۵، باب يبدأ بالجار)

قال الالبانی: صحيح(حاشية الادب المفرد)

[2] قال الألبانی: حسن(حاشية الادب المفرد)

www.idaraghufran.org

اس حدیث کو ابو یعلیٰ نے بھی روایت کیا ہے۔ [1]

## سلمان فارسی، اور ابنِ مسعود رضی اللہ عنہما کی حدیث

یزید بن عمرو سے روایت ہے کہ:

عَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ ، قَالَ: إِنَّ مِنَ اقْتِرَابِ السَّاعَةِ أَنْ يَّظْهَرَ الْبِنَاءُ عَلٰى وَجْهِ الْأَرْضِ ، وَأَنْ تُقْطَعَ الْأَرْحَامُ ، وَأَنْ يُّؤْذِيَ الْجَارُ جَارَهُ

(مصنف ابنِ ابی شیبة، رقم الحدیث ۳۸۷۰۲، کتاب الفتن، باب ما ذکر فی فتنة الدجال)

ترجمہ: حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ بے شک قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک روئے زمین پر عمارتیں نہ پھیل جائیں، اور قطع رحمی نہ کی جانے لگے، اور پڑوسی، اپنے پڑوسی کو تکلیف نہ پہنچانے لگے (مصنف ابنِ ابی شیبہ)

اور ابو وائل سے روایت ہے کہ:

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ، قَالَ: إِنَّ مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ أَنْ يَّظْهَرَ الْفُحْشُ وَالتَّفَحُّشُ ، وَسُوْءُ الْخُلُقِ ، وَسُوْءُ الْجِوَارِ (مصنف ابنِ ابی شیبة، رقم الحدیث ۳۸۷۰۳، کتاب الفتن، باب ما ذکر فی فتنة الدجال)

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ بے شک قیامت کی علامات میں سے یہ ہے کہ بے حیائی کرنا، اور اس کو پسند کرنا، نہ پھیل جائے، اور برے اخلاق، اور برے پڑوسی نہ پھیل جائیں (مصنف ابنِ ابی شیبہ)

---

[1] عن أبي موسى، قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إن بين يدي الساعة الهرج، قلنا: وما الهرج؟ قال: القتل القتل، حتى يقتل الرجل جاره، وابن عمه، وأباه، (مسند ابی یعلی الموصلی، رقم الحدیث ۷۲۳۴، حدیث أبي موسى الأشعري)
قال حسين سليم أسد الداراني: إسناده صحيح (حاشية مسند ابی یعلیٰ)

www.idaraghufran.org

## ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَا يُؤْذِ جَارَهُ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهُ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيَقُلْ خَيْرًا أَوْ لِيَصْمُتْ

(صحیح البخاری،رقم الحدیث ۶۰۱۸، کتاب الأدب، باب: من کان یؤمن باللہ والیوم الآخر فلا یؤذ جارہ)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو آدمی اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو، تو وہ اپنے پڑوسی کو تکلیف نہ پہنچائے، اور جو شخص اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو، تو اُسے چاہئے کہ وہ اپنے مہمان کی ضیافت (ومہمان نوازی) کرے، اور جو شخص اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو، تو اُسے چاہئے کہ وہ یا تو خیر کی بات کہے، ورنہ خاموش رہے (بخاری)

## ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، إِنَّ فُلَانَةَ يُذْكَرُ مِنْ كَثْرَةِ صَلَاتِهَا، وَصِيَامِهَا، وَصَدَقَتِهَا، غَيْرَ أَنَّهَا تُؤْذِي جِيرَانَهَا بِلِسَانِهَا، قَالَ: هِيَ فِي النَّارِ .

قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَإِنَّ فُلَانَةَ يُذْكَرُ مِنْ قِلَّةِ صِيَامِهَا، وَصَدَقَتِهَا، وَصَلَاتِهَا، وَإِنَّهَا تَصَدَّقُ بِالْأَثْوَارِ مِنَ الْأَقِطِ، وَلَا تُؤْذِي جِيرَانَهَا بِلِسَانِهَا.

قَالَ: هِيَ فِي الْجَنَّةِ (مسند أحمد، رقم الحديث ۹٦٧۵، صحيح ابن حبان، رقم الحديث ۵٧٦۴) [1]

ترجمہ: ایک آدمی نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! فلاں عورت کثرت سے نماز، روزہ اور صدقہ کرنے میں مشہور ہے لیکن وہ اپنی زبان (کی بدگوئی، بدکلامی، غیبت، چغلی وغیرہ) سے اپنے پڑوسیوں کو ایذاء پہنچاتی (اور ستاتی) ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ جہنمی ہے، پھر اس نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! فلاں عورت نماز، روزہ، اور صدقہ کی کمی میں مشہور ہے وہ صرف پنیر کے چند ٹکڑے صدقہ کرتی ہے، لیکن اپنی زبان سے اپنے پڑوسیوں کو ایذاء نہیں پہنچاتی (اور نہیں ستاتی)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ جنتی ہے (مسند احمد، ابنِ حبان)

## ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا وَاللّٰهِ لَا يُؤْمِنُ، لَا وَاللّٰهِ لَا يُؤْمِنُ، لَا وَاللّٰهِ لَا يُؤْمِنُ ،قَالُوا: وَمَنْ ذَاكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ ؟ قَالَ: جَارٌ لَا يَأْمَنُ جَارُهُ بَوَائِقَهُ ، قِيلَ: وَمَا بَوَائِقُهُ ؟ قَالَ: شَرُّهُ (مسند أحمد، رقم الحديث ۸۴۳۲) [2]

ترجمہ: بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں اللہ کی قسم! نہیں ایمان رکھتا، نہیں اللہ کی قسم! نہیں ایمان رکھتا، نہیں اللہ کی قسم! نہیں ایمان رکھتا،

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن (حاشية مسند احمد)
وقال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط الصحيح (حاشية ابنِ حبان)
[2] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط الشيخين (حاشية مسند أحمد)

لوگوں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! وہ کون شخص ہے، جو ایمان نہیں رکھتا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ پڑوسی، جس کے بوائق سے اس کا پڑوسی محفوظ نہ ہو، عرض کیا گیا کہ اس کا بوائق کیا ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کے شر سے پڑوسی محفوظ نہ ہو (مسند احمد)

## ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی چوتھی حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ يَّأْخُذُ مِنِّىْ خَمْسَ خِصَالٍ فَيَعْمَلُ بِهِنَّ، أَوْ يُعَلِّمُهُنَّ مَنْ يَّعْمَلُ بِهِنَّ؟ قَالَ: قُلْتُ أَنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ: قَالَ: فَأَخَذَ بِيَدِىْ فَعَدَّهُنَّ فِيْهَا، ثُمَّ قَالَ: اِتَّقِ الْمَحَارِمَ تَكُنْ أَعْبَدَ النَّاسِ، وَارْضَ بِمَا قَسَمَ اللّٰهُ لَكَ تَكُنْ أَغْنَى النَّاسِ، وَأَحْسِنْ إِلٰى جَارِكَ تَكُنْ مُؤْمِنًا، وَأَحِبَّ لِلنَّاسِ مَا تُحِبُّ لِنَفْسِكَ تَكُنْ مُسْلِمًا، وَلَا تُكْثِرِ الضَّحِكَ، فَإِنَّ كَثْرَةَ الضَّحِكِ تُمِيْتُ الْقَلْبَ (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ۸۰۹۵) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کون شخص ہے، جو مجھ سے پانچ خصلتوں کو لے کر اُن پر عمل کرے گا، یا ان پر عمل کرنے والے کو ان کی تعلیم دے گا؟ میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! میں اس کام کو کروں گا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرا ہاتھ پکڑ کر وہ چیزیں گنوائیں، اور فرمایا کہ ایک تو آپ حرام چیزوں سے بچ جاؤ، تو آپ سب لوگوں سے زیادہ عبادت گزار بن جاؤ گے، دوسرے جو اللہ نے آپ کے لئے تقسیم فرمائی، اس پر راضی ہو جاؤ، تو آپ

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث جيد (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

سب لوگوں سے زیادہ غنی (ومالدار) ہوجاؤگے، تیسرے آپ اپنے پڑوسیوں کے ساتھ اچھا سلوک کرو، تو آپ مومن بن جاؤگے، چوتھے لوگوں کے لئے وہ چیز پسند کرو، جو اپنے لئے پسند کرتے ہو، تو آپ مسلم بن جاؤگے، پانچویں زیادہ ہنسنے سے بچو، کیونکہ زیادہ ہنسنا دل کو مردہ کردیتا ہے (مسند احمد)

## ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی پانچویں حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا زَالَ جِبْرِيْلُ يُوْصِيْنِي بِالْجَارِ، حَتّٰى ظَنَنْتُ أَنَّهُ سَيُوَرِّثُهُ (مسند أحمد، رقم الحديث ۷۵۲۲) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے جبریلِ امین لگاتار پڑوسی کے ساتھ (حسنِ سلوک کی) وصیت کرتے رہے، یہاں تک کہ مجھے گمان ہوا کہ وہ پڑوسی کو جلد ہی پڑوسی کا وارث قرار دے دیں گے (مسند احمد)

## عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا زَالَ يُوْصِيْنِي جِبْرِيْلُ بِالْجَارِ، حَتّٰى ظَنَنْتُ أَنَّهُ سَيُوَرِّثُهُ (صحيح البخاری، رقم الحديث ۶۰۱۴، كتاب الادب، باب الوصاة بالجار)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے جبریلِ امین لگاتار پڑوسی کے ساتھ (حسنِ سلوک کی) وصیت کرتے رہے، یہاں تک کہ مجھے گمان ہوا کہ وہ پڑوسی کو جلد ہی پڑوسی کا وارث قرار دے دیں گے (بخاری)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح، وهذا إسناد حسن (حاشية مسند احمد)

## ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: مَا زَالَ جِبْرِیْلُ یُوْصِیْنِیْ بِالْجَارِ، حَتّٰی ظَنَنْتُ أَنَّہٗ سَیُوَرِّثُہٗ (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۶۰۱۵، کتاب الادب، باب الوصاۃ بالجار)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے جبریلِ امین لگاتار پڑوسی کے ساتھ (حسنِ سلوک کی) وصیت کرتے رہے، یہاں تک کہ مجھے گمان ہوا کہ وہ پڑوسی کو جلد ہی پڑوسی کا وارث قرار دے دیں گے (بخاری)

جبریلِ امین کا پڑوسی کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنے کی برابر اور لگاتار وصیت وتاکید کرنا، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ گمان کرلینا کہ اب قریب ہے کہ اللہ کے حکم سے پڑوسی وراثت میں شریک نہ ہوجائے، یہ پڑوسی کے ساتھ اچھا سلوک کرنے اور اس کو ایذاء رسانی سے بچانے کا بہت سخت حکم ہونے کی دلیل ہے۔

## ابوشریح رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوشریح رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَاللّٰہِ لَا یُؤْمِنُ، وَاللّٰہِ لَا یُؤْمِنُ، وَاللّٰہِ لَا یُؤْمِنُ، قِیْلَ: وَمَنْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ؟ قَالَ: اَلَّذِیْ لَا یَأْمَنُ جَارُہٗ بَوَایِقَہٗ (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۶۰۱۶، کتاب الأدب، باب إثم من لا یأمن جارہ بوایقہ)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ کی قسم! نہیں ایمان رکھتا، اللہ کی قسم! نہیں ایمان رکھتا، اللہ کی قسم! نہیں ایمان رکھتا، عرض کیا گیا کہ اے اللہ کے رسول! کون ایمان نہیں رکھتا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ شخص جس کا

پڑوسی اس کے شر سے محفوظ نہ ہو(بخاری)

## ابوشریح رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت ابوشریح رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيُحْسِنْ إِلٰى جَارِهٖ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهٗ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيَقُلْ خَيْرًا أَوْ لِيَسْكُتْ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٤٨"٧٧"كتاب الإيمان،باب الحث على إكرام الجار والضيف، ولزوم الصمت إلا عن الخير وكون ذلک كله من الإيمان)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو آدمی اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو، اُسے چاہیے کہ وہ اپنے پڑوسی کے ساتھ اچھا برتاؤ کرے، اور جو شخص اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو، اُسے چاہیے کہ وہ اپنے مہمان کی ضیافت (ومہمان نوازی) کرے، اور جو شخص اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو، اُسے چاہیے کہ وہ یا تو خیر کی بات کہے، ورنہ خاموش رہے(مسلم)

## انس رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْمُؤْمِنُ مَنْ أَمِنَهُ النَّاسُ، وَالْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهٖ وَيَدِهٖ، وَالْمُهَاجِرُ مَنْ هَجَرَ السُّوءَ، وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ عَبْدٌ لَا يَأْمَنُ جَارُهٗ بَوَائِقَهٗ (مسند أحمد،رقم الحديث ١٢٥٦١) [1]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم من جهة يونس بن عبيد وحميد(حاشية مسند أحمد)

www.idaraghufran.org

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مومن وہ ہے، جس سے لوگ امن میں ہوں، اور مسلم وہ ہے، جس سے مسلمان سلامت رہیں، اس کی زبان سے بھی، اور اس کے ہاتھ سے بھی، اور مہاجر وہ ہے، جو برائی کو چھوڑ دے، اور قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، جنت میں وہ بندہ داخل نہیں ہوگا، جس کے شر سے اس کا پڑوسی مامون (ومحفوظ) نہ ہو (مسند احمد)

## انس رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ، لَا يُؤْمِنُ عَبْدٌ حَتّٰى يُحِبَّ لِجَارِهٖ، أَوْ قَالَ: لِأَخِيْهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهٖ (صحيح مسلم، رقم الحديث ۴۵ ”۷۲“ كتاب الإيمان، باب الدليل على أن من خصال الإيمان أن يحب لأخيه المسلم ما يحب لنفسه من الخير)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قسم ہے، اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، بندہ اس وقت تک مومن نہیں ہوسکتا، جب تک اپنے پڑوسی، یا اپنے بھائی کے لئے وہ چیز پسند نہ کرے، جو اپنے لئے پسند کرتا ہے (مسلم)

معلوم ہوا کہ اسلام میں پڑوسیوں کے حقوق کی بڑی تاکید ہے، اور پڑوسی کو ایذاء و تکلیف پہنچانا، قیامت کی علامات میں سے ہے، اور سخت گناہ ہے۔

پس ہر مسلمان کو چاہیے کہ وہ اپنے پڑوسی کو تکلیف پہنچانے سے بچنے کا اہتمام کرے، ورنہ جنت میں داخلہ مشکل ہوجائے گا، جب تک اس کی سخت سزا اور عذاب نہیں بھگت لے گا۔

وَاللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى اَعْلَمُ وَعِلْمُهٗ اَتَمُّ وَاَحْكَمُ.

# (فصل نمبر22)

# مخصوص ومعروف لوگوں کوسلام کیے جانے کا فتنہ

مسلمان کوسلام کرنا بہت فضیلت والاعمل ہے، خواہ اس سے جان پہچان ہو، یا نہ ہو، لیکن احادیث میں بتلایا گیا ہے کہ قیامت کی علامات میں سے ایک علامت یہ ہے کہ صرف جان پہچان والے، یا خاص خاص لوگوں کوسلام کیا جائے گا۔

اس کی تفصیل ذکر کی جاتی ہے۔

## ابنِ مسعودرضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن مسعودرضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ أَنْ يُسَلِّمَ الرَّجُلُ عَلَى الرَّجُلِ، لَا يُسَلِّمُ عَلَيْهِ إِلَّا لِلْمَعْرِفَةِ مسند احمد، رقم الحديث ٣٨٤٨ (١)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کی علامتوں میں سے ایک علامت یہ ہے کہ ایک آدمی دوسرے آدمی کوسلام صرف جان پہچان کی وجہ سے کرے گا (مسند احمد)

یعنی سلام کرنے کا معیار جان پہچان بن جائے، مسلمان ہونے کی حیثیت سے جو ہر ایک کو سلام کرنے کا حکم ہے، اس کے مطابق عمل نہیں ہوگا۔

## ابنِ مسعودرضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت ابنِ مسعودرضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

---

(١) قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية مسند احمد)

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ تَسْلِيمُ الْخَاصَّةِ، وَتَفْشُو التِّجَارَةُ، حَتّٰى تُعِيْنَ الْمَرْأَةُ زَوْجَهَا عَلَى التِّجَارَةِ، وَتُقْطَعُ الْأَرْحَامُ (مسند احمدرقم الحديث ۳۷۸۵) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت سے پہلے (یہ ہوگا کہ) خاص خاص لوگوں کو ہی سلام کیا جائے گا، اور تجارت پھیل جائے گی، حتی کہ عورت اپنے شوہر کی تجارت میں اعانت کرے گی، اور قطع رحمی ہوگی (مسند احمد)

خاص خاص لوگوں کو سلام کرنے کا مطلب یہ ہے کہ جس سے کوئی ضرورت ومقصد وابستہ ہوگا، اس کو سلام کیا جائے گا، یا پھر جان پہچان والے، یا کسی مخصوص مسلک وگروہ کے لوگوں کو سلام کے لئے مختص کرلیا جائے گا، ان کو چھوڑ کر باقی مسلمانوں کو سلام نہیں کیا جائے گا۔

شریعت کی طرف سے سلام جاننے پہچاننے والے، یا جن سے کوئی ضرورت ومقصد وابستہ ہو، ان کے ساتھ خاص نہیں کیا گیا، بلکہ ایک مسلمان کو دوسرے مسلمان کو سلام کی تاکید کی گئی اور ترغیب دی گئی ہے اور مسلمانوں کو اپنے معاشرے میں سلام کو پھیلانے کا حکم دیا گیا ہے۔

لہٰذا اسلام کی اس وسیع اسلامی تعلیم وہدایت کو چھوڑ کر صرف جاننے پہچاننے، یا ضرورت وابستہ ہونے والے تک اس کو محدود کرنا درست نہیں ہے، اور قیامت کے قریب جہاں اور بہت سی اسلامی چیزوں کی اصل روح ختم ہوجائے گی، اور وہ ایک رسم کے طور پر باقی رہ جائیں گی، انہیں میں سے ایک چیز یہ بھی ہے کہ سلام ایک رسم کے طور پر استعمال ہونے لگے گا، یعنی جاننے پہچاننے والے، یا جن سے کوئی ضرورت ومقصد وابستہ ہو، ان کو سلام کیا جائے گا، جس کی حیثیت ایک رسم سے زیادہ نہ ہوگی۔

آج کثرت اور عمومیت سے مسلمانوں میں یہ صورتِ حال پیش آ رہی ہے۔

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن (حاشية مسند احمد)

# ابنِ مسعود وانس رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ السَّلَامَ اِسْمٌ مِّنْ أَسْمَاءِ اللّٰهِ وَضَعَهُ فِي الْأَرْضِ، فَأَفْشُوْهُ فِيْكُمْ؛ فَإِنَّ الرَّجُلَ إِذَا سَلَّمَ عَلَى الْقَوْمِ فَرَدُّوْا عَلَيْهِ، كَانَ لَهُ عَلَيْهِمْ فَضْلُ دَرَجَةٍ ،لِأَنَّهُ ذَكَّرَهُمْ، فَإِنْ لَّمْ يَرُدُّوْا عَلَيْهِ رَدَّ عَلَيْهِ مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِّنْهُمْ وَأَطْيَبُ (المعجم الكبير للطبرانی، ج۱۰ص۱۸۲، رقم الحدیث ۱۰۳۹۱و۱۰۳۹۲، مسند البزار، رقم الحدیث ۱۷۷۱) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سلام، دراصل اللہ کے ناموں میں سے ایک نام ہے، جس کو اللہ تعالیٰ نے زمین پر اُتارا ہے، اس لیے تم آپس میں سلام کو عام کرو، کیونکہ (مسلمان) آدمی جب کچھ لوگوں کو سلام کرتا ہے، اور وہ اس کو (سلام کا) جواب دیتے ہیں، تو اس شخص کو (اللہ تعالیٰ کے نزدیک) اُن سب لوگوں پر فضیلت کا ایک بلند مقام حاصل ہوجاتا ہے، کیونکہ اس نے (سلام کرکے) سب کو سلام یاد دلایا، اور اگر وہ لوگ اس کو (سلام کا) جواب نہیں دیتے، تو ایسے لوگ (یعنی فرشتے) اس کو (سلام کا) جواب دیں گے، جو اُن لوگوں سے بہتر اور پاکیزہ ہیں (طبرانی، بزار)

اور امام بخاری نے ''الادبُ المفرد'' میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ السَّلَامَ اِسْمٌ مِنْ أَسْمَاءِ

---

[1] قال الهيثمي: رواه البزار بإسنادين، والطبراني بأسانيد وأحدهما رجاله رجال الصحيح عند البزار والطبراني (مجمع الزوائد، رقم الحديث ١٢٧٢٤، كتاب الأدب، باب ما جاء في السلام وإفشائه)

وقال الالبانی: قلت :وهذا إسناد حسن(سلسلة الأحاديث الصحيحة،تحت رقم الحديث ١٦٠٧)

اللّٰہِ تَعَالٰی، وَضَعَهُ اللّٰهُ فِي الْأَرْضِ، فَأَفْشُوا السَّلَامَ بَيْنَكُمْ (الادب المفرد للبخاری،رقم الحدیث ۹۸۹،باب السلام اسم من أسماء الله عز وجل) ؎

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سلام، دراصل اللہ کے ناموں میں سے ایک نام ہے، جس کو اللہ تعالیٰ نے زمین پر مقرر کیا ہے، اس لیے تم آپس میں سلام کو عام کرو (الادب المفرد)

## عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّ الْإِسْلَامِ خَيْرٌ؟ قَالَ: تُطْعِمُ الطَّعَامَ، وَتَقْرَأُ السَّلَامَ عَلٰى مَنْ عَرَفْتَ وَعَلٰى مَنْ لَّمْ تَعْرِفْ

(صحیح البخاری، رقم الحدیث ۶۲۳۶، کتاب الاستئذان، باب السلام للمعرفة وغیرالمعرفة)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک آدمی نے سوال کیا کہ بہترین اسلام کون سا ہے؟ آپ نے فرمایا یہ کہ تم (دوسروں کو) کھانا کھلاؤ اور اُسے بھی سلام کرو جسے تم جانتے ہو اور اُسے بھی جسے تم نہیں جانتے (بخاری)

## عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أُعْبُدُوا الرَّحْمٰنَ، وَأَطْعِمُوا

---

؎ قال الالبانی: قلت :وهذا إسناد صحيح، رجاله كلهم ثقات رجال الشيخين غير حماد بن سلمة فمنرجال مسلم وحده(سلسلة الاحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ۱۸۴)

وقال نبيل بن مَنصور بن يَعقوب البصارة:وإسناده صحيح رواته ثقات، وشهاب هو ابن المعمر البلخي(أنيس الساری تخريج احاديث فتح الباری، ج۵، ص ۳۳۵۱،رقم الحديث ۲۲۷۲، حرف السين)

الطَّعَامَ، وَأَفْشُوا السَّلَامَ، تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ بِسَلَامٍ (سنن الترمذی، رقم الحديث ١٨٥٥، ابواب الأطعمة، باب ما جاء فی فضل إطعام الطعام، ابنِ ماجه، رقم الحديث ٣٦٩٤) ۱؎

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ رحمٰن کی عبادت کرو، اور سلام کو پھیلاؤ، جنت میں سلامتی کے ساتھ داخل ہو جاؤ (ترمذی، ابنِ ماجہ)

## شریح رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت شریح رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، دُلَّنِي عَلٰى عَمِلٍ يُدْخِلُنِي الْجَنَّةَ، قَالَ: إِنَّ مِنْ مُوْجِبَاتِ الْمَغْفِرَةِ بَذْلُ السَّلَامِ، وَحُسْنُ الْكَلَامِ (المعجم الكبير للطبرانی، ج٢٢ص١٨٠، رقم الحديث ٤٦٩، مكارم الأخلاق للخرائطی، رقم الحديث ١٤٦، صحيح ابنِ حبان، رقم الحديث ٤٩٠) ۲؎

ترجمہ: میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! مجھے کوئی ایسا عمل بتائیے، جو مجھے جنت میں داخل کردے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مغفرت کرانے والے کاموں میں سے سلام کو پھیلانا، اور اچھا کلام کرنا ہے (طبرانی، مکارمُ الاخلاق، ابنِ حبان)

## براء بن عازب رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

۱؎ قال الترمذی: هذا حديث حسن صحيح.

۲؎ قال شعيب الارنؤوط: إسناده قوی (حاشية ابن حبان)

وقال الهيثمی: رواه الطبرانی، وفيه أبو عبيدة بن عبد الله الأشجعی، روى عنه أحمد بن حنبل وغيره، ولم يضعفه أحد، وبقية رجاله رجال الصحيح (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ١٢٧٢٣، باب ما جاء فی السلام وإفشائه)

أَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَبْعٍ بِعِيَادَةِ الْمَرِيْضِ وَاتِّبَاعِ الْجَنَائِزِ وَتَشْمِيتِ الْعَاطِسِ وَنَصْرِ الضَّعِيْفِ وَعَوْنِ الْمَظْلُوْمِ وَإِفْشَاءِ السَّلَامِ وَإِبْرَارِ الْمُقْسِمِ (صحيح البخاری، رقم الحديث ۶۲۳۵، كتاب الاستئذان، باب افشاء السلام)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں سات کاموں کا حکم فرمایا، مریض کی عیادت کرنے کا، اور جنازوں کی اتباع کرنے کا، اور چھینکنے والے کو جواب دینے کا، اور کمزور کی مدد کرنے کا، اور مظلوم کی حمایت کرنے کا، اور سلام کو پھیلانے کا، اور قسم کھانے والے کی قسم پوری کرنے کا (بخاری)

## ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ حَقُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ سِتٌّ قِيْلَ: مَا هُنَّ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟قَالَ: إِذَا لَقِيْتَهُ فَسَلِّمْ عَلَيْهِ، وَإِذَا دَعَاكَ فَأَجِبْهُ، وَإِذَا اسْتَنْصَحَكَ فَانْصَحْ لَهُ، وَإِذَا عَطَسَ فَحَمِدَ اللّٰهَ فَسَمِّتْهُ، وَإِذَا مَرِضَ فَعُدْهُ وَإِذَا مَاتَ فَاتَّبِعْهُ (صحيح مسلم، رقم الحديث ۲۱۶۲"۵" كتاب السلام، باب من حق المسلم للمسلم رد السلام،صحيح البخاری، رقم الحديث ۱۲۴۰)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مسلمان کے مسلمان پر چھ حق ہیں، عرض کیا گیا کہ اے اللہ کے رسول! وہ کیا ہیں؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب آپ اس سے ملیں تو اسے سلام کریں، اور جب وہ آپ کو دعوت دے تو آپ قبول کریں، اور جب وہ آپ سے خیر خواہی طلب کرے، تو آپ اس کی خیر خواہی کریں، اور جب وہ چھینکے اور اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ کہے، تو آپ اُس کو دعاء

دیں (یعنی یَرحَمُکَ اللّٰہ کہیں) اور جب وہ بیمار ہو جائے تو آپ اس کی عیادت کریں، اور جب وہ فوت ہو جائے تو آپ اس کے (جنازہ کے) پیچھے چلیں (مسلم، بخاری)

## ابوذر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُصْبِحُ كُلَّ يَوْمٍ عَلٰى كُلِّ سُلَامٰى مِنَ ابْنِ آدَمَ صَدَقَةٌ،ثُمَّ قَالَ: إِمَاطَتُكَ الْأَذٰى عَنِ الطَّرِيْقِ صَدَقَةٌ، وَتَسْلِيْمُكَ عَلَى النَّاسِ صَدَقَةٌ (مسند احمد، رقم الحدیث ۲۱۵۴۸) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ابنِ آدم میں سے ہر ایک کے ہر عضو پر صبح کے وقت صدقہ لازم ہوتا ہے، پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آپ کا راستہ سے تکلیف دہ چیز کو دُور کرنا بھی صدقہ ہے، اور آپ کا لوگوں کو سلام کرنا بھی صدقہ ہے (مسند احمد)

## ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ لَا يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ أَنْ يَّهْجُرَ أَخَاهُ فَوْقَ ثَلَاثِ لَيَالٍ يَلْتَقِيَانِ فَيُعْرِضُ هٰذَا وَيُعْرِضُ هٰذَا وَخَيْرُهُمَا الَّذِیْ يَبْدَأُ بِالسَّلَامِ (صحیح مسلم، رقم الحدیث ۲۵۶۰ "۲۵" کتاب البر والصلة والآداب، باب تحریم الهجر فوق ثلاث بلا عذر شرعی، صحیح البخاری، رقم الحدیث ۶۲۳۷)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مسلمان کے لیے حلال نہیں کہ اپنے

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح، رجاله رجال الصحيح (حاشيه مسند احمد)

www.idaraghufran.org

بھائی سے تین راتوں سے زیادہ تعلق توڑے رکھے کہ دونوں ملاقات کریں تو یہ (سلام کیے بغیر) اِدھر پھر جائے، اور وہ اُدھر پھر جائے، اور ان دونوں میں بہتر وہ ہے جو سلام میں پہل کرے (مسلم، بخاری)

## ابواُمامہ باہلی رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابواُمامہ باہلی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ثَلَاثَةٌ كُلُّهُمْ ضَامِنٌ عَلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ: رَجُلٌ خَرَجَ غَازِيًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، فَهُوَ ضَامِنٌ عَلَى اللّٰهِ حَتّٰى يَتَوَفَّاهُ فَيُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ، أَوْ يَرُدَّهُ بِمَا نَالَ مِنْ أَجْرٍ وَغَنِيْمَةٍ، وَرَجُلٌ رَاحَ إِلَى الْمَسْجِدِ، فَهُوَ ضَامِنٌ عَلَى اللّٰهِ حَتّٰى يَتَوَفَّاهُ فَيُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ، أَوْ يَرُدَّهُ بِمَا نَالَ مِنْ أَجْرٍ وَغَنِيْمَةٍ، وَرَجُلٌ دَخَلَ بَيْتَهُ بِسَلَامٍ فَهُوَ ضَامِنٌ عَلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ (سنن ابی داؤد، رقم الحديث ۲۴۹۴، كتاب الجهاد، باب فی ركوب البحر فی الغزو) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تین (آدمی ایسے ہیں کہ اُن) میں سے ہر ایک کی ضمانت (وحفاظت) اللہ عزوجل کے ذمہ ہے، ایک وہ آدمی جو اللہ کے راستے میں غزوے (یعنی جنگ) کے لیے نکلا، تو اُس کی ضمانت (وحفاظت) اللہ کے ذمہ ہے، یہاں تک کہ اللہ اُسے وفات دے دیں، تو اللہ اُسے جنت میں داخل کریں گے، یا اللہ اُسے ثواب اور (مالِ) غنیمت کے ساتھ لوٹا دیں گے، اور ایک وہ آدمی جو مسجد کی طرف چلے، تو اُس کی ضمانت (وحفاظت بھی) اللہ کے ذمہ ہے، یہاں تک کہ اللہ اُسے وفات دے دیں، تو اللہ اُسے جنت میں داخل کریں گے، یا اللہ اُسے ثواب اور اجر کے ساتھ لوٹا دیں گے، اور ایک وہ آدمی جو اپنے گھر

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية ابی داؤد)

میں سلام کرتے ہوئے داخل ہو، تو اُس کی ضمانت (وحفاظت بھی) اللہ عزوجل کے ذمہ ہے (ابوداؤد)

## ابواُمامہ باہلی رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت ابواُمامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ : إِنَّ أَوْلَی النَّاسِ بِاللّٰہِ مَنْ بَدَأَھُمْ بِالسَّلَامِ (سنن ابی داؤد، رقم الحدیث ۵۱۹۷، ابواب النوم، باب فضل من بدأ السلام) ۱

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لوگوں میں اللہ کے زیادہ قریب وہ ہے جو ان کو سلام کرنے میں پہل کرے (ابوداؤد؛ بیہقی)

اور حضرت ابواُمامہ رضی اللہ عنہ سے ہی ایک دوسری روایت میں مذکورہ مضمون ان الفاظ میں مروی ہے کہ:

قِیْلَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَلرَّجُلَانِ یَلْتَقِیَانِ أَیُّھُمَا یَبْدَأُ بِالسَّلَامِ؟ فَقَالَ أَوْلَاھُمَا بِاللّٰہِ (سنن الترمذی، رقم الحدیث ۲۶۹۴،أبواب الاستئذان والآداب، باب ما جاء فی فضل الذی یبدأ بالسلام) ۲

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا کہ دو آدمی ایک دوسرے سے ملیں گے، تو اُن میں سلام کرنے میں پہل کون کرے گا؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو اللہ سے زیادہ قریب ہوگا وہی سلام کی ابتداء کرے گا (ترمذی)

پس سلام کے عمل کو ہر مسلمان کے ساتھ عام کرنا چاہیے، اور سلام کو صرف جان پہچان والوں تک محدود رکھنے کے طرزِ عمل سے باز آنا چاہیے۔

---

۱ قال شعیب الارنؤوط: اسنادہٗ صحیح (حاشیة سنن ابی داود)

۲ قال الترمذی :ھذا حدیث حسن.

## (فصل نمبر 23)

# تقدیر کے انکار، اور اس میں اختلاف کا فتنہ

حدیث میں اس بات سے بھی آگاہ کیا گیا ہے کہ قیامت سے پہلے بعض لوگ تقدیر کا انکار کریں گے۔

ورآج ہم نے کئی لوگوں کو دیکھا، جو تقدیر کا انکار کرتے ہیں، اور تقدیر کے متعلق طرح طرح کے شکوک وشبہات کا اظہار کرتے ہیں۔

ذیل میں اس کی تفصیل ذکر کی جاتی ہے۔

## ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: إِنَّهُ سَيَكُوْنُ فِيْ أُمَّتِيْ أَقْوَامٌ يُكَذِّبُوْنَ بِالْقَدَرِ (سنن ابی داود، رقم الحديث ۴۶۱۳، كتاب السنة، باب لزوم السنة) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا عنقریب میری امت میں ایسے لوگ ہوں گے، جو تقدیر کا انکار کریں گے (ابوداؤد)

## ابو ہریرہ وعبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

جَاءَ مُشْرِكُوْ قُرَيْشٍ يُخَاصِمُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن (حاشية سنن ابی داود)

فِی الْقَدَرِ، فَنَزَلَتْ "يَوْمَ يُسْحَبُوْنَ فِي النَّارِ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ ذُوْقُوْا مَسَّ سَقَرَ، إِنَّا كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنَاهُ بِقَدَرٍ" (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٦٥٦ "١٩" كتاب القدر، باب كل شيء بقدر)

ترجمہ: مشرکینِ قریش رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے، جو تقدیر کے بارے میں تنازعہ کررہے تھے، تو اس پر سورہ قمر کی یہ آیت نازل ہوئی:

"يَوْمَ يُسْحَبُوْنَ فِي النَّارِ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ ذُوْقُوْا مَسَّ سَقَرَ، إِنَّا كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنَاهُ بِقَدَرٍ"

''جس دن گھسیٹا جائے گا، ان کو عذاب میں ان کے سروں کے بل (اور کہا جائے گا کہ) چکھو تم آگ کے چھونے کو، بے شک ہم ہی نے ہر چیز کو پیدا کیا ہے، مقدار کے ساتھ (مسلم)

مطلب یہ ہے کہ اللہ نے ہر چیز کی پیدائش ایک مخصوص مقدار کے ساتھ کی ہے، جس میں زندگی، اور موت، اور رزق وغیرہ سب چیزوں کی مقدار اللہ کی طرف سے طے کردی گئی ہے۔

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نَتَنَازَعُ فِي الْقَدَرِ فَغَضِبَ حَتّٰى احْمَرَّ وَجْهُهُ، حَتّٰى كَأَنَّمَا فُقِئَ فِي وَجْنَتَيْهِ الرُّمَّانُ، فَقَالَ: أَبِهٰذَا أُمِرْتُمْ أَمْ بِهٰذَا أُرْسِلْتُ إِلَيْكُمْ؟ إِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ حِيْنَ تَنَازَعُوْا فِي هٰذَا الْأَمْرِ، عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ أَلَّا تَتَنَازَعُوْا فِيْهِ (سنن الترمذي، رقم الحديث ٢١٣٣، ابواب القدر، باب ما جاء في التشديد في الخوض في القدر) [1]

ترجمہ: ہمارے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے، اور ہم اس وقت

---

[1] قال الترمذي: وفي الباب عن عمر، وعائشة، وأنس. وهذا حديث غريب، لا نعرفه إلا من هذا الوجه من حديث صالح المري، وصالح المري له غرائب ينفرد بها لا يتابع عليها.

تقدیر کے بارے میں نزاع واختلاف کررہے تھے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو غصہ آ گیا، یہاں تک کہ آپ کا چہرہ سرخ ہوگیا، گویا کہ آپ کے رخساروں میں انار کو نچوڑ دیا گیا ہو، پھر آپ نے فرمایا کہ کیا تمہیں اسی کا حکم دیا گیا ہے؟ یا کیا میں تمہاری طرف اسی لئے مبعوث کیا گیا ہوں؟ بس تم سے پہلے لوگ اسی وقت ہلاک ہوئے تھے، جب انہوں اس (تقدیر کے) معاملہ میں نزاع کیا تھا، میں نے تمہارے اوپر یہ عزم کیا ہے کہ تم اس (تقدیر) کے بارے میں نزاع نہ کرو (ترمذی)

اور حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلٰی أَصْحَابِہٖ وَھُمْ یَخْتَصِمُوْنَ فِی الْقَدَرِ، فَکَأَنَّمَا یُفْقَأُ فِیْ وَجْھِہٖ حَبُّ الرُّمَّانِ مِنَ الْغَضَبِ، فَقَالَ: بِھٰذَا أُمِرْتُمْ، أَوْ لِھٰذَا خُلِقْتُمْ؟ تَضْرِبُوْنَ الْقُرْآنَ بَعْضَہٗ بِبَعْضٍ، بِھٰذَا ھَلَکَتِ الْأُمَمُ قَبْلَکُمْ (سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ۸۵، ابواب السنة، باب فی القدر) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ کے پاس تشریف لائے، اور وہ اس وقت تقدیر کے بارے میں نزاع واختلاف کررہے تھے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرہ پر غصہ کی وجہ سے گویا کہ انار کو نچوڑ دیا گیا ہو، پھر آپ نے فرمایا کہ کیا تمہیں اسی بحث کا حکم دیا گیا ہے؟ یا کیا تمہیں اسی بحث لئے پیدا کیا گیا ہے؟ تم قرآن کے بعض کو بعض سے ٹکراتے ہو (یعنی کوئی تقدیر کے مسئلہ میں ایک آیت کو اور دوسرا، اس کے برعکس دوسری آیت کو پیش کرتا ہے) اسی کی وجہ سے تمہارے سے پہلے کی قومیں ہلاک کی گئی تھیں (ابنِ ماجہ)

معلوم ہوا کہ اللہ کی طرف سے طے شدہ تقدیر پر ایمان لانا ضروری ہے، اور اس کے متعلق بحث ومباحثہ جائز نہیں۔

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن (حاشية سنن ابنِ ماجه)

# عبداللہ بن عمرو، ابوالدرداء وعبادہ رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: كَتَبَ اللّٰهُ مَقَادِيْرَ الْخَلَائِقِ قَبْلَ أَنْ يَّخْلُقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِخَمْسِيْنَ أَلْفَ سَنَةٍ، قَالَ: وَعَرْشُهُ عَلَى الْمَاءِ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٦٥٣ "١٦" كتاب القدر، باب حجاج آدم وموسى عليهما السلام)

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ نے مخلوقات کی تقدیرات کو آسمانوں اور زمین کی پیدائش سے پچاس ہزار سال پہلے لکھ دیا تھا، اور اس کا عرش پانی پر تھا (مسلم)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يُؤْمِنُ الْمَرْءُ حَتّٰى يُؤْمِنَ بِالْقَدَرِ خَيْرِهٖ وَشَرِّهٖ (مسند احمد، رقم الحديث ٦٧٠٣) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کوئی بندہ اس وقت تک مومن نہیں ہوسکتا، جب تک کہ اچھی اور بری تقدیر پر ایمان نہ لائے (مسند احمد)

اور حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يُؤْمِنُ عَبْدٌ حَتّٰى يُؤْمِنَ بِالْقَدَرِ خَيْرِهٖ وَشَرِّهٖ، حَتّٰى يَعْلَمَ أَنَّ مَا أَصَابَهُ لَمْ يَكُنْ لِيُخْطِئَهُ، وَأَنَّ مَا أَخْطَأَهُ لَمْ يَكُنْ لِيُصِيْبَهُ (سنن الترمذي، رقم الحديث ٢١٤٤، ابواب القدر، باب ما جاء في الإيمان بالقدر خيره وشره) [2]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح، وهذا إسناد حسن (حاشية مسند احمد)

[2] قال الترمذي: وفي الباب عن عبادة، وجابر، وعبد الله بن عمرو. وهذا حديث غريب، لا نعرفه إلا من حديث عبد الله بن ميمون، وعبد الله بن ميمون منكر الحديث.

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کوئی بندہ اس وقت تک مومن نہیں ہوسکتا، جب تک کہ اچھی اور بری تقدیر پر اس طرح ایمان نہ لائے کہ وہ یقین کرلے کہ جو چیز اس کو پہنچی ہے، وہ اس سے ہرگز بچ نہیں سکتا تھا، اور جو چیز اس سے رہ گئی، وہ اسے ہرگز نہیں پاسکتا تھا (ترمذی)

اور حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَبْلُغُ عَبْدٌ حَقِيْقَةَ الْإِيْمَانِ حَتّٰى يَعْلَمَ أَنَّ مَا أَصَابَهُ لَمْ يَكُنْ لِيُخْطِئَهُ وَمَا أَخْطَأَهُ لَمْ يَكُنْ لِيُصِيْبَهُ** (كشف الاستار عن زوائد البزار، رقم الحديث ٣٣، كتاب الإيمان، باب حقيقة الإيمان وكماله) ؎1

---

؎1 قال البزار:

وإسناده حسن(حواله بالا)

وقال الهيثمى:

رواه البزار، وقال :إسناده حسن(مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ١٩١، باب فى حقيقة الايمان وكماله)

وقال الالبانى:

وقال البزار " :إسناده حسن ."وهو كما قال أو أعلى، فإن رجاله ثقات كلهم، لا كلام فيهم، غير سليمان بن عتبة وقد وثقه جماعة وما قيل فيه فلا حجة له .ثم إن للحديث شواهد كثيرة، تقدم ذكر الكثير الطيب منها تحت الحديث (2439)(سلسلة الاحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ٢٤٧١)

وقال ايضاً:

وقال البزار ":وإسناده حسن ."وأقره الحافظ فى "مختصر الزوائد "(1/76) ، وهو كما قال أو أعلى؛ فإن رجاله ثقات كلهم؛ على ضعف يسير فى ابن عبد الرحمن، وهو ابن بنت شرحبيل؛ من رجال البخارى.

وعمرو -شيخ البزار -الظاهر أنه ابن على المتقدم عند البزار قبل أحاديث (ص 12 و15) ، وهو الفلاس الحافظ .وقد توبع؛ فأخرجه ابن أبى عاصم فى "السنة "(رقم -246بتحقيقى) ، وكذا ابن عساكر فى "تاريخ دمشق "(4/ 660) من طريق هشام بن عمار :حدثنا سليمان بن عتبة السلمى به.

وللحديث شواهد؛ تنظر فيما تقدم من هذه "السلسلة "(2439) ، وفى "ظلال الجنة" (111) و (245-247)(سلسلة الاحاديث الصحيحة، رقم الحديث ٣٠١٩)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بندہ ایمان کی حقیقت کو نہیں پہنچ سکتا، جب تک کہ وہ یہ یقین نہ کرلے کہ جو چیز اس کو پہنچی ہے، وہ اس سے ہرگز بچ نہیں سکتا تھا، اور جو چیز اس سے رہ گئی، وہ اسے ہرگز نہیں پا سکتا تھا (بزار)

حضرت ولید بن عبادہ رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ:

دَخَلْتُ عَلٰى عُبَادَةَ، وَهُوَ مَرِيْضٌ أَتَخَايَلُ فِيْهِ الْمَوْتَ فَقُلْتُ: يَا أَبَتَاهُ أَوْصِنِيْ وَاجْتَهِدْ لِيْ، فَقَالَ: أَجْلِسُوْنِيْ، فَلَمَّا أَجْلَسُوْهُ قَالَ: يَا بُنَيَّ إِنَّكَ لَنْ تَطْعَمَ طَعْمَ الْإِيْمَانِ، وَلَنْ تَبْلُغَ حَقَّ حَقِيْقَةِ الْعِلْمِ بِاللّٰهِ حَتّٰى تُؤْمِنَ بِالْقَدَرِ خَيْرِهٖ وَشَرِّهٖ قَالَ: قُلْتُ: يَا أَبَتَاهُ وَكَيْفَ لِيْ أَنْ أَعْلَمَ مَا خَيْرُ الْقَدَرِ مِنْ شَرِّهٖ؟ قَالَ: تَعْلَمُ أَنَّ مَا أَخْطَأَكَ لَمْ يَكُنْ لِيُصِيْبَكَ، وَمَا أَصَابَكَ لَمْ يَكُنْ لِيُخْطِئَكَ، يَا بُنَيَّ إِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: إِنَّ أَوَّلَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ الْقَلَمُ، ثُمَّ قَالَ: اُكْتُبْ فَجَرَى فِيْ تِلْكَ السَّاعَةِ بِمَا هُوَ كَائِنٌ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، يَا بُنَيَّ إِنْ مِتَّ وَلَسْتَ عَلٰى ذٰلِكَ دَخَلْتَ النَّارَ (مسند احمد، رقم الحديث ۲۲۷۰۵) [1]

ترجمہ: میں ایک مرتبہ (اپنے والد) حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا، وہ اس وقت مریض تھے، اور میں سمجھتا تھا کہ یہ ان کا مرض الوفات ہے، میں نے ان سے عرض کیا کہ اے میرے والد! مجھے چھان پھٹک کر کوئی وصیت کر دیجئے، انہوں نے فرمایا مجھے اٹھا کر بٹھا دو، جب انہیں اٹھا کر بٹھا دیا گیا، تو فرمایا کہ اے میرے بیٹے! تم اس وقت تک ایمان کا ذائقہ نہیں چکھ سکتے اور علم باللہ کی حقیقت نہیں جان سکتے جب تک تم اچھی بری تقدیر اللہ کی طرف سے ہونے پر ایمان نہ لاؤ، میں نے عرض کیا کہ اے ابا جان! مجھے کیسے معلوم ہوگا کہ تقدیر کا کون

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح، وهذا إسناد حسن (حاشية مسند احمد)

سا فیصلہ میرے حق میں اچھا ہے اور کون سا برا؟ فرمایا تم یہ یقین نہ کرلو کہ جو چیز تجھ کو پہنچی ہے، تو اس سے ہرگز بچ نہیں سکتا تھا، اور جو چیز تجھ سے رہ گئی، تو اسے ہرگز نہیں پا سکتا تھا، اے میرے بیٹے! میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ سب سے پہلے اللہ نے قلم کو پیدا کیا اور اس سے فرمایا کہ لکھ، چنانچہ اس نے قیامت تک ہونے والے واقعات کو لکھ دیا، اے میرے بیٹے اگر تم مرتے وقت اس عقیدے پر نہ ہوئے تو تم جہنم میں داخل ہوگے (مسند احمد)

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث مختلف سندوں سے مروی ہے۔

## چند صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کی حدیث

حضرت ابنِ دیلمی رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ:

أَتَيْتُ أُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ، فَقُلْتُ: لَهُ وَقَعَ فِي نَفْسِي شَيْءٌ مِنَ الْقَدَرِ، فَحَدِّثْنِي بِشَيْءٍ لَعَلَّ اللَّهَ أَنْ يُذْهِبَهُ مِنْ قَلْبِي، قَالَ: لَوْ أَنَّ اللَّهَ عَذَّبَ أَهْلَ سَمَاوَاتِهِ وَأَهْلَ أَرْضِهِ عَذَّبَهُمْ وَهُوَ غَيْرُ ظَالِمٍ لَهُمْ، وَلَوْ رَحِمَهُمْ كَانَتْ رَحْمَتُهُ خَيْرًا لَهُمْ مِنْ أَعْمَالِهِمْ، وَلَوْ أَنْفَقْتَ مِثْلَ أُحُدٍ ذَهَبًا فِي سَبِيلِ اللَّهِ مَا قَبِلَهُ اللَّهُ مِنْكَ حَتَّى تُؤْمِنَ بِالْقَدَرِ، وَتَعْلَمَ أَنَّ مَا أَصَابَكَ لَمْ يَكُنْ لِيُخْطِئَكَ، وَأَنَّ مَا أَخْطَأَكَ لَمْ يَكُنْ لِيُصِيبَكَ، وَلَوْ مُتَّ عَلَى غَيْرِ هَذَا لَدَخَلْتَ النَّارَ، قَالَ: ثُمَّ أَتَيْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ فَقَالَ مِثْلَ ذَلِكَ، قَالَ: ثُمَّ أَتَيْتُ حُذَيْفَةَ بْنَ الْيَمَانِ، فَقَالَ مِثْلَ ذَلِكَ، قَالَ: ثُمَّ أَتَيْتُ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ فَحَدَّثَنِي عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ ذَلِكَ (سنن أبي داود، رقم الحديث ٤٦٩٩، كتاب السنة، باب في القدر) [1]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده قوي (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

ترجمہ: میں حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا، اور میں نے عرض کیا کہ میرے دل میں تقدیر سے متعلق کچھ شکوک وشبہات پیدا ہوگئے ہیں آپ اس بارے میں مجھے کچھ بتلائیں، شاید اللہ میرے دل سے ان شبہات کو نکال دیں، تو حضرت ابی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اگر اللہ آسمان والوں اور زمین والوں کو عذاب دینا چاہے، تو عذاب دے سکتا ہے اور اللہ ان پر ظلم کرنے والا نہیں ہوگا، اور اگر وہ ان پر رحم فرمائے، تو اس کی رحمت ان کے لیے ان کے اپنے اعمال سے بہتر ہوگی، اور اگر تو احد کے پہاڑ کے برابر بھی اللہ کی راہ میں سونا خرچ کردے، تو وہ تجھ سے قبول نہیں فرمائے گا، یہاں تک کہ تو تقدیر پر ایمان نہ لے آئے، اور تو یہ یقین نہ کرلے کہ جو چیز تجھ کو پہنچی ہے، تو اس سے ہرگز بچ نہیں سکتا تھا، اور جو چیز تجھ سے رہ گئی، تو اسے ہرگز نہیں پاسکتا تھا، اور اگر تو اس اعتقاد کے بغیر تو مرگیا، تو ضرور بالضرور تو آگ میں داخل ہوگا، ابن الدیلمی کہتے ہیں کہ پھر میں حضرت عبداللہ بن مسعود کے پاس آیا، تو انہوں نے بھی اسی طرح فرمایا، پھر میں حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ کے پاس آیا، تو انہوں نے بھی، اسی طرح کی بات فرمائی، پھر میں حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کے پاس آیا، تو انہوں نے بھی مجھ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اسی طرح کی حدیث بیان کی (ابوداؤد)

اس سے معلوم ہوا کہ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کا عقیدہ تقدیر کے بارے میں ایک جیسا تھا، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم وتربیت کی برکت سے ان کا تقدیر کے متعلق تصور، بالکل صاف ستھرا تھا، کسی کو بھی اس بارے میں ابہام اور شک وشبہ نہیں رہا تھا۔

اس کے بعد یہ سمجھ لینا ضروری ہے کہ مومن کو اس کی تقدیر کی بناء پر جو کچھ بھی نعمت ومصیبت پہنچے، اور وہ اس پر اللہ کے حکم کے مطابق شکر وصبر کی شکل میں عمل کرے، تو اس کے لئے ہر چیز خیر والی ہوتی ہے۔

# صہیب وسعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہما کی احادیث

چنانچہ حضرت صہیب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: عَجِبْتُ مِنْ قَضَاءِ اللّٰہِ لِلْمُؤْمِنِ، إِنَّ أَمْرَ الْمُؤْمِنِ کُلَّہُ خَیْرٌ، وَلَیْسَ ذٰلِکَ إِلَّا لِلْمُؤْمِنِ إِنْ أَصَابَتْہُ سَرَّاءُ فَشَکَرَ، کَانَ خَیْرًا لَہُ، وَإِنْ أَصَابَتْہُ ضَرَّاءُ فَصَبَرَ، کَانَ خَیْرًا لَہُ** (مسند احمد، رقم الحدیث ۲۳۹۲۴) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے مومن بندہ کے لئے اللہ کی طرف سے طے شدہ تقدیر پر بہت خوشی ہوتی ہے، بے شک مومن بندہ کا ہر معاملہ خیر والا ہے، اور اللہ کا یہ فیصلہ (وتقدیر) مومن کے علاوہ کسی اور کے لئے نہیں ہے، اگر اسے کوئی خوشی پہنچتی ہے، تو وہ شکر کرتا ہے، جس میں اس کے لئے خیر ہوتی ہے، اور اگر اسے کوئی تکلیف (ومصیبت) پہنچتی ہے، تو وہ اس پر صبر کرتا ہے، اس میں بھی اس کے لئے خیر ہوتی ہے (مسند احمد)

اور حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: عَجِبْتُ مِنْ قَضَاءِ اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ لِلْمُؤْمِنِ، إِنْ أَصَابَہُ خَیْرٌ حَمِدَ رَبَّہُ وَشَکَرَ، وَإِنْ أَصَابَتْہُ مُصِیْبَۃٌ حَمِدَ رَبَّہُ وَصَبَرَ، اَلْمُؤْمِنُ یُؤْجَرُ فِیْ کُلِّ شَیْءٍ حَتّٰی فِی اللُّقْمَۃِ یَرْفَعُھَا إِلٰی فِیِّ امْرَأَتِہٖ** (مسند احمد، رقم الحدیث ۱۴۸۷) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے اللہ عزوجل کی طرف سے مومن بندہ کے لئے طے شدہ تقدیر پر بہت خوشی ہوتی ہے، اگر اسے کوئی خوشی پہنچتی

---

[1] قال شعیب الارنؤوط: إسنادہ صحیح علی شرط مسلم (حاشیۃ مسند احمد)

[2] قال شعیب الارنؤوط: إسنادہ حسن (حاشیۃ مسند احمد)

ہے، تو وہ اپنے رب کی حمد کرتا ہے، اور شکر کرتا ہے، اور اگر اسے کوئی مصیبت پہنچتی ہے، تو وہ اپنے رب کی حمد کرتا ہے، اور صبر کرتا ہے، اس کو ہر چیز میں اجر وثواب حاصل ہوتا ہے، یہاں تک کہ اس لقمہ میں بھی جو وہ اٹھا کر اپنی بیوی کے منہ میں دیتا ہے (مسند احمد)

اس کے علاوہ اللہ نے مومن بندہ کو ایک نعمت ایسی عطاء فرمادی ہے کہ وہ اخلاص ویقین کے ساتھ اس پر عمل کرے، تو تقدیر کے شر سے بھی اس کی حفاظت ہوجاتی ہے، اور وہ عمل تقدیر کے شر سے اللہ کی حفاظت وپناہ حاصل کرنے کی دعاء کرنا ہے۔

## ثوبان، سلمان وابنِ عباس رضی اللہ عنہم کی احادیث

چنانچہ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَزِيْدُ فِي الْعُمْرِ إِلَّا الْبِرُّ، وَلَا يَـرُدُّ الْقَدَرَ إِلَّا الدُّعَاءُ (سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ۴۰۲۳، ابواب الفتن، باب الصبر على البلاء) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عمر میں زیادتی صلہ رحمی کے ذریعے ہی ہوتی ہے، اور دعاء قدر (وقضاء) کو ٹلا دیتی ہے (ابنِ ماجہ)

اور حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَـالَ رَسُـوْلُ الـلّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَـرُدُّ الْقَضَاءَ إِلَّا الدُّعَاءُ، وَلَا يَـزِيْـدُ فِـي الْعُمْرِ إِلَّا الْبِرُّ (سنن الترمذى، رقم الحديث ۲۱۳۹، ابواب القدر، باب ما جاء لا يرد القدر إلا الدعاء) [2]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حسن لغيره (حاشية ابنِ ماجه)

[2] قال الترمذى: وفى الباب عن أبى أسيد وهذا حديث حسن غريب من حديث سلمان.
وقال الالبانى: الحديث حسن كما قال الترمذى بالشاهد من حديث ثوبان، دون الزيادة فيه، فإنى لم أجد لها شاهدا (سلسلة الاحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ۱۵۴)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دعاء قضاء کوٹلا دیتی ہے، اور عمر میں زیادتی صلہ رحمی کے ذریعے ہی ہوتی ہے (ترمذی)

حضرت طاوس سے روایت ہے کہ:

عَنِ ابُنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنُھُمَا، قَالَ: لَا یَنُفَعُ الُحَذَرُ مِنَ الُقَدَرِ، وَلٰکِنَّ اللّٰہَ یَمُحُوُ بِالدُّعَاءِ مَا یَشَاءُ مِنَ الُقَدَرِ (المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۳۳۳۳، کتاب التفسیر، تفسیر سورۃ الرعد) [1]

ترجمہ: ابنِ عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ تقدیر سے بچنا نفع نہیں دیتا، لیکن اللہ دعاء کے ذریعہ تقدیر میں سے جو چاہے، مٹا دیتا ہے (حاکم)

امام بیہقی نے حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے اس طرح روایت کیا ہے کہ:

إِنَّ الُحَذَرَ لا یُغُنِیُ مِنَ الُقَدَرِ ،وَإِنَّ الدُّعَاءَ یَدُفَعُ الُقَدَرَ،وَھُوَ إِذَا دَفَعَ الُقَدَرَ فَھُوَ مِنَ الُقَدَرِ (القضاء والقدر للبیہقی، رقم الحدیث ۲۵۳، باب ذکر البیان أن ما کتب علی ابن آدم وجری به القلم أدرکه لا محالة)

ترجمہ: تقدیر سے بچنا نفع نہیں دیتا، لیکن دعاء، تقدیر کو دور کر دیتی ہے، اور جب دعاء تقدیر کو دور کر دیتی ہے، تو دعاء کا بھی تقدیر سے تعلق ہوا (حاکم)

یعنی اللہ نے دعاء کو تقدیر بدلنے میں موثر ہونا بھی پہلے سے تقدیر میں طے کر دیا ہے کہ مثلاً فلاں شخص کے ساتھ یہ حادثہ پیش آئے گا، بشرطیکہ وہ اس سے بچنے کی دعاء نہ کرے۔

اس حیثیت سے دعاء بھی تقدیر کا حصہ ہی ہوئی۔

## ابوہریرہ وحسن بن علی رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال الحاکم: هذا حدیث صحیح الإسناد ولم یخرجاه "
وقال الذهبی فی التلخیص: صحیح.

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَعَوَّذُوْا بِاللّٰهِ مِنْ جَهْدِ الْبَلَاءِ، وَدَرَكِ الشَّقَاءِ، وَسُوْءِ الْقَضَاءِ، وَشَمَاتَةِ الْأَعْدَاءِ (صحيح البخاری، رقم الحديث ٦٦١٦، كتاب القدر، باب من تعوذ بالله من درك الشقاء وسوء القضاء)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم اللہ کے ذریعہ آزمائش (ومصیبت) کی مشقت وسختی سے، اور بدبختی کو پانے سے، اور بری تقدیر سے، اور دشمنوں کی طرف سے رنج وغم پہنچنے سے پناہ وحفاظت طلب کرو (بخاری)

اس حدیث میں بری تقدیر سے پناہ وحفاظت کی دعاء کا ذکر ہے۔

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم خود بھی یہ دعاء کیا کرتے تھے۔

چنانچہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَعَوَّذُ مِنْ جَهْدِ الْبَلَاءِ، وَدَرَكِ الشَّقَاءِ، وَسُوْءِ الْقَضَاءِ، وَشَمَاتَةِ الْأَعْدَاءِ (صحيح البخاری، رقم الحديث ٦٣٤٧، كتاب الدعوات، باب التعوذ من جهد البلاء)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پناہ طلب کیا کرتے تھے آزمائش (ومصیبت) کی مشقت وسختی سے، اور بدبختی کو پانے سے، اور بری تقدیر سے، اور دشمنوں کی طرف سے رنج وغم پہنچنے سے (بخاری)

اور یہ بات ظاہر ہے کہ دعاء اسی چیز کی درست ہے، جو اللہ کے نزدیک جائز اور ممکن ہو۔

اور حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَلَّمَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَلِمَاتٍ أَقُوْلُهُنَّ فِي الْوِتْرِ: اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ فِيْمَنْ هَدَيْتَ. وَعَافِنِيْ فِيْمَنْ عَافَيْتَ. وَتَوَلَّنِيْ فِيْمَنْ تَوَلَّيْتَ. وَبَارِكْ لِيْ فِيْمَا أَعْطَيْتَ. وَقِنِيْ شَرَّ مَا قَضَيْتَ. إِنَّكَ تَقْضِيْ وَلَا يُقْضٰى عَلَيْكَ. وَإِنَّهُ لَا يَذِلُّ مَنْ وَّالَيْتَ. وَلَا يَعِزُّ مَنْ

عَـادَیْتَ. تَبَارَکْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَیْتَ (سنن الترمذی، رقم الحدیث ۴۶۴، ابواب الوتر، باب ما جاء فی القنوت فی الوتر)[1]

ترجمہ: مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چند کلمات کی تعلیم دی، جن کو میں اپنے وتروں میں پڑھوں، وہ یہ ہیں:

یا اللہ! مجھے ہدایت دیجیے اُن لوگوں میں جن کو تو نے ہدایت عطا فرمائی، اور عافیت دیجیے مجھے ان لوگوں میں جن لوگوں کو تو نے عافیت عطاء فرمائی، اور کارسازی فرمایئے، میری اُن لوگوں میں جن کی تو نے کارسازی فرمائی، اور برکت عطا فرمایئے مجھے اُن چیزوں میں جو تو نے مجھے عطا فرمائیں، اور حفاظت فرمایئے میری اُن چیزوں کے شر سے جن کا تو نے فیصلہ فرمایا، بے شک تو ہی فیصلہ کرنے والا ہے، اور تیرے خلاف کوئی فیصلہ نہیں کیا جا سکتا، بے شک جس کی تو مدد فرمائے، وہ ذلیل نہیں ہوسکتا، اور جس سے تو بیزاری فرمائے، وہ کبھی عزت نہیں پا سکتا، تو بابرکت ہے، اے ہمارے رب، اور بلند و بالا ہے (ترمذی)

اس سے معلوم ہوا کہ اللہ کی طرف سے مقرر کردہ بری تقدیر سے حفاظت کی دعاء کرنے کی تعلیم دی گئی ہے۔

پس مومن کو اللہ کی طرف سے اچھی و بری تقدیر طے کیے جانے پر ایمان لانا چاہیے، اس میں بحث و مباحثہ سے بچنا چاہیے، اور اللہ سے اچھے فیصلوں کے حصول اور برے فیصلوں سے نجات کی دعاء کرنی چاہیے، اور اللہ کی طرف سے پیش آنے والی مصیبت پر صبر اور نعمت پر شکر کرنا چاہیے۔

وَاللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی اَعْلَمُ وَعِلْمُہٗ اَتَمُّ وَاَحْکَمُ.

---

[1] قال الترمذی: وفی الباب عن علی. هـذا حديث حسن لا نعرفه إلا من هذا الوجه من حديث أبی الحوراء السعدی واسمه: ربيعة بن شيبان.
ولا نعرف عن النبی صلی الله عليه وسلم فی القنوت فی الوتر شيئا أحسن من هذا.

(فصل نمبر 24)

# چاند کے پھول جانے اور بڑا کہا جانے کا فتنہ

بعض احادیث وروایات سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ قیامت سے پہلے چاند پھول جائے گا، اور وہ پہلی رات کا چاند ہوگا، جسے دیکھ کر یہ سمجھا اور کہا جائے گا کہ یہ دوسری رات کا چاند ہے۔

اس بارے میں احادیث وروایات ملاحظہ فرمائیں۔

## ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ اِنْتِفَاخُ الْأَهِلَّةِ، حَتّٰى يُرَى الْهِلَالُ لِلَيْلَتِهِ، فَيُقَالُ: هُوَ لِلَيْلَتَيْنِ (المعجم الاوسط للطبرانی، رقم الحديث ٦٨٦٤، باب الميم) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے قریب ہونے کی نشانیوں میں سے چاند کا پھول جانا بھی ہے، یہاں تک کہ چاند، اپنی رات کو دِکھائی دے گا، پھر کہا جائے گا کہ وہ دوراتوں کا ہے (طبرانی)

## انس رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ: مِنِ اقْتِرَابِ السَّاعَةِ أَنْ يُرَى الْهِلَالُ قَبَلًا، فَيُقَالُ: لِلَيْلَتَيْنِ، وَأَنْ

---

[1] قال الالبانی: الحديث صحيح عندی علی كل حال، فإن له شواهد تقويه (سلسلة الاحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ٢٢٩٢)

www.idaraghufran.org

تُتَّخَذَ الْمَسَاجِدُ طُرُقًا، وَأَنْ يُظْهَرَ مَوْتُ الْفُجَاءَةِ (المعجم الاوسط للطبرانی،رقم الحديث ٩٣٧٦، باب الهاء، المعجم الصغير، للطبرانی،رقم الحديث ١١٣٢)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے قریب ہونے کی نشانیوں میں سے ایک نشانی یہ ہے کہ چاند کو پہلے سے (یعنی اس کے طلوع ہونے کے بعد جلد ہی) دیکھ لیا جائے گا، اور (پہلی تاریخ کے چاند کو بڑا ہونے کی وجہ سے) کہا جائے گا کہ یہ تو دوسری تاریخ کا ہے، اور مساجد کو راستہ (گزرگاہ) بنایا جائے گا، اور ناگہانی اموات کی کثرت ہوجائے گی (طبرانی)

## ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مِنِ اقْتِرَابِ السَّاعَةِ انْتِفَاخُ الْأَهِلَّةِ (المعجم الكبير للطبرانی، ج ١٠ ص ١٩٨ ،رقم الحديث ١٠٤٥١)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے قریب ہونے کی نشانیوں میں سے چاند کا پھول جانا بھی ہے (طبرانی)

## ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث

ابوالوداک سے روایت ہے کہ:

عَنْ أَبِي سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: مِنِ اقْتِرَابِ السَّاعَةِ انْتِفَاخُ الْأَهِلَّةِ، يَرَاهُ الرَّجُلُ لَلَيْلَةٍ يَحْسِبُهُ لِلَيْلَتَيْنِ (السنن الواردة فى الفتن للدانی ،رقم الحديث ٣٩٧،باب ما جاء أن انتفاخ الأهلة من أشراط الساعة)

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ قیامت کے قریب ہونے کی نشانیوں میں سے چاند کا پھول جانا بھی ہے، آدمی پہلی رات کا چاند دیکھے

گا، جس کو وہ دوراتوں کا چاند سمجھے گا (السنن الواردہ فی الفتن)

اس کو ابنِ اعرابی نے بھی روایت کیا ہے۔ [1]

اور ایک روایت ابوالوداک سے بھی حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے قیامت کے قریب ہونے کی نشانیوں میں سے چاند پھول جانے کی روایت مروی ہے۔ [2]

## شعبی کی مرسل حدیث

حضرت شعبیؒ سے مرسلاً روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مِنَ اِقْتِرَابِ السَّاعَةِ أَنْ يُّرَى الْهِلَالُ قَبْلًا فَيُقَالُ: ابْنُ لَيْلَتَيْنِ (مصنف لابنِ ابی شیبة، رقم الحدیث ۳۸۷۰۸، کتاب الفتن، باب ما ذکر فی فتنة الدجال) [3]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے قریب ہونے کی نشانیوں میں سے چاند کا جلدی نظر آ جانا ہے، جس پر یہ کہا جائے گا کہ یہ دوراتوں کا ہے (ابنِ ابی شیبہ)

## حسن بصری کی مرسل حدیث

حضرت حسن بصری سے مرسلاً روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ أَنْ

---

[1] حدثنا أبو رفاعة حدثنا أبو حذيفة عن سفيان عن عثمان بن الحارث عن أبى الوداك: عن أبى سعيد الخدرى قال: " من اقتراب الساعة انتفاخ الأهلة يراه الرجل لليلة يحسبه لليلتين." (معجم شيوخ ابن الاعرابى، ج۲ ص ۳۲۱، رقم الحديث ۱۹۷۷)

[2] حدثنا وكيع عن سفيان عن عثمان بن الحارث عن أبى الوداك قال: من اقتراب الساعة انتفاخ الأهلة (مصنف ابنِ ابى شيبة، رقم الحديث ۳۸۷۰۷، باب ما ذكر فى فتنة الدجال)

[3] قال الالبانى: و هذا إسناد مرسل حسن، محمد بن يحيى هو ابن سعيد بن فروخ القطان، و هو ثقة . أما أبوه فحافظ ثقة إمام، و من فوقهم معروفون، فإذا ضم إليه حديث أنس صارت هذه الزيادة منه فى مرتبة الحسن إن شاء الله (سلسلة الاحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ۲۲۹۲)

يُرَى الْهِلَالُ لَـلَيْلَةٍ فَيُقَالُ هُوَ لِلَيْلَتَيْنِ (السنن الواردة فى الفتن للدانى ،رقم الحديث ٣٩٨،باب ما جاء أن انتفاخ الأهلة من أشراط الساعة) ؎١

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے قریب ہونے کی نشانیوں میں سے چاند کا پہلی رات میں نظر آ جانا ہے، جس پر یہ کہا جائے گا کہ یہ دو راتوں کا ہے (السنن الواردہ فی الفتن)

یہ روایت بعض دوسری سندوں سے بھی مروی ہے۔ ؎٢

بہرحال مذکورہ احادیث وروایات سے معلوم ہوا کہ قیامت کا وقت قریب ہونے کے زمانہ میں اللہ کی طرف سے چاند کو اس طرح بڑا کر دیا جائے گا کہ وہ مہینہ کے شروع میں اپنی ولادت کے بعد جلدی نظر آئے گا، اور وہ ایسا محسوس ہوگا، جیسا کہ مہینہ کی دوسری تاریخ کی رات کا چاند بڑا ہوا کرتا ہے، اور یہ اللہ تعالیٰ کی قدرتِ کاملہ سے ہوگا۔

اس لئے اگر کبھی پہلی رات کا چاند بڑا نظر آئے، جس طرح دوسری رات کا چاند ہوا کرتا ہے، تو اس کی وجہ سے شک وشبہ میں نہیں پڑنا چاہیے، اور یہ نہیں سمجھنا چاہیے کہ یہ چاند کی دوسری تاریخ ہے۔ ؎٣

---

؎١ قال الالبانی:و هذا مرسل حسن أيضا (سلسلة الاحاديث الصحيحة،تحت رقم الحديث ٢٢٩٢)

؎٢ عن العباس بن ذريح، عن عامر، رفعه قال :إن من أشراط الساعة أن يرى الهلال قبلا، فيقال هذا ابن ليلتين، وأن يمر الرجل بالمسجد فلا يصلى فيه ركعتين، وموت الفجاءة (مسند لابن الجعد، ص٣٤٨،رقم الحديث ٢٣٩٨)

؎٣ (من اقتراب الساعة) أى من علامات اقترابها ودنو وقتها .(انتفاخ الأهلة) يروى بالخاء المعجمة وبالجيم وهما بمعنى والمراد عظمة جرمها كما بينه الحديث الآتى وإنما جعل من علامات اقتراب الساعة لأنه عند اقترابها يزيد الامتحان للعباد بالتكليف كما يقع بخروج الدجال ونحوه، وذلك لأنه لانتفاخه يضطرب الناس فيما تقدر من العبادات برؤية الأهلة من الصوم والإفطار والوقوف بعرفة ونحوه فيقول ناس هو لما يرونه من انتفاخه لليلتين ويقول آخرون بل لليلة، فتنزل أقدام وتثبت أقدام كما هو واقع فى هذه الأزمنة فى غالب الديار .وفائدة هذا الإخبار منه -صلى الله عليه وسلم -أنه لا اعتبار بجرم الهلال كبر أو صغر أو أنه لا يغير ما ثبت من "صوموا لرؤيته وأفطروا لرؤيته وأن الرؤية هى المعتبرة لا جرم الهلال وهذا الحديث عندى من أعلام النبوة، ولقد ضلت أمم تحرم الهلال فإنا لله وإنا إليه راجعون(التنوير شرح الجامع الصغير للصنعانى، ج٩، ص٥٨٢، تحت رقم الحديث ٨٢١٢،حرف الميم)

(فصل نمبر 25)

# زلزلوں کی کثرت اور خسف، مسخ وقذف کا فتنہ

ہمیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے بھی آگاہ فرمایا ہے کہ قیامت سے پہلے، اور اس کے قریب بہت کثرت سے فتنے رونما ہوں گے، جن میں زلزلوں کا کثرت سے آنا، پہاڑوں کا متحرک ہونا، انسانوں اور دیگر اشیاء کا زمین میں دھنس جانا، انسانوں اور دیگر اشیاء کی شکل وصورت کا مسخ ہوجانا، اور یہاں تک کہ پتھروں کا برسنا، اور مصائب وحادثات اور مختلف جسمانی وذہنی امراض کی وجہ سے لوگوں کا بے ہوش ہوجانا جیسی چیزیں بھی رونما ہوں گی۔

آگے اس کی تفصیل ذکر کی جاتی ہے۔

## ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يُقْبَضَ الْعِلْمُ، وَتَكْثُرَ الزَّلَازِلُ، وَيَتَقَارَبَ الزَّمَانُ، وَتَظْهَرَ الْفِتَنُ، وَيَكْثُرَ الْهَرْجُ، وَهُوَ الْقَتْلُ الْقَتْلُ، حَتّٰى يَكْثُرَ فِيكُمُ الْمَالُ فَيَفِيضَ (صحيح البخاري، رقم الحديث ١٠٣٦، كتاب الاستسقاء، باب ماقيل في الزلازل والآيات)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک کہ (دین کا) علم نہ اُٹھ جائے، اور زلزلوں کی کثرت نہ ہوجائے، اور زمانہ قریب نہ ہوجائے (یعنی اوقات میں برکت ختم ہوجائے اور وقت تیزی تیزی سے گزرنے لگے) اور بہت سے فتنے وفسادات ظاہر نہ ہوجائیں اور ''ہرج'' کی کثرت نہ ہوجائے اور ''ہرج'' قتل ہے، قتل ہے (یہ جملہ دو مرتبہ فرمایا) اور یہاں تک کہ تمہارے اندر مال کی کثرت نہ ہوجائے (بخاری)

# سلمہ بن نفیل سکونی رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت سلمہ بن نفیل سکونی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

**كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُوحٰى إِلَيْهِ، فَقَالَ: إِنِّىْ غَيْرُ لَابِثٍ فِيْكُمْ، وَلَسْتُمْ لَابِثِيْنَ بَعْدِىْ إِلَّا قَلِيْلًا، وَسَتَأْتُوْنِىْ أَفْنَادًا، يَفْنِىْ بَعْضُكُمْ بَعْضًا، وَبَيْنَ يَدَىِ السَّاعَةِ مُوْتَانٌ شَدِيْدٌ، وَبَعْدَهٗ سَنَوَاتُ الزَّلَازِلُ** (صحيح ابن حبان، رقم الحديث ٦٧٧٧، تابع لكتاب التاريخ، باب إخباره صلى الله عليه وسلم عما يكون فى أمته من الفتن والحوادث) [1]

ترجمہ: ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے، اور اس وقت آپ کی طرف وحی نازل ہو رہی تھی، پھر آپ نے فرمایا کہ بے شک میں تمہارے درمیان ٹھہرنے والا نہیں ہوں، اور تم بھی میرے بعد زیادہ عرصہ ٹھہرنے والے نہیں ہو، اور تم میرے پاس گروہ گروہ ہو کر آؤ گے، تمہارے بعض بعض کو فناء (یعنی قتل) کریں گے، اور قیامت سے پہلے شدید اموات واقع ہوں گی، اور اس کے بعد چند سال زلزلوں کے آئیں گے (مسند احمد)

یعنی کئی سال ایسے آئیں گے، جن میں پے درپے زلزلے آئیں گے۔

# انس بن مالک وسمرہ بن جندب رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ حِيْنَ زَاغَتِ الشَّمْسُ فَصَلَّى الظُّهْرَ، فَلَمَّا سَلَّمَ قَامَ عَلَى الْمِنبَرِ، فَذَكَرَ السَّاعَةَ، وَذَكَرَ أَنَّ بَيْنَ**

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية صحيح ابنِ حبان)

یَدَیْهَا أُمُوْرًا عِظَامًا (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۷۲۹۴، کتاب الاعتصام بالکتاب والسنة، باب ما یکره من کثرة السؤال وتکلف ما لا یعنیه)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک مرتبہ سورج کے زوال کے بعد نکلے، پھر ظہر کی نماز پڑھی، پھر سلام پھیرنے کے بعد منبر پر کھڑے ہوئے، پھر قیامت کا ذکر فرمایا، اور یہ ذکر فرمایا کہ قیامت سے پہلے بڑے بڑے امور پیش آئیں گے (بخاری)

اور حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَزُوْلَ الْجِبَالُ عَنْ أَمَاكِنِهَا، وَتَرَوْنَ الْأُمُوْرَ الْعِظَامَ الَّتِيْ لَمْ تَكُوْنُوْا تَرَوْنَهَا (المعجم الکبیر للطبرانی، ج۷ص۲۰۷، رقم الحدیث ۶۸۵۷) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک پہاڑ اپنی جگہ سے نہ ہل جائیں، اور تم ایسے بڑے بڑے امور نہ دیکھ لو، جن کو تم نے پہلے نہیں دیکھا تھا (طبرانی)

اور حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ کی ایک لمبی حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان مذکور ہے کہ:

حَتّٰى تَرَوْا أُمُوْرًا عِظَامًا يَتَفَاقَمُ شَأْنُهَا فِيْ أَنْفُسِكُمْ، وَتَسْأَلُوْنَ بَيْنَكُمْ: هَلْ كَانَ نَبِيُّكُمْ ذَكَرَ لَكُمْ مِنْهَا ذِكْرًا؟ حَتّٰى تَزُوْلَ جِبَالٌ عَنْ مَرَاتِبِهَا (موارد الظمآن إلى زوائد ابن حبان، رقم الحدیث ۵۹۷، کتاب المواقیت، باب صلاة الکسوف) [2]

---

[1] قال الهيثمي: رواه الطبراني، وفيه عفير بن معدان وهو ضعيف (مجمع الزوائد تحت رقم الحديث ۱۲۴۴۷، باب ثان في أمارات الساعة)

وقال الالباني: لكن له طريق أخرى يتقوى بها (سلسلة الاحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ۳۰۶۱)

[2] قال حسين سليم أسد الدّاراني: إسناده جيد، ثعلبة بن عِبَاد ترجمه البخاري في الكبير 2/ 174 ولم يورد فيه جرحاً ولا تعديلاً، وتبعه على ذلك ابن أبي حاتم في "الجرح والتعديل 2/ 463. وذكره ابن المديني في المجاهيل، وقال ابن حزم": مجهول"، وتبعه ابن القطان. وقال الذهبي في المغني في الضعفاء ": تابعي لا يدرى من هو ."ووثقه ابن حبان، وصحح حديثه الترمذي، وابن خزيمة، والحاكم، والذهبي أيضاً، وصحح حديثه أيضاً ابن حجر في الإصابة (حاشية موارد الظمآن)

ترجمہ: یہاں تک کہ تم ایسے بڑے بڑے امر دیکھو گے کہ جن کی حالت کو تم اپنے نفس میں بہت سنگین سمجھو گے، اور تم آپس میں سوال کرو گے کہ کیا تمہارے نبی نے ان میں سے کسی چیز کا ذکر کیا تھا، یہاں تک کہ پہاڑ بھی اپنے مقامات سے ہل جائیں گے (موارد)

## حسن بصری کی مرسل حدیث

حضرت حسن بصری سے مرسلاً روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَزُوْلَ الْجِبَالُ مِنْ أَمَاكِنِهَا، وَحَتّٰى تَرَوُا الْأَمْرَ الْعَظِيْمَ الَّذِى لَمْ تَكُوْنُوْا تَرَوْنَهُ (مصنف عبد الرزاق، رقم الحديث ۲۰۷۸۰، كتاب الجامع لمعمر بن راشد، باب اشراط الساعة)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک پہاڑ اپنی جگہ سے ٹل نہ جائیں اور جب تک تم ایسے بڑے بڑے واقعات رونما ہوتے نہ دیکھ لو کہ ان جیسے واقعات زمانے میں پہلے پیش ہی نہ آئے ہوں (مصنف عبدالرزاق)

آج کل خطرناک زلزلوں اور دوسرے موسمی تغیرات کی وجہ سے پہاڑ اپنی جگہ سے ٹل جانے اور ہٹ جانے کے واقعات رونما ہونے لگے ہیں۔

اور اس کے علاوہ بڑی بڑی ایسی چیزیں رونما ہونے لگی ہیں، جو بہت حیران کُن ہیں، مثلاً سمندروں میں جزیروں کا رونما اور ختم ہونا وغیرہ وغیرہ۔

## ابوہریرہ، سہل، ابنِ عمرو عائشہ رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَكُوْنَ فِيْ أُمَّتِيْ خَسْفٌ وَّمَسْخٌ وَقَذْفٌ (صحيح ابنِ حبان، رقم الحديث ٦٧٥٩، تابع لكتاب التاريخ، باب إخباره صلى الله عليه وسلم عما يكون فى أمته من الفتن والحوادث) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک میری امت میں (زلزلوں کے ذریعہ سے زمین میں) دھنس جانا اور صورتوں کا مسخ ہوجانا اور پتھروں کا برسنا نہیں ہوجائے گا (ابنِ حبان)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ مَسْخٌ وَخَسْفٌ وَقَذْفٌ (سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ٤٠٥٩، ابواب الفتن، باب الخسوف) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت سے پہلے (زلزلوں کے ذریعہ سے زمین میں) دھنس جانا اور صورتوں کا مسخ ہوجانا اور پتھروں کا برسنا ہوگا (ابنِ ماجہ)

اور حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: يَكُوْنُ فِيْ آخِرِ أُمَّتِيْ خَسْفٌ وَمَسْخٌ وَقَذْفٌ (سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ٤٠٦٠، ابواب الفتن، باب الخسوف) [3]

ترجمہ: انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ میری امت کے آخری زمانہ میں (زلزلوں کے ذریعہ سے زمین میں) دھنس جانا اور صورتوں کا

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن (حاشية صحيح ابنِ حبان)
[2] قال شعيب الارنؤوط: حسن لغيره (حاشية سنن ابنِ ماجه)
[3] قال شعيب الارنؤوط: حسن لغيره (حاشية سنن ابنِ ماجه)

www.idaraghufran.org

مسخ ہوجانااورپتھروں کابرسناہوگا(ابنِ ماجہ)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَكُوْنُ فِيْ آخِرِ هٰذِهِ الْأُمَّةِ خَسْفٌ وَمَسْخٌ وَقَذْفٌ، قَالَتْ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، أَنَهْلِكُ وَفِيْنَا الصَّالِحُوْنَ؟ قَالَ: نَعَمْ إِذَا ظَهَرَ الْخُبْثُ (سنن الترمذی ،رقم الحدیث۲۱۸۵، ابواب الفتن، باب ما جاء فی الخسف) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس امت کے آخری حصہ میں (زلزلوں کے ذریعہ زمین میں) دھنس جانا اورصورتوں کا مسخ ہوجانا اور پتھروں کا برسنا ہوگا۔

عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ میں نے عرض کیا کہ کیا ہمیں اس حال میں بھی ہلاک کردیا جائے گا کہ ہم میں نیک صالح لوگ ہوں گے،تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک، جب (گناہوں کی) خباثت عام جائے گی (ترمذی)

یعنی جب گناہ اور منکرات عام ہوجائیں گے اور علانیہ گناہ ہوں گے، اور نکیر ہونا بھی بند ہوجائے گی،تو عام ہلاکت ہوگی، جس میں نیک وبد سب ہلاک ہوجائیں گے۔

مگر نیک لوگوں کے لیے تو یہ ہلاکت رحمت ہوگی، کیونکہ یہ اُن کو پاک کردے گی، اور فاسقوں وفاجروں کے لیے عذاب ہوگی۔

## حذیفہ بن اسید غفاری رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت حذیفہ بن اسید غفاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَشْرَفَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ غُرْفَةٍ وَنَحْنُ

---

[1] قال الترمذی:هذا حديث غريب من حديث عائشة، لا نعرفه إلا من هذا الوجه، وعبد الله بن عمر تكلم فيه يحيى بن سعيد من قبل حفظه.

نَتَذَاكَرُ السَّاعَةَ، فَقَالَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَرَوْنَ عَشْرَ آيَاتٍ: طُلُوْعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا، وَالدُّخَانُ، وَالدَّابَّةُ، وَخُرُوْجُ يَأْجُوْجَ، وَمَأْجُوْجَ، وَخُرُوْجُ عِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ، وَالدَّجَّالِ، وَثَلَاثُ خُسُوْفٍ: خَسْفٌ بِالْمَغْرِبِ، وَخَسْفٌ بِالْمَشْرِقِ، وَخَسْفٌ بِجَزِيْرَةِ الْعَرَبِ، وَنَارٌ تَخْرُجُ مِنْ قَعْرِ عَدَنٍ تَسُوْقُ أَوْ تَحْشُرُ النَّاسَ، تَبِيْتُ مَعَهُمْ حَيْثُ بَاتُوْا، وَتَقِيْلُ مَعَهُمْ حَيْثُ قَالُوْا (مسند احمد،رقم الحديث ۱۶۱۴۴) [1]

ترجمہ: ہمیں بالا خانہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جھانک کر دیکھا،اور ہم اس وقت قیامت کا تذکرہ کر رہے تھے،تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک تم دس نشانیاں نہ دیکھ لو،ایک تو سورج کا مغرب سے طلوع ہونا،دوسرے دھواں ،تیسرے دابۃ الارض(ایک مخصوص جانور جو لوگوں سے کلام کرے گا) چوتھے یاجوج ماجوج کا خروج ، پانچویں حضرت عیسٰی کا خروج، چھٹے دجال کا ظہور(ساتویں،آٹھویں اورنویں) زمین میں تین مقامات پر دھنسائے جانے کے واقعات،ایک مغرب میں،ایک مشرق میں،اورایک جزیرہ عرب میں،اورسب سے آخر میں ایک آگ ہوگی،وہ قعرعدن کی جانب سے نکلے گی،یا لوگوں کو گھیر کر شام میں جمع کردے گی،لوگ جہاں پڑاؤ کریں گے،وہ بھی ان کے ساتھ پڑاؤ کرے گی،اورلوگ جہاں قیلولہ کریں گے وہ یہیں قیلولہ کرے گی (مسند احمد)

اس حدیث میں مذکورعلامات کا تعلق قیامت کے بالکل قریب زمانہ سے ہے،جن کا ذکر اگلے حصہ میں آتا ہے۔

لیکن اس حدیث سے بھی یہ بات معلوم ہوگئی کہ قیامت سے پہلے دھنسائے جانے کے تین بڑے واقعات رونما ہوں گے۔

---

[1] قال شعيب الارنؤوط:إسناده صحيح (حاشية مسندأحمد)

## ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَكْثُرُ الصَّوَاعِقُ عِنْدَ اِقْتِرَابِ السَّاعَةِ، حَتّٰى يَأْتِيَ الرَّجُلُ الْقَوْمَ، فَيَقُولَ: مَنْ صَعِقَ قِبَلَكُمُ الْغَدَاةَ ؟ فَيَقُولُونَ: صَعِقَ فُلَانٌ وَفُلَانٌ (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ١٦٢٠) ؎

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے قریب ہونے کے زمانہ میں غشی طاری ہونے کی کثرت ہوجائے گی، یہاں تک کہ ایک آدمی لوگوں کے پاس آکر معلوم کرے گا کہ تمہاری طرف کل کس پر غشی طاری ہوئی؟ تو کہا جائے گا کہ فلاں فلاں پر (مسند احمد)

خلاصہ یہ ہے کہ قیامت سے پہلے زلزلوں کی کثرت ہوگی، اور انسانوں و دیگر اشیاء کو زمین میں دھنسائے جانے اور انسانوں اور دوسری اشیاء کی شکلیں مسخ کیے جانے، اور پتھر برسنے، اور لوگوں پر غشی طاری ہونے کے واقعات میں اضافہ ہوجائے گا، اور اس کی بنیادی وجہ، زمین میں گناہوں کی کثرت ہوگی۔

ایسے حالات میں بندوں کو گناہوں سے بچنے کا اہتمام کرنے کے ساتھ ساتھ استغفار کا اہتمام کرنا مفید ہوگا۔

## فضالہ بن عبید وابوموسیٰ رضی اللہ عنہما کی احادیث

چنانچہ حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

؎ قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح، محمد بن مصعب: وهو ابن صدقة القرقساني، مختلف فيه، قال أحمد: لا بأس به، حديثه عن الأوزاعي مقارب (حاشية مسند أحمد)

عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ أَنَّہُ قَالَ: اَلْعَبْدُ آمِنٌ مِنْ عَذَابِ اللّٰہِ، مَا اِسْتَغْفَرَ اللّٰہَ (مسند احمد، رقم الحدیث ۲۳۹۵۳) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بندہ اس وقت تک اللہ کے عذاب سے محفوظ رہتا ہے، جب تک وہ اللہ سے استغفار کرتا رہے (مسند احمد)

اور حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَمَانَانِ كَانَا عَلٰی عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، رُفِعَ أَحَدُهُمَا، وَبَقِیَ الْآخَرُ: ”وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَأَنْتَ فِيهِمْ وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ“ (مسند احمد، رقم الحدیث ۱۹۵۰۶) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں دو حفاظت و امن کے ذریعے تھے، جن میں سے ایک تو اٹھالیا گیا (یعنی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو) اور دوسرا باقی ہے۔

جیسا کہ (سورہ انفال میں) اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

”وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَأَنْتَ فِيهِمْ وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ“

اور نہیں ہے اللہ کہ عذاب دے ان کو اور آپ ان (لوگوں) میں موجود ہوں، اور نہیں ہے اللہ ان کو عذاب دینے والا، اور وہ استغفار کررہے ہوں (مسند احمد)

اللہ تعالیٰ ہر قسم کے عذاب اور وبال سے حفاظت فرمائے۔ آمین۔

وَاللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی اَعْلَمُ وَعِلْمُہٗ اَتَمُّ وَاَحْکَمُ.

---

[1] قال شعیب الارنؤوط: حسن بمجموع طریقیه وشاهده (حاشیة مسند احمد)

[2] قال شعیب الارنؤوط: صحیح لغیره (حاشیة مسند احمد)

www.idaraghufran.org

(فصل نمبر26)

# حیوانات وجمادات کا کلام کرنا

احادیث سے یہ بات بھی معلوم ہوتی ہے کہ قیامت سے پہلے انسانوں کے ساتھ جانور اور بعض جمادات بھی کلام کریں گے، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں بھی بعض جانوروں کا کلام کرنا، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کی گواہی دینا ثابت ہے۔

## ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ، لَا تَقُوْمُ السَّاعَۃُ حَتّٰی تُکَلِّمَ السِّبَاعُ الْاِنْسَانَ، وَحَتّٰی تُکَلِّمَ الرَّجُلَ عَذَبَۃُ سَوْطِہٖ، وَشِرَاکُ نَعْلِہٖ، وَتُخْبِرُہٗ بِمَا اَحْدَثَ اَھْلُہٗ مِنْ بَعْدِہٖ

(المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۸۴۴۲، کتاب الفتن والملاحم) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک درندے، انسانوں سے کلام نہ کرلیں، اور جب تک آدمی کا کوڑا، اس سے کلام نہ کرلے، اور جب تک آدمی کے جوتے کا تسمہ کلام نہ کرلے، اور اسے اس کام کی خبر نہ دے دے، جو اس کے گھر والوں نے اس کی غیر موجودگی میں کیا (حاکم)

---

[1] قال الحاکم: ھذا حدیث صحیح علی شرط مسلم، ولم یخرجاہ.
وقال الذھبی فی التلخیص: علی شرط مسلم

## ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت

اور سنن ترمذی میں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهٖ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تُكَلِّمَ السِّبَاعُ الْإِنْسَ، وَحَتّٰى تُكَلِّمَ الرَّجُلَ عَذَبَةُ سَوْطِهٖ وَشِرَاكُ نَعْلِهٖ وَتُخْبِرَهٗ فَخِذُهٗ بِمَا أَحْدَثَ أَهْلُهٗ مِنْ بَعْدِهٖ (سنن الترمذی، رقم الحديث ۲۱۸۱، ابواب الفتن، باب ما جاء فی كلام السباع) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک درندے انسانوں سے کلام نہیں کرلیں گے اور جب تک کسی شخص سے اس کا کوڑا اور اس کے جوتے کا تسمہ کلام نہیں کرلے گا اور اس کی ران اسے خبر دے دے گی، جو اس کے بعد اس کے گھر والوں نے کیا (سنن ترمذی)

## ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

اور صحیح ابنِ حبان میں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

بَيْنَا رَاعٍ يَرْعَى بِالْحَرَّةِ إِذْ عَرَضَ ذِئْبٌ لِشَاةٍ مِنْ شَائِهٖ، فَجَاءَ الرَّاعِىُ يَسْعٰى فَانْتَزَعَهَا مِنْهُ، فَقَالَ لِلرَّاعِىْ: أَلَا تَتَّقِى اللّٰهَ، تَحُوْلُ بَيْنِىْ وَبَيْنَ رِزْقٍ سَاقَهُ اللّٰهُ إِلَىَّ؟ قَالَ الرَّاعِىُ: اَلْعَجَبُ لِلذِّئْبِ، وَالذِّئْبُ مُقْعٍ عَلٰى ذَنَبِهٖ، يُكَلِّمُنِىْ بِكَلَامِ الْإِنْسِ، قَالَ الذِّئْبُ لِلرَّاعِىْ: أَلَا أُحَدِّثُكَ بِأَعْجَبَ مِنْ هٰذَا، هٰذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ

---

[1] قال الترمذی: وفی الباب عن أبی هريرة. وهذا حديث حسن صحيح غريب، لا نعرفه إلا من حديث القاسم بن الفضل. والقاسم بن الفضل ثقة مأمون عند أهل الحديث، وثقه يحيى بن سعيد القطان وعبد الرحمن بن مهدى.

الْحَرَّتَيْنِ، يُحَدِّثُ النَّاسَ بِأَنْبَاءِ مَا قَدْ سَبَقَ، فَسَاقَ الرَّاعِي شَاءَهُ إِلَى الْمَدِينَةِ، فَزَوَاهَا فِي زَاوِيَةٍ مِنْ زَوَايَاهَا، ثُمَّ دَخَلَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ مَا قَالَ الذِّئْبُ، فَخَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ وَقَالَ لِلرَّاعِي: قُمْ فَأَخْبِرْ ، فَأَخْبَرَ النَّاسَ بِمَا قَالَ الذِّئْبُ.

وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَدَقَ الرَّاعِي، أَلَا مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ كَلَامُ السِّبَاعِ الْإِنْسَ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى تُكَلِّمَ السِّبَاعُ الْإِنْسَ، وَيُكَلِّمَ الرَّجُلَ نَعْلُهُ، وَعَذَبَةُ سَوْطِهِ، وَيُخْبِرَهُ فَخِذُهُ بِحَدِيثِ أَهْلِهِ بَعْدَهُ (صحيح ابنِ حبان، رقم الحديث ۶۴۹۴، كتاب التاريخ، باب المعجزات) [1]

ترجمہ: ایک چرواہا پہاڑ کی چوٹی میں بکریاں چرا رہا تھا کہ اچانک اس کی بکریوں میں سے ایک بکری پر بھیڑیے نے حملہ کیا، اسی دوران چرواہا آ گیا، اور اس نے بکری کو بھیڑیے سے چھڑا لیا، تو اس بھیڑیے نے چرواہے سے کہا کہ تم اللہ سے نہیں ڈرتے کہ تم میرے اس رزق کے درمیان حائل ہوتے ہو، جو اللہ نے میرے لئے بھیجا تھا؟ وہ چرواہا کہنے لگا کہ تعجب ہے کہ بھیڑیا اپنی دُم پر بیٹھ کر مجھ سے انسانوں کی طرح کلام کر رہا ہے؟ اس بھیڑیے نے چرواہے سے کہا کہ میں تمہیں اس سے زیادہ تعجب کی بات نہ بتا دوں؟

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم (حاشية صحيح ابنِ حبان)
وقال نبيل بن مَنصور بن يَعقوب البصارة: وصرح القاسم بن الفضل بالتحديث من أبى نضرة أيضا عند الترمذى والحاكم والبيهقى. وقال الترمذى: هذا حديث حسن غريب لا نعرفه إلا من حديث القاسم بن الفضل، والقاسم ثقة مأمون عند أهل الحديث وثقه يحيى القطان وعبد الرحمن بن مهدى" وقال الحاكم: صحيح على شرط مسلم" وقال البيهقى: هذا إسناد صحيح" وقال ابن كثير: هذا إسناد على شرط الصحيح "الشمائل ص 274 وقال الهيثمى: رجاله رجال الصحيح "المجمع 8/ 291. قلت: وهو كما قالوا. (أَنِيسُ السَّارى، ج۶، ص ۴۰۵۹، ۴۰۶۰، رقم الحديث ۲۸۲۶، حرف الكاف)

یہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم دو پہاڑوں کے درمیان، لوگوں کو ماضی کی خبریں بتا رہے ہیں۔ پھر وہ چرواہا اپنی بکریوں کو ہانک کر مدینہ منورہ واپس لے آیا، پھر اس نے اپنی بکریوں کو ایک کونے میں چھوڑا، پھر اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر بھیڑیے کے کلام کرنے کا ذکر کیا، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لائے، اور چرواہے کو فرمایا کہ تم کھڑے ہو جاؤ، اور لوگوں کو خبر کرو، پھر اس نے لوگوں کو بھیڑیے کی بات بتلائی۔

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ چرواہے نے سچ کہا ہے، یاد رکھو قیامت کی نشانیوں میں سے درندوں کا انسانوں سے کلام کرنا بھی ہے، قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک درندے، انسانوں سے کلام نہیں کرلیں گے، اور آدمی اپنے جوتے سے کلام کرے گا، اور اپنے کوڑے کے کنارہ سے کلام کرے گا، اور آدمی کو اس کی ران خبر دے گی کہ اس کے گھر والوں نے اس کے بعد کیا کیا ہے (صحیح ابنِ حبان)

## ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

اس طرح کے واقعہ کو عبدالرزاق نے بھی اپنی مصنف میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی سند سے روایت کیا ہے۔ [1]

---

[1] أخبرنا عبد الرزاق عن معمر عن أشعث بن عبد الله عن شهر بن حوشب عن أبى هريرة قال جاء ذئب إلى راعى غنم فأخذ منها شاة فطلبه الراعى حتى انتزعها منه قال صعد الذئب على تل فأقعى واستقر وقال عمدت إلى رزق رزقيه الله أخذته ثم انتزعته منى قال الرجل تالله لئن رأيت كاليوم ذئبا يتكلم قال الذئب أعجب من هذا رجل فى النخيلات بين الحرثين يخبركم بما مضى وبما هو كائن بعدكم قال وكان الرجل يهوديا فجاء إلى النبى صلى الله عليه و سلم فصدقه النبى صلى الله عليه و سلم إنها أمارة من امارات بين يدى الساعة قد أوشك الرجل أن يخرج فلا يرجع حتى يحدثه نعلاه وسوطه بما أحدث أهله بعده (مصنف عبد الرزاق، رقم الحديث ٢٠٨٠٨، جامع معمر بن راشد، باب اشراط الساعة)

آج کل جانوروں پر مختلف تحقیقات جاری ہیں اور ان کے ساتھ انسانوں کا قُرب، اور ایک دوسرے کی باتوں کو سمجھنے کا سلسلہ ترقی پکڑ رہا ہے اور جدید ترقی یافتہ دور میں ایسی مشینیں اور آلات ایجاد ہوگئے ہیں، جن سے انسان بات چیت کرتا ہے، اور اُن کے ذریعے سارا ریکارڈ محفوظ کرتا ہے، آگے مزید بھی سلسلہ جاری ہے۔

## ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ایک لمبی حدیث میں روایت ہے کہ:

صَلّٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الصُّبْحِ، ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَی النَّاسِ ،فَقَالَ :بَيْنَا رَجُلٌ يَسُوْقُ بَقَرَةً إِذْ رَكِبَهَا فَضَرَبَهَا ،فَقَالَتْ: إِنَّا لَمْ نُخْلَقْ لِهٰذَا، إِنَّمَا خُلِقْنَا لِلْحَرْثِ ،فَقَالَ النَّاسُ: سُبْحَانَ اللّٰهِ !بَقَرَةٌ تَكَلَّمُ ،فَقَالَ: فَإِنِّیْ أُوْمِنُ بِهٰذَا أَنَا وَأَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ وَمَا هُمَا ثَمَّ (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۳۴۷۱، کتاب احادیث الانبیاء، باب حدیث الغار، صحیح مسلم، رقم الحدیث ۲۳۸۸ "۱۳")

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر کی نماز پڑھی، پھر لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے، اور فرمایا کہ ایک آدمی بیل کو ہانک کر لے جارہا تھا، کہ اس پر سوار ہوگیا، اور اس کو (چلنے کے لئے) مارنے لگا، تو اس بیل نے کہا کہ ہم اس (یعنی سوار ہونے) کے لئے پیدا نہیں کئے گئے، ہم تو صرف (زمین کی) کھیتی کے لئے پیدا کئے گئے ہیں، لوگوں نے (تعجب سے) کہا کہ سبحان اللہ! بیل بھی بات کرتا ہے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرا تو اس پر ایمان ہے، اور ابوبکر وعمر کا بھی (کہ اللہ تعالیٰ جانوروں کو بھی بولنے کی قدرت دے سکتا ہے) اور اس وقت حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما وہاں موجود نہ تھے (بخاری، مسلم)

# ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بَيْنَمَا رَجُلٌ رَاكِبٌ عَلٰى بَقَرَةٍ اِلْتَفَتَتْ إِلَيْهِ، فَقَالَتْ: لَمْ أُخْلَقْ لِهٰذَا، خُلِقْتُ لِلْحِرَاثَةِ، قَالَ: آمَنْتُ بِهٖ أَنَا وَأَبُوْ بَكْرٍ، وَعُمَرُ، وَأَخَذَ الذِّئْبُ شَاةً فَتَبِعَهَا الرَّاعِيُ، فَقَالَ لَهُ الذِّئْبُ: مَنْ لَهَا يَوْمَ السَّبُعِ، يَوْمَ لَا رَاعِيَ لَهَا غَيْرِيْ، قَالَ: آمَنْتُ بِهٖ أَنَا وَأَبُوْ بَكْرٍ، وَعُمَرُ ،قَالَ أَبُوْ سَلَمَةَ: وَمَا هُمَا يَوْمَئِذٍ فِي الْقَوْمِ (صحيح البخاری، رقم الحديث ۲۳۲۴، كتاب الحرث والمزارعة، باب استعمال البقر للحراثة)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک آدمی گائے پر سواری کر رہا تھا، اس گائے نے اس سوار کی طرف منہ کر کے کہا کہ مجھے اس مقصد کے لئے پیدا نہیں کیا گیا مجھے تو کھیتی باڑی کے لئے پیدا کیا گیا ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرا تو اس (گائے کے کلام کرنے) پر ایمان ہے، اور ابو بکر و عمر کا بھی ایمان ہے (کہ اللہ جانوروں کو بھی بولنے کی قدرت دے سکتا ہے) اور ایک بھیڑیے نے بکری کو پکڑا، تو اس کے پیچھے چرواہا گیا، تو اس کو بھیڑیے نے کہا کہ ”سبع“ (درندوں وغیرہ) کا دن کس کے لئے ہوگا، جب میرے علاوہ کوئی چرواہا نہیں ہوگا، پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس (بھیڑیے کے کلام کرنے) پر میرا بھی ایمان ہے، اور ابو بکر و عمر کا بھی ایمان ہے، ابو سلمہ راوی کہتے ہیں کہ اس وقت لوگوں میں ابو بکر و عمر موجود بھی نہیں تھے (بخاری)

اللہ تعالیٰ نے اپنی ہر مخلوق کو اس کی شان کے مطابق سمجھ بوجھ اور عقل و شعور عطاء فرمایا ہے۔ اسی وجہ سے ہر مخلوق اللہ کی تسبیح و تقدیس بیان کرتی ہے، جو ہمیں سمجھ نہیں آتی۔

چنانچہ سورہ اسراء میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

**تُسَبِّحُ لَهُ السَّمَاوَاتُ السَّبْعُ وَالْأَرْضُ وَمَنْ فِيهِنَّ، وَإِنْ مِّنْ شَيْءٍ إِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهِ وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِيْحَهُمْ. إِنَّهُ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا**

(سورۃ الاسراء، رقم الآیۃ ۴۴)

ترجمہ: تسبیح بیان کرتے ہیں اس (اللہ) کے لئے ساتوں آسمان، اور زمین، اور وہ مخلوق جو اُن (آسمانوں اور زمین) میں موجود ہے، اور نہیں ہے کوئی چیز مگر تسبیح کرتی ہے وہ اللہ کی حمد کے ساتھ، اور لیکن نہیں سمجھتے تم ان کی تسبیح کو، بے شک وہ (اللہ) حلیم ہے، غفور ہے (سورہ اسراء)

اور سورہ نور میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

**أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللّٰهَ يُسَبِّحُ لَهُ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَالطَّيْرُ صَافَّاتٍ كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهُ وَتَسْبِيْحَهُ، وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ بِمَا يَفْعَلُوْنَ** (سورۃ النور، رقم الآیۃ ۴۱)

ترجمہ: کیا نہیں دیکھا تو نے کہ بے شک تسبیح بیان کرتی ہے اس (اللہ) کے لئے وہ (مخلوق) جو آسمانوں میں ہے اور زمین میں ہے، اور پرندے پر کھولے ہوئے، ہر ایک نے جان لیا ہے اپنی نماز کو اور اپنی تسبیح کو، اور اللہ علیم ہے، ان کاموں کا جو کرتے ہیں وہ (سورہ نور)

اور سورہ حشر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

**يُسَبِّحُ لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ** (سورۃ الحشر، رقم الآیۃ ۲۴)

ترجمہ: تسبیح کرتی ہیں اس (اللہ) کے لئے وہ چیزیں جو آسمانوں میں ہیں، اور زمین میں ہیں، اور وہ (اللہ) عزیز ہے، حکیم ہے (سورہ حشر)



Idara Ghufran

اور سورہ جمعہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ الْمَلِكِ الْقُدُّوسِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ (سورة الجمعة، رقم الآية ١)

ترجمہ: تسبیح کرتی ہیں اللہ کے لئے وہ چیزیں جو آسمانوں میں ہیں، اور جو چیزیں زمین میں ہیں وہ ملک ہے، قدوس ہے، عزیز ہے، حکیم ہے (سورہ جمعہ)

اور سورہ تغابن میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ،لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ (سورة التغابن، رقم الآية ١)

ترجمہ: تسبیح کرتی ہیں اللہ کے لئے وہ چیزیں جو آسمانوں میں ہیں، اور جو چیزیں زمین میں ہیں، اسی کے لئے ہے ملک، اور اسی کے لئے ہے حمد، اور وہ ہر چیز پر قدیر ہے (سورہ تغابن)

اسی وجہ سے جب اللہ کا اس کی کسی بھی مخلوق کے لئے انسانوں سے ان کی سمجھ کے مطابق کلام کرنے کا حکم ہوگا، تو وہ اللہ کی قدرت کے نمونہ کو ظاہر کرنے کے لئے انسانوں سے کلام کرے گی۔

اور موجودہ سائنس جس برق رفتاری کے ساتھ اللہ کی مخلوق پر تحقیق کرتی جا رہی ہے، اس سے یہ بات پوری طرح ظاہر ہوتی جا رہی ہے کہ اس کائنات میں ہر چیز کے اندر مخصوص روح موجود ہے۔

چنانچہ آج کی صدی سے پہلے کسی کو خبر نہیں تھی کہ فضاء اور ہوا میں بھی ہوا کے علاوہ کوئی دوسری تاثیر اللہ تعالیٰ نے رکھی ہے، لیکن آج سائنس نے ہوا میں اللہ کی ودیعت کردہ کئی تاثیرات کو معلوم کرلیا ہے، اور آج کے دور کے ڈیجیٹل میڈیا کے ذریعہ مختلف پیغامات اور محرکات کی نقل وحرکت، اسی ہوا کے ذریعہ جاری ہے۔

## (فصل نمبر 27)

# اسلام کی اجنبیت، ایمانی کمزوری وایمان فروشی کا فتنہ

نبیِ آخرالزمان محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے بھی ہم کو خبردار کیا ہے کہ قیامت جوں جوں قریب ہوتی جائے گی اسی حیثیت اور تناسب سے اسلام اجنبی بنتا جائے گا، عام لوگوں کا ایمان کمزور پڑتا چلا جائے گا، عملی زندگی کی حالت ناگفتہ بہ حد تک بگڑ جائے گی، اور رفتہ رفتہ نوبت یہاں تک آن پہنچے گی کہ ایمان کے لالے پڑ جائیں گے، اور ایمان اتنے کمزور پڑ جائیں گے کہ لوگ فتنوں کی لپیٹ میں آ کر اپنے ایمان کو یک دم خیر باد کہنا شروع کر دیں گے۔

اب اس بارے میں کچھ تفصیل ملاحظہ کر لی جائے۔

## ابوہریرہ، ابنِ عمر وانس رضی اللہ عنہم کی احادیث

صحیح بخاری میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: إِنَّ الْإِيْمَانَ لَيَأْرِزُ إِلَى الْمَدِيْنَةِ كَمَا تَأْرِزُ الْحَيَّةُ إِلٰى جُحْرِهَا (صحيح البخاري، رقم الحديث ١٨٧٦، كتاب الحج، فضائل المدينة، باب: الإيمان يأرز إلى المدينة)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک ایمان، مدینہ منورہ تک سکڑ کر رہ جائے گا، جس طرح سانپ سکڑ کر اپنے سوراخ میں چلا جاتا ہے (بخاری)

اور صحیح مسلم میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَدَأَ الْإِسْلَامُ غَرِيْبًا، وَسَيَعُوْدُ

كَمَا بَدَأَ غَرِيبًا، فَطُوبَى لِلْغُرَبَاءِ (صحيح مسلم،رقم الحديث ۱۴۵ "۲۳۲"

كتاب الإيمان، باب بيان أن الإسلام بدأ غريبا وسيعود غريبا، وإنه يأرز بين المسجدين)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اسلام کی اجنبی حالت میں ابتداء ہوئی، اور عنقریب وہ ابتدائی اجنبی حالت میں لوٹ آئے گا، پس اجنبیوں کے لئے خوش خبری ہے (مسلم)

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الْإِسْلَامَ بَدَأَ غَرِيبًا وَسَيَعُودُ غَرِيبًا كَمَا بَدَأَ، وَهُوَ يَأْرِزُ بَيْنَ الْمَسْجِدَيْنِ، كَمَا تَأْرِزُ الْحَيَّةُ فِي جُحْرِهَا (صحيح مسلم،رقم الحديث ۱۴۶، كتاب الإيمان،باب بيان أن الإسلام بدأ غريبا وسيعود غريبا، وإنه يأرز بين المسجدين)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اسلام کی، اجنبی حالت میں ابتداء ہوئی، اور عنقریب وہ اجنبی حالت میں لوٹ آئے گا، جیسے اس کی ابتداء ہوئی تھی، اور وہ سکڑ کر دو مسجدوں (یعنی مسجدِ حرام، اور مسجدِ نبوی) کے درمیان رہ جائے گا، جیسا کہ سانپ اپنے سوراخ میں سکڑ جاتا ہے (مسلم)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الْإِسْلَامَ بَدَأَ غَرِيبًا، وَسَيَعُودُ غَرِيبًا، فَطُوبَى لِلْغُرَبَاءِ (سنن ابنِ ماجه،رقم الحديث ۳۹۸۷، ابواب الفتن،باب: بدأ الإسلام غريبا) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اسلام کی ابتداء اجنبی حالت میں ہوئی، اور عنقریب وہ اجنبی ہو کر لوٹ آئے گا، پس اجنبیوں کے لئے خوش خبری ہے (ابنِ ماجہ)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره، وهذا إسناد حسن في الشواهد (حاشية سنن ابنِ ماجه)

# ابنِ مسعود، عبداللہ بن عمرو، سعد رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْإِسْلَامَ بَدَأَ غَرِيْبًا وَسَيَعُوْدُ غَـرِيْبًا كَمَا بَدَأَ، فَطُوْبٰى لِلْغُرَبَاءِ (سنن الترمذی، رقم الحديث ۲۶۲۹، ابواب الإيمان، باب ما جاء أن الإسلام بدأ غريبا وسيعود غريبا) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک اسلام کی ابتداء اجنبی حالت میں ہوئی، اور عنقریب وہ اجنبی ہوکر لوٹ آئے گا، جس طرح اس کی ابتداء ہوئی تھی، پس اجنبیوں کے لئے خوش خبری ہے (ترمذی)

اور سنن ابنِ ماجہ میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْإِسْلَامَ بَدَأَ غَرِيْبًا، وَسَيَعُوْدُ غَـرِيْبًـا، فَـطُوْبٰى لِلْغُرَبَاءِ، قَـالَ: قِيْـلَ: وَمَـنُ الْـغُرَبَاءُ؟ قَالَ: اَلنُّزَّاعُ مِنَ الْقَبَائِلِ (سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ۳۹۸۸، ابواب الفتن، باب بدأ الإسلام غريبا) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک اسلام کی ابتداء اجنبی حالت میں ہوئی، اور عنقریب وہ اجنبی ہوکر لوٹ آئے گا، پس اجنبیوں کے لئے خوش خبری ہے، عبداللہ بن مسعود کہتے ہیں کہ سوال کیا گیا کہ اجنبی لوگ کون ہیں؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قبیلوں میں سے الگ ہونے والے (ابنِ ماجہ)

---

[1] قال الترمذی:

وفی الباب عن سعد، وابن عمر، وجابر، وأنس، وعبد الله بن عمرو. هذا حديث حسن صحيح، غريب من حديث ابن مسعود، إنما نعرفه من حديث حفص بن غياث عن الأعمش. وأبو الأحوص اسمه عوف بن مالك بن نضلة الجشمی، تفرد به حفص.

[2] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية سنن ابنِ ماجه)

www.idaraghufran.org

یہ روایت مسند احمد میں بھی ہے۔ [1]

قبیلوں میں سے الگ ہونے والے لوگوں سے وہ لوگ جو فتنہ وفساد کے زمانہ میں دین پر چلنے اور اس کے اجنبی سمجھے جانے کی وجہ سے اپنے قبیلہ کے لوگوں سے الگ تھلگ ہوں، یا ان کو الگ تھلگ کر دیا جائے۔ [2]

اور امام دانی نے "السنن الواردۃ" میں حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ سے اس طرح روایت کیا ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْإِسْلَامَ بَدَأَ غَرِيْبًا، وَسَيَعُوْدُ غَرِيْبًا كَمَا بَدَأَ، فَطُوْبٰى لِلْغُرَبَاءِ، قِيْلَ: مَنْ هُمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: اَلَّذِيْنَ يَصْلُحُوْنَ إِذَا فَسَدَ النَّاسُ (السنن الواردة فى الفتن، للدانى، رقم الحديث ٢٨٨، باب قول النبى صلى الله عليه وسلم: بدأ الإسلام غريبا وسيعود غريبا) [3]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک اسلام کی ابتداء اجنبی حالت میں ہوئی، اور عنقریب وہ اجنبی ہو کر لوٹ آئے گا، جس طرح اس کی ابتداء ہوئی تھی، پس اجنبیوں کے لئے خوش خبری ہے، سوال کیا گیا کہ اے اللہ کے رسول! اجنبی لوگ کون ہیں؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے جواب میں

---

[1] عن عبد الله، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: " إن الإسلام بدأ غريبا، وسيعود كما بدأ، فطوبى للغرباء "، قيل: ومن الغرباء؟ قال: " النزاع من القبائل " (مسند احمد، رقم الحديث ٣٧٨٤)

قال شعيب الارنؤوط: إسناد أحمد صحيح على شرط مسلم (حاشية مسند احمد)

[2] قوله: (قال النزاع) ضبط بضم فتشديد، قيل: هو جمع نزيع ونازع وهو الغريب الذى أنزع عن أهله وعشيرته، أى: الذين يخرجون عن الأوطان لإقامة سنن الإسلام وقد جاء عن بعض السلف أنهم أهل الحديث، والله أعلم (حاشية السندى على سنن ابن ماجه، ج٢، ص٤٧٨، كتاب الفتن، باب بدأ الإسلام غريبا)

[3] قال سعد بن ناصر بن عبد العزيز الشثرى: وسنده صحيح (حاشية المطالب العالية، ج١٣، ص١٢٨، تحت رقم الحديث ٣١٢٩، كتاب الرقائق، باب الوصايا النافعة)

فرمایا کہ وہ لوگ جو اس وقت نیک ہوں، جب لوگ بگڑ چکے ہوں (السنن الواردۃ)

اس طرح کی حدیث حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی سند سے بھی مروی ہے۔ [1]

اور حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

طُوْبٰی لِلْغُرَبَاءِ ! اَلَّذِیْنَ یَصْلُحُوْنَ عِنْدَ فَسَادِ النَّاسِ (السنن الواردة فی الفتن،للدانی،رقم الحدیث ۲۹۱،باب قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم: بدأ الإسلام غریبا وسیعود غریبا) [2]

ترجمہ: اجنبیوں کے لئے خوش خبری ہے، جو لوگوں کے بگڑ جانے کے وقت بھی نیک ہوں (السنن الواردۃ)

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ يَقُوْلُ: إِنَّ الْإِيْمَانَ بَدَأَ غَرِيْبًا وَسَيَعُوْدُ كَمَا بَدَأَ، فَطُوْبٰى يَوْمَئِذٍ لِلْغُرَبَاءِ إِذَا فَسَدَ النَّاسُ، وَالَّذِىْ نَفْسُ أَبِى الْقَاسِمِ بِيَدِهٖ لَيَأْرِزَنَّ الْإِيْمَانُ بَيْنَ هٰذَيْنِ الْمَسْجِدَيْنِ كَمَا تَأْرِزُ الْحَيَّةُ فِىْ جُحْرِهَا (مسند احمد، رقم الحدیث ۱۶۰۴) [3]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ بلاشبہ ایمان

---

[1] عن خالد بن أبی عمران ,قال :قال أبو عیاش قال :سمعت جابر بن عبد اللہ یقول :قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم :إن الإسلام بدأ غریبا وسیعود غریبا کما بدأ ,فطوبی للغرباء .قلنا :من هم یا رسول اللہ؟ قال :الذین یصلحون حین یفسد الناس(شرح أصول اعتقاد أهل السنة والجماعة،لهبة اللہ اللالکائی، ج ۱ ص ۱۳۱،رقم الحدیث ۱۷۳، باب سیاق ذکر من رسم بالإمامة فی السنة )

[2] قال الالبانی:قلت :وهذا سند صحیح رجاله ثقات رجال الصحیح غیر محمد بن آدم المصیصی وهو ثقة کما قال النسائی وغیره .ورواه الآجری فی "الغرباء من هذا الوجه والترمذی من طریق أخری عن حفص به دون السؤال .وقال " :حسن صحیح ."وله شاهدان من حدیث سعد بن أبی وقاص وعبد اللہ بن عمرو بن العاص عند الدانی بإسنادین صحیحین(سلسلة الاحادیث الصحیحة،تحت رقم الحدیث ۱۲۷۳)

[3] قال شعیب الارنؤوط:إسناده جید (حاشیة مسند احمد)

اجنبی وبیگانہ ہونے کی حالت میں شروع ہوا، اور عنقریب وہ اسی حال میں لوٹ آئے گا، جیسے آغاز کے وقت تھا، ایسے وقت ان اجنبیوں (وبیگانوں) کے لیے خوشخبری ہے، جب لوگوں میں بگاڑ آجائے گا، قسم ہے اس ذات کی کہ ابوالقاسم (محمد) کی جان اس کے ہاتھ میں ہے، ضرور ایمان، ان دومسجدوں (مسجدِ حرام ومسجدِ نبوی) کے درمیان سمٹ کررہ جائے گا، جیسے سانپ اپنے سوراخ میں سمٹ جاتا ہے (مسند احمد)

اور حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے ایک روایت میں ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَقُوْلُ: إِنَّ الْإِيْمَانَ بَدَأَ غَرِيْبًا وَسَيَعُوْدُ غَرِيْبًا كَمَا بَدَأَ ، فَطُوْبٰى يَوْمَئِذٍ لِلْغُرَبَاءِ ، وَهُمُ الَّذِيْنَ يَصْلُحُوْنَ إِذَا فَسَدَ النَّاسُ ، وَالَّذِىْ نَفْسُ أَبِىْ الْقَاسِمِ بِيَدِهٖ لَيَأْرِزَنَّ الْإِيْمَانُ بَيْنَ هٰذَيْنِ الْمَسْجِدَيْنِ كَمَا تَأْرِزُ الْحَيَّةُ إِلٰى جُحْرِهَا (السنن الواردة فی الفتن، للدانی، رقم الحدیث ۲۹۰، باب قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم: بدأ الإسلام غریبا وسیعود غریبا)

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ بے شک ایمان، اجنبی (وبیگانگی) کی حالت میں شروع ہوا تھا، اور اجنبی (وبیگانگی) کی حالت میں لوٹ آئے گا، جس طرح شروع ہوا تھا، پس خوشخبری ہے، اس وقت اجنبیوں کے لئے، اور وہ (یعنی اجنبی) وہ لوگ ہیں کہ جو اس وقت بھی نیک ہوں، جب لوگ بگڑ چکے ہوں، اور قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں ابوالقاسم (یعنی محمد) کی جان ہے، ضرور ایمان ان دومسجدوں (مسجدِ حرام ومسجدِ نبوی) کے درمیان سمٹ کررہ جائے گا، جیسے سانپ اپنے سوراخ میں سمٹ جاتا ہے (مسند احمد)

جن احادیث میں ''غرباء'' ان لوگوں کو کہا گیا، جو اجنبی ہونے کی وجہ سے اپنے اپنے قبیلہ سے

الگ ہوں، وہ بھی دراصل وہی لوگ ہیں، جو لوگوں، اور معاشرہ میں بگاڑ کی حالت میں دین پر قائم اور نیک رہیں، جب معاشرہ میں عام بگاڑ آ جائے، تو صحیح دین پر چلنے والوں کا بگڑے ہوئے معاشرہ سے مانوس ہو کر رہنا، بہت مشکل ہے، اس کو اجنبی ہو کر ہی رہنا پڑتا ہے، اور دوسرے لوگ بھی اس کے ساتھ اجنبیوں والا برتاؤ کرتے ہیں۔

اور آج کے معاشرہ میں اس حالت کا مشاہدہ ہونے لگا ہے۔

## ثوبان رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُوْشِكُ الْأُمَمُ أَنْ تَدَاعَى عَلَيْكُمْ كَمَا تَدَاعَى الْأَكَلَةُ إِلٰى قَصْعَتِهَا، فَقَالَ قَائِلٌ: وَمِنْ قِلَّةٍ نَحْنُ يَوْمَئِذٍ؟ قَالَ: بَلْ أَنْتُمْ يَوْمَئِذٍ كَثِيْرٌ، وَلٰكِنَّكُمْ غُثَاءٌ كَغُثَاءِ السَّيْلِ، وَلَيَنْزَعَنَّ اللّٰهُ مِنْ صُدُوْرِ عَدُوِّكُمُ الْمَهَابَةَ مِنْكُمْ، وَلَيَقْذِفَنَّ اللّٰهُ فِيْ قُلُوْبِكُمُ الْوَهْنَ، فَقَالَ قَائِلٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَمَا الْوَهْنُ؟ قَالَ: حُبُّ الدُّنْيَا، وَكَرَاهِيَةُ الْمَوْتِ (سنن ابی داود، رقم الحديث ۴۲۹۷، کتاب الملاحم، باب فی تداعی الأمم علی الإسلام) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ وقت قریب آتا ہے، جب تمام کافر قومیں تمہارے اوپر حملہ آور ہونے کے لیے ایک دوسرے کو اس طرح بلائیں گی جیسے دسترخوان پر کھانا کھانے والے (لذیذ) کھانے کی طرف ایک دوسرے کو بُلاتے ہیں، کسی نے عرض کیا، اے اللہ کے رسول! کیا ہماری تعداد میں کمی کی وجہ سے ہمارا یہ حال ہوگا؟

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث حسن (حاشية سنن ابی داود)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں، بلکہ تم اس وقت تعداد میں بہت ہوگے، البتہ تم سیلاب کے جھاگ کی طرح ناکارہ ہوگے، یقیناً اللہ تمہارے دشمنوں کے دل سے تمہارا رعب اور دبدبہ نکال دے گا اور تمہارے دِلوں میں ''بزدلی'' ڈال دے گا، کسی نے عرض کیا، اے اللہ کے رسول! بُزدلی سے کیا مُراد ہے؟ فرمایا کہ ''دنیا کی محبت اور موت سے نفرت'' (ابوداود)

اس طرح کی احادیث دوسری سندوں سے بھی مروی ہیں، جن سے معلوم ہوتا ہے کہ قیامت سے پہلے مسلمانوں کے دلوں میں دنیا کی محبت، اور موت سے نفرت کی وجہ سے مسلمانوں کی تعداد زیادہ ہونے کے باوجود، ان کی حیثیت جھاگ کی طرح ہوکر رہ گئی ہے۔

آج مسلمان دنیا میں تعداد کے اعتبار سے بہت زیادہ ہونے کے باوجود ہر طرف کافروں کے ظلم وستم کے شکنجہ میں پھنسے ہوئے ہیں، اور اکثر وبیشتر کافروں سے مغلوب ہوکر زندگی گزار رہے ہیں، جس کی وجہ دنیا کی محبت اور موت سے نفرت ہے۔

## عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ يَقُوْلُ هَلَاكُ أُمَّتِيْ فِي الْكِتَابِ وَاللَّبَنِ قَالُوْا يَارَسُوْلَ اللهِ مَاالْكِتَابُ وَاللَّبَنُ؟قَالَ: يَتَعَلَّمُوْنَ الْقُرْآنَ فَيَتَأَوَّلُوْنَهُ عَلٰى غَيْرِ مَاأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ وَيُحِبُّوْنَ اللَّبَنَ فَيَدَعُوْنَ الْجَمَاعَاتِ وَالْجُمَعَ وَيَبْدُوْنَ (مسند احمد، رقم الحديث ١٧٤١٥) [1]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: اسناداه حسنان (حاشية مسند احمد)

وقال الهيثمي: رواه أبو يعلى وأحمد وفيه ابن لهيعة وقال أبو قبيل :لم أسمع من عقبة إلا هذا الحديث (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ٣١٨٣، باب فيمن فاتته الجمعة)

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ میری امت کی ہلاکت کتاب اور دودھ کی وجہ سے ہوگی، صحابہ کرام نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! کتاب اور دودھ سے کیا مراد ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قرآن سیکھ کر پھر (اس کے بعد بعض) لوگ اس کے ایسے معنیٰ بیان کریں گے، جو اللہ عزوجل کی مراد نہیں، اور وہ دودھ کی محبت کی وجہ سے جمعہ اور جماعت کی نماز چھوڑ دیں گے، اور وہ بادیہ نشینی اختیار کریں گے (مسند احمد)

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ محض دودھ کی محبت کی وجہ سے جمعہ اور جماعت کی نماز کو چھوڑ دیا جائے گا، جیسا کہ آج کل جانور اور مویشی رکھنے والوں کا یہی طریقہ ہے۔

## ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ نَبِيٍّ بَعَثَهُ اللّٰهُ فِيْ أُمَّةٍ قَبْلِيْ إِلَّا كَانَ لَهُ مِنْ أُمَّتِهِ حَوَارِيُّوْنَ، وَأَصْحَابٌ يَأْخُذُوْنَ بِسُنَّتِهِ وَيَقْتَدُوْنَ بِأَمْرِهِ، ثُمَّ إِنَّهَا تَخْلُفُ مِنْ بَعْدِهِمْ خُلُوْفٌ يَقُوْلُوْنَ مَا لَا يَفْعَلُوْنَ، وَيَفْعَلُوْنَ مَا لَا يُؤْمَرُوْنَ، فَمَنْ جَاهَدَهُمْ بِيَدِهِ فَهُوَ مُؤْمِنٌ،

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

و قال الالبانی: قلت :وهذا الحديث من أحاديث ابن لهيعة الصحيحة، لأنه من رواية أبى عبد الرحمن عنه، واسمه عبد الله بن يزيد المقرىء المكى، وهو ثقة من رجال الشيخين ومن كبار شيوخ البخارى، وقد ذكروا أنه من العبادلة الذين رووا عن ابن لهيعة قبل احتراق كتبه وأنه صحيح الحديث فيما رووه عنه .وقد روى هذا بإسنادين :الأول :عن أبى قبيل عن عقبة .والآخر :عن يزيد بن أبى حبيب عن أبى الخير عن عقبة .وهذا إسناد صحيح، لأن من فوق ابن لهيعة ثقتان من رجال الشيخين أيضا وأبو الخير اسمه مرثد بن عبد الله اليزنى .وأما إسناده الأول فحسن لأن أبا قبيل واسمه حيى بن هانى المعافرى وثقه جماعة منهم أحمد، وضعفه بعضهم، وقال الحافظ فى " التقريب " :"صدوق يهم ."فهو حسن الحديث على الأقل، والله أعلم (سلسلة الاحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ٢٧٧٨)

وَمَنْ جَاهَدَهُمْ بِلِسَانِهٖ فَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَمَنْ جَاهَدَهُمْ بِقَلْبِهٖ فَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَلَيْسَ وَرَاءَ ذٰلِكَ مِنَ الْإِيْمَانِ حَبَّةُ خَرْدَلٍ (صحیح مسلم، رقم الحدیث ۵۰ "۸۰" کتاب الإیمان، باب بیان کون النھی عن المنکر من الإیمان الخ)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھ سے پہلے جس نبی کو بھی اللہ تعالیٰ نے اُس کی امت میں مبعوث فرمایا، اُس کی امت میں کچھ مخلص اور خاص رفقاء ضرور ہوئے، جو اُس کی سنت کی پابندی اور اُس کے حکم کی پیروی کرتے، پھر ان کے بعد ایسے ناخلف (نالائق امتی) پیدا ہوتے جو کہتے کچھ اور کرتے کچھ، اور جو کچھ ان کو حکم دیا گیا تھا اُس کے خلاف عمل کرتے (اسی طرح اس امت میں بھی ایسے ناخلف پیدا ہوں گے جو اسلام کا نام تو لیں گے لیکن ان کا عمل اس کے خلاف ہوگا) پس جو شخص (بشرطِ قدرت) ہاتھ سے ان کے خلاف جہاد کرے گا وہ مؤمن ہے، اور جو زبان سے ان کے خلاف جہاد کرے گا وہ بھی مؤمن ہے، اور جو ان کے خلاف دل سے جہاد کرے گا (کہ ان کی بدعملی کو کم از کم دل سے ہی بُرا سمجھے) وہ بھی (کمزور درجے کا) مؤمن ہے، اور اُس کے بعد تو رائی کے دانے کے برابر بھی ایمان نہیں رہتا" (مسلم)

معلوم ہوا کہ نبی کے زمانہ کو دوری ہونے کے ساتھ ساتھ ایمانی کمزوری بھی بڑھتی جائے گی۔

## حذیفہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَدْرُسُ الْإِسْلَامُ كَمَا يَدْرُسُ وَشْيُ الثَّوْبِ حَتّٰى لَا يُدْرٰى مَا صِيَامٌ وَلَا صَلَاةٌ وَلَا نُسُكٌ وَلَا صَدَقَةٌ، وَلَيُسْرٰى عَلٰى كِتَابِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فِيْ لَيْلَةٍ فَلَا يَبْقٰى فِيْ

الْأَرْضِ مِنْهُ آيَةٌ وَتَبْقَى طَوَائِفُ مِنَ النَّاسِ اَلشَّيْخُ الْكَبِيْرُ ، وَالْعَجُوْزُ يَقُوْلُوْنَ أَدْرَكْنَا آبَاءَ نَا عَلٰى هٰذِهِ الْكَلِمَةِ "لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ" فَنَحْنُ نَقُوْلُهَا فَقَالَ لَهُ صِلَةُ مَا تُغْنِيْ عَنْهُمْ "لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ" وَهُمْ لَا يَدْرُوْنَ مَا صَلَاةٌ وَلَا صِيَامٌ وَلَا نُسُكٌ وَلَا صَدَقَةٌ ،فَأَعْرَضَ عَنْهُ حُذَيْفَةُ ثُمَّ رَدَّهَا عَلَيْهِ ثَلَاثًا كُلَّ ذٰلِكَ يُعْرِضُ عَنْهُ حُذَيْفَةُ ،ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَيْهِ فِي الثَّالِثَةِ ،فَقَالَ: يَا صِلَةُ تُنْجِيْهِمْ مِنَ النَّارِ ثَلَاثًا (سنن ابنِ ماجه،رقم الحديث ۴۰۴۹، ابواب الفتن، باب ذهاب القرآن والعلم) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اسلام پرانا ہو جائے گا، جس طرح منقش کپڑا پرانا ہو جاتا ہے (اور اس کا حسن ونقش ختم ہو جاتا ہے) یہاں تک ، روزہ ،نماز ،حج اور صدقہ کا بھی ادراک نہیں رہے گا، اور اللہ کی کتاب ایک ہی رات میں ایسی غائب ہوگی کہ زمین میں اس کی ایک آیت بھی باقی نہ رہے گی۔

اور انسانوں کے کچھ قبائل (یا گروہ) ایسے رہ جائیں گے کہ ان میں بوڑھے مرد اور بوڑھی عورتیں کہیں گی کہ ہم نے اپنے آباء واجداد کو یہ کلمہ پڑھتے سنا تھا کہ ''لا الٰہ الا اللّٰہ'' اس لئے ہم بھی یہ کلمہ کہتے ہیں۔

حضرت حذیفہ کے شاگرد صلہ نے عرض کیا کہ'' لا الٰہ الا اللّٰہ '' سے انہیں کیا فائدہ ہوگا جب انہیں نہ نماز کا علم ہوگا، اور نہ روزہ کا علم ہوگا، اور نہ حج اور صدقہ کا علم ہوگا؟ اس پر حذیفہ رضی اللہ عنہ نے ان کی طرف سے منہ پھیر لیا، انہوں نے دوبارہ سہ بارہ یہی سوال دھرایا، حذیفہ منہ پھیرتے رہے، پھر تیسری مرتبہ ان کی طرف متوجہ ہوئے، اور فرمایا کہ اے صلہ ''لا الٰہ الا اللّٰہ '' ان کو جہنم سے نجات دلائے گا، حذیفہ نے تین مرتبہ یہی بات فرمائی (سنن ابنِ ماجہ)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية سنن ابنِ ماجه)

www.idaraghufran.org

## ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بَادِرُوا بِالْأَعْمَالِ فِتَنًا كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ، يُصْبِحُ الرَّجُلُ مُؤْمِنًا وَيُمْسِي كَافِرًا، أَوْ يُمْسِي مُؤْمِنًا وَيُصْبِحُ كَافِرًا، يَبِيعُ دِينَهُ بِعَرَضٍ مِنَ الدُّنْيَا (صحيح مسلم، رقم الحديث ١١٨ "١٨٦" كتاب الإيمان، باب الحث على المبادرة بالأعمال قبل تظاهر الفتن)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اُن تاریک فتنوں کے آنے سے پہلے پہلے نیک اعمال کرلو، جو اندھیری رات کی تہ بتہ (اوراوپر نیچے) تاریکیوں کی طرح ہوں گے، آدمی صبح کو مؤمن ہوگا اور شام کو کافر، یا شام کو مؤمن ہوگا اور صبح کو کافر، دنیا کے چند ٹکوں کے بدلے میں اپنا دین فروخت کرتا پھرے گا (مسلم)

## نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

صَحِبْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَسَمِعْنَاهُ يَقُولُ: إِنَّ بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ، فِتَنًا كَأَنَّهَا قِطَعُ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ، يُصْبِحُ الرَّجُلُ فِيهَا مُؤْمِنًا، ثُمَّ يُمْسِي كَافِرًا، وَيُمْسِي مُؤْمِنًا، ثُمَّ يُصْبِحُ كَافِرًا، يَبِيعُ أَقْوَامٌ خَلَاقَهُمْ بِعَرَضٍ مِنَ الدُّنْيَا يَسِيرٍ، أَوْ بِعَرَضِ الدُّنْيَا (مسند احمد، رقم الحديث ١٨٤٠٤)[1]

ترجمہ: ہم نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت اختیار کی، اور ہم نے آپ کو یہ

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

فرماتے ہوئے سنا کہ قیامت سے پہلے طرح طرح کے فتنے اس طرح سے رونما ہوں گے، گویا کہ وہ اندھیری وتاریک رات کے ٹکڑے ہوں، ان فتنوں کی زد میں آ کر صبح کو آدمی مومن ہوگا، اور شام کو کافر ہو جائے گا، اور شام کو مومن ہوگا، پھر صبح کو کافر ہو جائے گا، بہت سے لوگ اپنے اخلاق کا تھوڑی سی دنیا، یا دنیا کے تھوڑے سے سامان کی خاطر سودا کر دیں گے (مسند احمد)

## انس رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَكُوْنُ بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ فِتَنٌ كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ يُصْبِحُ الرَّجُلُ فِيْهَا مُؤْمِنًا وَيُمْسِىْ كَافِرًا، وَيُمْسِىْ مُؤْمِنًا وَيُصْبِحُ كَافِرًا، يَبِيْعُ أَقْوَامٌ دِيْنَهُمْ بِعَرَضٍ مِنَ الدُّنْيَا

(سنن الترمذی، رقم الحديث ۲۱۹۷، ابواب الفتن، باب ما جاء ستكون فتن كقطع الليل المظلم، المستدرک للحاکم، رقم الحديث ۸۳۵۵) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت سے پہلے بہت فتنے رونما ہوں گے، اندھیری رات کی تہ بتہ (اوپر نیچے) تاریکیوں کی طرح (ان فتنوں کی زَد میں آ کر) آدمی صبح کو مؤمن ہوگا، تو شام کو کافر ہوگا، اور صبح کو کافر ہوگا، تو شام کو مؤمن ہوگا، بہت سے لوگ اپنے دین کو دنیا کی خاطر فروخت کر دیں گے (ترمذی، حاکم)

---

[1] قال الترمذی: وفی الباب عن أبی هريرة، وجندب، والنعمان بن بشير، وأبی موسى وهذا حديث غريب من هذا الوجه.

وقال الالبانی: أخرجه الحاكم ( 4/439 - 438 ) عن سنان بن سعد عنه. قلت: وإسناده حسن (سلسلة الاحاديث الصحيحه، تحت رقم الحديث ۷۵۸)

www.idaraghufran.org

# ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: لَیُغْشِیَنَّ أُمَّتِیْ مِنْ بَعْدِیْ فِتَنٌ کَقِطَعِ اللَّیْلِ الْمُظْلِمِ، یُصْبِحُ الرَّجُلُ فِیْھَا مُؤْمِنًا وَیُمْسِیْ کَافِرًا، وَیُمْسِیْ مُؤْمِنًا وَیُصْبِحُ کَافِرًا، یَبِیْعُ أَقْوَامٌ دِیْنَھُمْ بِعَرَضٍ مِّنَ الدُّنْیَا قَلِیْلٍ (المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۸۳۵۴، کتاب الفتن والملاحم) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ضرور بالضرور میری امت کو میرے بعد فتنے ڈھانپ لیں گے، تاریک رات کی طرح، ان فتنوں کی زد میں آ کر آدمی صبح کو مومن ہوگا، اور شام کو کافر ہو جائے گا، اور شام کو مومن ہوگا، پھر صبح کو کافر ہو جائے گا، بہت سے لوگ اپنے دین کا دنیا کے قلیل سامان کی خاطر سودا کر بیٹھیں گے (حاکم)

# ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

اور حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

کُنَّا عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَذَکَرَ الْفِتَنَ وَأَکْثَرَ فِیْ ذِکْرِھَا حَتّٰی ذَکَرَ فِتْنَۃَ الْأَحْلَاسِ، فَقَالَ قَائِلٌ: وَمَا فِتْنَۃُ الْأَحْلَاسِ؟ قَالَ: ھِیَ فِتْنَۃُ ھَرَبٍ وَحَرْبٍ، ثُمَّ فِتْنَۃُ السَّرّٰی، أَوِ السَّرَّاءِ، ثُمَّ یَصْطَلِحُ النَّاسُ عَلٰی رَجُلٍ کَوَرِکٍ عَلٰی ضِلَعٍ، ثُمَّ فِتْنَۃُ الدَّھْمَاءِ لَا تَدَعُ مِنْ

---

[1] قال الحاکم: ھذا حدیث صحیح الإسناد، ولم یخرجاہ وشاھدہ الحدیث الذی یعرف ھذا المتن.
وقال الذھبی فی التلخیص: صحیح

هٰذِهِ الْأُمَّةِ إِلَّا لَطَمَتْهُ لَطْمَةً، فَإِذَا قِيلَ انْقَطَعَتْ تَمَادَتْ، يُصْبِحُ الرَّجُلُ فِيهَا مُؤْمِنًا وَيُمْسِي كَافِرًا، حَتّٰى يَصِيرَ النَّاسُ إِلٰى فُسْطَاطَيْنِ، فُسْطَاطِ إِيمَانٍ لَا نِفَاقَ فِيهِ، وَفُسْطَاطِ نِفَاقٍ لَا إِيمَانَ فِيهِ، فَإِذَا كَانَ ذَاكُمْ فَانْتَظِرُوا الدَّجَّالَ مِنَ الْيَوْمِ أَوْ غَدٍ (المستدرک للحاکم،رقم الحدیث ۸۴۴۱، کتاب الفتن والملاحم) [1]

ترجمہ: ہم لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے،تو آپ نے نے فتنوں کا ذکر کیا اور بہت کثرت سے ان کا تذکرہ کیا، یہاں تک کہ ’’ فتنہ احلاس‘‘ (یعنی مسلسل جاری رہنے والے فتنہ ) کا بھی ذکر کیا،تو ایک کہنے والے نے کہا کہ اے اللہ کے رسول! یہ فتنہ احلاس کیا اور کیسا ہوگا؟

اس کے جواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ (ایک دوسرے سے جان چھڑا کر) بھاگنے،اور جنگ کرنے (یعنی ایک دوسرے کو قتل،اور لوٹ مار کرنے) کا فتنہ ہوگا، پھر اس کے بعد’’ سری‘‘ یا’’ سراء‘‘ (یعنی وسیع ترین) فتنہ ہوگا، پھر لوگ ایک سرین،اور پسلی والے شخص (یعنی بے وقعت آدمی) کی خاطر صلح کریں گے (جس میں حکومت چلانے کی اہلیت تک نہ ہوگی)

پھر سیاہ ترین فتنہ رونما ہوگا، جو اس امت کو نہیں چھوڑے گا،ایک طمانچہ تو ضرور مارے گا،اور جب کہا جائے گا کہ یہ فتنہ ختم ہوگیا،تو اور بڑھے گا،اس فتنہ میں آدمی صبح کو مومن ہوگا،تو شام کو کافر ہوگا، یہاں تک کہ لوگ دو خیموں کی طرف ہوجائیں گے،ایک ایمان کا خیمہ ہوگا،جس میں نفاق نہیں ہوگا اور دوسرا نفاق کا خیمہ ہوگا،جس میں ایمان نہیں ہوگا،پس اگر تم اس حالت میں ہو،تو اس دن، یا اس سے اگلے دن دجال کا انتظار کرنا (حاکم)

---

[1] قال الحاكم:هذا حديث صحيح الإسناد، ولم يخرجاه.
وقال الذهبي في التلخيص: صحيح.

## ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنَّ بَيْنَ أَيْدِيكُمْ فِتَنًا كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ، يُصْبِحُ الرَّجُلُ فِيهَا مُؤْمِنًا وَيُمْسِي كَافِرًا، اَلْقَاعِدُ فِيهَا خَيْرٌ مِّنَ الْقَائِمِ، وَالْقَائِمُ فِيهَا خَيْرٌ مِّنَ الْمَاشِي، وَالْمَاشِي فِيهَا خَيْرٌ مِّنَ السَّاعِيْ، قَالُوْا : فَمَا تَأْمُرُنَا؟ قَالَ: كُوْنُوْا أَحْلَاسَ بُيُوْتِكُمْ (سنن ابی داؤد،رقم الحدیث ۴۲۶۲،کتاب الفتن والملاحم،باب فی النهی عن السعی فی الفتنة) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہارے آگے(آنے والے زمانہ میں)اندھیری رات کی تہ بتہ(اوپر نیچے تاریکیوں کی طرح)فتنے رونما ہوں گے، ان فتنوں کی زد میں آ کر آدمی صبح کو مؤمن ہوگا،تو شام کو کافر ہوگا،ان فتنوں میں بیٹھنے والا کھڑے ہونے والے سے بہتر ہوگا،اوران فتنوں میں کھڑا ہونے والا، چلنے والے سے بہتر ہوگا،اوران فتنوں میں چلنے والا،دوڑنے والے سے بہتر ہوگا،لوگوں نے عرض کیا کہ پھر آپ ہمیں کس چیز کا حکم فرماتے ہیں؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم اپنے گھروں کے ٹاٹ بن جانا(ابوداؤد)

یعنی جس طرح ٹاٹ بوریا گھر میں ویسے ہی ایک طرف پڑا رہتا ہے،اسی طرح تم گھر میں رہنا،باہر نہ نکلنا،اورنہ ہی گھر میں اپنی موجودگی پر کسی کو مطلع کرنا۔

## ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال شعیب الارنؤوط: صحیح لغیرہ(حاشیة سنن ابی داؤد)

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ فِتَنًا كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ، يُصْبِحُ الرَّجُلُ فِيْهَا مُؤْمِنًا، وَيُمْسِي كَافِرًا، وَيُمْسِي مُؤْمِنًا، وَيُصْبِحُ كَافِرًا، اَلْقَاعِدُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ الْقَائِمِ، وَالْمَاشِيُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ السَّاعِيْ، فَكَسِّرُوْا قِسِيَّكُمْ، وَقَطِّعُوْا أَوْتَارَكُمْ، وَاضْرِبُوْا سُيُوْفَكُمْ بِالْحِجَارَةِ، فَإِنْ دُخِلَ يَعْنِيْ عَلٰى أَحَدٍ مِّنْكُمْ، فَلْيَكُنْ كَخَيْرِ اِبْنَيْ آدَمَ (سنن أبی داود،رقم الحدیث ۴۲۵۹، کتاب الفتن، باب النهی عن السعی فی الفتنة) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت سے پہلے اندھیری رات کی تہ بتہ (اوپر نیچے تاریکیوں کی طرح) فتنے رونما ہوں گے،ان فتنوں کی زَد میں آ کر آدمی صبح کو مؤمن ہوگا،تو شام کو کافر ہوگا،اور شام کو مومن ہوگا،تو صبح کو کافر ہوگا،ان فتنوں میں بیٹھنے والا کھڑے ہونے والے سے بہتر ہوگا،اور ان فتنوں میں کھڑا ہونے والا، چلنے والے سے بہتر ہوگا،اور ان فتنوں میں چلنے والا، دوڑنے والے سے بہتر ہوگا،پس تم اپنی کمانوں کو توڑ دو(تا کہ تیر نہ چلایا جاسکے) اور اپنی کمان کی تانتوں کو کاٹ دو،اور اپنی تلواروں کو پتھروں پر ماردو(تا کہ ان کی دھار ختم ہوجائے،یا وہ ٹوٹ ہی جائے،اور کسی کو قتل کرنے کے کام نہ آسکے) پھر اگر تم میں سے کسی پر وہ فتنہ داخل ہوہی جائے،تو اسے چاہیے کہ ابنِ آدم کے دو بیٹوں میں سے بہتر بیٹے کی طرح ہوجائے(جس نے اپنے بھائی کو قتل نہیں کیا تھا، بلکہ خود قتل ہوگیا تھا)(ابوداود)

یعنی جب ایمان کے لالے پڑ جائیں،اور مسلمان آپس میں لڑنے لگیں تو،اس طرح کے فتنوں کے دور میں تم قتل وقتال کی تمام تحریکات کو بند کردو،اور چھپ کر رہو۔

---

[1] قال شعیب الارنؤوط:صحیح لغیره، وهذا إسناد حسن (حاشیة سنن ابی داوٗد)

www.idaraghufran.org

معلوم ہوا کہ قیامت کے قریب بہت خطرناک قسم کے فتنے رونما ہوں گے، اور وہ اتنے تیز اور انقلاب آراء ہوں گے کہ آدمی کے اندر ایک ہی دن میں ایمان سے کفر کا انقلاب بَر پا کردیں گے۔ اور لوگوں کے دین وایمان کی یہ حالت ہوگی کہ دنیا کے چند ٹکوں کی خاطر یعنی ذرا سے مال ودولت کے لالچ میں اپنے دین کو قربان کرنے پر آمادہ ہوجائیں گے۔

اور کفر جس طرح پوری طرح ایمان کو خیر باد کہہ کر لازم آتا ہے، اسی طرح شریعت کے کسی ثابت شدہ قطعی حکم کے انکار یا اس کی توہین وتحقیر سے بھی لازم آجاتا ہے۔

اور آج کے معاشرے میں بعض لوگ ایسے موجود ہیں، جو غلط تربیت، یا خراب ماحول اور سوسائٹی، یا میڈیائی پروگراموں سے متاثر ہوکر کسی دینی حکم کا انکار، یا اس کی توہین وتحقیر کر بیٹھتے ہیں، اور اس طرح ایک ہی دن میں صبح سے شام تک ایمان سے کفر کی طرف منتقل ہوجاتے ہیں، بعض لوگ مال ودولت، ملازمت اور کسی ملک کے ویزا وغیرہ کی خاطر اپنے آپ کو غیر مسلم (قادیانی وغیرہ) ظاہر کردیتے ہیں، یہ بھی دنیا کے چند ٹکوں کی خاطر دین کو فروخت کرنے کی ایک صورت ہے۔

اللہ تعالیٰ حفاظت فرمائے۔ آمین۔

وَاللّٰہُ سُبۡحَانَہٗ وَتَعَالٰی اَعۡلَمُ وَعِلۡمُہٗ اَتَمُّ وَاَحۡکَمُ.

(فصل نمبر 28)

# ظالم وفاسق حکمرانوں کا فتنہ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قربِ قیامت سے پہلے ظالم وفاسق حکمران ہونے اور ان کے خلاف اختیار کئے جانے والے طرزِ عمل کی مختلف احادیث میں نشاندہی فرمادی ہے، جن کو سامنے رکھ کر موجودہ دور کے ظالم وفاسق حکمرانوں کے بارے میں امتِ مسلمہ کو کیا طرزِ عمل اختیار کرنا چاہیے، اس کو بآسانی سمجھا جاسکتا ہے۔

ذیل میں اس کا ذکر کیا جاتا ہے۔

## حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

يَكُوْنُ بَعْدِىْ أَئِمَّةٌ لَا يَهْتَدُوْنَ بِهُدَاىَ ، وَلَا يَسْتَنُّوْنَ بِسُنَّتِىْ ، وَسَيَقُوْمُ فِيْهِمْ رِجَالٌ قُلُوْبُهُمْ قُلُوْبُ الشَّيَاطِيْنِ فِىْ جُثْمَانِ إِنْسٍ ،قَالَ :قُلْتُ كَيْفَ أَصْنَعُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنْ أَدْرَكْتُ ذٰلِكَ؟ قَالَ: تَسْمَعُ وَتُطِيْعُ لِلْأَمِيْرِ ، وَإِنْ ضُرِبَ ظَهْرُكَ ،وَأُخِذَ مَالُكَ ، فَاسْمَعْ وَأَطِعْ (صحيح مسلم، رقم الحديث ١٨٤٧ "٥٢"كتاب الإمارة، باب وجوب ملازمة جماعة المسلمين عند ظهور الفتن الخ)

ترجمہ: میرے بعد ایسے حکمران آئیں گے، جو میری ہدایت پر نہیں چلیں گے، اور میری سنت پر کاربند نہیں ہوں گے، اور ان میں ایسے لوگ بھی موجود ہوں گے،

جن کے دل انسانوں کے بدن میں شیطانوں کے دل ہوں گے، حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! اگر میں ایسا زمانہ پاؤں تو کیا کروں؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حکمران کی بات سنتے رہنا، اور مانتے رہنا، چاہے تمہاری کمر توڑ دی جائے (یعنی ظلم کی شدت برداشت کرنی پڑے) اور تمہارے مال پر (ٹیکس وغیرہ کی شکل میں) قبضہ کرلیا جائے، تب بھی سننے اور مانتے رہنا (مسلم)

مطلب یہ ہے کہ قیامت کے قریب ایسے حکمران ہوں گے، جو دین کے علم اور دین میں دی گئی ہدایات سے ناواقف ہوں گے، اور اسلام کے احکامات اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنتوں پر عمل کرنے سے محروم ہوں گے، جس کی وجہ سے اُن کے دلوں میں اسلام کی عظمت اور محبت نہیں ہوگی، بلکہ اُن کے دل گمراہی، ظلم اور سختی میں شیطانوں کے دل کی طرح ہوں گے، اور جس طرح شیطان کا کام مکروفریب کرنا ہے، اسی طرح یہ لوگ بھی مکروفریب اور حق وباطل کو گڈ مڈ کریں گے۔

ایسے ظالم اور گناہ گار حکمرانوں کے خلاف بھی مسلح بغاوت، یا خروج جائز نہیں، بلکہ ظالم اور گناہ گار حکمرانوں کی اطاعت بھی واجب ہے، جب تک کوئی گناہ والا کام نہ ہو، جیسا کہ آگے آتا ہے۔

## حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

كَانَ النَّاسُ يَسْأَلُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْخَيْرِ، وَكُنْتُ أَسْأَلُهُ عَنِ الشَّرِّ مَخَافَةَ أَنْ يُّدْرِكَنِيْ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، إِنَّا كُنَّا فِيْ جَاهِلِيَّةٍ وَشَرٍّ، فَجَاءَ نَا اللّٰهُ بِهٰذَا الْخَيْرِ، فَهَلْ بَعْدَ هٰذَا الْخَيْرِ

شَرٌّ؟ قَالَ : نَعَمْ، فَقُلْتُ : هَلْ بَعْدَ ذٰلِکَ الشَّرِّ مِنْ خَيْرٍ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَفِيْهِ دَخَنٌ، قُلْتُ : وَمَا دَخَنُهُ؟ قَالَ : قَوْمٌ يَسْتَنُّوْنَ بِغَيْرِ سُنَّتِيْ، وَيَهْدُوْنَ بِغَيْرِ هَدْيِيْ، تَعْرِفُ مِنْهُمْ وَتُنْكِرُ، فَقُلْتُ : هَلْ بَعْدَ ذٰلِکَ الْخَيْرِ مِنْ شَرٍّ؟ قَالَ : نَعَمْ، دُعَاةٌ عَلٰى أَبْوَابِ جَهَنَّمَ مَنْ أَجَابَهُمْ إِلَيْهَا قَذَفُوْهُ فِيْهَا، فَقُلْتُ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، صِفْهُمْ لَنَا، قَالَ : نَعَمْ، قَوْمٌ مِنْ جِلْدَتِنَا، وَيَتَكَلَّمُوْنَ بِأَلْسِنَتِنَا، قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَمَا تَرٰى إِنْ أَدْرَكَنِيْ ذٰلِکَ؟ قَالَ: تَلْزَمُ جَمَاعَةَ الْمُسْلِمِيْنَ وَإِمَامَهُمْ، فَقُلْتُ: فَإِنْ لَمْ تَكُنْ لَهُمْ جَمَاعَةٌ وَلَا إِمَامٌ؟ قَالَ: فَاعْتَزِلْ تِلْکَ الْفِرَقَ كُلَّهَا، وَلَوْ أَنْ تَعَضَّ عَلٰى أَصْلِ شَجَرَةٍ حَتّٰى يُدْرِكَکَ الْمَوْتُ وَأَنْتَ عَلٰى ذٰلِکَ (صحیح مسلم،رقم الحديث ۱۸۴۷ "۵۱"كتاب الإمارة، باب وجوب ملازمة جماعة المسلمين عند ظهور الفتن الخ)

ترجمہ: دوسرے لوگ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے خیر و بھلائی کے متعلق سوال کیا کرتے تھے اور میں شر (وفتنہ) کے بارے میں سوال کیا کرتا تھا، اس ڈر کی وجہ سے کہ وہ شر (وفتنہ کہیں) مجھے نہ پہنچ جائے (ایک مرتبہ) میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! ہم جاہلیت اور شر (وفتنہ کے زمانہ) میں (مبتلا) تھے، اللہ نے ہمارے پاس یہ خیر (یعنی اسلام، قرآن، ورسالت) بھیج دی، تو کیا اس خیر کے بعد بھی کوئی شر ہوگا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جی ہاں! میں نے عرض کیا کہ کیا اس شر کے بعد کوئی خیر بھی ہوگی؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جی ہاں! اور اس خیر میں کچھ کدورت ہوگی، میں نے عرض کیا کہ کیسی کدورت ہوگی؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ میری سنت کے علاوہ کو سنت سمجھیں گے اور میری ہدایت کے علاوہ کو ہدایت جان لیں گے، تم ان کے

(بعض کاموں کو) اچھا سمجھو گے، اور (بعض کاموں کو) برا سمجھو گے، میں نے عرض کیا کہ کیا اس خیر کے بعد کوئی شر ہوگا؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جی ہاں! جہنم کے دروازوں پر کھڑے ہو کر جہنم کی طرف بلایا جائے گا، جس نے ان کی دعوت کو قبول کرلیا، وہ اسے جہنم میں ڈلوادیں گے، میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! آپ ہمارے لئے ان کی صفت بیان فرمادیں؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ ایسی قوم ہوگی جو ہمارے رنگ جیسی ہوگی اور ہماری زبان میں ہی گفتگو کرے گی، میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! اگر یہ مجھے ملے، تو میں کیا کروں؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مسلمانوں کی جماعت کو اور ان کے امام (یعنی حکمران) کو لازم کرلینا، میں نے عرض کیا کہ اگر مسلمانوں کی نہ تو کوئی جماعت ہو، اور نہ ہی کوئی امام (وحکمران) ہو (تو اس وقت کیا حکم ہوگا؟) تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پھر ان تمام فرقوں (اور دھڑوں) سے علیٰحدہ ہوجانا، اگرچہ تمہیں اس حالت میں موت کیوں نہ آجائے کہ تم کسی درخت کی جڑ کو پکڑے ہوئے ہو (مسلم)

اس سے معلوم ہوا کہ فتنوں واختلافِ شدید کے دور میں مسلمان حکمران اور اس کی جماعت کے ساتھ وابستہ رہنے میں خیر ہوگی، اور اگر سر پر کوئی مسلمان حکمران نہ ہو، اور لوگ ایک دوسرے کے ساتھ گتھم گتھا ہوں، حق جماعت کا بھی امتیاز نہ ہو، تو ان سب سے الگ تھلگ رہ کر اللہ اللہ کرنے میں خیر وعافیت ہوگی، اگرچہ وہ سخت مجاہدہ وجفاکشی والی حالت کیوں نہ ہو، ایسی حالت میں کسی بھی طرف سے مسلمانوں کو قتل کرنے میں حصہ دار بننے میں خیر نہیں ہوگی۔

## عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ : لَا نَسْأَلُكَ عَنْ طَاعَةِ مَنِ اتَّقٰى وَلٰكِنْ مَنْ فَعَلَ وَفَعَلَ فَذَكَرَ الشَّرَّ فَقَالَ: اِتَّقُوْا اللّٰهَ وَاسْمَعُوْا وَأَطِيْعُوْا (السنة لابنِ ابی عاصم، رقم الحديث ١٠٦٩ ،باب فی ذكر السمع والطاعة، المعجم الكبير للطبرانی، ج١٧ ص١٠١، رقم الحديث ٢٤٠) [1]

ترجمہ: ہم نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! ہم متقی (اور نیک حکمران) کا کہنا ماننے کے بارے میں آپ سے سوال نہیں کرتے، لیکن جو (حکمران) ایسے اور ویسے شر والے کام کرے (یعنی ظالم وگناہ گار ہو، اس کے کہنا ماننے کا آپ سے سوال کرتے ہیں) تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم اللہ سے ڈرو، اور اس (طرح کے شریر حکمران) کی بات بھی سنو اور اس کا کہنا بھی مانو (ابنِ ابی عاصم، طبرانی)

## وائل بن حجر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَأَلَ سَلَمَةُ بْنُ يَزِيْدَ الْجُعْفِيُّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، أَرَأَيْتَ إِنْ قَامَتْ عَلَيْنَا أُمَرَاءُ يَسْأَلُوْنَا حَقَّهُمْ وَيَمْنَعُوْنَا حَقَّنَا، فَمَا تَأْمُرُنَا؟ فَأَعْرَضَ عَنْهُ، ثُمَّ سَأَلَهُ، فَأَعْرَضَ عَنْهُ، ثُمَّ سَأَلَهُ فِي الثَّانِيَةِ أَوْ فِي الثَّالِثَةِ، فَجَذَبَهُ الْأَشْعَثُ بْنُ قَيْسٍ، وَقَالَ: اِسْمَعُوْا وَأَطِيْعُوْا، فَإِنَّمَا عَلَيْهِمْ مَا حُمِّلُوْا، وَعَلَيْكُمْ مَا حُمِّلْتُمْ (صحيح مسلم، رقم الحديث ١٨٤٦ "٤٩" كتاب الإمارة، باب فی طاعة الأمراء وإن منعوا الحقوق)

---

[1] قال الالبانی: حديث صحيح ورجال إسناده رجال الشيخين غير عثمان بن قيس وهو ابن محمد بن الأشعث الكندی فهو مجهول أورده ابن أبی حاتم ١٦٥/١/٣ برواية حفص هذا عنه .ولم يزد .وأبوه قيس بن محمد لم يوثقه غير ابن حبان وأحاديث الباب تشهد له ...(ظلال الجنة فی تخريج السنة، حواله بالا )

www.idaraghufran.org

ترجمہ: حضرت سلمہ بن یزید جعفی رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ اے اللہ کے نبی! اگر ہمارے اوپر ایسے امراء (وحکمران) قائم ہوجائیں، جو ہم سے اپنے حق کا تو مطالبہ کریں، اور ہمارا حق ادا نہ کریں (یعنی ہماری حق تلفی اور ہم پر جانی ومالی ظلم کریں) تو آپ ہمیں کیا حکم دیتے ہیں؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے اعراض فرمایا، انہوں نے دوبارہ سوال کیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے پھر اعراض فرمایا، پھر انہوں نے دوسری، یا تیسری مرتبہ سوال کیا، تو ان کو حضرت اشعث بن قیس رضی اللہ عنہ نے اپنی طرف کھینچ لیا، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا کہ ان (حکمرانوں) کی بات سنو، اور ان کی اطاعت کرو، کیونکہ ان (حکمرانوں) پر ان کے اعمال لادے جائیں گے، اور تمہارے اوپر تمہارے اعمال لادے جائیں گے (مسلم)

اس طرح کا مضمون ایک اور سند سے بھی مروی ہے۔ [1]

اور امام بخاری رحمہ اللہ نے حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ سے ان الفاظ میں روایت کیا ہے کہ:

أَنَّهُ قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنْ كَانَ عَلَيْنَا أُمَرَاءُ يَعْمَلُوْنَ بِغَيْرِ طَاعَةِ اللّٰهِ؟ فَقَالَ: عَلَيْهِمْ مَا حُمِّلُوْا وَعَلَيْكُمْ مَّا حُمِّلْتُمْ (التاريخ الكبير للبخاری، رقم الحديث ۴۴)

ترجمہ: انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ اگر (آپ کے بعد)

---

[1] عن علقمة بن وائل، أن سلمة بن يزيد، قام إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو يخطب بعد العصر، فقال :أرأيت إن كان علينا أمراء بعدك يسألونا الحق ويمنعونا؟ فسكت، ثم أعاد المسألة فكأنه غضب، وسكت فجذبه الأشعث فقال :والله ما أزال أسأله حتى تغرب الشمس أو يجيبني، فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: عليهم ما حملوا وعليكم ما حملتم واسمعوا لهم وأطيعوا (مسند ابى داؤد الطيالسى، ج۲ص ۳۵۷، رقم الحديث ۱۱۱۲)

ہمارے اوپر، ایسے اُمراء (وحکمران) آجائیں، جو اللہ کے حکم کے خلاف عمل کریں، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان (حکمرانوں) کے ذمہ وہی کام ہیں، جو انہیں سپرد کیے گئے ہیں، اور تمہارے ذمہ وہی کام ہیں، جو تمہارے سپرد کیے گئے ہیں (تاریخ کبیر)

مطلب یہ ہے کہ حکمران اپنی ذمہ داریوں کے مکلّف ہیں، اور عوام ورعایا اپنی ذمہ داریوں کے مکلّف ہیں، دونوں پر ایک دوسرے کے حقوق ہیں، جو بھی اپنی ذمہ داری میں کوتاہی کرے گا، اُس کا اُسی سے مؤاخذہ ہوگا، اور اگر ایک فریق اپنی ذمہ داری پوری کرنے میں کوتاہی کررہا ہے، تو اُس کے نتیجہ میں دوسرے فریق کو اپنی ذمہ داری میں کوتاہی کرنا جائز نہیں ہوجاتا۔

## ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ:

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ رَأٰى مِنْ أَمِيْرِهٖ شَيْئًا فَكَرِهَهٗ فَلْيَصْبِرْ، فَإِنَّهٗ لَيْسَ أَحَدٌ يُفَارِقُ الْجَمَاعَةَ شِبْرًا فَيَمُوْتُ، إِلَّا مَاتَ مِيْتَةً جَاهِلِيَّةً (صحيح البخارى، رقم الحديث ٧١٤٣، كتاب الأحكام، باب السمع والطاعة للإمام ما لم تكن معصية، صحيح مسلم، رقم الحديث ١٨٤٩ "٥٥")

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو آدمی اپنے امیر (حاکم اور حکمران) سے کوئی ناپسندیدہ چیز دیکھے، تو اس کو صبر کرنا چاہیے، اس لئے کہ جو شخص جماعت سے ایک بالشت بھی باہر ہوا، پھر وہ فوت ہوگیا، تو وہ جاہلیت کی موت مَرے گا (بخاری، مسلم)

اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ كَرِهَ مِنْ أَمِيرِهِ شَيْئًا فَلْيَصْبِرْ، فَإِنَّهُ مَنْ خَرَجَ مِنَ السُّلْطَانِ شِبْرًا مَاتَ مِيتَةً جَاهِلِيَّةً (صحيح البخارى، رقم الحديث ٧٠٥٣، كتاب الفتن، باب قول النبى صلى الله عليه وسلم سترون بعدى أمورا تنكرونها،صحيح مسلم، رقم الحديث ١٨٤٩ "٥٦")

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص اپنے امیر (وحکمران) سے کوئی ناگوار چیز دیکھے تو اس کو صبر کرنا چاہیے، اس لئے کہ جو شخص بادشاہ (وحکمران کی اطاعت وکہنا ماننے) سے ایک بالشت بھی باہر ہوا، تو وہ جاہلیت کی (بُری) موت مرا (بخاری، مسلم)

## ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ بَعْدِىْ أَثَرَةً وَأُمُوْرًا تُنْكِرُوْنَهَا، قَالُوْا: فَمَا تَأْمُرُنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: أَدُّوْا إِلَيْهِمْ حَقَّهُمْ وَسَلُوا اللّٰهَ حَقَّكُمْ (صحيح البخارى،رقم الحديث ٧٠٥٢، كتاب الفتن، باب قول النبى صلى الله عليه وسلم سترون بعدى أمورا تنكرونها)

ترجمہ: ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم عنقریب میرے بعد خود غرضی اور ایسے کام دیکھو گے جن کو تم برا سمجھو گے، تو صحابہ کرام نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! آپ ہمیں (ایسے موقع پر) کیا حکم دیتے ہیں؟ تو رسول اللہ نے فرمایا کہ تم ان کا حق اداء کرو، اور اللہ سے اپنے حق کی دعاء کرو (بخاری)

مطلب یہ ہے کہ رعایا پر حکمرانوں کے حقوق کی ادائیگی واجب ہے، جہاں تک اپنے حقوق کا تعلق ہے، تو ان کے لئے اللہ احکم الحاکمین کی طرف رجوع کرنا چاہیے، اور صبر

سے کام لینا چاہیے۔ [1]

## انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِلْأَنْصَارِ: إِنَّکُمْ سَتَلْقَوْنَ بَعْدِیْ أَثَرَۃً، فَاصْبِرُوْا حَتّٰی تَلْقَوْنِیْ، وَمَوْعِدُکُمُ الْحَوْضُ (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۳۷۹۳، کتاب مناقب الانصار، باب قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم للأنصار اصبروا حتی تلقونی علی الحوض)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے انصار صحابہ سے فرمایا کہ تم کو میرے بعد خود غرضی (والے حکمرانوں) سے سابقہ پڑے گا، تو تم (ایسے وقت) صبر کرنا، یہاں تک کہ تم میرے ساتھ ملاقات کرلو، جس کا مقام حوضِ کوثر ہے (پھر ہر ایک کو اس کا حق دلوایا جائے گا) (بخاری)

اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ:

وَسَتَرَوْنَ بَعْدِیْ أَثَرَۃً فِی الْأَمْرِ وَالْقَسْمِ فَاصْبِرُوْا حَتّٰی تَلْقَوْنِیْ عَلَی الْحَوْضِ (مستدرک حاکم، رقم الحدیث ۶۹۷۴، کتاب معرفۃ الصحابۃ رضی اللہ عنہم، ذکر فضائل الأنصار رضی اللہ عنہم) [2]

---

[1] (قالوا: فما تأمرنا؟) أی حینئذ (یا رسول اللہ قال: أدوا إلیہم حقہم) أی طاعتکم إیاہم (وسلوا) بالنقل أو من سأل بالألف (اللہ حقکم) أی اطلبوا اللہ أن یوصل إلیکم حقکم وہو ما أثروا فیہ، قال الطیبی: أی ولا تقاتلوہم باستیفاء حقکم ولا تکافئوا استئثارہم باستئثارکم بل وفروا إلیہم حقہم من السمع والطاعۃ وحقوق الدین وسلوا اللہ من فضلہ أن یوصل إلیکم حقکم من الغنیمۃ والفیء ونحوہا وکلوا إلی اللہ تعالی أمرکم، واللہ لا یضیع أجر المحسنین(مرقاۃ المفاتیح، ج۶ ص ۲۳۷۹، کتاب الإمارۃ والقضاء)

[2] قال الحاکم: ہذا حدیث صحیح الإسناد ولم یخرجاہ.
و قال الذہبی: صحیح.

ترجمہ: اور تم میرے بعد معاملات اور (مال وعہدوں کی) تقسیم میں خودغرض لوگ دیکھو گے، تو تم صبر کرنا، یہاں تک کہ تم مجھ سے (بروزِ قیامت) حوضِ کوثر پر ملاقات کرلو (جہاں ہر ایک کے ظلم وحق تلفیوں کا فیصلہ ہوجائے گا) (حاکم)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**نَهَانَا كُبَرَاؤُنَا مِنُ أَصُحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيُهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَسُبُّوا أُمَرَاءَ كُمُ وَلَا تَغِشُّوهُمُ وَلَا تَبُغَضُوهُمُ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاصُبِرُوا فَإِنَّ الْأَمُرَ قَرِيبٌ** (السنة لابنِ ابی عاصم، رقم الحديث ١٠١٥، باب: فی ذکر قول النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: ليس المؤمن بالطعان ولا اللعان) [1]

ترجمہ: ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابۂ کرام میں سے ہمارے بڑوں نے منع فرمادیا ہے کہ تم اپنے حکمرانوں کو سب وشتم نہ کرو، اور نہ ان کے ساتھ دھوکہ دہی کرو، اور نہ ان کے ساتھ بغض رکھو، اور تم اللہ سے ڈرو، اور (حکمرانوں کی طرف سے پیش آمدہ آزمائشوں پر) صبر کرو، پس (اس طرح کرنے کے نتیجہ میں) معاملہ (یعنی کامیابی اور آزمائش سے نجات) قریب ہے (السنہ)

## عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيُهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اَلسَّمُعُ وَالطَّاعَةُ عَلَى الْمَرُءِ الْمُسُلِمِ فِيمَا أَحَبَّ وَكَرِهَ، مَا لَمُ يُؤُمَرُ بِمَعُصِيَةٍ، فَإِذَا أُمِرَ بِمَعُصِيَةٍ فَلَا سَمُعَ وَلَا طَاعَةَ** (صحيح البخاری، رقم الحديث ٧١٤٤، كتاب الأحكام، باب السمع والطاعة للإمام ما لم تكن معصية)

---

[1] قال الالبانی فی تعليق السنة: إسناده جيد ورجاله ثقات وفی بعضهم كلام لا يضر (ظلال الجنة، تحت رقم الحديث ١٠١٥)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مسلمان آدمی پر (امیر وحکمران کی بات کو) سُننا اور اطاعت کرنا ان چیزوں میں جو ناپسند ہوں یا پسند ہوں واجب ہے، جب تک کہ اُسے گناہ کا حکم نہ دیا جائے، پس جب گناہ کی بات کا حکم دیا جائے، تو نہ سننا ہے اور نہ ہی اطاعت کرنا ہے (بخاری)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ قَالَ: عَلَى الْمَرْءِ الْمُسْلِمِ السَّمْعُ وَالطَّاعَةُ فِيمَا أَحَبَّ وَكَرِهَ، إِلَّا أَنْ يُؤْمَرَ بِمَعْصِيَةٍ، فَإِنْ أُمِرَ بِمَعْصِيَةٍ، فَلَا سَمْعَ وَلَا طَاعَةَ (صحيح مسلم، رقم الحديث ١٨٣٩ "٣٨" كتاب الإمارة، باب وجوب طاعة الأمراء في غير معصية، وتحريمها في المعصية)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مسلمان آدمی پر (حکمرانوں کی بات کا) سننا اور کہنا ماننا لازم ہے ہر چیز میں، خواہ اس کو پسند ہو، یا ناپسند ہو، مگر یہ کہ اس کو گناہ کا حکم دیا جائے، تو اگر گناہ کا حکم دیا جائے، تو اس میں سننا اور کہنا ماننا لازم نہیں ہے (مسلم)

یعنی گناہ گار حکمران کے خلاف بھی خروج تو جائز نہیں، البتہ گناہ والے کام میں اس کی اطاعت سے بچنے، اور اس پر دل سے راضی ہونے سے اجتناب کا حکم ہے۔

## ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَيَكُوْنُ مِنْ بَعْدِيْ خُلَفَاءُ، يَعْمَلُوْنَ بِمَا يَعْلَمُوْنَ، وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ، وَسَيَكُوْنُ مِنْ بَعْدِهِمْ خُلَفَاءُ، يَعْمَلُوْنَ مَالَا يَعْلَمُوْنَ، وَيَفْعَلُوْنَ مَالَا يُؤْمَرُوْنَ، فَمَنْ أَنْكَرَ

بَرِیءَ ، وَمَنْ أَمْسَکَ سَلِمَ، وَلٰکِنْ مَنْ رَضِیَ وَتَابَعَ (صحیح ابن حبان، رقم الحدیث ٦٦٥٨، تابع لکتاب التاریخ، باب إخباره صلی الله علیه وسلم عما یکون فی أمته من الفتن والحوادث) لے

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے بعد خلفاء (وحکمران) ہوں گے، جو اپنے علم کے مطابق عمل کریں گے، اور وہ کام کریں گے جس کا ان کو حکم دیا جائے گا، لیکن ان کے بعد ایسے خلفاء (وحکمران برآمد) ہوں گے، جو اپنے علم کے مطابق عمل نہیں کریں گے، اور وہ کام کریں گے، جن کا ان کو حکم نہیں دیا جائے گا، تو جس نے (زبان ودل سے حسبِ قدرت ان کے برے کاموں پر) نکیر کی، تو وہ بریٔ ہوگیا، اور جو (ان کے برے اعمال کی اتباع اور دل سے اچھا سمجھنے سے) رُکا رہا، وہ سلامت رہا، لیکن جو (گناہ کے کام پر) راضی ہوگیا، اور اس نے (گناہ کے کام میں) اتباع کی (وہ نہ بریٔ ہوا اور نہ سلامت رہا) (ابنِ حبان)

معلوم ہوا کہ بدعمل حکمرانوں کی بداعمالیوں سے بچنے اور ان پر حسبِ قدرت نکیر کرنے والا بری الذمہ ہے، لیکن برے کاموں سے راضی ہونے، اور ان کی اتباع کرنے والا بری نہیں۔

## عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يا عُبَادَةُ! قُلْتُ: لَبَّيْکَ، قَالَ: اِسْمَعْ وَأَطِعْ فِيْ عُسْرِکَ وَيُسْرِکَ وَمَكْرَهِکَ، وَأَثَرَةٍ عَلَيْکَ، وَإِنْ أَكَلُوْا مَالَکَ، وَضَرَبُوْا ظَهْرَکَ إِلَّا أَنْ تَكُوْنَ مَعْصِيَةً لِلّٰهِ بَوَّاحًا (صحیح ابن حبان، رقم الحدیث ٤٥٦٦، کتاب السیر، باب طاعة الأئمة) ۲

---

لے قال شعیب الارنؤوط: إسناده صحیح (حاشیة ابنِ حبان)

۲ قال شعیب الارنؤوط: إسناده حسن (حاشیة ابنِ حبان)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے عبادہ! میں نے عرض کیا کہ لبیک، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (حکمران کی بات) سنو اور اطاعت کرو (یعنی کہنا مانو) مشکل میں اور آسانی میں اور ناپسندیدہ حالت میں، اور آپ پر (حکمرانی اور متعلقہ حقوق کے معاملہ میں) کسی کو ترجیح دیئے جانے میں، اگرچہ وہ (حکمران) تمہارا مال کھائیں، اور تمہاری پیٹھ پر ماریں، مگر یہ کہ وہ اللہ کی کھلی معصیت (ونافرمانی اور گناہ) ہو (اس میں ان کی اطاعت نہ کرنا) (ابنِ حبان)

مطلب یہ ہے کہ جب حکمران کی طرف سے ایسے گناہ والے کام کا حکم دیا جائے، جس کا گناہ ہونا قطعی ہے، تو پھر اس میں اس کی اطاعت نہیں کی جائے گی، اس سے وہ کام خارج ہوگئے، جن کا گناہ ہونا نہ ہونا اجتہادی واختلافی ہے، جیسا کہ کوئی کام ایک مجتہد وفقیہ کے نزدیک جائز ہے، اور دوسرے کے نزدیک ناجائز ہے، تو اس میں حاکم کی اطاعت کا حکم ہے، اسی سے یہ مسئلہ اخذ کیا گیا ہے کہ ”حکمِ حاکم، رافعِ اختلاف ہوتا ہے“۔

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

بَايَعْنَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ فِي الْمَنْشَطِ وَالْمَكْرَهِ، وَأَنْ لَا نُنَازِعَ الْأَمْرَ أَهْلَهُ، وَأَنْ نَقُومَ أَوْ نَقُولَ بِالْحَقِّ حَيْثُمَا كُنَّا، لَا نَخَافُ فِي اللَّهِ لَوْمَةَ لَائِمٍ (صحيح البخاري، رقم الحديث ٧١٩٩، كتاب الأحكام، باب كيف يبايع الإمام الناس)

ترجمہ: ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے (امیر وحاکم کی بات) سُننے اور اطاعت کرنے (یعنی کہنا ماننے) کی بیعت کی، آسانی میں اور تنگی میں، اور اس بات پر کہ ہم امیروں (وحکام) سے حکومت کے معاملات میں جھگڑا نہ کریں گے (یعنی حکومت کے عہدہ کا خود اس سے اپنے لئے مطالبہ نہ کریں گے) اور اس بات پر کہ ہم جہاں بھی ہوں گے، حق بات کہیں گے، اللہ کے معاملہ میں ملامت

کرنے والے کی ملامت کا خوف نہ رکھیں گے (بخاری)

اس سے معلوم ہوا کہ جب حکمران کی طرف سے کوئی بات خلافِ شریعت، یعنی واضح گناہ والی ہو، جیسا کہ گذشتہ روایت میں گذرا، تو اس میں حاکم کی اطاعت نہیں ہوگی، بلکہ بشرطِ قدرت اس کو بیان کرنے کا حکم ہوگا، تا کہ حکمران کو اس کا گناہ ہونا معلوم ہوجائے، اور اگر وہ ہدایت حاصل کرنا چاہتا ہے، تو اس کے لئے رہنمائی کا سامان ہوجائے۔

اور اگر اس کی قدرت نہ ہو، تو پھر اس کام سے راضی نہ ہونا، اور اس کو دل سے برا سمجھنا کافی ہوگا، جیسا کہ پہلے حدیث میں گذرا۔

حضرت جنادہ بن امیہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

دَخَلْنَا عَلٰى عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، وَهُوَ مَرِيضٌ، قُلْنَا : أَصْلَحَكَ اللّٰهُ، حَدِّثْ بِحَدِيثٍ يَنْفَعُكَ اللّٰهُ بِهِ، سَمِعْتَهُ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: دَعَانَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَايَعْنَاهُ، فَقَالَ فِيمَا أَخَذَ عَلَيْنَا : أَنْ بَايَعَنَا عَلَى السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ، فِي مَنْشَطِنَا وَمَكْرَهِنَا، وَعُسْرِنَا وَيُسْرِنَا وَأَثَرَةً عَلَيْنَا، وَأَنْ لَا نُنَازِعَ الْأَمْرَ أَهْلَهُ، إِلَّا أَنْ تَرَوْا كُفْرًا بَوَاحًا، عِنْدَكُمْ مِنَ اللّٰهِ فِيهِ بُرْهَانٌ (صحيح البخارى، رقم الحديث ٧٠٥٥، ٧٠٥٦، كتاب الفتن، باب قول النبى صلى الله عليه وسلم :سترون بعدى أمورا تنكرونها)

ترجمہ: ہم حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کے پاس حاضر ہوئے اور وہ بیمار تھے، ہم نے عرض کیا کہ اللہ آپ کو تن درست کرے ہم سے کوئی ایسی حدیث بیان کیجئے جو آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہو، جس سے اللہ نے آپ کو خاص نفع عطا فرمایا ہو، تو انہوں نے فرمایا کہ ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بلایا، ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیعت کی اور جن چیزوں کی آپ صلی اللہ

علیہ وسلم سے ہم نے بیعت کی، وہ یہ تھے کہ ہم (حاکم وحکمران کی) بات سننے اور اطاعت کرنے (اور کہنا ماننے) کی پابندی کریں گے، اپنی خوشی اور ناخوشی میں، تنگی اور آسانی میں اور ہم پر (دوسرے حکمرانوں یا لوگوں کو) ترجیح دیئے جانے میں، اور اس بات پر کہ ہم حکام سے، حکومت کے معاملات میں جھگڑا نہ کریں گے، سوائے اس کے کہ تم واضح طور پر کفر دیکھو، جس کی تمہارے پاس اس کے کفر ہونے پر اللہ کی طرف سے کوئی برھان (یعنی مضبوط دلیل) موجود ہو (بخاری)

یعنی جب حکمران کی طرف سے ایسا واضح کفر سامنے آجائے کہ جس میں کفر سے بچانے والی کوئی تاویل بھی ممکن نہ ہو، تو پھر بشرطِ قدرت اس کے خلاف خروج کی گنجائش ہوگی۔

## امِ سلمہ رضی اللہ عنہا کی حدیث

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ مطہرہ، حضرت امِ سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

**عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: إِنَّهُ يُسْتَعْمَلُ عَلَيْكُمْ أُمَرَاءُ، فَتَعْرِفُوْنَ وَتُنْكِرُوْنَ، فَمَنْ كَرِهَ فَقَدْ بَرِءَ، وَمَنْ أَنْكَرَ فَقَدْ سَلِمَ، وَلٰكِنْ مَنْ رَضِيَ وَتَابَعَ، قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، أَلَا نُقَاتِلُهُمْ؟ قَالَ: لَا، مَا صَلَّوْا**

(صحيح مسلم، رقم الحديث ۱۸۵۴ "۶۳" كتاب الإمارة، باب وجوب الإنكار على الأمراء فيما يخالف الشرع وترك قتالهم ما صلوا، ونحو ذلك)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم پر ایسے حکمران مقرر کئے جائیں گے کہ جن کو (ان کے بعض اعمال واقوال کے بہتر ہونے کی وجہ سے) تم اچھا سمجھو گے، اور (ان کے بعض اعمال واقوال کے برا ہونے کی وجہ سے) برا سمجھو گے، پس جس نے (ان کے برے اعمال واقوال کو) اپنے دل سے ناپسند کیا وہ بری ہوگیا اور جس نے اپنے دل سے (ان کے برے اعمال واقوال کا) انکار کیا وہ سلامت رہا

لیکن جو (ان کے برے اعمال واقوال سے) راضی ہوا، اور (ان کے بُرے اعمال واقوال کی) اتباع کی (وہ بری نہیں ہوگا اور نہ محفوظ رہے گا) صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! کیا ہم ان سے جنگ نہ کریں؟ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں، جب تک وہ نماز ادا کرتے رہیں (مسلم)

قاضی عیاض اس حدیث کی تشریح کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

**”أفلا نقاتلهم؟ قال: لا، ما صلوا“على ما تقدم من منع الخروج على الأئمة والقيام عليهم ما داموا على كلمة الإسلام، ولم يظهروا كفرا بينا، وهو الإشارة هاهنا ”ما صلوا “أى ما كان لهم حكم أهل القبلة والصلاة، ولم يرتدوا ويبدلوا الدين ويدعوا إلى غيره** (إكمال المعلم بفوائد مسلم، جلد٦،صفحه٢٦٥، كتاب الإمارة، باب وجوب الإنكار على الأمراء فيما يخالف الشرع وترك قتالهم ما صلوا، ونحو ذلك)

ترجمہ: سوال کیا کہ کیا ہم ان حکمرانوں سے قتال نہ کریں، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں، جب تک وہ نماز پڑھیں، جیسا کہ پہلے گذر چکا کہ حکمرانوں کے خلاف نکلنا، اور ان کے خلاف کھڑا ہونا جائز نہیں، جب تک وہ کلمہ اسلام پر قائم رہیں، اور کھلم کھلا کفر کا اظہار نہ کریں، اور یہاں بھی نماز پڑھنے سے اسی طرف اشارہ ہے، جس کا مطلب یہ ہے کہ جب تک ان کو اہلِ قبلہ واہلِ صلاۃ کا حکم حاصل رہے، اور وہ مرتد نہ ہوجائیں، اور دین کو تبدیل نہ کرلیں، اور دینِ اسلام کے علاوہ کی طرف دعوت نہ دینے لگیں (اکمال المعلم)

اور جب یہ معلوم ہو چکا کہ جب تک حکمران ”اہلِ قبلہ“ میں داخل ہوں، ان کے خلاف خروج اور علمِ بغاوت بلند کرنا درست نہیں، تو جن فرقوں کو فقہائے مجتہدین نے اہلِ قبلہ میں داخل مانا ہے، ان فرقوں سے تعلق رکھنے والے حکمرانوں کا حکم بھی معلوم ہوگیا کہ ان کے خلاف بھی

خروج منع ہے، اور جائز امور میں ان کی اتباع واجب ہے۔

اور اس حکم میں وہ مسلم وظالم حکمران بھی داخل ہیں، جو لوگوں کی رضامندی کے بغیر ان پر مسلط ہوکر، یا شخصی حکومت قائم کرکے، یا کسی طرح سے بھی خیانت کا ارتکاب کرکے حکمران بن بیٹھیں، کیونکہ ان کے خلاف خروج کرنا، مسلمانوں کی خون ریزی، باہمی خانہ جنگی، اور بدامنی وغیرہ کا باعث ہے۔ [1]

علامہ ابنِ عابدین شامیؒ "ردُّ المحتار" میں فرماتے ہیں کہ:

**أهل الهوى أهل القبلة الذين لا يكون معتقدهم معتقد أهل السنة، وهم الجبرية والقدرية والروافض والخوارج والمعطلة**

---

[1] فی هذه الأحاديث حجة فی ترک الخروج على أئمة الجور ، ولزوم السمع والطاعة لهم والفقهاء مجمعون على أن الإمام المتغلّب طاعته لازمة ، ما أقام الجمعات والجهاد ، وأن طاعته خير من الخروج عليه ؛ لما فی ذلک من حقن الدماء وتسكين الدهماء ، ألا ترى قوله ( صلى الله عليه وسلم ) لأصحابه :( سترون بعدى أثرةً وأمورًا تنكروها ) فوصف أنهم سيكون عليهم أمراء يأخذون منهم الحقوق ويستأثرون بها ، ويؤثرون بها من لا تجب له الأثرة ، ولا يعدلون فيها ، وأمرهم بالصبر عليهم والتزام طاعتهم على ما فيهم من الجور ، وذكر على بن معبد ، عن على بن أبى طالب أنه قال : لابد من إمامة برة أو فاجرة .قيل له :البرة لابد منها،فما بال الفاجرة ؟ قال :تقام بها الحدود ، وتأمن بها السبل ، ويقسم بها الفء ، ويجاهد بها العدو .ألا ترى قوله ( صلى الله عليه وسلم ) فى حديث ابن عباس :(من خرج من السلطان شبرا مات ميتة جاهلية) .وفى حديث عبادة :( بايعنا رسول الله على السمع والطاعة ) إلى قوله :( وألا ننازع الأمر أهله ، إلا أن تروا كفرًا بواحًا ) فدل هذا كله على ترک الخروج على الأئمة ، وألا يشق عصا المسلمين ، وألا يتسبب إلى سفک الدماء وهتک الحريم ، إلا أن يكفر الإمام ويظهر خلاف دعوة الإسلام ، فلا طاعة لمخلوق عليه ، وقد تقدم فى كتاب الجهاد ، وكتاب الأحكام هذا .قال الخطابى :( بواحًا ) يريد ظاهرًا باديًا ، ومنه قوله : باح بالشىء يبوح به بوحًا وبئوحًا ، إذا أذاعه وأظهره ومن رواه ( براحًا ) فالبراح بالشىء مثل البواح أو قريب منه ، وأصل البراح الأرض القفر التى لا أنيس ولا بناء فيها ، وقال غيره :البراح :البيان ، يقال :برح الخفاء أى ظهر (شرح صحيح البخارى۔ لابن بطال،ج١٠،ص٨، ٩،كتاب الفتن،باب قول النبى صلى الله عليه وسلم:سترون بعدى أمورا تنكرونها)

www.idaraghufran.org

والمشبهة، وكل منهم اثنتا عشرة فرقة فصاروا اثنين وسبعين

(ردالمحتار على الدر المختار، ج٦،ص٦٩٨، كتاب الوصايا،فصل فى وصايا الذمى وغيره)

ترجمہ: اہلِ ھواء، وہ اہلِ قبلہ ہیں، جن کے عقائد اہلُ السنۃ کے عقیدہ کے مطابق نہ ہوں، اور وہ جبریہ اور قدریہ اور روافض اور خوارج اور معطلہ اور مشبہۃ ہیں، اور ان میں سے ہرایک کے بارہ فرقے ہیں، اور اس طرح سے بہتّر فرقے بن جاتے ہیں (ردالمحتار)

افسوس کہ آج مسلمانوں میں بعض ایسے تشدد وانتہاء پرست گروہ پائے جاتے ہیں، جو مسلمان حکمرانوں کے بعض کردار کو کفر سمجھ کر ان کے خلاف مسلّح کارروائی شروع کردیتے ہیں، اور ان کی حکومت وریاست کو کمزور کرنے کے لئے سرکاری اہل کاروں واداروں پر حملہ آور ہونے لگتے ہیں، اور اس کو جہادِ عظیم تصور کرتے ہیں، جس کی خاطر وہ شہادت کے عظیم فضائل کو سامنے رکھ کر اپنی قیمتی جانوں کے نذرانے بھی پیش کرنے سے گریز نہیں کرتے۔

جیسا کہ بہت سی احادیث میں خوارج کے بارے میں اس قسم کی باتیں بیان کی گئی ہیں، اور اس کا ذکر آگے فصل نمبر 34 میں ''ظہورِ خوارج کا فتنہ'' میں آتا ہے۔

اس قسم کے جملہ مسلم گروہوں کو مذکورہ ہدایات وتعلیمات کو سامنے رکھ کر اپنی اصلاح کرنے کی ضرورت ہے۔

وَاللّٰہُ سُبۡحَانَہٗ وَتَعَالٰی اَعۡلَمُ وَعِلۡمُہٗ اَتَمُّ وَاَحۡکَمُ.

## (فصل نمبر 29)

# جھوٹے وظالم حکمران، اوران کی اعانت کا فتنہ

کئی معتبر ومستند احادیث وروایات میں قربِ قیامت سے پہلے سیاست سے متعلق جن فتنوں کی نشاندہی کی گئی ہے، ان میں ایک فتنہ جھوٹے اور ظالم حکمرنوں کا ہونا، اوران کے جھوٹ کی تصدیق اور ظلم پر مدد کرنا ہے، خواہ یہ دفاع وحمایت ان ظالم وجھوٹے حکمرانوں کے وزراء اور مشیران کی طرف سے ہو، یا اس حکمران، یا اس کی سیاسی جماعت کو پسند کرنے اوراس سے وابستہ ہونے کی وجہ سے ہو۔

یہ فتنہ بھی موجودہ زمانہ میں عروج پر ہے، جس میں بہت سے دین دار لوگ بھی مبتلاء ہوگئے ہیں، جو مخصوص حکمرانوں کو پسند کرنے، یا ان سے اپنا کوئی مفاد وابستہ ہونے کی وجہ سے، نہ تو ان کے جھوٹ کو جھوٹ تسلیم کرتے، اور نہ ہی ان کے ظلم کو ظلم تسلیم کرتے، بلکہ ان کے جھوٹ کو سچ، اور ظلم کو عدل قرار دینے کی جدوجہد بھی کرتے دکھائی دیتے ہیں، اوران کے قول وفعل میں طرح طرح کی تاویلات کرتے ہیں۔

اپنے اپنے پسندیدہ لیڈروں کے علاوہ یہی طرزِ عمل اپنے اپنے پسندیدہ بزرگوں اور پیروں کے بارے میں بھی بہت سے لوگوں نے اختیار کررکھا ہے۔

اب اس سلسلہ میں چند احادیث وروایات ملاحظہ کرلی جائیں۔

## کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَوْ دَخَلَ، وَنَحْنُ

تِسْعَةٌ وَبَيْنَنَا وِسَادَةٌ مِنْ أَدَمٍ فَقَالَ: إِنَّهَا سَتَكُوْنُ بَعْدِي أُمَرَاءُ يَكْذِبُوْنَ وَيَظْلِمُوْنَ، فَمَنْ دَخَلَ عَلَيْهِمْ، فَصَدَّقَهُمْ بِكِذْبِهِمْ، وَأَعَانَهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ، فَلَيْسَ مِنِّي، وَلَسْتُ مِنْهُ وَلَيْسَ بِوَارِدٍ عَلَيَّ الْحَوْضَ، وَمَنْ لَمْ يُصَدِّقْهُمْ بِكَذِبِهِمْ، وَيُعِنْهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ، فَهُوَ مِنِّي وَأَنَا مِنْهُ، وَهُوَ وَارِدٌ عَلَيَّ الْحَوْضَ (مسند احمد، رقم الحديث ١٨١٢٦) [1]

ترجمہ: ہمارے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے، یا داخل ہوئے، اور ہم نو افراد تھے، اور ہمارے درمیان چمڑے کا تکیہ تھا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عنقریب میرے بعد ایسے امراء وحکمران ہوں گے؛ جو جھوٹ بولیں گے، اور ظلم کریں گے، پس جو شخص اُن کے پاس گیا اور اُن کے جُھوٹ پر اُن کی تصدیق کی اور اُن کے ظلم پر اُن کی اعانت (وحمایت) کی تو اُس کا مجھ سے تعلق نہیں، اور نہ میرا اُس سے تعلق ہے، اور نہ وہ شخص میرے پاس حوضِ کوثر پر آ سکے گا، اور جس نے اُن کے جُھوٹ کی تصدیق نہ کی اور نہ اُن کے ظلم کی اُن پر مدد کی، تو اُس کا مجھ سے تعلق ہے، اور میرا اُس سے تعلق ہے، اور وہ میرے پاس حوضِ کوثر پر بھی حاضر ہوگا (مسند احمد)

## نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَنَحْنُ فِي الْمَسْجِدِ بَعْدَ صَلَاةِ الْعِشَاءِ، رَفَعَ بَصَرَهُ إِلَى السَّمَاءِ، ثُمَّ خَفَضَ حَتّٰى ظَنَنَّا أَنَّهُ قَدْ حَدَثَ فِي السَّمَاءِ شَيْءٌ، فَقَالَ: أَلَا إِنَّهُ سَيَكُوْنُ بَعْدِي أُمَرَاءُ

---

[1] قال شعيب الأرنؤوط: إسناده صحيح. رجاله ثقات (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

یَکْذِبُوْنَ وَیَظْلِمُوْنَ، فَمَنْ صَدَّقَهُمْ بِكَذِبِهِمْ، وَمَالَأَهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ، فَلَيْسَ مِنِّيْ، وَلَا أَنَا مِنْهُ ،وَمَنْ لَمْ يُصَدِّقْهُمْ بِكَذِبِهِمْ، وَلَمْ يُمَالِئْهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ، فَهُوَ مِنِّيْ، وَأَنَا مِنْهُ (مسند احمد، رقم الحديث ۱۸۳۵۳) ؎۱

ترجمہ: ہمارے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے، اور ہم عشاء کی نماز کے بعد مسجد میں تھے، آپ نے اپنی نظر آسمان کی طرف اُٹھائی، پھر اس کو نیچا کیا، یہاں تک کہ ہمارا گمان ہوا کہ آسمان میں کوئی نئی چیز پیدا ہوئی ہے، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عنقریب میرے بعد ایسے امراء حکمران ہوں گے، جو جھوٹ بولیں گے، اور ظلم کریں گے، پس جس نے اُن کے جھوٹ کی تصدیق کی اور اُن کے ظلم پر اعانت (وحمایت) کی، تو اُس کا مجھ سے تعلق نہیں اور میرا اُس سے تعلق نہیں، اور جس نے اُن کے جُھوٹ کی تصدیق نہیں کی اور نہ ہی اُن کے ظلم پر اُن کی مدد کی، تو وہ میرے سے تعلق رکھتا ہے، اور میں اُس سے تعلق رکھتا ہوں (مسند احمد)

## حذیفہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّهَا سَتَكُوْنُ أُمَرَاءُ يَكْذِبُوْنَ وَيَظْلِمُوْنَ، فَمَنْ صَدَّقَهُمْ بِكَذِبِهِمْ، وَأَعَانَهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ، فَلَيْسَ مِنِّيْ، وَلَسْتُ مِنْهُ، وَلَا يَرِدُ عَلَيَّ الْحَوْضَ، وَمَنْ لَمْ يُصَدِّقْهُمْ بِكَذِبِهِمْ، وَلَمْ يُعِنْهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ فَهُوَ مِنِّيْ، وَأَنَا مِنْهُ، وَسَيَرِدُ عَلَيَّ الْحَوْضَ (مسند احمد، رقم الحديث ۲۳۲۶۰) ؎۲

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عنقریب ایسے امراء ہوں گے، جو جھوٹ

---

؎۱ قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره (حاشية مسنداحمد)

؎۲ قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط الشيخين (حاشية مسنداحمد)

بولیں گے، اور ظلم کریں گے، پس جس نے اُن کے جھوٹ کی تصدیق کی اور اُن کے ظلم پر ان کی اعانت (وحمایت) کی، تو وہ مجھ سے تعلق نہیں رکھتا، اور میں اس سے تعلق نہیں رکھتا، اور نہ وہ میرے پاس حوض پر آسکے گا۔

اور جس نے اُن کے جھوٹ کی تصدیق نہیں کی اور نہ ہی اُن کے ظلم پر اُن کی اعانت (وحمایت) کی، تو وہ مجھ سے تعلق رکھتا ہے، اور میں اُس سے تعلق رکھتا ہوں، اور عنقریب وہ میرے پاس حوض پر حاضر ہوگا (مسند احمد)

## ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَيَكُوْنُ عَلَيْكُمْ أُمَرَاءُ يَأْمُرُوْنَكُمْ بِمَا لَا يَفْعَلُوْنَ، فَمَنْ صَدَّقَهُمْ بِكِذْبِهِمْ وَأَعَانَهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ، فَلَيْسَ مِنِّيْ وَلَسْتُ مِنْهُ وَلَنْ يَرِدَ عَلَيَّ الْحَوْضَ (مسند احمد، رقم الحديث ۵۷۰۲)[1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عنقریب ایسے امراء ہوں گے، جو تمہیں ایسے کاموں کا حکم دیں گے، جن کو وہ کریں گے نہیں (یعنی جھوٹ کو سچ اور ظلم کو عدل قرار دیں گے) پس جس نے اُن کے جھوٹ کی تصدیق کی اور اُن کے ظلم پر ان کی مدد کی، تو وہ مجھ سے تعلق نہیں رکھتا، اور میں اس سے تعلق نہیں رکھتا، اور ہرگز نہ وہ میرے پاس حوض پر آسکے گا (مسند احمد)

## خباب بن ارت رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت خباب بن ارت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره (حاشية مسند احمد)

إِنَّا لَقُعُوْدٌ عَلٰى بَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَنْتَظِرُ أَنْ يَّخْرُجَ لِصَلَاةِ الظُّهْرِ، إِذْ خَرَجَ عَلَيْنَا، فَقَالَ: اِسْمَعُوْا، فَقُلْنَا: سَمِعْنَا، ثُمَّ قَالَ: اِسْمَعُوْا، فَقُلْنَا: سَمِعْنَا، فَقَالَ: إِنَّهُ سَيَكُوْنُ عَلَيْكُمْ أُمَرَاءُ، فَلَا تُعِيْنُوْهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ، فَمَنْ صَدَّقَهُمْ بِكَذِبِهِمْ، فَلَنْ يَّرِدَ عَلَيَّ الْحَوْضَ (مسند احمد، رقم الحديث ۲۱۰۷۴) ؎

ترجمہ: ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دروازہ پر بیٹھ کر آپ کے باہر تشریف لانے کا انتظار کر رہے تھے، تاکہ آپ نمازِ ظہر کے لئے برآمد ہوں، تو اسی دوران رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لائے، اور فرمایا کہ تم سنو، ہم نے کہا کہ بے شک ہم سن رہے ہیں، پھر دوبارہ فرمایا کہ تم سنو، ہم نے دوبارہ کہا کہ بے شک ہم سن رہے ہیں، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عنقریب تم پر امراء مسلط ہوں گے، پس تم ان کی ظلم پر اعانت (وحمایت) مت کرنا، پس جس نے اُن کے جھوٹ کی تصدیق کی، تو وہ میرے پاس حوض پر نہیں آسکے گا (مسند احمد)

## جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِكَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ: أَعَاذَكَ اللّٰهُ مِنْ إِمَارَةِ السُّفَهَاءِ، قَالَ: وَمَا إِمَارَةُ السُّفَهَاءِ؟ قَالَ: أُمَرَاءُ يَكُوْنُوْنَ بَعْدِيْ، لَا يَقْتَدُوْنَ بِهَدْيِيْ، وَلَا يَسْتَنُّوْنَ بِسُنَّتِيْ، فَمَنْ صَدَّقَهُمْ بِكَذِبِهِمْ، وَأَعَانَهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ، فَأُولٰئِكَ لَيْسُوْا مِنِّيْ، وَلَسْتُ مِنْهُمْ، وَلَا يَرِدُوْا عَلَيَّ حَوْضِيْ، وَمَنْ لَمْ يُصَدِّقْهُمْ بِكَذِبِهِمْ، وَلَمْ

---

؎ قال شعيب الارنؤوط:
صحيح لغيره. (حاشية مسند احمد)

يُعِنهُم عَلٰى ظُلمِهِم، فَأُولٰئِكَ مِنِّى وَأَنَا مِنهُم، وَسَيَرِدُوا عَلَىَّ حَوضِى (مسنداحمد، رقم الحديث ۱۴۴۴۱) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے کعب بن عجرہ، اللہ تمہاری سفہاء (حمقاء اور جہلاء) کی امارت (وحکومت) سے حفاظت فرمائے، کعب بن عجرہ نے عرض کیا کہ سفہاء کی امارت (وحکومت) کیا ہے؟ تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ میرے بعد ایسے امراء ہوں گے، جو میری ہدایت کی اقتداء (واتباع) نہیں کریں گے، اور میری سنت کے طریقہ پر نہیں چلیں گے، پس جس نے ان کے جھوٹ کی تصدیق کی، اور ان کے ظلم پر ان کی اعانت (وحمایت) کی، تو یہ لوگ مجھ سے تعلق نہیں رکھیں گے، اور میں ان سے تعلق نہیں رکھوں گا، اور وہ میرے پاس حوض پر نہیں آ سکیں گے، اور جس نے ان کے جھوٹ کی تصدیق نہیں کی، اور ان کے ظلم پر ان کی اعانت (وحمایت) نہیں کی، تو یہ لوگ مجھ سے تعلق رکھیں گے، اور میں ان سے تعلق رکھوں گا، اور یہ لوگ عنقریب میرے پاس حوض پر حاضر ہوں گے (مسنداحمد)

## ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سَيَكُونُ مِن بَعدِى أُمَرَاءُ يَغشَاهُم غَوَاشٍ مِنَ النَّاسِ ، فَمَن صَدَّقَهُم بِكَذِبِهِم وَأَعَانَهُم عَلٰى ظُلمِهِم فَأَنَا مِنهُ بَرِىءٌ وَهُوَ مِنِّى بَرِىءٌ ، وَمَن لَم يُصَدِّقهُم بِكَذِبِهِم

---

[1] قال شعيب الارنؤوط:
إسناده قوى على شرط مسلم (حاشية مسنداحمد)

وَلَـمْ يُعِنْهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ فَأَنَا مِنْهُ وَهُوَ مِنِّيْ (صحیح ابن حبان، رقم الحدیث ۲۸۶، کتاب البر والإحسان، باب الصدق والأمر بالمعروف والنهی عن المنکر، مسند ابی یعلی، رقم الحدیث ۱۱۸۷، ورقم الحدیث ۱۲۸۶)[1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عنقریب میرے بعد ایسے امراء ہوں گے، جن کو لوگوں میں سے ڈھانپنے والے لوگ ڈھانپیں گے (یعنی ان کے ارد گرد جمع ہوں گے، اور ان کی حمایت ودفاع کریں گے) پس جس نے اُن کے جھوٹ پر ان کی تصدیق کی اور اُن کے ظلم پر ان کی اعانت (وحمایت) کی، تو میں اس سے بریٔ ہوں، اور وہ مجھ سے بریٔ ہے، اور جس نے ان کے جھوٹ کی تصدیق نہیں کی، اور نہ ان کے ظلم پر ان کی مدد کی، تو میں اس سے تعلق رکھتا ہوں، اور وہ مجھ سے تعلق رکھتا ہے (مسند احمد)

مذکورہ احادیث میں بیان کردہ یہ فتنہ آج ہمارے سامنے پورے زور شور کے ساتھ موجود ہے، کوئی بھی جھوٹے سے جھوٹا، اور ظالم سے ظالم حکمران ایسا نہیں، جس کی اعانت وحمایت کرنے والے اس زمانہ میں بکثرت موجود نہ ہوں، جو محض حکمرانوں کی خوشنودی، دنیاوی مفاد، اور خواہشِ نفس کی خاطر اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی ناراضگی، اور حوضِ کوثر سے محرومی کا سودا کرتے ہیں، ان کے ناجائز ترجمان بننے سے لے کر، عام مجالس ومحافل میں، اور میڈیا پر رات دن جھوٹے اور ظالم حکمرانوں کی اعانت وحمایت اور ان کا دفاع کرکے اپنی آخرت وعاقبت کا عظیم نقصان کرتے ہیں۔

اللہ اس فتنہ سے حفاظت عطاء فرمائے۔ آمین۔

وَاللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى اَعْلَمُ وَعِلْمُهٗ اَتَمُّ وَاَحْكَمُ.

---

[1] قال حسين سليم أسد الدارانی: إسناده حسن (حاشية مسند ابی يعلٰی)

## (فصل نمبر 30)

# بھوکے ننگے اور نیچ لوگوں کی حکمرانی ومالداری کا فتنہ

کئی احادیث میں یہ مضمون آیا ہے کہ قیامت سے پہلے ایسا زمانہ آئے گا کہ ایسے غریب غرباء، اور جاہل، ودیہاتی لوگ کہ جو پاؤں کے جوتوں، اور جسم کے کپڑوں سے بھی محروم تھے، وہ لوگوں کے حکمران بن بیٹھیں گے، جو علم واخلاقیات سے محروم ہوں گے۔

اور بعض احادیث میں یہ تفصیل بھی آئی ہے کہ جو لوگ معاشرہ میں غیر معروف، گھٹیا اور کمینے قسم کے ہوں گے، ان کے پاس مال ودولت کی فراوانی ہو جائے گی۔

آج قربِ قیامت کا یہ فتنہ بھی ہماری نظروں کے سامنے ہے، جس کی ہزاروں سال پہلے احادیث میں پیش گوئی کردی گئی تھی۔

ذیل میں اس طرح کی احادیث وروایات کچھ مناسب تشریح کے ساتھ پیش کی جاتی ہیں۔

## ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَوْمًا بَارِزًا لِلنَّاسِ، إِذْ أَتَاهُ رَجُلٌ يَمْشِي، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا الْإِيمَانُ؟ قَالَ: اَلْإِيمَانُ أَنْ تُؤْمِنَ بِاللّٰهِ وَمَلَائِكَتِهِ، وَكُتُبِهِ، وَرُسُلِهِ، وَلِقَائِهِ، وَتُؤْمِنَ بِالْبَعْثِ الْآخِرِ، قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا الْإِسْلَامُ؟ قَالَ: اَلْإِسْلَامُ أَنْ تَعْبُدَ اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكَ بِهِ شَيْئًا، وَتُقِيمَ الصَّلَاةَ، وَتُؤْتِيَ الزَّكَاةَ الْمَفْرُوضَةَ، وَتَصُومَ رَمَضَانَ، قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا الْإِحْسَانُ؟ قَالَ: اَلْإِحْسَانُ أَنْ تَعْبُدَ اللّٰهَ

كَأَنَّكَ تَرَاهُ، فَإِنْ لَمْ تَكُنْ تَرَاهُ فَإِنَّهُ يَرَاكَ، قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَتَى السَّاعَةُ؟ قَالَ: مَا الْمَسْئُولُ عَنْهَا بِأَعْلَمَ مِنَ السَّائِلِ، وَلٰكِنْ سَأُحَدِّثُكَ عَنْ أَشْرَاطِهَا: إِذَا وَلَدَتِ الْمَرْأَةُ رَبَّتَهَا، فَذَاكَ مِنْ أَشْرَاطِهَا، وَإِذَا كَانَ الْحُفَاةُ الْعُرَاةُ رُءُوسَ النَّاسِ، فَذَاكَ مِنْ أَشْرَاطِهَا، فِي خَمْسٍ لَا يَعْلَمُهُنَّ إِلَّا اللّٰهُ: "إِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْأَرْحَامِ" ثُمَّ انْصَرَفَ الرَّجُلُ، فَقَالَ: رُدُّوا عَلَيَّ فَأَخَذُوا لِيَرُدُّوا فَلَمْ يَرَوْا شَيْئًا، فَقَالَ: هٰذَا جِبْرِيلُ جَاءَ لِيُعَلِّمَ النَّاسَ دِيْنَهُمْ (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۴۷۷۷، کتاب تفسیر القرآن، سورة لقمان)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن لوگوں کے پاس تشریف فرما تھے، کہ اچانک آپ کے پاس ایک شخص آئے، اور انہوں نے سوال کیا کہ ایمان کیا ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایمان یہ ہے کہ آپ اللہ پر اور اس کے فرشتوں پر، اور اس کی کتابوں پر اور اس کے رسولوں پر اور (قیامت کے دن) اللہ سے ملاقات پر، اور دوبارہ زندہ ہونے پر یقین رکھیں، پھر اس شخص نے سوال کیا کہ اسلام کیا ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اسلام یہ ہے کہ آپ اللہ کی اس طرح عبادت کریں کہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کریں، اور نماز کو قائم کریں، اور زکاۃ کے فریضے کو اداء کریں، اور رمضان کے روزے رکھیں۔

پھر اس شخص نے سوال کیا کہ احسان کیا ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ احسان یہ ہے کہ آپ اللہ کی عبادت اس طرح کریں، گویا کہ آپ اسے دیکھ رہے ہیں، اور اگر آپ اس کو دیکھنے کا تصور نہیں کر سکتے، تو یہ یقین رکھیں کہ وہ آپ کو دیکھ رہا ہے۔

پھر اس شخص نے سوال کیا کہ قیامت کب آئے گی؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس سے سوال کیا گیا ہے وہ اس بات کو سائل سے زیادہ نہیں جانتا، لیکن میں تمہیں اس کی چند علامات بتادیتا ہوں، اس کی علامتوں میں سے ایک یہ ہے کہ عورت اپنے مالک کو جنے گی، اور ایک علامت یہ ہے کہ ننگے پاؤں، اور ننگے جسم والے لوگ، حکمران بن بیٹھیں گے، تو یہ قیامت کی علامات ہیں۔

اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پانچ باتیں ہیں جن کو صرف اللہ ہی جانتا ہے، ایک یہ کہ قیامت کب آئے گی؟ دوسرے یہ کہ بارش کب ہوگی؟ تیسرے یہ کہ عورت کے رحم میں کیا ہے؟ اس کے بعد وہ آدمی چلا گیا؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس آدمی کو واپس بلاؤ، ہم نے اس کو دیکھا، مگر وہ ہمیں نہیں ملا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ جبریل تھے، جو لوگوں کو دین سکھانے کے لئے آئے تھے (بخاری)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی سند سے مروی مذکورہ حدیث میں کئی باتیں بیان کی گئیں ہیں، جن میں سے اس وقت مذکورہ حدیث میں بیان کی گئی قیامت کی مخصوص علامات زیرِ بحث ہیں۔

اس سے معلوم ہوا کہ قیامت کا مقررہ وقت تو اللہ ہی کو معلوم ہے، اس کا اللہ تعالیٰ نے اپنی حکمت کے تحت اپنے نبی کو بھی علم نہیں دیا، البتہ قیامت کی کچھ علامات ہیں، جن میں سے مذکورہ حدیث میں ایک علامت تو یہ بیان کی گئی ہے کہ عورت، اور بعض روایات کے مطابق باندی، اپنے مالک، اور مالکن کو جنم دے گی، یعنی ماں تو باندی ہوگی، اور اس کی اولاد آزاد ہوگی، یا اولاد کی اپنی والدہ پر حکومت ہوگی، والدہ کی قدر و قیمت نہیں رہے گی۔

اور ایسے خستہ حال غریب غرباء، اور کمینے، گرے پڑے لوگ جو پہلے لباس اور جوتوں تک

کے پہننے کی تمیز وسلیقہ، اوران کے حصول سے محروم ہوں گے، وہ دوسرے لوگوں پر حکومت کریں گے۔ ل

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی اس حدیث کوکئی محدثین نے مختلف سندوں کے ساتھ تفصیل، یااختصار کے ساتھ روایت کیا ہے، جن میں کچھ الفاظ کا فرق ہے۔

اس بارے میں چند مزید احادیث وروایات ذکر کی جاتی ہیں، جن سے اس مسئلہ کی مزید وضاحت ہوتی ہے، کیونکہ یہ بات معلوم ہے کہ احادیث وروایات ایک دوسرے کی تفسیر وتشریح کرتی ہیں۔

## ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت

صحیح مسلم میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی ایک لمبی روایت میں یہ الفاظ ہیں:

---

ل (قال) جبريل :(يا رسول الله متى الساعة؟) أى قيامها وسميت الساعة لوقوعها بغتة أو لسرعة حسابها (قال) النبى -صلى الله عليه وسلم :-(ما المسؤول منها بأعلم من السائل) ما نافية يعنى لست أنا أعلم منك يا جبريل بعلم وقت قيام الساعة (ولكن سأحدثك عن أشراطها) علاماتها السابقة عليها وذلك (إذا ولدت المرأة) وفى رواية أبى ذر الأمة (ربتها) بتاء التأنيث على معنى النسمة ليشمل الذكر والأنثى كناية عن كثرة السبى فيستولد الناس أماء هم فيكون الولد كالسيد لأمه لأن ملك الأمة راجع فى التقدير إلى الولد (فذاك من أشراطها) لأن كثرة السبى والتسرى دليل على استعلاء الدين واستيلاء المسلمين وهو من الأمارات لأن قوته وبلوغ أمره غايته وذلك منذر بالتراجع والانحطاط المنذر بأن القيامة ستقوم (وإذا كان الحفاة العراة رؤوس الناس) إشارة إلى استيلائهم على الأمر وتملكهم البلاد بالقهر والمعنى أن الأذلة من الناس ينقلبون أعزة ملوك الأرض (فذاك من أشراطها) واكتفى باثنتين من الأشراط مع التعبير بالجمع لحصول المقصود بهما فى ذلك(إرشاد السارى لشرح صحيح البخارى،للقسطلانى، ج۷،ص ۲۸۹، كتاب تفسير القرآن،سورة لقمان،باب قوله :إن الله عنده علم الساعة)

وفسر هذا القول كثير من الناس بأن السبى يكثر بعد اتساع رقعة الإسلام فيسترد الناس إماء هم، فيكون الولد كالسيد لأمه لأن ملكها راجع إليه فى التقدير، وذلك إشارة إلى قوة الدين، واستيلاء المسلمين، وهى من الأمارات؛ لأن بلوغ الغاية منذر بالتراجع والانحطاط المؤذن بقيام الساعة، أو إلى أن الأعزة تصير أذلة لأن الأم مربية للولد مدبرة أمره فإذا صار الولد ربها سيما إذا كان بنتا ينقلب الأمر كما أن القرينة الثانية على عكس ذلك، وهى أن الأذلة ينقلبون أعزة ملوك الأرض فيتلاء م المعطوفان، وهذا إخبار بتغير الزمان، وانقلاب أحوال الناس بحيث لا يشاهد قبله(مرقاة المفاتيح،ج ۱ ،ص ۶۳، كتاب الإيمان)

قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَتٰى تَقُوْمُ السَّاعَةُ؟ قَالَ: مَا الْمَسْئُوْلُ عَنْهَا بِأَعْلَمَ مِنَ السَّائِلِ، وَسَأُحَدِّثُكَ عَنْ أَشْرَاطِهَا: إِذَا رَأَيْتَ الْمَرْأَةَ تَلِدُ رَبَّهَا، فَذَاكَ مِنْ أَشْرَاطِهَا، وَإِذَا رَأَيْتَ الْحُفَاةَ الْعُرَاةَ الصُّمَّ الْبُكْمَ مُلُوْكَ الْأَرْضِ، فَذَاكَ مِنْ أَشْرَاطِهَا، وَإِذَا رَأَيْتَ رِعَاءَ الْبَهْمِ يَتَطَاوَلُوْنَ فِي الْبُنْيَانِ، فَذَاكَ مِنْ أَشْرَاطِهَا (صحيح مسلم، رقم الحديث ١٠ "٧" كتاب الإيمان، باب بيان الإيمان والإسلام والإحسان ووجوب الإيمان بإثبات قدر الله سبحانه وتعالى)

ترجمہ: پھر اس شخص نے سوال کیا کہ اے اللہ کے رسول! قیامت کب قائم ہوگی؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس سے سوال کیا گیا ہے، وہ اس بات کو سائل سے زیادہ نہیں جانتا، البتہ میں اس کی علامات تمہیں بتا دیتا ہوں، جب تم دیکھو کہ عورتیں اپنے مالکوں کو جنم دے رہی ہیں، تو یہ قیامت کی علامات میں سے ہے، اور جب دیکھو کہ ننگے جسم، ننگے پاؤں، بہرے، گونگے، زمین کے حکمران ہو رہے ہیں، تو یہ قیامت کی علامات میں سے ہے اور جب تم دیکھو کہ چوپاؤں کے چرانے والے لوگ اونچی وطویل عمارتوں میں ایک دوسرے کا مقابلہ کر رہے ہیں، تو یہ بھی قیامت کی علامات میں سے ہے (مسلم)

اس روایت سے یہ وضاحت بھی ہوگئی کہ قیامت سے پہلے جو بھوکے ننگے لوگ حکمران بن بیٹھیں گے، وہ علم ودانش، اور اپنے ماتحتوں کے حقوق کے علم اور ان کی ادائیگی سے بھی کورے ہوں گے، اس وجہ سے ان کو بہرے گونگے فرمایا گیا۔

اور اس روایت سے یہ بھی معلوم ہوگیا کہ دیہاتی لوگ جو جانوروں کو چرایا کرتے تھے، ان کے پاس مال ودولت کی اتنی فراوانی ہوجائے گی کہ وہ ایک دوسرے سے بڑھ چڑھ کر اونچی اونچی عمارتیں، بلڈنگیں اور کالونیاں وغیرہ بنائیں گے۔

# ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی تیسری روایت

مسند احمد میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : إِنَّ مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ أَنْ يُّرٰى رُعَاةُ الشَّاءِ رُءُ وسَ النَّاسِ، وَأَنْ يُّرٰى الْحُفَاةُ الْعُرَاةُ الْجُوَّعُ يَتَبَارَوْنَ فِي الْبِنَاءِ، وَأَنْ تَلِدَ الْأَمَةُ رَبَّهَا، وَرَبَّتَهَا (مسند احمد، رقم الحديث ٩١٢٨) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک قیامت کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ بکریوں کو چرانے والے لوگ، دوسرے لوگوں کے حکمران بن جائیں گے اور برہنہ جسم، برہنہ پاؤں، بھوکے فقر وافلاس کے مارے لوگ، عمارتوں میں مسابقت وفخر کریں گے، اور باندی اپنے مالک، اور مالکن کو جنم دے گی (مسند احمد)

اس روایت سے یہ وضاحت بھی ہوگئی کہ وہ لوگ بھوک وافلاس کے مارے ہوں گے، جن کی حالت کہیں سے کہیں پہنچ جائے گی۔

# عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث

اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی سند سے مروی ایک لمبی روایت میں ہے کہ:

قَالَ: فَمَتَى السَّاعَةُ؟ قَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ مَا الْمَسْؤُوْلُ عَنْهَا بِأَعْلَمَ مِنَ السَّائِلِ، وَلٰكِنْ إِنْ شِئْتَ نَبَّأْتُكَ عَنْ أَشْرَاطِهَا، قَالَ: أَجَلْ، قَالَ: إِذَا رَأَيْتَ الْعَالَةَ الْحُفَاةَ الْعُرَاةَ يَتَطَاوَلُوْنَ فِي الْبِنَاءِ وَكَانُوْا مُلُوْكًا، قَالَ: مَا الْعَالَةُ الْحُفَاةُ الْعُرَاةُ قَالَ: اَلْعُرَيْبُ، قَالَ: وَإِذَا رَأَيْتَ الْأَمَةَ تَلِدُ رَبَّتَهَا

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية مسند احمد)

فَذٰلِکَ مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ ،قَالَ: صَدَقْتَ ثُمَّ نَهَضَ فَوَلّٰى (صحیح ابنِ حبان، رقم الحدیث ۱۷۳، کتاب الإیمان، باب فرض الإیمان) [1]

ترجمہ: اس شخص نے کہا کہ قیامت کب قائم ہوگی؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سبحان اللہ! قیامت کے وقت کے بارے میں جس سے یہ سوال کیا گیا ہے، وہ سوال کرنے والے سے زیادہ علم نہیں رکھتا، لیکن اگر آپ چاہیں، تو میں آپ کو اس کی کچھ علامات بتادیتا ہوں، اس شخص نے کہا کہ بے شک بتادیجئے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم دیہاتی ، ننگے جسم، ننگے پاؤں والے لوگوں کو دیکھو کہ وہ اونچی وطویل عمارتیں بنارہے ہیں، اور وہ حکمران بن بیٹھیں (تو یہ قیامت کی علامات میں سے ہے) اس شخص نے سوال کیا کہ یہ دیہاتی ، ننگے جسم، ننگے پاؤں والے لوگ کون ہیں؟ (تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ) اس سے ادنیٰ درجہ کے عربی لوگ مراد ہیں، اور جب تم دیکھو کہ باندی اپنی مالکن کو جَن رہی ہے، تو یہ بھی قیامت کی علامات میں سے ہے، اس شخص نے کہا کہ آپ نے سچ فرمایا، پھر وہ شخص اٹھ کر کھڑا ہوگیا، اور واپس چلا گیا (ابنِ حبان)

حضرت عمر رضی اللہ کی اس حدیث سے بھی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی گذشتہ حدیث کی تائید ہوتی ہے، جس سے یہ واضح ہوگیا کہ وہ لوگ دیہاتی اور جاہل ہوں گے، جو حکمران بن بیٹھیں گے، ان ہی لوگوں کو گزشتہ احادیث وروایات میں جانوروں کو چرانے والے، بھوکے فقر وافلاس کے مارے، ننگے جسم، ننگے پاؤں اور بہرے گونگے لوگ کہا گیا تھا، جو حکمران ، وڈیرے، اور جاگیردار اور لمبی چوڑی عمارتوں کے مالک بن بیٹھیں گے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد، پہلے تو یہ حالت عرب میں پیش آئی تھی، بعد میں وہ دوسری جگہ بھی منتقل ہوگئی۔ [2]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (صحيح ابنِ حبان)

[2] و(قوله :وأن ترى الحفاة العراة العالة رعاء الشاء يتطاولون فى البنيان)

الحفاة :جمع حاف، وهو الذى لا يلبس فى رجله شيئا .والعراة :جمع عار، وهو الذى لا يلبس على

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

# ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

اورحضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: وَالَّذِىْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ، لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَظْهَرَ الْفُحْشُ، وَالْبُخْلُ، وَيُخَوَّنَ

﴿گزشتہ صفحے کابقیہ حاشیہ﴾ جسده ثوبا .والعالة مخففة اللام :جمع عائل، وهو الفقير، والعيلة :الفقر؛ يقال :عال الرجل يعيل عيلة :إذا افتقر، وأعال يعيل :إذا كثر عياله، وهذه الأوصاف هى غالبة على أهل البادية، وقد وصفهم فى حديث أبى هريرة بأنهم صم بكم عمى، ويعنى بذلك -والله تعالى أعلم :-أنهم جهلة رعاع، لم يستعملوا أسماعهم ولا كلامهم فى علم ولا فى شىء من أمر دينهم، وهذا نحو قوله تعالى :صم بكم عمى فهم لا يعقلون؛ أطلق ذلك عليهم مع أنهم كانت لهم أسماع وأبصار، ولكنهم لما لم تحصل لهم ثمرات تلك الإدراكات، صاروا كأنهم عدموا أصلها، وقد أوضح هذا المعنى قوله تعالى :لهم قلوب لا يفقهون بها ولهم أعين لا يبصرون بها ولهم آذان لا يسمعون بها أولئك كالأنعام بل هم أضل أولئك هم الغافلون.

ومقصود هذا الحديث :الإخبار عن تبدل الحال وتغيره؛ بأن يستولى أهل البادية الذين هذه صفاتهم على أهل الحاضرة، ويتملكوا بالقهر والغلبة، فتكثر أموالهم، وتتسع فى حطام الدنيا آمالهم، فتنصرف هممهم إلى تشييد المبانى، وهدم الدين وشريف المعانى، وأن ذلك إذا وجد، كان من أشراط الساعة.

ويؤيد هذا :ما ذكر عن رسول الله -صلى الله عليه وسلم -أنه قال :لا تقوم الساعة حتى يكون أسعد الناس بالدنيا لكع بن لكع(المفهم لما أشكل من تلخيص كتاب مسلم، ج ا ،ص ۱۴۹ ،كتاب الإيمان،باب معانى الإيمان والإسلام والإحسان شرعا)

قوله صلى الله عليه وسلم (وأن ترى الحفاة العراة العالة رعاء الشاء يتطاولون فى البنيان) أما العالة فهم الفقراء والعائل الفقير والعيلة الفقر وعال الرجل يعيل عيلة أى افتقر والرعاء بكسر الراء وبالمد ويقال فيهم رعاة بضم الراء وزيادة الهاء بلا مد ومعناه أن أهل البادية وأشباههم من أهل الحاجة والفاقة تبسط لهم الدنيا حتى يتباهون فى البنيان ( شرح النووى علىٰ مسلم، ج ا، ص ۱۵۹ ،كتاب الايمان،باب بيان الإيمان والإسلام والإحسان الخ)

(وإذا رأيت الحفاة العراة الصم البكم ملوك الأرض فذاك من أشراطها) المراد بهم الجهلة السفلة الرعاع كما قال سبحانه وتعالى صم بكم عمى أى لما لم ينتفعوا بجوارحهم هذه فكأنهم عدموها هذا هو الصحيح فى معنى الحديث (شرح النووى علىٰ مسلم، ج ا، ص ۱۶۵ ،كتاب الايمان،باب بيان الإيمان والإسلام والإحسان الخ)

(وإذا رأيت الحفاة العراة الصم) أى :عن قبول الحق (البكم) أى :عن النطق بالصدق جعلوا

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

الْأَمِيْنُ، وَيُؤْتَمَنَ الْخَائِنُ، وَتَهْلَكَ الْوُعُوْلُ، وَتَظْهَرَ التُّحُوْتُ، قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَمَا الْوُعُوْلُ وَالتُّحُوْتُ؟ قَالَ: اَلْوُعُوْلُ: وُجُوْهُ النَّاسِ وَأَشْرَافُهُمْ، وَالتُّحُوْتُ: اَلَّذِيْنَ كَانُوْا تَحْتَ أَقْدَامِ النَّاسِ لَا يُعْلَمُ بِهِمْ (موارد الظمآن إلى زوائد ابن حبان، رقم الحديث ١٨٨٦، كتاب الفتن، باب فى أمارات الساعة) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قسم ہے اس ذات کی کہ محمد کی جان اس کے ہاتھ میں ہے، قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک فحش و بے حیائی اور بخل عام نہ ہو جائے، اور امانت دار کو خائن اور خائن کو امانت دار نہ قرار دیا جائے، اور ''وعول'' لوگ ہلاک نہ ہو جائیں، اور ''تحوت'' لوگ عام نہ ہو جائیں، لوگوں نے کہا کہ اے اللہ کے رسول ''وعول'' اور ''تحوت'' کیا ہیں، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ''وعول'' وہ ہیں، جو لوگوں میں

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

لبلادتهم، وحماقتهم، وعدم تمييزهم كأنه أصيبت مشاعرهم مع كونها سليمة تدرك ما ينتفعون به (ملوك الأرض) : منصوب على أنه مفعول ثان لرأيت، أو على أنه حال، والمراد بأولئك أهل البادية لما فى رواية، قال :ما الحفاة العراة؟ قال :العريب مصغر العرب(مرقاة المفاتيح، ج ١، ص ٦٥، كتاب الإيمان)

"وأن ترى الحفاة :"جمع الحافى، وهو :الذى لا شىء فى رجله من نعل وغيره.

"العراة :"جمع العارى، وهو :المتجرد عن الثياب.

"العالة :"جمع عائل، وهو :الفقير المراد بهم العاجزون المقصودون فى الدين كعجزهم فى السير والعيش.

"رعاء :"جمع راع.

"الشاء :"جمع شاة؛ يعنى :ملوكا، عبر عن الخلق بالشاء ؛ لكونهم فى العجز كالشاء .

"يتطاولون فى البنيان"؛ أى :حال كونهم متفاخرين بارتفاع أبنيتهم؛ يعنى :من أماراتها أن تفوض الإمارة إلى الأراذل والأجلاف، فحينئذ ينعكس الزمان، ويتذلل الأشراف(شرح المصابيح لابن الملك، ج ١، ص ٢٦، كتاب الإيمان)

[1] قال حسين سليم اسد الدارانى:إسناده جيد(حاشية موارد الظمآن)

www.idaraghufran.org

عزت وشرافت والے ہوں، اور ''تحوت'' وہ لوگ ہیں، جو لوگوں کے پاؤں کی دھول ہوں، اُن کی کوئی جان پہچان نہ ہو (موارد الظمآن)

اس حدیث کو امام حاکم نے بھی روایت کیا ہے، اور اس کی سند کو معتبر قرار دیا ہے۔ [1]

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ قیامت سے پہلے فحاشی، بے حیائی، بخل، اور امانت میں خیانت عام ہو جائے گی، اور خائن کو امین اور امین کو خائن سمجھا جانے لگے گا، اور شریف اور معزز لوگ ایک ایک کر کے ہلاک ہو جائیں گے، اور گم نام، کمینے اور گرے پڑے لوگ عزت دار سمجھے جانے لگیں گے، جس کی وضاحت گذشتہ احادیث وروایات سے یہ ہوتی ہے کہ وہ بڑے بڑے عہدوں ومنصبوں پر براجمان ہو جائیں گے، اور مال ودولت کی بھرمار ہوگی، جس کو وہ بلندوبالا اور طویل عمارتوں میں لگا کر فخر وتفاخر کا مظاہرہ کریں گے۔

## ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَذْهَبُ الدُّنْيَا حَتّٰى تَصِيْرَ لِلُكَعِ ابْنِ لُكَعٍ (مسند احمد، رقم الحديث ٨٦٩٧) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دنیا اس وقت تک ختم نہ ہوگی، جب

---

[1] حدثنا أبو عبد الله محمد بن يعقوب الحافظ، ثنا يحيى بن محمد بن يحيى الشهيد، والفضل بن محمد بن المسيب الشعراني، قالا: ثنا إسماعيل بن أبي أويس، حدثني زفر بن عبد الرحمن بن أدرك، عن محمد بن سليمان بن والبة، عن سعيد بن جبير، عن أبي هريرة رضي الله عنه، عن رسول الله صلى الله عليه وسلم أنه قال: والذي نفس محمد بيده، لا تقوم الساعة حتى يظهر الفحش والبخل، ويخون الأمين ويؤتمن الخائن، ويهلك الوعول، ويظهر التحوت فقالوا: يا رسول الله وما الوعول وما التحوت؟ قال: الوعول وجوه الناس وأشرافهم، والتحوت الذين كانوا تحت أقدام الناس لا يعلم بهم هذا حديث رواته كلهم مدنيون ممن لم ينسبوا إلى نوع من الجرح " (مستدرك للحاكم، رقم الحديث ٨٦٤٤)

[2] قال شعيب الارنؤوط: حسن لغيره (حاشية مسند احمد)

تک وہ ''لکع بن لکع'' کے لیے نہ ہو جائے (مسند احمد)

اس حدیث میں جو ''لکع بن لکع'' کے الفاظ استعمال ہوئے ہیں، اس سے مراد یہ ہے کہ وہ خود بھی ارذل اور کمینے قسم کے لوگ ہوں گے، اور اپنے جیسے لوگوں کی اولاد ہوں گے۔ ان کے پاس دنیا ہوگی، یعنی ان کو منصب وحکومت حاصل ہوگی، اور مال دولت کی فراوانی ہوگی، جیسا کہ گذشتہ احادیث وروایات سے معلوم ہو چکا۔ ؎

اس طرح کا مضمون اور بھی کئی احادیث وروایات میں آیا ہے۔

---

؎ قال رسول الله -صلى الله تعالى عليه وسلم " :-لا تقوم الساعة حتى يكون أسعد الناس ") بنصب أسعد ويرفع، أى :أكثرهم مالا، وأطيبهم عيشا، وأرفعهم منصبا، وأنفذهم حكما ( "بالدنيا ") أى :بأمورها أو فيها ( "لكع بن لكع ") بضم اللام وفتح الكاف غير مصروف، أى :لئيم بن لئيم، أى :ردىء النسب دنىء الحسب، وقيل :أراد به من لا يعرف له أصل ولا يحمد له خلق، وحذف ألف ابن لإجراء اللفظين مجرى علمين لشخصين خسيسين لئيمين، قال ابن الملك -رحمه الله -فى بعض النسخ بنصب أسعد على أنه خبر يكون، وفى بعضها برفعه على أن الضمير قد يكون للشأن، والجملة بعده تفسير للضمير المذكور، انتهى .ولا يجوز أن يكون أسعد اسما، ولكع ينصب على الخبرية لفساد المعنى كما لا يخفى، فلا يغرك ما فى بعض النسخ من نصب لكع، فإنه مخالف للرواية والدراية، وقد اقتصر شارح على نصب أسعد، وقال :لكع بالرفع اسم يكون، وهو الأحمق، وقيل :العبد وهو معدول عن اللكع، يقال :لكع الوسخ عليه لكعا فهو لكع إذا التصق به، وللرجل اللئيم كما عدلت لكاع المرأة اللئيمة، ثم استعمل للأحمق والعبد لما فيه من الذلة، وللجحش لما فيه من الخفة، وللصبى لما فيه من الضعف، ويقال للذليل الذى تكون نفسه كالعبيد، وأريد به هاهنا الذى لا يعرف له أصل، ولا يحمد له خلق، انتهى.

وبهذا ظهر معنى قوله -صلى الله تعالى عليه وسلم -فى حق الحسن بن على -رضى الله تعالى عنهما " :-أثم لكع "، وحاصله أنه يطلق على الصغير قدرا وجثة، بحسب ما يقتضيه المقام من المعنى المناسب للمرام، ولذا قيل :يقال للصبى الصغير لكع مصروفا، ذهابا إلى صغر جثته، ويطلق على العبد واللئيم والأحمق لصغر قدرهم، فإذا عرفت هذا فيصلح أن يراد بلكع كل من هذه المعانى من :الصغير، والحقير، والعبد، والأحمق، واللئيم، ثم قال بعضهم :هو ليس بمعدول، وإنما هو مثل صرد ونغر، فحقه أن ينون لأنه ليس بمعدول، وفى القاموس :اللكع كصرد اللئيم والعبد الأحمق، ومن لا يتجه لمنطق ولا لغيره، والمهر، والصغير، والوسخ، ويقول فى النداء :يا لكع، ولا يصرف فى المعرفة لأنه معدول عن اللكع، انتهى، وهذا يؤيد أن يكون لكع هنا مصروفا، وقال الطيبى -رحمه الله :-وهو غير منصرف للعدل والصفة(مرقاة المفاتيح، ج۸، ص ۳۳۶۲ و۳۳۶۳، كتاب الرقاق، باب تغير الناس)

## انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث

چنانچہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: لَا تَنْقَضِی الدُّنْیَا حَتّٰی تَکُوْنَ عِنْدَ لُکَعُ بْنُ لُکَعٍ** (صحیح ابنِ حبان، رقم الحدیث ۶۷۲۱، تابع کتاب التاریخ، باب إخباره صلى الله عليه وسلم عما يكون فى أمته من الفتن والحوادث) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دنیا اس وقت تک ختم نہ ہوگی، جب تک وہ "لکع بن لکع" (یعنی ارذل وکمینے لوگوں) کے پاس نہ ہو جائے (صحیح ابنِ حبان)

## حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ کی حدیث

اورحضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**أَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَۃُ حَتّٰی یَکُوْنَ أَسْعَدَ النَّاسِ بِالدُّنْیَا لُکَعُ بْنُ لُکَعٍ** (مسند احمد، رقم الحدیث ۲۳۳۰۳) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی، جب تک کہ دنیا کے ذریعے سے کامیاب ترین "لکع بن لکع" (یعنی ارذل وکمینے لوگ) شمار نہ ہو جائیں (مسند احمد)

## ابنِ نیار رضی اللہ عنہ کی حدیث

اورحضرت ابنِ نیار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية صحيح ابنِ حبان)

[2] قال شعيب الارنؤوط: حسن لغيره (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: لَا تَذْهَبُ الدُّنْيَا حَتّٰى تَكُوْنَ لِلُكَعِ ابْنِ لُكَعٍ (مسند احمد، رقم الحديث ۱۸۹۳۱) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ دنیا اس وقت تک ختم نہ ہوگی، جب تک وہ ''لکع بن لکع'' (یعنی ارذل وکمینے لوگوں) کے لیے نہ ہو جائے (مسند احمد)

## بعض صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کی حدیث

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعض صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم سے روایت ہے کہ:

يُوْشِكُ أَنْ يَّغْلِبَ عَلَى الدُّنْيَا لُكَعُ بْنُ لُكَعٍ (مسند احمد، رقم الحديث ۲۳۶۵۱) [2]

ترجمہ: قریب ہے کہ دنیا پر ''لکع بن لکع'' (یعنی ارذل وکمینے لوگ) غالب نہ آجائیں (مسند احمد)

بعض دوسرے محدثین سے بھی یہ حدیث مرفوعاً مروی ہے۔ [3]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح، وهذا سند حسن (حاشية مسند احمد)

[2] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية مسند احمد)

وقال الالبانی: قلت: وهذا إسناد صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبی كامل، واسمه مظفر ابن مدرک الخراسانی وهو ثقة، وهو وإن كان موقوفا، فهو فی حكم المرفوع، لاسيما وقد ذكره السيوطی فی "الجامع الكبير "من حديث أبی ذر مرفوعا بلفظ: "أفضل الناس يومئذ "... والباقی مثله سواء وقال: " رواه العسكری فی "الأمثال "والديلمی وسنده حسن "(سلسلة الاحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ۱۵۰۵)

[3] حدثنا أحمد بن عبد الرحمن بن وهب قال: حدثنا عمی عبد الله بن وهب قال: أخبرنی إبراهيم بن سعد الزهری , عن الزهری قال: أخبرنی عبد الملک بن أبی بكر بن عبد الرحمن بن الحارث بن هشام , عن أبيه قال: أخبرنی رجل , من أصحاب النبی صلى الله عليه وسلم , عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: " يوشک أن يغلب على الدنيا لكع بن لكع , وأفضل الناس مؤمن بين كريمين (شرح مشكل الآثار للطحاوی، رقم الحديث ۲۰۵۱)

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جس زمانہ میں یہ باتیں بیان فرمائیں، اس زمانہ میں ان باتوں کا تصور کرنا بھی مشکل تھا، لیکن آج ہمارے زمانہ میں یہ باتیں حرف بحرف سامنے آ رہی ہیں۔

حکومت وسیاست کے عہدوں پر عام طور سے ایسے جہلاء، کم ذات اور نیچ قسم کے لوگ مسلط ہیں، جو علم وعمل، اخلاق، معاشرت، اور عقل ودانش سے عاری ہیں، آج کل کے بیشتر جاگیرداروں کی بھی یہی حالت ہے، جن کے اچھے کردار سے پہلے کوئی بھی واقف نہیں تھا، اور وہ پہلے بھوکے ننگے تھے، جانوروں کو چرایا کرتے تھے، لیکن آج وہ بڑی بڑی بلڈنگوں، کوٹھیوں، بلکہ سوسائٹیوں کے مالک بنے بیٹھیں ہیں، سیاست وحکومت کے عہدوں سے لے کر مال وجائیداد اور بڑی بڑی عمارتوں کے مالک ہیں، اور ان چیزوں میں ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کے لئے کوشاں ہیں، اور اس مقصد کے لئے وہ طرح طرح کے جرائم کا ارتکاب کرتے ہیں، جن کی داستان بہت طویل ہے، جس کا کسی نے اس طرح خلاصہ بیان کیا ہے کہ:

ہے شرافت تو کہاں، شرّ وآفت ہے باقی ریاست سے گیا ست، ہے ریا باقی

اللہ حفاظت فرمائے۔ آمین۔

وَاللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی اَعْلَمُ وَعِلْمُہٗ اَتَمُّ وَاَحْکَمُ.

## (فصل نمبر 31)

# بارش کے باوجود زمینی پیداوار میں بے برکتی کا فتنہ

آج جہاں قربِ قیامت کے بہت سے دیگر فتنے ظاہر ہورہے ہیں، ان میں سے ایک اہم فتنہ یہ ہے کہ یا تو بارانِ رحمت، یعنی بارش بالکل بھی نہیں ہوتی، جس کی وجہ سے طرح طرح کی آزمائشوں اور بیماریوں سے دوچار ہونا پڑتا ہے، اور اگر بارش ہوتی ہے، تو رحمت کے بجائے زحمت کا باعث ہوتی ہے، بارش کے باوجود خشک سالی اور پیداوار کی کمی دور نہیں ہوتی، بارش کا پانی تیزی سے گزر جاتا ہے، زمین کو جذب کرنے کا موقع ہی حاصل نہیں ہوتا، بسا اوقات تو بارش کے سیلاب کا ریلا کھڑی فصل، اور درختوں کو بھی اپنے ساتھ بہا کر لے جاتا ہے، اور بعض اوقات فصل تیار اور کٹنے کے قریب ہوتی ہے کہ ایسے وقت بارش ہونے سے وہ خراب و ناکارہ ہوجاتی ہے، اور سیلاب سے مزید بھی کئی قسم کا جانی و مالی نقصان ہوتا ہے۔

احادیث میں ان چیزوں کی نشاندہی کی گئی ہے۔

## انس رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَأْتِيْ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ تُمْطِرُ السَّمَاءُ مَطَرًا وَلَا تُنْبِتُ الْأَرْضُ (المستدرک للحاکم، رقم الحديث ۸۵۶۷، کتاب الفتن والملاحم) [1]

[1] قال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد، ولم يخرجاه.
وقال الذهبی فی التلخيص: صحيح.

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لوگوں پر ایسا زمانہ آئے گا کہ آسمان سے بارش نازل ہوگی، لیکن زمین سے پیداوار نہیں ہوگی (مستدرک حاکم)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَۃُ حَتّٰی یُمْطَرَ النَّاسُ مَطَرًا عَامًّا، وَلَا تَنْبُتَ الْأَرْضُ شَیْئًا (مسند احمد، رقم الحدیث ۱۲۴۲۹) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک سال بھر بارش نازل ہونے کے باوجود زمین سے کچھ بھی پیداوار نہ ہو (مسند احمد)

اگرچہ ابھی اس قسم کی عمومی حالت پیدا نہیں ہوئی، لیکن اس حالت کے آثار وقتاً فوقتاً دنیا بھر میں بکثرت ظاہر ہو رہے ہیں۔

## ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَیْسَتِ السَّنَۃُ بِأَنْ لَا تُمْطَرُوْا، وَلٰکِنِ السَّنَۃُ أَنْ تُمْطَرُوْا وَتُمْطَرُوْا، وَلَا تُنْبِتُ الْأَرْضُ شَیْئًا (صحیح مسلم، رقم الحدیث ۲۹۰۴ "۴۴" کتاب الفتن وأشراط الساعۃ)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قحط سالی یہ نہیں ہے کہ بارش سرے سے ہوئے ہی نہیں، بلکہ قحط سالی یہ ہے کہ تم پر بارش کی جائے، اور بارش کی جائے، لیکن زمین کوئی چیز نہ اگائے (صحیح مسلم)

---

[1] قال شعیب الارنؤوط: صحیح، وھذا إسناد ضعیف (حاشیۃ مسند احمد)

بعض احادیث میں قحط سالی وزمینی پیداوار میں کمی، اور بارش نہ ہونے جیسی آفات وبلیات کو جنم دینے والے گناہوں کی بھی نشاندہی کی گئی ہے۔

## عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث

چنانچہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**يَا مَعْشَرَ الْمُهَاجِرِينَ خَمْسٌ :إِذَا ابْتُلِيتُمْ بِهِنَّ وَأَعُوذُ بِاللَّهِ أَنْ تُدْرِكُوهُنَّ ،لَمْ تَظْهَرِ الْفَاحِشَةُ فِي قَوْمٍ قَطُّ، حَتَّى يُعْلِنُوا بِهَا ،إِلَّا فَشَا فِيهِمُ الطَّاعُونُ ،وَالْأَوْجَاعُ الَّتِي لَمْ تَكُنْ مَضَتْ فِي أَسْلَافِهِمُ الَّذِينَ مَضَوْا ،وَلَمْ يَنْقُصُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيزَانَ ،إِلَّا أُخِذُوا بِالسِّنِينَ وَشِدَّةِ الْمَئُونَةِ وَجَوْرِ السُّلْطَانِ عَلَيْهِمْ .وَلَمْ يَمْنَعُوا زَكَاةَ أَمْوَالِهِمْ إِلَّا مُنِعُوا الْقَطْرَ مِنَ السَّمَاءِ وَلَوْلَا الْبَهَائِمُ لَمْ يُمْطَرُوا. وَلَمْ يَنْقُضُوا عَهْدَ اللَّهِ وَعَهْدَ رَسُولِهِ إِلَّا سَلَّطَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ عَدُوًّا مِنْ غَيْرِهِمْ فَأَخَذُوا بَعْضَ مَا فِي أَيْدِيهِمْ. وَمَا لَمْ تَحْكُمْ أَئِمَّتُهُمْ بِكِتَابِ اللَّهِ وَيَتَخَيَّرُوا مِمَّا أَنْزَلَ اللَّهُ إِلَّا جَعَلَ اللَّهُ بَأْسَهُمْ بَيْنَهُمْ** (سنن ابن ماجه، رقم الحديث ۴۰۱۹، ابواب الفتن، باب العقوبات) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہماری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا کہ اے مہاجرین کی جماعت! پانچ چیزیں ایسی ہیں کہ جب تم ان میں مبتلا ہو جاؤ اور میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں، اس سے کہ تم ان چیزوں میں مبتلا ہو۔

اور وہ چیزیں یہ ہیں کہ جس قوم میں بھی اعلانیہ طور پر فحاشی (و بے حیائی) ہونے لگے، تو اس میں طاعون (وبائی اور متعدی بیماریاں) اور ایسی ایسی بیماریاں پھیل

[1] قال شعيب الارنؤوط: حسن لغيره (حاشية سنن ابنِ ماجه)

جاتی ہیں، جو ان سے پہلے لوگوں میں نہیں تھیں۔

اور جو قوم بھی ناپ تول میں کمی کرتی ہے، تو وہ قحط سالی، اور طرح طرح کے مصائب اور حکمرانوں کے ظلم وستم میں مبتلاء کردی جاتی ہے۔

اور جب کوئی قوم اپنے مالوں کی زکوٰۃ نہیں دیتی، تو ان سے بارش کو روک لیا جاتا ہے اور اگر چوپائے نہ ہوں، تو ان پر کبھی بھی بارش نہ برسے۔

اور جو قوم بھی اللہ اور اس کے رسول کے عہد (اور پختہ احکام) کو توڑتی ہے، تو ان پر اللہ غیروں کو مسلط فرمادیتا ہے، وہ دشمن اس قوم سے عداوت رکھتے ہیں، پھر وہ ان کے مال ودولت کو چھین لیتے ہیں۔

اور جب مسلمان حکمران، کتاب اللہ کے مطابق فیصلے نہیں کرتے، بلکہ اللہ کے نازل کردہ نظام میں (مرضی کے کچھ احکام) اختیار کرلیتے ہیں (اور باقی چھوڑ دیتے ہیں) تو اللہ اس قوم کو خانہ جنگی اور باہمی اختلافات میں مبتلا فرمادیتا ہے (ابنِ ماجہ)

مذکورہ حدیث میں بیان کردہ گناہ، موجودہ دور میں عام ہوتے جارہے ہیں، جن کے وبال سے آج دنیا دوچار ہے، چنانچہ ذرائعِ ابلاغ اور میڈیا کے ذریعہ فحاشی وبے حیائی گھر گھر پہنچ چکی ہے، اور شاید ہی کوئی فردِ بشر اس سے بچارہ گیا ہو، ناپ، تول میں کمی اور ملاوٹ کا گناہ بھی ہر شعبۂ زندگی میں ناسور کی طرح پھیل گیا ہے، زکاۃ پوری طرح اداء نہ کرنے کا گناہ بھی عام ہوتا جارہا ہے، اور اللہ کے پختہ احکام کو توڑنے کا گناہ بھی عام ہوتا جارہا ہے، جس کی وجہ سے مسلمانوں پر دشمنوں کا تسلط وغلبہ ہے، اور مسلمان حکمران، اللہ کے فیصلوں پر عمل نہیں کرتے، جس کی وجہ سے مسلمانوں میں نہ ختم ہونے والے مذہبی، معاشرتی وسیاسی اختلافات کی بھرمار ہے۔ اللہ حفاظت فرمائے۔ آمین۔

البتہ اللہ کی طرف سے یہ وعدہ ہے کہ قحط کی وجہ سے پوری امتِ مسلمہ کو ہلاک اور نیست ونابود ہونے کا وبال نہیں آئے گا۔

# ثوبان رضی اللہ عنہ کی حدیث

چنانچہ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ زَوَى لِيَ الْأَرْضَ، فَرَأَيْتُ مَشَارِقَهَا وَمَغَارِبَهَا، وَإِنَّ أُمَّتِي سَيَبْلُغُ مُلْكُهَا مَا زُوِيَ لِي مِنْهَا، وَأُعْطِيتُ الْكَنْزَيْنِ الْأَحْمَرَ وَالْأَبْيَضَ، وَإِنِّي سَأَلْتُ رَبِّي لِأُمَّتِي أَنْ لَّا يُهْلِكَهَا بِسَنَةٍ عَامَّةٍ، وَأَنْ لَّا يُسَلِّطَ عَلَيْهِمْ عَدُوًّا مِنْ سِوَى أَنْفُسِهِمْ، فَيَسْتَبِيحَ بَيْضَتَهُمْ، وَإِنَّ رَبِّي قَالَ: يَا مُحَمَّدُ إِنِّي إِذَا قَضَيْتُ قَضَاءً فَإِنَّهُ لَا يُرَدُّ، وَإِنِّي أَعْطَيْتُكَ لِأُمَّتِكَ أَنْ لَّا أُهْلِكَهُمْ بِسَنَةٍ عَامَّةٍ، وَأَنْ لَّا أُسَلِّطَ عَلَيْهِمْ عَدُوًّا مِنْ سِوَى أَنْفُسِهِمْ، يَسْتَبِيحُ بَيْضَتَهُمْ، وَلَوِ اجْتَمَعَ عَلَيْهِمْ مَنْ بِأَقْطَارِهَا، أَوْ قَالَ مِنْ بَيْنَ أَقْطَارِهَا، حَتّٰى يَكُوْنَ بَعْضُهُمْ يُهْلِكُ بَعْضًا، وَيَسْبِي بَعْضُهُمْ بَعْضًا (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٨٨٩ "١٩" كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب هلاك هذه الأمة بعضهم ببعض)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ نے زمین کو میرے لئے سمیٹ دیا، تو میں نے اس کے مشرق اور مغرب کو دیکھا اور جہاں تک کی زمین میرے لئے سمیٹ دی گئی تھی، وہاں تک، عنقریب میری امت کی سلطنت وحکومت پہنچ جائے گی اور مجھے سرخ اور سفید دو خزانے عطاء کئے گئے اور میں نے اپنے رب سے اپنی امت کے لئے دعا کی کہ وہ انہیں عام قحط سالی میں ہلاک نہ کرے اور ان کے علاوہ ان پر کوئی ایسا دشمن مسلط نہ کرے، جو ان سب کی جانوں کی ہلاکت کو مباح وجائز سمجھے، تو بے شک میرے رب نے فرمایا کہ اے محمد جب میں کسی بات کا فیصلہ کر لیتا ہوں، تو اسے تبدیل نہیں کیا جاتا اور بے شک میں نے آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی امت کے لئے فیصلہ کر لیا ہے کہ انہیں عام قحط سالی کے ذریعہ ہلاک نہ کروں گا اور

نہ ہی ان کے علاوہ ان پر ایسا کوئی دشمن مسلط کروں گا، جو ان سب کی جانوں کو مباح وجائز سمجھ کر ہلاک کر دے، اگرچہ ان کے خلاف زمین کے چاروں اطراف سے لوگ جمع ہو جائیں، یہاں تک کہ میری امت کے لوگ خود ہی ایک دوسرے کو ہلاک کریں گے اور ایک دوسرے کو قیدی بنائیں گے (صحیح مسلم)

## شداد بن اوس رضی اللہ عنہ کی حدیث

اس طرح کی حدیث حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ کی سند سے بھی مروی ہے۔ [1]

اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ مسلمان، آپس کے اختلاف اور تفرقہ کی وجہ سے ایک دوسرے کو قتل اور قید کریں گے، جس کی وجہ سے ان پر دشمن مسلط ہوں گے، جیسا کہ آج مسلمانوں کی یہ صورتِ حال ہمارے سامنے ہے۔ [2]

---

[1] عن شداد بن أوس، أن النبی صلى الله عليه وسلم قال: " إن الله عز وجل زوى لی الأرض حتى رأيت مشارقها ومغاربها، وإن ملک أمتی سيبلغ ما زوى لی منها، وإنی أعطيت الكنزين الأبيض والأحمر، وإنی سألت ربی عز وجل لا يهلک أمتی بسنة بعامة ، وأن لايسلط عليهم عدوا فيهلكهم بعامة، وأن لا يلبسهم شيعا، ولا يذيق بعضهم بأس بعض .وقال: يا محمد إنی إذا قضيت قضاء، فإنه لا يرد، وإنی قد أعطيتک لأمتک أن لا أهلكهم بسنة بعامة، ولا أسلط عليهم عدوا ممن سواهم فيهلكوهم بعامة، حتى يكون بعضهم يهلک بعضا، وبعضهم يقتل بعضا، وبعضهم يسبی بعضا ."قال: وقال النبی صلى الله عليه وسلم: " وإنی لا أخاف على أمتی إلا الأئمة المضلين، فإذا وضع السيف فی أمتی لم يرفع عنهم إلى يوم القيامة "(مسند احمد، رقم الحديث ١٧١١٥)

قال شعيب الارنؤوط:حديث صحيح(حاشية مسند احمد)

[2] (قوله :حتى يكون بعضهم يهلک بعضا، ويسبی بعضهم بعضا) ظاهر (حتى) :الغاية، فيقتضی ظاهر هذا الكلام :أنه لا يسلط عليهم عدوهم فيستبيحهم، إلا إذا كان منهم إهلاک بعضهم لبعض، وسبی بعضهم لبعض .وحاصل هذا أنه إذا كان من المسلمين ذلک تفرقت جماعتهم، واشتغل بعضهم ببعض عن جهاد العدو، فقويت شوكة العدو واستولى، كما شاهدناه فی أزماننا هذه فی المشرق والمغرب، وذلک أنه لما اختلف ملوک الشرق، وتجادلوا استولوا كافر الترک على جميع عراق العجم، ولما اختلف ملوک المغرب وتجادلوا استولت الإفرنج على جميع بلاد الأندلس، والجزر القريبة منها، وها هم قد طمعوا فی جميع بلاد الإسلام(المفهم لما أشكل من تلخيص كتاب مسلم، ج٧،ص ٢١٨،كتاب الفتن،باب لا تقوم الساعة حتى تقتتل فئتان عظيمتان، وحتى يكثر الهرج وجعل بأس هذه الأمة بينها)

## (فصل32)

# زمانہ اور وقت میں بے برکتی کا فتنہ

ہم جس دور سے گذر رہے ہیں، اس میں روز بروز، اوقات میں برکت ختم ہوتی جارہی ہے، وقت اتنی تیزی سے خاموشی کے ساتھ گزر رہا ہے، جس کا پتہ بھی نہیں چلتا۔

اسی حالت کوکسی نے اس طرح بیان کیا ہے کہ:

ہو رہی ہے، عمر مثلِ برف کم　　　چپکے چپکے، رفتہ رفتہ، دم بدم

## سورہ آلِ عمران کا حوالہ

قرآن مجید اللہ کی سورہ آلِ عمران میں تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَتِلْکَ الْاَیَّامُ نُدَاوِلُهَا بَیْنَ النَّاسِ (سورہ آلِ عمران، رقم الآیۃ ۱۴۰)

’’اور ان دنوں کو، بدلتے رہتے ہیں ہم، لوگوں کے درمیان‘‘

معلوم ہوا کہ ایام، زمانہ، اور اوقات کی تبدیلی، اللہ کی قدرت اور اس کے اختیار میں ہے، وہ ان کو لوگوں کے درمیان، اپنی حسبِ مشیت وحسبِ حکمت تبدیل فرماتا ہے۔

اور احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اوقات او زمانہ کی بے برکتی، قیامت کی نشانیوں میں سے ہے، جو قیامت کو قریب کر رہی ہے۔

## ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰی یُقْبَضَ الْعِلْمُ، وَتَکْثُرَ الزَّلَازِلُ، وَیَتَقَارَبَ الزَّمَانُ، وَتَظْهَرَ الْفِتَنُ، وَیَکْثُرَ الْهَرْجُ،

وَهُوَ الْقَتْلُ اَلْقَتْلُ ،حَتّٰى يَكْثُرَ فِيكُمُ الْمَالُ فَيَفِيضَ (صحيح البخارى،رقم الحديث ١٠٣٦ ، كتاب الاستسقاء، باب ما قيل فى الزلازل والآيات)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی، جب تک علم اٹھا نہ لیا جائے ، اور زلزلوں کی کثرت نہ ہوجائے گی، اور زمانہ ایک دوسرے کے قریب (یعنی چھوٹا) نہ ہوجائے ، اور فتنہ وفساد ظاہر نہ ہوجائے، اور ہرج کی کثرت نہ ہوجائے ، اور ہرج سے مراد قتل ہے، قتل (یعنی دنیا میں قتل کے واقعات کی کثرت اور پھیلاؤ ہوجائے گا) یہاں تک کہ تم میں مال بہت زیادہ ہوجائے گا، جو بہتا پھرے گا (یعنی مال کی کثرت ہوکر قدر و قیمت ،اور برکت گھٹ جائے گی، جیسا کہ آج کے زمانہ میں یہی صورتِ حال ہے ) (بخاری)

## ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَتَقَارَبَ الزَّمَانُ، فَتَكُوْنَ السَّنَةُ كَالشَّهْرِ، وَيَكُوْنَ الشَّهْرُ كَالْجُمُعَةِ، وَتَكُوْنَ الْجُمُعَةُ كَالْيَوْمِ، وَيَكُوْنَ الْيَوْمُ كَالسَّاعَةِ، وَتَكُوْنَ السَّاعَةُ كَاِحْتِرَاقِ السَّعَفَةِ اَوِ الْخُوْصَةُ (صحيح ابنِ حبان،رقم الحديث ٦٨٤٢،تابع كتاب التاريخ،باب إخباره صلى الله عليه وسلم عما يكون فى أمته من الفتن والحوادث) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی، جب تک کہ زمانہ ایک دوسرے کے قریب (یعنی چھوٹا) نہیں ہوجائے گا، پس سال، مہینے کی طرح ہوکر رہ جائے گا، اور مہینہ، ہفتہ کی طرح ہوکر رہ جائے گا، اور

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط الصحيح (حاشية صحيح ابنِ حبان)

ہفتہ، دن کی طرح ہوکر رہ جائے گا، اور دن، گھنٹہ کی طرح ہوکر رہ جائے گا، اور گھنٹہ، کھجور کی شاخ، یا درخت کا پتہ جلنے کی طرح ہوکر رہ جائے گا (جس طرح کھجور کی شاخ، یا درخت کے پتہ، کا جلتے ہی جلد کام تمام ہوجاتا ہے، اسی کیفیت کے ساتھ ایک گھنٹہ گزرے گا) (مسند احمد)

## انس رضی اللہ عنہ کی حدیث

اور حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰی یَتَقَارَبَ الزَّمَانُ، فَتَکُوْنُ السَّنَةُ کَالشَّهْرِ، وَالشَّهْرُ کَالْجُمُعَةِ، وَتَکُوْنُ الْجُمُعَةُ کَالْیَوْمِ، وَیَکُوْنُ الْیَوْمُ کَالسَّاعَةِ، وَتَکُوْنُ السَّاعَةُ کَالضَّرَمَةِ بِالنَّارِ (سنن الترمذی، رقم الحدیث ۲۳۳۲، ابواب الزهد، باب ما جاء فی تقارب الزمان وقصر الأمل)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہو گی، جب تک کہ زمانہ ایک دوسرے کے قریب (اور چھوٹا) نہیں ہوجائے گا، پس سال مہینے کی طرح ہوکر رہ جائے گا، اور مہینہ، ہفتہ کی طرح ہوکر رہ جائے گا، اور ہفتہ، دن کی طرح ہوکر رہ جائے گا، اور دن، ایک گھنٹہ کی طرح ہوکر رہ جائے گا، اور گھنٹہ، آگ سے سلگ کر بجھ جانے والی تیلی (یا چقماق) کی طرح ہوکر رہ جائے گا (جو سلگنے کے بعد تیزی سے ختم ہوجاتی ہے) (ترمذی)

معلوم ہوا کہ قیامت سے پہلے زمانہ اور اوقات کی برکت اڑ جائے گی، جس کی وجہ سے سال، مہینہ کی طرح گزر جایا کرے گا، اور مہینہ، ہفتہ کی طرح گزر جایا کرے گا، اور ہفتہ، دن کی طرح گزر جایا کرے گا، اور دن، گھنٹہ کی طرح گزر جایا کرے گا، اور گھنٹہ، آگ سے سلگنے

والی ماچس کی تیلی وغیرہ کی طرح آناً فاناً گزر جایا کرے گا۔

آج مذکورہ احادیث میں بیان کی ہوئی یہ حالت ہو بہو ہمارے سامنے ہے، جو قیامت کی نشانیوں میں سے ہے۔

شہابُ الدین، تورپشتی (المتوفیٰ: 661ھ) فرماتے ہیں:

**یحمل ذلک علی قلة برکة الزمان وذهاب فائدته، أو علی أن الناس لکثرة اهتمامهم بما دهمهم من النوازل والمشیبات شغل قلبهم بالفتن العظام، لا یدرون کیف تنقضی أیامهم ولیالیهم** (المیسر فی شرح مصابیح السنة، ج۴،ص ۱۱۵۸، کتاب الفتن، باب أشراط الساعة)

ترجمہ: یہ حدیث زمانہ کی برکت کم ہوجانے، اور اس کا فائدہ چلے جانے پر محمول ہے، یا اس بات پر محمول ہے کہ لوگوں پر آفات، اور جلد بوڑھا کرنے والی چیزوں کا تاریک سایہ ہونے کی وجہ سے ان کے دل بڑے فتنوں میں مشغول ہوجائیں گے، ان کو دنوں اور راتوں کے گذرنے کا ادراک بھی نہ ہوگا (شرح مصابیح السنہ)

اور آج ایسے میڈیائی پروگرام، کھیل کود، اور دوسرے مست کردینے والے مشغلے بہت عام ہوگئے ہیں، جن میں لگ کر وقت گذرنے کا پتہ ہی نہیں چلتا، جس کے نتیجہ میں اوقات کی قدر وقیمت سے غفلت پیدا ہو رہی ہے، زندگی کی گھڑی بڑی تیزی سے گزر رہی ہے، اور عمر تیزی کے ساتھ گھٹ رہی ہے۔

اس لئے ضرورت ہے کہ زندگی کے اوقات کی قدر وقیمت کو سمجھیں، اور اس کو فضولیات، خرافات ومنکرات میں لگ کر ضائع ہونے سے بچائیں۔

اللہ تعالیٰ توفیق عطاء فرمائے۔ آمین۔

وَاللّٰہُ سُبۡحَانَہٗ وَتَعَالٰی اَعۡلَمُ وَعِلۡمُہٗ اَتَمُّ وَاَحۡکَمُ.

## (فصل نمبر 33)

# منافق، ریاکار ودنیادار قاریوں کا فتنہ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے بھی آگاہ فرمادیا کہ آپ کی امت میں ریاکار، دنیادار، یہاں تک کہ منافق قاری بھی پیدا ہوں گے، جن سے ہمیں آگاہ رہنے کی ضرورت ہے۔

## ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَخْرُجُ فِيْ آخِرِ الزَّمَانِ قَوْمٌ أَحْدَاثُ الْأَسْنَانِ سُفَهَاءُ الْأَحْلَامِ، يَقْرَءُ وْنَ الْقُرْآنَ، لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ، يَقُوْلُوْنَ مِنْ قَوْلِ خَيْرِ الْبَرِيَّةِ، يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ (سنن الترمذی، رقم الحدیث ۲۱۸۸، ابواب الفتن، باب فی صفة المارقة) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آخری زمانہ میں ایسے نوخیز ونوعمر، بےوقوف برآمد ہوں گے، جو قرآن کی قرائت کریں گے، لیکن قرآن ان کے حلق سے نیچے نہیں پہنچے گا، وہ زبان سے قول تو مخلوق میں سب سے بہتر کریں گے، لیکن دین سے اس طرح نکل جائیں گے، جس طرح تیر، کمان سے نکل جاتا ہے (ترمذی)

## ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

[1] قال الترمذی: وفی الباب عن علی، وأبی سعید، وأبی ذر. وهذا حديث حسن صحيح.

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَثَلُ الْمُؤْمِنِ الَّذِىْ يَقْرَأُ الْقُرْآنَ كَمَثَلِ الْأُتْرُجَّةِ، رِيْحُهَا طَيِّبٌ وَطَعْمُهَا طَيِّبٌ، وَمَثَلُ الْمُؤْمِنِ الَّذِىْ لَا يَقْرَأُ الْقُرْآنَ كَمَثَلِ التَّمْرَةِ، لَا رِيْحَ لَهَا وَطَعْمُهَا حُلْوٌ، وَمَثَلُ الْمُنَافِقِ الَّذِىْ يَقْرَأُ الْقُرْآنَ مَثَلُ الرَّيْحَانَةِ، رِيْحُهَا طَيِّبٌ وَطَعْمُهَا مُرٌّ، وَمَثَلُ الْمُنَافِقِ الَّذِىْ لَا يَقْرَأُ الْقُرْآنَ كَمَثَلِ الْحَنْظَلَةِ، لَيْسَ لَهَا رِيْحٌ وَطَعْمُهَا مُرٌّ (صحيح البخارى، رقم الحديث ٥٤٢٧، كتاب الأطعمة، باب ذكر الطعام، صحيح مسلم، رقم الحديث ٧٩٧ "٢٤٣")

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس مومن کی مثال جو قرآن کی قرائت کرتا ہے، ترنج کی طرح ہے کہ اس کا ذائقہ بھی عمدہ ہے اور خوشبو بھی عمدہ ہے، اور اس مومن کی مثال جو قرآن کی قرائت نہ کرے، اس کھجور کی طرح ہے، جس کا ذائقہ میٹھا ہے، لیکن اس میں خوشبو نہیں، اور اس منافق کی مثال جو قرآن کی قرائت کرتا ہے، ریحانہ (تلسی یا Basil) کی طرح ہے کہ اس کی خوشبو اچھی ہے اور ذائقہ کڑوا ہے، اور اس منافق کی مثال جو قرآن کی قرائت نہیں کرتا، حنظلہ (یعنی اندرائن کے پھل یا Colocynth) کی طرح ہے، جس کا ذائقہ بھی کڑوا ہے اور اس میں خوشبو بھی نہیں (بخاری)

## عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: إِنَّ أَكْثَرَ مُنَافِقِىْ أُمَّتِىْ قُرَّآؤُهَا (مسند احمد، رقم الحديث ٦٦٣٣) [1]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح، وهذا اسناد حسن (حاشية مسند احمد)
وقال الالبانى: قلت: وبالجملة فالحديث صحيح بالطرق التى قبل هذه. والله أعلم (سلسلة الاحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ٧٥٠)

www.idaraghufran.org

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ میری امت کے اکثر منافق قرّاء (یعنی قرآن مجید کی قرائت کرنے والے) ہوں گے (مسند احمد)

## عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ: إِنَّ أَكْثَرَ مُنَافِقِيْ هٰذِهِ الْأُمَّةِ لَقُرَّاؤُهَا (مسند احمد، رقم الحديث ١٧٤١١) ۱

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس امت کے اکثر منافق قرّاء (یعنی قرآن مجید کے قاری) ہوں گے (مسند احمد)

اس طرح کی حدیث اور سندوں سے بھی مروی ہے۔ ۲

---

۱ قال شعيب الارنؤوط: حسن لغيره، وهذا إسناد حسن في المتابعات والشواهد من أجل مِشْرَح بن هاعان، فقد اختلف فيه، وهو حسن الحديث في المتابعات والشواهد لا سيما في عقبة، وباقي رجال الإسناد ثقات (حاشية مسند احمد)

وقال الالباني: قلت: وهذا إسناد جيد، الوليد بن المغيرة ثقة. وأبو سلمة الخزاعي -واسمه منصور بن سلمة- ثقة ثبت كما في "التقريب". "ومشرح عرفت حاله وصدقه (سلسلة الاحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ٧٥٠)

۲ حدثنا أبو عبد الرحمن، حدثنا ابن لهيعة، حدثني أبو المصعب، قال: سمعت عقبة، يقول: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول " :أكثر منافقي هذه الأمة قراؤها "(مسند احمد، رقم الحديث ١٧٤١٠)

قال شعيب الارنؤوط:

حسن لغيره، وهذا إسناد حسن في المتابعات والشواهد (حاشية مسند احمد)

وقال الالباني:

وهذا إسناد حسن، مشرح ثقة، وفيه كلام يسير من قبل حفظه، لا يضر، وابن لهيعة ثقة إذا روى عنه أحد العبادلة، وهذا قد رواه عنه العبادلة الثلاثة: عبد الله بن يزيد عند أحمد، وابن المبارك عند الفريابي، وابن وهب عند ابن بطة، لاسيما وقد توبع، وهو فيما يأتي (سلسلة الاحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ٧٥٠)

عن عصمة قال: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: أكثر منافقي أمتي

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

وہ قاری اعتقادی منافق بھی ہوسکتے ہیں، جس کا اللہ ہی حساب لے گا، اور عملی منافق بھی ہوسکتے ہیں، جو قرآن کے قاری ہونے کے باوجود نفاق کی عملی علامات، مثلاً جھوٹ بولنا، جھوٹا وعدہ کرنا، بات بات میں جھگڑا کرنا وغیرہ جیسی چیزوں میں مبتلاء ہوں گے، اور اپنی زبان سے اللہ کا کلام پڑھیں گے، اور جو کچھ زبان سے پڑھیں گے، عمل اس کے خلاف ہوگا، دل میں بھی اس کا اثر نہیں ہوگا۔

## ابو ہریرہ ومعاذ بن جبل رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرات ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: سَيَأْتِيْ عَلٰى أُمَّتِيْ زَمَانٌ تَكْثُرُ فِيْهِ الْقُرَّاءُ، وَتَقِلُّ الْفُقَهَاءُ وَيُقْبَضُ الْعِلْمُ، وَيَكْثُرُ الْهَرْجُ قَالُوْا: وَمَا الْهَرْجُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: اَلْقَتْلُ بَيْنَكُمْ، ثُمَّ يَأْتِيْ بَعْدَ ذٰلِكَ زَمَانٌ يَقْرَأُ الْقُرْآنَ رِجَالٌ لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ، ثُمَّ يَأْتِيْ مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ زَمَانٌ يُجَادِلُ الْمُنَافِقُ الْكَافِرُ الْمُشْرِكُ بِاللّٰهِ الْمُؤْمِنَ بِمِثْلِ مَا يَقُوْلُ

(مستدرک حاکم، رقم الحديث ۸۴۱۲، کتاب الفتن والملاحم.) [1]

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

قراؤها (المعجم الكبير للطبراني، ج۱۳ ص۱۷، رقم الحديث ۲۵)

قال الهيثمي: رواه الطبراني، وفيه الفضل بن المختار، وهو ضعيف (مجمع الزوائد، رقم الحديث ۱۰۴۱۵، باب ما جاء في الخوارج)

وحدثني موسى بن محمد بن كثير الجدي قال: حدثنا حفص بن عمر العدني قال: حدثنا الحكم بن أبان،، عن عكرمة، عن ابن عباس قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: أكثر منافقي أمتي قراؤها قال: ولا يتابع على هذا أيضا من حديث ابن عباس وقد روى هذا عن عبد الله بن عمرو، عن النبي عليه السلام بإسناد صالح (الضعفاء الكبير للعقيلي، ج ۱ ص ۲۷۴، تحت ترجمة حفص بن عمر العدني، باب الحاء)

[1] قال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد، ولم يخرجاه (مستدرك حاكم) و قال الذهبي في التلخيص: صحيح.

www.idaraghufran.org

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت پر ایک زمانہ آئے گا، جس میں ''قرّاء'' (یعنی قرآن کی قرائت کرنے والے تعداد میں) بہت ہوں گے، مگر ''فقہاء'' (یعنی شرعی احکام کی سمجھ رکھنے والے تعداد میں) کم ہوں گے، اور علم کا قحط ہوجائے گا، اور ہرج کی کثرت ہوجائے گی، صحابہ نے عرض کیا کہ ہرج کیا ہے اے اللہ کے رسول؟ فرمایا کہ آپس میں قتل وقتال کرنا، پھر اس کے بعد ایک اور زمانہ آئے گا جس میں میری امت کے ایسے لوگ قرآن پڑھیں گے، جن کے حلق سے نیچے قرآن نہیں اُترے گا، پھر ایک اور زمانہ آئے گا جس میں منافق، اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانے والا کافر شخص، ایمان والے شخص سے جھگڑا کرے گا، اس طرح کی باتوں سے جو ایمان والا کہے گا (حاکم)

حضرت یزید بن عمیرہ سے روایت ہے کہ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ یہ فرمایا کرتے تھے کہ:

إِنَّ مِنْ وَرَائِكُمْ فِتَنًا يَكْثُرُ فِيهَا الْمَالُ، وَيُفْتَحُ فِيهَا الْقُرْآنُ حَتّٰى يَأْخُذَهُ الرَّجُلُ وَالْمَرْأَةُ وَالْحُرُّ وَالْعَبْدُ وَالصَّغِيرُ وَالْكَبِيرُ، فَيُوشِكُ الرَّجُلُ أَنْ يَقْرَأَ الْقُرْآنَ فَيَقُولُ: قَرَأْتُ الْقُرْآنَ فَمَا لِلنَّاسِ لَا يَتَّبِعُونِي وَقَدْ قَرَأْتُ الْقُرْآنَ؟ ثُمَّ يَقُولُ: مَا هُمْ مُتَّبِعِيَّ حَتّٰى أَبْتَدِعَ لَهُمْ غَيْرَهُ فَإِيَّاكُمْ، وَمَا ابْتَدَعَ فَإِنَّ مَا ابْتَدَعَ ضَلَالَةٌ، اِتَّقُوا زَلَّةَ الْحَكِيمِ فَإِنَّ الشَّيْطَانَ يُلْقِي عَلٰى فِيِّ الْحَكِيمِ الضَّلَالَةَ، وَيُلْقِي لِلْمُنَافِقِ كَلِمَةَ الْحَقِّ (مستدرک حاکم، رقم الحديث ۸۴۲۲، کتاب الفتن والملاحم، ابوداؤد، رقم الحديث ۴۶۱۳) [1]

ترجمہ: بے شک تمہارے سامنے بہت سے فتنے ہوں گے، جن میں مال کی

---

[1] قال الحاكم: هذا حديث صحيح على شرط الشيخين، ولم يخرجاه .
و قال الذهبي في التلخيص: على شرط البخاري ومسلم.
وقال شعيب الارنؤوط: أثر إسناده صحيح (حاشية سنن ابی داود)

کثرت ہو جائے گی اور قرآن کو خوب کھولا جائے گا، یہاں تک کہ اس کو ہر آدمی اور عورت اور آزاد اور غلام اور چھوٹا اور بڑا حاصل کرے گا، پس قریب ہے کہ (ان میں سے) ایک آدمی یہ کہے کہ میں نے قرآن پڑھا ہے پھر لوگوں کو کیا ہوا کہ میری اتباع نہیں کرتے؟ پھر وہ کہے گا کہ یہ لوگ اس وقت تک میری اتباع نہیں کریں گے، جب تک کہ میں ان کے لیے قرآن کے علاوہ کچھ اور (نئی چیز) ایجاد نہ کردوں، پس تم اس سے اور اس کی ایجاد کردہ بدعت سے بچ کر رہنا، کیونکہ اس نے جو بات ایجاد کی ہے، وہ گمراہی ہے، اور میں تمہیں عالم کی کجروی سے ڈراتا ہوں، کیونکہ کبھی شیطان عالم کے منہ میں بھی گمراہی کی بات ڈال دیتا ہے، اور کبھی منافق پرحق بات القاء کردیتا ہے (حاکم، ابوداؤد)

## عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت حسن رحمہ اللہ سے مروی ہے کہ:

عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، أَنَّهُ مَرَّ عَلٰى قَارِءٍ يَقْرَأُ، ثُمَّ سَأَلَ فَاسْتَرْجَعَ، ثُمَّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنْ قَرَأَ الْقُرْآنَ فَلْيَسْأَلِ اللّٰهَ بِهٖ، فَإِنَّهُ سَيَجِيْءُ أَقْوَامٌ يَقْرَءُوْنَ الْقُرْآنَ يَسْأَلُوْنَ بِهِ النَّاسَ (سنن الترمذی، رقم الحدیث ۲۹۱۷، ابواب فضائل القرآن، باب بلا ترجمة بعد باب ما جاء فيمن قرأ حرفا من القرآن ما له من الأجر، مسند احمد، رقم الحدیث ۱۹۸۸۵)[1]

ترجمہ: حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ ایک قاری کے پاس سے گزرے جو قرائت کررہا تھا، پھر (قرائت سے فارغ ہوکر) اُس نے لوگوں سے مانگنا شروع

---

[1] قال الترمذی: هذا حديث حسن ليس إسناده بذاک.
قال شعيب الارنؤوط: حسن لغيره (حاشية مسند احمد)

کیا، تو حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ نے "اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ" پڑھا، اور فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو قرآن پڑھے، اُسے چاہیے کہ قرآن کے ذریعے اللہ سے سوال کرے، کیونکہ عنقریب ایسے لوگ آئیں گے، جو قرآن کی قرائت کرکے اس کے ذریعے لوگوں سے سوال کریں گے (مسند احمد)

## سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا وَنَحْنُ نَقْتَرِءُ، فَقَالَ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ، كِتَابُ اللّٰهِ وَاحِدٌ، وَفِيْكُمُ الْأَبْيَضُ وَفِيْكُمُ الْأَسْوَدُ، اِقْرَأُوْهُ قَبْلَ أَنْ يَّقْرَأَهُ أَقْوَامٌ يُقَوِّمُوْنَهُ، كَمَا يُقَوَّمُ السَّهْمُ، يَتَعَجَّلُ أَحَدُهُمْ أَجْرَهُ، وَلَا يَتَأَجَّلُهُ** (المعجم الكبير للطبراني، رقم الحديث ۶۰۲۴، ج۶ ص۲۰۷، صحيح ابنِ حبان، رقم الحديث ۷۶۰، سنن ابی داوٗد، رقم الحديث ۸۳۱) [1]

ترجمہ: ایک دن ہمارے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے، اور ہم (اس وقت قرآن مجید کی) قرائت کر رہے تھے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ "الحمدللہ" کتاب اللہ ایک ہے، اور تم میں سفید بھی ہیں اور کالے بھی ہیں، تم اس (اللہ کی کتاب) کی قرائت کرو! اس سے پہلے کہ قرآن کی ایسے لوگ قرائت کریں، جو اسے اس طرح سیدھا کردیں، جس طرح تیر سیدھا ہوتا ہے، اُن میں سے ہر ایک اس کا بدلہ جلدی حاصل کرنا چاہے گا، اور (بدلہ میں آخرت

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية ابنِ حبان)
و قال ايضاً: حسن بما قبله (حاشية سنن ابی داوٗد)

کے اجروثواب کی شکل میں ) دیر نہ (برداشت ) کرے گا (طبرانی،ابنِ حبان)

## جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نَقْرَأُ الْقُرْآنَ، وَفِيْنَا الْعَجَمِيُّ، وَالْأَعْرَابِيُّ، قَالَ:فَاسْتَمَعَ فَقَالَ:اِقْرَءُوْا فَكُلٌّ حَسَنٌ، وَسَيَأْتِيْ قَوْمٌ يُقِيْمُوْنَهٗ كَمَا يُقَامُ الْقِدْحُ يَتَعَجَّلُوْنَهٗ، وَلَا يَتَأَجَّلُوْنَهٗ (مسند احمد، رقم الحديث ١٥٢٧٣) [1]

ترجمہ: ہمارے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے،اور ہم (اس وقت قرآن مجید کی) قرائت کررہے تھے، اور ہم میں عربی اور غیرعربی (دیہاتی وغیرہ) دونوں قسم کے لوگ تھے،رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قرائت سن کرفرمایا کہ تم قرائت کرتے رہو! سب اچھے خاصے (پڑھ رہے) ہو،اور عنقریب کچھ لوگ ایسے آئیں گے کہ جواس کے یوں بَل نکالیں گے،جس طرح تیر کوسیدھا کیا جاتا ہے،اُن میں سے ہرایک اس کا بدلہ (دنیا میں) جلدی حاصل کرنا چاہے گا،اور (آخرت کے ثواب میں) دیر (برداشت) نہیں کرے گا (مسنداحمد)

دنیا میں جلدی بدلہ حاصل کرنے میں قرآن کی قرائت سے مال حاصل کرنا بھی داخل ہے، اور فخر وتفاخر اور ریاکاری کے طور پر قرائت کرنا بھی داخل ہے،جیسا کہ آگے آتا ہے۔

## ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية مسند احمد)

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: يَكُوْنُ خَلْفٌ مِنْ بَعْدِ سِتِّيْنَ سَنَةً أَضَاعُوْا الصَّلَاةَ، وَاتَّبَعُوا الشَّهَوَاتِ، فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا، ثُمَّ يَكُوْنُ خَلْفٌ يَقْرَءُوْنَ الْقُرْآنَ، لَا يَعْدُوْ تَرَاقِيَهُمْ، وَيَقْرَأُ الْقُرْآنَ ثَلَاثَةٌ: مُؤْمِنٌ، وَمُنَافِقٌ، وَفَاجِرٌ قَالَ بَشِيْرٌ: فَقُلْتُ لِلْوَلِيْدِ: مَا هٰؤُلَاءِ الثَّلَاثَةُ، فَقَالَ: اَلْمُنَافِقُ كَافِرٌ بِهٖ، وَالْفَاجِرُ يَتَأَكَّلُ بِهٖ، وَالْمُؤْمِنُ يُؤْمِنُ بِهٖ (مسند أحمد، رقم الحديث ١١٣٤٠) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ ساٹھ سال کے بعد ایسے نااہل لوگ آئیں گے، جو نماز کو ضائع کریں گے، اور (نفسانی) شہوتوں کو پورا کریں گے، پھر عنقریب وہ ہلاکت میں مبتلا ہوں گے، پھر اس کے بعد ایسے نااہل لوگ آئیں گے جو قرآن کو پڑھیں گے، مگر قرآن اُن کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا، اور قرآن کو تین قسم کے لوگ پڑھتے ہیں، ایک مومن، دوسرے منافق، اور تیسرے فاجر (یعنی گناہ گار)

بشیر راوی کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ولید سے عرض کیا (جنہوں نے یہ حدیث حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے سنی ہے) کہ وہ تین قسم کے لوگ کون ہیں؟ تو حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے جواب میں فرمایا کہ منافق تو (اپنے دل سے) قرآن کا منکر ہے، اور فاجر (یعنی گناہ گار) قرآن کے ذریعہ سے کھاتا (یعنی مال حاصل کرتا) ہے، اور مومن اس کے مطابق ایمان رکھتا ہے (مسند احمد)

## ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

اور حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: تَعَلَّمُوا الْقُرْآنَ وَسَلُوا بِهِ الْجَنَّةَ قَبْلَ أَنْ يَتَعَلَّمَ قَوْمٌ يَسْأَلُونَ بِهِ الدُّنْيَا، فَإِنَّ الْقُرْآنَ يَتَعَلَّمُهُ ثَلَاثَةٌ: رَجُلٌ يُبَاهِي بِهِ، وَرَجُلٌ يَسْتَأْكِلُ بِهِ، وَرَجُلٌ يَقْرَأُ لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ (شعب الایمان للبیهقی،رقم الحدیث ۲۳۸۹،التاسع عشر من شعب الإیمان: وهو باب فی تعظیم القرآن، فصل فی ترک قراء ة القرآن فی المساجد والاسواق لیعطی ولیستأکل به) [1]

ترجمہ: انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ تم قرآن کی تعلیم حاصل کرو، اور اس کے ذریعہ سے جنت کا سوال کرو، اس سے پہلے کہ کچھ لوگ قرآن کی تعلیم حاصل کریں، جس کے ذریعہ سے دنیا کا سوال کریں، پس قرآن کی تعلیم تین قسم کے لوگ حاصل کرتے ہیں، ایک آدمی تو اس کے ذریعہ سے تکبر (اور بڑائی اختیار) کرتا ہے، اور ایک آدمی اس کے ذریعہ سے کھاتا (یعنی مال حاصل کرتا) ہے، اور ایک آدمی اللہ عزوجل کی رضا کے لئے (اور اخلاص کے ساتھ) قرائت کرتا ہے (بیہقی)

## معاویہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: تَعَلَّمُوا الْقُرْآنَ، فَإِذَا عَلِمْتُمُوهُ، فَلَا تَغْلُوا فِيهِ، وَلَا تَجْفُوا عَنْهُ، وَلَا تَأْكُلُوا بِهِ، وَلَا تَسْتَكْثِرُوا بِهِ (مسند احمد،رقم الحدیث ۱۵۶۶۶"۱") [2]

---

[1] قال الالبانی:وهذا سند ضعیف، من أجل ابن لهیعة، فإنه سیء الحفظ، لكنه لم یتفرد به كما یأتی فالحدیث جید .وأبو الهیثم اسمه سلیمان بن عمرو العتواری المصری(سلسلة الأحادیث الصحیحة،تحت رقم الحدیث ۲۵۸)

[2] قال شعیب الأرنؤوط:إسناده صحیح علی شرط مسلم(حاشیة صحیح مسلم)

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ تم قرآن کا علم حاصل کرو، پھر جب تم اس کا علم حاصل کر چکو، تو اس میں غلو مت کرو، اور اس سے جفا (بے وفائی) مت کرو، اور اس کے ذریعہ سے مت کھاؤ، اور اس کے ذریعہ سے مال مت بڑھاؤ (مسند احمد)

مذکورہ احادیث وروایات سے ریاکار و دنیادار قاریوں کے لئے سخت وعید معلوم ہوئی۔

## عبس غفاری وابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت عبس غفاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

بَادِرُوا بِالْمَوْتِ سِتًّا: إِمْرَةَ السُّفَهَاءِ، وَكَثْرَةَ الشُّرَطِ، وَبَيْعَ الْحُكْمِ، وَاسْتِخْفَافًا بِالدَّمِ، وَقَطِيعَةَ الرَّحِمِ، وَنَشْوًا يَتَّخِذُونَ الْقُرْآنَ مَزَامِيرَ يُقَدِّمُونَهُ يُغَنِّيهِمْ، وَإِنْ كَانَ أَقَلَّ مِنْهُمْ فِقْهًا (مسند احمد، رقم الحديث ١٦٠٤٠) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سُنا کہ چھ چیزوں سے پہلے موت پر سبقت کرو (یعنی ان چیزوں کے ایجاد ہونے سے پہلے موت بہتر ہے) ایک تو بیوقوفوں کی حکومت سے، دوسرے پولیس کی کثرت سے، تیسرے فیصلوں کی خرید وفروخت سے، چوتھے خون (بہانے) کو ہلکا سمجھنے سے، پانچویں قطع رحمی سے، چھٹے ایسی (نوخیز) نسل کے لوگوں سے جو قرآن کو گانا بنائیں گے، گانے والے کو اپنے آگے کریں گے، تاکہ ان کے لئے گائے، اگرچہ یہ (قرآن کو گانے والا) ان میں دین کی سمجھ کے اعتبار سے کم ترین ہوگا (مسند احمد)

آج کل جو قراء صرف الفاظ وآواز سازی پر اپنی صلاحیتوں کو خرچ کرتے ہیں، جس کا مقصد

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية مسند احمد)

واہ واہ اور دادِ تحسین حاصل کرنا ہوتا ہے، جس میں وہ تغنی اور آواز سازی کی خاطر کئی تجوید کے قواعد کی بھی خلاف ورزیاں کر بیٹھتے ہیں، اور وہ قرآن وفقہ کا علم حاصل کرنے کی طرف متوجہ نہیں ہوتے، ان کے لئے مذکورہ حدیث میں سخت وعید ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: إِنَّ أَوَّلَ النَّاسِ يُقْضٰى فِيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ثَلَاثَةٌ: رَجُلٌ اُسْتُشْهِدَ، فَأُتِيَ بِهٖ فَعَرَّفَهُ نِعَمَهُ، فَعَرَفَهَا، فَقَالَ: فَمَا عَمِلْتَ فِيْهَا؟ قَالَ: قَاتَلْتُ فِيْكَ حَتّٰى قُتِلْتُ: قَالَ: كَذَبْتَ، وَلٰكِنَّكَ قَاتَلْتَ لِيُقَالَ: هُوَ جَرِيْءٌ، فَقَدْ قِيْلَ ثُمَّ أَمَرَ بِهٖ فَسُحِبَ عَلٰى وَجْهِهٖ حَتّٰى أُلْقِيَ فِي النَّارِ وَرَجُلٌ تَعَلَّمَ الْعِلْمَ وَعَلَّمَهُ وَقَرَأَ الْقُرْآنَ، فَأُتِيَ بِهٖ فَعَرَّفَهُ نِعَمَهُ، فَعَرَفَهَا، فَقَالَ: مَا عَمِلْتَ فِيْهَا؟ قَالَ: تَعَلَّمْتُ فِيْكَ الْعِلْمَ وَعَلَّمْتُهُ، وَقَرَأْتُ فِيْكَ الْقُرْآنَ فَقَالَ كَذَبْتَ، وَلٰكِنَّكَ تَعَلَّمْتَ لِيُقَالَ: هُوَ عَالِمٌ، فَقَدْ قِيْلَ، وَقَرَأْتَ الْقُرْآنَ لِيُقَالَ: هُوَ قَارِءٌ، فَقَدْ قِيْلَ ثُمَّ أَمَرَ بِهٖ، فَسُحِبَ عَلٰى وَجْهِهٖ حَتّٰى أُلْقِيَ فِي النَّارِ وَرَجُلٌ وَسَّعَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَأَعْطَاهُ مِنْ أَصْنَافِ الْمَالِ كُلِّهٖ، فَأُتِيَ بِهٖ فَعَرَّفَهُ نِعَمَهُ فَعَرَفَهَا، فَقَالَ: مَا عَمِلْتَ فِيْهَا؟ قَالَ: مَا تَرَكْتُ مِنْ سَبِيْلٍ تُحِبُّ أَنْ يُنْفَقَ فِيْهَا إِلَّا أَنْفَقْتُ فِيْهَا لَكَ. قَالَ: كَذَبْتَ، وَلٰكِنَّكَ فَعَلْتَ لِيُقَالَ: هُوَ جَوَّادٌ، فَقَدْ قِيْلَ ثُمَّ أَمَرَ بِهٖ فَسُحِبَ عَلٰى وَجْهِهٖ حَتّٰى أُلْقِيَ فِي النَّارِ (مسند أحمد، رقم الحديث ٨٢٧٧) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ قیامت

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

کے دن سب سے پہلے جن لوگوں کا فیصلہ ہوگا وہ تین قسم کے لوگ ہوں گے، ایک تو وہ آدمی جو شہید ہوگا، اسے لایا جائے گا، اللہ اس پر (اپنی عطا کردہ) نعمتیں شمار کرائے گا، وہ ان سب نعمتوں کا اعتراف کرے گا، اللہ پوچھے گا کہ پھر تو نے ان نعمتوں میں کیا عمل سرانجام دیا؟ وہ عرض کرے گا کہ میں نے آپ کی راہ میں جہاد کیا، یہاں تک کہ میں شہید ہوگیا، اللہ فرمائے گا کہ تو جھوٹ بولتا ہے، تو نے اس لئے قتال کیا تھا کہ تجھے بہادر کہا جائے، سو وہ (دنیا میں) کہا جاچکا (اب یہاں تیرے لئے کوئی اجروثواب نہیں ہے) اس کے بعد حکم ہوگا، اور اسے چہرے کے بل گھسیٹتے ہوئے لے جا کر جہنم میں پھینک دیا جائے گا، دوسرا وہ آدمی جس نے علم سیکھا اور سکھایا ہوگا اور قرآن پڑھ رکھا ہوگا، اسے لایا جائے گا اللہ تعالیٰ اس کے سامنے اپنی نعمتوں کو شمار کروائے گا اور وہ ان سب کا اعتراف کرے گا، اللہ پوچھے گا کہ تو نے ان نعمتوں میں کیا عمل سرانجام دیا؟ وہ کہے گا کہ میں نے علم حاصل کیا اور تیری رضا کے لئے دوسروں کو سکھایا اور تیری رضا کے لئے قرآن پڑھا، اللہ فرمائے گا کہ تو جھوٹ بولتا ہے، تو نے علم اس لئے حاصل کیا تھا کہ تجھے عالم کہا جائے سو وہ کہا جاچکا اور تو نے قرآن اس لئے پڑھا تھا کہ تجھے قاری کہا جائے سو وہ (دنیا میں) کہا جاچکا، اس کے بعد حکم ہوگا اور اسے بھی چہرے کے بل گھسیٹتے ہوئے لے جا کر جہنم میں پھینک دیا جائے گا۔ تیسرا وہ آدمی ہوگا جس پر اللہ نے کشادگی فرمائی ہوگی، اور اسے ہر قسم کا مال عطاء فرمایا ہوگا، اسے لایا جائے گا، اللہ اس کے سامنے اپنی نعمتوں کو شمار کروائے گا اور وہ ان سب کا اعتراف کرے گا، اللہ پوچھے گا کہ پھر تو نے ان نعمتوں میں کیا عمل سرانجام دیا؟ وہ عرض کرے گا کہ میں نے آپ کے ہر پسندیدہ راستہ میں مال خرچ کیا، اور آپ کا پسندیدہ کوئی راستہ نہیں چھوڑا، اللہ فرمائے گا کہ تو جھوٹ بولتا ہے تو نے یہ کام اس لئے کیا تھا کہ تجھے

www.idaraghufran.org

بڑا سخی کہا جائے سو وہ کہا جا چکا۔اس کے بعد حکم ہوگا اور اسے بھی چہرے کے بل گھسیٹتے ہوئے جہنم میں پھینک دیا جائے گا (مسند احمد)

مذکورہ احادیث وروایات سے معلوم ہوا کہ ریاکار قراء کے لئے آخرت میں بڑا سخت عذاب ہے۔

## جندب، ابنِ عمر، حذیفہ ودیگر صحابہ رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت جندب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ فِتْيَانٌ حَزَاوِرَةٌ، فَتَعَلَّمْنَا الْإِيْمَانَ قَبْلَ أَنْ نَتَعَلَّمَ الْقُرْآنَ، ثُمَّ تَعَلَّمْنَا الْقُرْآنَ، فَازْدَدْنَا بِهِ إِيْمَانًا (سنن ابن ماجه، رقم الحديث ٦١، ابواب السنة، باب فى الإيمان) [1]

ترجمہ: ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے، اور ہم طاقت ور جوان تھے، پھر ہم نے ایمان کی تعلیم حاصل کی، اس سے پہلے کہ ہم قرآن کی تعلیم حاصل کریں، پھر ہم نے قرآن کی تعلیم حاصل کی، جس سے ہمارا ایمان زیادہ ہوگیا (ابنِ ماجہ)

حضرت جندب رضی اللہ عنہ کی ایک روایت میں یہ اضافہ بھی ہے کہ تم آج اس کے برعکس قرآن کا علم، ایمان سے پہلے ہی حاصل کرنے لگے ہو۔ [2]

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

لَقَدْ عِشْنَا بُرْهَةً مِنْ دَهْرٍ وَأَحَدُنَا يُؤْتَى الْإِيْمَانَ قَبْلَ الْقُرْآنِ وَتَنْزِلُ السُّوْرَةُ عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَتَعَلَّمُ حَلَالَهَا وَحَرَامَهَا وَآمِرَهَا وَزَاجِرَهَا وَمَا يَنْبَغِي أَنْ يُوْقَفَ عِنْدَهُ مِنْهَا كَمَا تَتَعَلَّمُوْنَ أَنْتُمْ

---

[1] قال شعيب الأرنؤوط: إسناده صحيح (حاشية سنن ابنِ ماجه)

[2] عن جندب، قال: كنا مع نبينا صلى الله عليه وسلم فتيانا حزاورة فتعلمنا الإيمان قبل أن نتعلم القرآن، ثم تعلمنا القرآن فنزداد به إيمانا، فإنكم اليوم تعلمون القرآن قبل الإيمان (المعجم الكبير للطبرانى، ج٢ص١٦٥، رقم الحديث ١٦٧٨)

الْيَوْمَ الْقُرْآنَ ثُمَّ لَقَدْ رَأَيْتُ الْيَوْمَ رِجَالًا يُؤْتَى أَحَدُهُمُ الْقُرْآنَ قَبْلَ الْإِيمَانِ فَيَقْرَأُ مَا بَيْنَ فَاتِحَتِهِ إِلَى خَاتِمَتِهِ ،وَلَا يَدْرِي مَا آمِرُهُ ،وَلَا زَاجِرُهُ ،وَلَا مَا يَنْبَغِي أَنْ يُوقَفَ عِنْدَهُ مِنْهُ وَيَنْتَثِرُهُ نَثْرَ الدَّقَلِ (شرح مشكل الآثار للطحاوى،رقم الحديث ١٤٥٣ ،باب بيان مشكل ما روى عن رسول الله صلى الله عليه وسلم من قوله "الدين النصيحة "ومن جوابه لمن قال: له لمن يا رسول الله بما أجابه عن ذلك)

ترجمہ: ہم نے اپنے زمانہ میں ایک زمانہ اس طرح گزارا کہ ہم میں سے کسی شخص کو قرآن سے پہلے ایمان دیا جاتا تھا، اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر سورت نازل ہوتی تھی، تو وہ اس کے حلال اور حرام کا اور اس کے اوامر اور زواجر (یعنی تنبیہات اور وعیدوں) کا علم حاصل کرتا تھا، اور وہ یہ درست نہیں سمجھتا تھا کہ وہیں ٹھہر جائے اور آگے نہ بڑھے، جیسا کہ تم آج قرآن کی تعلیم حاصل کرتے ہو، میں نے آج ایسے لوگ دیکھے ہیں، جنہیں ایمان سے پہلے قرآن دے دیا جاتا ہے، پھر وہ سورہ فاتحہ سے لے کر ختمِ قرآن تک اس کو پڑھ لیتا ہے، اور یہ نہیں جانتا کہ قرآن نے کس چیز کا حکم دیا، اور کس چیز پر تنبیہ فرمائی، اور نہ وہ اس چیز کو مناسب سمجھتا کہ وہ اس کو اپنے پاس محفوظ رکھے، اور اس کو ردی کھجوروں کی طرح پھینک نہ دے (طحاوی)

اس حدیث کو تھوڑے سے فرق کے ساتھ امام حاکم نے بھی روایت کیا ہے۔ [1]

---

[1] عن القاسم بن عوف الشيباني، قال: سمعت ابن عمر، يقول: لقد عشنا برهة من دهرنا وإن أحدثنا يؤتى الإيمان قبل القرآن، وتنزل السورة على محمد صلى الله عليه وسلم فيتعلم حلالها وحرامها، وما ينبغي أن يوقف عنده فيها كما تعلمون أنتم القرآن ، ثم قال: لقد رأيت رجالا يؤتى أحدهم القرآن فيقرأ ما بين فاتحته إلى خاتمته ما يدرى ما أمره ولا زاجره، ولا ما ينبغي أن يوقف عنده منه ينثره نثر الدقل (المستدرك للحاكم، رقم الحديث ١٠١، كتاب الإيمان)

قال الحاكم:هذا حديث صحيح على شرط الشيخين، ولا أعرف له علة ولم يخرجاه.
وقال الذهبي في التلخيص: على شرطهما ولا علة له.

اور حضرت ابو عبدالرحمٰن سے روایت ہے کہ:

حَدَّثَنَا مَنْ كَانَ يُقْرِئُنَا مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُمْ كَانُوا: يَقْتَرِئُوْنَ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشْرَ آيَاتٍ، فَلَا يَأْخُذُوْنَ فِي الْعَشْرِ الْأُخْرٰى حَتّٰى يَعْلَمُوْا مَا فِيْ هٰذِهٖ مِنَ الْعِلْمِ وَالْعَمَلِ، قَالُوْا: فَعَلِمْنَا الْعِلْمَ وَالْعَمَلَ (مسند احمد، رقم الحديث ۲۳۴۸۲) [1]

ترجمہ: ہم سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ان صحابۂ کرام نے، جو ہمیں قرآن سکھاتے تھے، یہ حدیث بیان کی کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دس آیات پڑھا کرتے تھے، تو دوسری دس آیات اس وقت تک شروع نہیں کیا کرتے تھے، جب تک کہ یہ نہیں جان لیتے تھے کہ ان دس آیات میں علم وعمل کی کیا کیا باتیں ہیں، انہوں نے فرمایا کہ ہم علم اور عمل دونوں چیزوں کو جان لیا کرتے تھے (مسند احمد)

امام بخاری نے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ:

يَا مَعْشَرَ الْقُرَّاءِ اِسْتَقِيْمُوْا فَقَدْ سَبَقْتُمْ سَبْقًا بَعِيْدًا، فَإِنْ أَخَذْتُمْ يَمِيْنًا وَشِمَالًا، لَقَدْ ضَلَلْتُمْ ضَلَالًا بَعِيْدًا (صحيح البخارى، رقم الحديث ۷۲۸۲، كتاب الاعتصام بالكتاب والسنة، باب الاقتداء بسنن رسول الله صلى الله عليه وسلم)

ترجمہ: اے قاریوں کی جماعت تم سیدھے رہو، اس طرح تم بہت آگے بڑھ جاؤ گے، اور اگر تم دائیں، بائیں بھٹکے، تو پھر تم بہت دور کی گمراہی میں جا پڑو گے (بخاری)

اور حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ:

---

[1] قال شعيب الأرنؤوط: إسناده حسن (حاشية مسند احمد)

إِنَّـا قَـوْمٌ أُوْتِيـنَـا الْإِيْـمَـانَ قَبْـلَ أَنْ نُّؤْتَى الْقُرآنَ، وإِنَّـكُمْ قَوْمٌ أُوْتِيتُمُ الْـقُرْآنَ قَبْلَ أَنْ تُؤْتَوُا الْإِيْمَانَ (السنن الكبرىٰ للبيهقى،رقم الحديث ٥٣٥٦، كتاب الـصـلاة،جماع أبواب صلاة الإمام وصفة الأئمة،باب البيان أنه إنما قيل: يؤمهم أقرؤهم)

ترجمہ: ہم وہ لوگ ہیں، جنہیں ایمان پہلے عطاء کیا گیا، اورقرآن بعد میں عطاء کیا گیا، اورتم وہ لوگ ہو، جن کوقرآن پہلے عطاء کیا گیا، اورایمان بعد میں عطاء کیا گیا (بیہقی)

اورحضرت خرشہ سے روایت ہے:

أَنَّ حُذَيْفَةَ دَخَلَ الْمَسْجِدَ ، فَمَرَّ عَلٰى قَوْمٍ يُقْرِءُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا،فَقَالَ: إِنْ تَـكُـوْنُوْا علَى الطَّرِيْقَةِ ، لَقَدْ سَبَقْتُمْ سَبْقًا بَعِيْدًا ، وَإِنْ تَدَعُوْهُ فَقَدْ ضَـلَـلْـتُـمْ ، قَـالَ:ثُمَّ جَلَسَ إِلٰى حَلْقَةٍ ، فَقَالَ:إِنَّا كُنَّا قَوْمًا آمَنَّا قَبْلَ أَنْ نَّـقْـرَأَ وَإِنَّ قَـوْمًـا سَيَـقْـرَؤُوْنَ قَبْلَ أَنْ يُّؤْمِنُوْا ، فَقَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ: تِـلْـكَ الْـفِـتْـنَـةُ ، قَـالَ:أَجَـلْ ، قَـدْ أَتَـتْـكُـمْ مِنْ أَمَـامِكُمْ حَيْثُ تَسُوْءُ وُجُـوْهَـكُـمْ ، ثُـمَّ لِتَـأْتِيَـكُـمْ دِيَـمًـا دِيَـمًا ، إِنَّ الرَّجُلَ لَيَرْجِعُ فَيَأْتَمِرُ الْأَمْـرَيْـنِ:أَحَـدُهُـمَـا عَـجْزٌ وَالْـآخَرُ فُجُوْرٌ (مصنف ابنِ ابى شيبة، رقم الحديث ٣٨٢٩٣، كتاب الفتن،باب من كره الخروج فى الفتنة وتعوذ منها)

ترجمہ: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ مسجد میں تشریف لائے، مسجد میں آپ کا گزر لوگوں کی ایک جماعت پرہوا، جو باہم قرآن مجید کی قراءت سیکھنے سکھانے کی مشق کررہے تھے، حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے (ان کے اس عمل پر پسندیدگی کا اظہار کرتے ہوئے) فرمایا کہ اگرتم اپنے اس طرز وطریقہ (قرآن کی تعلیم وتعلّم کے اہتمام) پرقائم دائم رہے، توتم بہت آگے نکل جاؤ گے، اوراگرتم نے اس کو

چھوڑ دیا تو (سیدھے راستے سے) بھٹک جاؤ گے؛ راوی کہتے ہیں کہ پھر حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ ایک (تعلیمی) حلقے میں بیٹھ گئے، اور فرمایا کہ ہم وہ لوگ ہیں جو پہلے ایمان لائے (ایمان میں رسوخ اور کمال پیدا کیا ہے) پھر ہم نے قرآن سیکھا ہے، اور عنقریب ایسی قوم آئے گی کہ جو ایمان (میں رسوخ) سے پہلے قرآن پڑھے (اور سیکھے) گی۔

تو حاضرینِ مجلس میں سے ایک صاحب نے پوچھا، کیا یہ فتنہ ہوگا؟ (یعنی ایمان میں رسوخ پیدا کرنے کی بجائے قرآن میں صرف لفاظی کو کافی سمجھنا) فرمایا: ہاں، یہ فتنہ تو تمہارے سامنے کھڑا ہے (بالکل قریب آ چکا ہے، اس طور پر کہ) تمہیں رُسوا کر کے چھوڑے گا، پھر وہ تم پر پوری طرح چھا جائے گا، آدمی کے سامنے (اس فتنہ کے وقت) دو ہی راستے ہوں گے، یا تو عجز (یعنی ہاتھ پاؤں توڑ کر بیٹھ رہے، اور کاروبارِ زندگی کی اکثر قابلِ منفعت چیزوں سے کنارہ کش و دستبردار ہو جائے اور یہی نجات کا راستہ ہوگا) اور یا نافرمانی (اور احکامِ شرع کی پائمالی والا راستہ اختیار کرے کہ اس کے بغیر اس تمدّنی و معاشرت کی خوش عیشیوں میں شریک نہ ہو سکے گا، لیکن یہ ہلاکت کا راستہ ہے) (ابنِ ابی شیبہ)

معلوم ہوا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم قرآن کے صرف الفاظ کی تعلیم حاصل کرنے پر اکتفاء نہیں کیا کرتے تھے، بلکہ وہ معانی کی تعلیم بھی حاصل کیا کرتے تھے۔

بعد میں معانی کا علم حاصل کرنے کی طرف توجہ کم اور الفاظ کی تعلیم حاصل کرنے پر اکتفاء کیا جانے لگا، اور آج تو صورتِ حال مزید بگڑ گئی، اور قراء صرف الفاظ سازی، بلکہ آواز بازی پر سارا زور صرف کرنے لگے، جس کی وجہ سے ان میں کئی خرابیاں پیدا ہو گئیں۔

وَاللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی اَعْلَمُ وَعِلْمُہٗ اَتَمُّ وَاَحْکَمُ.

## (فصل نمبر 34)

# ظہورِ خوارج کا فتنہ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت میں ایسے لوگوں کے فتنہ کے ظہور کی بھی خبر دی ہے، جن کو خوارج کہا جاتا ہے، یہ لوگ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں بھی ظاہر ہوئے تھے، اور انہوں نے مسلمانوں کے ساتھ چلنے اور حکومت کی اطاعت سے انکار کر دیا تھا، اور اپنے علاوہ سب مسلمانوں پر کافر ہونے کا حکم لگا دیا تھا، اور اس کے نتیجہ میں مسلمانوں کے مقابلہ میں نکل کھڑے ہوئے تھے، جن کی بغاوت کو حضرت علی، اور آپ کے ساتھ دیگر صحابہ ومسلمانوں نے کچل دیا تھا، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے وقتاً فوقتاً ظاہر ہوتے رہنے کی نشاندہی فرمائی تھی، اور ان کے بظاہر قرآن پر ایمان کا دعویٰ کرنے اور انتہائی نیک ہونے کے باوجود، بدترین مخلوق ہونے کی وضاحت بھی فرمادی تھی۔

آج سے پہلے بھی مختلف علاقوں میں خوارج اپنے اپنے رنگ میں ظاہر ہوئے اور اب بھی ظاہر ہوتے رہتے ہیں، یہ زیادہ تر نوخیز ونوجوان افراد پر مشتمل ہوتے ہیں، جن کا طریقۂ واردات یہ ہوتا ہے کہ وہ اسلامی حکومتوں کی اطاعت قبول نہیں کرتے، مسلمان حکمرانوں کو کافر ومرتد جانتے ہیں، اور ان کے زیرِ حکومت مسلمانوں کو بھی ان حکمرانوں کے خلاف کھڑے نہ ہونے، اور خوارج کے موقف کی پیروی نہ کرنے کی وجہ سے کافر ومرتد، یا کم از کم گناہ گار سمجھتے ہیں، اسی لئے وہ مسلمان حکمرانوں، اور ان کے زیرِ اطاعت مسلمانوں کے خلاف مسلح بغاوت اور جدوجہد کرتے ہیں، یہ لوگ اپنے موقف کی تائید میں بعض قرآنی آیات پیش کرتے ہیں، اور احادیثِ رسول کو زیادہ اہمیت نہیں دیتے، جو حدیث بھی ان کے موقف کی تکذیب کرنے والی ہوتی ہے، فوراً اس کی تردید، یا کوئی تاویل کر دیتے ہیں۔

اس تمہید کے بعد اس سلسلہ میں چند احادیث وروایات ملاحظہ فرمائیں۔

## سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت یسیر بن عمیر سے روایت ہے کہ:

**قُلْتُ لِسَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، هَلْ سَمِعْتَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:فِي الْخَوَارِجِ شَيْئًا؟ قَالَ:سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ، وَأَهْوٰى بِيَدِهٖ قِبَلَ الْعِرَاقِ:يَخْرُجُ مِنْهُ قَوْمٌ يَقْرَءُ وْنَ الْقُرْآنَ، لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ، يَمْرُقُوْنَ مِنَ الْإِسْلَامِ مُرُوْقَ السَّهْمِ مِنَ الرَّمِيَّةِ** (صحيح البخارى،رقم الحديث ۶۹۳۴،كتاب استتابة المرتدين والمعاندين وقتالهم،باب من ترك قتال الخوارج للتألف وأن لا ينفر الناس عنه)

ترجمہ: میں نے حضرت سہل بن حنیف سے کہا کہ کیا آپ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے خوارج کے بارے میں کچھ سنا ہے؟ تو انہوں نے فرمایا کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو عراق کی طرف ہاتھ سے اشارہ کرکے یہ فرماتے ہوئے سنا کہ یہاں سے ایک قوم نکلے گی، جو قرآن کو پڑھیں گے، لیکن قرآن ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا، یہ لوگ اسلام سے اس طرح نکل جائیں گے، جس طرح تیر کمان سے نکل جاتا ہے (بخاری)

## سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت

اور صحیح مسلم میں حضرت یسیر بن عمیر سے روایت ہے کہ:

**سَأَلْتُ سَهْلَ بْنَ حُنَيْفٍ، هَلْ سَمِعْتَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْكُرُ الْخَوَارِجَ، فَقَالَ:سَمِعْتُهُ وَأَشَارَ بِيَدِهٖ نَحْوَ الْمَشْرِقِ قَوْمٌ يَقْرَءُ وْنَ الْقُرْآنَ بِأَلْسِنَتِهِمْ لَا يَعْدُوْ تَرَاقِيَهُمْ يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ، كَمَا يَمْرُقُ**

السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ (صحيح مسلم، رقم الحديث ١٠٦٨ "١٥٩" كتاب الزكاة، باب الخوارج شر الخلق والخليقة)

ترجمہ: میں نے حضرت سہل بن حنیف سے سوال کیا کہ کیا آپ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خوارج کا ذکر کرتے ہوئے سنا ہے؟ تو انہوں نے جواب میں فرمایا کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو مشرق کی طرف ہاتھ سے اشارہ کر کے یہ فرماتے ہوئے سنا کہ یہاں سے ایک قوم نکلے گی، جو قرآن کو اپنی زبان سے پڑھیں گے، لیکن وہ قرآن ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا، یہ لوگ اسلام سے اس طرح نکل جائیں گے، جس طرح تیر کمان سے نکل جاتا ہے (مسلم)

معلوم ہوا کہ عراق کی طرف اشارہ سے مراد خاص عراق نہیں تھا، بلکہ مدینہ منورہ سے مشرق کی طرف کا علاقہ مراد تھا، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس طرف سے خوارج کے نکلنے کی پیش گوئی فرمائی تھی۔ اور خوارج کی یہ بنیادی علامت ہے کہ وہ قرآن سے محبت وعقیدت کا دعویٰ کرتے ہیں، اور اس کی تلاوت کرتے ہیں۔

## ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت یزید فقیر سے روایت ہے کہ:

قُلْتُ لِأَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ إِنَّ مِنَّا رِجَالًا هُمْ أَقْرَؤُنَا لِلْقُرْآنِ، وَأَكْثَرُنَا صَلَاةً، وَأَوْصَلُنَا لِلرَّحِمِ، وَأَكْثَرُنَا صَوْمًا، خَرَجُوا عَلَيْنَا بِأَسْيَافِهِمْ، فَقَالَ أَبُو سَعِيدٍ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَخْرُجُ قَوْمٌ يَقْرَءُونَ الْقُرْآنَ، لَا يُجَاوِزُ حَنَاجِرَهُمْ، يَمْرُقُونَ مِنَ الدِّينِ، كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ (مسند احمد، رقم الحديث ١١٤٨٨) [1]

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية مسند احمد)

ترجمہ: میں نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے عرض کیا کہ ہم میں کچھ آدمی ہیں، جو ہم سب سے زیادہ قرآن کی تلاوت کرتے تھے، اور ہم سب سے زیادہ نماز پڑھتے تھے، اور ہم سب سے زیادہ (رشتہ داروں کے ساتھ) صلہ رحمی (اور اچھا برتاؤ) کرتے تھے، اور ہم سب سے زیادہ روزے رکھتے تھے، لیکن اب وہ ہمارے اوپر (جنگ کرنے کے لئے) تلواریں سونت کر آ گئے ہیں، تو حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ (اس امت میں) کچھ ایسے لوگ برآمد ہوں گے، جو قرآن تو پڑھیں گے، لیکن وہ ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا، اور وہ لوگ دین سے اس طرح نکل جائیں گے، جیسے تیر شکار سے (آناً فاناً) نکل کر آر پار ہو جاتا ہے (مسند احمد)

یہ وہی خوارج تھے، جو قرآن کے دعویدار ہو کر مسلمانوں کے خلاف مسلح بغاوت پر اترتے ہیں۔

## ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت شریک بن شہاب سے روایت ہے کہ:

كُنْتُ أَتَمَنَّى أَنْ أَرَى رَجُلًا مِنْ أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَيُحَدِّثُنِي عَنِ الْخَوَارِجِ قَالَ: فَلَقِيْتُ أَبَا بَرْزَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي يَوْمِ عَرَفَةَ فِي نَفَرٍ مِنْ أَصْحَابِهِ، فَقُلْتُ: يَا أَبَا بَرْزَةَ، حَدِّثْنَا بِشَيْءٍ سَمِعْتَهُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فِي الْخَوَارِجِ: قَالَ: أُحَدِّثُكَ مَا سَمِعَتْ أُذُنَايَ، وَرَأَتْ عَيْنَايَ، أُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِدَنَانِيْرَ مِنْ أَرْضٍ فَكَانَ يَقْسِمُهَا وَعِنْدَهُ رَجُلٌ أَسْوَدُ مَطْمُوْمُ الشَّعْرِ، عَلَيْهِ ثَوْبَانِ أَبْيَضَانِ، بَيْنَ عَيْنَيْهِ أَثَرُ السُّجُوْدِ،

فَتَعَرَّضَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَتَاهُ مِنْ قِبَلِ وَجْهِهِ، فَلَمْ يُعْطِهِ شَيْئًا، فَأَتَاهُ مِنْ قِبَلِ شِمَالِهِ، فَلَمْ يُعْطِهِ شَيْئًا، فَأَتَاهُ مِنْ خَلْفِهِ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ يَا مُحَمَّدُ مَا عَدَلْتَ مُنْذُ الْيَوْمِ فِي الْقِسْمَةِ .فَغَضِبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ:اَ تَجِدُوْنَ بَعْدِىْ أَحَدًا أَعْدَلَ عَلَيْكُمْ قَالَهَا ثَلَاثًا، ثُمَّ قَالَ:يَخْرُجُ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ قَوْمٌ كَأَنَّ هٰذَيْهِمْ هٰكَذَا يَقْرَءُوْنَ الْقُرْآنَ، لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ، يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ، ثُمَّ لَا يَرْجِعُوْنَ إِلَيْهِ، وَوَضَعَ يَدَهُ عَلٰى صَدْرِهِ، سِيمَاهُمُ التَّحْلِيقُ، لَا يَزَالُوْنَ يَخْرُجُوْنَ حَتّٰى يَخْرُجَ آخِرُهُمْ، فَإِذَا رَأَيْتُمُوْهُمْ فَاقْتُلُوْهُم(المستدرك للحاكم،رقم الحديث ٢٦٤٧،كتاب قتال أهل البغي وهو آخر الجهاد) [1]

ترجمہ: میں یہ تمنا کیا کرتا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابۂ کرام میں سے کسی کو دیکھوں، اور وہ مجھ سے خوارج (یعنی خارجیوں) کے بارے میں حدیث بیان کرے، تو میں نے حضرت ابو برزہ رضی اللہ عنہ سے یومِ عرفہ میں ان کے چند ساتھیوں کی معیت میں ملاقات کی، تو میں نے (موقع غنیمت سمجھتے ہوئے) عرض کیا کہ اے ابو برزہ! ہم سے خوارج (یعنی خارجیوں) کے بارے میں وہ چیز بیان

---

[1] قال الحاكم :هذا حديث صحيح على شرط مسلم، ولم يخرجاه.
وقال أحمد بن أبى بكر بن إسماعيل البوصيرى:رواه أبوبكر بن أبى شيبة والنسائى فى الكبرى ورواته ثقات(اتحاف الخيرة المهرة بزوائد المسانيد العشرة،ج٨ص ٤٧، تحت رقم الحديث ٧٥٠٠ ”١ “كتاب الفتن،باب فى التلاعن وتحريم دم المسلم)
وقال ابن حجر : شريك ابن شهاب الحارثى البصرى مقبول من الرابعة س(تقريب التهذيب، ، ص٢٦٦، تحت رقم الترجمة ٢٧٨٦، حرف الشين)
وقال الالبانى: قال الحاكم " :صحيح على شرط مسلم "، وأقره الذهبى فلم يتعقبه بشىء ، والأزرق هذا لم يخرج له مسلم شيئا وإنما هو من رجال البخارى، فالحديث صحيح فقط(سلسلة الأحاديث الصحيحة،تحت رقم الحديث ٢٤٠٦)

کیجئے، جو آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہو، تو حضرت ابو برزہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں آپ سے وہ چیز بیان کروں گا، جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنے کانوں سے سنی اور اپنی آنکھوں سے دیکھی ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کسی علاقہ سے کچھ دنانیر (یعنی اس زمانہ کے سونے کے سکّے) لائے گئے، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کو (مستحقین میں) تقسیم فرمارہے تھے، آپ کے پاس اس وقت ایک ایسا کالا شخص تھا، جس کے بال اکھڑے ہوئے تھے (یعنی بالکل بال نہیں تھے) اس نے دو سفید کپڑے پہن رکھے تھے، اس کی آنکھوں کے درمیان سجدہ کا نشان تھا، وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آپ کے چہرے کی طرف سے آیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو کچھ نہیں دیا، پھر آپ کی بائیں طرف سے آیا، پھر بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو کچھ نہیں دیا، پھر آپ کی پچھلی جانب سے آیا، اور کہا کہ اللہ کی قسم! اے محمد! آپ نے آج مال تقسیم کرنے میں عدل وانصاف سے کام نہیں لیا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اس پر غصہ آ گیا، اور فرمایا کہ تم میرے بعد کسی کو بھی مجھ سے (زیادہ) عدل وانصاف کرنے والا نہیں پاؤ گے، یہ بات نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ فرمائی، پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (مدینہ منورہ سے) مشرق کی طرف سے کچھ لوگ نکلیں گے، جن کا طریقہ اسی طرح قرآن کو پڑھنا ہوگا، مگر وہ قرآن اُن کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا، وہ لوگ دین سے اس طرح نکل جائیں گے، جس طرح سے کہ تیر آناً فاناً شکار سے آر پار ہو کر نکل جاتا ہے، پھر وہ دین کی طرف لوٹ کر نہیں آئیں گے، پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا ہاتھ اپنے سینہ پر رکھا، اور فرمایا کہ ان کی علامت بال منڈانا ہوگا، وہ اسی طرح برقرار رہیں گے، یہاں تک کہ ان میں آخری شخص برآمد ہوگا، پس جب تم ان لوگوں کو دیکھو، تو ان کو قتل کردو (حاکم)

اس سے معلوم ہوا کہ خارجی لوگ اس امت میں باقی رہیں گے، اور کئی دوسری روایات میں یہ بھی ہے کہ وہ دجال کی آمد تک نکلتے رہیں گے، جیسا کہ آگے آتا ہے۔

## عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ: یَخْرُجُ نَاسٌ مِّنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ، یَقْرَؤُوْنَ الْقُرْآنَ لَا یُجَاوِزُ تَرَاقِیَھُمْ، کُلَّمَا قُطِعَ قَرْنٌ نَشَأَ قَرْنٌ، حَتّٰی یَکُوْنَ مَعَ بَقِیَّتِھِمُ الدَّجَّالُ (المعجم الکبیر للطبرانی، ج۱۳ ص۶۱۸، رقم الحدیث ۱۴۵۴۰، مسند ابی داوٗد الطیالسی، رقم الحدیث ۲۴۰۷، مستدرک حاکم، رقم الحدیث ۸۵۵۸) [1]

ترجمہ: میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ مشرق کی طرف سے ایک قوم نکلے گی، یہ لوگ قرآن تو پڑھتے ہوں گے، لیکن وہ ان کے حلق سے نیچے

---

[1] قال الهيثمی: رواه الطبرانی، وإسناده حسن (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۱۰۴۱۷، باب ما جاء فی الخوارج)

وقال أحمد بن أبی بكر بن إسماعيل البوصيری: رواه أبو داود الطيالسی، ورواته ثقات، وروى أبو داود فی سننه منه": يخرج ناس "...إلى آخره دون بقيته (اتحاف الخيرة المهرة بزوائد المسانيد العشرة، ج۸ ص۱۱۸، تحت رقم الحديث ۷۶۲۲، كتاب الفتن، باب فی التلاعن وتحريم دم المسلم)

وقال الالبانی: وله شاهد من حديث شهر بن حوشب عن عبد الله بن عمرو مرفوعا بلفظ " :يخرج ناس من قبل المشرق يقرء ون القرآن لا يجاوز " ...الحديث .أخرجه الحاكم (۴ / ۴۸۶ ـ ۴۸۷) والطيالسی فی "مسنده (۲۲۹۳) "وأحمد (۱۹۸/۲ ـ ۱۹۹ و ۲۰۹) من طريق قتادة عنه .وخالفه أبو جناب يحيى بن أبی حية عن شهر بن حوشب :سمعت عبد الله بن عمر ...فذكره نحوه. أخرجه أحمد (۸۴/۲) فی "مسند عبد الله بن عمر بن الخطاب "
.والصواب رواية قتادة لأن أبا جناب ضعيف لكثرة تدليسه كما فی "التقريب ."
وشهر لا بأس به فی الشواهد، وبعضهم يحسن حديثه، ولعله لذلک سكت عنه الحاكم والذهبی.
قوله :(أعراضهم) : جمع عرض بفتح وسكون، بمعنى الجيش العظيم وهو مستعار من العرض بمعنى ناحية الجبل، أو بمعنى السحاب الذی يسد الأفق .قاله السندی (سلسلة الاحاديث الضعيفة، تحت رقم الحديث ۲۴۵۵)

نہیں اترے گا، جب بھی ان کی ایک نسل ختم ہوگی، تو دوسری پیدا ہو جائے گی، یہاں تک کہ ان کے آخر میں سے (قیامت کے قریب) دجال نکل آئے گا

(طبرانی، طیالسی)

معلوم ہوا کہ خارجی لوگوں کی جب ایک نسل ختم ہوگی، تو دوسری پیدا ہو جائے گی، اور یہ سلسلہ دجال کے ظہور تک جاری رہے گا، بلکہ دجال کا خروج بھی ان ہی لوگوں میں سے ہوگا۔

## ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَنْشَأُ نَشَأٌ يَقْرَءُ وْنَ الْقُرْآنَ لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ، كُلَّمَا خَرَجَ قَرْنٌ قُطِعَ قَالَ ابْنُ عُمَرَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: كُلَّمَا خَرَجَ قَرْنٌ قُطِعَ، أَكْثَرَ مِنْ عِشْرِينَ مَرَّةً، حَتّٰى يَخْرُجَ فِي عِرَاضِهِمُ الدَّجَّالُ (سنن ابن ماجه، رقم الحديث ۱۷۴، ابواب السنة، باب فی ذکر الخوارج) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (میری امت میں) کچھ لوگ پیدا ہوں گے، جو قرآن کو پڑھیں گے اور قرآن ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا، جب بھی وہ ابھریں گے، تو کاٹ دیئے جائیں گے، حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بیس مرتبہ سے زیادہ مرتبہ یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جب ان میں سے کوئی جماعت خروج کرے گی، اس کو کاٹ دیا جائے گا، یہاں تک کہ ان کی جماعت میں سے (قربِ قیامت میں) دجال کا خروج ہوگا (ابنِ ماجہ)

---

[1] قال أحمد بن أبی بكر بن إسماعيل الكنانی: هذا إسناد صحيح احتج البخاری بجميع رواته (مصباح الزجاجة فی زوائد ابن ماجه، ج ۱ ص ۲۶، باب فی ذكر الخوارج)
وقال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن (حاشية سنن ابنِ ماجه)

www.idaraghufran.org

معلوم ہوا کہ خارجی لوگوں کا خروج کئی مرتبہ ہوگا، لیکن ان کا جب بھی خروج ہوگا، ان کو مسلمانوں کی طرف سے ختم کر دیا جائے گا، یہاں تک کہ بالآخر انہی خوارج کے کسی خروج کے دورانیہ میں اور اس کے پسِ منظر وتناظر میں دجال کا بھی خروج ہوگا۔ [1]

## ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی ایک روایت میں ہے کہ:

**سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: يَخْرُجُ مِنْ أُمَّتِي قَوْمٌ يُسِيْئُوْنَ الْأَعْمَالَ، يَقْرَءُوْنَ الْقُرْآنَ لَا يُجَاوِزُ حَنَاجِرَهُمْ ، قَالَ يَزِيْدُ: لَا أَعْلَمُ إِلَّا قَالَ: يَحْقِرُ أَحَدُكُمْ عَمَلَهُ مِنْ عَمَلِهِمْ، يَقْتُلُوْنَ أَهْلَ الْإِسْلَامِ، فَإِذَا خَرَجُوْا فَاقْتُلُوْهُمْ، ثُمَّ إِذَا خَرَجُوْا فَاقْتُلُوْهُمْ، ثُمَّ إِذَا خَرَجُوْا فَاقْتُلُوْهُمْ، فَطُوْبٰى لِمَنْ قَتَلَهُمْ، وَطُوْبٰى لِمَنْ قَتَلُوْهُ، كُلَّمَا طَلَعَ مِنْهُمْ قَرْنٌ قَطَعَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ ، فَرَدَّدَ ذٰلِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِشْرِيْنَ مَرَّةً أَوْ أَكْثَرَ وَأَنَا أَسْمَعُ** (مسند احمد، رقم الحديث ۵۵۶۲) [2]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ میری امت میں کچھ لوگ ایسے نکلیں گے، جو (درحقیقت) برے اعمال کا ارتکاب کریں گے،

---

[1] قوله: كلما خرج قرن قطع الخ أى أهلك ودمر ولفظ عشرين مرة يحتمل ان يكون مقولة بن عمر فيكون سماع بن عمر هذا الكلام منه صلى الله عليه وسلم أكثر من عشرين مرة ويحتمل ان يكون من مقولة النبى صلى الله عليه وسلم فالمراد منه والله أعلم ان أهل الحق يقاتلونهم ويقطعون دابرهم أكثر من عشرين مرة فى كل قرن ومع ذلك يبقى منهم فرقة حتى يخرج فى عراضهم ومواجهتهم الدجال الحاصل ان أهل الأهواء وان قاتلهم أهل الحق فى قرن واحد أكثر من عشرين مرة لا يتركون اهوائهم (إنجاح الحاجة لمحمد عبد الغنى المجددى الحنفى، ص ١٦، مشمولة: شرح سنن ابن ماجه للسيوطى وغيره، باب اتباع السنة)

[2] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية مسند احمد)

(اگرچہ وہ بظاہر کچھ اچھے اعمال بھی کریں گے، چنانچہ) وہ قرآن کی قرائت کریں گے، مگر قرآن ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا۔

یزید راوی کہتے ہیں کہ میرے علم کے مطابق یہ بھی فرمایا کہ تم میں سے کوئی اپنے عمل کو ان کے عمل کے مقابلہ میں حقیر وکم تر سمجھے گا، وہ لوگ مسلمانوں کو قتل کریں گے (مگر مشرکوں اور بت پرستوں کو چھوڑ دیں گے) پس جب وہ خروج اختیار کریں، تو تم ان کو قتل کردو، پھر جب وہ خروج اختیار کریں، تو تم ان کو قتل کردو، پھر جب وہ خروج اختیار کریں، تو تم ان کو قتل کردو، جو ان کو قتل کرے گا، اس کے لئے خوشخبری ہے، اور جس کو وہ قتل کردیں، اس کے لئے بھی خوشخبری ہے، ان میں سے جب جب بھی کوئی فرقہ ظاہر ہوگا، اس کو اللہ عزوجل قطع کردے گا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات بیس مرتبہ یا اس سے بھی زیادہ مرتبہ دہرائی، اور میں ہر مرتبہ اس بات کو سن رہا تھا (مسند احمد)

معلوم ہوا کہ خارجی لوگ مسلمانوں کو قتل کریں گے، حالانکہ وہ قرآن پڑھنے کے ساتھ ساتھ بظاہر دوسرے کئی نیک اعمال اختیار کریں گے، اور خارجیوں کے فرقے مختلف شکلوں میں وقتاً فوقتاً ظاہر ہوتے رہیں گے، لیکن ہر مرتبہ اللہ تعالیٰ اپنے حکم سے ان کو قطع وختم فرماتا رہے گا، اور جو لوگ شرعی اصولوں کے مطابق ان سے مقابلہ کریں گے، ان کے لئے بڑا اجر وانعام ہے۔

## علی رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: يَأْتِي فِي آخِرِ الزَّمَانِ قَوْمٌ، حُدَثَاءُ الْأَسْنَانِ، سُفَهَاءُ الْأَحْلَامِ، يَقُوْلُوْنَ مِنْ خَيْرِ قَوْلِ الْبَرِيَّةِ، يَمْرُقُوْنَ مِنَ الْإِسْلَامِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ، لَا يُجَاوِزُ

إِيمَانُهُمْ حَنَاجِرَهُمْ، فَأَيْنَمَا لَقِيتُمُوْهُمْ فَاقْتُلُوْهُمْ، فَإِنَّ قَتْلَهُمْ أَجْرٌ لِمَنْ قَتَلَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ(صحيح البخارى، رقم الحديث ٣٦١١، كتاب المناقب، باب علامات النبوة فى الإسلام)

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ آخری زمانہ میں کچھ لوگ نوعمر کم عقل پیدا ہوں گے، جو تمام مخلوق سے بہترین باتیں کریں گے، مگر وہ لوگ اسلام سے اس طرح نکل جائیں گے، جیسے تیر اپنے شکار سے نکل کر آر پار ہوجاتا ہے، ان کا ایمان ان کے حلق سے نیچے نہ اترے گا، جہاں کہیں تم ان سے ملو تو ان کو قتل کردو، قیامت کے دن اس شخص کے لئے بڑا اجر ہے جو اُن کو قتل کرے گا (بخاری)

معلوم ہوا کہ خوارج کا اکثر طبقہ نوجوانوں پر مشتمل ہوتا ہے، جن کا جذبہ زیادہ اور عقل وعلم کم ہوتا ہے۔

## انس وابوسعید خدری رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :يَخْرُجُ قَوْمٌ فِيْ آخِرِ الزَّمَانِ، أَوْ فِيْ هٰذِهِ الْأُمَّةِ، يَقْرَؤُوْنَ الْقُرْآنَ، لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ، أَوْ حُلُوْقَهُمْ، سِيْمَاهُمُ التَّحْلِيْقُ، إِذَا رَأَيْتُمُوْهُمْ أَوْ إِذَا لَقِيْتُمُوْهُمْ فَاقْتُلُوْهُمْ(سنن ابن ماجه، رقم الحديث ١٧٥، ابواب السنة، باب فى ذكر الخوارج)[1]

ترجمہ: رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آخری زمانہ میں، یا اس امت میں کچھ لوگ نکلیں گے، جو قرآن کی قراءت کریں گے، قرآن اُن کے گلے یا حلق سے

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح(حاشية سنن ابنِ ماجه)

آگے نہیں بڑھے گا، ان کی نشانی بال منڈانا ہے، جب تم انہیں دیکھو، یا ان سے ملاقات کرو، تو ان کو قتل کردو (ابنِ ماجہ)

حضرت انس اور حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہما دونوں سے روایت ہے کہ:

**أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سَيَكُوْنُ فِيْ أُمَّتِيْ اِخْتِلَافٌ وَفُرْقَةٌ، قَوْمٌ يُحْسِنُوْنَ الْقِيْلَ، وَيُسِيْئُوْنَ الْفِعْلَ، يَقْرَءُ وْنَ الْقُرْآنَ لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ، يَحْقِرُ أَحَدُكُمْ صَلَاتَهُ مَعَ صَلَاتِهِمْ، وَصِيَامَهُ مَعَ صِيَامِهِمْ، يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ مُرُوْقَ السَّهْمِ مِنَ الرَّمِيَّةِ، ثُمَّ لَا يَرْجِعُوْنَ حَتّٰى يَرْتَدَّ عَلٰى فُوْقِهِ، هُمْ شَرُّ الْخَلْقِ وَالْخَلِيْقَةِ، طُوْبٰى لِمَنْ قَتَلَهُمْ وَقَتَلُوْهُ، يَدْعُوْنَ إِلٰى كِتَابِ اللّٰهِ، وَلَيْسُوْا مِنْهُ فِيْ شَيْءٍ، مَنْ قَاتَلَهُمْ كَانَ أَوْلٰى بِاللّٰهِ مِنْهُمْ. قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا سِيْمَاهُمْ؟ قَالَ: اَلتَّحْلِيْقُ** (مسند احمد، رقم الحديث ١٣٣٣٨) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عنقریب میری امت میں اختلاف اور تفرقہ بازی ہوگی، اور (ایسے وقت) ان میں ایک قوم ایسی نکلے گی، جو اچھی باتیں کرے گی، اور برے عمل کرے گی، جو قرآن پڑھتی ہوگی، لیکن وہ اس کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا، تم ان کی نمازوں کے آگے اپنی نمازوں کو اور ان کے روزوں کے آگے اپنے روزوں کو حقیر وکمتر سمجھو گے (کیونکہ وہ بظاہر بڑی اچھی نماز پڑھیں گے، اور روزے رکھیں گے) وہ لوگ دین سے اس طرح نکل جائیں گے، جیسے تیر شکار سے آر پار ہوکر نکل جاتا ہے، اور پھر یہ لوگ (دین کی طرف) واپس نہیں لوٹیں گے، یہاں تک کہ تیر (چلنے کے بعد) اپنی کمان میں واپس آجائے (مطلب یہ ہے کہ جس طرح تیر چلنے کے بعد اپنی کمان میں کبھی واپس

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده عن أنس صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين (حاشية مسند احمد)

نہیں آسکتا، یہ لوگ بھی دین میں کبھی واپس نہ آئیں گے) یہ لوگ (انسانوں اور جانوروں میں) بدترین مخلوق ہوں گے، اس شخص کے لئے خوشخبری ہے جو انہیں قتل کرے اور وہ اسے قتل کریں (یعنی ان کو قتل کرنا بھی خوشخبری اور بڑے اجروثواب کا باعث ہے، اور جس شخص کو یہ لوگ قتل کریں گے، اس کی شہادت بھی بڑے اجرو ثواب والی ہے) وہ کتابُ اللہ (یعنی قرآن مجید) کی طرف دعوت دیتے ہوں گے (مثلاً قرآن مجید کی جہادوقتال والی آیات پیش کر کے لوگوں کو اپنے ساتھ ملا کر مسلمانوں سے قتال کرنے کی دعوت دیں گے) لیکن ان کا اس سے کوئی تعلق نہیں ہوگا (کیونکہ وہ قرآن مجید سے غلط مطلب نکالیں گے) جو ان سے قتال کرے گا وہ اللہ کا بہت مقرب ہوگا، صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! ان کی علامت اور نشانی کیا ہوگی؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان کی علامت بال منڈوانا ہوگی (مسند احمد)

اس سے معلوم ہوا کہ خارجی لوگ نماز روزہ جیسے اعمال اور قرآن مجید کی قرائت کے اعتبار سے بظاہر دیندار ہوں گے، بلکہ نماز وروزہ کے اتنے پابند ہوں گے کہ صحابہ کرام کو اپنے اعمال ان کے سامنے تھوڑے معلوم ہوں گے، مگر وہ دین سے یکلخت نکل جائیں گے، اور قرآن مجید کو ڈھال بنا کر لوگوں کو اپنے مقاصد کے لئے استعمال کریں گے، لیکن درحقیقت قرآن سے ان کا حقیقی تعلق نہ ہوگا، اوران کی نشانی بال منڈانا ہوگی، اور یہ جس مسلمان کو قتل کریں گے، اس کو عمدہ شہادت حاصل ہوگی۔

## ابوبکرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت مسلم بن ابی بکرہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ وَالِدِىْ أَبَا بَكْرَةَ، يَقُوْلُ: عَنْ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

أَلَا إِنَّهُ سَيَخْرُجُ مِنْ أُمَّتِي أَقْوَامٌ أَشِدَّاءُ أَحِدَّاءُ، ذَلِقَةٌ أَلْسِنَتُهُمْ بِالْقُرْآنِ، لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ، أَلَا فَإِذَا رَأَيْتُمُوهُمْ فَأَنِيمُوهُمْ، ثُمَّ إِذَا رَأَيْتُمُوهُمْ فَأَنِيمُوهُمْ، فَالْمَأْجُورُ قَاتِلُهُمْ (مسند احمد، رقم الحديث ٢٠٤٤٦)[1]

ترجمہ: میں نے اپنے والد حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے (خوارج کے بارے میں) سنا کہ اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت میں ایسی قوم نکلے گی، جو بہت تیز اور سخت (یعنی انتہا وتشدد پسند) ہوگی، ان کی زبان قرآن پڑھنے میں تیز ہوگی، لیکن قرآن ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا، جب تمہارا ان سے سامنا ہو، تو تم انہیں قتل کر دینا، پھر جب تمہارا ان سے سامنا ہو، تو تم انہیں قتل کر دینا، ان کے قتل کرنے والے کو اجر وثواب دیا جائے گا (مسند احمد)

اس سے خارجیوں کی ایک علامت یہ معلوم ہوئی کہ وہ بہت سخت اور تیز ہوں گے، یعنی دین کے معاملہ میں بظاہر مسلمانوں کے مقابلہ میں تشدد وانتہا پسندی کریں گے اور قرآن پڑھنے میں بھی ان کی زبان تیز ہوگی۔

اس طرح کی اور بھی احادیث وروایات ہیں، جن کو ہم نے ایک مستقل رسالہ میں جمع کر دیا ہے۔

بہرحال خوارج کے قرآن پر ایمان، اور قرآن کی قرائت اور ان کے نماز، روزہ وعبادت میں مجاہدہ سے متاثر نہیں ہونا چاہیے، اور ان کے ساتھ مل کر مسلمان حکمران وعوام سے مسلح بغاوت نہیں کرنی چاہیے، اور احادیثِ رسول، وسنتِ نبوی کی روشنی میں اپنے اعمال کی اصلاح اور اپنے لئے راہِ عمل متعین کرنی چاہیے۔

وَاللّٰهُ سُبْحَانَهُ وَتَعَالٰى اَعْلَمُ وَعِلْمُهُ اَتَمُّ وَاَحْكَمُ.

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده قوى على شرط مسلم (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

(فصل نمبر 35)

# زبان کے فنکاروں واداء کاروں کا فتنہ

احادیث وروایات میں یہ بھی واضح کیا گیا ہے کہ قیامت سے پہلے زبان کے فنکاروں، اور اداء کاروں کا فتنہ بھی رونما ہوگا، جس میں وہ اپنا کاروبارِ زندگی، زبان کے ذریعہ چلائیں گے، زبان کی چرب لسانی اور فنکاری کی بنیاد پر لوگوں کو بے وقوف بنا کر ان کی دنیاوآخرت کو تباہ کریں گے، اور یہ فتنہ دین کی شکل میں بھی رونما ہوگا، اور دنیا کی شکل میں بھی۔

آج زبان کے فنکاروں واداء کاروں کے اس فتنہ نے امت کو ہر طرف سے پوری طاقت کے ساتھ، گھیر لیا ہے۔

آگے اس فتنہ کی تفصیل ذکر کی جاتی ہے۔

## سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَخْرُجَ قَوْمٌ يَأْكُلُوْنَ بِأَلْسِنَتِهِمْ كَمَا يَأْكُلُ الْبَقَرُ بِأَلْسِنَتِهَا (مسند أحمد، رقم الحديث ۱۵۹۷) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک کہ ایسے لوگ پیدا نہ ہوجائیں جو اپنی زبان سے کھائیں گے، جیسا کہ گائے اپنی زبان سے کھاتی ہے (مسند احمد)

---

[1] قال شعیب الارنؤوط: حسن لغیرہ (حاشیۃ مسند احمد)

Idara Ghufran

اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: سَيَكُوْنُ قَوْمٌ يَأْكُلُوْنَ بِأَلْسِنَتِهِمْ كَمَا تَأْكُلُ الْبَقَرُ مِنَ الْأَرْضِ (مسند أحمد، رقم الحديث ١٥١٧) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ عنقریب ایسے لوگ ہوں گے، جو اپنی زبانوں سے اس طرح کھائیں گے، جیسا کہ گائے زمین سے کھاتی ہے (مسند احمد)

مطلب یہ ہے کہ وہ زبان کے فن سے اس طرح پیسے کما کر کھائیں گے، جیسا کہ بس زبان سے ہی کھا رہے ہوں۔ [2]

بعض دوسری احادیث سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے۔

## عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث

چنانچہ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی سند سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد مروی ہے کہ:

إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يُبْغِضُ الْبَلِيْغَ مِنَ الرِّجَالِ، الَّذِىْ يَتَخَلَّلُ بِلِسَانِهِ، كَمَا تَخَلَّلُ الْبَاقِرَةُ بِلِسَانِهَا (مسند احمد رقم الحديث ٦٥٤٣) [3]

ترجمہ: بے شک اللہ عزوجل آدمیوں میں سے ایسے بلیغ شخص سے بغض رکھتا ہے، جو اپنی زبان سے اس طرح باتوں کو لپیٹتا ہے، جیسے گائے چارے کو (لپیٹتی ہے)

(مسند احمد)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حسن لغيره (حاشية مسند احمد)

[2] (بألسنتها) أى: يجعلون ألسنتهم وسائل أكلهم كالبقرة تأخذ العلف بلسانها (مرقاة المفاتيح، ج٧، ص ٣٠٢٠، كتاب الآداب، باب البيان والشعر)

[3] قال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن (حاشية مسند احمد)

مطلب یہ ہے کہ جو آدمی اپنے کلام کو زیب وزینت اور اپنی فوقیت جتلانے کے لئے تکلف سے کام لیتا ہے، اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو ناپسند ومبغوض فرماتا ہے۔

## عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

**عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: مِنْ اِقْتِرَابِ السَّاعَةِ أَنْ تُرْفَعَ الْأَشْرَارُ وَتُوضَعَ الْأَخْيَارُ، وَيُفْتَحَ الْقَوْلُ وَيُخْزَنَ الْعَمَلُ**

(المستدرک للحاکم، رقم الحديث ۸۶۶۰، کتاب الفتن والملاحم)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے قریب ہونے میں سے یہ بھی ہے کہ شریر ترین لوگوں کو اوپر لایا جائے گا (ان کو رفعت وعزت دی جائے گی) اور نیک صالح (وشریف) لوگوں کو نیچا کیا جائے گا (بے وقعت سمجھا جائے گا) اور قول (زبانی جمع خرچ) کو فتح (وکامیابی) کا باعث سمجھا جائے گا، اور عمل کو باعثِ رسوائی سمجھا جائے گا (حاکم)

اس طرح کی مزید روایات پہلے بھی گذر چکی ہیں، جن سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ قیامت کے قریب زبان سے چکنی چوپڑی باتیں زیادہ ہوں گی، اور عمل کی اہمیت کم ہو جائے گی۔

## واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**بَيْنَا أَنَا عِنْدَ، رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ أَقْبَلَ رَجُلٌ عَلَيْهِ شَارَةٌ حَسَنَةٌ مَا رَأَيْتُ رَجُلاً أَمْلَأَ لِعَيْنِيْ مِنْهُ فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَتَكَلَّمُ بِكَلَامٍ إِلَّا أَحَبَّ الرَّجُلُ يَعْلُوْ كَلَامَهُ كَلَامَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَامَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ**

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ هٰذَا وَصَوْتَهُ يَلْوُوْنَ أَلْسِنَتَهُمْ لِلنَّاسِ لَيَّ الْبَقَرَةِ لِسَانَهَا كَذٰلِكَ يَلْوِى اللّٰهُ وُجُوْهَهُمْ وَأَلْسِنَتَهُمْ فِي النَّارِ

(مسند الشاميين للطبراني، ج۲ص۲۱۰، رقم الحديث ۱۲۰۴، المعجم الكبير للطبراني، ج۲۲ص۷۰، رقم الحديث ۱۷۰) [1]

ترجمہ: میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھا، کہ اچانک ایک حسین وجمیل آدمی آیا، میں نے ایسا خوب صورت آدمی نہیں دیکھا، جس سے میری آنکھیں بھر گئیں، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جو بات بھی کرتے تھے، تو وہ آدمی (اپنی طرف سے تکلفانہ کلام کے ذریعہ سے) یہ چاہتا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کلام پر اپنے کلام کی فوقیت وبرتری ظاہر کرے، پھر وہ کھڑا ہو گیا، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک اللہ اس کو اور اس کی آواز کو پسند نہیں فرماتا، یہ (اور اس جیسے دوسرے لوگ) اپنی زبانوں کو لوگوں (کو دِکھلانے اور ان پر اپنی بات وکلام کی برتری جتلانے) کے لئے اس طرح لپیٹتے ہیں، جس طرح گائے اپنی زبان کو چارہ کھاتے ہوئے لپیٹتی ہے، اسی طرح اللہ ان کے چہروں اور زبانوں کو آگ میں لپیٹ دے گا (طبرانی)

معلوم ہوا کہ گائے کی طرح زبان لپیٹنے سے مراد یہ ہے کہ زبان سے باتیں لپیٹ لپیٹ کر، تکلف وتصنع، اور چکنے چوپڑے طریقہ پر کی جائیں۔

شریعت کی نظر میں یہ طرزِ عمل خود بھی برا ہے، اور اگر زبان کے اس فن کو کھانے اور پیسہ کمانے کا ذریعہ بنالیا جائے، تو زیادہ شدید اور سنگین گناہ ہے۔

آج یہ صورتِ حال پوری طرح کھل کر ہمارے سامنے آچکی ہے، جیسا کہ آگے آتا ہے۔

---

[1] قال المنذري: رواه الطبراني بأسانيد أحدها صحيح (الترغيب والترهيب، ج۴ص۱۵۰، تحت رقم الحديث ۴۱، كتاب التوبة والزهد، الترغيب في الزهد في الدنيا والاكتفاء منها بالقليل) وقال الهيثمي: رواه الطبراني بأسانيد، ورجال أحدها رجال الصحيح (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۱۷۸۹۹، باب فضل الفقراء)

www.idaraghufran.org

# عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: إِنَّ أَخْوَفَ مَا أَخَافُ عَلٰى أُمَّتِيْ كُلُّ مُنَافِقٍ عَلِيْمِ اللِّسَانِ (مسند احمد، رقم الحديث ۱۴۳) ؎1

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے اپنی امت پر سب سے زیادہ خوف، منافق زبان کے عالم کا ہے (مسند احمد)

# عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَخْوَفُ مَا أَخَافُ عَلَيْكُمْ جِدَالُ الْمُنَافِقِ عَلِيْمِ اللِّسَانِ (صحيح ابنِ حبان، رقم الحديث ۸۰، كتاب العلم) ؎2

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے اپنی امت پر سب سے زیادہ جدل کرنے والے منافق کا ہے، جو زبان کا علم وفن رکھتا ہو (صحیح ابنِ حبان)

اس حدیث کو امام طبرانی نے بھی روایت کیا ہے۔ ؎3

آج زبان کے منافق ہر شعبہ میں موجود ہیں، خاص طور پر، فلمی اداء کار، ڈرامہ باز، میڈیا، اور سیاست سے تعلق رکھنے والے لوگ اس فتنہ کا بڑا حصہ ہیں۔

---

؎1 قال شعيب الارنؤوط: إسناده قوى (حاشية مسند احمد)

؎2 قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط البخارى (حاشية ابنِ حبان)

؎3 عن عبد الله بن بريدة، عن عمران بن حصين قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إن أخوف ما أخاف عليكم بعدى كل منافق عليم اللسان (المعجم الكبير للطبرانى، ج ۱۸ ص ۲۳۷، رقم الحديث ۵۹۳)

قال الهيثمى: رواه الطبرانى فى الكبير والبزار ورجاله رجال الصحيح (مجمع الزوائد، رقم الحديث ۸۸۵، باب فى البدع والاهواء)

# علی بن ابی طالب وابنِ مسعود رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: يَأْتِيْ فِيْ آخِرِ الزَّمَانِ قَوْمٌ، حُدَثَاءُ الْأَسْنَانِ، سُفَهَاءُ الْأَحْلَامِ، يَقُوْلُوْنَ مِنْ خَيْرِ قَوْلِ الْبَرِيَّةِ، يَمْرُقُوْنَ مِنَ الْإِسْلَامِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ، لَا يُجَاوِزُ إِيْمَانُهُمْ حَنَاجِرَهُمْ (صحيح البخارى، رقم الحديث ٣٦١١، كتاب المناقب، باب علامات النبوة فى الإسلام)

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ آخری زمانہ میں کچھ لوگ نوعمر کم عقل پیدا ہوں گے، جو تمام مخلوق سے بہترین باتیں کریں گے، مگر وہ لوگ اسلام سے اس طرح نکل جائیں گے، جیسے تیر اپنے شکار سے نکل کر آر پار ہو جاتا ہے، ان کا ایمان ان کے حلق سے نیچے نہ اترے گا (بخاری)

اور حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: يَخْرُجُ فِيْ آخِرِ الزَّمَانِ قَوْمٌ أَحْدَاثُ الْأَسْنَانِ، سُفَهَاءُ الْأَحْلَامِ، يَقُوْلُوْنَ مِنْ خَيْرِ قَوْلِ الْبَرِيَّةِ، يَقْرَءُوْنَ الْقُرْآنَ لَا يُجَاوِزُ حَنَاجِرَهُمْ (مسند ابى يعلىٰ، رقم الحديث ٣٢٤، مسند على بن أبى طالب رضى الله عنه) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ آخری زمانہ میں کچھ لوگ نوعمر کم عقل برآمد ہوں گے، جو تمام مخلوق سے بہترین باتیں کریں گے، قرآن کو پڑھیں گے، مگر قرآن اُن کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا (ابویعلیٰ)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال حسين سليم أسد الدارانى: إسناده صحيح (حاشية مسند ابى يعلىٰ)

www.idaraghufran.org

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : يَخْرُجُ فِيْ آخِرِ الزَّمَانِ قَوْمٌ أَحْدَاثُ الْأَسْنَانِ سُفَهَاءُ الْأَحْلَامِ، يَقْرَءُوْنَ الْقُرْآنَ، لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ، يَقُوْلُوْنَ مِنْ قَوْلِ خَيْرِ الْبَرِيَّةِ، يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ (سنن الترمذی، رقم الحدیث ۲۱۸۸، ابواب الفتن، باب فی صفۃ المارقۃ)[1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آخری زمانے میں ایک قوم پیدا ہوگی، جو نوعمر اور کم عقل ہوں گے، قرآن پڑھیں گے، لیکن قرآن ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا، یہ لوگ بظاہر خیر والی بات کہیں گے، وہ دین سے اس طرح نکل جائیں گے، جیسے تیر شکار سے (آر پار ہوکر) نکل جاتا ہے (ترمذی)

اس قسم کی احادیث خوارج کے متعلق کثرت سے آئی ہیں، جن سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ ان کی ایک بری خصلت یہ ہوگی کہ وہ نوعمر، کم عقل نوجوان ہوں گے، وہ زبان سے باتیں بہت بہترین کریں گے، اور قرآن کی قرائت بھی کریں گے، لیکن ان کے دل ایمان سے محروم ہوں گے۔

## حضرت علی، حذیفہ وابنِ مسعود رضی اللہ عنہم کی روایات

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ:

أُنَبِّئُكُمْ بِأَشْيَاءَ إِذَا كَانَتْ لَمْ يَكُنِ السَّاعَةُ كَبِيْرَ لُبْثٍ إِذَا كَانَتِ الْأَلْسُنُ لَيِّنَةً، وَالْقُلُوْبُ نَيَازِكَ وَرَغِبَ النَّاسُ فِي الدُّنْيَا، وَظَهَرَ الْبِنَاءُ عَلٰى وَجْهِ الْأَرْضِ وَاخْتَلَفَ الْأَخْوَانِ فَصَارَ هَوَاهُمَا شَتّٰى، وَبَيْعَ حُكْمُ اللّٰهِ بَيْعًا (مصنف ابنِ ابی شیبۃ، رقم الحدیث ۳۸۷۰۱، کتاب الفتن، باب ماذکر فی فتنۃ الدجال)

---

[1] قال الترمذی: وفی الباب عن علی، وأبی سعید، وأبی ذر وهذا حديث حسن صحيح .

ترجمہ: میں تمہیں کچھ ایسی چیزوں کی خبر دیتا ہوں کہ جب وہ (زمانے میں) واقع ہوجائیں، تو قیامت کے آنے میں پھر کچھ زیادہ دیر نہیں رہ جائے گی، جب زبانیں نرم (اور میٹھی) ہوجائیں گی اور دل نیزوں کی طرح (خطرناک) ہوں گے، اور لوگ دنیا کی طرف پورے میلان کے ساتھ جھک پڑیں گے، اور تعمیرات زمین کی سطح پر پھیل جائیں گی اور بھائی بندوں میں باہم پھوٹ پڑ جائے گی، ہر ایک کی خواہشات وترجیحات ایک دوسرے سے مختلف ہوں گی، اور احکامِ الٰہی کی (بازاری اشیاء کی طرح) خرید وفروخت ہوگی (ابن ابی شیبہ)

حضرت ابوطفیل سے روایت ہے کہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ:

أَنَا لِغَيْرِ الدَّجَّالِ أَخْوَفُ عَلَيَّ وَعَلَيْكُمْ، قَالَ: فَقُلْنَا: مَا هُوَ يَا أَبَا سَرِيْحَةَ؟ قَالَ: فِتَنٌ كَأَنَّهَا قِطَعُ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ، قَالَ: فَقُلْنَا: أَيُّ النَّاسِ فِيهَا شَرٌّ؟ قَالَ: كُلُّ خَطِيبٍ مُصْقِعٍ، وَكُلُّ رَاكِبٍ مُوْضِعٍ (المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۸۶۱۲، کتاب الفتن والملاحم) [1]

ترجمہ: مجھے اپنے اور تمہارے اوپر دجال کے (فتنے کے) علاوہ بھی (ایک فتنہ کا) خوف ہے۔

ابوطفیل کہتے ہیں کہ ہم نے عرض کیا کہ اے ابوسریحۃ (یہ حضرت حذیفہ کی کنیت ہے) وہ کیا ہے؟ تو حضرت حذیفہ نے فرمایا کہ گویا کہ اندھیری رات کی تہ بتہ تاریکیوں کی طرح کے فتنے ہوں گے، ابوطفیل کہتے ہیں کہ ہم نے عرض کیا کہ ان فتنوں میں کون لوگ بُرے ہوں گے؟ تو حضرت حذیفہ نے فرمایا کہ ہر فتنوں پر اُبھارنے والا فصیح وبلیغ (گرج دار آواز والا شعلہ بیان) خطیب، اور ہر تیز رفتار سوار (حاکم)

[1] قال الحاکم: هذا حديث صحيح الإسناد، ولم يخرجاه.
وقال الذهبي: على شرط البخاري ومسلم

www.idaraghufran.org

حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ سے اُن کا یہ ارشاد مروی ہے کہ:

أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِشَرِّ النَّاسِ فِيْ ذٰلِكَ الزَّمَانِ كُلُّ خَطِيْبٍ مُصْقَعٍ أَوْ رَاكِبٍ مُوْضَعٍ (السنن الواردة فى الفتن للدانى، رقم الحديث ١٦١، باب ما جاء فى الفرار بالدين من الفتن)

ترجمہ: کیا میں تمہیں اُس (فتنے کے) زمانے کے شریر ترین لوگ نہ بتلادوں؟ ہر فتنوں پر اُبھارنے والا فصیح و بلیغ خطیب (جو اپنی فصیح و بلیغ گفتگو اور بیان سے لوگوں کو متأثر کر کے فتنوں پر اُبھارے گا) اور ہر تیز سوار (جو تیز سواری کو فتنوں کو جنم دینے کا ذریعہ بنائے گا) (الفتن للدانی)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی سند سے بھی اسی طرح کی حدیث مروی ہے۔

آج کل کے وہ شعلہ بیان، اور گرج دار و لچھے دار تقریر کرنے والے مقررین، جو رات دن دور دراز علاقوں میں اِدھر سے، اُدھر، اور اُدھر سے اِدھر جلسوں، اور سٹیجوں میں پہنچ کر فرقہ پرستانہ بیانات کر کے لوگوں، اور خاص کر نوجوانوں کو دوسرے مسلمانوں کے خلاف بھڑکاتے، اور غم وغصہ دلاتے ہیں، اور دوسروں کی تفسیق و تکفیر کرنے پر نعرے بازیاں کرتے کراتے، یا ان کے خلاف مسلح جدوجہد پر ابھارتے ہیں، جن کی وجہ سے مسلمانوں میں خونریزی جنم لیتی ہے، وہ بھی مذکورہ احادیث کا پوری طرح مصداق ہیں، خواہ ان کو کتنا نیک صالح کیوں نہ سمجھا جائے، وہ عنداللہ شریر ترین لوگوں میں داخل ہیں۔ [1]

---

[1] الخطيب المصقع هو الذى لا يرتج عليه ولا يتتعتع فى كلامه يريد بالخطيب الداعى إلى الفتنة وأصله من الصقع وهو رفع الصوت ومتابعته.

ومن هذا صقع الديك بصوته يقال :خطيب مصقع ومسقع وخطيب مسحل ومثله خطيب شحشح وهو الماهر بالخطبة الماضى فيها .قال قيس بن عاصم:

خطباء حين يقول قائلهم ...بيض الوجوه مصاقع لسن

والموضع :المسرع فى الفتنة الساعى فيها يقال :أوضع الراكب إيضاعا ووضع لغة ومنه قول دريد بن الصمة:أخب فيها وأضع

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

# ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی سند سے مروی ہے کہ:

**قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذَكَرَ الْفِتْنَةَ الرَّابِعَةَ: لَايَنْجُوْ مِنْ شَرِّهَا إِلَّا مَنْ دَعَا كَدُعَاءِ الْغَرَقِ ،أَسْعَدُ أَهْلِهَا كُلُّ تَقِيٍّ خَفِيٍّ ،إِذَا ظَهَرَ لَمْ يُعْرَفْ ،وَإِنْ جَلَسَ لَمْ يُفْتَقَدْ وَأَشْقَى أَهْلُهَا كُلُّ خَطِيْبٍ مِسْقَعٍ أَوْ رَاكِبٍ مُوْضَعٍ** (الفتن لنعيم بن حماد، ج ١ ص ١٤٧، رقم الحديث ٣٦٧، العصمة من الفتن، وما يستحب فيها من الكف والإمساك عن القتال، والعزلة فيها، وما يكره من الاستشراف لها)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اور چوتھے فتنہ کا ذکر فرمایا کہ اُس کے شَر سے وہی بچ سکیں گے جو گڑگڑا کر اور رو رو کر دعا کریں گے، اُس فتنے میں نیک بخت وہ تمام متقی اور پوشیدہ لوگ ہوں گے جو اگر سامنے ہوں تو پہچانے نہ جائیں، اور اگر (مثلاً کہیں پوشیدہ ہوکر) بیٹھ جائیں، تو اُنہیں تلاش نہ کیا جائے؛ جبکہ اُس فتنے میں بد بخت فتنے پر اُبھارنے والا فصیح و بلیغ خطیب ہوگا، یا تیز سوار ہوگا (الفتن لنعیم بن حماد)

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

ومن هذا حديث عمرو بن العاص حدثنيه محمد بن سعدويه أخبرنا ابن الجنيد حدثنا الحسين بن حريث ناهاشم بن القاسم عن المبارك بن سعيد عن أبى سفيان السعدى عن خاله رياش الحمانى قال كانت بين عمر بن الخطاب وعمرو بن العاص محاورة فأغلظ له عمر بن الخطاب وقاوله عمرو فلما فرغ من كلامه قال له رجل من بنى أمية يقال له :الأشج إنك والله سقعت الحاجب وأوضعت بالراكب

والسقع :الضرب ببسط الكف .يقال :سقعت رأسه وصقعته والمعنى أنك جبهته بالقول وواجهته بالمكروه حتى ولى عنك وأسرع ويجوز أن يكون أراد أنك أشدت بذكر هذا الخبر وسيرت به الركبان(غريب الحديث،للخطابى،ج٢،ص ٤٩٩، ٥٠٠،احاديث الصحابة،حديث حذيفة بن أسيد)

www.idaraghufran.org

## ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : أَلَا أُنَبِّئُكُمْ بِشِرَارِكُمْ؟ فَقَالَ هُمُ الثَّرْثَارُوْنَ الْمُتَشَدِّقُوْنَ (مسند احمد، رقم الحدیث ۸۸۲۲) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا میں تمہیں تم میں شریر ترین لوگ نہ بتادوں، پھر فرمایا کہ جو لوگ خوب بولنے والے ہوں، اور چرب لسان (یعنی کلام میں تکلف کرنے والے) ہوں (مسند احمد)

## عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : هَلَكَ الْمُتَنَطِّعُوْنَ قَالَهَا ثَلَاثًا

(صحیح مسلم، رقم الحدیث ۲٦٧٠ "٧" کتاب العلم، باب هلک المتنطعون)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کلام میں تکلف وتصنّع اختیار کرنے والے ہلاک ہوگئے، یہ بات آپ نے تین مرتبہ فرمائی (مسلم)

## ابو ثعلبہ خشنی رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو ثعلبہ خشنی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

وَإِنَّ أَبْغَضَكُمْ إِلَيَّ وَأَبْعَدَكُمْ مِنِّيْ فِي الْآخِرَةِ مَسَاوِئُكُمْ أَخْلَاقًا، اَلثَّرْثَارُوْنَ ، اَلْمُتَفَيْهِقُوْنَ اَلْمُتَشَدِّقُوْنَ (مسند احمد، رقم الحدیث ۱۷۷۳۲) [2]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حسن لغيره (حاشية مسند احمد)

[2] قال شعيب الارنؤوط: حسن لغيره (حاشية مسند احمد)

ترجمہ: اور مجھے تم میں سے سب سے زیادہ مبغوض اور آخرت میں مجھ سے سب سے زیادہ دور وہ لوگ ہیں، جن کے اخلاق برے ہوں، جو کہ بہت زیادہ بولنے والے، منہ پھٹ اور چرب لسان (یعنی کلام میں تکلف کرنے والے) ہوں (مسنداحمد)

## ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَدِمَ رَجُلَانِ مِنَ الْمَشْرِقِ خَطِيْبَانِ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَامَا فَتَكَلَّمَا، ثُمَّ قَعَدَا، وَقَامَ ثَابِتُ بْنُ قَيْسٍ خَطِيْبُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَكَلَّمَ، ثُمَّ قَعَدَ فَعَجِبَ النَّاسُ مِنْ كَلَامِهِمْ، فَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ : يَا أَيُّهَا النَّاسُ قُوْلُوْا بِقَوْلِكُمْ، فَإِنَّمَا تَشْقِيْقُ الْكَلَامِ مِنَ الشَّيْطَانِ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ مِنَ الْبَيَانِ سِحْرًا (مسند احمد،رقم الحديث ٥٦٨٧) [1]

ترجمہ: مشرق کی طرف سے دو خطیب آدمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں آئے، پھر وہ دونوں کھڑے ہوئے، اور انہوں نے کلام کیا، پھر وہ بیٹھ گئے، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خطیب ثابت بن قیس کھڑے ہوئے، پھر انہوں نے کلام کیا، اور وہ بیٹھ گئے، لوگ ان کے کلام سے حیران ہوئے، پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے اور فرمایا کہ اے لوگو! تم اپنی بات کہو (یعنی اپنے مقصد کو بلا تکلف واضح کرو، کسی پر برتری وسبقت کو مقصد نہ بناؤ) پس کلام میں تکلف (وتصنع) پیدا کرنا شیطان کی طرف سے ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط الشيخين (حاشية مسند احمد)

بعض بیان جادو( کی طرح اثر انداز) ہوتے ہیں (مسند احمد)

## بشیر بن عقربہ جہنی رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت بشیر بن عقربہ جہنی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

إِنِّی سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنْ قَامَ بِخُطْبَةٍ لَا يَلْتَمِسُ بِهَا إِلَّا رِيَاءً وَسُمْعَةً، أَوْقَفَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، مَوْقِفَ رِيَاءٍ وَسُمْعَةٍ (مسند احمد،رقم الحديث ۱۶۰۷۳) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جو کھڑے ہوکر خطبہ دے، جس سے اس کا مقصد، ریا اور دکھلاوا، ونام آوری ہو، تو اللہ عزوجل، قیامت کے دن، اس کو ریا اور دکھلاوے کے مقام پر کھڑا کرے گا (جہاں وہ اپنی ریا کاری ودکھلاوے کے ذلت ناک خمیازہ کو بھگتے گا)(مسند احمد)

اس مضمون کی تائید دوسری احادیث سے بھی ہوتی ہے۔

## ابوھند داری رضی اللہ عنہ کی حدیث

چنانچہ ابوھند داری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنْ قَامَ مَقَامَ رِيَاءٍ وَسُمْعَةٍ رَاءَ ى اللّٰهُ بِهٖ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَسَمَّعَ (مسند احمد،رقم الحديث ۲۲۳۲۲) [2]

ترجمہ: انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جو شخص ریا اور دکھلاوے کے مقام پر کھڑا ہوا، تو قیامت کے دن، اللہ، اس کی ریا کاری اور نام

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن (حاشية مسند احمد)

[2] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره (حاشية مسند احمد)

آوری کو ظاہر کرے گا (اور ریا کاری و دکھلاوے پر ذلت ناک عذاب دے گا)

(مسند احمد)

موجودہ زمانہ میں جس طرح زبان کے روپیہ اور دولت کمانے اور پیشہ بنانے کا ذریعہ ہونا سامنے آ چکا ہے، اس سے مذکورہ احادیث کی پیش گوئی واضح ہوگئی، فلمی وغیر فلمی اداکاروں ، اور گلوکاروں سے لے کر، میڈیا پر آنے والے اینکرز، ٹک ٹاکرز، سب ان احادیث کا مصداق بن کر سامنے آئے ہیں، جو زبان کا جادو چلا کر لاکھوں، کروڑوں روپے کماتے ہیں، ذرا، ذرا سی دیر کے لئے مختلف اشیاء کی نشر واشاعت اور پبلسٹی کرنے پر اتنا بھاری پیسہ کماتے ہیں، جس کا کوئی حد وحساب نہیں۔

اسی طرح دینی ومذہبی رنگ میں گا گا کر نعت گوئی کرنے، اور، چکنے چوپڑے، اور لچھے دار انداز میں، یا گا گا کر بیان کرنے والے پیشہ ور خطیب بھی برآمد ہو چکے ہیں، جو صرف زبان کے فن سے لوگوں کو مسحور کر کے خوب پیسہ بٹورتے ہیں، اور عوام پر اپنے بیان اور آواز کا جادو چلا کر ان کی گمراہی کا سبب بنتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ حفاظت فرمائے۔ آمین۔

وَاللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی اَعْلَمُ وَعِلْمُہٗ اَتَمُّ وَاَحْکَمُ.

(فصل 36)

# زبان کا فتنہ اور اس کی حفاظت

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فتنہ کے زمانہ میں زبان کے کردار کی بہت اہمیت بیان فرمائی ہے، جس کی وجہ یہ ہے کہ اختلاف وانتشار کے زمانہ میں ایک دوسرے کی ذرا ذرا سی بات پر نزاع اور جھگڑا کھڑا ہوگا، تحمل وبرداشت نہ ہونے کی وجہ سے زبان قتل وقتال کا باعث بن جائے گی۔ اور واقعہ بھی یہی ہے کہ موجودہ زمانہ میں قتل وقتال اور بڑے بڑے جھگڑوں کے پیچھے بنیادی کردار زبان ہی کا نظر آتا ہے۔ اس لئے فتنہ کے زمانہ میں زبان کو بڑی احتیاط کے ساتھ سوچ سمجھ کر استعمال کرنا ہی مختلف فتنوں سے حفاظت کا ذریعہ ہوگا۔

احادیث وروایات کی روشنی میں اس کی تفصیل ملاحظہ فرمائیں۔

## عبداللہ بن عمرو، وابنِ مسعود رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

بَیْنَمَا نَحْنُ حَوْلَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ، إِذْ ذَکَرُوا الْفِتْنَۃَ أَوْ ذُکِرَتْ عِنْدَہُ - فَقَالَ: إِذَا رَأَیْتَ النَّاسَ قَدْ مَرِجَتْ عُھُوْدُھُمْ، وَخَفَّتْ أَمَانَاتُھُمْ، وَکَانُوْا ھٰکَذَا، وَشَبَّکَ بَیْنَ أَصَابِعِہٖ، قَالَ: فَقُمْتُ إِلَیْہِ، فَقُلْتُ لَہٗ: کَیْفَ أَفْعَلُ عِنْدَ ذٰلِکَ، جَعَلَنِیَ اللّٰہُ فِدَاکَ؟ قَالَ: اِلْزَمْ بَیْتَکَ، وَامْلِکْ عَلَیْکَ لِسَانَکَ، وَخُذْ مَا تَعْرِفُ، وَدَعْ مَا تُنْکِرُ، وَعَلَیْکَ بِأَمْرِ خَاصَّۃِ نَفْسِکَ، وَدَعْ عَنْکَ أَمْرَ الْعَامَّۃِ (مسند أحمد، رقم الحدیث ۶۹۸۷) [1]

[1] قال شعیب الارنؤوط: إسنادہ صحیح، رجالہ رجال الصحیح غیر ھلال بن خباب، فقد روی لہ أصحاب السنن، وھو ثقۃ (حاشیۃ مسند احمد)

ترجمہ: اس دوران کہ ہم رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے، لوگوں نے فتنہ کا ذکر کیا، یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے فتنہ کا ذکر کیا گیا، تو رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب آپ لوگوں کو دیکھیں، کہ ان کے عہد فاسد ہوگئے ہیں (یعنی عہد معاہدوں کی پاس داری نہیں رہی) اور ان کی امانتیں ہلکی ہوگئیں (یعنی لوگوں نے مال یا عہدہ وغیرہ سے متعلق امانتوں کی اہمیت کو ہلکا سمجھ لیا، اور ان میں خیانت شروع کردی) اور لوگ اس طرح (خلط ملط اور گتھم گُتھا) ہوگئے، اور (نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات فرماتے وقت) اپنی اُنگلیوں کو ایک دوسرے میں داخل کرلیا، حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف اُٹھ کر گیا، اور میں نے عرض کیا کہ ایسے وقت میں کیا طرزِ عمل اختیار کروں، اللہ مجھے آپ پر فِدا کرے، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آپ اپنے گھر کو لازم پکڑلیں (یعنی لوگوں سے الگ تھلگ ہوکر گھر میں رہنے کا اہتمام کریں، اور بغیر سخت ضرورت کے باہر نہ نکلیں) اور اپنی زبان کو اپنے قابو میں رکھیں، اور جس چیز کو آپ معروف (اور بہتر ونیک) سمجھیں، اُسے اختیار کرلیں، اور جس چیز کو آپ منکَر (اور بُرا وگناہ) سمجھیں، اُسے چھوڑ دیں، اور صرف اپنی ذات کے معاملہ کو اپنے اوپر لازم رکھیں (یعنی اپنے کام سے کام رکھیں) اور عام لوگوں کے معاملے کو اپنے سے چھوڑ دیں (مسند احمد)

اس حدیث میں فتنوں کے وقت گھر میں رہنے کے علاوہ دوسری بات زبان کو قابو رکھنے کی بتائی گئی ہے۔

حضرت سحیم بن نوفل فرماتے ہیں کہ مجھ سے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ:

كَيْفَ أَنْتُمْ إِذَا اقْتَتَلَ الْمُصَلُّوْنَ قُلْتُ: وَيَكُوْنُ ذٰلِكَ؟ قَالَ: نَعَمْ، أَصْحَابُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قُلْتُ: وَكَيْفَ أَصْنَعُ، قَالَ: كُفَّ لِسَانَكَ وَأَخِفَّ مَكَانَكَ، وَعَلَيْكَ بِمَا تَعْرِفُ، وَلَا تَدَعْ مَا

**تَعْرِفُ لِمَا تُنْكِرُ** (مصنف ابنِ ابی شیبة،رقم الحدیث ۳۸۶۰۵، کتاب الفتن،باب من کره الخروج فی الفتنة وتعوذ منها)

ترجمہ: تمہاری اس وقت کیا حالت ہوگی جبکہ نمازی (یعنی دیندار لوگ) بھی ایک دوسرے کو قتل کریں گے؟ میں نے عرض کیا کہ کیا ایسا بھی ہوگا؟ تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جی ہاں! نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب باہم قتال کریں گے، میں نے عرض کیا کہ (اگر میں وہ زمانہ پالوں) تو مجھے کیا کرنا چاہیے؟ تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اپنی زبان کو قابو میں رکھنا، اور اپنے مکان میں چُھپ جانا اور نیکی کے کام کرتے رہنا، اور کسی بُرائی کی وجہ سے کسی نیکی کو نہ چھوڑنا (ابنِ ابی شیبہ)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ:

**إِنَّكُمْ فِيْ زَمَانٍ ،اَلْقَائِلُ فِيْهِ بِالْحَقِّ خَيْرٌ مِّنَ الصَّامِتِ، وَالْقَائِمُ فِيْهِ خَيْرٌ مِّنَ الْقَاعِدِ، وَإِنَّ بَعْدَكُمْ زَمَانًا اَلصَّامِتُ فِيْهِ خَيْرٌ مِّنَ النَّاطِقِ، وَالْقَاعِدُ فِيْهِ خَيْرٌ مِّنَ الْقَائِمِ** (المستدرک للحاکم،رقم الحدیث ۸۳۲۷، کتاب الفتن والملاحم) [1]

ترجمہ: تم ایسے زمانہ میں ہو، جس میں حق بات کو کہنا خاموش رہنے سے بہتر ہے، اور کھڑا ہونا بیٹھنے سے بہتر ہے، اور تمہارے بعد (ایک) ایسا زمانہ آئے گا کہ جس میں خاموش رہنا بولنے سے بہتر ہوگا، اور اس زمانہ میں بیٹھنا کھڑے ہونے سے بہتر ہوگا (حاکم)

## عقبہ وثوبان رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال الحاکم:هذا حدیث صحیح علی شرط الشیخین، ولم یخرجاه .
وقال الذهبی: علی شرط البخاری ومسلم.

قُلْتُ : يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا النَّجَاةُ؟ قَالَ : اَمْلِكْ عَلَيْكَ لِسَانَكَ، وَلْيَسَعْكَ بَيْتُكَ، وَابْكِ عَلٰى خَطِيْئَتِكَ (سنن الترمذی، رقم الحدیث ۲۴۰۶، ابواب الزهد، باب ما جاء فی حفظ اللسان) ؎1

ترجمہ: میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! نجات کس چیز میں ہے؟

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آپ اپنی زبان کو اپنے قابو میں رکھیں، اور آپ کا گھر آپ کو سموئے رکھے (یعنی اپنے گھر میں رہیں، اور بلاسخت ضرورت کے اپنے گھر سے باہر نہ نکلیں) اور آپ اپنی خطاء (وگناہ) پر روئیں (یعنی شرمندہ ہوئیں) (ترمذی)

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے غلام حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ : طُوبٰى لِمَنْ مَلَكَ لِسَانَهٗ وَوَسِعَهٗ بَيْتُهٗ وَبَكٰى عَلٰى خَطِيْئَتِهٖ (المعجم الصغیر للطبرانی، رقم الحدیث ۲۱۲، ج ۱ ص ۱۴۰، باب الالف، المعجم الاوسط، رقم الحدیث ۲۳۴۰) ؎2

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اُس آدمی کے لئے (کامیابی اور انتہائی اجروانعام کی) خوشخبری ہو جس نے اپنی زبان کو قابو میں رکھا، اور اُس کے گھر نے اُس کو سموئے رکھا (یعنی اپنے گھر میں رہا، اور بلاضرورت باہر نہ نکلا) اور وہ اپنی خطاؤں (وگناہوں) پر رویا (یعنی شرمندہ ہوا) (طبرانی)

## سفیان ثقفی وحارث بن ہشام رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت سفیان بن عبداللہ ثقفی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قُلْتُ : يَا رَسُولَ اللّٰهِ حَدِّثْنِيْ بِأَمْرٍ أَعْتَصِمُ بِهٖ، قَالَ : قُلْ رَبِّيَ اللّٰهُ ثُمَّ

---

؎1 قال الترمذی: هذا حديث حسن.

؎2 قال الهيثمی: رواه الطبرانی فی الأوسط والصغير، وحسن إسناده (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۱۸۱۵۲، باب ما جاء فی الصمت وحفظ اللسان)

اسْتَقِمْ، قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا أَخْوَفُ مَا تَخَافُ عَلَيَّ، فَأَخَذَ بِلِسَانِ نَفْسِهٖ، ثُمَّ قَالَ: هٰذَا (سنن الترمذی، رقم الحدیث ۲۴۱۰،ابواب الزهد، باب ما جاء فی حفظ اللسان، مسند احمد، رقم الحدیث ۱۵۴۱۷) [1]

ترجمہ: میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! مجھے ایسی بات بتادیجئے کہ میں اس کو مضبوطی سے اختیار کیے رکھوں؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آپ یہ کہو کہ میرا رب اللہ ہے اور اسی پر قائم رہو؛ میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! آپ میرے بارے میں سب سے زیادہ کس چیز سے ڈرتے ہیں؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی زبان مبارک پکڑ لی، پھر فرمایا کہ اس (یعنی زبان) سے (ترمذی)

حضرت حارث بن ہشام رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّهٗ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، حَدِّثْنِيْ بِأَمْرٍ أَعْتَصِمُ بِهٖ . قَالَ: اَمْلِكْ عَلَيْكَ هٰذَا، وَأَشَارَ إِلٰى لِسَانِهٖ (المعجم الکبیر للطبرانی، رقم الحدیث ۳۳۴۹، ج۳ ص ۲۶۰، باب الحاء، المعجم الاوسط، رقم الحدیث ۱۹۱۵) [2]

ترجمہ: انہوں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! مجھے ایسی بات بتادیجئے، جس کو میں مضبوطی سے پکڑے رکھوں، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آپ اپنے اوپر اس کو قابو رکھیں، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (یہ فرماتے وقت) اپنی زبان کی طرف اشارہ فرمایا (طبرانی)

حضرت ابوسلمہ رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال الترمذی: هذا حديث حسن صحيح.
وقال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح. (حاشية مسند احمد)

[2] قال الهيثمی: رواه الطبرانی بإسنادين وأحدهما جيد (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۱۸۱۴۸، باب ما جاء فی الصمت وحفظ اللسان)
وقال الهيثمی: رواه الطبرانی فی الأوسط، وفيه وجادة، ورجاله ثقات (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۱۸۱۶۷، باب ما جاء فی الصمت وحفظ اللسان)

Idara Ghufran

أَنَّ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَوْصِنِي . قَالَ: أُعْبُدِ اللّٰهَ كَأَنَّكَ تَرَاهُ، وَاعْدُدْ نَفْسَكَ فِي الْمَوْتٰى، وَإِنْ شِئْتَ أَنْبَأْتُكَ بِمَا هُوَ أَمْلَكُ بِكَ مِنْ هٰذَا كُلِّهٖ قَالَ: هٰذَا وَأَتٰى بِيَدِهٖ إِلٰى لِسَانِهٖ (الصمت لابن ابی الدنیا ،رقم الحدیث ۲۲،ص ۱۵۶، باب حفظ اللسان وفضل الصمت) [1]

ترجمہ: حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! مجھے کوئی وصیت فرما دیجئے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ کی اس طرح (استحضار اور توجہ کے ساتھ) عبادت کیجئے، گویا کہ آپ اللہ کو دیکھ رہے ہیں، اور اپنے آپ کو (کسی بھی وقت موت آ جانے کے خوف سے ہر وقت) مُردوں میں شمار کیجئے، اور اگر آپ چاہیں تو میں آپ کو اس چیز کی خبر دیتا ہوں، جو ان سب چیزوں سے زیادہ قابو میں رکھنے کی ہے، فرمایا کہ یہ، اور (یہ کہہ کر) نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنے ہاتھ کو اپنی زبان کی طرف لائے (یعنی اپنے ہاتھ سے زبان کی طرف اشارہ فرمایا) (ابن ابی الدنیا)

## اسود محاربی و معاذ بن جبل رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت اسود بن اصرم محاربی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ:

قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَوْصِنِي، قَالَ: تَمْلِكُ يَدَكَ؟ قُلْتُ: فَمَاذَا أَمْلِكُ إِذَا لَمْ أَمْلِكْ يَدِيْ؟ قَالَ: تَمْلِكُ لِسَانَكَ؟ قَالَ: فَمَاذَا أَمْلِكُ إِذَا لَمْ أَمْلِكْ لِسَانِيْ؟ قَالَ: لَا تَبْسُطْ يَدَكَ إِلَّا إِلٰى خَيْرٍ،

---

[1] قال المنذری:
رواہ ابن أبی الدنیا بإسناد جید(الترغیب و الترھیب ،تحت رقم الحدیث ۳۰، ج۳، ص ۵۳۲، کتاب الأدب وغیرہ،الترغیب فی الصمت إلا عن خیر، والترھیب من کثرۃ الکلام)

وَلَا تَقُلُ بِلِسَانِکَ إِلَّا مَعْرُوفًا (المعجم الکبیر للطبرانی، رقم الحدیث ۸۱۸، ج ۱ ص ۲۸۱) [1]

ترجمہ: میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! مجھے کوئی وصیت فرمادیجئے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اپنے ہاتھ پر قابو رکھیے؛ میں نے عرض کیا کہ اور کس چیز پر قابو رکھوں، جبکہ میں اپنے ہاتھ پر قابو نہ رکھ سکوں؟ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اپنی زبان پر قابو رکھیے؛ میں نے عرض کیا کہ اور کس چیز پر قابو رکھوں، جبکہ میں اپنی زبان پر قابو نہ رکھ سکوں؟ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اپنے ہاتھ کو صرف خیر وبھلائی کی طرف ہی پھیلائیے، اور اپنی زبان سے صرف اچھی بات ہی کہیے (طبرانی)

مطلب یہ ہے کہ اگر ہاتھ اور زبان کو روک کر نہ رکھ سکیں، اور استعمال کرنے کا ہی تقاضا ہو تو پھر ہاتھ اور زبان کو خیر میں استعمال کریں۔

اور حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ جَاهَدَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَانَ ضَامِنًا عَلَى اللّٰهِ، وَمَنْ عَادَ مَرِيْضًا كَانَ ضَامِنًا عَلَى اللّٰهِ، وَمَنْ غَدَا إِلٰى مَسْجِدٍ، أَوْ رَاحَ كَانَ ضَامِنًا عَلَى اللّٰهِ، وَمَنْ دَخَلَ عَلٰى إِمَامٍ يُعَزِّزُهُ كَانَ ضَامِنًا عَلَى اللّٰهِ، وَمَنْ جَلَسَ فِيْ بَيْتِهٖ لَمْ يَغْتَبْ إِنْسَانًا كَانَ ضَامِنًا عَلَى اللّٰهِ (صحیح ابنِ حبان، رقم الحدیث ۳۷۲، کتاب البر والإحسان، باب ما جاء فی الطاعات وثوابها) [2]

---

[1] قال المنذری: رواه ابن أبی الدنیا والطبرانی بإسناد حسن والبیهقی (الترغیب والترهیب، تحت رقم الحدیث ۲۶، کتاب الأدب وغیره، الترغیب فی الصمت إلا عن خیر، والترهیب من کثرة الکلام)

وقال الهیثمی: رواه الطبرانی، وإسناده حسن (مجمع الزوائد، تحت رقم الحدیث ۱۸۱۵۵، باب ما جاء فی الصمت وحفظ اللسان)

[2] قال شعیب الارنؤوط: إسناده حسن (حاشیة ابن حبان)

www.idaraghufran.org

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے اللہ کے راستہ میں جہاد کیا، تو اللہ پر اُس کی (جنت کے لئے) ضمانت ہے، اور جس نے کسی مریض کی عیادت کی، تو اللہ پر اُس کی بھی (جنت کے لئے) ضمانت ہے، اور جو مسجد کی طرف صبح کے وقت گیا، یا شام کے وقت گیا، تو اللہ پر اُس کی بھی (جنت کے لئے) ضمانت ہے، اور جو امام (یعنی حاکم) کے پاس اُس کی عزت (اور جائز نصرت ومدد) کے لئے گیا، تو اللہ پر اُس کی بھی (جنت کے لئے) ضمانت ہے، اور جو اپنے گھر میں بیٹھا (یعنی گھر میں رہا) تو اللہ پر اُس کی بھی (جنت کے لئے) ضمانت ہے، جب تک وہ کسی انسان کی غیبت نہ کرے (ابنِ حبان)

غیبت نہ کرنے سے اس طرف اشارہ ہے کہ گھر میں رہ کر زبان کی حفاظت رکھے، کیونکہ گھر میں رہنے سے زبان کے بہت سے فتنوں سے تو حفاظت ہوجاتی ہے، لیکن کیونکہ دوسروں کی غیر موجودگی میں عام طور پر غیبت کا ارتکاب ہوتا ہے، اس لئے خصوصیت کے ساتھ اس کا ذکر کیا گیا۔

اور حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

**أَنَّهُ سَأَلَ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ أَفْضَلِ الْإِيْمَانِ؟ قَالَ: أَفْضَلُ الْإِيْمَانِ أَنْ تُحِبَّ لِلّٰهِ، وَتُبْغِضَ فِي اللهِ، وَتُعْمِلَ لِسَانَكَ فِيْ ذِكْرِ. قَالَ: وَمَاذَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ وَأَنْ تُحِبَّ لِلنَّاسِ مَا تُحِبُّ لِنَفْسِكَ، وَتَكْرَهُ لَهُمْ مَا تَكْرَهُ لِنَفْسِكَ، وَأَنْ تَقُوْلَ خَيْرًا أَوْ تَصْمُتَ** (مسند أحمد، رقم الحديث ٢٢١٣٢) [1]

ترجمہ: انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے افضل ایمان کے بارے میں سوال کیا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ افضل ایمان یہ ہے کہ آپ اللہ کے لئے محبت رکھیں اور اللہ کے لئے بُغض رکھیں؛ اور آپ اپنی زبان کو ذکر کے عمل میں مشغول رکھیں؛ حضرت معاذ نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! یہ کس

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره (حاشية مسند أحمد)

www.idaraghufran.org

طرح ہوگا؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس طرح کہ آپ لوگوں کے لئے اُن چیزوں کو پسند کریں، جو اپنی ذات کے لئے پسند کرتے ہیں، اور لوگوں کے لئے اُن چیزوں کو ناپسند کریں، جو اپنی ذات کے لئے ناپسند کرتے ہیں؛ اور یہ کہ آپ خیر کی بات کریں، یا خاموشی اختیار کریں (مسند احمد)

## ابوبکر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت زید بن اسلم اپنے والد حضرت اسلم رحمہ اللہ سے روایت کرتے ہیں کہ:

**أَنَّ عُـمَـرَ اِطَّـلَـعَ عَـلٰى أَبِىْ بَكْرٍ وَهُوَ يَمُدُّ لِسَانَهُ، فَقَالَ: مَا تَصْنَعُ يَا خَـلِيْفَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ؟ فَقَالَ: إِنَّ هٰـذَا أَوْرَدَنِىْ الْمَوَارِدَ، إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَـلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيْـسَ شَىْءٌ مِّنَ الْجَسَدِ، إِلَّا وَهُوَ يَشْكُوْ ذَرَبَ اللِّسَانِ** (مسند ابی یعلیٰ الموصلی، رقم الحديث ۵، ج ۱ ص ۱۷، مسند ابی بكر الصديق رضی الله عنه) [1]

ترجمہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس تشریف لے گئے، اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ (اس وقت) اپنی زبان کو کھینچ رہے تھے، تو حضرت عمر نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول کے خلیفہ! آپ یہ کیا کر رہے ہیں؟ تو انہوں نے فرمایا کہ اس (زبان) نے مجھے بہت سی (ناپسندیدہ) چیزوں

---

[1] قال الهيثمي: رواه أبو يعلى، ورجاله رجال الصحيح غير موسى بن محمد بن حيان، وقد وثقه ابن حبان (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۱۸۱۷۵، باب ما جاء فى الصمت وحفظ اللسان)
وقال الالبانی: قلت: فالحديث صحيح الإسناد على شرط البخارى، فإن الدراوردى ثقة وإن كان من أفراد مسلم فقد تابعه الجماعة الذين ذكرهم ابن النقور، فالحديث عن زيد بن أسلم صحيح مشهور. وقد تابعه أيضا مالك، فأخرجه فى "الموطأ (۱۲/۹۸۸/۲)" عن زيد بن أسلم به دون الحديث المرفوع والحديث نقل السيوطى فى ( "الجامع الكبير (۲/۵۲۷/۲)" مصورة المكتب) عن الحافظ ابن كثير أنه قال " :إسناده جيد (سلسلة الأحاديث الصحيحة وشىء من فقهها وفوائدها، تحت رقم الحديث ۵۳۵)

میں مبتلا کیا ہے؛ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جسم کی کوئی چیز بھی ایسی نہیں ہے جو زبان کے فساد (و بگاڑ) کی شکایت نہ کرتی ہو (ابویعلیٰ)

## ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی احادیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: إِنَّ الْعَبْدَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ، يَنْزِلُ بِهَا فِي النَّارِ أَبْعَدَ مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ** (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٩٨٨ "٤٩" كتاب الزهد و الرقائق، باب التكلم بالكلمة يهوى بها فى النار، صحيح البخارى، رقم الحديث ٦٤٧٧)

ترجمہ: انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے آپ کا یہ فرمان سُنا کہ بے شک بندہ ایسا کلمہ زبان سے بول دیتا ہے کہ جو اُس کو جہنَّم میں اس سے زیادہ نیچے گرا دیتا ہے کہ جتنی دوری مشرق اور مغرب کے درمیان ہوتی ہے (مسلم، بخاری)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد مروی ہے کہ:

**إِنَّ الْعَبْدَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ رِضْوَانِ اللّٰهِ، لَا يُلْقِيْ لَهَا بَالًا، يَرْفَعُهُ اللّٰهُ بِهَا دَرَجَاتٍ، وَإِنَّ الْعَبْدَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ سَخَطِ اللّٰهِ، لَا يُلْقِيْ لَهَا بَالًا، يَهْوِيْ بِهَا فِيْ جَهَنَّمَ** (صحيح البخارى، رقم الحديث ٦٤٧٨، كتاب الرقاق، باب حفظ اللسان)

ترجمہ: بے شک بندہ اللہ کی رضا والا کلمہ زبان سے بول دیتا ہے جس کی کوئی وقعت نہیں سمجھتا (مگر) اللہ اُس ایک کلمہ کی وجہ سے اُس کے درجات کو بلند فرما دیتا ہے، اور بے شک بندہ اللہ کی ناراضگی والا کلمہ زبان سے بول دیتا ہے، جس کی کوئی وقعت نہیں سمجھتا (مگر) اس ایک کلمہ کی وجہ سے وہ جہنَّم میں گر جاتا ہے (بخاری)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الرَّجُلَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ سُخْطِ اللّٰهِ، لَا يَرٰى بِهَا بَأْسًا، فَيَهْوِىْ بِهَا فِىْ نَارِ جَهَنَّمَ سَبْعِيْنَ خَرِيْفًا** (سنن ابن ماجه، رقم الحديث ٣٩٧٠، ابواب الفتن، باب كف اللسان فى الفتنة؛ مسند احمد، رقم الحديث ٧٢١٥) ؎

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آدمی زبان سے اللہ کی ناراضگی والا ایسا کلمہ بول دیتا ہے، کہ اُس کا خیال بھی نہیں کرتا، مگر وہ اُس کی وجہ سے جہنّم کی آگ میں ستر سال کی مسافت پر (گہرائی میں) گر جاتا ہے (ابنِ ماجہ، مسند احمد)

## عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيْمَنُ امْرِءٍ وَأَشْأَمُهُ مَا بَيْنَ لِحْيَيْهِ قَالَ وَهْبٌ: يَعْنِىْ لِسَانَهُ** (صحيح ابنِ حبان، رقم الحديث ٥٧١٧، كتاب الحظر والاباحة، باب مايكره من الكلام ومالا يكره، ذكر الزجر عن أن يقول المرء بلسانه ما عليه دون الذى يكون له) ؎

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آدمی کی خوش بختی اور بدبختی اُس کے جبڑوں کے درمیان والی چیز میں ہے، حضرت وہب راوی کہتے ہیں کہ یعنی زبان میں ہے (ابنِ حبان)

خلاصہ یہ کہ فتنوں کے دور میں زبان کا بہت بڑا کردار ہوگا، اور آج کل کا میڈیا، اس فتنہ کا بہت بڑا رکن بن گیا ہے، جس کی زد میں نیک و بد ہر ایک ہی آتا جارہا ہے۔

---

؎ قال شعیب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية مسند أحمد)

؎ قال شعیب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط الشيخين (حاشية ابنِ حبان)

www.idaraghufran.org

## (فصل نمبر 37)

# قلم وکتابت اور میڈیا کا فتنہ

قلم چونکہ زبان کا ترجمان ہوتا ہے، اور موجوہ دور میں قلم، تحریر وکتابت کی صورتیں جدید شکلوں میں بہت عام ہوگئی ہیں، جن کی احادیث میں بہت پہلے پیشین گوئی کردی گئی تھی۔

اس لئے قلم، تحریر وکتابت اور موجودہ ذرائع ابلاغ کا فتنہ کے دور میں اہم کردار ہے، بلکہ یہ موجودہ زمانہ میں فتنوں کے ابھارنے اور پھیلانے کا اہم ذریعہ بن گیا ہے۔

اور زبان کے جو فتنے پہلے محدود ہوتے تھے، اب اس میڈیا نے ان فتنوں کے دائرہ کو وسیع کردیا ہے۔

اس بارے میں کچھ تفصیل ذکر کی جاتی ہے۔

## ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

أَنَّ بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ تَسْلِيمَ الْخَاصَّةِ، وَفُشُوَّ التِّجَارَةِ، حَتّٰى تُعِينَ الْمَرْأَةُ زَوْجَهَا عَلَى التِّجَارَةِ، وَقَطْعَ الْأَرْحَامِ، وَشَهَادَةَ الزُّوْرِ، وَكِتْمَانَ شَهَادَةِ الْحَقِّ، وَظُهُوْرَ الْقَلَمِ (مسند احمد، رقم الحديث ۳۸۷۰) [1]

ترجمہ: قیامت کے قریب خاص خاص لوگوں کو ہی سلام کیا جائے گا، اور تجارت بہت پھیل جائے گی، یہاں تک کہ عورت اپنے شوہر کی تجارت میں مدد کرے گی،

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن (حاشية مسند احمد)

Idara Ghufran

اور (رشتہ داروں سے) قطع رحمی (وقطع تعلق) ہوگی، اور جھوٹی گواہی عام ہو جائے گی، اور حق بات کی گواہی کو چھپانا عام ہو جائے گا، اور قلم عام ہو جائے گا (مسند احمد)

مطلب یہ ہے کہ قُربِ قیامت کے دور میں جہاں بہت سے فتنے رونما ہوں گے، اُن میں ایک فتنہ جھوٹی گواہی کا عام ہونا اور حق بات کی گواہی کو چھپانے کا بھی ہوگا۔

اور قلم کے عام ہونے سے مراد یہ ہے کہ کتابت اور لکھائی کی بہت سی صورتیں عام ہو جائیں گی، جیسا کہ آج کل جدید الیکٹرانک آلات وذرائع ابلاغ کے ذریعہ (اور کمپیوٹر اور دوسرے ڈیجیٹل طریقوں سے یہاں تک کہ موبائل کے ذریعہ سے) لکھائی عام ہو چکی ہے۔

## عمرو بن تغلب رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عمرو بن تغلب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ، أَنْ يَّفِيْضَ الْمَالُ وَيَكْثُرَ، وَيَظْهَرَ الْقَلَمُ، وَتَفْشُوَ التِّجَارَةُ قَالَ: قَالَ عَمْرٌو: فَإِنْ كَانَ الرَّجُلُ لَيَبِيْعُ الْبَيْعَ فَيَقُوْلُ: حَتّٰى أَسْتَأْمِرُ تَاجِرَ بَنِيْ فُلَانٍ، وَيَلْتَمِسُ فِي الْحَيِّ الْعَظِيْمِ الْكَاتِبَ، وَلَا يُوْجَدُ (مسند أحمد، رقم الحديث ٧٨، ج ٣٩ ص ٥١٩، بقية حديث عمرو بن تغلب) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ مال بڑھ جائے گا، اور مال کی کثرت وبہتات ہو جائے گی، اور قلم عام ہو جائے گا، اور تجارت پھیل جائے گی۔ حضرت عمرو بن تغلب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص خرید وفروخت کرے گا، تو وہ کہے گا کہ ذرا میں فلاں قوم کے تاجر (یا تجارتی فرم وغیرہ) سے مشورہ کرلوں، اور وہ بڑے محلے (یونین کونسل،

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية مسند احمد)

ٹاؤن شپ وغیرہ) میں کاتب کو تلاش کرے گا، اور کاتب نہیں مل سکے گا (مسند احمد)

## عمرو بن تغلب رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت

حضرت عمرو بن تغلب رضی اللہ عنہ کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ أَنْ يَّفْشُوَ الْمَالُ وَيَكْثُرَ، وَتَفْشُوَ التِّجَارَةُ، وَيَظْهَرَ الْعِلْمُ، وَيَبِيْعَ الرَّجُلُ الْبَيْعَ فَيَقُوْلَ: لَا حَتّٰى أَسْتَأْمِرَ تَاجِرَ بَنِيْ فُلَانٍ، وَيُلْتَمَسَ فِي الْحَيِّ الْعَظِيْمِ الْكَاتِبُ فَلَا يُوْجَدُ (سنن النسائی، رقم الحدیث ۴۴۵۶، کتاب البیوع، باب التجارة)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے قریب ہونے کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ مال پھیل جائے گا، اور اس کی کثرت و بہتات ہوجائے گی، اور تجارت عام ہوجائے گی، اور علم پھیل جائے گا، اور آدمی کسی سودے کی خریداری کرنے لگے گا تو رُک جائے گا کہ پہلے فلاں قوم کے تاجر ودوکاندار سے مشورہ کرلوں، اور بہت بڑی قوم (وجماعت) میں کاتب ڈھونڈے سے بھی نہیں ملے گا (نسائی)

مطلب یہ ہے کہ مال اور تجارت اور خرید وفروخت کا نظام ایک با قاعدہ علم وفن بن جائے گا، اقتصادیات ومعاشیات کا علم آج کے نظامِ اجتماعی اور ریاستی سسٹم میں سب سے زیادہ اہمیت رکھتا ہے، ان سب کے عام ہونے کے باوجود جہالت عام ہوگی، بڑے بڑے مال دار اور تاجر لوگ علم سے بے بہرہ اور کورے ہوں گے، اور حساب کتاب سے بھی واقف نہ ہوں گے، چنانچہ آج ایسے لوگوں کی کمی نہیں جو علم سے کورے ہیں، اور اُن کے پاس مال ودولت کی فراوانی ہے، اور دو حروف لکھنا نہیں جانتے، اور بے شک آج کل مشینی طریقوں پر حساب

کتاب ہوجاتا ہے، مگر مشینوں کے بغیر حساب کتاب جاننے والوں کی آج بھی کمی ہے۔

جبکہ بعض چیزوں کے لئے لکھائی کمپیوٹر یا مشین ہی کی لکھی ہوئی معتبر ہوتی ہے، اس لئے پڑھے لکھے لوگ بھی بہت سی تحریرات کے لئے اشٹام فروشوں، اور منشیوں اور فارم بھرنے والے لوگوں کی تلاش میں گھومتے پھرتے ہیں۔ [1]

احادیث میں بیان کردہ مذکورہ پیش گوئیاں آج حرف بحرف صادق آرہی ہیں، اور سچی ثابت ہورہی ہیں۔ چنانچہ موجودہ دور ذرائع ابلاغ اور میڈیا کا دور کہلاتا ہے، جس کو عربی میں "وَسَائِلُ الْاَعْلَام" کہا جاتا ہے۔

آج کے دور کے ذرائع ابلاغ اور میڈیا کی انواع واقسام کو دو بڑی قسموں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے، ایک پرنٹ میڈیا (Print Media) یعنی تحریر والا ذرائع ابلاغ، دوسرے الیکٹرانک میڈیا (Electronic Media) یعنی برقی ذرائع ابلاغ، جس کو عربی زبان میں "اَلْاِعْلَامُ الْاِلِکْتُرُوْنِی" کہا جاتا ہے۔

تحریر وکتابت والے ذرائع ابلاغ، یا پرنٹ میڈیا سے مراد اخبارات، رسائل، جرائد، ڈائجسٹ، روزناموں، ہفت روزوں اور ماہناموں وغیرہ کی تحریر وکتابت اور قلم وکاغذ کا سلسلہ ہے، جس میں عام طور سے قلم وکاغذ وغیرہ کے واسطے سے تحریر کو قدیم وجدید طریقوں پر منقش ومحفوظ کیا جاتا ہے۔

اور الیکٹرانک میڈیا میں وہ سمعی وبصری (یعنی سُنے اور دیکھے جانے والے) ذرائع ابلاغ شامل ہیں جو برقی آلات کے ذریعے لہروں کی شکل میں ہواؤں کے واسطہ سے سُنے ودیکھے

---

[1] قال أبو عمر أما قوله فی هذا الحديث وفشو القلم فإنه أراد ظهور الكتاب وكثرة الكتاب روى المبارک بن فضالة عن الحسن قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تقوم الساعة حتى يرفع العلم ويفيض المال ويظهر القلم ويكثر التجار قال الحسن لقد أتى علينا زمان إنما يقال تاجر بنى فلان وكاتب بنى فلان ما يكون فی الحی إلا التاجر الواحد والكاتب الواحد قال الحسن والله إن كان الرجل ليأتی الحی العظيم فما يجد به كاتبا (التمهيد لما فی الموطأ من المعانی والأسانيد للقرطبی، ١٧، ص٢٩٧، ٢٩٨، باب العين، عبدالله بن ابی بكر ابن حزم، الحديث الخامس عشر)

جاتے ہیں، جس میں آج کل آڈیو، وڈیو، ہر قسم کے پروگرام شامل ہیں، جن کو ریڈیو، ٹی وی، نیٹ اور ڈیجیٹل مشینوں کے ذریعے سے بروئے کار لایا جاتا ہے۔اور جو بات یا جو کلام زبان سے کرنا اچھا اور باعثِ اجروثواب ہے، تحریر کے ذریعہ سے بھی باعثِ اجروثواب ہے،اور جو زبان سے گناہ ہے، وہ تحریر کے ذریعہ سے بھی گناہ ہے۔

جس سے معلوم ہوا کہ زبان کا موضوع موجودہ دور کے ذرائع ابلاغ کو بھی شامل اور آج کے دور میں بڑا وسیع ہے، جس میں سوشل میڈیا بھی شامل ہے۔

موجودہ ذرائع ابلاغ کے ذریعہ ہر طرح کا جھوٹ پھیلایا جاتا ہے،اور دجل وفریب کی کار روائیاں کی جاتی ہیں،اور اس کے ذریعہ ہر طرح کا دجالی جال بچھایا جارہا ہے، بلکہ یوں کہنا چاہیے کہ دجال کے لئے راستہ ہموار کیا جارہا ہے۔

مادر پدر آزاد میڈیائی لوگوں کا مقصود تو محض اپنی شہرت اور مالی ہوس کی تکمیل،اور بے راہ روی ہے،اس لئے ان کو سمجھانا تو مشکل کام ہے۔

تاہم اب دیکھا دیکھی اس میڈیا کے ذریعہ بہت سے علماء وصلحاء کو بھی وسیع پیمانہ پر دین کی تبلیغ کرنے کا شوق بھی پیدا ہوگیا ہے،لیکن اس میڈیا کے ذریعہ چونکہ وسیع پیمانہ پر ہر کس وناکس،اور بہت سے نااہل افراد تک بھی بات پہنچتی ہے، جو نہ تو پوری اور مکمل بات سننے کا اہتمام کرتے،اور نہ ہی ان میں دین کی ہر بات سمجھنے کی صلاحیت ولیاقت ہوتی، ویسے بھی آج کل کے نام نہاد علماء وصلحاء کو دین کی بات جس طرح دوسرے پر مسلط کرنے،اور فروعی مسائل،اور اختلافی افکار کی جس طرح کے جارحانہ وغیر مصلحانہ انداز میں پیش کرنے کا شوق اور جذبہ، بلکہ بھوت دل ودماغ پر سوار ہے، وہ کسی طرح بھی باعثِ اصلاح نہیں، بلکہ فتنہ وفساد کا باعث ہے۔

ان حالات میں میڈیا کے ذریعہ سے دین کی وہ بات آگ کی طرح پھیلتی ہے،اور اس پر ہر کس وناکس کی طرف سے اس طرح ردِعمل کیا جاتا ہے،اور ایک دوسرے کے خلاف

ذرا ذراسی باتوں پر وہ تماشا اور مرغانِ جنگی کا ایسا کھیل کھیلا جاتا ہے،جس سے دین کی ناقدری، فتنہ وفساد، بلکہ بسا اوقات دین کا تمسخر لازم آجاتا ہے،جس کی زمانہ سلف میں نظیر نہیں ملتی۔

## ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ ودیگر سلف کی روایات

امام مسلم نے صحیح مسلم کے مقدمہ میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا یہ ارشاد روایت کیا ہے کہ:

مَا أَنْتَ بِمُحَدِّثٍ قَوْمًا حَدِيْثًا لَا تَبْلُغُهُ عُقُولُهُمْ، إِلَّا كَانَ لِبَعْضِهِمْ فِتْنَةً

(صحيح مسلم،مقدمة الإمام مسلم،باب النهى عن الحديث بكل ما سمع)

ترجمہ: تم ایسی قوم کو کوئی بات بیان نہ کرو،جس تک ان کی عقل کی رسائی نہ ہو،ورنہ تو یہ بعض لوگوں کے لئے فتنہ کا باعث بن جائے گی (صحیح مسلم)

اور امام بیہقی نے اپنی تالیف ’’المدخل الی السنن الکبری‘‘ میں ایک باب خاص اسی موضوع پر قائم کیا ہے کہ غیر اہل کے سامنے علم کی بات بیان کرنا،اس کو ضائع کرنا ہے۔

امام بیہقی نے مذکورہ باب کے ذیل میں عبدالملک بن عمیر کا یہ قول روایت کیا ہے کہ:

مِنْ إِضَاعَةِ الْعِلْمِ أَنْ تُحَدِّثَهُ غَيْرَ أَهْلِهِ (المدخل الى السنن الكبرى،للبيهقى،رقم الحديث ٦١٤،باب من قال: من إضاعة العلم أن تحدث به غير أهله)

ترجمہ: علم کو ضائع کرنا یہ بھی ہے کہ تم اس علم کو نااہل لوگوں کے سامنے بیان کرو (بیہقی)

اسی ضمن میں امام بیہقی نے اپنی سند کے ساتھ ابنِ وہب سے روایت کیا ہے کہ:

قَالَ:قَالَ مَالِكٌ: ذٰلِکَ ذُلٌّ وَإِهَانَةٌ لِلْعِلْمِ إِذَا تَكَلَّمَ الرَّجُلُ بِالْعِلْمِ

عِنْدَ مَنْ لَّا يُطِيْعُهُ (المدخل الى السنن الكبرى، للبيهقي، رقم الحديث ٦١٧، باب من قال: من إضاعة العلم أن تحدث به غير أهله)

ترجمہ: امام مالک نے فرمایا کہ یہ بات ذلت واہانت میں داخل ہے کہ جب آدمی علم کی بات ایسے آدمی کے سامنے کرے کہ جو اس کی اطاعت کرنے والا نہ ہو (بیہقی)

اسی موقع پر امام بیہقی نے کثیر بن مرہ حضرمی کا یہ قول بھی اپنی سند کے ساتھ روایت کیا ہے کہ:

لَا تُحَدِّثْ بِالْحِكْمَةِ عِنْدَ السُّفَهَاءِ فَيُكَذِّبُوكَ، وَلَا تُحَدِّثْ بِالْبَاطِلِ عِنْدَ الْحُكَمَاءِ فَيُمْقُتُوكَ، وَلَا تَمْنَعِ الْعِلْمَ أَهْلَهُ فَتَأْثَمَ، وَلَا تُحَدِّثْ بِهِ غَيْرَ أَهْلِهِ فَتُجَهَّلَ، إِنَّ عَلَيْكَ فِيْ عِلْمِكَ حَقًّا كَمَا أَنَّ عَلَيْكَ فِيْ مَالِكِ حَقًّا (المدخل الى السنن الكبرى للبيهقي، رقم الحديث ٦١٨، باب من قال: من إضاعة العلم أن تحدث به غير أهله)

ترجمہ: تم حکمت کی بات بے وقوفوں کے سامنے بیان مت کرو، ورنہ تو وہ تمہاری تکذیب کریں گے، اور تم باطل کو حکماء کے سامنے بیان مت کرو، ورنہ وہ تم پر غصہ ہوں گے، اور تم علم کو اس کے اہل حضرات سے مت روکو، ورنہ تم گناہ گار ہو جاؤ گے، اور علم کی بات نااہل کے سامنے بیان مت کرو، ورنہ وہ تمہیں جاہل قرار دیں گے، بے شک آپ پر آپ کے علم کا بھی حق ہے، جس طرح آپ پر آپ کے مال کا بھی حق ہے (بیہقی)

نیز امام بیہقی نے حضرت مزنی سے روایت کیا ہے کہ:

قَالَ لِي الشَّافِعِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: يَا إِبْرَاهِيمُ: اَلْعِلْمُ جَهْلٌ عِنْدَ أَهْلِ الْجَهْلِ، كَمَا أَنَّ الْجَهْلَ جَهْلٌ عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ (المدخل الى السنن الكبرى، للبيهقي، رقم الحديث ٦١٩، باب من قال: من إضاعة العلم أن تحدث به غير أهله)

www.idaraghufran.org

ترجمہ: مجھے امام شافعی نے فرمایا کہ اے ابراہیم! علم دراصل جاہلوں کے سامنے جہل ہے، جس طرح کہ جہل، اہلِ علم کے سامنے جہل ہے (بیہقی)

اس لئے علمائے حق کی یہ ذمہ داری ہے کہ علم کی ناقدری واہانت سے اپنے آپ کو بچائیں۔

خلاصہ یہ ہے کہ موجودہ میڈیا طرح طرح سے فتنوں کی آماجگاہ بن گیا ہے، جو ہر ایک کو اپنی لپیٹ میں لیتا جارہا ہے، اور لوگوں کے دل ودماغ کو پوری طرح مسخ کرنے کے درپے ہے، اور آنے والی نسل اسی میڈیا کی گودھ میں پرورش پارہی ہے، اور میڈیا نے جس طرح حقائق کو مسخ کرنے، اور دھوکہ اور فریب پھیلانے کا کردار اداء کیا ہے، اس کو دیکھتے ہوئے اب یہ بات واضح ہوتی جارہی ہے کہ دجالِ اکبر بھی اسی میڈیائی کھیل، تماشہ کو آلہ کار بنا کر لوگوں کو گمراہ کرنے اور جہنمی بنانے کا کردار اداء کرے گا، جس کے نتیجہ میں میڈیا کے پجاریوں کا دجالِ اکبر کے دجل وفریب سے محفوظ رہنا ازحد مشکل ہوگا۔

وَاللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی اَعْلَمُ وَعِلْمُہٗ اَتَمُّ وَاَحْکَمُ.

## (فصل نمبر 38)

# حق وباطل میں تلبیس اور اختلاف وانتشار کا فتنہ

احادیث میں امتِ مسلمہ کو اس بات سے بھی باخبر کیا گیا ہے کہ قیامت سے پہلے ایسے فتن در فتن کا دور دورہ ہوگا کہ حق وباطل میں تلبیس اور خلط ملط ہو جائے گا، اور اتنے زیادہ فرقے پیدا ہو جائیں گے کہ ہر ایک کے ساتھ حق وباطل کی کم وبیش آمیزش ہو جائے گی، جیسا کہ موجودہ زمانہ میں شاید ہی کوئی رسمی فرقہ ایسا بچا ہو کہ جس کے ساتھ وابستہ لوگوں میں، افراط، یا تفریط کی آمیزش نہ ہوگئی ہو، ایسی صورتِ حال میں کسی فرقہ سے بھی وابستہ لوگوں کی ہر بات کو حق، یا ناحق قرار دینا مشکل ترین مرحلہ بن کر رہ گیا ہے۔

اور دین کے ساتھ وابستہ ایسی طائفہ قیامت تک ضرور موجود رہے گی، جو حق کا دامن نہیں چھوڑے گی، اس طائفہ حقہ کے افراد کو حق پر قائم رہنے والی طائفہ قرار دیا گیا ہے، خواہ وہ ایک دوسرے سے جدا، اور کم افراد کیوں نہ ہوں، اس سے کوئی مخصوص معروف نام کا گروہ وجتھا مراد نہیں۔ [1]

اب اس سلسلہ میں چند احادیث وروایات ملاحظہ فرمائیں۔

## حذیفہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت میں ہے کہ:

كُنَّا عِنْدَ عُمَرَ، فَقَالَ: أَيُّكُمْ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

---

[1] ويحتمل أن هذه الطائفة مفرقة بين أنواع المؤمنين منهم شجعان مقاتلون ومنهم فقهاء ومنهم محدثون ومنهم زهاد وآمرون بالمعروف وناهون عن المنكر ومنهم أهل أنواع أخرى من الخير ولا يلزم أن يكونوا مجتمعين بل قد يكونون متفرقين فى أقطار الأرض(شرح النووى على صحيح مسلم، ج١٣ ص٦٧، كتاب الامارة،باب قوله صلى الله عليه وسلم لا تزال طائفة من أمتى ظاهرين على الحق لا يضرهم من خالفهم)

يَذْكُرُ الْفِتَنَ؟ فَقَالَ قَوْمٌ: نَحْنُ سَمِعْنَاهُ، فَقَالَ: لَعَلَّكُمْ تَعْنُوْنَ فِتْنَةَ الرَّجُلِ فِيْ أَهْلِهِ وَجَارِهِ؟ قَالُوْا: أَجَلْ، قَالَ: تِلْكَ تُكَفِّرُهَا الصَّلَاةُ وَالصِّيَامُ وَالصَّدَقَةُ، وَلٰكِنْ أَيُّكُمْ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْكُرُ الَّتِيْ تَمُوْجُ مَوْجَ الْبَحْرِ؟ قَالَ حُذَيْفَةُ: فَأَسْكَتَ الْقَوْمُ، فَقُلْتُ: أَنَا، قَالَ: أَنْتَ لِلّٰهِ أَبُوْكَ قَالَ حُذَيْفَةُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: تُعْرَضُ الْفِتَنُ عَلَى الْقُلُوْبِ كَالْحَصِيْرِ عُوْدًا عُوْدًا، فَأَيُّ قَلْبٍ أُشْرِبَهَا، نُكِتَ فِيْهِ نُكْتَةٌ سَوْدَاءُ، وَأَيُّ قَلْبٍ أَنْكَرَهَا، نُكِتَ فِيْهِ نُكْتَةٌ بَيْضَاءُ، حَتّٰى تَصِيْرَ عَلٰى قَلْبَيْنِ، عَلٰى أَبْيَضَ مِثْلِ الصَّفَا فَلَا تَضُرُّهُ فِتْنَةٌ مَا دَامَتِ السَّمَاوَاتُ وَالْأَرْضُ، وَالْآخَرُ أَسْوَدُ مُرْبَادًّا كَالْكُوْزِ، مُجَخِّيًا لَا يَعْرِفُ مَعْرُوْفًا، وَلَا يُنْكِرُ مُنْكَرًا، إِلَّا مَا أُشْرِبَ مِنْ هَوَاهُ (صحيح مسلم، رقم الحديث ١٤٤ "٢٣١" كتاب الإيمان، باب بيان أن الإسلام بدأ غريبا وسيعود غريبا، وإنه يأرز بين المسجدين)

ترجمہ: ہم حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس موجود تھے، تو انہوں نے فرمایا کہ کیا تم میں سے کسی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فتنوں کا تذکرہ سنا ہے؟ لوگوں نے کہا کہ ہم نے سنا ہے، حضرت عمر نے فرمایا کہ شاید تم آدمی کے اپنے گھر اور پڑوسی کے متعلق فتنہ کو مراد لے رہے ہوں؟ لوگوں نے کہا کہ جی ہاں! حضرت عمر نے فرمایا کہ اس فتنہ کو تو نماز، اور روزے اور صدقہ معاف کر دیتے ہیں، حضرت عمر نے فرمایا کہ کیا تم نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سمندر کی موجوں کی طرح کے فتنہ کے متعلق سنا ہے؟ حضرت حذیفہ فرماتے ہیں کہ سب حاضرینِ مجلس خاموش رہے، تب میں نے کہا کہ میں نے سُنا ہے۔ تو (حضرت عمر رضی اللہ عنہ) نے فرمایا ''لِلّٰہِ اَبُوْکَ'' (یہ جملہ عربوں کے محاورہ میں کسی عمل کو سراہنے کے موقعہ پر تعریف کے طور پر بولا جاتا ہے)

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ فتنے دِلوں پر چٹائی کے تنکوں کی طرح اوپر، نیچے، اور پے در پے پیش ہوں گے، پس جس دل میں وہ فتنے داخل ہوں گے، تو اس دل میں سیاہ نکتہ جم جائے گا؛ اور جو دل ان فتنوں سے نفرت کرے گا، تو اس دل میں سفید نکتہ جم جائے گا؛ یہاں تک کہ اب دو قسم کے دل ہو جائیں گے، سفید نکتے والا دل تو چکنے اور صاف چٹان کی طرح ہو جائے گا، جب تک کہ آسمان وزمین ہیں، اس وقت تک اس دل کو کوئی بھی آنے والا فتنہ ضرر نہیں پہنچا سکے گا (وہ اس کے قریب آتے ہی چکناہٹ کی وجہ سے دور ہو جائے گا) اور دوسرا دل سیاہ راکھ جیسا (کچھ سفیدی مائل) الٹے رکھے ہوئے پیالہ کی طرح ہو جائے گا، جو کسی نیک عمل کو اچھا نہیں سمجھے گا، اور برے عمل سے نفرت نہیں کرے گا، سوائے اپنی خواہشات کی اتباع کرنے کے (اسے صرف اپنی خواہشات کی پیروی سے سروکار ہوگا) (مسلم)

معلوم ہوا کہ فتنوں کے دَور میں اپنے ایمان اور نیک اعمال کی حفاظت اور اُن پر ثابت قدمی کا طریقہ یہ ہوگا کہ فتنوں سے اپنے آپ کو دور رکھا جائے، اور فتنوں کی طرف مائل نہ ہوا جائے، ورنہ دل ان فتنوں کا شیدائی اور غلام بن کر رہ جاتا ہے، اور ان سے نکلنا مشکل مرحلہ بن جاتا ہے۔ اور آج کل کا دور یقیناً پُرفتن دور ہے، جس میں فتنے چٹائی کے تنکوں کی طرح اوپر نیچے ہیں۔

## حذیفہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كَانَ النَّاسُ يَسْأَلُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْخَيْرِ، وَكُنْتُ أَسْأَلُهُ عَنِ الشَّرِّ، مَخَافَةَ أَنْ يُدْرِكَنِىْ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، إِنَّا كُنَّا فِىْ جَاهِلِيَّةٍ وَشَرٍّ، فَجَاءَنَا اللّٰهُ بِهٰذَا الْخَيْرِ، فَهَلْ بَعْدَ هٰذَا

الْخَيْرِ مِنْ شَرٍّ؟ قَالَ: نَعَمْ ، قُلْتُ: وَهَلْ بَعْدَ ذٰلِكَ الشَّرِّ مِنْ خَيْرٍ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَفِيهِ دَخَنٌ ، قُلْتُ: وَمَا دَخَنُهُ؟ قَالَ: قَوْمٌ يَهْدُونَ بِغَيْرِ هَدْيِي، تَعْرِفُ مِنْهُمْ وَتُنْكِرُ ، قُلْتُ: فَهَلْ بَعْدَ ذٰلِكَ الْخَيْرِ مِنْ شَرٍّ؟ قَالَ: نَعَمْ، دُعَاةٌ عَلٰى أَبْوَابِ جَهَنَّمَ مَنْ أَجَابَهُمْ إِلَيْهَا قَذَفُوهُ فِيهَا ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ صِفْهُمْ لَنَا ؟ قَالَ: هُمْ مِنْ جِلْدَتِنَا وَيَتَكَلَّمُونَ بِأَلْسِنَتِنَا ، قُلْتُ: فَمَا تَأْمُرُنِي إِنْ أَدْرَكَنِي ذٰلِكَ ؟ قَالَ: تَلْزَمُ جَمَاعَةَ الْمُسْلِمِينَ وَإِمَامَهُمْ ، قُلْتُ: فَإِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُمْ جَمَاعَةٌ وَلَا إِمَامٌ ؟ قَالَ: فَاعْتَزِلْ تِلْكَ الْفِرَقَ كُلَّهَا ، وَلَوْ أَنْ تَعَضَّ بِأَصْلِ شَجَرَةٍ حَتّٰى يُدْرِكَكَ الْمَوْتُ وَأَنْتَ عَلٰى ذٰلِكَ (صحيح البخاري، رقم الحديث ۷۰۸۴، كتاب الفتن، باب: كيف الأمر إذا لم تكن جماعة)

ترجمہ: دوسرے لوگ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے خیر والی باتوں کا سوال کرتے تھے، اور میں آپ سے شر والی باتوں کے بارے میں سوال کیا کرتا تھا، اس خوف کی وجہ سے کہ کہیں وہ شر مجھے نہ پالے، پس ایک مرتبہ میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! بے شک ہم جاہلیت، اور شر کے زمانہ میں تھے، پھر اللہ نے ہمیں اس (دینِ اسلام) کی خیر کو عطاء فرما دیا، تو کیا اس خیر کے بعد کوئی شر بھی ہوگا؟

تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک ہوگا۔

میں نے عرض کیا کہ اور کیا اس شر کے بعد بھی کوئی خیر ہوگی؟ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک ہوگی، لیکن اس میں دھواں ہوگا (یعنی خیر صاف شفاف حالت میں نہیں ہوگی) میں نے عرض کیا کہ وہ دھواں کس طرح کا ہوگا؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کچھ لوگ ہوں گے، جو میری ہدایت کے علاوہ دوسری ہدایت کی طرف بلائیں گے، تم ان کو اچھا بھی سمجھو گے، اور برا بھی سمجھو

گے (یعنی کچھ باتیں اچھی اور کچھ بری ہوں گی، اور حق وباطل کا مجموعہ ہوگا) میں نے عرض کیا کہ کیا اس (ملی جلی خیر وشر) کے بعد بھی کوئی شر ہوگا؟

تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک ہوگا، جو اس طرح ہوگا کہ کچھ لوگ ہوں گے، جو جہنم کے دروازوں کی طرف بُلا رہے ہوں گے (یعنی گمراہ ہوں گے، اور گمراہ کرنے والے ہوں گے) جو کوئی اُن کی بات مانے گا، وہ اُسے (گمراہ کرکے) جہنم میں پہنچادیں گے، میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! ہمیں اُن لوگوں کے اوصاف بتلادیجیے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ ہماری ہی طرح کے گوشت پوست کے لوگ ہوں گے، ہماری ہی زبانیں بولیں گے (یعنی مسلمانوں کے معاشرے کے ہی افراد شمار ہوں گے) میں نے کہا کہ اگر میں اس زمانہ کو پالوں، تو آپ مجھے کیا حکم دیتے ہیں؟ اس کے جواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بس تم مسلمانوں کی جماعت اور اُن کے امام (وسربراہ) کے ساتھ وابستہ ومنسلک رہنا۔

میں نے عرض کیا کہ اگر ان کی نہ کوئی جماعت ہو، اور نہ کوئی امام ہو تو پھر میں کیا کروں؟ تو اس کے جواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پھر تم ان سب کے سب فرقوں سے الگ ہوجانا، چاہے تمہیں کسی درخت کی جڑ کو اس وقت تک چبائے رکھنا پڑے، جب تک تمہیں موت آئے، تم اسی حال میں ان سب فرقوں سے الگ تھلگ رہنا (ان میں سے کسی کا ساتھ مت دینا) (صحیح بخاری)

ایسی حالت تو بہت عرصہ پہلے سے جاری ہے، جس میں کچھ لوگوں کی طرف سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ہدایت کے علاوہ دوسری ہدایت کی طرف بلایا جاتا ہے، اور اچھی باتوں کو غلط باتوں کے ساتھ ملا کر پیش کیا جاتا ہے، پھر ان کی اچھی باتوں سے متاثر ہوکر، عام لوگ ان کی غلط وناحق باتوں کی بھی اتباع کر بیٹھتے ہیں۔

اور آج ہم اپنی آنکھوں سے اس پرفتن دور کا مشاہدہ بھی کر رہے ہیں، جس میں ہدایت کا دعویٰ کر کے جہنم اور گمراہی کی طرف دعوت دینے والے لوگ پیدا ہو چکے ہیں، ایسی صورت میں شرعی حدود میں رہتے ہوئے، حکومتی قوانین کی اتباع کرنی چاہیے، تاکہ حکومت وقانون کی خلاف ورزی کر کے اس کے فتنہ کی زد میں نہ آ جائیں، اور جہاں تک دینی رنگ کی جماعتوں کا تعلق ہے، تو ان میں بھی بہت کم ہی فتنوں سے محفوظ رہنے والی جماعتیں ہیں، اختلاف کی شدت کا یہ عالم ہے کہ ہر مسلک میں کئی کئی فرقے وجود میں آ گئے ہیں، جو ایک دوسرے کو گمراہ قرار دینے میں لگے ہوئے ہیں، ایسی حالت میں ان سے الگ رہ کر ہی حق کی اتباع ممکن رہ گئی ہے، ورنہ ان کی حق وباطل ہر بات کی اتباع ضروری سمجھی جاتی ہے، جس کے نتیجہ میں مکمل اتباعِ حق کا راستہ مسدود ہو کر رہ جاتا ہے۔

مذکورہ حدیث میں اسی چیز کی تعلیم دی گئی ہے۔

## حذیفہ رضی اللہ عنہ کی تیسری روایت

اور صحیح مسلم میں حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**كَانَ النَّاسُ يَسْأَلُونَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْخَيْرِ، وَكُنْتُ أَسْأَلُهُ عَنِ الشَّرِّ مَخَافَةَ أَنْ يُدْرِكَنِي، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّا كُنَّا فِي جَاهِلِيَّةٍ وَشَرٍّ، فَجَاءَ نَا اللّٰهُ بِهٰذَا الْخَيْرِ، فَهَلْ بَعْدَ هٰذَا الْخَيْرِ شَرٌّ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَقُلْتُ: هَلْ بَعْدَ ذٰلِكَ الشَّرِّ مِنْ خَيْرٍ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَفِيهِ دَخَنٌ، قُلْتُ: وَمَا دَخَنُهُ؟ قَالَ: قَوْمٌ يَسْتَنُّونَ بِغَيْرِ سُنَّتِي، وَيَهْدُونَ بِغَيْرِ هَدْيِي، تَعْرِفُ مِنْهُمْ وَتُنْكِرُ، فَقُلْتُ: هَلْ بَعْدَ ذٰلِكَ الْخَيْرِ مِنْ شَرٍّ؟ قَالَ: نَعَمْ، دُعَاةٌ عَلٰى أَبْوَابِ جَهَنَّمَ مَنْ أَجَابَهُمْ إِلَيْهَا قَذَفُوهُ فِيهَا، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، صِفْهُمْ لَنَا، قَالَ: نَعَمْ، قَوْمٌ مِنْ جِلْدَتِنَا، وَيَتَكَلَّمُونَ بِأَلْسِنَتِنَا، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَمَا تَرٰى إِنْ**

أَدْرَكَنِيْ ذٰلِكَ؟ قَالَ: تَلْزَمُ جَمَاعَةَ الْمُسْلِمِيْنَ وَإِمَامَهُمْ، فَقُلْتُ: فَإِنْ لَمْ تَكُنْ لَهُمْ جَمَاعَةٌ وَلَا إِمَامٌ؟ قَالَ: فَاعْتَزِلْ تِلْكَ الْفِرَقَ كُلَّهَا، وَلَوْ أَنْ تَعَضَّ عَلٰى أَصْلِ شَجَرَةٍ حَتّٰى يُدْرِكَكَ الْمَوْتُ وَأَنْتَ عَلٰى ذٰلِكَ (صحيح مسلم،رقم الحديث ١٨٤٧ "٥١"كتاب الإمارة، باب وجوب ملازمة جماعة المسلمين عند ظهور الفتن الخ)

ترجمہ: دوسرے لوگ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے خیر و بھلائی کے متعلق سوال کیا کرتے تھے اور میں شر (وفتنہ) کے بارے میں سوال کیا کرتا تھا، اس ڈر کی وجہ سے کہ وہ شر (وفتنہ کہیں) مجھے نہ پہنچ جائے (ایک مرتبہ) میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! ہم جاہلیت اور شر (وفتنہ کے زمانہ) میں (مبتلا) تھے، اللہ نے ہمارے پاس یہ خیر (یعنی اسلام، قرآن، ورسالت) بھیج دی، تو کیا اس خیر کے بعد بھی کوئی شر ہوگا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جی ہاں! میں نے عرض کیا کہ کیا اس شر کے بعد کوئی خیر بھی ہوگی؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جی ہاں! اور اس خیر میں کچھ کدورت ہوگی، میں نے عرض کیا کہ کیسی کدورت ہوگی؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ میری سنت کے علاوہ کو سنت سمجھیں گے اور میری ہدایت کے علاوہ کو ہدایت جان لیں گے، اور آپ ان کو پہچان لیں گے اور ان سے نفرت کریں گے، میں نے عرض کیا کہ کیا اس خیر کے بعد کوئی شر ہوگا؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جی ہاں! جہنم کے دروازوں پر کھڑے ہوکر جہنم کی طرف بلایا جائے گا، جس نے ان کی دعوت کو قبول کرلیا، وہ اسے جہنم میں ڈلوادیں گے، میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! آپ ہمارے لئے ان کی صفت بیان فرمادیں؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ ایسی قوم ہوگی جو ہمارے رنگ جیسی ہوگی اور ہماری زبان میں ہی گفتگو

کرے گی، میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! اگر یہ مجھے ملے، تو میں کیا کروں؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مسلمانوں کی جماعت کو اور ان کے امام (یعنی حکمران) کو لازم کرلینا، میں نے عرض کیا کہ اگر مسلمانوں کی نہ تو کوئی جماعت ہو، اور نہ ہی کوئی امام (وحکمران) ہو (تو اس وقت کیا حکم ہوگا؟) تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پھر ان تمام فرقوں (اور دھڑوں) سے علیٰحدہ ہو جانا، اگرچہ آپ کو موت آنے تک درخت کی جڑوں کو کاٹنا پڑے، اور آپ اسی حالت پر ہوں (مسلم)

اس روایت میں بھی تھوڑے بہت الفاظ کے فرق کے ساتھ پہلی روایت والا مضمون ہی بیان کیا گیا ہے۔

## حذیفہ رضی اللہ عنہ کی چوتھی روایت

اور صحیح مسلم ہی میں حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قُلْتُ:يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّا كُنَّا بِشَرٍّ، فَجَاءَ اللّٰهُ بِخَيْرٍ، فَنَحْنُ فِيهِ، فَهَلْ مِنْ وَرَاءِ هٰذَا الْخَيْرِ شَرٌّ؟ قَالَ:نَعَمْ، قُلْتُ:هَلْ وَرَاءَ ذٰلِكَ الشَّرِّ خَيْرٌ؟ قَالَ:نَعَمْ، قُلْتُ:فَهَلْ وَرَاءَ ذٰلِكَ الْخَيْرِ شَرٌّ؟ قَالَ:نَعَمْ، قُلْتُ: كَيْفَ؟ قَالَ:يَكُوْنُ بَعْدِى أَئِمَّةٌ لَا يَهْتَدُوْنَ بِهُدَاىَ وَلَا يَسْتَنُّوْنَ بِسُنَّتِى وَسَيَقُوْمُ فِيهِمْ رِجَالٌ ،قُلُوْبُهُمْ قُلُوْبُ الشَّيَاطِيْنِ فِى جُثْمَانِ إِنْسٍ،قَالَ :قُلْتُ: كَيْفَ أَصْنَعُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنْ أَدْرَكْتُ ذٰلِكَ قَالَ تَسْمَعُ وَتُطِيْعُ لِلْاَمِيْرِ وَإِنْ ضُرِبَ ظَهْرُكَ وَأُخِذَ مَالُكَ فَاسْمَعْ وَأَطِعْ (صحيح مسلم، رقم الحديث ١٨٤٧ "٥٢" كتاب الإمارة،باب وجوب ملازمة جماعة المسلمين عند ظهور الفتن الخ)

ترجمہ: میں نے عرض کیا کہ اللہ کے رسول! بے شک ہم شر کے ساتھ تھے، پھر اللہ

ہمارے پاس خیر (ہدایت) کو لے آیا، پس اب ہم اس خیر میں ہیں، تو کیا اس خیر کے بعد کوئی شر ہوگا؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک ہوگا، میں نے عرض کیا کہ کیا اس شر کے بعد کوئی خیر ہوگی؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک ہوگی، میں نے عرض کیا کہ اس خیر کے بعد بھی کوئی شر ہوگا؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک ہوگا، میں نے عرض کیا کہ وہ شر کس طرح کا ہوگا؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے بعد ایسے مقتداء وحکمران آئیں گے، جو میری ہدایت پر نہیں چلیں گے، اور میری سنت پر کاربند نہیں ہوں گے، اور ان میں ایسے لوگ بھی موجود ہوں گے، جن کے دل انسانوں کے بدن میں شیطانوں کے دل ہوں گے، حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! اگر میں ایسا زمانہ پاؤں، تو کیا کروں؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حکمران کی بات سنتے رہنا، اور مانتے رہنا، چاہے تمہاری کمر توڑ دی جائے (یعنی ظلم کی شدت برداشت کرنی پڑے) اور تمہارے مال پر (ٹیکس وغیرہ کی شکل میں) قبضہ کرلیا جائے، تب بھی سنتے اور مانتے رہنا (مسلم)

اس روایت میں فتنوں کے دور میں حکمرانوں کے ساتھ رسہ کشی وخروج کرنے کے بجائے، ان کی ممکنہ اطاعت کا حکم دراصل بہت سے فتنوں سے حفاظت کا ذریعہ ہے، جو لوگ اس شرعی حکم کی خلاف ورزی کرتے ہوئے حکمرانوں کے خلاف، علمِ بغاوت بلند کرتے ہیں، ان سے علیٰحدگی اختیار کرنی چاہیے، جیسا کہ دوسری روایات میں وضاحت کردی گئی ہے۔

## حذیفہ رضی اللہ عنہ کی پانچویں روایت

مسند احمد میں حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كَانَ النَّاسُ يَسْأَلُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْخَيْرِ،

وَأَسْأَلُهُ عَنِ الشَّرِّ، وَعَرَفْتُ أَنَّ الْخَيْرَ لَنْ يَّسْبِقَنِيْ، قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، أَبَعْدَ هٰذَا الْخَيْرِ شَرٌّ؟ قَالَ: يَاحُذَيْفَةُ، تَعَلَّمْ كِتَابَ اللّٰهِ، وَاتَّبِعْ مَا فِيْهِ، ـ ثَلَاثَ مِرَارٍ ـ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، أَبَعْدَ هٰذَا الْخَيْرِ شَرٌّ؟ قَالَ: فِتْنَةٌ وَشَرٌّ: قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، أَبَعْدَ هٰذَا الشَّرِّ خَيْرٌ؟ قَالَ: يَا حُذَيْفَةَ، تَعَلَّمْ كِتَابَ اللّٰهِ وَاتَّبِعْ مَا فِيْهِ، ثَلَاثَ مِرَارٍ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، أَبَعْدَ هٰذَا الشَّرِّ خَيْرٌ؟ قَالَ: هُدْنَةٌ عَلٰى دَخَنٍ، وَجَمَاعَةٌ عَلٰى أَقْذَاءٍ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَلْهُدْنَةُ عَلٰى دَخَنٍ، مَا هِيَ؟ قَالَ: لَا تَرْجِعُ قُلُوْبُ أَقْوَامٍ عَلَى الَّذِيْ كَانَتْ عَلَيْهِ ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، أَبَعْدَ هٰذَا الْخَيْرِ شَرٌّ؟ قَالَ: يَا حُذَيْفَةَ، تَعَلَّمْ كِتَابَ اللّٰهِ وَاتَّبِعْ مَا فِيْهِ، ثَلَاثَ مِرَارٍ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، أَبَعْدَ هٰذَا الْخَيْرِ شَرٌّ؟ قَالَ: فِتْنَةٌ عَمْيَاءُ صَمَّاءُ، عَلَيْهَا دُعَاةٌ عَلٰى أَبْوَابِ النَّارِ، وَأَنْتَ أَنْ تَمُوْتَ يَا حُذَيْفَةُ، وَأَنْتَ عَاضٌّ عَلٰى جِذْلٍ، خَيْرٌ لَّكَ مِنْ أَنْ تَتَّبِعَ أَحَدًا مِّنْهُمْ (مسند احمد،رقم الحديث ۲۳۲۸۲) [1]

ترجمہ: دوسرے لوگ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے خیر وبھلائی کے متعلق سوال کیا کرتے تھے اور میں شر (وفتنہ) کے بارے میں سوال کیا کرتا تھا، جس کے نتیجہ میں میں نے یہ بات جان لی کہ خیر مجھ سے چھوٹ نہیں سکتی۔

میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! کیا اس موجودہ خیر کے بعد شر ہوگا؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے حذیفہ! کتاب اللہ کا علم حاصل کرو، اور اس میں جو کچھ ہے، اس کی اتباع کرو (اس کے نتیجہ میں تم شر سے محفوظ رہوگے، اور خیر کو پالوگے) یہ بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (تاکید کے طور پر) تین مرتبہ ارشاد فرمائی۔

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث حسن (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

حذیفہ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! کیا اس خیر کے بعد کوئی شر ہوگا؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ''فتنہ اور شر'' ہوگا (یعنی فتنہ اور اختلاف ہوگا)

حذیفہ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! کیا اس طرح کے (فتنہ و) شر کے بعد کوئی خیر ہوگی؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے حذیفہ! کتابُ اللہ کا علم حاصل کرو، اور اس میں جو کچھ ہے، اس کی اتباع کرو (اس کے نتیجہ میں تم شر سے محفوظ رہو گے، اور خیر کو پا لو گے) یہ بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (تاکید کے طور پر) تین مرتبہ ارشاد فرمائی۔

حذیفہ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! کیا اس طرح کے شر کے بعد کوئی خیر ہوگی؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ صلح ہوگی، دھویں کے اوپر (یعنی مسلمانوں میں جنگ کے بعد، کمزور صلح ہوگی) اور اجتماعیت ہوگی، میل کچیل والی (یعنی اجتماعیت میں اخلاص نہیں ہوگا، خواہش پرستی کی غرض سے ظاہری اجتماعیت ہوگی)

حذیفہ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! کیا اس طرح کی (ملی جلی) خیر کے بعد بھی کوئی شر ہوگا؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے حذیفہ! کتابُ اللہ کا علم حاصل کرو، اور اس میں جو کچھ ہے، اس کی اتباع کرو (اس کے نتیجہ میں تم شر سے محفوظ رہو گے، اور خیر کو پا لو گے) یہ بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (تاکید کے طور پر) تین مرتبہ ارشاد فرمائی۔

میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! کیا اس طرح کی (ملی جلی) خیر کے بعد بھی کوئی اور شر ہوگا؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اندھے، بہرے فتنے رونما ہوں گے، جہنم کے دروازوں کی طرف دعوت دینے والے لوگ پیدا ہوں گے، اور تم اے حذیفہ اس حال میں مرجانا کہ تم درخت کی جڑ (یا درخت کے تنے) کو

تھامے رکھنا (یعنی ان سب سے الگ تھلگ، اور کنارہ کش رہنا) یہ بہتر ہوگا، تمہارے لئے، اس سے کہ تم ان لوگوں میں سے کسی کی بھی اتباع کرو (مسند احمد)

سنن ابی داؤد میں بھی یہ روایت ہے۔ [1]

اور مسند احمد کی ایک روایت میں یہ بھی ہے کہ ان سب شرور وفتنوں کے بعد دجال برآمد ہوگا۔ [2]

---

[1] حذيفة يقول: كان الناس يسألون رسول الله صلى الله عليه وسلم عن الخير، وكنت أسأله عن الشر، وعرفت أن الخير لن يسبقني .
قال: قلت: يا رسول الله، بعد هذا الخير شر؟ قال: " يا حذيفة، تعلم كتاب الله، واتبع ما فيه "ثلاث مرار، قال: قلت: يا رسول الله، بعد هذا الخير شر؟ فقال: " يا حذيفة، تعلم كتاب الله، واتبع ما فيه "قلت: يا رسول الله، بعد هذا الخير شر؟ قال: " فتنة وشر "، قلت: يا رسول الله، بعد هذا الشر خير؟ قال: " يا حذيفة، تعلم كتاب الله، واتبع ما فيه "ثلاث مرار، قلت: يا رسول الله، بعد هذا الشر خير؟ قال: " هدنة على دخن، وجماعة على أقذاء، فيها —أو فيهم— "قلت: يا رسول الله، الهدنة على الدخن ما هي؟ قال:" لا ترجع قلوب أقوام على الذى كانت عليه "قال: قلت: يا رسول الله، بعد هذا الخير شر؟ قال:" يا حذيفة، تعلم كتاب الله، واتبع ما فيه "ثلاث مرار، قال: قلت: يا رسول الله، بعد هذا الخير شر؟ قال: " فتنة عمياء صماء، عليها دعاة على أبواب النار، فإن مت يا حذيفة وأنت عاض على جذل، خير لك من أن تتبع أحدا منهم "(سنن ابى داود ،رقم الحديث ٤٢٤٦)

قال شعيب الارنؤوط:حديث صحيح، وهذا إسناد حسن(حاشية سنن ابى داود)

[2] إن الناس كانوا يسألون رسول الله صلى الله عليه وسلم عن الخير، وكنت أسأله عن الشر، فأنكر ذلك القوم عليه، فقال لهم: إني سأخبركم بما أنكرتم من ذلك، جاء الإسلام حين جاء، فجاء أمر ليس كأمر الجاهلية، وكنت قد أعطيت في القرآن فهما، فكان رجال يجيئون فيسألون عن الخير، فكنت أسأله عن الشر، فقلت: يا رسول الله، أيكون بعد هذا الخير شر كما كان قبله شر؟ فقال: " نعم "قال: قلت: فما العصمة يا رسول الله؟ قال: " السيف "قال: قلت: وهل بعد هذا السيف بقية؟ قال: " نعم، تكون إمارة على أقذاء، وهدنة على دخن "قال: قلت: ثم ماذا؟ قال: " ثم تنشأ دعاة الضلالة فإن كان لله يومئذ في الأرض خليفة جلد ظهرك، وأخذ مالك، فالزمه، وإلا فمت وأنت عاض على جذل شجرة "قال: قلت: ثم ماذا؟ قال: " يخرج الدجال بعد ذلك معه نهر ونار، من وقع في ناره وجب أجره وحط وزره، ومن وقع في نهره وجب وزره وحط أجره "(مسند احمد،رقم الحديث ٢٣٤٢٩)

قال شعيب الارنؤوط:حديث حسن(حاشية مسند احمد)

ان احادیث میں حق وباطل میں تلبیس، اختلافِ شدید، اور فرقہ درفرقہ پرستی کے پرفتن دور میں ان سب سے الگ تھلگ رہ کر قرآن کی تعلیم، اور اس میں موجود احکام کی اتباع کرنے کو ان سب طرح کے فتنوں سے حفاظت کا ذریعہ بتلایا گیا ہے۔

واقعہ بھی یہی ہے کہ قرآن مجید فرقانِ حمید میں ہر زمانہ کے فتنوں سے حفاظت کا سامان موجود ہے، اور قرآن مجید ہی دراصل مسلمانوں کی بنیادی وحدت اور فرقہ پرستی سے نجات کا ذریعہ ہے۔

لیکن افسوس کہ آج امتِ مسلمہ قرآن مجید اور اس کی تعلیمات سے بہت دور نکل چکی ہے، اور دائیں بائیں بھٹک کر ہدایت کی روشنی کی تلاش میں حیران وسرگرداں ہے۔

## حذیفہ رضی اللہ عنہ کی ایک اور حدیث

حضرت ابوطفیل سے روایت ہے کہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ:

أَنَا لِغَيْرِ الدَّجَّالِ أَخْوَفُ عَلَيَّ وَعَلَيْكُمْ، قَالَ: فَقُلْنَا: مَا هُوَ يَا أَبَا سَرِيْحَةَ؟ قَالَ: فِتَنٌ كَأَنَّهَا قِطَعُ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ، قَالَ: فَقُلْنَا: أَيُّ النَّاسِ فِيهَا شَرٌّ؟ قَالَ: كُلُّ خَطِيْبٍ مُصْقِعٍ، وَكُلُّ رَاكِبٍ مُوضِعٍ، قَالَ: فَقُلْنَا: أَيُّ النَّاسِ فِيهَا خَيْرٌ؟ قَالَ: كُلُّ غَنِيٍّ خَفِيٍّ، قَالَ: فَقُلْتُ: مَا أَنَا بِالْغَنِيِّ وَلَا بِالْخَفِيِّ، قَالَ: فَكُنْ كَابْنِ اللَّبُوْنِ لَا ظَهْرَ فَيُرْكَبَ، وَلَا ضَرْعَ فَيُحْلَبَ (المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۸۶۱۲، کتاب الفتن والملاحم) [1]

ترجمہ: مجھے اپنے اور تمہارے اوپر دجال کے (فتنے کے) علاوہ بھی (ایک فتنہ کا) خوف ہے۔

ابوطفیل کہتے ہیں کہ ہم نے عرض کیا کہ اے ابوسریحہ (یہ حضرت حذیفہ کی کنیت ہے) وہ کیا ہے؟ تو حضرت حذیفہ نے فرمایا کہ گویا کہ اندھیری رات کی تہ بتہ

[1] قال الحاکم: هذا حديث صحيح الإسناد، ولم يخرجاه.
وقال الذهبي: على شرط البخاري ومسلم

تاریکیوں کی طرح کے فتنے ہوں گے، ابوطفیل کہتے ہیں کہ ہم نے عرض کیا کہ ان فتنوں میں کون لوگ شر والے ہوں گے؟ تو حضرت حذیفہ نے فرمایا کہ ہر فتنوں پر اُبھارنے والا فصیح وبلیغ (گرج دار آواز والا شعلہ بیان) خطیب، اور ہر تیز رفتار سوار (حاکم) [1]

ابوطفیل کہتے ہیں کہ ہم نے عرض کیا کہ ان فتنوں میں کون لوگ بہتر ہوں گے؟ تو حضرت حذیفہ نے فرمایا کہ ہر پوشیدہ مالدار (کہ جس کو فارغ البالی میسر ہو، اوراس حالت پرقناعت کر کے ان فتنوں سے یکسو وگمنام ہوکرزندگی گزارے) ابو طفیل کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا کہ میں تو نہ مالدار ہوں، نہ خفیہ رہنے والا ہوں، تو میں کیا کروں؟

تو حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ پھرتم اونٹ کے دودھ پیتے بچہ کی طرح ہوجانا کہ نہ تو اس کی پشت پرسوار ہوا جاسکے، اور نہ ہی اس کے تھن ہوں کہ دودھ نکالا جاسکے (یعنی کسی طرح ان فتنوں میں شریک وحصہ دار مت بننا) (حاکم)

---

[1] الخطيب المصقع هو الذى لا يرتج عليه ولا يتتعتع فى كلامه يريد بالخطيب الداعى إلى الفتنة وأصله من الصقع وهو رفع الصوت ومتابعته.

ومن هذا صقع الديک بصوته يقال :خطيب مصقع ومسقع وخطيب مسحل ومثله خطيب شحشح وهو الماهر بالخطبة الماضى فيها .قال قيس بن عاصم:

خطباء حين يقول قائلهم ...بيض الوجوه مصاقع لسن

والموضع :المسرع فى الفتنة الساعى فيها يقال :أوضع الراكب إيضاعا ووضع لغة ومنه قول دريد بن الصمة:أخب فيها وأضع

ومن هذا حديث عمرو بن العاص حدثنيه محمد بن سعدويه أخبرنا ابن الجنيد حدثنا الحسين بن حريث ناهاشم بن القاسم عن المبارک بن سعيد عن أبى سفيان السعدى عن خاله رياش الحمانى قال كانت بين عمر بن الخطاب وعمرو بن العاص محاورة فأغلظ له عمر بن الخطاب وقاوله عمرو فلما فرغ من كلامه قال له رجل من بنى أمية يقال له :الأشج إنک والله سقعت الحاجب وأوضعت بالراكب

والسقع :الضرب ببسط الكف .يقال :سقعت رأسه وصقعته والمعنى أنک جبهته بالقول وواجهته بالمكروه حتى ولى عنک وأسرع ويجوز أن يكون أراد أنک أشدت بذكر هذا الخبر وسيرت به الركبان(غريب الحديث،للخطابى، ج۲،ص ۴۹۹،۵۰۰، احاديث الصحابة ،حديث حذيفة بن أسيد)

www.idaraghufran.org

اس حدیث میں اندھیری رات کی طرح کے فتنوں سے بچنے کا یہ طریقہ بتلا دیا گیا ہے کہ ان سے دور اور چھپ کر بیٹھ جائے، اور اگر ایسا ممکن نہ ہو، معاشی، یا دوسری ضروریات کی وجہ سے لوگوں سے ملنا جلنا، اور باہر نکلنا ضروری ہو، تو ایسا بن جائے، جیسا کہ بچہ ہوتا ہے، جو کسی فتنہ کی کسی بھی حیثیت سے مدد کرنے، اور اس میں شریک ہونے کی قابلیت نہ رکھے۔

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے فتنہ کے دور میں حق و باطل کے مشتبہ ہو جانے کی روایت بھی مروی ہے۔

## حذیفہ، اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی روایت

چنانچہ ابنِ ابی شیبہ نے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ:

**إِنَّمَا الْفِتْنَةُ إِذَا اشْتَبَهَ عَلَيْكَ الْحَقُّ وَالْبَاطِلُ فَلَمْ تَدْرِ أَيُّهُمَا تَتَّبِعُ ، فَتِلْكَ الْفِتْنَةُ** (مصنف ابنِ ابی شيبة، رقم الحديث ٣٨٤٤٧، كتاب الفتن، باب من كره الخروج فی الفتنة وتعوذ منها)

ترجمہ: فتنہ تو بس یہ ہے کہ جب آپ پر حق اور باطل مشتبہ ہو جائے، اور آپ کو یہ سمجھ نہ آئے کہ آپ اُن دونوں میں سے کس کی اتباع کریں؟ بس یہی فتنہ ہے

(مصنف ابنِ ابی شیبہ)

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**وَيْلٌ لِلْعَرَبِ مِنْ أَمْرٍ قَدِ اقْتَرَبَ، أَفْلَحَ مَنْ كَفَّ يَدَهُ** (مسند احمد، رقم الحديث ٩٦٩١) [1]

ترجمہ: عرب کے لیے اس شر سے ہلاکت ہے جو قریب آچکا ہے (اُس شر سے) نجات وہ پائے گا، جو اپنے ہاتھ کو (جب حق و باطل گڈمڈ ہو جائے گا، اس

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط الشيخين (حاشية مسند احمد)

وقت قتل وقتال اور دوسروں کو تکلیف پہنچانے سے) روک لے گا (مسند احمد)

اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ فتنہ کے دور میں اپنے ہاتھ کو کسی کا معاون بننے سے روکنا چاہیے۔

## میمونہ رضی اللہ عنہا کی حدیث

حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ، كَيْفَ أَنْتُمْ إِذَا مَرِجَ الدِّيْنُ، وَظَهَرَتِ الرَّغْبَةُ، وَاخْتَلَفَتِ الْإِخْوَانُ، وَحُرِّقَ الْبَيْتُ الْعَتِيْقُ

(مسند احمد، رقم الحديث ۲٦٨٢٩) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن فرمایا کہ تمہارا اس وقت کیا حال ہوگا جب دین خلط ملط (فساد وبگاڑ) ہوجائے گا اور (برائی کی رغبت) ظاہر ہوگی، اور مسلمان بھائی باہمی اختلافات کا شکار ہوجائیں گے، اور بیت اللہ شریف کو جلا ڈالا جائے گا (مسند احمد)

اور حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا سے ہی ایک دوسری روایت میں یہ الفاظ مروی ہیں کہ:

قَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ مَا أَنْتُمْ إِذَا مَرَجَ الدِّيْنُ، وَسُفِكَ الدَّمُ، وَظَهَرَتِ الزِّيْنَةُ، وَشُرِّفَ الْبُنْيَانُ، وَاخْتَلَفَ الْأَخْوَانُ، وَحُرِّقَ الْبَيْتُ الْعَتِيْقُ (المعجم الكبير للطبرانى، ج۲۴ص۱۰،رقم الحديث ۱۴) [2]

ترجمہ: ایک دن اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہارا اس وقت کیا بنے گا، جب دین میں خلط ملط (فساد وبگاڑ پیدا) ہوجائے گا، اور خونریزیاں ہوں گی، اور ظاہری زیب وزینت، اور نمود ونمائش کا خوب زور ہوگا، اور دیواریں اونچی

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن (حاشيه مسند احمد)

[2] قال الهيثمي: رواه الطبراني، ورجاله ثقات (مجمع الزوائد، ج۷، ص ۳۱۰، باب فيما يكون من الفتن، تحت رقم الحديث ۱۲۳۷۱)

ہو جائیں گی (یعنی عمارتیں بلند و بالا ہو جائیں گی) اور بھائی بھائی نزاع و اختلاف کی نذر ہو جائیں گے، اور بیت اللہ شریف کو جلا دیا جائے گا (طبرانی)

## ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ بَيْنَ أَيْدِيْكُمْ فِتَنًا كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ، يُصْبِحُ الرَّجُلُ فِيْهَا مُؤْمِنًا وَيُمْسِي كَافِرًا، اَلْقَاعِدُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ الْقَائِمِ، وَالْقَائِمُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ الْمَاشِي، وَالْمَاشِي فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ السَّاعِي، قَالُوْا: فَمَا تَأْمُرُنَا؟ قَالَ: كُوْنُوْا أَحْلَاسَ بُيُوْتِكُمْ (سنن ابی داؤد، رقم الحدیث ۴۲۶۲، کتاب الفتن والملاحم، باب فی النهی عن السعی فی الفتنة) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہارے آگے (آنے والے زمانہ میں) اندھیری رات کی تہ بتہ (اوپر نیچے تاریکیوں کی طرح) فتنے رونما ہوں گے، ان فتنوں کی زد میں آ کر آدمی صبح کو مؤمن ہوگا، تو شام کو کافر ہوگا، ان فتنوں میں بیٹھنے والا کھڑے ہونے والے سے بہتر ہوگا، اور ان فتنوں میں کھڑا ہونے والا، چلنے والے سے بہتر ہوگا، اور ان فتنوں میں چلنے والا، دوڑنے والے سے بہتر ہوگا، لوگوں نے عرض کیا کہ پھر آپ ہمیں کس چیز کا حکم فرماتے ہیں؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم اپنے گھروں کے ٹاٹ بن جاؤ (ابوداؤد)

ٹاٹ کیونکہ نیچے کی طرف ہوتا ہے، اور ہر وقت بچھا اور چھپا رہتا ہے، گھر کا ٹاٹ بن جانے سے مراد یہ ہے کہ گھر کے اندر رہو، اور وہاں چھپے رہو، جس کا عام لوگوں کو علم بھی نہ ہو۔

اللہ تعالیٰ اصلاحِ احوال کی توفیق عطاء فرمائے۔ آمین۔

---

[1] قال شعیب الارنؤوط: صحیح لغیرہ (حاشیۃ سنن ابی داؤد)

## (فصل39)

# مسلمانوں کے ایک دوسرے کو قتل کرنے کا فتنہ

ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے بار بار اس چیز سے بھی بہت اہتمام کے ساتھ آگاہ فرمایا کہ قیامت سے پہلے مسلمانوں کو ایک دوسرے کے قتل کرنے کا سنگین فتنہ بھی رونما ہوگا، اور یہ فتنہ بڑا شدید ہوگا، جس سے بچنا بہت مشکل کام ہوگا، اور اس فتنہ میں ایسے دو افراد جو ایک دوسرے کو قتل کرنا چاہتے تھے، اور ایک نے دوسرے کو قتل کردیا، وہ دونوں جہنمی ہوں گے۔ آگے اس فتنہ کی تفصیل ذکر کی جاتی ہے۔

## ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَكْثُرَ الْهَرْجُ ، قَالُوا: وَمَا الْهَرْجُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: اَلْقَتْلُ اَلْقَتْلُ

(صحيح مسلم، رقم الحديث١٥٧ "١٨" كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب إذا تواجه المسلمان بسيفيهما)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک "ھرج" کی کثرت نہ ہوجائے، لوگوں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! ھرج کیا ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قتل ہے، قتل (مسلم)

## ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِيَدِهٖ لَا تَذْهَبُ الدُّنْيَا حَتّٰى يَأْتِيَ عَلَى النَّاسِ يَوْمٌ لَا يَدْرِیْ الْقَاتِلُ فِيْمَ قَتَلَ ، وَلَا الْمَقْتُوْلُ فِيْمَ قُتِلَ ، فَقِيْلَ كَيْفَ يَكُوْنُ ذٰلِكَ؟ قَالَ: اَلْهَرْجُ ، اَلْقَاتِلُ وَالْمَقْتُوْلُ فِی النَّارِ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٩٠٨ "٥٦" كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب لا تقوم الساعة حتى يمر الرجل بقبر الرجل، فيتمنى أن يكون مكان الميت، من البلاء)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے کہ دنیا اس وقت تک ختم نہیں ہوگی جب تک لوگوں پر ایک زمانہ ایسا نہ آجائے کہ قاتل کو معلوم نہیں ہوگا کہ اس نے کس وجہ سے قتل کیا، اور مقتول کو بھی معلوم نہیں ہوگا کہ وہ کس وجہ سے قتل کیا گیا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا کہ ایسا کیونکر ہوگا؟ تو فرمایا: ھرج (یعنی قتلِ عام کا فتنہ رونما ہونے) کی وجہ سے، جس میں قاتل اور مقتول دونوں جہنم میں جائیں گے (مسلم)

جہنم میں جانے کی یہ وعید ایسے قاتل ومقتول کے لیے ہے کہ دونوں کا ایک دوسرے کو قتل کرنے کا ارادہ ہو، جیسا کہ آگے دوسری احادیث کے ذیل میں آتا ہے۔

## ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحَدِّثُنَا: أَنَّ بَيْنَ يَدَیِ السَّاعَةِ الْهَرْجَ، قِيْلَ: وَمَا الْهَرْجُ؟ قَالَ: اَلْكَذِبُ وَالْقَتْلُ ، قَالُوْا: أَكْثَرُ مِمَّا نَقْتُلُ الْآنَ، قَالَ: إِنَّهٗ لَيْسَ بِقَتْلِكُمُ الْكُفَّارَ، وَلٰكِنَّهٗ قَتْلُ بَعْضِكُمْ بَعْضًا حَتّٰى

يَقْتُلَ الرَّجُلُ جَارَهُ، وَيَقْتُلَ أَخَاهُ، وَيَقْتُلَ عَمَّهُ، وَيَقْتُلَ اِبْنَ عَمِّهِ ،قَالُوْا: سُبْحَانَ اللّٰهِ ومَعَنَا عُقُوْلُنَا ؟ قَالَ:لَا ،إِلَّا أَنَّهُ يَنْزِعُ عُقُوْلَ أَهْلِ ذَاكُمُ الزَّمَانِ حَتّٰى يَحْسَبَ أَحَدُكُمْ أَنَّهُ عَلٰى شَيْءٍ وَلَيْسَ عَلٰى شَيْءٍ .

وَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ لَقَدْ خَشِيْتُ أَنْ تُدْرِكَنِيْ وَإِيَّاكُمْ تِلْكَ الْأُمُوْرُ.

وَمَا أَجِدُ لِيْ وَلَكُمْ مِنْهَا مَخْرَجًا فِيْمَا عَهِدَ إِلَيْنَا نَبِيُّنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا أَنْ نَخْرُجَ مِنْهَا كَمَا دَخَلْنَاهَا، لَمْ نُحْدِثْ فِيْهَا شَيْئًا (مسند احمد،رقم الحديث ١٩٦٣٦) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں یہ حدیث بیان کیا کرتے تھے کہ قیامت سے پہلے ''ھرج'' ہوگا،عرض کیا گیا کہ ''ھرج'' کیا ہے؟ فرمایا کہ جھوٹ اور قتل،لوگوں نے عرض کیا کہ کیا اس سے بھی زیادہ قتل ہوگا، جتنا آج ہم قتل کرتے ہیں،رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ تمہارا کافروں کو قتل کرنا نہیں ہوگا، بلکہ تمہارا ایک دوسرے کو قتل کرنا ہوگا، یہاں تک کہ آدمی اپنے پڑوسی کو قتل کردے گا،اور اپنے بھائی کو قتل کردے گا،اور اپنے چچا کو قتل کردے گا،اور اپنے چچازاد بھائی کو قتل کردے گا،لوگوں نے عرض کیا کہ سبحان اللہ! اور ہمارے پاس ہماری عقلیں ہوں گی؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں،مگر اس زمانہ والوں کی عقلیں چلی جائیں گی، یہاں تک کہ ان میں سے کوئی سمجھے گا کہ وہ کسی چیز پر ہے،حالانکہ وہ کسی چیز پر نہیں ہوگا (یعنی قتل کرنے میں کوئی عقل کی بات نہیں ہوگی)

اور قسم ہے اس ذات کی،جس کے ہاتھ میں محمد کی جان ہے، یقیناً مجھے ڈر ہے کہ

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح(حاشية مسند احمد)

مجھے، یا تمہیں یہ چیزیں نہ پالیں (یعنی یہ حالات میرے، یا تمہارے سامنے آنے کا ڈر ہے) ابوموسیٰ کہتے ہیں کہ میں اپنے اور تمہارے لئے ان حالات سے نکلنے کا صرف وہی راستہ پاتا ہوں، جس کا ہم سے ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عہد لیا کہ ہم اس فتنہ سے اسی طرح (کسی کے خون، ومال سے ہاتھ رنگے بغیر) نکل جائیں، جس طرح ہم اس میں داخل ہوئے تھے، اس میں کوئی چیز بھی نہ کریں (مسند احمد)

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی ہی ایک دوسری روایت ہے کہ:

**عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ الْهَرْجَ، فَقَالُوْا: وَمَا الْهَرْجُ؟ قَالَ: اَلْقَتْلُ، قَالُوْا: أَكْثَرُ مِمَّا نَقْتُلُ إِنَّا لَنَقْتُلُ فِي الْعَامِ الْوَاحِدِ أَكْثَرَ مِنْ سَبْعِيْنَ أَلْفًا، قَالَ: إِنَّهُ لَيْسَ بِقَتْلِكُمُ الْمُشْرِكِيْنَ، وَلٰكِنْ قَتْلُ بَعْضِكُمْ بَعْضًا، قَالُوْا: وَمَعَنَا عُقُوْلُنَا يَوْمَئِذٍ؟ قَالَ: إِنَّهُ يُنْزَعُ عُقُوْلُ أَكْثَرِ أَهْلِ ذٰلِكَ الزَّمَانِ، وَيُخَلَّفُ لَهُ هَبَاءٌ مِنَ النَّاسِ يَحْسَبُ أَكْثَرُهُمْ أَنَّهُ عَلٰى شَيْءٍ وَلَيْسُوْا عَلٰى شَيْءٍ، قَالَ أَبُوْ مُوْسٰى: وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ، مَا أَجِدُ لِيْ وَلَكُمْ مِنْهَا مَخْرَجًا إِنْ أَدْرَكَتْنِيْ وَإِيَّاكُمْ إِلَّا أَنْ نَخْرُجَ مِنْهَا كَمَا دَخَلْنَاهَا، لَمْ نُصِبْ فِيْهَا دَمًا وَلَا مَالًا** (مسند احمد، رقم الحديث ۱۹۷۱۷، ورقم الحديث ۱۹۴۹۲) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک قیامت کے قریب ہرج ہوگا، لوگوں نے کہا کہ ہرج کیا ہے؟ فرمایا کہ قتل، لوگوں نے کہا اس سے بھی زیادہ جتنا کہ ہم قتل کرتے ہیں، ہم تو ایک سال میں ستر ہزار سے بھی زیادہ قتل کرتے ہیں، فرمایا کہ وہ تمہارا مشرکوں کو قتل کرنا نہیں ہوگا، بلکہ تمہارا بعض کا بعض کو قتل کرنا ہوگا،

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: مرفوعه صحيح (حاشية مسند احمد)

لوگوں نے کہا کہ ہماری عقلوں کا اس وقت کیا ہوگا؟ فرمایا کہ اس زمانے کے اکثر لوگوں کی عقلیں سلب کرلی جائیں گی، اور کم عقل لوگ ہی ان کے پیروکار ہوں گے، ان میں سے اکثر لوگوں کا یہ گمان ہوگا کہ وہ کچھ ہیں، حالانکہ وہ کچھ بھی نہ ہوں گے (اسی وجہ سے قتل کرنے میں کوئی عقل کی بات نہیں ہوگی، اور وہ اس کو بڑی اہم چیز سمجھیں گے) حضرت ابوموسیٰ نے فرمایا کہ قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے، کہ میرے اور تمہارے لیے اس سے بچنے کا کوئی راستہ نہیں ہوگا، اگر وہ فتنہ مجھے، یا تمہیں پالے، مگر یہ کہ ہم اس سے اسی طرح نکل جائیں، جس طرح اس میں ہم داخل ہوئے تھے، اس میں سے نہ کسی کے خون سے چھیڑ چھاڑ کریں، نہ کسی کے مال سے (مسند احمد)

معلوم ہوا کہ ایسے فتنے میں کوئی مبتلا ہوجائے، تو جس طرح پہلے تھا کہ کسی مسلمان کی جان اور مال سے تعرض نہیں کیا تھا، اسی طرح جان، مال سے تعرض کئے بغیر اس سے اپنی جان چھڑا لے۔

اور حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ فِي الْفِتْنَةِ: كَسِّرُوْا فِيْهَا قِسِيَّكُمْ، وَقَطِّعُوْا فِيْهَا أَوْتَارَكُمْ، وَالْزَمُوْا فِيْهَا أَجْوَافَ بُيُوْتِكُمْ، وَكُوْنُوْا كَابْنِ آدَمَ (سنن الترمذی، رقم الحديث ۲۲۰۴، ابواب الفتن، باب ما جاء فی اتخاذ سيف من خشب فی الفتنة) ؎

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ فتنوں کے دور میں تم اپنی کمانیں توڑ دینا اور ان فتنوں میں کمانوں کی تانتوں کو کاٹ دینا، اور تم اپنے اوپر اپنے گھروں کے اندر رہنے کو لازم پکڑ لینا، اور تم ابنِ آدم کے بیٹے کی طرح ہوجانا (جس نے اپنے بھائی کو قتل نہیں کیا تھا) (سنن ترمذی)

---

؎ قال الترمذی: هذا حديث حسن غريب وعبد الرحمن بن ثروان هو أبو قيس الأودی.

دوسری روایات میں اس کی وضاحت آئی ہے کہ ابنِ آدم کے جن دو بیٹوں میں اختلاف ہو گیا تھا، اور ان میں سے ایک قاتل اور دوسرا مقتول تھا، اور وہی بہتر تھا، تو تم اس بہتر کی طرح ہو جانا۔ [1]

## کرز بن علقمہ خزاعی رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت کرز بن علقمہ خزاعی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَلْ لِلْإِسْلَامِ مِنْ مُنْتَهٰى ؟ قَالَ: أَيُّمَا أَهْلِ بَيْتٍ؟ وَقَالَ: فِيْ مَوْضِعٍ آخَرَ قَالَ: نَعَمْ، أَيُّمَا أَهْلِ بَيْتٍ مِنَ الْعَرَبِ، أَوِ الْعُجْمِ أَرَادَ اللّٰهُ بِهِمْ خَيْرًا، أَدْخَلَ عَلَيْهِمُ الْإِسْلَامَ، قَالَ: ثُمَّ مَهْ ؟ قَالَ: ثُمَّ تَقَعُ الْفِتَنُ كَأَنَّهَا الظُّلَلُ، قَالَ: كَلَّا وَاللّٰهِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ، قَالَ: بَلٰى وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ، ثُمَّ تَعُوْدُوْنَ فِيْهَا أَسَاوِدَ صُبًّا، يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ (مسند احمد، رقم الحديث ١٥٩١٧) [2]

ترجمہ: ایک آدمی نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! کیا اسلام کا مقامِ منتہیٰ (یعنی انتہاء واختتام) بھی ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس کسی عرب، یا عجم کے گھرانے میں اللہ تعالیٰ خیر کا ارادہ فرمائے گا، اس پر اسلام کو داخل فرمادے گا (یعنی وہ اسلام قبول کر کے اسلام میں داخل ہو جائیں گے) اس نے عرض کیا کہ پھر کیا ہوگا؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پھر فتنے واقع ہونے لگیں گے (اور ایسے محیط عام فتنے ہوں گے) گویا کہ وہ بادل ہیں (جو

[1] عن أبي موسى، عن النبي صلى الله عليه وسلم: " كسروا قسيكم، وقطعوا أوتاركم "يعني في الفتنة "والزموا أجواف البيوت، وكونوا فيها كالخير من ابني آدم "(مسند احمد،رقم الحديث ١٩٦٦٣)

قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره، وهذا إسناد حسن(حاشية مسند احمد)

[2] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشيه مسند احمد)

پورے افق اور ماحول پر چھا گئے ہوں) عرض کیا، ہرگز نہیں، اللہ کی قسم! اگر اللہ نے چاہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیوں نہیں، اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے، پھر تم ان فتنوں میں کالے ناگ بن کر لوٹو گے، جو ڈسنے کے لیے پھن پھیلا کر کھڑا ہو جاتا ہے، تمہارے بعض بعض کی گردنیں اُڑائیں گے (خانہ جنگی، قتل وغارت گری اور باہمی خون خرابہ ہوگا) (مسند احمد)

## کرز بن علقمہ خزاعی رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت

حضرت کرز بن علقمہ خزاعی رضی اللہ عنہ سے ایک روایت اس طرح مروی ہے کہ:

**أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْرَابِيٌّ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، هَلْ لِهٰذَا الْأَمْرِ مِنْ مُنْتَهَى؟ قَالَ: نَعَمْ فَمَنْ أَرَادَ اللّٰهُ بِهٖ خَيْرًا مِنْ أَعْجَمٍ، أَوْ عَرَبٍ أَدْخَلَهُ عَلَيْهِمْ، ثُمَّ تَقَعُ فِتَنٌ كَالظُّلَلِ تَعُوْدُوْنَ فِيْهَا أَسَاوِدَ صُبًّا، يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ، وَأَفْضَلُ النَّاسِ يَوْمَئِذٍ مُؤْمِنٌ مُعْتَزِلٌ فِيْ شِعْبٍ مِنَ الشِّعَابِ، يَتَّقِيْ رَبَّهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى، وَيَدَعُ النَّاسَ مِنْ شَرِّهٖ** (مسند احمد، رقم الحديث ۱۵۹۱۹)[1]

ترجمہ: ایک دیہاتی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوا، اور عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! کیا اس امر (یعنی اسلام) کا مقامِ منتہیٰ (یعنی انتہاء واختتام) بھی ہے؟ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جی ہاں، پس جس کے ساتھ اللہ خیر کا ارادہ فرمائے گا، خواہ عجمی ہو، یا عربی ہو، اس پر اسلام کو داخل فرمائے گا، پھر اس کے بعد فتنے پھوٹ پڑیں گے، بادلوں کی طرح (جو پورے افق اور ماحول پر چھا گئے ہوں) تم ان فتنوں میں ناگ بن کر لوٹو گے، تمہارے بعض بعض کی گردنیں

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح، وهذا إسناد حسن (حاشيه مسند احمد)

اُڑائیں گے (خانہ جنگی، قتل وغارت گری اور باہمی خون خرابہ ہوگا)

اور اس وقت لوگوں میں افضل وہ مومن ہوگا، جو گھاٹیوں میں سے کسی گھاٹی میں الگ تھلگ رہے گا، اپنے رب تبارک وتعالیٰ سے ڈرتا اور تقویٰ اختیار کرتا ہوگا، اور لوگوں کو اپنے شر سے چھوڑ دے گا (یعنی کسی کو تکلیف نہیں پہنچائے گا) (مسند احمد)

## ابنِ مسعود وحذیفہ رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ : تَكُوْنُ فِتْنَةٌ اَلنَّائِمُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ الْمُضْطَجِعِ، وَالْمُضْطَجِعُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ الْقَاعِدِ، وَالْقَاعِدُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ الْقَائِمِ، وَالْقَائِمُ خَيْرٌ مِّنَ الْمَاشِي، وَالْمَاشِيُ خَيْرٌ مِّنَ الرَّاكِبِ، وَالرَّاكِبُ خَيْرٌ مِّنَ الْمُجْرِي، قُلْتُ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَتٰى ذٰلِكَ؟ قَالَ : ذٰلِكَ أَيَّامَ الْهَرْجِ حِيْنَ لَا يَأْمَنُ الرَّجُلُ جَلِيْسَهٗ قُلْتُ : فَبِمَ تَأْمُرُنِيْ إِنْ أَدْرَكْتُ ذٰلِكَ الزَّمَانَ؟ قَالَ: اُكْفُفْ نَفْسَكَ وَيَدَكَ وَادْخُلْ دَارَكَ قَالَ : قُلْتُ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَرَأَيْتَ إِنْ دَخَلَ عَلَيَّ دَارِيْ؟ قَالَ : فَادْخُلْ بَيْتَكَ قَالَ : قُلْتُ : أَفَرَأَيْتَ إِنْ دَخَلَ عَلَيَّ بَيْتِيْ؟ قَالَ : فَادْخُلْ مَسْجِدَكَ وَاصْنَعْ هٰكَذَا - وَقَبَضَ بِيَمِيْنِهٖ عَلَى الْكُوْعِ - وَقُلْ رَبِّيَ اللّٰهُ حَتّٰى تَمُوْتَ عَلٰى ذٰلِكَ (مستدرک حاکم، رقم الحديث ۸۳۱۴، كتاب الفتن والملاحم) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سُنا کہ (قیامت

---

[1] قال الحاكم:

هذا حديث صحيح الإسناد، ولم يخرجاه.

وقال الذهبي في التلخيص:

صحيح.

کے قریب ایسے ) فتنے ہوں گے، جس میں سویا ہوا شخص لیٹے ہوئے شخص سے بہتر ہوگا، اور لیٹا ہوا شخص بیٹھے ہوئے شخص سے بہتر ہوگا، اور بیٹھا ہوا شخص کھڑے ہوئے شخص سے بہتر ہوگا، اور کھڑا ہوا شخص چلنے والے شخص سے بہتر ہوگا، اور چلنے والا شخص سوار شخص سے بہتر ہوگا، اور سوار شخص (تیز، یا لمبا) سفر کرنے والے شخص سے بہتر ہوگا، میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! یہ کب ہوگا؟ تو فرمایا کہ وہ ''ہرج'' (یعنی قتل وقتال) کے دنوں (اور زمانے) میں ہوگا، جب آدمی اپنے ساتھ بیٹھے ہوئے شخص سے اَمن میں نہیں ہوگا (اس کے اپنے ساتھی ہی ایذاء ونقصان پہنچانے کے درپے ہوں گے، اگرچہ اوپر سے وہ ہمدرد کیوں نہ نظر آئیں) میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! آپ کی کیا رائے ہے کہ اگر میں وہ زمانہ پالوں (تو میں کیا کروں؟) تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اپنی ذات اور ہاتھ کو روک لینا، اور اپنے گھر میں داخل ہوجانا، وہ (راوی) کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا کہ اگر کوئی (ایسے فتنوں کے زمانہ میں) میرے گھر تک مجھ پر چڑھائی کرنے کے لیے آجائے (تو اُس وقت مجھے کیا کرنا چاہیے) تو فرمایا کہ تم اپنے (گھر کے اندر) کمرے میں داخل ہوجانا، میں نے عرض کیا کہ اگر وہ میرے کمرے میں ہی گھس آئے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم اپنی مسجد میں داخل ہوجانا، اور یوں کرلینا، پھر رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (یہ سمجھاتے وقت) اپنے داہنے ہاتھ کی مٹھی کو زور سے بند کرلیا (یعنی تمہاری طرف سے کوئی دست اندازی نہ ہو) اور یہ کہنا کہ میرا رب اللہ ہے، یہاں تک کہ تم اسی حالت میں مَر جاؤ (حاکم)

اپنی مسجد میں داخل ہونے سے مراد یہ بھی ہوسکتا ہے کہ محلّہ کی مسجد میں داخل ہوجائے، اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ گھر کی نماز پڑھنے والی جگہ میں داخل ہوجائے، کہ نماز پڑھے جانے والی جگہ

یا مسجد زیادہ عافیت وسلامتی والی جگہ ہے۔

حضرت سحیم بن نوفل فرماتے ہیں کہ مجھ سے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ:

**كَيْفَ أَنْتُمْ إِذَا اقْتَتَلَ الْمُصَلُّوْنَ قُلْتُ: وَيَكُوْنُ ذٰلِكَ؟ قَالَ: نَعَمْ، أَصْحَابُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قُلْتُ: وَكَيْفَ أَصْنَعُ، قَالَ: كُفَّ لِسَانَكَ وَأَخْفِ مَكَانَكَ، وَعَلَيْكَ بِمَا تَعْرِفُ، وَلَا تَدَعْ مَا تَعْرِفُ لِمَا تُنْكِرُ** (مصنف ابنِ ابی شیبة، رقم الحدیث ٣٨٦٠٥، كتاب الفتن، باب من كره الخروج فی الفتنة وتعوذ منها)

ترجمہ: تمہاری اس وقت کیا حالت ہوگی جبکہ نمازی (یعنی دیندار لوگ) بھی ایک دوسرے کو قتل کریں گے؟ میں نے عرض کیا کہ کیا ایسا بھی ہوگا؟ تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جی ہاں! محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب قتال کریں گے، میں نے عرض کیا کہ (اگر میں وہ زمانہ پالوں تو مجھے کیا کرنا چاہیے؟) تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اپنی زبان کو قابو میں رکھنا، اور اپنے مکان میں چُھپ جانا اور نیکی کے کام کرتے رہنا، اور کسی بُرائی کی وجہ سے کسی نیکی کو نہ چھوڑنا (ابنِ ابی شیبہ)

حضرت عبداللہ بن رواع سے روایت ہے کہ:

**ذَكَرْتُ الْفِتْنَةَ عِنْدَ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: اُدْخُلْ بَيْتَكَ، فَإِنْ دُخِلَ عَلَيْكَ فَكُنْ كَالْبَعِيْرِ الثَّفَالِ، لَا يَنْبَعِثُ إِلَّا كَارِهًا وَلَا يَمْشِيْ إِلَّا كَارِهًا** (مصنف ابنِ ابی شیبة، رقم الحدیث ٣٨٤٢٣، كتاب الفتن، باب من كره الخروج فی الفتنة وتعوذ منها)

ترجمہ: میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس فتنوں کا ذکر کیا، تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ تم اپنے گھر میں داخل ہو جانا،

پھر بھی اگر وہ (فتنہ) تم تک آ پہنچے، تو موٹے، سُست رفتار اونٹ کی طرح ہو جانا، جو اُٹھتا نہیں ہے، مگر ناپسندیدگی کے ساتھ، اور نہ چلتا ہے، مگر ناپسندیدگی کے ساتھ

(ابنِ ابی شیبہ)

ربعی سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَجُلٌ لِحُذَيْفَةَ: كَيْفَ أَصْنَعُ إِذَا اقْتَتَلَ الْمُصَلُّوْنَ ؟ قَالَ: تَدْخُلُ بَيْتَكَ، قَالَ: قُلْتُ: كَيْفَ أَصْنَعُ إِنْ دُخِلَ بَيْتِيْ ؟ قَالَ: قُلْ: إِنِّيْ لَنْ أَقْتُلَكَ ،إِنِّيْ أَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعَالَمِيْنَ (مصنف ابنِ ابی شیبة، رقم الحدیث ۳۸۲۸۹، کتاب الفتن، باب من کرہ الخروج فی الفتنة وتعوذ منها)

ترجمہ: حذیفہ رضی اللہ عنہ سے ایک آدمی نے معلوم کیا کہ، جب نمازی (یعنی مسلمان) آپس میں قتال کریں، تو میں کیا کروں؟ حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ تم اپنے گھر میں داخل ہو جانا، اس آدمی نے کہا کہ اگر وہ میرے گھر میں بھی داخل ہو جائے، تو میں کیا کروں؟ حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ تم یہ کہنا کہ میں تجھے ہرگز قتل نہیں کروں گا، بے شک میں اللہ رب العالمین سے ڈرتا ہوں (ابنِ ابی شیبہ)

## ابوذر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے ایک لمبی حدیث میں روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

يَا أَبَا ذَرٍّ، أَرَأَيْتَ إِنْ قَتَلَ النَّاسُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا، يَعْنِيْ حَتّٰى تَغْرَقَ حِجَارَةُ الزَّيْتِ مِنَ الدِّمَاءِ، كَيْفَ تَصْنَعُ؟ قَالَ : اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ. قَالَ: اُقْعُدْ فِيْ بَيْتِكَ، وَأَغْلِقْ عَلَيْكَ بَابَكَ. قَالَ: فَإِنْ لَمْ أُتْرَكْ؟ قَالَ: فَأْتِ مَنْ أَنْتَ مِنْهُمْ، فَكُنْ فِيهِمْ. قَالَ : فَآخُذُ سِلَاحِيْ؟ قَالَ إِذَنْ

تُشَارِكَهُمْ فِيمَا هُمْ فِيهِ، وَلٰكِنْ إِنْ خَشِيتَ أَنْ يَرُوعَكَ شُعَاعُ السَّيْفِ، فَأَلْقِ طَرَفَ رِدَائِكَ عَلٰى وَجْهِكَ حَتّٰى يَبُوءَ بِإِثْمِهٖ وَإِثْمِكَ (مسند احمد، رقم الحديث ۲۱۳۲۵) [1]

ترجمہ: اے ابوذر! آپ کی کیا رائے ہے کہ جب لوگ ایک دوسرے کو قتل کرنے لگیں، یہاں تک کہ مقامِ حجارۃُ الزیت (مدینہ میں ایک جگہ کا نام) خون کے سیلاب میں ڈوب جائے، تو ان حالات میں آپ کا کیا طرزِ عمل ہوگا؟ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ اللہ اور اس کا رسول ہی بہتر جانتے ہیں؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (ایسے حالات میں) اپنے گھر میں بیٹھ جانا، اور اپنے گھر کے دروازے بند کر لینا (کہ فتنہ گھر کے اندر تجھے نہ آ پہنچے) حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ اگر اس حالت میں بھی مجھے نہ چھوڑا جائے (یعنی کوئی گھر میں آ کر مجھ پر حملہ آور ہو یا مجھے اصرار کر کے گھر سے نکال کر فتنہ میں شریک کرنا چاہے) تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تب پھر اپنے لوگوں (یعنی خاندان والے یا رفقاء اور حامیوں) میں پہنچ جانا، پس انہی میں رہنا، حضرت ابوذر نے عرض کیا کہ اگر میں اپنے ہتھیار اُٹھا لوں؟ (یعنی فتنے کے مقابلے کے لیے کھڑا ہو جاؤں) تو رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تب آپ بھی اُن کے ساتھ اس معاملے میں شریک سمجھے جائیں گے، بلکہ اگر آپ کو تلوار کے وار کا اپنے اوپر اندیشہ بھی ہو جائے، تو اپنی چادر کے گوشہ سے اپنا چہرہ ڈھانپ لینا (اور بغیر مقابلہ کے جان دے دینا) تاکہ حملہ آور اپنا اور تیرا گناہ خود ہی سمیٹ لے (مسند احمد)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط:
إسناده صحيح على شرط مسلم (حاشيه مسند احمد)

# طلحہ بصری رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت طلحہ بصری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَدِمْتُ الْمَدِيْنَةَ، وَلَمْ يَكُنْ لِيْ بِهَا مَعْرِفَةٌ، وَرُبَّمَا قَالَ عَرِيْفٌ، وَكَانَ يَجْرِىْ عَلَيْنَا مُدٌّ مِنْ تَمْرٍ بَيْنَ اثْنَيْنِ، فَصَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةً، فَهَتَفَ بِهٖ هَاتِفٌ مِنْ خَلْفِهٖ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَدْ أَحْرَقَ بُطُوْنَنَا التَّمْرُ، وَتَخَرَّقَتْ عَنَّا الْخُنُفُ، فَخَطَبَ، فَحَمِدَ اللّٰهَ، وَأَثْنٰى عَلَيْهِ، وَقَالَ: وَاللّٰهِ لَوْ أَجِدُ لَكُمُ اللَّحْمَ وَالْخُبْزَ لَأَطْعَمْتُكُمُوْهُ، وَلَيَأْتِيَنَّ عَلَيْكُمْ زَمَانٌ يُغْدَا عَلٰى أَحَدِكُمْ بِالْجِفَانِ، وَيُرَاحُ، وَلَتَلْبَسُنَّ مِثْلَ أَسْتَارِ الْكَعْبَةِ، قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، نَحْنُ الْيَوْمَ خَيْرٌ مِنَّا، أَوْ يَوْمَئِذٍ، قَالَ: أَنْتُمُ الْيَوْمَ خَيْرٌ مِّنْكُمْ يَوْمَئِذٍ، أَنْتُمُ الْيَوْمَ خَيْرٌ مِّنْكُمْ يَوْمَئِذٍ، يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ (الزهد،لاحمد بن حنبل،ص ۲۴،رقم الحديث ۱۳۷،زهد يونس عليه السلام)

ترجمہ: میں مدینہ منورہ آیا،اور مجھے وہاں کا تعارف نہیں تھا،اور بعض دفعہ یہ فرمایا کہ میرا کوئی جان پہچان والا نہیں تھا،اور ہم پر کھجور کے ایک مد(یعنی دو مٹھی کھجور) کی مقدار دو بندوں کے درمیان تقسیم ہوتی تھی،پھر ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھائی،پھر پیچھے سے ایک شخص نے پکار کر کہا کہ اے اللہ کے رسول! ہمارے پیٹوں کو کھجوروں نے جلا کر رکھ دیا ہے،اور ہمارے کپڑے بھی بوسیدہ ہو کر رہ گئے۔

یہ سن کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ دیا،اور اللہ کی حمد وثناء بیان کی،اور فرمایا کہ اللہ کی قسم! اگر میں تمہارے لئے گوشت اور روٹی کو پاتا،تو وہ ضرور تمہیں کھلا دیتا،اور

ضرور بالضرور تم پر ایک ایسا زمانہ آئے گا کہ تم پر صبح اور شام بڑے بڑے برتنوں میں (طرح طرح کے) کھانے پیش ہوں گے، اور تم ضرور کعبے کے پردوں کی طرح کے (مہنگے اور اعلیٰ) لباس پہنو گے۔

لوگوں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! ہم آج کے (غربت والے) زمانہ میں بہتر ہیں، یا اُس وقت (مالداری والے زمانہ) میں بہتر ہوں گے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم آج (غربت والے حالات میں) اس (مالداری والے) زمانہ سے بہتر ہو، تم آج اس زمانہ سے بہتر ہو (آج تم ایک دوسرے کے بھائی بھائی ہو، اور ایک دوسرے سے محبت رکھتے ہو) اور تم اُس وقت میں ایک دوسرے کو قتل کرو گے (اور ایک دوسرے کے دشمن ہو گے) (الزہد)

اس حدیث کو تھوڑے بہت فرق کے ساتھ امام حاکم نے بھی روایت کیا ہے۔ [1]

عام طور پر ایک دوسرے سے بغض اور قتل وقتال کی بنیاد مال ودولت ہوتی ہے، اور نبی صلی اللہ

---

[1] عن أبي حرب بن أبي الأسود، قال: حدثني طلحة البصري قال: كان الرجل منا إذا قدم المدينة فكان له بها عريف نزل على عريفه، وإن لم يكن له بها عريف نزل الصفة، فقدمت فنزلت الصفة، فكان يجري علينا من رسول الله صلى الله عليه وسلم كل يوم مد من تمر بين اثنين، ويكسونا الخنف، فصلى بنا رسول الله صلى الله عليه وسلم بعض صلاة النهار، فلما سلم ناداه أهل الصفة يمينا وشمالا: يا رسول الله، أحرق بطوننا التمر، وتخرقت عنا الخنف، فمال رسول الله صلى الله عليه وسلم إلى منبره فصعده فحمد الله وأثنى عليه، ثم ذكر الشدة ما لقي من قومه حتى، قال: ولقد أتى علي وعلى صاحبي بضع عشرة وما لي وله طعام إلا البرير قال: قلت لأبي حرب: وأي شيء البرير؟ قال: طعام رسول الله صلى الله عليه وسلم تمر الأراك فقدمنا على إخواننا هؤلاء من الأنصار وعظم طعامهم التمر فواسونا فيه، والله لو أجد لكم الخبز واللحم لأشبعتكم منه، ولكن عسى أن تدركوا زمانا حتى يغدى على أحدكم بجفنة ويراح عليه بأخرى قال: فقالوا: يا رسول الله، أنحن اليوم خير أم ذاك اليوم؟ قال: بل أنتم اليوم خير، أنتم اليوم متحابون، وأنتم يومئذ يضرب بعضكم رقاب بعض أراه، قال: متباغضون (المستدرك للحاكم، رقم الحديث ٤٢٩٠، كتاب الهجرة)

قال الحاكم: هذا لفظ حديث أبي سهل القطان، وحديث يحيى بن يحيى على الاختصار، هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه.

وقال الذهبي في التلخيص: صحيح

علیہ وسلم نے فرمادیا کہ مسلمانوں کی غربت کی حالت میں باہمی محبت ومودت بہتر ہے، اس ماحول سے، جس میں مسلمان، ایک دوسرے کو قتل کریں۔

## معقل بن یسار رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْعِبَادَةُ فِي الْهَرْجِ، كَهِجْرَةٍ إِلَيَّ (سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ۳۹۸۵، ابواب الفتن، باب الوقوف عند الشبهات) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ھرج کے زمانہ میں عبادت (ونیک عمل) کرنے کا ثواب ایسا ہے، جیسا کہ میری طرف ہجرت کرنا (سنن ابنِ ماجہ)

## ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا أَصْبَحَ إِبْلِيْسُ بَثَّ جُنُوْدَهُ فَيَقُوْلُ: مَنْ أَضَلَّ الْيَوْمَ مُسْلِمًا أَلْبَسْتُهُ التَّاجَ، فَيَجِيْءُ أَحَدُهُمْ فَيَقُوْلُ: لَمْ أَزَلْ بِهٖ حَتّٰى عَقَّ وَالِدَهُ، فَقَالَ: يُوْشِكُ أَنْ يَبَرَّهُ، وَيَجِيْءُ أَحَدُهُمْ فَيَقُوْلُ: لَمْ أَزَلْ بِهٖ حَتّٰى طَلَّقَ امْرَأَتَهُ، فَيَقُوْلُ: يُوْشِكُ أَنْ يَّتَزَوَّجَ، وَيَجِيْءُ أَحَدُهُمْ فَيَقُوْلُ: لَمْ أَزَلْ بِهٖ حَتّٰى أَشْرَكَ فَيَقُوْلُ: أَنْتَ أَنْتَ، وَيَجِيْءُ أَحَدُهُمْ فَيَقُوْلُ: لَمْ أَزَلْ بِهٖ حَتّٰى قَتَلَ، فَيَقُوْلُ: أَنْتَ أَنْتَ وَيُلْبِسُهُ التَّاجَ (المستدرك للحاكم، رقم الحديث ۸۰۲۷، كتاب الحدود) [2]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ابلیس (یعنی شیطان) صبح کے وقت اپنے

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشيه سنن ابنِ ماجه)

[2] قال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه.
وقال الذهبي في التلخيص: صحيح.

لشکر کو بھیجتا ہے، اور کہتا ہے کہ آج جس کسی نے کسی مسلمان کو گمراہ کیا ہوگا، میں اس کو تاج پہناؤں گا، پھر (جب اس کے لشکر کے افراد اپنا کام کر کے واپس لوٹتے ہیں، تو) ان میں سے ایک (شیطان) آ کر کہتا ہے کہ میں فلاں شخص کے پیچھے لگا رہا، یہاں تک کہ اس نے اپنے والدین کی نافرمانی کی، ابلیس کہتا ہے کہ کچھ بعید نہیں کہ وہ دوبارہ اُن کے ساتھ اچھا سلوک کرے۔

پھر دوسرا آ کر کہتا ہے کہ میں فلاں کے پیچھے لگا رہا، یہاں تک کہ اس نے اپنی بیوی کو طلاق دیدی، اس پر ابلیس کہتا ہے کہ کچھ بعید نہیں کہ وہ نکاح کر لے۔

پھر ایک اور شیطان آ کر کہتا ہے کہ میں فلاں شخص کے پیچھے لگا رہا، یہاں تک کہ اس نے شرک کا ارتکاب کرلیا، اس پر ابلیس کہتا ہے کہ ہاں تو ہے (جس نے بہت اچھا کام کیا) پھر ایک اور آ کر کہتا ہے کہ میں فلاں شخص کے پیچھے لگا رہا، یہاں تک کہ اس نے کسی کو قتل کر ڈالا، اس پر ابلیس کہتا ہے کہ ہاں تو ہے (جس نے بہت اچھا کام کیا) اور اسے تاج پہنا دیتا ہے (مستدرک حاکم)

## براء بن عازب وعبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَزَوَالُ الدُّنْيَا أَهْوَنُ عَلَى اللّٰهِ مِنْ قَتْلِ مُؤْمِنٍ بِغَيْرِ حَقٍّ (سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ۲۶۱۹، أبواب الديات، باب التغليظ فى قتل مسلم ظلما) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یقینی طور پر دنیا کا زائل وختم ہو جانا، اللہ کے نزدیک ایک مومن کے ناحق قتل سے بھی ہلکی چیز ہے (ابنِ ماجہ)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية سنن ابنِ ماجه)

اور حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَزَوَالُ الدُّنْيَا أَهْوَنُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ قَتْلِ رَجُلٍ مُسْلِمٍ (سنن النسائی، رقم الحدیث ۳۹۸۷، کتاب المحاربة، باب تعظيم الدم)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یقینی طور پر دنیا کا زائل وختم ہوجانا، اللہ کے نزدیک ایک مسلم آدمی کے قتل سے بھی ہلکی چیز ہے (نسائی)

## ابوسعید، ابوہریرہ، ابنِ عباس وابوبکرہ رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت ابوسعید خدری اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْ أَنَّ أَهْلَ السَّمَاءِ وَأَهْلَ الْأَرْضِ اِشْتَرَكُوْا فِيْ دَمِ مُؤْمِنٍ لَأَكَبَّهُمُ اللّٰهُ فِي النَّارِ (سنن الترمذی، رقم الحدیث ۱۳۹۸، ابواب الديات، باب الحكم فی الدماء)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر آسمان اور زمین والے کسی ایک مؤمن کو قتل کرنے میں شریک ہوں، تو اللہ اُن سب کو آگ میں پھینک دے گا (ترمذی)

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قُتِلَ قَتِيْلٌ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُعْلَمُ قَاتِلُهٗ، فَصَعِدَ مِنْبَرَهٗ، فَقَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ أَيُقْتَلُ قَتِيْلٌ وَأَنَا بَيْنَ أَظْهُرِكُمْ لَا يُعْلَمُ مَنْ قَتَلَهٗ؟ لَوْ أَنَّ أَهْلَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ اِجْتَمَعُوْا عَلٰى قَتْلِ امْرِءٍ مُسْلِمٍ لَعَذَّبَهُمُ اللّٰهُ بِلَا عَدَدٍ وَلَا حِسَابٍ (المعجم الكبير للطبرانی، ج ۱۲ ص ۱۳۳، رقم الحديث ۱۲۶۸۱) [1]

---

[1] قال الهيثمي: رواه الطبراني، ورجاله رجال الصحيح غير عطاء بن أبي مسلم، وثقه ابن حبان وضعفه جماعة (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۱۲۳۰۱، باب حرمة دماء المسلمين وأموالهم وإثم من قتل مسلما)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دَور میں کوئی قتل ہوگیا، جس کے قاتل کا پتہ نہ تھا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے منبر پر چڑھے، اور فرمایا کہ اے لوگو! کیا کسی شخص کا قتل ہوجائے، اور میں تم لوگوں میں موجود ہوں، پھر بھی اُس کو قتل کرنے والے کا علم نہ ہو؟ اگر آسمان وزمین کے تمام لوگ کسی ایک مسلمان کو قتل کرنے کے لیے جمع ہوجائیں، تو اللہ اُن سب کو گنتی اور حساب کے بغیر عذاب دے گا (طبرانی)

اس طرح کی حدیث حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ کی سند سے بھی مروی ہے۔ [1]

## جریر، ابنِ عمر، ابنِ عباس وصنابح رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ: اِسْتَنْصِتِ النَّاسَ فَقَالَ: لَا تَرْجِعُوْا بَعْدِيْ كُفَّارًا، يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ

(صحیح البخاری، رقم الحدیث ۱۲۱، کتاب العلم، باب الإنصات للعلماء)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو حجۃ الوداع (کے موقع پر بڑے مجمع) میں فرمایا کہ لوگوں کو خاموش کراؤ، پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے (مسلمانوں کو مخاطب ہوکر) فرمایا کہ تم میرے بعد کافر ہوکر مت لوٹ جانا کہ تم میں سے بعض بعض کی گردنیں اڑاؤ (یعنی ایک دوسرے کو قتل کرو) (بخاری)

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] عن أبی بکرة رضی الله عنه عن النبی صلی الله علیه وآله وسلم قال: لو أن أهل السماء وأهل الأرض اجتمعوا علی قتل مسلم لكبهم الله جميعا علی وجوههم فی النار (المعجم الصغیر للطبرانی، ج ۱ ص ۳۴۰، رقم الحدیث ۵۶۵، باب العین)

قال الهیثمی: رواه الطبرانی فی الصغیر، وفیه جسر بن فرقد وهو ضعیف (مجمع الزوائد، تحت رقم الحدیث ۱۲۳۰۲، باب حرمة دماء المسلمین وأموالهم وإثم من قتل مسلما)

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا تَرْجِعُوْا بَعْدِیْ كُفَّارًا، يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ (صحيح البخاری، رقم الحديث ٦٨٦٨، كتاب الديات، باب قول الله تعالى "ومن أحياها")

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میرے بعد کافر ہو کر مت لوٹ جانا کہ تم میں سے بعض بعض کی گردنیں اڑاؤ (یعنی ایک دوسرے کو قتل کرو) (بخاری)

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَرْتَدُّوْا بَعْدِیْ كُفَّارًا، يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ (صحيح البخاری، رقم الحديث ٧٠٧٩، كتاب الفتن، باب قول النبی صلی الله عليه وسلم لا ترجعوا بعدی كفارا يضرب بعضكم رقاب بعض)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میرے بعد کافر ہو کر مت لوٹ جانا کہ تم میں سے بعض بعض کی گردنیں اڑاؤ (یعنی ایک دوسرے کو قتل کرو) (بخاری)

اور حضرت صنابح احمسی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا إِنِّیْ فَرَطُكُمْ عَلَى الْحَوْضِ، وَإِنِّیْ مُكَاثِرٌ بِكُمُ الْأُمَمَ، فَلَا تَقْتَتِلُنَّ بَعْدِیْ (سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ٣٩٤٤، ابواب الفتن، باب: المسلمون فی ذمة الله عز وجل) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں حوض (کوثر) پر تمہارا پیش رو بن کر موجود ہوں گا، اور میں تمہارے ذریعے دوسری امتوں کے مقابلے میں اپنی امت کو زیادہ تعداد میں دیکھنا چاہوں گا، پس تم میرے بعد ایک دوسرے کی گردنیں اُڑانے ہرگز نہ لگ جانا (ابنِ ماجہ)

اگر مسلمان کے ظالمانہ قتل کو حلال سمجھے، تو پھر اس کے کفر ہونے میں شبہ نہیں، یہ کافروں والا فعل ہے، اور اس کا وبال وعذاب بہت سخت اور کفر کے قریب ہے۔

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية سنن ابنِ ماجه)

www.idaraghufran.org

# ابنِ مسعود، ابوہریرہ وسعد رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوقٌ، وَقِتَالُهُ كُفْرٌ** (صحيح البخارى،رقم الحديث ۴۸، كتاب الإيمان،باب خوف المؤمن من أن يحبط عمله وهو لا يشعر)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مسلمان کو گالی دینا فسق ہے، اور اُس کو قتل کرنا کفر ہے (بخاری)

اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوقٌ، وَقِتَالُهُ كُفْرٌ** (سنن ابنِ ماجه،رقم الحديث ۳۹۴۰، ابواب الفتن،باب: سباب المسلم فسوق، وقتاله كفر) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مسلمان کو گالی دینا فسق ہے، اور اُس کو قتل کرنا کفر ہے (ابنِ ماجہ)

اور حضرت سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوقٌ، وَقِتَالُهُ كُفْرٌ** (سنن ابنِ ماجه،رقم الحديث ۳۹۴۱، ابواب الفتن،باب: سباب المسلم فسوق، وقتاله كفر) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مسلمان کو گالی دینا فسق ہے، اور اُس کو قتل کرنا کفر ہے (ابنِ ماجہ)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح (حاشيه سنن ابنِ ماجه)

[2] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشيه سنن ابنِ ماجه)

مسلمان کے ناحق قتل کو حلال سمجھنا، کافروں والا فعل ہے، اور اس کی سزا بھی نہایت طویل ہے، جو کفر کی سزا کے مشابہ ہے۔

## معاویہ وابوالدرداء رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَقُوْلُ: كُلُّ ذَنْبٍ عَسَى اللّٰهُ أَنْ يَّغْفِرَهُ، إِلَّا الرَّجُلُ يَمُوْتُ كَافِرًا، أَوِ الرَّجُلُ يَقْتُلُ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا (مسند احمد، رقم الحديث ١٦٩٠٧) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ ہر گناہ کے بارے میں اللہ سے امید ہے کہ اس کی مغفرت فرمادے گا، سوائے اس کے جو آدمی کفر کی حالت میں مرا، یا جس نے کسی مومن کو جان بوجھ کر قتل کیا (مسند احمد)

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: كُلُّ ذَنْبٍ عَسَى اللّٰهُ أَنْ يَّغْفِرَهُ إِلَّا مَنْ مَاتَ مُشْرِكًا، أَوْ مَنْ قَتَلَ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا (صحيح ابنِ حبان، رقم الحديث ٥٩٨٠، كتاب الجنايات) [2]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ ہر گناہ کے بارے میں اللہ سے امید ہے کہ اس کی مغفرت فرمادے گا، سوائے اس کے جو آدمی شرک کی حالت میں مرا، یا جس نے کسی مومن کو جان بوجھ کر قتل کیا (صحیح ابنِ حبان)

مسلمان کو ناحق قتل کرنے میں مقتول اور اس کے متعلقین کی حق تلفی اور سخت ایذاء رسانی پائی جاتی ہے، اللہ کی طرف سے اس کے حق کی معافی ملنا آسان ہے، بندوں سے ان کے حقوق

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح لغيره، وهذا إسناد حسن (حاشيه سنن ابنِ ماجه)

[2] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشيه صحيح ابنِ حبان)

کی معافی ملنا مشکل ہے، اور بندہ مومن کو ناحق قتل کرنے پر اللہ سخت ناراض ہوتا ہے، اس لئے قاتل کی سزا بہت کڑی، اور طویل ہونے کی وجہ سے کفر وشرک کے مشابہ ہے۔

## ابنِ مسعود وابنِ عباس رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَوَّلُ مَا يُقْضٰى بَيْنَ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِي الدِّمَاءِ** (صحيح مسلم، رقم الحديث ١٦٧٨ "٢٨" كتاب القسامة والمحاربين والقصاص والديات، باب المجازاة بالدماء فى الآخرة، وأنها أول ما يقضى فيه بين الناس يوم القيامة)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے دن سب سے پہلے خونوں کے معاملہ میں فیصلہ کیا جائے گا (صحیح مسلم)

یعنی جس جس نے کسی کو دنیا میں قتل کیا ہوگا، قیامت کے دن سب سے پہلے ان کا حساب وفیصلہ ہوگا۔

حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَجِيءُ الرَّجُلُ آخِذًا بِيَدِ الرَّجُلِ فَيَقُوْلُ: يَا رَبِّ، هٰذَا قَتَلَنِيْ، فَيَقُوْلُ اللّٰهُ لَهٗ: لِمَ قَتَلْتَهٗ؟ فَيَقُوْلُ: قَتَلْتُهٗ لِتَكُوْنَ الْعِزَّةُ لَكَ، فَيَقُوْلُ: فَإِنَّهَا لِيْ، وَيَجِيءُ الرَّجُلُ آخِذًا بِيَدِ الرَّجُلِ فَيَقُوْلُ: إِنَّ هٰذَا قَتَلَنِيْ، فَيَقُوْلُ اللّٰهُ لَهٗ: لِمَ قَتَلْتَهٗ؟ فَيَقُوْلُ: لِتَكُوْنَ الْعِزَّةُ لِفُلَانٍ، فَيَقُوْلُ: إِنَّهَا لَيْسَتْ لِفُلَانٍ فَيَبُوْءُ بِإِثْمِهٖ** (سنن النسائى، رقم الحديث ٣٩٩٧، كتاب المحاربة، باب تعظيم الدم)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے دن ایک آدمی دوسرے

www.idaraghufran.org

آدمی کا ہاتھ پکڑ کر لائے گا، اور کہے گا کہ اے میرے رب اس نے مجھے قتل کیا تھا، تو اللہ اس قاتل سے فرمائے گا کہ تو نے اس کو کیوں قتل کیا تھا؟ قاتل کہے گا کہ اس لئے قتل کیا تھا، تاکہ آپ کے لئے عزت ہو، اس پر اللہ فرمائے گا کہ وہ تو میرے لئے ہے ہی، اور ایک آدمی دوسرے آدمی کا ہاتھ پکڑ کر لائے گا، اور کہے گا کہ اے میرے رب اس نے مجھے قتل کیا تھا، تو اللہ اس قاتل سے فرمائے گا کہ تو نے اس کو کیوں قتل کیا تھا؟ قاتل جواب میں کہے گا کہ اس لئے قتل کیا تھا تاکہ فلاں کی عزت ہو (یعنی کسی کی عزت بے عزتی کے لئے قتل کیا تھا) تو اللہ فرمائے گا کہ عزت فلاں کے لئے نہیں ہے (وہ خالص میرے لئے ہے) اور اس طرح قاتل اپنے گناہ (اور اس کی سخت سزا) کا مجرم ٹھہرے گا (نسائی)

عمرو بن دینار سے روایت ہے کہ:

عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:يَجِيْءُ الْمَقْتُوْلُ بِالْقَاتِلِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ نَاصِيَتُهُ وَرَأْسُهُ فِيْ يَدِهٖ، وَأَوْدَاجُهُ تَشْخَبُ دَمًا يَقُوْلُ:يَا رَبِّ، قَتَلَنِيْ، حَتّٰى يُدْنِيَهُ مِنَ الْعَرْشِ ،قَالَ:فَذَكَرُوْا لِابْنِ عَبَّاسٍ التَّوْبَةَ، فَتَلَا هٰذِهِ الْآيَةَ "وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا" قَالَ:مَا نُسِخَتْ مُنْذُ نَزَلَتْ:وَأَنّٰى لَهُ التَّوْبَةُ (سنن النسائی، رقم الحديث ۴۰۰۵، كتاب المحاربة، باب تعظيم الدم)

ترجمہ: ابنِ عباس رضی اللہ عنہ، نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے دن مقتول، قاتل کی پیشانی اور سر کو اپنے ہاتھ میں پکڑ کر لائے گا، قاتل کے گلے سے خون بہہ رہا ہوگا، پھر مقتول کہے گا کہ اے میرے رب مجھے اس نے قتل کیا تھا، یہاں تک کہ اسے عرش کے قریب کردے گا (تاکہ اللہ اس کو سزا دے) عمرو بن دینار کہتے ہیں

کہ پھر لوگوں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے اس قاتل کی توبہ کے بارے میں سوال کیا،تو ابنِ عباس رضی اللہ عنہ نے سورہ نساء کی یہ آیت تلاوت فرمائی کہ:

”وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا“

ابنِ عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ یہ آیت نازل ہونے کے بعد منسوخ نہیں ہوئی،اور ایسے آدمی کی توبہ کہاں قبول ہوسکتی ہے؟ (سنن نسائی)

جبیر بن مطعم سے روایت ہے کہ:

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّهُ سَأَلَهُ سَائِلٌ، فَقَالَ: يَا أَبَا الْعَبَّاسِ، هَلْ لِلْقَاتِلِ مِنْ تَوْبَةٍ؟ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ كَالْمُعْجَبِ مِنْ شَأْنِهِ: مَاذَا تَقُولُ؟ فَأَعَادَ عَلَيْهِ مَسْأَلَتَهُ فَقَالَ لَهُ: مَاذَا تَقُولُ؟ مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا، ثُمَّ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: أَنّٰى لَهُ التَّوْبَةُ؟ سَمِعْتُ نَبِيَّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَأْتِي الْمَقْتُولُ مُتَعَلِّقًا رَأْسُهُ بِإِحْدَى يَدَيْهِ، مُتَلَبِّبًا قَاتِلَهُ بِيَدِهِ الْأُخْرٰى، تَشْخَبُ أَوْدَاجُهُ دَمًا، حَتّٰى يَأْتِيَ بِهِ الْعَرْشَ، فَيَقُولُ الْمَقْتُولُ لِرَبِّ الْعَالَمِينَ، هٰذَا قَتَلَنِيْ؟ فَيَقُولُ اللّٰهُ لِلْقَاتِلِ: تَعِسْتَ، وَيُذْهَبُ بِهِ إِلَى النَّارِ (المعجم الاوسط للطبرانی،رقم الحدیث ۴۲۱۷، باب العین) [1]

ترجمہ: عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے ایک سائل نے سوال کیا کہ اے ابوالعباس! کیا قاتل کی توبہ قبول ہوسکتی ہے؟ انہوں نے تعجب کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا کہ یہ تم کیا کہہ رہے ہو؟ اس نے سوال دہرایا،تو دوبارہ، یا سہ بارہ،

---

[1] قال الهيثمي: رواه الطبراني في الأوسط ورجاله رجال الصحيح (مجمع الزوائد،تحت رقم الحديث ۱۲۳۰۶ ،باب حرمة دماء المسلمين وأموالهم وإثم من قتل مسلما)

وقال الالباني:فالحديث حسن إن شاء الله تعالى .بل هو صحيح، فقد جاء من طرق أخرى(سلسلة الاحاديث الصحيحة،تحت رقم الحديث۲۶۹۷)

ابنِ عباس نے فرمایا کہ یہ تم کیا کہہ رہے ہو؟ اور پھر حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اس کی توبہ کہاں؟ میں نے تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جس شخص کو (دنیا میں) قتل کیا گیا ہو، وہ ایک ہاتھ میں اپنا سر لٹکا کر اور دوسرے ہاتھ میں اپنے قاتل کو لپیٹ کر لائے گا، جب کہ اس کی رگیں خون سے اُبل رہی ہوں گی، یہاں تک کہ وہ عرش کے پاس آئے گا، اور کہے گا کہ اے رب العالمین! اس نے مجھے قتل کیا تھا، تو اللہ قاتل سے فرمائے گا کہ ''تیرے لئے بربادی ہے'' اور اسے جہنم کی طرف بھیج دے گا (طبرانی)

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں مومن کو قتل کرنے کی بڑی سخت سزاء بیان فرمائی ہے۔

چنانچہ سورہ نساء میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهٗ جَهَنَّمُ خَالِدًا فِيْهَا وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهٗ وَاَعَدَّ لَهٗ عَذَابًا عَظِيْمًا (سورة النسآء، رقم الآية ۹۳)

ترجمہ: اور جو قتل کر دے کسی مومن کو جان بوجھ کر، تو اس کا بدلہ جہنم ہے، ہمیشہ رہے گا وہ اس (جہنم) میں، اور غضب ناک ہوگا، اللہ اس پر اور لعنت کرے گا وہ (اللہ) اس پر، اور تیار کر رکھا ہے، اس (اللہ) نے اس (قاتل) کے لئے بڑے عذاب کو (سورہ نساء)

اسی وجہ سے ابنِ عباس رضی اللہ عنہ قاتل کی توبہ بھی قبول ہونے کے قائل نہیں۔

اور دوسرے حضرات توبہ قبول ہونے کی صورت میں اللہ کے اپنا حق معاف کر دینے کے تو قائل ہیں، لیکن چونکہ قتل کرنے میں بندوں کی حق تلفی پائی جاتی ہے، اور اس کی وجہ سے مقتول اور اس کے اولیاء واعزہ کو سخت دکھ اور تکلیف ہوتی ہے، اور ان کی طرف سے معافی ملنا آسان کام نہیں، اس لئے اس گناہ کی سزاء کے شدید ہونے کا وہ بھی انکار نہیں کرتے۔

ممکن ہے کہ ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی مراد یہ ہو کہ یہ چونکہ حقوق العباد میں سے ہے،

اور مقتول، اور اس کے اقرباء واحباب کی طرف سے معافی مشکل ہے، اس لئے اس کی محض اللہ سے توبہ کرنا، اس کی سزاء ختم ہونے کے لئے ناکافی ہے۔

بہرحال جو کچھ بھی ہو، اس قسم کی سخت وعیدوں سے مسلمان کے قتل کی سنگینی کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔

## عائشہ وعبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

وُجِدَ فِیْ قَائِمِ سَیْفِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کِتَابَانِ: إِنَّ أَشَدَّ النَّاسِ عُتُوًّا رَجُلٌ ضَرَبَ غَیْرَ ضَارِبِهٖ، وَرَجُلٌ قَتَلَ غَیْرَ قَاتِلِهٖ، وَرَجُلٌ تَوَلّٰی غَیْرَ أَهْلِ نِعْمَتِهٖ، فَمَنْ فَعَلَ ذٰلِکَ فَقَدْ کَفَرَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَلَا یُقْبَلُ مِنْهُ صَرْفٌ وَّلَا عَدْلٌ (المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۸۰۲۴، کتاب الحدود) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تلوار کے نیام میں یہ تحریر موجود پائی گئی کہ تمام لوگوں میں سب سے زیادہ سرکش وہ شخص ہے، جو کسی ایسے آدمی کو مارے جس نے اُسے نہ مارا ہو، اور وہ شخص جو کسی ایسے آدمی کو قتل کرے، جس نے اُس کے قتل (کا اقدام) نہ کیا ہو، اور وہ شخص جو اپنے آپ کو اُس خاندان کی طرف منسوب کرے، جو اُس کا خاندان نہ ہو، اور جس شخص نے یہ کام کیے، اُس نے اللہ اور اُس کے رسول کا انکار کیا، اور اُس سے نہ کوئی فرض عبادت قبول ہوگی، اور نہ نفلی عبادت (حاکم)

اور حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَعْتَی النَّاسِ عَلَی اللّٰهِ عَزَّ

---

[1] قال الحاکم: هذا حدیث صحیح الإسناد ولم یخرجاه "وشاهده حدیث أبی شریح العدوی. وقال الذهبی فی التلخیص: صحیح.

وَجَلَّ مَنْ قَتَلَ فِيْ حَرَمِ اللّٰهِ، أَوْ قَتَلَ غَيْرَ قَاتِلِهٖ، أَوْ قَتَلَ بِذُحُوْلِ الْجَاهِلِيَّةِ (مسند احمد، رقم الحديث ٦٧٥٧) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لوگوں میں اللہ عزوجل پر سب سے زیادہ آگے بڑھنے والا وہ شخص ہے، جو حرم شریف میں قتل کرے، یا کسی ایسے شخص کو قتل کرے، جو قاتل نہ ہو یا جاہلیت کے کینہ و دشمنی کی وجہ سے قتل کرے (مسند احمد)

## عبادہ، ابنِ عمر وابوالدرداء رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهٗ قَالَ: مَنْ قَتَلَ مُؤْمِنًا فَاعْتَبَطَ بِقَتْلِهٖ، لَمْ يَقْبَلِ اللّٰهُ مِنْهُ صَرْفًا، وَلَا عَدْلًا (سنن ابی داود، رقم الحديث ٤٢٧٠، كتاب الفتن، باب فی تعظيم قتلِ المؤمن) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص نے کسی مسلمان کو قتل کیا اور پھر اس کے قتل پر خوش ہوا، تو اللہ اس کے نہ کسی نفل عمل کو قبول فرمائے گا، اور نہ فرض عمل کو قبول فرمائے گا (سنن ابی داود)

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَنْ يَّزَالَ الْمُؤْمِنُ فِيْ فُسْحَةٍ مِنْ دِيْنِهٖ مَا لَمْ يُصِبْ دَمًا حَرَامًا (صحيح البخاری، رقم الحديث ٦٨٦٢، كتاب الديات، باب قول الله تعالى "ومن يقتل مؤمنا متعمدا فجزاؤه جهنم")

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مومن بندہ کے دین میں اُس وقت تک وسعت رہتی ہے، جب تک وہ حرام طریقے سے کسی کا خون نہ بہائے (بخاری)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح، وهذا إسناد حسن حاشية مسند احمد)

[2] قال شعيب الارنؤوط: إسناداه صحيحان (حاشية سنن ابی داود)

اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

إِنَّ مِنْ وَرَطَاتِ الْأُمُوْرِ الَّتِيْ لَا مَخْرَجَ لِمَنْ أَوْقَعَ نَفْسَهُ فِيْهَا سَفْكَ الدَّمِ الْحَرَامِ بِغَيْرِ حِلِّهِ (صحيح البخارى، رقم الحديث ٦٨٦٣، كتاب الديات، باب قول الله تعالى "ومن يقتل مؤمنا متعمدا فجزاؤه جهنم")

ترجمہ: جن مشکل کاموں میں اپنے آپ کو پھنسا کر آدمی کے لیے نکلنے کا کوئی راستہ نہیں ہوتا، اُن میں سے ایک یہ ہے کہ وہ حرام طریقے پر کسی کا ناحق خون بہادے، اور یہ خون بہانا اس کے لیے حلال نہ ہو (بخاری)

اور حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَزَالُ الْمُؤْمِنُ مُعْنِقًا صَالِحًا، مَا لَمْ يُصِبْ دَمًا حَرَامًا، فَإِذَا أَصَابَ دَمًا حَرَامًا بَلَّحَ (سنن ابى داود، رقم الحديث ٤٢٧٠، كتاب الفتن، باب فى تعظيم قتلِ المؤمن) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مومن ہمیشہ نیک، چست رفتار رہتا ہے، جب تک کہ وہ کسی حرام خون میں اپنے آپ کو ملوث نہ کرے، پھر جب وہ حرام خون میں اپنے آپ کو ملوث کرلے، تو اٹک کر رہ جاتا ہے (سنن ابی داود)

یعنی مومن کو قتل کرنے کا وبال یہ ہے کہ ایسے آدمی کے لئے اللہ کی طرف سے سختی وتنگی پیدا ہوجاتی ہے، اور اس کے کاموں میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہے، اور اس کے دین ودنیا کا دائرہ تنگ پڑجاتا ہے، نیز اس گناہ کی معافی بھی بہت مشکل ہے۔

اور حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ:

يَجِيْءُ الْمَقْتُوْلُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَيُجْلِسُ عَلَى الْجَادَّةِ، فَإِذَا مَرَّ بِهِ الْقَاتِلُ قَامَ إِلَيْهِ فَأَخَذَ بِتَلْبِيْبِهِ، فَيَقُوْلُ: يَا رَبِّ، سَلْ هٰذَا فِيْمَ قَتَلَنِيْ؟

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناداه صحيحان (حاشية سنن ابى داود)

www.idaraghufran.org

قَالَ: فَيَقُولُ: أَمَرَنِيْ فُلَانٍ ، قَالَ: فَيُؤْخَذُ الْقَاتِلُ وَالْآمِرُ فَيُلْقَيَانِ فِي النَّارِ (مصنف ابنِ ابی شیبة، رقم الحديث ٢٨٣١٤، كتاب الديات، باب من قال: ليس لقاتل المؤمن توبة)

ترجمہ: قیامت کے دن مقتول آئے گا، اور وہ راستے کے درمیان بیٹھ جائے گا، پھر جب قاتل گزرے گا تو وہ اس کی طرف لپکے گا اور اس کو اس کے گریبان سے پکڑ لے گا، اور کہے گا کہ اے میرے پروردگار! اس سے پوچھیے کہ اس نے مجھے کس بات پر قتل کیا؟ راوی نے فرمایا کہ قاتل کہے گا کہ مجھے فلاں نے حکم دیا تھا، راوی نے فرمایا کہ پھر قاتل اور قتل کا حکم دینے والے دونوں کو پکڑ کر آگ میں ڈال دیا جائے گا (ابنِ ابی شیبہ)

## ابوبکرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِذَا الْتَقَى الْمُسْلِمَانِ بِسَيْفَيْهِمَا، فَالْقَاتِلُ وَالْمَقْتُولُ فِي النَّارِ ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ! هٰذَا الْقَاتِلُ فَمَا بَالُ الْمَقْتُولِ قَالَ إِنَّهُ كَانَ حَرِيصًا عَلٰى قَتْلِ صَاحِبِهِ (صحيح البخارى، رقم الحديث ٣١، كتاب الإيمان، باب: "وإن طائفتان من المؤمنين اقتتلوا فأصلحوا بينهما")

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جب دو مسلمان تلواریں (اسلحہ) لے کر ایک دوسرے کے سامنے آجائیں، تو قاتل اور مقتول دونوں جہنم میں ہوں گے، میں نے پوچھا کہ قاتل کی بات تو سمجھ میں آتی ہے، مگر مقتول کیوں جہنم میں جائے گا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ اپنے

سامنے والے کوقتل کرنا چاہتا تھا (بخاری)

اورحضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: إِذَا الْمُسْلِمَانِ حَمَلَ أَحَدُهُمَا عَلٰى أَخِيْهِ السِّلَاحَ فَهُمَا فِيْ جُرُفِ جَهَنَّمَ ،فَإِذَا قَتَلَ أَحَدُهُمَا صَاحِبَهٗ دَخَلَاهَا جَمِيْعًا (صحیح مسلم،رقم الحدیث،۲۸۸۸"۱۶" کتاب الفتن وأشراط الساعة،باب إذا تواجه المسلمان بسيفيهما)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب دو مسلمان ایک دوسرے کے مقابلہ میں (دوسرے کوقتل کرنے کے لیے) ہتھیار اُٹھالیں،تو وہ جہنم کے کنارے پر ہوتے ہیں، پھر جب ان میں سے ایک مسلمان دوسرے مسلمان کوقتل کرڈالتا ہے، تووہ دونوں جہنم میں داخل ہوجاتے ہیں (صحیح مسلم)

## جندب وابوہریرہ رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت جندب بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قُتِلَ تَحْتَ رَايَةٍ عِمِّيَّةٍ، يَدْعُوْ عَصَبِيَّةً، أَوْ يَنْصُرُ عَصَبِيَّةً، فَقِتْلَةٌ جَاهِلِيَّةٌ (صحيح مسلم، رقم الحديث ۱۸۵۰"۵۷" كتاب الإمارة، باب وجوب ملازمة جماعة المسلمين عند ظهور الفتن الخ)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جوشخص اندھے جھنڈے کے نیچے قتل ہوگیا، جوعصبیت کی طرف بُلا رہا تھا، یا عصبیت کی مدد کررہا تھا، تو اُس کا قتل جاہلیت والا شمار ہوگا (صحیح مسلم)

اورحضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: مَنْ خَرَجَ مِنَ الطَّاعَةِ، وَفَارَقَ الْجَمَاعَةَ فَمَاتَ، مَاتَ مِيتَةً جَاهِلِيَّةً، وَمَنْ قَاتَلَ تَحْتَ رَايَةٍ عِمِّيَّةٍ يَغْضَبُ لِعَصَبَةٍ، أَوْ يَدْعُوْ إِلٰى عَصَبَةٍ، أَوْ يَنْصُرُ عَصَبَةً، فَقُتِلَ، فَقِتْلَةٌ جَاهِلِيَّةٌ، وَمَنْ خَرَجَ عَلٰى أُمَّتِيْ، يَضْرِبُ بَرَّهَا وَفَاجِرَهَا، وَلَا يَتَحَاشٰى مِنْ مُؤْمِنِهَا، وَلَا يَفِيْ لِذِيْ عَهْدٍ عَهْدَهُ، فَلَيْسَ مِنِّيْ وَلَسْتُ مِنْهُ (صحيح مسلم، رقم الحديث ١٨٤٨ "٥٣" كتاب الإمارة، باب وجوب ملازمة جماعة المسلمين عند ظهور الفتن الخ)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص (حکمران کی) اطاعت (یعنی کہنا ماننے اور قانون پر چلنے) سے خارج ہو جائے اور وہ (مسلمانوں کی) جماعت میں تفریق (اور تفرقہ) ڈالے، پھر وہ مرجائے تو وہ جاہلیت کی موت مرے گا، اور جو گمراہ جھنڈے کے نیچے لڑائی کرے، تعصب کی وجہ سے (دوسروں پر) غصہ کرے، یا تعصب کی دعوت دے، یا، تعصب کی وجہ سے کسی کی مدد کرے، پھر وہ قتل ہو جائے، تو اس کا قتل ہونا جاہلیت کا قتل ہے، اور جو کوئی میری امت پر نکلے، نیک اور برے ہر ایک کو مارے اور مومن کو بھی نہ چھوڑے، اور جس (غیر مسلم) سے (قتل وقتال نہ کرنے کا) عہد ہو، اس عہد کی بھی پروا نہ کرے، تو اس کا مجھ سے تعلق نہیں، اور میرا، اس سے تعلق نہیں (صحیح مسلم)

مذکورہ احادیث سے ان لوگوں کے لئے سخت وعید معلوم ہوگئی، جو تعصب وقوم پرستی کی بنیاد پر دوسرے مسلمانوں کو قتل کر دیتے ہیں، یا خود قتل ہو جاتے ہیں، اس میں آج کل کے بعض وہ مقتولین بھی شامل ہیں، جن کو ''سیاسی شہید'' تک کہہ دیا جاتا ہے، حالانکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے مطابق ان کی موت جاہلیت والی موت ہے، جس پر ہرگز شہادت کا اجر وثواب نہیں۔

(فصل نمبر 40)

# عیسائیوں کی کثرت اور مسلمانوں کی خفت کا فتنہ

احادیث میں قربِ قیامت کے فتنوں اور نشانیوں میں یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ اس زمانہ میں رومیوں اور عیسائیوں کی کثرت ہوگی، اور اس زمانہ میں مسلمان اپنے اعمالِ بد کی وجہ سے گھاس پھونس اور کوڑے کرکٹ کی طرح انتہائی کمزور اور ناکارہ ہوں گے۔

اس موضوع پر چند احادیث وروایات نقل کی جاتی ہیں۔

## مستورد قرشی وعمرو بن عاص رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت مستورد قرشی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: تَقُوْمُ السَّاعَةُ وَالرُّوْمُ أَكْثَرُ النَّاسِ ، فَقَالَ لَهُ عَمْرٌو: أَبْصِرْ مَا تَقُوْلُ، قَالَ: أَقُوْلُ مَا سَمِعْتُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَئِنْ قُلْتَ ذٰلِكَ، إِنَّ فِيْهِمْ لَخِصَالًا أَرْبَعًا: إِنَّهُمْ لَأَحْلَمُ النَّاسِ عِنْدَ فِتْنَةٍ، وَأَسْرَعُهُمْ إِفَاقَةً بَعْدَ مُصِيْبَةٍ، وَأَوْشَكُهُمْ كَرَّةً بَعْدَ فَرَّةٍ وَخَيْرُهُمْ لِمِسْكِيْنٍ وَيَتِيْمٍ وَضَعِيْفٍ، وَخَامِسَةٌ حَسَنَةٌ جَمِيْلَةٌ: وَأَمْنَعُهُمْ مِنْ ظُلْمِ الْمُلُوْكِ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٨٩٨ "٣٥" كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب تقوم الساعة والروم أكثر الناس)

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ قیامت قائم ہونے کے قریب "رومی" (یعنی عیسائی) لوگ زیادہ ہوں گے۔

حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے مستورد قرشی رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ دیکھو

یہ تم کیا کہہ رہے ہو، اس کے جواب میں مستورد قرشی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں وہی بات بتلا رہا ہوں جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے۔

اس پر عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اگر تم کہتے ہو، تو اسی طرح ہوگا، یادرکھو کہ ان (رومیوں اور عیسائیوں) میں چار (اچھی) خصلتیں وعادتیں پائی جاتی ہیں، ایک تو یہ کہ وہ فتنہ (وآزمائش) کے وقت دوسرے لوگوں کے مقابلہ میں حلم وبردباری زیادہ رکھتے ہیں، دوسرے مصیبت کے بعد اس کا سب سے زیادہ سرعت وصبر سے ازالہ کرنے والے ہیں، تیسرے یہ لوگ بھاگنے کے بعد سب سے زیادہ تیزی سے پلٹ کر حملہ کرنے والے ہیں، چوتھے مسکین، یتیم اور کمزور کے لئے سب سے زیادہ خیر والے ہیں، اور پانچویں خصلت وعادت تو نہایت ہی عمدہ وخوبصورت ہے، جو یہ ہے کہ وہ لوگوں میں سے سب سے زیادہ حکمرانوں کو ظلم سے روکنے والے ہیں (صحیح مسلم)

## اس مضمون کی دوسری روایات

صحیح مسلم میں ایک اور روایت بھی اسی طرح کی مروی ہے، جس میں الفاظ کا تھوڑا سا فرق ہے۔[1]

اسی طرح مسند احمد میں بھی یہ روایت تھوڑے سے فرق کے ساتھ مروی ہے۔[2]

---

[1] حدثنی حرملة بن یحیی التجیبی .حدثنا عبد اللہ بن وھب .حدثنی أبو شریح؛ أن عبد الکریم بن الحارث حدثه؛ أن المستورد القرشی قال:سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم یقول "تقوم الساعة والروم أکثر الناس "قال فبلغ ذلک عمرو بن العاص فقال: ما ھذہ الأحادیث التی تذکر عنک أنک تقولھا عن رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم؟ فقال له المستورد: قلت الذی سمعت من رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم .قال فقال عمرو: لئن قلت ذلک، إنھم لأحلم الناس عند فتنة .وأجبر الناس عند مصیبة. وخیر الناس لمساکینھم وضعفائھم(صحیح مسلم،رقم الحدیث ۲۸۹۸"۳۶")

[2] عن المستورد الفھری أنه قال لعمرو بن العاص: " تقوم الساعة والروم أکثر الناس "فقال له عمرو بن العاص: أبصر ما تقول .قال: أقول لک ما سمعت من رسول

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

اور معجم طبرانی کبیر میں بھی یہ حدیث مروی ہے۔ [1]

معجم طبرانی کبیر میں ہی حضرت مستورد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**أَنَّهُ قَالَ لِعَمْرِو بْنِ الْعَاصِ: تَقُوْمُ السَّاعَةُ وَالرُّوْمُ أَكْثَرُ النَّاسِ، قَالَ: اُنْظُرْ مَا تَقُوْلُ؟ قَالَ: لَا أَقُوْلُ إِلَّا مَا سَمِعْتُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَذْهَبُ الصَّالِحُوْنَ أَسْلَافًا، وَتَبْقٰى حُثَالَةٌ كَحُثَالَةِ التَّمْرِ وَالشَّعِيْرِ، لَا يُبَالِي اللّٰهُ بِهِمْ**(المعجم الكبير للطبراني، ج۲۰ ص ۳۱۰، رقم الحديث ۷۳۷)

ترجمہ: حضرت مستورد رضی اللہ عنہ نے حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے کہا کہ قیامت قائم ہونے کے وقت رومیوں (یعنی عیسائیوں) کی کثرت ہوگی۔

اس پر عمرو بن عاص نے فرمایا کہ آپ دیکھ لو کیا بات کہہ رہے ہو (یعنی یہ قیامت سے پہلے کی بات ہے، جو ہمارے لئے غیب کی بات ہے، جس میں بہت احتیاط ضروری ہے) تو حضرت مستورد نے فرمایا کہ میں وہی بات کہہ رہا ہوں، جو میں

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

الله صلى الله عليه وسلم. فقال عمرو بن العاص: لئن قلت ذاك، إن فيهم لخصالا أربعا: إنهم لأسرع الناس كرة بعد فرة، وإنهم لخير الناس لمسكين وفقير وضعيف، وإنهم لأحلم الناس عند فتنة، والرابعة حسنة جميلة: وإنهم لأمنع الناس من ظلم الملوك(مسند احمد، رقم الحديث ۱۸۰۲۲)

قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط الصحيح، على بن عياش ثقة من رجال البخارى، وليث بن سعد من رجال الشيخين، وباقى رجاله من رجال مسلم(حاشية مسند احمد)

[1] حدثنا عمر بن عبد العزيز بن مقلاص المصرى، ثنا أبى، ثنا عبد الله بن وهب، ح وحدثنا إبراهيم بن متويه الأصبهانى، ثنا أحمد بن عبد الرحمن بن وهب، ثنا عمى عبد الله بن وهب، ثنا عبد الرحمن بن شريح، عن عبد الكريم بن الحارث، أن المستورد بن شداد، قال: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: تقوم الساعة والروم أكثر الناس فبلغ ذلك عمرو بن العاص فقال: ما هذه الأحاديث التى تذكر عنك؟ فقال له المستورد: قلت الذى سمعت من رسول الله صلى الله عليه وسلم، فقال عمرو: لئن قلت ذاك لأحلم الناس عند فتنة، وأصبر الناس عند مصيبة، وخير الناس لضعفائهم ولمساكينهم(المعجم الكبير للطبرانى، ج۲۰ ص ۳۰۹، رقم الحديث ۷۳۶)

نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے، نیک صالح لوگ ایک ایک کر کے گذر جائیں گے، اور ''کھجور'' اور'' جو وگندم'' کے بھوسے کی طرح (یعنی بے کار ونا کارہ) لوگ رہ جائیں گے، جن کی اللہ کوئی پروانہیں کرے گا (طبرانی)

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ قیامت سے پہلے جب اچھی عادتوں وخصلتوں والے عیسائیوں کی کثرت ہوگی، اوراس وقت مسلمانوں کے اکثر نیک لوگ فوت ہو چکے ہوں گے، اور اکثریت ایسے مسلمانوں کی باقی رہ جائے گی، جو ناکارہ اور فضول ہوں گے، اور اللہ کے نزدیک ایسے لوگوں کی کوئی اہمیت اور وقعت نہیں ہوگی، اس لئے اگر وہ دنیا میں ذلیل ورسوا ہوں، تو کوئی بعید نہیں۔

آج یہی صورتِ حال ہمارے سامنے ہے۔

## مرداس اسلمی رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت مُرداس اسلمی رضی اللہ عنہ، جو اصحابِ شجرہ صحابہ میں سے تھے، ان سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ:

يُقْبَضُ الصَّالِحُونَ، اَلْأَوَّلُ فَالْأَوَّلُ، وَتَبْقَى حُفَالَةٌ كَحُفَالَةِ التَّمْرِ وَالشَّعِيرِ، لَا يَعْبَأُ اللّٰهُ بِهِمْ شَيْئًا (صحيح البخاری، رقم الحديث ۴۱۵۶، كتاب المغازی، باب غزوة الحديبية)

ترجمہ: نیک لوگ یکے بعد دیگرے اٹھتے جائیں گے، اور کھجور، اور جو وگندم کے فضلہ وبھوسی کی طرح کے (فضول ولایعنی) لوگ باقی رہ جائیں گے، جن کی اللہ، ذرا بھی پروانہیں کرے گا (صحیح بخاری)

## عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: کَیْفَ أَنْتَ إِذَا بَقِیْتَ فِیْ حُثَالَۃٍ مِّنَ النَّاسِ؟قَالَ:قُلْتُ:یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ، کَیْفَ ذٰلِکَ؟ قَالَ:إِذَا مَرِجَتْ عُھُوْدُھُمْ وَأَمَانَاتُھُمْ، وَکَانُوْا ھٰکَذَا،وَشَبَّکَ یُوْنُسُ بَیْنَ أَصَابِعِہٖ، یَصِفُ ذَاکَ، قَالَ:قُلْتُ:مَا أَصْنَعُ عِنْدَ ذَاکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ؟ قَالَ:اِتَّقِ اللّٰہَ عَزَّ وَجَلَّ، وَخُذْ مَا تَعْرِفُ، وَدَعْ مَا تُنْکِرُ، وَعَلَیْکَ بِخَاصَّتِکَ، وَإِیَّاکَ وَعَوَامَّھُمْ (مسند احمد،رقم الحدیث ۶۵۰۸) [1]

ترجمہ: مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہارا اس وقت کیا بنے گا، جب تم بے کار اور کم ترین لوگوں میں رہ جاؤ گے؟ میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول یہ کیسے ہوگا؟ تو اس کے جواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب عہد معاہدوں اور امانتوں میں فساد و بگاڑ پیدا ہو جائے گا، اور لوگ اس طرح ایک دوسرے کے ساتھ گتھم گتھا ہو جائیں گے، یونس راوی نے (یہ بات سمجھانے کے لیے) دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کو ایک دوسرے میں داخل کر کے دکھایا۔

میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! اس وقت میرے لیے کیا حکم ہوگا؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم خود اللہ عزوجل سے ڈرتے رہنا، اور نیک کاموں کو کرتے رہنا، اور برے کاموں سے بچتے رہنا، اور اپنے خاص خاص لوگوں سے تعلق کو محدود رکھنا، اور عام لوگوں سے اپنے آپ کو بچانا (مسند احمد)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط:صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين، إلا أن الحسن -وهو ابن أبى الحسن البصرى -مختلف فى سماعه من عبد الله بن عمرو .وسيأتى الحديث بإسنادين آخرين صحيحين(حاشية مسند احمد)

# ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: کَیْفَ أَنْتَ یَا عَبْدَ اللّٰہِ إِذَا بَقِیتَ فِیْ حُثَالَۃٍ مِّنَ النَّاسِ، قَالَ: وَذَاکَ مَا ھُمْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ؟ قَالَ: ذَاکَ إِذَا مَرِجَتْ أَمَانَاتُھُمْ وَعُھُوْدُھُمْ، وَصَارُوْا ھٰکَذَا، وَشَبَّکَ بَیْنَ أَصَابِعِہٖ، قَالَ: فَکَیْفَ بِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ؟ قَالَ: تَعْلَمُ مَا تَعْرِفُ، وَدَعْ مَا تُنْکِرُ، وَتَعْمَلُ بِخَاصَّۃِ نَفْسِکَ، وَتَدَعُ عَوَامَّ النَّاسِ (صحیح ابنِ حبان،رقم الحدیث ۵۹۵۰،باب ما جاء فی الفتن) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے عبداللہ! تمہارا اس وقت کیا بنے گا، جب تم بے کار اور کم ترین لوگوں میں رہ جاؤ گے؟ ابوہریرہ نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول یہ کیسے ہوگا؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب ان لوگوں کی امانتوں اور عہد معاہدوں میں فساد و بگاڑ پیدا ہوجائے، اور لوگ اس طرح ایک دوسرے کے ساتھ گتھم گتھا ہوجائیں، اور یہ بات سمجھانے کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کو ایک دوسرے میں داخل کر کے دکھایا۔

ابوہریرہ نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! اس وقت میرے لیے کیا حکم ہوگا؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم خود ان چیزوں کا علم حاصل کرنا، جو نیکی والی ہیں، اور برے کاموں سے بچتے رہنا، اور خاص اپنی ذات کی حد تک عمل کرتے رہنا، اور عوام الناس کو چھوڑ دینا (صحیح ابنِ حبان)

[1] قال شعیب الارنؤوط: إسنادہ صحیح علی شرط مسلم(حاشیۃ صحیح ابنِ حبان)

# ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

**بَيْنَمَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ مَجْلِسٍ يُحَدِّثُ الْقَوْمَ، جَاءَهُ أَعْرَابِيٌّ فَقَالَ: مَتَى السَّاعَةُ؟ فَمَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحَدِّثُ، فَقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ: سَمِعَ مَا قَالَ فَكَرِهَ مَا قَالَ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: بَلْ لَّمْ يَسْمَعْ، حَتّٰى إِذَا قَضٰى حَدِيْثَهٗ قَالَ: أَيْنَ، أُرَاهُ، السَّائِلُ عَنِ السَّاعَةِ قَالَ: هَا أَنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: فَإِذَا ضُيِّعَتِ الْأَمَانَةُ فَانْتَظِرِ السَّاعَةَ، قَالَ: كَيْفَ إِضَاعَتُهَا؟ قَالَ: إِذَا وُسِّدَ الْأَمْرُ إِلٰى غَيْرِ أَهْلِهٖ فَانْتَظِرِ السَّاعَةَ** (صحيح البخارى، رقم الحديث ۵۹، كتاب العلم، باب من سئل علما وهو مشتغل فى حديثه فأتم الحديث ثم أجاب السائل)

ترجمہ: اس دوران کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس جاری تھی اور حاضرین سے آپ گفتگو فرما رہے تھے، کہ ایک دیہاتی شخص آپ کی خدمت میں آیا اور گویا ہوا کہ قیامت کب آئے گی؟ سو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سنی ان سنی کرتے ہوئے گفتگو جاری رکھی (بدوی کے سوال کا جواب نہ دینے پر) شرکائے مجلس میں سے بعض نے یہ خیال کیا کہ نبی علیہ السلام نے اس کا سوال سنا تو ہے لیکن اس طرح کے سوال کو پسند نہیں فرمایا (اس لئے جواب نہ دیا) اور بعض حاضرین نے یہ خیال کیا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سن ہی نہیں سکے ہیں (اس لئے جواب نہیں دیا) یہاں تک کہ جب آپ مجلسی گفتگو سے فارغ ہوئے تو فرمایا کہ قیامت کے متعلق پوچھنے والا کہاں گیا؟ تو وہ دیہاتی بولا! میں یہ ہوں، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (قیامت کا ٹھیک ٹھیک علم تو اللہ ہی کو ہے) قربِ قیامت کی نشانی یہ ہے کہ جب امانت ضائع کی جانے لگے، تو قیامت کا انتظار کر، سائل نے پوچھا کہ

امانتوں کے ضیاع کی کیا صورت ہوگی؟ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب کوئی بھی امر (منصب اور ذمہ داری) اس کے غیراہل کے سپرد کی جانے لگے، تو قیامت کا انتظار کرو (بخاری)

## حذیفہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

حَدَّثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيْثَيْنِ، رَأَيْتُ أَحَدَهُمَا وَأَنَا أَنْتَظِرُ الْآخَرَ: حَدَّثَنَا: أَنَّ الْأَمَانَةَ نَزَلَتْ فِيْ جَذْرِ قُلُوْبِ الرِّجَالِ، ثُمَّ عَلِمُوْا مِنَ الْقُرْآنِ، ثُمَّ عَلِمُوْا مِنَ السُّنَّةِ وَحَدَّثَنَا عَنْ رَّفْعِهَا قَالَ: يَنَامُ الرَّجُلُ النَّوْمَةَ، فَتُقْبَضُ الْأَمَانَةُ مِنْ قَلْبِهِ، فَيَظَلُّ أَثَرُهَا مِثْلَ أَثَرِ الْوَكْتِ، ثُمَّ يَنَامُ النَّوْمَةَ فَتُقْبَضُ فَيَبْقٰى أَثَرُهَا مِثْلَ الْمَجْلِ، كَجَمْرٍ دَحْرَجْتَهُ عَلٰى رِجْلِكَ فَنَفِطَ، فَتَرَاهُ مُنْتَبِرًا وَلَيْسَ فِيْهِ شَيْءٌ، فَيُصْبِحُ النَّاسُ يَتَبَايَعُوْنَ، فَلَا يَكَادُ أَحَدٌ يُؤَدِّي الْأَمَانَةَ، فَيُقَالُ: إِنَّ فِيْ بَنِيْ فُلَانٍ رَجُلًا أَمِيْنًا، وَيُقَالُ لِلرَّجُلِ: مَا أَعْقَلَهُ وَمَا أَظْرَفَهُ وَمَا أَجْلَدَهُ، وَمَا فِيْ قَلْبِهِ مِثْقَالُ حَبَّةِ خَرْدَلٍ مِنْ إِيْمَانٍ، وَلَقَدْ أَتٰى عَلَيَّ زَمَانٌ وَمَا أُبَالِيْ أَيَّكُمْ بَايَعْتُ، لَئِنْ كَانَ مُسْلِمًا رَدَّهُ عَلَيَّ الْإِسْلَامُ، وَإِنْ كَانَ نَصْرَانِيًّا رَدَّهُ عَلَيَّ سَاعِيْهِ، فَأَمَّا الْيَوْمَ: فَمَا كُنْتُ أُبَايِعُ إِلَّا فُلَانًا وَفُلَانًا (صحيح البخاری، رقم الحديث ٦٤٩٧، كتاب الرقاق، باب رفع الأمانة)

ترجمہ: ہم سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو باتیں بیان کی تھیں، ان میں سے ایک تو میں دیکھ چکا اور دوسری بات کا میں انتظار کررہا ہوں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے ایک بات یہ فرمائی تھی کیا کہ امانت لوگوں کے دلوں کی گہرائی میں اتری، پھران لوگوں نے قرآن سے اس امانت کی اہمیت

کا حکم جان لیا، پھر اس کا حکم سنت سے بھی جان لیا، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے (قیامت سے پہلے) اس امانت کے اٹھ جانے کا حال بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ آدمی ایک مرتبہ سوئے گا، تو امانت اس کے دل سے اٹھالی جائے گی، پھر اس امانت کا ایک دھندلا سا نشان باقی رہ جائے گا۔ پھر یہ آدمی دوبارہ سوئے گا، تو باقی امانت بھی اس کے دل سے نکال لی جائے گی، اور اس کا نشان آبلہ کی طرح باقی رہ جائے گا، جیسے تم چنگاری کو اپنے پاؤں سے لڑھکاؤ اور اس پر پھول کر چھالا بن جائے، اور تم اس کو ابھرا، اور پھولا ہوا دیکھو، حالانکہ اس کے اندر کوئی چیز نہیں ہوتی، اس وقت لوگوں کی حالت یہ ہوگی کہ لوگ آپس میں خرید وفروخت کریں گے، لیکن کوئی امانت کو ادا نہیں کرے گا، یہاں تک کہ کہا جائے گا کہ فلاں قبیلہ اور قوم میں ایک امانت دار آدمی ہے اور کسی کے متعلق کہا جائے گا کہ کس قدر عاقل آدمی ہے، کس قدر ظریف آدمی ہے اور کس قدر بہادر آدمی ہے ، حالانکہ اس کے دل میں رائی بھر بھی ایمان نہ ہوگا اور ہم پر ایک زمانہ ایسا گزر چکا ہے کہ کسی کے ہاتھ خرید وفروخت کرنے میں کچھ پرواہ نہ ہوتی تھی، اگر خرید وفروخت کرنے والا مسلمان ہوتا، تو اس کو اسلام میرے ساتھ گڑبڑ کرنے سے باز رکھتا اور اگر نصرانی ہوتا، تو اس کے مددگار گڑبڑ سے باز رکھتے لیکن آج کل میں فلاں فلاں (یعنی خاص) لوگوں سے ہی خرید وفروخت کرتا ہوں (کیونکہ امانت کا دائرہ محدود ہوگیا) (بخاری)

مطلب یہ ہے کہ جب یہ حالت ہوجائے گی کہ فضول وبے کار لوگوں کی تعداد ومقدار بڑھ جائے، تو اس وقت ان کو حق بات سننا، اور قبول کرنا گوارا نہ ہوگا، اور ایسی صورت میں تبلیغِ عام کے بجائے، تبلیغِ محدود مناسب ہوگی۔

ناکارہ اور بے کار لوگوں، بلکہ شریر ترین پر قیامت قائم ہونے کا کئی احادیث میں ذکر آیا ہے۔

# عِلباء سلمی رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عِلباء سلمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ اِلَّا عَلٰى حُثَالَةِ النَّاسِ** (مسند احمد، رقم الحديث ١٦٠٧١) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت نہیں قائم ہوگی، مگر بے کارونا کارہ لوگوں پر (مسند احمد)

# انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ:

**لَا يَأْتِيْ عَلَيْكُمْ زَمَانٌ اِلَّا هُوَ شَرٌّ مِنَ الزَّمَانِ الَّذِیْ قَبْلَهٗ، سَمِعْنَا ذٰلِكَ مِنْ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّتَيْنِ** (مسند احمد، رقم الحديث ١٢١٦٢) [2]

ترجمہ: لوگوں پر جو زمانہ بھی آئے گا، تو بعد کا زمانہ پہلے کے مقابلہ میں شر والا ہی ہوگا، یہ بات ہم نے تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے دو مرتبہ سنی ہے (مسند احمد)

# انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

**عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ: لَنْ يَّزْدَادَ الزَّمَانُ اِلَّا شِدَّةً، وَلَا يَزْدَادُ النَّاسُ اِلَّا شُحًّا، وَلَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ اِلَّا عَلٰى شِرَارِ**

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية مسند احمد)

[2] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط الشيخين (حاشية مسند احمد)

**النَّاسِ** (المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۸۳۶۴، کتاب الفتن والملاحم) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ زمانہ برابر شدت کی طرف بڑھتا جائے گا، اور لوگوں میں بخل بھی بڑھتا جائے گا، اور قیامت شریر ترین لوگوں پر ہی قائم ہوگی (حاکم)

## ابو امامہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: لَا يَزْدَادُ الْأَمْرُ إِلَّا شِدَّةً وَلَا الْمَالُ إِلَّا إِفَاضَةً، وَلَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ إِلَّا عَلٰى شِرَارٍ مِنْ خَلْقِهِ**

(المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۸۳۵۹، کتاب الفتن والملاح) [2]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ برابر (دین کا) معاملہ شدید ہوتا جائے گا، اور برابر مال جاتا جائے گا (مال کی برکت ختم ہوتی جائے گی) اور قیامت شریر ترین لوگوں پر ہی قائم ہوگی (حاکم)

یعنی جتنی قیامت قریب ہوتی جائے گی، اسی اعتبار سے دین پر عمل کرنا دشوار ہوتا جائے گا، اور دنیا اور مال ودولت کی برکت گھٹتی اور ختم ہوتی جائے گی، اور لوگوں کے دلوں میں مال کی محبت، اور بخل وکنجوسی میں اضافہ ہوتا چلا جائے گا، جیسا کہ دوسری روایات میں وضاحت آئی ہے۔ [3]

---

[1] قال الحاکم: فذکرت ما انتهى إلى من علة هذا الحديث تعجبا لا محتجا به فى المستدرک على الشيخين رضى الله عنهما، فإن أولى من هذا الحديث ذكره فى هذا الموضع.

وقال الذهبى فى التلخيص: صحيح.

[2] قال الحاکم: هذا حديث صحيح الإسناد، ولم يخرجاه.

وقال الذهبى فى التلخيص: صحيح.

[3] عن أنس، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يزداد الأمر إلا شدة، ولا الدنيا إلا إدبارا، ولا الناس إلا شحا، ولا تقوم الساعة إلا على شرار الناس (السنن الواردة فى الفتن، للدانى، رقم الحديث ۴۰۹، باب ما جاء أن الساعة تقوم على أشرار الناس)

# عبداللہ بن مسعودرضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن مسعودرضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى لَا يُقَالَ فِي الْأَرْضِ اَللّٰهَ اَللّٰهَ** (المستدرک للحاکم،رقم الحدیث ۸۵۱۱، کتاب الفتن والملاحم) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک زمین میں اللہ اللہ کہا جاتا رہے گا(حاکم)

حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی فرماتے ہیں کہ:

حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے کہ آخر زمانہ میں نصاریٰ کا تسلط ہوگا۔

ایک مرید نے عرض کیا وہ یہی نصاریٰ ہیں، یا اور ہوں گے۔

فرمایا غالباً یہی ہوں گے، کیونکہ اہلِ اسلام میں ظلم نہایت درجہ شائع ہوگیا ہے، اور ملک کفر کے ساتھ تو قائم رہ بھی سکتا ہے، مگر ظلم کے ساتھ نہیں۔

آنحضرت نے فرمایا ہے کہ اے مسلمانو! اہلِ فارس تمہارے ساتھ ایک دوٹکر، یعنی مقابلہ کریں گے، پھر غائب ہوجائیں گے، چنانچہ یہی ہوا۔

اور فرمایا تھا کہ اہلِ روم، یعنی نصاریٰ یکے بعد دیگرے جماعت، جماعت مقابلہ کریں گے، کیونکہ یہ صابر ہیں، اور آہستہ آہستہ کام کرتے ہیں، اور کتنا عرصہ باقی ہیں(ملفوظات شاہ عبدالعزیز، اردو،ص۹۶، ناشر: پاکستان ایجوکیشنل پبلشرز لمیٹیڈ، کراچی، سنِ اشاعت: ۱۹۶۰ء)

**وَاللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى اَعْلَمُ وَعِلْمُهٗ اَتَمُّ وَاَحْكَمُ.**

---

[1] قال الحاکم: هذا حديث صحيح على شرط الشيخين.
وقال الذهبي في التلخيص: على شرط البخاري ومسلم.

## (فصل نمبر41)

# فتنوں سے تنگ آ کر تمنائے موت کا فتنہ

احادیث سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ قیامت سے پہلے مختلف طرح کے جو فتنے رونما ہوں گے، ان سے تنگ آ کر بہت سے لوگ موت کی تمنا کرنے لگیں گے۔

آگے اس کی تفصیل ملاحظہ فرمائیں۔

## ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَمُرَّ الرَّجُلُ بِقَبْرِ الرَّجُلِ فَيَقُوْلُ: يَا لَيْتَنِي مَكَانَهُ (صحيح البخارى، رقم الحديث ۷۱۱۵، كتاب الفتن، باب: لا تقوم الساعة حتى يغبط أهل القبور)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت قائم نہ ہوگی، یہاں تک کہ ایک شخص کسی قبر کے پاس سے گزرے گا اور کہے گا کہ کاش میں اس کی جگہ ہوتا (بخاری)

## ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهٖ لَا تَذْهَبُ الدُّنْيَا حَتّٰى يَمُرَّ الرَّجُلُ عَلَى الْقَبْرِ فَيَتَمَرَّغُ عَلَيْهِ، وَيَقُوْلُ: يَا لَيْتَنِىْ كُنْتُ مَكَانَ صَاحِبِ هٰذَا الْقَبْرِ، وَلَيْسَ بِهِ الدِّيْنُ إِلَّا الْبَلَاءُ (صحيح مسلم، رقم الحديث ۱۵۷ "۵۴" كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب لا تقوم الساعة حتى يمر الرجل بقبر الرجل، فيتمنى أن يكون مكان الميت، من البلاء)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے، دنیا اس وقت تک ختم نہ ہوگی، جب تک یہ حالت پیش نہ آئے کہ آدمی کسی قبر کے قریب سے گزرے گا، تو اس پر لیٹے گا اور کہے گا کہ اے کاش! اس قبر والے کی جگہ میں ہوتا، اور ایسا کرنے کا سبب دین (یعنی آخرت و جنت کا شوق وغیرہ) نہ ہوگا، سوائے (دنیا کی) بلاو آزمائش کے (مسلم)

## ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث

اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی ایک روایت ان الفاظ میں مروی ہے کہ:

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَمُرَّ الرَّجُلُ بِقَبْرِ الرَّجُلِ، فَيَقُولَ: يَا لَيْتَنِي مَكَانَهُ، مَا بِهِ حُبُّ لِقَاءِ اللّٰهِ

(مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ١٠٨٦٦) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک آدمی دوسرے شخص کی قبر کے قریب سے گزر کر یہ نہ کہے کہ کاش! میں اس کی جگہ ہوتا، اور وہ یہ اللہ سے ملاقات کی محبت کی وجہ سے نہیں کہے گا (بلکہ دنیا کے مصائب سے تنگ آکر کہے گا) (مسند احمد)

## ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی چوتھی حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ:

وَالَّذِي نَفْسُ أَبِي هُرَيْرَةَ بِيَدِهِ لَيَأْتِيَنَّ عَلَى الْعُلَمَاءِ زَمَانٌ، اَلْمَوْتُ أَحَبُّ إِلٰى أَحَدِهِمْ مِنَ الذَّهَبِ الْأَحْمَرِ، لَيَأْتِيَنَّ أَحَدُكُمْ قَبْرَ أَخِيهِ

---

[1] قال شعيب الارنؤوط:
إسناده صحيح على شرط مسلم (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

فَيَقُوْلُ: لَيْتَنِيْ مَكَانَهُ (المستدرک علی الصحیحین، رقم الحدیث ۸۵۸۱) [1]

ترجمہ: قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں ابو ہریرہ کی جان ہے کہ علماء پر ایک زمانہ ایسا آئے گا کہ ان کو موت، خالص سونے سے زیادہ محبوب ہوگی، ان میں سے ایک آدمی اپنے بھائی کی قبر پر آئے گا، پھر یہ کہے گا کہ کاش میں اس کی جگہ پر ہوتا (حاکم)

## ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ سے ان کا یہ ارشاد مروی ہے کہ:

يَأْتِيْ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ يَأْتِي الرَّجُلُ الْقَبْرَ فَيَضْطَجِعُ عَلَيْهِ، فَيَقُوْلُ: يَا لَيْتَنِيْ مَكَانَ صَاحِبِهِ، مَا بِهِ حُبُّ لِقَاءِ اللّٰهِ إِلَّا لِمَا يَرٰى مِنْ شِدَّةِ الْبَلَاءِ

(المستدرک علی الصحیحین، رقم الحدیث ۸۴۰۲، کتاب الفتن والملاحم) [2]

ترجمہ: لوگوں پر ایک زمانہ ایسا آئے گا کہ ایک آدمی قبر پر آ کر، اس پر لیٹ جائے گا، اور یہ کہے گا کہ کاش! میں اس قبر والے کی جگہ ہوتا، اور یہ اللہ سے ملاقات کی محبت کی وجہ سے نہیں ہوگا، بلکہ (دنیا کی) بلا (ومصائب) کی شدت کی وجہ سے ہوگا (حاکم)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے اس ارشاد کو امام طبرانی رحمہ اللہ نے بھی روایت کیا ہے۔ [3]

---

[1] قال الحاکم: ھذا حدیث صحیح علٰی شرط الشیخین، ولم یخرجاہ.
و قال الذھبی فی التلخیص: علی شرط البخاری ومسلم.

[2] قال الحاکم:ھذا حدیث صحیح علی شرط الشیخین، ولم یخرجاہ.
و قال الذھبی فی التلخیص: علی شرط البخاری ومسلم.

[3] عن أبی الزعراء، عن عبد اللہ، قال: " یأتی علی الناس زمان یأتی الرجل القبر فیقول: یا لیتنی مکان صاحبہ، ما بہ حب لقاء اللہ ولکن مما یراہ من البلاء (المعجم الکبیر للطبرانی، ج۹ ص۳۵۲، رقم الحدیث ۹۷۴۹)

مذکورہ احادیث و روایات سے معلوم ہوا کہ قیامت کے قریب انسان دنیا کے فتنوں اور آزمائشوں سے تنگ آ کر صاحبِ قبر کی جگہ ہونے کی تمنا کرے گا، اور ایسا دین داری اور پرہیزگاری کی وجہ سے نہیں ہوگا، بلکہ دنیا کی تکالیف وآزمائش اور مصائب کی وجہ سے ہوگا۔

قیامت کے قریب فتنے وفسادات بہت کثرت سے رونما ہوں گے، جن سے تنگ آ کر بہت سے لوگ موت کی تمنا کریں گے، اور دنیا کے مصائب سے تنگ آ کر موت کی تمنا کرنا جائز نہیں، البتہ آخرت کے شوق کا معاملہ الگ ہے۔

قیامت سے پہلے فتنوں کی ایسی بھرمار ہوگی کہ دین سے گذر کر یہ آدمی کی دنیا کی زندگی کو بھی تلخ کردیں گی، اور زندگی میں کوئی اطمینان، سکون، مزیداری اور کشش باقی نہ رہے گی، آدمی گھٹ گھٹ کے مرے گا اور گھٹ گھٹ کے جئے گا، ان حالات سے دلبرداشتہ ہوکر آدمی موت کی آرزو کرے گا، خواہ آخرت کی زندگی پر اس کا یقین بھی نہ ہو۔

اب بھی بہتیرے لوگ آئے دن معاشی ومعاشرتی تنگیوں اور مشکلات کی وجہ سے خودکشیاں کرتے رہتے ہیں، یہ سب قیامت کی نشانیاں ہیں، موجودہ دجالی دور اپنی مسلح مادیت کے ساتھ قدم قدم پر اس کے نمونے پیش کررہا ہے۔

## قیس بن ابی حازم، وخباب رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت قیس بن ابی حازم سے روایت ہے کہ:

دَخَلْنَا عَلٰی خَبَّابٍ وَقَدِ اكْتَوٰى سَبْعَ كَيَّاتٍ فِيْ بَطْنِهٖ، فَقَالَ: لَوْ مَا أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَانَا أَنْ نَّدْعُوَ بِالْمَوْتِ، لَدَعَوْتُ بِهٖ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٦٨١ "١٢" كتاب الذكر والدعاء والتوبة والاستغفار، باب تمني كراهة الموت، لضر نزل به)

ترجمہ: ہم حضرت خباب رضی اللہ عنہ کے پاس گئے، اس حال میں کہ ان کے پیٹ میں (بیماری کی وجہ سے) سات داغ لگائے گئے تھے، انہوں نے فرمایا کہ

اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں موت کی دعاء کرنے سے منع نہ کیا ہوتا تو میں (تکلیف وبیماری سے نجات کی خاطر اپنے لیے) موت کی دعاء کرتا (مسلم)

حضرت حارثہ سے روایت ہے کہ:

**أَتَيْنَا خَبَّابًا، نَعُودُهُ، فَقَالَ: لَوْلَا أَنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَتَمَنَّيَنَّ أَحَدُكُمُ الْمَوْتَ لَتَمَنَّيْتُهُ** (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ۲۱۰۵۴) [1]

ترجمہ: ہم حضرت خباب رضی اللہ عنہ کی خدمت میں ان کی عیادت کے لیے حاضر ہوئے، تو انہوں نے فرمایا کہ اگر میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے نہ سنا ہوتا کہ تم میں سے کوئی موت کی تمنا نہ کرے۔ تو میں موت کی تمنا کرتا (مسند احمد)

پہلے زمانہ میں بعض بیماریوں کے علاج کے لیے لوہا وغیرہ آگ پر تپا کر جسم کو داغ لگایا جاتا تھا۔

حضرت خباب رضی اللہ عنہ ایسی ہی شدید بیماری کی تکلیف میں مبتلا تھے کہ جس کی وجہ سے پیٹ میں سات داغ لگائے گئے، اس طرح کی تکلیف میں بسا اوقات انسان طبعی طور پر موت کو ترجیح دیتا ہے۔

لیکن حضرت خباب رضی اللہ عنہ نے اس شدید تکلیف میں موت کی دعاء کرنے اور موت کو طلب کرنے کو اس لیے پسند نہیں فرمایا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے موت کی تمنا کرنے سے منع فرمایا ہے۔

یہ یاد رکھنا چاہئے کہ بعض احادیث میں اس بات کی بھی صراحت آئی ہے کہ موت کی تمنا کرنے کی ممانعت اس وقت ہے، جبکہ دنیا کی تکلیف سے تنگ آ کر موت کی تمنا کی جائے۔

## ابو ہریرہ وجابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية مسند احمد)

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا يَتَمَنّٰى أَحَدُكُمُ الْمَوْتَ إِمَّا مُحْسِنًا فَلَعَلَّهُ يَزْدَادُ، وَإِمَّا مُسِيئًا فَلَعَلَّهُ يَسْتَعْتِبُ (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۷۲۳۵، کتاب التمنی، باب ما یکرہ من التمنی)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں سے کوئی شخص موت کی تمنا نہ کرے، کیونکہ اگر وہ نیک ہے تو ہوسکتا ہے کہ (مزید زندہ رہنے اور نیک اعمال کرنے سے ) اس کی نیکیوں میں اضافہ ہوجائے اور اگر وہ گناہ گار ہے تو ہوسکتا ہے کہ (توبہ ونیک اعمال وغیرہ کرکے ) اللہ کی ناراضگی کو دور کرلے (بخاری)

زندگی، اللہ تعالیٰ کے حکم سے حاصل اور ختم ہوتی ہے، لہٰذا جو زندگی، اللہ تعالیٰ نے مرحمت فرمائی ہے، اس کے زوال واختتام کی تمنا وخواہش ایک طرح سے اللہ تعالیٰ کے فیصلہ سے راضی نہ ہونے کی علامت ہوئی، نیز اللہ تعالیٰ کو راضی وناراض کرنے کا اختیار اسی زندگی میں حاصل ہوتا ہے، اس لیے مصائب سے تنگ آ کر موت کی تمنا کرنے کے بجائے نیکیوں کا ذخیرہ بڑھانا چاہیے، اور اگر گناہ گار ہے، تو پھر توبہ واستغفار کرکے اللہ کی ناراضگی کو دور اور رضا کو حاصل کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔

لہٰذا اس اعتبار سے لمبی زندگی خیر کا باعث ہوئی۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَتَمَنّٰى أَحَدُكُمُ الْمَوْتَ، وَلَا يَدْعُ بِهِ مِنْ قَبْلِ أَنْ يَّأْتِيَهُ، إِنَّهُ إِذَا مَاتَ أَحَدُكُمُ انْقَطَعَ عَمَلُهُ، وَإِنَّهُ لَا يَزِيدُ الْمُؤْمِنَ عُمْرُهُ إِلَّا خَيْرًا (صحیح مسلم، رقم الحدیث ۲۶۸۲ "۱۳" کتاب الذکر والدعاء والتوبۃ والاستغفار، باب تمنی کراھۃ الموت، لضر نزل بہ)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں سے کوئی موت کی تمنا نہ کرے، اور نہ (اللہ کی طرف سے ) موت کے آنے سے پہلے موت کی دعاء کرے، کیونکہ جب انسان مرجاتا ہے، تو اس کے عمل کا سلسلہ ختم ہوجاتا ہے، اور

مومن کی عمر زیادہ ہونے سے خیر ہی میں اضافہ ہوتا ہے(مسلم)

مطلب یہی ہے کہ آخرت کے لیے عمل کرنے کا اصل زمانہ دنیا کی زندگی کا ہی ہے،اس لیے اس موقع سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانا چاہیے۔

اور مومن کی شان یہ ہے کہ وہ ایمان کی حالت میں زندگی گزارتا ہے،اور ساتھ ہی ممکنہ حد تک نیک اعمال کو اختیار کرنے اور گناہوں سے بچنے اور توبہ واستغفار کا اہتمام اور مصائب پر صبر کرتا ہے،اور یہ چیزیں خیر وبرکت کا باعث ہیں،پھر مومن کو مصائب سے تنگ آ کر موت کی خواہش وتمنا کرنے کا کیا مطلب؟

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:لَا تَمَنَّوُا الْمَوْتَ، فَإِنَّ هَوْلَ الْمَطْلَعِ شَدِيْدٌ، وَإِنَّ مِنَ السَّعَادَةِ أَنْ يَّطُوْلَ عُمُرُ الْعَبْدِ، وَيَرْزُقَهُ اللّٰهُ الْإِنَابَةَ (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ١٤٥٦٤) [1]

ترجمہ:رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم موت کی تمنا نہ کرو،کیونکہ قیامت کی ہولناکی بہت سخت ہے اور انسان کی سعادت وخوش نصیبی یہ ہے کہ اسے لمبی عمر ملے اور اللہ اسے اپنی طرف رجوع کی توفیق عطا فرمائے(مسند احمد)

مطلب یہ ہے کہ عام طور پر انسان دنیا کے مصائب وتکالیف کو بڑی چیز سمجھ کر اور ان سے نجات پانے کی خاطر،موت کی تمنا کرتا ہے،لیکن وہ اس چیز سے غفلت اختیار کرتا ہے کہ قیامت کی ہولناکی،دنیا کے تمام مصائب وتکالیف سے زیادہ شدید ہے،اس لیے موت کے ذریعہ ہولناکی کا خاتمہ سمجھ لینا درست نہیں،اور اس سلسلہ میں اصل سعادت ونیک بختی یہ ہے کہ لمبی عمر حاصل ہو،جس میں اسے نیک اعمال اور توبہ واستغفار کر کے اللہ کی طرف رجوع کرنے کی توفیق حاصل ہو۔

---

[1] قال شعيب الارنؤوط:حسن لغيره، وهذا إسناد محتمل للتحسين(حاشية مسند احمد)

# انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی احادیث

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَتَمَنَّيَنَّ أَحَدُكُمُ الْمَوْتَ مِنْ ضُرٍّ أَصَابَهُ، فَإِنْ كَانَ لَا بُدَّ فَاعِلًا، فَلْيَقُلْ: اَللّٰهُمَّ أَحْيِنِيْ مَا كَانَتِ الْحَيَاةُ خَيْرًا لِّيْ، وَتَوَفَّنِيْ إِذَا كَانَتِ الْوَفَاةُ خَيْرًا لِّيْ (صحيح البخارى، رقم الحديث ۵۶۷۱، كتاب المرضى، باب تمنى المريض الموت)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں سے کوئی شخص موت کی تمنا اس مصیبت کی وجہ سے نہ کرے، جو اسے پہنچی ہے، اور اگر ایسا کرنا ضروری ہی سمجھے تو یہ کہے کہ: اے اللہ! جب تک میرا زندہ رہنا میرے لئے بہتر ہو، اس وقت تک ہمیں زندہ رکھ اور جب مرجانا میرے لئے بہتر ہو، تو مجھے موت دے دے (بخاری)

اور حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی ایک روایت میں ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَتَمَنّٰى أَحَدُكُمُ الْمَوْتَ لِضُرٍّ نَزَلَ بِهِ فِي الدُّنْيَا وَلٰكِنْ لِيَقُلْ: اَللّٰهُمَّ أَحْيِنِيْ مَا كَانَتِ الْحَيَاةُ خَيْرًا لِّيْ وَتَوَفَّنِيْ إِذَا كَانَتِ الْوَفَاةُ خَيْرًا لِّيْ وَأَفْضَلُ (صحيح ابن حبان، رقم الحديث ۲۹۶۶، كتاب الجنائز، باب المريض وما يتعلق به) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں سے کوئی دنیا میں نازل شدہ تکلیف کی وجہ سے موت کی تمنا نہ کرے، البتہ (ایسے موقع پر) یہ دعاء کرے کہ: یا اللہ! مجھے اس وقت تک زندہ رکھیے، جب تک زندگی میں میرے لیے خیر ہو، اور مجھے اس وقت وفات دے دیجیے، جب میرے لیے وفات میں خیر اور فضیلت ہو (ابن حبان)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده قوى على شرط مسلم (حاشية صحيح ابنِ حبان)

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: لَا یَدْعُوَنَّ أَحَدُکُمْ بِالْمَوْتِ لِضُرٍّ نَزَلَ بِہٖ، وَلٰکِنْ لِیَقُلْ: اَللّٰھُمَّ أَحْیِنِیْ مَا کَانَتِ الْحَیَاۃُ خَیْرًا لِّیْ، وَتَوَفَّنِیْ إِذَا کَانَتِ الْوَفَاۃُ خَیْرًا لِّیْ(سنن أبی داود، رقم الحدیث ۳۱۰۸، کتاب الجنائز،باب کراھیة تمنی الموت) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں سے کسی پر کوئی ’’بلا‘‘ نازل ہوجائے، تو وہ موت کی تمنا ہرگز نہ کرے، بلکہ یہ کہے کہ: اے اللہ! جب تک میرے لیے حیات بہتر ہو، تو اس وقت مجھے زندہ رکھیے، اور جب میرے لیے وفات بہتر ہو، تو اس وقت مجھے وفات دے دیجیے(سنن ابی داؤد)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ کی حدیث کو تھوڑے بہت الفاظ کے فرق کے ساتھ، ابنِ حبان نے بھی روایت کیا ہے۔ [2]

ان احادیث سے معلوم ہوا کہ دنیا کی تکلیف سے تنگ آ کر موت کی تمنا کرنا جائز نہیں۔

البتہ اگر دنیا میں آزمائش کی شدت وتکالیف وغیرہ کی وجہ سے کسی کو موت کا زیادہ ہی تقاضا ہو، تو مذکورہ احادیث میں اس کو پورا کرنے کا طریقہ یہ بتلایا گیا ہے کہ موت کی تمنا کرنے کے بجائے یہ دعاء کرنی چاہیے کہ:

اے اللہ! جب تک میرے زندہ رہنے میں خیر ہو، اس وقت تک مجھے زندہ رکھیے، اور جب میرے فوت ہونے میں خیر ہو، اس وقت مجھے وفات دیجیے۔

## ﴿جلد اول ختم شد﴾

---

[1] قال شعیب الارنؤوط: إسنادہ صحیح(حاشیة سنن ابی داوٗد)

[2] عن عبد العزیز بن صھیب، أنہ سمع أنس بن مالک یحدث، عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، أنہ قال: لا یتمنین أحدکم الموت لضر نزل بہ، فإن کان لا بد فاعلا فلیقل: أحینی ما کانت الحیاۃ خیرا لی، وتوفنی إذا کانت الوفاۃ خیرا لی(صحیح ابن حبان،رقم الحدیث ۹۶۸)

قال شعیب الارنؤوط: إسنادہ صحیح، علی شرط الشیخین(حاشیة صحیح ابنِ حبان)

ادارۂ غفران
راولپنڈی پاکستان